امام اعظم کی 15 مسانید کا جامع نسخہ روایات کے متن کی تفصیلی فہرست کے ساتھ

جہاں نگینی

# جامع المسانید

للخوارزمی

مسانید الامام الاعظم

## امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت فارسی رضی اللہ عنہ

جمع وترتیب ابو المؤید محمد بن محمود الخوارزمی

ترجمہ ابو العلا محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ معالیہ وبارک ایامہ ولیالہ

جلد اول

پروگریسو بکس

# شرفِ انتساب

## مخدومِ اُمم سیّد علی ہجویری

المعروف بہ

## حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

## کی نذر

خاکِ پنجاب از دمِ اُو زندہ گشت
صبحِ ما از مہر اُو تابندہ گشت

محمد محی الدین
(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

# عرضِ ناشر

اللہ تعالیٰ کا بے حد و شمار شکر ہے کہ اس نے ہمیں یہ عظیم نعمت عطا کی کہ ہمیں اپنے سب سے زیادہ محبوب نبی کی اُمت میں پیدا کیا اور ہم پر مزید یہ فضل کیا کہ اُس نے ہمیں اپنے پیارے دین کی تعلیمات کی نشر و اشاعت کے حوالے سے خدمت کرنے کی توفیق اور سعادت عطا کی۔

اللہ تعالیٰ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ، آپ کے اصحاب اور آپ کی آل پر درود و سلام نازل کرے۔ اُمت مسلمہ کے ہر عالم اور ہر فقیہ، ہر زاہد اور ہر صوفی بلکہ ہر خاص و عام مسلمان پر اپنی رحمتوں اور برکتوں کا نزول کرے۔

•••——•••——•••

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ کا ادارہ پروگریسو بکس ایک طویل عرصے سے اسلامی کتب کی نشر و اشاعت کی خدمت سرانجام دے رہا ہے۔ اب تک مختلف اسلامی علوم و فنون سے متعلق کئی کتابیں دیدہ زیب انداز میں شائع ہو کے قارئین تک پہنچ چکی ہیں۔ جن میں سے زیادہ تر کتابیں ایسی ہیں جن کا اُردو ترجمہ اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا اور کچھ ایسی کتابیں بھی ہیں، جن کے تراجم پہلے ہوئے لیکن ہم نے اس کی ترتیب و تہذیب، تحقیق و تخریج اور ظاہری رعنائی و دلکشی کے حوالے سے جو خدمت کی اسے اہلِ علم کی طرف سے بڑی پذیرائی ملی۔

ہم نے جو کتابیں پچھلے کچھ عرصے میں شائع کی ہیں ان میں نمایاں نام قصیدہ بردہ شریف کی شرح جو خرپوتی کے نام سے معروف ہے صحیح ابن حبان، صحیح ابن خزیمہ، مسند ابوداؤد طیالسی، معجم صغیر، معجم اوسط، معجم کبیر، مسند ابویعلیٰ، راسخ الحدیث و منسوخہ وغیرہ کے اسماء قابل ذکر ہیں۔

اس وقت ہم اہلِ علم کی خدمت میں ایک اور تحفہ پیش کر رہے ہیں جو ایک طرف علمِ حدیث کے روایتی طلباء کے لئے ایک عظیم نعمت ہے تو دوسری طرف علمِ فقہ میں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے بھی ایک اہم مآخذ کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ ان مسانید کا مجموعہ ہے جو مختلف زمانوں کے ائمہ نے امام ابوحنیفہ کے حوالے سے روایت کی ہیں۔ مختلف کتابوں اور قلمی نسخوں کی شکل میں بکھری ہوئی ان روایات کو امام خوارزمی نے ایک ہی جگہ اکٹھا کیا اور ان میں حذف و تکرار کو ختم کیا اور پھر انہیں قارئین کی سہولت کے لئے فقہی ترتیب کے مطابق مرتب کر کے اُمت کے سامنے پیش کر دیا۔ کتاب کا مرتب کون ہے اور اس کی اہمیت کیا ہے؟ اس کے بارے میں آئندہ صفحات میں وضاحت کر دی گئی ہے۔

•••——•••——•••

یہ کتاب بہت عرصہ پہلے ہندوستان سے شائع ہوئی تھی پھر اسی کی عکسی نقل عالمِ عرب سے شائع ہوتی رہی اس کے بعد عالمِ عرب کے مشہور اشاعتی ادارے دارالکتب العلمیہ' بیروت نے اس کتاب کے متن کی تصحیح اور روایات کی تخریج کے ہمراہ اسے دو جلدوں میں شائع کیا۔ اسی شائع شدہ نسخے کی عکسی نقل مکتبہ حنفیہ' کوئٹہ سے شائع ہوئی اور اسی عظیم کتاب کا ترجمہ اس وقت ہم آپ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔

*** —— *** —— ***

کتاب کی اہمیت کے پیش نظر اس بات کی ضرورت تھی کہ کتاب کے ترجمے کی خدمت کسی ایسے اہلِ علم کے سپرد کی جائے جو احادیث و آثار کی زبان ومحاورے' اسلوبِ بیان' الفاظ وتراکیب کی ساخت سے بخوبی واقف ہوتا کہ اُردو پڑھنے والے قاری تک اصل کتاب کا مضمون اور اس کی معلومات صحیح طور پر منتقل ہو سکے۔ اس لئے اس خدمت کے لئے ادارے کی انتظامیہ نے علامہ ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ کا انتخاب کیا' جو اس سے پہلے کئی کتب احادیث کے ترجمہ کی خدمت سرانجام دے چکے ہیں۔

کتاب کی باطنی خوبیوں کے ہمراہ ادارے نے اس کی ظاہری دلکشی کی طرف بھی پوری توجہ کی تاکہ اس کی ظاہری صورت' اس کی علمی اہمیت وقدر وقیمت کے مطابق ہو۔ ہم اپنی اس کوشش میں کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں' اس کا فیصلہ آپ نے کرنا ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ آپ اس کتاب کے انوار وبرکات سے خود بھی فیض یاب ہوں' اس کے بارے میں دوسروں کی رہنمائی بھی کریں اور اس سے استفادہ کرتے ہوئے کتاب کے مصنف' مترجم' محقق کے ہمراہ ادارہ اور اس کی انتظامیہ ومتعلقین کو بھی اپنی نیک دعاؤں میں ہمیشہ یاد رکھیں۔

چوہدری غلام رسول
چوہدری شہباز رسول
چوہدری جواد رسول
چوہدری شہزاد رسول

# حدیثِ دل

اللہ تعالیٰ کے لئے ہرطرح کی حمد مخصوص ہے اوراس کی حمد بیان کرنا ہی سب سے بڑی سمجھ داری ہے۔وہ اپنی ذات کی عظمت اور صفات کی خوبیوں کے حوالے سے انسانی عقل وفہم سے ماورا ہے۔صرف اس کی صفات کے مظاہر کے ذریعے اس کے بارے میں آگاہی حاصل کی جاسکتی ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر درود وسلام نازل ہو جوتمام انبیاء ومرسلین کے''امامِ اعظم'' ہیں۔اپنے پروردگار کی عطا سے دنیا و آخرت کی تمام نعمتوں کے''مالک'' ہیں۔ اور اپنے پروردگار کے علم کے تحت قیامت کے دن گناہگاروں کے''شافع'' ہوں گے۔جن کے نامِ مبارک''احمد'' کے ہمراہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان کی آمد کی بشارت اپنے ماننے والوں کودی تھی۔

آپ ﷺ کے ہمراہ آپ کے اصحاب وآل' آپ کی امت کے علماء ومشائخ اور قیامت تک آنے والے تمام مؤمنین مؤمنات'مسلمین مسلمات پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے۔

•••——•••——•••

اللہ تعالیٰ کی عطاکردہ توفیق کے تحت ہم نے اسلامی علوم وفنون کی روایتی تعلیم حاصل کی اور پھر ان علوم وفنون کی ترجمہ وتصنیف کی شکل میں خدمت کے کام کی طرف متوجہ ہوئے۔ ہماری یہ خدمت جب برادرانِ اسلام کے ہاتھوں تک پہنچی تو انہوں نے اپنی نیک دعاؤں میں ہمیں بھی یادرکھنا شروع کیا اوران کی انہی پُرخلوص دعاؤں کی برکت یوں ظاہر ہوئی کہ ہمیں اس شعبہ میں مزید کام کرنے کے اسباب و وسائل میسر آتے چلے گئے۔یہ اسباب و وسائل ایک طرف سے مادی حیثیت رکھتے تھے اور دوسری طرف سازگار ماحول'صحت'ذہنی وجسمانی پریشانیوں اور تکالیف کا نہ ہونا بھی تصنیف وتالیف کے کام کے لئے بنیادی وسیلے کی حیثیت رکھتا ہے۔اس پہ مزید نعمت یہ حاصل ہوئی کہ ہم نے ایک ایسے زمانے میں کام کا آغاز کیا جب کتاب کوتصنیف کر لینے کے بعداس کی اشاعت تک کے تمام مراحل تیز رفتار ترقی یافتہ اور آسان ہوگئے۔اس میں متن کی کتابت'تصحیح'اشاعت'جلد بندی وغیرہ سبھی چیزیں شامل ہیں۔

•••——•••——•••

اس وقت ہم آپ کی خدمت میں''جامع المسانید'' کا ترجمہ پیش کررہے ہیں اس کتاب کوچھٹی صدی ہجری سے تعلق رکھنے والے مشہور حنفی فقیہ شیخ ابومؤید محمد بن محمود خوارزمی نے ترتیب دیا ہے۔اس کی صورت یوں ہوئی کہ مختلف مشائخ نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے منقول روایات کو''مسند'' کی شکل میں مرتب کیا اوران مسانید کی نسبت ان مرتب کرنے والے افراد کی طرف ہی ہوئی۔ان میں

سے دو مسانید زیادہ مشہور ہوئیں ایک مسند اصفہانی اور دوسری مسند حارثی' یہ مسند حارثی وہی کتاب ہے جس میں سے مکررات کو حذف کر دیا گیا اور اسے فقہی ترتیب پر مرتب کیا گیا اور یہ ہمارے ہاں برصغیر پاک و ہند میں ''مسند امام اعظم'' کے نام سے معروف ہے۔ یاد رہے کہ مسند اصفہانی اور مسند حارثی یہ دونوں مسانید اپنی اصل شکل میں عالمِ عرب سے شائع ہو چکی ہیں۔ مختصر یہ کہ امام خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ نے 15 مختلف مسانید کے نسخے حاصل کئے اور پھر ان میں سے مکرر روایات اور اسانید کو حذف کر کے انہیں ایک مجموعے کی شکل میں مرتب کیا۔ اور اس کا نام ''جامع المسانید'' تجویز کیا۔

•••——•••——•••

اس کتاب کا ترجمہ اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ہم نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے اوپر کی سند کا ترجمہ' روایات کے متن کے ترجمے کے ہمراہ دیا ہے اور عربی متن میں ذیلی سرخی کے اضافے کے ذریعے سند کے الفاظ اور متن کے الفاظ کے درمیان فرق واضح کر دیا ہے۔ امام خوارزمی نے مسانید کے مرتبین کی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ تک اسناد بھی مکمل نقل کی ہیں۔ ہم نے صرف ان کا ترجمہ یہاں دیا ہے۔ البتہ ان کے درمیان میں جس مقام پر امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کا بیان کردہ کوئی فقہی اصول یا کوئی فقہی جزئی مذکور تھی وہاں ہم نے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے اصل الفاظ کا عربی متن اور پھر اس کے بعد اس کا ترجمہ دیا ہے۔

•••——•••——•••

اس کتاب کی تیاری کے دوران جن احباب کا تعاون شاملِ حال رہا میں ان سب کا شکر گزار ہوں' جن میں سرِ فہرست برادرِ مکرم خرم زاہد ہیں جنہوں نے تصنیف و تالیف کے لئے سازگار ماحول فراہم کیا' محترم قاضی ساجد درانی جنہوں نے متن کی تصحیح کے حوالے سے معاونت کی۔ محترم زاہد اقبال جنہوں نے مسودے کی کمپوزنگ کی۔ اور برادرم جواد رسول جنہوں نے کتاب کی نشر و اشاعت کا بندوبست کیا اور انہوں نے ہی مجھے اس خدمت کی طرف متوجہ کیا تھا۔

•••——•••——•••

شکر گزاری کے اظہار میں ایک بڑا حصہ میرے والدین اور اساتذہ و مشائخ کے لئے بھی ہے جن کی تعلیم و تربیت کی بدولت میں اس لائق ہو سکا کہ اس خدمت کو سرانجام دے سکوں۔

سب سے آخر میں حامد یزدانی کا یہ شعر یقیناً ہمارے حسبِ حال ہے۔

کچھ نہ بادل سے جب امید رہی　　　دشت نے سوئے چشمِ تر دیکھا

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

# فہرست مضامین

﴿روایات کے مضامین کے بارے میں تفصیلی فہرست جلد کے آخر میں ملاحظہ فرمائیں﴾


شرف انتساب ____ ۳
عرضِ ناشر ____ ۵
حدیثِ دل ____ ۷
جامع المسانید ____ ۱۹
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک مترجم کی سند ____ ۲۱
امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ ____ ۲۳
امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ____ ۲۵
ابن تیمیہ کا بیان ____ ۲۸
امام ائمۃ الفقہاء ____ ۲۹
70 ائمہ کی تعریف ____ ۲۹
دینداری کے پہاڑ ____ ۳۰
دس مزید افراد ____ ۳۰
تعریف کا حدِ تواتر کی زیادہ سے زیادہ حد تک پہنچنا ____ ۳۰
لوگ اللہ تعالیٰ کے گواہ ہیں ____ ۳۱
امام صاحب سے بعض محدثین کا تعصب ____ ۳۲
ابن حبان کا تعارف ____ ۳۲
امام صاحب کا تذکرہ سب سے طویل کرنا ____ ۳۲
ابن حبان کے الفاظ ____ ۳۲
ابن حبان کی نقل کردہ تنقیدی روایات ____ ۳۵
ابن حبان کی جرح پر ذہبی اور ابن حجر کا تبصرہ ____ ۳۷

| | |
|---|---|
| شیخ ابوغدہ کا تبصرہ | ۳۷ |
| غفلت کا شکار مشائخ | ۳۸ |
| امت محمدیہ گمراہی پر اکٹھی نہیں ہو سکتی | ۳۹ |
| امام اعظم کے بارے میں امام ابوداؤد کی رائے | ۴۰ |
| متاخرین اہل علم کا طرز عمل | ۴۱ |
| امام اعظم کے مناقب میں متاخرین کی تصانیف | ۴۲ |
| متاخرین کا امام اعظم پر جرح سے اعراض | ۴۲ |
| متاخرین کا خراج تحسین | ۴۳ |
| سمعانی کا بیان | ۴۳ |
| ابن تیمیہ کا قول | ۴۵ |
| ذہبی کا بیان | ۴۶ |
| ابن کثیر کا بیان | ۴۸ |
| سبکی کا بیان | ۴۹ |
| ہیتمی کا بیان | ۴۹ |
| ابوزہرہ کا بیان | ۵۰ |
| امام صاحب کی مخالفت کے اسباب | ۵۰ |
| امام اوزاعی کا واقعہ | ۵۱ |
| امام اعظم کا عقیدہ | ۵۲ |
| ایک جامع اصول | ۵۶ |
| زاہد الکوثری کی تحقیق | ۵۸ |
| ارجاء کی تحقیق | ۵۸ |
| امام اعظم کی تعریف | ۶۴ |
| امام شافعی کے کلمات | ۶۴ |
| مسلک حنفی کا پھیلاؤ | ۶۵ |
| وجہ تالیف | ۶۵ |
| مسانید کا اجمالی تعارف | ۶۵ |
| طرز تالیف وترتیب | ۶۶ |
| خلیفہ مامون الرشید کا خراج تحسین | ۶۷ |

| | |
|---|---|
| کتاب کا اجمالی تعارف | ۷۱ |
| آٹھویں باب کی مزید وضاحت | ۷۳ |
| نواں باب | ۷۴ |


## امام اعظم کے کچھ انفرادی فضائل کا تذکرہ


| | |
|---|---|
| تین انواع کا اجمالی تعارف | ۷۴ |
| پہلی قسم: | ۷۵ |
| حماد بن ابوسلیمان کا بیان | ۷۸ |
| کعب احبار کا بیان | ۷۸ |
| امام اعظم کا خواب اور اس کی تعبیر | ۷۹ |
| امام جعفر صادق کی پیش گوئی | ۸۰ |
| امام شافعی کا حصول تبرک | ۸۱ |
| صدر الائمہ کے اشعار | ۸۱ |
| دوسری قسم: | ۸۲ |
| امام اعظم کا سن پیدائش | ۸۲ |
| آپ کی پیدائش، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں ہوئی | ۸۳ |
| تیسری قسم | ۸۳ |
| امام اعظم کا صحابہ کرام سے روایت کرنا | ۸۴ |
| پہلا قول | ۸۴ |
| حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت | ۸۴ |
| حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت | ۸۵ |
| حضرت عبداللہ بن جزء زبیدی رضی اللہ عنہ سے روایت | ۸۵ |
| حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت | ۸۶ |
| حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت | ۸۶ |
| حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت | ۸۷ |
| سیدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا سے روایت | ۸۷ |
| حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی تحقیق | ۸۸ |
| ابراہیم نخعی کا قول | ۸۸ |
| دیگر صحابہ کرام سے روایت کی تحقیق | ۸۸ |

چوتھی قسم ۸۹
اعمش کا امام اعظم کی طرف رجوع کرنا ۸۹
اعمش اور امام ابو یوسف کا مذاکرہ ۹۰
اعمش کے توصیفی کلمات ۹۰
امام شعبی کا امام اعظم سے مذاکرہ ۹۱
اعمش کو تلقین ۹۲
پانچویں قسم ۹۳
امام اعظم سے اکابرین کا روایت کرنا ۹۳
عاصم بن ابوالنجود کی تعریف ۹۴
730 مشائخ کا تذکرہ ۹۴
چھٹی قسم ۹۴
ابوجعفر منصور کا واقعہ ۹۵
ساتویں قسم ۹۵
امام اعظم کے ارشد تلامذہ ۹۵
امام اعظم کا طرز تحقیق ۹۷
امام صاحب غلطی کیسے کر سکتے ہیں؟ ۹۷
آٹھویں قسم ۹۸
علم شریعت کی تدوین ۹۸
جوزجانی کا واقعہ ۹۹
قاضی ابن سریج کا واقعہ ۹۹
ابوبکر رازی کا بیان ۱۰۰
امام شافعی کا قول ۱۰۰
یحییٰ بن سعید قطان کا قول ۱۰۰
نویں قسم ۱۰۱
علماء پر خرچ کرنا ۱۰۱
امام اعظم حقیقی زاہد ہیں ۱۰۱
دسویں قسم ۱۰۲
عہدہ قضا کی پیشکش ۱۰۲

خطیب بغدادی کے نقل کردہ مطاعن اور جوابات ۱۰۲
پہلا جواب ۱۰۳
دوسرا جواب ۱۰۴
تیسرا جواب ۱۰۶
چوتھا جواب ۱۰۶
پانچواں جواب ۱۰۷
قیاس کی اقسام ۱۰۷
امام شافعی کا موقف ۱۰۷
امام صاحب پر الزام بے بنیاد ہے ۱۰۸
ترک قیاس کی پہلی مثال ۱۰۸
ترک قیاس کی دوسری مثال ۱۰۸
روایات میں ترک وترجیح ۱۰۹
قہقہے والی روایت ۱۰۹
پانی کا حکم ۱۰۹
عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا ۱۱۰
جانور کے مرنے سے پانی کا نجس ہونا ۱۱۰
مردار کی کھال کا حکم ۱۱۱
منی کا نجس ہونا ۱۱۲
قضاء حاجت کے وقت قبلہ کی طرف رخ کرنا ۱۱۲
وضو میں سر کے مسح میں تکرار ۱۱۳
مغرب کی نماز جلدی ادا کرنا ۱۱۳
فجر کی نماز روشنی میں ادا کرنا ۱۱۴
ایک موضوع روایت ۱۱۴
نماز وسطی سے مراد کیا ہے؟ ۱۱۵
نماز میں "بسم اللہ" کو پست آواز میں پڑھنا ۱۱۵
نماز میں سورہ فاتحہ کی تلاوت ۱۱۶
تشہد کے کلمات ۱۱۷
نماز میں (رکعات کی تعداد میں) شک ہونا ۱۱۸

| | |
|---|---|
| قنوت نازلہ پڑھنا | ۱۱۸ |
| مکروہ اوقات میں نماز جنازہ کی ادائیگی | ۱۱۹ |
| گھوڑے اور غلام کی زکوٰۃ | ۱۱۹ |
| روزے کی حالت میں پچھنے لگانا' یا لگوانا | ۱۲۰ |
| حج قران کا افضل ہونا | ۱۲۰ |
| حالت احرام میں نکاح | ۱۲۱ |
| شفعہ کے احکام | ۱۲۱ |
| نکاح اور نوافل | ۱۲۲ |
| نکاح میں ولی کا حکم | ۱۲۲ |
| نکاح میں مہر کا تعین | ۱۲۳ |
| طلاق کا حکم | ۱۲۴ |
| دانت کا قصاص | ۱۲۴ |
| مشرکین کا قتل | ۱۲۵ |
| کتے کے شکار کا حکم | ۱۲۵ |
| ذوی سہام | ۱۲۶ |
| خطیب کا بیان' محض افتراء ہے | ۱۲۶ |
| امام اعظم کی عربیت دانی | ۱۲۷ |
| ابن جوزی کا جواب | ۱۲۷ |
| الجامع الکبیر کے مسائل کی شہادت | ۱۲۷ |
| ائمہ نحو کی گواہی | ۱۲۸ |
| ابن عیاش کی روایت | ۱۲۸ |
| ابن عیاش پر طعن | ۱۲۸ |
| آل رسول سے محبت | ۱۲۹ |
| امام صاحب کا مسائل میں رجوع | ۱۲۹ |
| حق کی طرف رجوع بہتر ہے | ۱۲۹ |
| امام شافعی سے موازنہ | ۱۲۹ |
| رجوع' قابل مذمت نہیں ہے | ۱۲۹ |

[illegible] سے منسوب روایت ۱۳۰
[illegible] میں عبارت ۱۳۰
[illegible] اس میں شک ۱۳۰
[illegible] ح ۱۳۰
[illegible] سے منسوب ایک اور روایت ۱۳۱
پہلا جواب ۱۳۱
دوسرا جواب ۱۳۱
تیسرا جواب ۱۳۱
چوتھا جواب ۱۳۱
حدیث کے مطابق فتویٰ نہ دینا ۱۳۲
یحییٰ بن معین کی تنقید ۱۳۲
نسخ یا تاول کا احتمال ۱۳۲
حدیث قلتین ۱۳۲
لفظ ''قلہ'' اسم مشترک ہے ۱۳۳
رفع یدین سے متعلق روایت ۱۳۳
چار سو روایات کو مسترد کرنے کا الزام ۱۳۴
محدثین کا طرز عمل ۱۳۴
اشعار کا حکم ۱۳۵
امام اعظم کے مسلک سے عدم واقفیت ۱۳۵
سودا ختم کرنے کا اختیار ۱۳۶
امام مالک کا مسلک ۱۳۶
قرعہ اندازی کا حکم ۱۳۷
امام صاحب پر ایک الزام کی تحقیق ۱۳۷
مشروبات کا حکم ۱۳۸
یحییٰ بن معین کا موقف ۱۳۸
طلاء کا شرعی حکم ۱۳۸
ایک خواب کا تذکرہ ۱۳۹

اس کے دو جواب ـــــــ ۱۳۹
امام صاحب کی تعریف میں خواب ـــــــ ۱۴۰
میت کا کفن حاصل کرنا ـــــــ ۱۴۰
کفر سے توبہ کروایا جانا ـــــــ ۱۴۰
طاعنین کی تعریف ـــــــ ۱۴۱
سفیان ثوری کا واقعہ ـــــــ ۱۴۱
خارجیوں کا توبہ کروانا ـــــــ ۱۴۲
کرخی کا نقل کردہ واقعہ ـــــــ ۱۴۲
امام احمد کا واقعہ ـــــــ ۱۴۲
امام ابوحنیفہ کے اخلاق ـــــــ ۱۴۴
امام عبدالرزاق کا بیان ـــــــ ۱۴۴
دوسرا باب: ـــــــ ۱۴۵


## اِن مسانید کے مرتبین تک ہماری اسناد کا تذکرہ


پہلی مسند: ''مسند حارثی'' ـــــــ ۱۴۵
دوسری مسند: ''مسند طلحہ'' ـــــــ ۱۴۶
تیسری مسند: ''مسند ابن مظفر'' ـــــــ ۱۴۷
چوتھی مسند: ''مسند ابونعیم اصفہانی'' ـــــــ ۱۴۷
5ویں مسند: ''مسند ابوبکر محمد بن عبدالباقی'' ـــــــ ۱۴۸
6ویں مسند: ''مسند جرجانی'' ـــــــ ۱۴۸
7ویں مسند: ''مسند لؤلؤی'' ـــــــ ۱۴۹
8ویں مسند: ''مسند ابوالحسن'' ـــــــ ۱۴۹
9ویں مسند: ''مسند کلاعی'' ـــــــ ۱۵۰
10ویں مسند ''مسند ابن خسرو'' ـــــــ ۱۵۰
11ویں مسند: ''مسند قاضی ابویوسف'' ـــــــ ۱۵۱
12ویں مسند: ''مسند امام محمد'' ـــــــ ۱۵۱
13ویں مسند: ''مسند حماد'' ـــــــ ۱۵۲
14ویں مسند: مسند امام محمد (مسند ثانی) ـــــــ ۱۵۲
15ویں مسند: ''مسند سعدی'' ـــــــ ۱۵۴

تیسرا باب: ______ ۱۵۵

## ایمان کے بارے میں روایات

پہلی فصل: نیکیوں کی ترغیب دینا اور برائیوں سے منع کرنا ______ ۱۵۶

دوسری فصل: ایمان، قضاوقدر کی تصدیق، شفاعت اور دیگر امور کا بیان ______ ۲۱۹

تیسری فصل: دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنے، نبی اکرم ﷺ کے اخلاق کی پیروی کرنا ______ ۳۰۳

چوتھی فصل: فضائل کے بارے میں ہے ______ ۳۱۰

چوتھا باب: ______ ۳۴۹

## طہارت کے بارے میں روایات

پہلی فصل: وضواور تیمم کا طریقہ ______ ۳۵۰

دوسری فصل: جو چیزیں وضواور تیمم کو لازم کرتی ہیں' نیز حدث کے احکام ______ ۳۶۷

تیسری فصل: جو چیزیں غسل کو واجب کرتی ہیں' اور جنابت کے احکام ______ ۳۸۴

چوتھی فصل: پانیوں اور نجاستوں کا بیان ______ ۴۰۸

پانچویں فصل: موزوں اور دیگر چیزوں پر مسح کرنے کا بیان ______ ۴۱۷

پانچواں باب: ______ ۴۳۳

## نماز کے بارے میں روایات

پہلی فصل: نماز کے اوقات، قبلہ اور اذان کا بیان ______ ۴۳۴

دوسری فصل: قرأت کرنے، قنوت پڑھنے اور بسم اللہ کو پست آواز میں پڑھنے کا بیان ______ ۴۵۵

تیسری فصل: رکوع (میں جاتے ہوئے' اور اس سے) سر اٹھاتے ہوئے' رفع یدین نہ کرنا' کون سی چیز نماز کو فاسد کر دیتی ہے؟ ۵۰۲

چوتھی فصل: جمعہ' عیدین' سنتوں اور نوافل کا بیان ______ ۵۲۲

پانچویں فصل: نماز کا طریقہ' اس میں شک ہو جانا' اور اس کے وجوب کی شرائط ______ ۵۶۳

چھٹی فصل: جماعت (کے احکام)' امام کے آداب' اور مسجد میں کیا کرنا مکروہ ہے؟ ______ ۶۱۰

ساتویں فصل: جنائز کے احکام ______ ۶۳۵

چھٹا باب: ______ ۶۵۸

## زکوٰۃ کے بارے میں روایات

پہلی فصل: زکوٰۃ کے (مختلف قسم کے) نصاب' اور زکوٰۃ کے مصارف کا بیان ______ ۶۵۹

دوسری فصل: عشر' خراج اور کنز کا بیان ______ ۶۶۳

تیسری فصل: زیور' یتیم کے مال' اور قرض کی رقم میں (زکوٰۃ) کا حکم ______ ۶۶۸

چوتھی فصل: صدقہ فطر کے احکام ______ ۶۷۱

ساتواں باب: ______ ۶۷۳

## روزے کے بارے میں روایات

پہلی فصل: روزے کی فضیلت اوراس کے صحیح ہونے کی شرائط ______ ۶۷۴
دوسری فصل: بوسہ لینے' پچھنے لگوانے' یا جنابت کی وجہ سے (روزے میں) کوئی حرج نہیں ہوتا' سفر کے دوران روزہ رکھنا ______ ۶۸۷
تیسری فصل: کون سی چیز قضا کولازم کرتی ہے؟ ______ ۷۰۹
چوتھی فصل: کون سی چیز کفارے کولازم کرتی ہے؟ ______ ۷۱۱
پانچویں فصل: نذر ماننے کا بیان ______ ۷۱۳
آٹھواں باب: ______ ۷۱۴

## حج کے بارے میں زوایات

پہلی فصل: حج' عمرہ اور مکہ کے فضائل ______ ۷۱۵
دوسری فصل: تلبیہ اور حج کے دیگر تمام افعال' حج افراد' حج تمتع اور حج قران کے احکام ______ ۷۲۷
تیسری فصل: احرام کی ممنوعات' کون سی چیزیں احرام سے نہیں ہوتی ہیں' اور جزاؤں کا بیان ______ ۷۶۲
روایات کے مضامین کی تفصیلی فہرست ______ ۷۹۲

# جامع المسانید

یہ کتاب جو" جامع المسانید" کے نام سے آپ کے ہاتھوں میں ہے یہ ان روایات پر مشتمل ہے جو مختلف زمانوں سے تعلق رکھنے والے اہل علم نے اپنی اپنی سند کے ساتھ امام ابوحنیفہؒ کے حوالے سے روایت کی ہیں۔ لیکن یہ روایات مختلف مجموعہ جات میں محفوظ تھیں اور سابقہ زمانوں میں کتابوں کی اشاعت نہیں ہوتی تھی، صرف قلمی نسخے نقل کیے جاتے تھے اس لئے یہ روایات عالمِ اسلام کے مختلف علاقوں اور گوشوں میں بکھری ہوئی تھیں۔ یہ اعزاز اور فضیلت امام خوارزمی کے حصے میں آیا کہ انہوں نے مختلف مسانید کے نسخے حاصل کئے اور ان میں سے مکرر روایات کو حذف کر کے ان روایات کو فقہی ترتیب کے مطابق ایک جگہ جمع کر دیا اور اس کا نام" جامع المسانید" تجویز کیا۔

ان مختلف مسانید کے مؤلفین کون تھے؟ اور ان تک امام خوارزمی کی سند کیا ہے؟ اس کی وضاحت خود انہوں نے کتاب کے مقدمے میں کر دی ہے۔

امام ابوالمؤید محمد بن محمود کا تعلق وسط ایشیا کے مشہور شہر" خوارزم" سے ہے۔ آپ 12 ذوالحج 593 ہجری میں خوارزم میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم خوارزم میں حاصل کی اور پھر بغداد اور دمشق کا سفر کر کے وہاں کے اکابر مشائخ سے استفادہ کیا۔

مشہور حنفی فقیہ امام قاسم بن قطلو بغا نے اپنی مشہور کتاب" تاج التراجم" میں تحریر کیا ہے۔ تاتاریوں کے حملے کے بعد یہ خوارزم کے قاضی اور خطیب مقرر ہوئے تھے۔ پھر انہوں نے یہ عہدہ ترک کیا اور حج کے لئے تشریف لے گئے۔ حج کے بعد یہ خاصا عرصہ مکہ میں مقیم رہے، پھر مصر تشریف لے گئے۔ وہاں سے دمشق چلے گئے پھر بغداد آئے اور وہاں درس و تدریس کرتے رہے۔ انہوں نے 2 جلدوں میں" مسانید امام ابوحنیفہ" تصنیف کی ہے، جس میں انہوں نے 15 تصانیف کو جمع کر دیا ہے۔

صاحبِ کشف الظنون کے بیان کے مطابق امام خوارزمی کا انتقال 665 ہجری میں ہوا۔

امام خوارزمی نے جن حضرات کی مرتب کردہ مسانید کو تحقیق کا موضوع بنایا ہے ان کے اسماء درج ذیل ہیں:

- مسند امام حافظ ابو محمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب بن حارث حارثی بخاری، المعروف بہ" عبداللہ الاستاذ" (متوفی 340ھ)
- مسند امام حافظ ابوالقاسم طلحہ بن محمد بن جعفر الشاہد العدل (متوفی 380ھ)
- مسند امام حافظ ابوالخیر محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد (متوفی 379ھ)
- مسند امام حافظ ابو نعیم احمد بن عبداللہ بن احمد اصفہانی (متوفی 430ھ)
- مسند شیخ، امام، ثقہ، عدل، ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد انصاری (متوفی 535ھ)

- مسند امام، حافظ، صاحبِ جرح وتعدیل، ابواحمد عبداللہ بن عدی جرجانی (متوفی 365ھ)
- مسند امام حسن بن زیاد لؤلؤی (متوفی 204ھ)
- مسند امام، حافظ عمر بن حسن اشنانی (متوفی 339ھ)
- مسند حافظ، امام ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی (متوفی 432ھ)
- مسند امام، حافظ ابوعبداللہ محمد بن حسین بن محمد بن خسرو بلخی (متوفی 522ھ)
- مسند امام، قاضی ابویوسف یعقوب بن ابراہیم انصاری (متوفی 182ھ)
- مسند امام محمد بن حسن شیبانی (متوفی 189ھ)
- مسند حماد بن امام ابوحنیفہ (متوفی 176ھ)
- مسند امام محمد بن حسن (متوفی 189ھ)
- مسند امام، حافظ ابوالقاسم عبداللہ بن محمد بن ابوالعوام سغدی (متوفی 335ھ)

•••——•••——•••

امام خوارزمی نے اس کتاب کو فقہی ترتیب کے مطابق مرتب کیا ہے۔

انہوں نے پوری کتاب کو چالیس ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ جن میں سے ہر باب میں ذیلی فصول پائی جاتی ہیں۔ کتاب کے آغاز میں انہوں نے ایک پُرمغز اور تحقیقی مقدمہ بھی شامل کیا ہے جس میں امام صاحب کے فضائل ومناقب بیان کیے گئے ہیں ان پر ہونے اعتراضات کے جوابات دیئے گئے ہیں۔ کتاب کا آخری باب راویانِ حدیث کے اجمالی تعارف پر مشتمل ہے۔

امام خوارزمی کا اسلوب یہ ہے کہ وہ پہلے امام ابوحنیفہ کی سند کے ساتھ کوئی روایت نقل کرتے ہیں وہ روایت کبھی حدیث ہوتی ہے کبھی کسی صحابی کا اثر ہوتی ہے اور کبھی کسی تابعی کا قول ہوتی ہے۔ اس کے بعد علامہ خوارزمی مسانید کے مؤلفین کی امام ابوحنیفہ تک سند نقل کرتے ہیں۔ البتہ اگر کسی مسند کے مرتب نے کسی روایت کے الفاظ کچھ مختلف نقل کیے ہوں تو امام خوارزمی اس کی وضاحت کردیتے ہیں۔ اسی طرح جن روایات کو امام محمد نے نقل کیا ہے اور ان روایات میں مذکور مسئلہ کے بارے میں کوئی تائیدی یا اختلافی رائے تحریر کی ہے تو امام خوارزمی اسے بھی نقل کردیتے ہیں۔

اس کتاب کا جو نسخہ ہمارے سامنے ہے یہ مکتبہ حنفیہ کانسی روڈ' کوئٹہ سے شائع شدہ ہے جو شاید دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان کی طرف سے شائع ہونے والے نسخے کا عکس ہے۔ اس کتاب کے متن کی تحقیق اور روایات کی تخریج کی خدمت شیخ نجم الدین محمد درکانی نے سرانجام دی ہے۔ ہم نے ان کی اس تحقیق کو اس نسخے میں نقل کردیا ہے۔

•••——•••——•••

# نبی اکرم ﷺ تک، امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے واسطہ سے مترجم کی سندِ حدیث

جامع المسانید میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے جو روایات منقول ہیں ان میں سے چند روایات وہ ہیں جو امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے براہِ راست صحابہ کرام سے روایت کی ہیں۔ ان اصحاب کے اسماء یہ ہیں:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء زبیدی رضی اللہ عنہ، سیّدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا

ان کے علاوہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اور حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی ایسی روایات منقول ہیں جن میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور صحابی کے درمیان کوئی واسطہ منقول نہیں ہے۔ تاہم محققین کی تحقیق کے مطابق یہ روایات مرسل ہیں۔

•••———•••———•••

- امام الانبیاء، فخرِ آدم و بنی آدم، افضل الخلق، شافعِ حشر، نبی اکرم ﷺ
- حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ
- حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت فارسی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام ابوحفص کبیر احمد بن حفص بخاری رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام ابوحفص صغیر عبداللہ بن احمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام ابومحمد عبداللہ بن محمد حارثی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام ابوبکر محمد بن فضل بخاری رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام ابوعلی خضر بن علی نسفی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام شمس الائمہ عبدالعزیز احمد حلوانی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام شمس الائمہ ابوبکر محمد سرخسی رحمۃ اللہ علیہ (صاحب مبسوط سرخسی)
- حضرت امام فخر الاسلام ابوالحسن علی بن محمد بزدوی رحمۃ اللہ علیہ

- حضرت امام برہان الدین ابوالحسن علی فرغانی مرغینانی رحمۃ اللہ علیہ (صاحب ہدایہ)
- حضرت امام محمد بن محمد کردری رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام حافظ الدین نسفی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام عبدالعزیز بن احمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام جلال الدین ابومحمد بن عمر خبازی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام علاؤ الدین احمد بن محمد سیرامی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام سراج الدین عمر کنانی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام کمال الدین محمد بن عبدالواحد بن ہمام سیواسی رحمۃ اللہ علیہ (صاحب فتح القدیر)
- حضرت امام ابوالبرکات عبدالبر بن محمد ابن شحنہ رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام شہاب الدین احمد بن یونس شلبی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام علی بن محمد مقدسی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام محمد محبی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام حسن بن عمار شرنبلالی رحمۃ اللہ علیہ (صاحب نورالایضاح)
- حضرت امام عبدالحئی شرنبلالی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام علم الدین سلمان منصوری رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام حسن مقدسی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام محمد حریری ازہری رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام سیّد احمد بن محمد طحطاوی رحمۃ اللہ علیہ (صاحب حاشیۃ الطحطاوی)
- حضرت امام محمد بن حسن کتبی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام سیّد محمد کتبی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام محمد مکی کتبی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام محمد گل رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام صدرالافاضل سیّد محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام مفتی محمد حسین نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

محمد محی الدین (اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

•••———•••———•••

# امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ

از: امام ذہبی (ماخوذ از: تذکرۃ الحفاظ)

آپ (کی کنیت) ابوحنیفہ (ہے اور لقب) امام اعظم' فقیہ عراق' (ہے اور آپ کا نام) نعمان بن ثابت بن زوطا (آپ کا اسم منسوب) تیمی (اُن کے ساتھ نسبت ولاء کی وجہ سے' جبکہ آپ کا دوسرا اسم منسوب) کوفی (آپ کے وطن مالوف کی نسبت سے ہے)

آپ کی پیدائش 80 ہجری میں (کوفہ میں) ہوئی۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم خاص) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کوفہ تشریف لاتے تھے' تو امام صاحب کو ایک سے زیادہ مرتبہ ان کی زیارت کا شرف حاصل ہوا' ابن سعد نے سیف بن جابر کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: انہوں نے (بذات خود) امام ابوحنیفہ کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔

امام صاحب نے عطاء- نافع -عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج- عدی بن ثابت -سلمہ بن کہیل- ابوجعفر محمد بن علی (یعنی امام باقر) -قتادہ-عمرو بن دینار- ابواسحاق اور بہت سے لوگوں سے احادیث روایت کی ہیں۔

آپ سے زفر بن ہذیل- داؤد طائی- قاضی ابویوسف- محمد بن حسن- اسد بن عمرو- حسن بن زیاد لؤلؤی- نوح الجامع- ابومطیع بلخی اور متعدد افراد نے علم فقہ حاصل کیا۔

آپ نے حماد بن ابوسلیمان اور دیگر حضرات سے علم فقہ حاصل کیا تھا۔

---

یہ مضمون' آٹھویں صدی ہجری سے تعلق رکھنے والے' مشہور و معروف محقق اور قلمکار' شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن احمد ذہبی (متوفی: 748ھ) کی مشہور تصنیف ''تذکرۃ الحفاظ'' سے من وعن ترجمہ کی شکل میں نقل کیا گیا ہے۔

''تذکرۃ الحفاظ'' کے مطبوعہ نسخہ کے ''محقق'' نے امام اعظم کے احوال و سوانح سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے درج ذیل ماخذ کی نشاندہی کی ہے:

تہذیب الکمال: 3/ 1415. تہذیب التہذیب: 10/ 449 "817". تقریب التہذیب: 2/ 303. خلاصۃ تہذیب الکمال: 3/ 95. الکاشف: 3/ 205. تاریخ البخاری الکبیر: 8/ 81. تاریخ البخاری الصغیر: 2/ 43، 100، 230. الجرح والتعدیل: 8/ 2062. میزان الاعتدال: 4/ 265. تاریخ أسماء الثقات: 1477. الأنساب: 6/ 64. الکامل: 7/ 2472. الضعفاء الکبیر: 4/ 268. المعین: 546. تراجم الأحبار: 4/ 122. تاریخ لابن معین: 3/ 67. تاریخ الثقات: 450. تاریخ بغداد: 13/ 423، 424. سیر الأعلام: 6/ 390 والحاشیۃ. معرفۃ الثقات: 1853. ضعفاء ابن الجوزی: 3/ 163. دیوان الإسلام: ت: 763.

آپ رحمۃ اللہ علیہ سے وکیع - یزید بن ہارون - سعد بن صلت - ابو عاصم - عبدالرزاق - عبید اللہ بن موسیٰ - ابونعیم - ابوعبدالرحمٰن مقری - بشر اور بہت سے لوگوں نے روایات نقل کی ہیں۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ امام، پرہیزگار، عالم، عامل، عبادت گزار تھے، بڑی شان والے تھے، حکمرانوں کے تحائف اور عطیات - بول نہیں کرتے تھے، بلکہ تجارت کے ذریعے خود کما کر (اپنی اور دوسروں کی ضروریات پوری کرتے تھے)۔

ضرار بن صرد بیان کرتے ہیں: یزید بن ہارون سے دریافت کیا گیا: کون بڑا فقیہ ہے؟ ثوری یا ابوحنیفہ؟ انہوں نے جواب دیا: ابوحنیفہ بڑے فقیہ ہیں اور سفیان بڑے حافظ الحدیث ہیں۔

عبداللہ بن مبارک فرماتے ہیں: ابوحنیفہ سب سے بڑے فقیہ ہیں۔

امام شافعی فرماتے ہیں: لوگ فقہ میں امام ابوحنیفہ کے زیر کفالت ہیں۔

یزید بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ سے زیادہ پرہیزگار اور ان سے زیادہ عقل مند کوئی شخص نہیں دیکھا۔

احمد بن محمد بن قاسم نے یحییٰ بن معین کا یہ بیان نقل کیا ہے: ان میں کوئی حرج نہیں ہے، ان پر کوئی الزام نہیں ہے، یزید بن عمر بن ہبیرہ نے عہدہ قضا قبول نہ کرنے کے وجہ سے ان کی پٹائی کروائی تھی، لیکن انہوں نے وہ عہدہ قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

امام ابوداؤد فرماتے ہیں: ابوحنیفہ امام تھے۔

بشر بن ولید نے امام ابویوسف کا یہ بیان نقل کیا ہے: ایک مرتبہ میں امام ابوحنیفہ کے ساتھ کہیں جا رہا تھا (انہیں دیکھ کر راستے میں کسی جگہ) ایک شخص نے دوسرے سے کہا: یہ ابوحنیفہ ہیں جو رات بھر عبادت کرتے رہتے ہیں، تو امام ابوحنیفہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! لوگ میرے بارے میں کوئی ایسی بات نہیں کر پائیں گے جو میں نہ کرتا ہوؤں، تو وہ نماز ادا کرتے ہوئے، دعا کرتے ہوئے اور گریہ و زاری کرتے ہوئے، رات بھر جاگتے (یعنی عبادت کرتے) رہتے تھے۔

(امام ذہبی فرماتے ہیں:) میں نے اس امام کے مناقب کے بارے میں ایک مستقل کتاب تصنیف کی ہے۔

آپ کا انتقال رجب کے مہینہ میں 150 ہجری میں ہوا۔

(پھر امام ذہبی نے اپنی سند کے ساتھ) ابوعبدالرحمٰن مقری - امام ابوحنیفہ - عطاء کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے: عطاء نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو صرف ایک قمیص پہن کر نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے ان کے جسم پر اس کے علاوہ کوئی چادر یا تہبند نہیں تھا، (عطا کہتے ہیں:) میرا خیال ہے انہوں نے (صرف) اس (قمیص) میں نماز اس لیے ادا کی تھی تاکہ وہ ہمیں یہ دکھائیں کہ صرف ایک کپڑے میں نماز ادا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

•••——•••——•••

# امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

از: امام ابن حجر عسقلانی (ماخوذ از تہذیب التہذیب)

آپ نعمان بن ثابت تیمی 'ابوحنیفہ' کوفی ہیں' بنوتیم اللہ بن ثعلبہ کے ساتھ آپ کو نسبت ولاء حاصل تھی' ایک روایت کے مطابق آپ فارسی النسل ہیں۔

آپ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ نے عطاء بن ابورباح - عاصم بن ابوالنجود - علقمہ بن مرثد - حماد بن ابوسلیمان - حکم بن عتیبہ - سلمہ بن کہیل - ابو جعفر محمد بن علی (یعنی امام باقر) - علی بن اقمر - زیاد بن علاقہ - سعید بن مسروق ثوری - عدی بن ثابت انصاری - عطیہ بن سعید عوفی - ابوسفیان سعدی - عبدالکریم ابوامیہ - یحیٰی بن سعید انصاری - ہشام بن عروہ سمیت دیگر لوگوں سے روایت نقل کی ہیں۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ سے آپ کے صاحبزادے حماد - (اُن کے علاوہ) ابراہیم بن طہمان - حمزہ بن حبیب زیات - زفر بن ہذیل - ابو یوسف قاضی - ابویحیٰی حمانی - عیسیٰ بن یونس - وکیع - یزید بن زریع - اسد بن عمرو بجلی - حکام بن یعلی بن سلم رازی - خارجہ بن مصعب - عبدالمجید بن ابورواد - علی بن مسہر - محمد بن بشر عبدی - عبدالرزاق - محمد بن حسن شیبانی - مصعب بن مقدام - یحیٰی بن یمان - ابوعصمہ نوح بن ابومریم - ابوعبدالرحمٰن مقری - ابوعاصم اور دیگر لوگوں نے روایت نقل کی ہیں۔

عجلی بیان کرتے ہیں: ابوحنیفہ کوفی تیمی ہیں اور حمزہ زیات کے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں وہ ریشم کا کاروبار کرتے تھے' اور اس کو فروخت کرتے تھے' انہوں نے اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ کا یہ بیان نقل کیا ہے: ہم فارسی النسل ہیں' اور آزاد ہیں' میرے دادا نعمان (امام ابوحنیفہ) 80 ہجری میں پیدا ہوئے' میرے پردادا (اور امام صاحب کے والد) ثابت کم سنی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کے اور ان کی اولاد کے لیے برکت کی دعا دی تھی۔

محمد بن سعد عوفی بیان کرتے ہیں: میں نے یحیٰی بن معین کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: امام ابوحنیفہ' ثقہ ہیں' وہ صرف اسی حدیث کو روایت کرتے ہیں جو ان کو یاد ہوتی ہے' جو حدیث انہیں یاد نہ ہو اس کو وہ روایت نہیں کرتے ہیں۔

---

امام ابوحنیفہ کے بارے میں یہ معلومات نوویں صدی ہجری سے تعلق رکھنے والے مشہور محقق اور عالم ابوالفضل احمد بن علی بن محمد بن احمد بن حجر العسقلانی (المتوفی 852) کا شمار اکابر اہل علم میں ہوتا ہے انہوں نے امام مزی کی کتاب ''تہذیب الکمال'' پر مزید تحقیقاتی اضافہ جات کیے جن کا نام انہوں نے ''تہذیب التہذیب'' تجویز کیا۔ امام صاحب کے یہ حالات ان کی اسی کتاب میں سے من وعن ترجمے کی شکل میں یہاں پیش کیے جا رہے ہیں۔

صالح بن محمد اسدی نے یحییٰ بن معین کا یہ قول نقل کیا ہے: امام ابوحنیفہ حدیث میں ثقہ تھے۔

ابووہب اور محمد بن مزاحم نے عبداللہ بن مبارک کا یہ قول نقل کیا ہے: ابوحنیفہ سب سے بڑے فقیہ ہیں' میں نے فقہ میں ان جیسا کوئی شخص نہیں دیکھا' انہوں نے یہ بھی کہا ہے: اگر اللہ تعالیٰ نے امام ابوحنیفہ اور سفیان ثوری کے ذریعے میری مدد نہ کی ہوتی' تو میں ایک عام سا فرد ہوتا' ابن ابوخیثمہ نے سلیمان بن ابوشیخ کا یہ بیان نقل کیا ہے: ابوحنیفہ پرہیزگار اور سخی تھے۔

عیسیٰ بن طباع بیان کرتے ہیں: میں نے روح بن عبادہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: 150 ہجری میں' میں ابن جریج کے پاس موجود تھا' انہیں امام ابوحنیفہ کے انتقال کی اطلاع ملی' تو انہوں نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا' انہیں تکلیف ہوئی اور انہوں نے فرمایا: کیسا علم رخصت ہو گیا؟ (عیسیٰ بن طباع بیان کرتے ہیں:) اسی سال میں ابن جریج کا بھی انتقال ہو گیا۔

ابونعیم فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ مسائل میں غور وخوض کرنے والے شخص تھے۔

احمد بن علی بن سعید قاضی بیان کرتے ہیں: میں نے یحییٰ بن معین کو یحییٰ بن سعید القطان کا یہ بیان نقل کرتے ہوئے سنا ہے: ہم اللہ تعالیٰ کی طرف کوئی جھوٹی بات منسوب نہیں کرتے ہیں' ہم نے امام ابوحنیفہ سے زیادہ اچھی رائے اور کسی کی نہیں سنی ہے' اور ہم ان کے اکثر اقوال کو اختیار کرتے ہیں۔

ربیع اور حرملہ بیان کرتے ہیں: ہم نے امام شافعی کو یہ فرماتے ہوئے سنا: تمام لوگ فقہ میں امام ابوحنیفہ کے زیر کفالت ہیں۔

امام ابویوسف بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں امام ابوحنیفہ کے ساتھ کہیں جا رہا تھا' میں نے سنا' ایک شخص نے دوسرے سے کہا: یہ ابوحنیفہ ہیں' جو رات بھر عبادت کرتے رہتے ہیں' تو امام ابوحنیفہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! لوگ میرے بارے میں کوئی ایسی بات نہیں کر پائیں گے' جو میں نہ کرتا ہوؤں' تو اس کے بعد وہ رات بھر جاگتے (یعنی عبادت کرتے) رہتے تھے۔

اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ نے اپنے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے: جب میرے والد (امام ابوحنیفہ) کا انتقال ہوا' تو ہم نے حسن بن عمارہ سے درخواست کی کہ وہ انہیں غسل دیں' انہوں نے ایسا ہی کیا' جب انہوں نے غسل دے دیا' تو بولے: اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت کرے' اور آپ کی مغفرت کرے' پچھلے تیس برس سے آپ نے کبھی کوئی (نفلی) روزہ نہیں چھوڑا' اور پچھلے چالیس برس سے آپ کے پہلو نے تکیے سے ٹیک نہیں لگائی (یعنی رات بھر عبادت کرتے رہتے تھے) آپ نے اپنے بعد والوں کو مشکل میں ڈال دیا ہے' اور قرآن کے عالموں کو رسوا کر دیا ہے۔

علی بن معبد نے' عبیداللہ بن عمرو رقی کا یہ بیان نقل کیا ہے: ابن ہبیرہ نے امام ابوحنیفہ کو عہدہ قضا کی پیشکش کی انہوں نے انکار کر دیا' ابن ہبیرہ نے انہیں 110 کوڑے لگوائے' لیکن وہ اپنے انکار پر مصر رہے' جب ابن ہبیرہ نے یہ بات دیکھی' تو انہیں چھوڑ دیا۔

ابن ابوداؤد نے نصر بن علی کے حوالے سے ابن داؤد یعنی خریبی کا یہ بیان نقل کیا ہے: ابوحنیفہ کے بارے میں لوگ یا تو حسد کا شکار ہو جاتے ہیں' یا لاعلمی کا شکار ہوتے ہیں۔

احمد بن عبدہ' جو ''رے'' کا قاضی ہیں' انہوں نے اپنے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے: ہم ابن عائشہ کے پاس موجود تھے' انہوں نے

امام ابوحنیفہ کے حوالے سے منقول ایک حدیث سنائی' پھر انہوں نے فرمایا: اگر تم لوگ انہیں دیکھ لیتے تو تم بھی یہی کہتے کہ تمہاری اور ان کی مثال اسی طرح ہے' جیسا کہ یہ (شعر) کہا گیا ہے:

اقلوا عليهم ويلكم لا أبا لكم ...من اللوم أو سدوا المكان الذى سدوا

''تم ان کی تھوڑی ملامت کرو' تمہارا ستیاناس ہو' تمہارا باپ نہ رہے' یا پھر تم اس جگہ کو پر کر دو' جو انہوں نے پر کر دی''

صغانی نے یحییٰ بن معین - عبید بن ابی قرہ کے حوالے سے یحییٰ بن ضریس کا یہ بیان نقل کیا ہے: میں سفیان کے پاس موجود تھا ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: آپ ابوحنیفہ پر تنقید کیسے کر سکتے ہیں؟ سفیان نے دریافت کیا: کیوں کیا ہوا؟ اس نے کہا: میں نے انہیں یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: میں اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فتویٰ دوں گا' اگر اس میں (کسی مسئلہ کا حکم) مجھے نہیں ملتا' تو میں اللہ کے رسول کی سنت کے مطابق فتویٰ دوں گا' اگر اس میں (کسی مسئلہ کا حکم) مجھے نہیں ملتا' تو میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے قول کے مطابق فتویٰ دوں گا' میں ان میں سے جس کے قول کو چاہوں گا اختیار کر لوں گا' لیکن میں ان کے اقوال سے باہر' کسی اور کے قول کی طرف نہیں جاؤں گا' لیکن جب بات ابراہیم' شعبی' ابن سیرین' عطاء تک آئے گی' تو یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اجتہاد کیا' تو جس طرح انہوں نے اجتہاد کیا' اسی طرح میں بھی اجتہاد کروں گا۔

ابونعیم اور ایک جماعت نے یہ بات بیان کی ہے: آپ رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال 150 ہجری میں ہوا۔

ابوبکر بن ابوخیثمہ نے یحییٰ بن معین کا یہ بیان نقل کیا ہے: آپ رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال 151 ہجری میں ہوا۔

آپ کے بارے میں ''جامع ترمذی'' میں ایک روایت منقول ہے: عبدالحمید حمانی نے آپ کا یہ بیان نقل کیا ہے: میں نے جابر جعفی سے زیادہ جھوٹا اور عطاء بن ابی رباح سے زیادہ فضیلت والا کوئی شخص نہیں دیکھا۔

امام نسائی کی کتاب ''سنن نسائی'' میں' عاصم بن ابوذر کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ قول منقول ہے: جو شخص جانور کے ساتھ بدفعلی کرتا ہے' اس پر حد جاری نہیں ہوگی۔

ابوعلی اسیوطی اور مغاربہ نے ''سنن نسائی'' کا جو نسخہ روایت کیا ہے' اس میں یہ روایت علی بن حجر - عیسیٰ بن یونس - نعمان - عاصم کے حوالے سے منقول ہے' انہوں نے یہ نام نعمان ذکر کیا' لیکن اس کا اسم منسوب ذکر نہیں کیا' جبکہ ابن احمر کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: ''یعنی ابوحنیفہ''۔ یہ اس روایت کے بعد ہے' جو دراوردی نے' عمرو' عکرمہ کے حوالے سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے' مرفوع روایت کے طور پر نقل کی ہے:

''تم جس شخص کو قوم لوط کا سا عمل کرتے ہوئے پاؤ' تو فاعل اور مفعول بہ کو قتل کر دو' الحدیث

حمزہ بن سنی' یا ابن حیوۃ نے امام نسائی سے جو نسخہ نقل کیا ہے' اس میں یہ روایت نہیں ہے' عاصم سے اس روایت کو نقل کرنے میں سفیان ثوری نے نعمان کی متابعت کی ہے۔

(حافظ ابن حجر عسقلانی کہتے ہیں:) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب بیشمار ہیں' اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے۔

# ابن تیمیہ کا بیان

وَمَنْ ظَنَّ بِأَبِي حَنِيفَةَ أَوْ غَيْرِهِ مِنْ أَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ أَنَّهُمْ يَتَعَمَّدُونَ مُخَالَفَةَ الْحَدِيثِ الصَّحِيحِ لِقِيَاسِ أَوْ غَيْرِهِ فَقَدْ أَخْطَأَ عَلَيْهِمْ وَتَكَلَّمَ إِمَّا بِظَنٍّ وَإِمَّا بِهَوًى فَهَذَا أَبُو حَنِيفَةَ يَعْمَلُ بِحَدِيثِ التوضى بِالنَّبِيذِ فِي السَّفَرِ مُخَالَفَةً لِلْقِيَاسِ وَبِحَدِيثِ الْقَهْقَهَةِ فِي الصَّلَاةِ مَعَ مُخَالَفَتِهِ لِلْقِيَاسِ؛ لِاعْتِقَادِهِ صِحَّتَهُمَا وَإِنْ كَانَ أَئِمَّةُ الْحَدِيثِ لَمْ يُصَحِّحُوهُمَا .وَقَدْ بَيَّنَّا هَذَا فِي رِسَالَةِ "رَفْعِ الْمَلَامِ عَنْ الْأَئِمَّةِ الْأَعْلَامِ "وَبَيَّنَّا أَنَّ أَحَدًا مِنْ أَئِمَّةِ الْإِسْلَامِ لَا يُخَالِفُ حَدِيثًا صَحِيحًا بِغَيْرِ عُذْرٍ

جوشخص امام ابوحنیفہ یا اُن کے علاوہ مسلمانوں کے کسی اور امام کے بارے میں یہ گمان کرے کہ وہ جان بوجھ کر قیاس کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے حدیث صحیح کی مخالفت کرتے ہیں' تو ایسے شخص نے اُن کی طرف غلط بات منسوب کی ہے' اُس نے صرف گمان یا نفسانی خواہش کی پیروی کی وجہ سے یہ بات کہی ہوگی' حالانکہ امام ابوحنیفہ تو سفر کے دوران نبیذ کے ذریعہ وضو کرنے والی حدیث پر بھی عمل کرتے ہیں' جو قیاس کے برعکس ہے اور وہ نماز کے دوران قہقہہ (لگانے سے نماز اور وضو ٹوٹ جانے والی) حدیث پر بھی عمل کرتے ہیں' حالانکہ یہ بھی خلافِ قیاس ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ ان دونوں روایات کو مستند شمار کرتے ہیں' اگرچہ ائمۂ محدثین نے ان دونوں روایات کو مستند قرار نہیں دیا ہے' ہم نے یہ بات اپنے رسالہ ''رفع الملام عن الائمۃ الاعلام'' میں بیان کی ہے اور یہ بات بیان کی ہے کہ ''ائمۂ اسلام میں سے کوئی بھی کسی عذر کے بغیر کسی صحیح حدیث کے برخلاف فتویٰ نہیں دیتا۔

•••——•••——•••

---

تقی الدین ابوعباس احمد بن عبدالحلیم بن تیمیہ حرانی (المتوفی:728 ھ) کا شمار آٹھویں صدی ہجری کے کثیر التصانیف اہلِ علم میں ہوتا ہے۔ ان کے شاگردوں کی صف میں ابن کثیر اور ابن قیم جیسے محققین شامل ہیں۔ ابن تیمیہ نے کسی فتوے کا جواب دیتے ہوئے یہ بات تحریر کی ہے جو ان لوگوں کے لئے لمحۂ فکریہ ہے جو ائمہ متبوعین کے بارے میں غیر محتاط الفاظ استعمال کر لیتے ہیں۔ یہ مضمون مجموع الفتاویٰ سے نقل کیا گیا ہے۔

# امام ائمۃ الفقہاء

از: شیخ عبدالفتاح ابوغدہ

## 70 ائمہ کی تعریف

(1) امام ابوجعفر محمد بن علی بن حسین (یعنی امام باقر علیہ السلام) (2) حماد بن ابوسلیمان (3) مسعر بن کدام (4) ایوب سختیانی (5) اعمش (6) شعبہ بن حجاج (7) سفیان ثوری (8) مغیرہ بن مقسم ضبی (9) حسن بن صالح بن حی (10) سفیان بن عیینہ (11) سعید بن ابوعروبہ (12) حماد بن زید (12) قاضی شریک (14) ابن شبرمہ (15) یحییٰ بن سعید القطان (16) عبداللہ بن مبارک (17) قاسم بن معن (18) حجر بن عبدالجبار حضرمی (19) زہیر بن معاویہ (20) ابن جریج (21) امام عبدالرزاق (22) امام شافعی (23) وکیع بن جراح (24) خالد واسطی (25) فضل بن موسیٰ سینانی (26) عیسیٰ بن یونس (27) عبدالحمید بن عبدالرحمٰن ابویحییٰ حمانی (28) معمر بن راشد (29) نضر بن محمد (30) یونس بن ابواسحاق (31) اسرائیل بن یونس (32) زفر بن ہذیل (33) عثمان بری (34) جریر بن عبدالحمید (35) ابومقاتل حفص بن سلم (36) قاضی ابویوسف (37) سلم بن سالم (38) یحییٰ بن آدم (39) یزید بن ہارون (40) ابن ابورزمہ (41) سعید بن سالم قداح (42) شداد بن حکیم (43) خارجہ بن مصعب (44) خلف بن ایوب (45) ابوعبدالرحمٰن مقری (46) محمد بن سائب کلبی (47) حسن بن عمارہ (48) ابونعیم فضل بن دکین (49) حکم بن ہشام (50) یزید بن زریع (51) عبداللہ بن داؤد خریبی (52) محمد بن فضل (53) زکریا بن ابوزائدہ (54) اُن کے صاحبزادے یحییٰ بن زکریا بن ابوزائدہ (55) زائدہ بن قدامہ (56) یحییٰ بن معین (57) مالک بن مغول (58) ابوبکر بن عیاش (59) ابوخالد احمر (60) قیس بن ربیع (61) ابوعاصم نبیل (62) عبیداللہ بن موسیٰ (63) محمد بن جابر (64) اصمعی (65) شقیق بلخی (66) علی بن عاصم (67) یحییٰ بن نصر (68) خلیل بن احمد نحوی (نے بھی امام صاحب کی تعریف بیان کی ہے؛ جس کا ذکر حاشیہ میں ہے)۔

---

امام حافظ ابوعمر یوسف بن عبدالبر اندلسی (متوفی 463ھ) کا شمار پانچویں صدی ہجری کے کثیر التصانیف بزرگوں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے ائمہ ثلاثہ یعنی امام مالک، امام شافعی اور امام ابوحنیفہ کے فضائل و مناقب کے بارے میں ایک کتاب تصنیف کی جس کا نام ''الانتقاء فی فضائل الائمۃ الثلاثۃ الفقہاء'' ہے۔ اس کتاب کو عالمِ عرب کے مشہور محقق عبدالفتاح ابوغدہ نے ایڈیٹ کر کے اپنے فاضلانہ حواشی کے ہمراہ شائع کیا ہے۔ لیکن شیخ عبدالفتاح کے حواشی کیونکہ اصل کتاب کے ساتھ ثانوی حیثیت رکھتے ہیں اس لئے ہم نے ان کے حواشی میں سے کچھ موتی اکٹھے کر کے انہیں اس مضمون کے نظم میں پرویا ہے۔ یاد رہے کہ اس کتاب اور اس کے حواشی کا ترجمہ ادارہ پروگریسو بکس لاہور کی طرف سے شائع ہو چکا ہے۔ علامہ عبدالبر نے اپنی کتاب کے اسلوب کے مطابق تینوں ائمہ کے فضائل و مناقب کے بارے میں اکابر اہلِ علم کے توصیفی اقوال نقل کیے ہیں۔ دیگر ائمہ کی طرح انہوں نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں 26 اکابر اہلِ علم کے اقوال نقل کیے ہیں اور مزید 41 اہلِ علم کے اسماء نقل کیے ہیں جنہوں نے امام اعظم کی تعریف بیان کی ہے۔ انہی حضرات کے اسماء یہاں نقل کیے گئے ہیں۔ مزید تفصیل کے لیے اصل کتاب کی طرف رجوع کیا جائے۔

شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں: امام ابوحنیفہ کی تعریف کرنے والے اہلِ علم کی تعداد 68 ہے اور اگر آپ ان کے ساتھ دو جلیل القدر ائمہ، یعنی امام محمد بن حسن شیبانی اور امام حسن بن زیاد لولوئی کو شامل کر لیں، تو امام ابوحنیفہ کی تعریف کرنے والے جلیل القدر اہلِ علم کی تعداد 70 ہو جائے گی اور یہ سب لوگ، یا ان میں سے اکثریت جلیل القدر بڑے اور مشہور ائمہ کی ہے۔

امام ابوحنیفہ کی فضیلت، علم، دینداری، پرہیزگاری، تزکیہ، دین میں اُن کی امامت کے اثبات کے لیے ان حضرات میں سے پانچ، یا دس ائمہ کی تعریف ہی کافی ہوتی تھی، لیکن امام ابوحنیفہ ایک انسان ہیں، اُن سے غلطی بھی ہو جاتی ہے اور نہیں بھی ہوتی، دیگر تمام مجتہدین کی طرح، وہ اپنے اجتہاد میں ''معصوم عن الخطاء'' نہیں ہیں، آپ کیلئے ان حضرات میں سے:

## دینداری کے پہاڑ

امام باقر، حماد بن ابوسلیمان، مسعر بن کدام، ایوب سختیانی، اعمش، شعبہ، سفیان ثوری، حسن بن صالح، سعید بن ابوعروبہ، حماد بن زید کی تعریف ہی کافی ہے

کیونکہ یہ دس افراد ثقاہت، دینداری اور علم میں پہاڑ کی سی حیثیت رکھتے ہیں، اگر یہ کسی معاملہ کے بارے میں گواہی دے دیں، تو ان کی گواہی قبول کی جائے گی اور ان کی مخالفت کرنے والے کی گواہی کسی تردّد کے بغیر مسترد کر دی جائے گی، اور تعریف کرنا، بھی ایک قسم کی گواہی ہی ہے۔

## دس مزید افراد

اگر آپ چاہیں، تو ان کی گواہی کے ساتھ دس دیگر افراد کی گواہی کا اضافہ بھی کر سکتے ہیں، یہ لوگ بھی ثقاہت، دینداری اور علم میں پہاڑ کی سی حیثیت رکھتے ہیں، تو آپ:

ابن شبرمہ، یحییٰ بن سعید القطان، عبداللہ بن مبارک، زہیر بن معاویہ، ابن جریج، امام عبدالرزاق، امام شافعی، وکیع بن جراح، خالد واسطی اور سفیان بن عیینہ کی گواہی حاصل کر لیں۔

یہ دس افراد، پہلے والے دس افراد کے ساتھ مل جائیں، تو تعریف کرنے والے یہ ''بیس امام'' ہو جائیں گے۔

یہ اکابر اہلِ علم جو ہدایت دینے والے ہیں، ہدایت کا مرکز ہیں، نیک لوگ ہیں، اگر یہ کسی ضعیف راوی کی طرف توجہ کریں تو وہ حجت ہو جائے، تو جب علماءِ سلف میں سے 170 اکابر ائمہ نے جو بڑے عالم اور نیک لوگ ہیں، جن میں محدث، فقیہ، قرأۃ کے استاذ، مجاہد، عابد و زاہد، قاضی، صوفی، ادبیات میں حجت، لسانیات کے ماہر شامل ہیں، اگر وہ کسی کی تعریف کر دیں (تو اُس کا عالم کیا ہوگا؟)

## تعریف کا حدِ تواتر کی زیادہ سے زیادہ حد تک پہنچنا

علماء نے تواتر کیلئے جو زیادہ سے زیادہ تعداد مقرر کی ہے وہ 70 ہے، تو اس اعتبار سے امام ابوحنیفہ کی تعریف حدِ تواتر تک پہنچتی ہے اور یہ تعریف بھی کن حضرات کے حوالے سے ہے؟ جو اس اُمت کے اسلاف کے بہترین لوگ ہیں اور وہ علماء ہیں، جن کی دینداری، علم اور پرہیزگاری کے حق میں گواہی دی گئی ہے۔

## لوگ اللہ تعالیٰ کے گواہ ہیں

صحیح مسلم صفحہ 18/7 پر مذکور ہے:

"حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ جنازہ گزرا' اُس کی تعریف بیان کی گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: واجب ہوگئی! واجب ہوگئی! واجب ہوگئی...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! ایک جنازہ گزرا' اُس کی تعریف کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: واجب ہوگئی! واجب ہوگئی! واجب ہوگئی! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ جس کی تعریف کردو گے اُس کیلئے جنت واجب ہوجائے گی...... تم لوگ زمین میں اللہ کے گواہ ہو' تم لوگ زمین میں اللہ کے گواہ ہو' تم لوگ زمین میں اللہ کے گواہ ہو"۔ (حدیث کے الفاظ یہاں ختم ہوگئے)

تو یہ علماء (جنہوں نے امام ابوحنیفہ کی تعریف کی ہے) یہ زمین میں' اللہ کے گواہ ہیں۔

شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں: جن علماء نے یہاں امام ابوحنیفہ کی تعریف کی ہے' اُن کی تعداد 70 تک پہنچتی ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے امام ابوحنیفہ سے ملاقات کی' اُن سے میل جول رکھا' اُن سے استفادہ کیا' صرف امام باقر کا معاملہ مختلف ہے کیونکہ امام ابوحنیفہ نے اُن سے استفادہ کیا ہے اور امام اصمعی کا معاملہ بھی مختلف ہے کیونکہ وہ امام ابوحنیفہ کے معاصرین میں سے ہیں' وہ بصرہ میں رہائش پذیر رہے تھے اور میں ایسی کسی روایت سے واقف نہیں ہوسکا کہ اُن کی امام ابوحنیفہ سے ملاقات ہوئی ہو' اسی طرح دو اور ائمہ کا معاملہ بھی مختلف ہے' کیونکہ ان دونوں کی پیدائش امام ابوحنیفہ کے انتقال کے بعد ہوئی' لیکن اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کے اکابر تلامذہ کا زمانہ پایا ہے اور اُن سے استفادہ کیا ہے' یہ دو حضرات' امام شافعی اور جرح وتعدیل کے امام' یحییٰ بن معین ہیں' تو ان ثقہ اور عادل ائمہ نے جس چیز کا مشاہدہ کیا' اُس کی تعریف کی اور اُنہیں جس کا علم ہوا' اُس کی اُنہوں نے صفت بیان کی اور براہِ راست دیکھنا خبر سننے کی مانند نہیں ہوتا۔

ان 70 تعریف کرنے والے اہلِ علم میں سے کچھ لوگ محدثین ہیں' جو حافظانِ حدیث ہیں' جلیل القدر اہلِ علم ہیں اور علمِ حدیث کے ائمہ کے اساتذہ ہیں' ان میں امام احمد بن حنبل' امام بخاری' امام مسلم...... کے اساتذہ' بلکہ اُن کے اساتذہ کے بھی اساتذہ شامل ہیں' جو پرہیزگار ہیں' سمجھدار ہیں اور ناقدین ہیں' ان میں فقہاء بھی شامل ہیں' جو ذہین وفطین تھے' بصیرت رکھنے والے تھے' نیکوکار تھے' ان میں عبادت گزار اکابرین بھی شامل ہیں' جو عقلمند تھے اور اللہ تعالیٰ کے دین کے امین تھے' جیسا کہ ان کے مختصر حالات میں آپ نے یہ بات ملاحظہ فرمائی ہے۔

تو ان سب حضرات نے امام ابوحنیفہ کی دینداری' نیکوکاری' عبادت گزاری' پرہیزگاری' علم' فقاہت' پختگی' ثقاہت' امامت' عقل' سمجھداری' طور طریقے' چال چلن' اخلاق' اپنی پرہیزگاری اور اپنے دین اور آخرت کے خوف کی وجہ سے عہدۂ قضاء قبول کرنے سے اجتناب اور اُس کے مقابلہ میں قید کو قبول کرلینے اور عہدۂ قضاء قبول نہ کرنے کی وجہ سے ملنے والے عذاب (یعنی تکالیف) کا سامنا کرنے' ان سب باتوں کے حوالے سے امام ابوحنیفہ کی تعریف کی ہے' تو امام صاحب کے بارے میں ان سب کی گواہیاں ہیں اور یہ سب لوگ' نہ تو امام صاحب سے کوئی تعصب رکھتے ہیں' اور نہ ہی اُن کے مخالفین سے کوئی تعصب رکھتے ہیں۔

## امام صاحب سے بعض محدثین کا تعصب

جہاں تک امام ابوحنیفہ کے بارے میں تعصب رکھنے والے بعض محدثین کے گمان کا تعلق ہے' ان کے بارے میں مصنف' یعنی علامہ ابن عبدالبر نے کچھ کلام کیا ہے' جو آگے آئے گا اور امام صاحب کے بارے میں اُنہوں نے ان لوگوں کے اقوال بھی ذکر کیے ہیں' تو ان محدثین نے امام صاحب پر جو طعن و تشنیع کی ہے' جس میں اُنہیں ملت سے خارج قرار دیا ہے اور اُنہیں زندیق بنایا ہے تو میں اُن حضرات میں سے یہاں صرف ایک شخص کا کلام ذکر کروں گا اور وہ ایک شخص امام حافظ ابوحاتم ابن حبان بستی ہیں' تا کہ اُن کی تعریف کرنے والوں اور تنقید کرنے والوں کے کلام کا موازنہ کرنے والے شخص کے سامنے حقیقتِ حال واضح ہو جائے' کہ کیسے تعصب کسی شخص کو وہ باتیں کہنے کی طرف لے جاتا ہے' جو نہ تو عقل میں آتی ہیں' نہ قبول کی جاسکتی ہیں' نہ نقل کی جاسکتی ہیں لیکن یہ تعصب ہی ہے جو ہر کڑوی چیز کو میٹھا اور مزیدار کر کے متعصب شخص کے سامنے پیش کر دیتا ہے۔

## ابن حبان کا تعارف

امام حافظ محدث ابوحاتم بن حبان بستی (یعنی محمد بن حاتم) اُن اکابر محدثین میں سے ایک ہیں' جنہوں نے راویانِ حدیث کی جرح و تعدیل کے حوالے سے کلام کیا ہے اور اس بارے میں کتابیں تحریر کی ہیں' یہ 280 ہجری کے آس پاس پیدا ہوئے تھے' یہ امام ابوحنیفہ کے انتقال سے تقریباً 130 سال بعد کی بات ہے' جبکہ ابن حبان کا انتقال 354 ہجری کے آس پاس ہوا' اُس وقت ان کی عمر 80 برس کے لگ بھگ تھی' اللہ تعالیٰ ان پر رحمت کرے اور ان سے درگزر کرے! یہ مشہور کتاب ''صحیح ابن حبان'' کے مؤلف ہیں۔

اس بڑے محدث اور حافظِ حدیث نے امام ابوحنیفہ کے خلاف اور اُن پر طعن کے بارے میں تین کتابیں تحریر کی ہیں:

(1) کتاب علل مناقب ابی حنیفہ ومثالبہ (2) کتاب علل مااسندہ ابوحنیفہ

(۳) کتاب التنبیہ علی التمویہ

اپنے گمان کے مطابق انہوں نے ان کتابوں میں امام ابوحنیفہ کو رسوا کرنے والی باتیں اور اُن پر جو طعن کیے گئے ہیں' اُن کا تذکرہ کیا ہے اور اُنہوں نے اپنی کتاب ''الضعفاء والمجروحین'' میں ایسے جملے نقل کیے ہیں جن سے یہ استدلال کیا ہے جو اُن کے گمان کے مطابق ہے' (کہ امام ابوحنیفہ ایک مجروح شخصیت کے مالک ہیں) اُنہوں نے اس کتاب میں وہ جملے اسانید کے ساتھ نقل کیے ہیں' حالانکہ اُن اسانید میں بذاتِ خود مجروح' ہلاکت کا شکار ہونے والے اور متعصب راوی شامل ہیں' مصنف نے اس حوالے سے انتہائی تعصب کا اظہار کیا ہے اور اس بارے میں دینداری اور فنی مہارت کی کوئی پرواہ نہیں کی' حالانکہ وہ خود ایک محدث ہیں جو کسی کو ثقہ قرار دیتے ہیں' کسی کی تعدیل کرتے ہیں' کسی پر جرح کرتے ہیں' کسی کو نیک قرار دیتے ہیں' بہر حال اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت کرے! اُن سے درگزر کرے! اُن کی توبہ قبول کرے اور اُن پر رحم کرے!

## امام صاحب کا تذکرہ سب سے طویل کرنا

اُنہوں نے اپنی کتاب ''المجروحین من المحدثین والضعفاء والمتروکین'' میں 1281 حضرات کے حالات ذکر کیے ہیں' اس

میں اُنہوں نے ضعیف' متروک' کذاب' حدیث ایجاد کرنے والے' زندیق' دجال' بدعتی' نفسانی خواہشات کے پیروکارلوگ جو گمراہ تھے اور بھٹکے ہوئے تھے' اُن کا ذکر کیا ہے اوران میں سے ہرایک کے الگ سے حالات تحریر کیے ہیں۔ ان میں سے بعض حضرات کے حالات پانچ سطروں میں' یااس سے بھی کم ہیں' بعض کے حالات دس سطروں یااس سے کچھ زیادہ ہیں اور بہت تھوڑے افراد ایسے ہیں' جن کے حالات ایک یا دوصفحات پر مشتمل ہیں' لیکن جب اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کے حالات تحریر کرنے شروع کیے' تو وہ اُن کی کتاب میں سب سے زیادہ طویل حالات ہیں' جودس صفحات سے بھی زیادہ ہیں' یہ کتاب کے تیسرے جزء کے صفحہ 61 سے لے کر صفحہ 73 تک ہیں۔

اُنہوں نے امام صاحب کے حالات اس لیے طویل طور پر تحریر کیے ہیں' تا کہ اُن کے بارے میں تنقید کو طول دیا جا سکے' یہاں تک کہ امام صاحب کے حالات اُن کی مذکورہ کتاب میں سب سے زیادہ طوالت والے حالات ہیں' اُنہوں نے ان حالات میں امام ابوحنیفہ کا ذکر مذموم صفات کے ہمراہ کیا ہے' کچھ باتیں اُن کی اپنی ہیں اور کچھ نقل کی ہیں' میں اُن کا کچھ کلام اختصار کے ساتھ اُنہی کے الفاظ میں نقل کروں گا' تا کہ قاری کو اس سے واقفیت حاصل ہو جائے اور پھر اُس کا دین' اُس کا علم اور اُس کی عقل جس چیز کی طرف رہنمائی کرتے ہیں' وہ اُس کی بنیاد پر اُس چیز کے بارے میں فیصلہ دے سکے' جسے ابن حبان نے کہا ہے اور جسے اُنہوں نے نقل کیا ہے۔

## ابن حبان کے الفاظ

ابن حبان صفحہ 61/3 پر تحریر کرتے ہیں:

''ابوحنیفہ کوفی' صاحب الرائے ہیں' (یعنی اپنی آراء کی پیروی کرتے تھے) ان کے والد نجد میں' بنوقفل سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے غلام تھے' ان کے والد کو آزاد کر دیا گیا' وہ عبداللہ بن قفل کیلئے روٹیاں لگایا کرتے تھے' ابوحنیفہ بحث کرنے والے آدمی تھے' جو تقویٰ کو ظاہر[1] کرتے تھے' علم حدیث میں اُنہیں مہارت حاصل نہیں تھی' اُنہوں نے 130 مرفوع احادیث روایت کی ہیں' دنیا

[1] اُن کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کے باطن میں پرہیزگاری موجود نہیں تھی اور یہ نئی قسم کی جرح ہے بلکہ انوکھے الفاظ ہیں' ابن حبان نے جو کہا ہے اُن سے پہلے کسی نے بھی امام ابوحنیفہ کے بارے میں' یا کسی اور کے بارے میں ایسی کوئی بات نہیں کہی اور یہ بات کہنا صرف اُسی وقت جائز ہو سکتا ہے جب اس کی کوئی قطعی دلیل موجود ہو' جیسا کہ میں آگے چل کر اس کی وضاحت کروں گا اور اس بات کی دلیل کہ ابن حبان کی طرف سے یہ بات جرح اور طعن ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ اُن کا یہ معمول ہے کہ جب کسی ایسے شخص سے وہ لاتعلقی اختیار کرتے ہیں جس کی تعریف کی گئی ہو تو پھر وہ یہ کہتے ہیں: ''اُن میں پوشیدہ پرہیزگاری پائی جاتی ہے''۔ اس کے شواہد درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب ''الثقات'' میں صفحہ 18/8 پر امام احمد کے حالات میں وہ یہ کہتے ہیں: ''......وہ حافظ تھے' متقن تھے' پرہیزگار تھے' فقیہ تھے اور پوشیدہ پرہیزگاری کو تھامے ہوئے تھے' باقاعدگی کے ساتھ دائمی عبادت کرتے تھے......''۔

(۲) امام بخاری کے حالات میں صفحہ 113/9 اور صفحہ 114 پر تحریر کرتے ہیں: ''اُنہوں نے روایات کی طرف زیادہ توجہ کی اور آثار کو یاد کیا' اس کے ہمراہ اُنہیں تاریخ اور لوگوں کے واقعات کا بھی علم تھا' اُنہوں نے پوشیدہ پرہیزگاری اور دائمی عبادت کو لازم رکھا......''۔

(۳) ابوالفضل محمد بن ابراہیم بن نصر نبیرہ کے حالات میں صفحہ 147/9 پر وہ تحریر کرتے ہیں: ''......یہ اُن افراد میں سے (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

میں اُن کے حوالے سے ان روایات کے علاوہ اور کوئی حدیث منقول نہیں ہے اور ان میں سے بھی 120 روایات میں اُنہوں نے غلطی کی ہے' علم نہ ہونے کی وجہ سے' یا تو اُنہوں نے سند کو اُلٹ پلٹ دیا' یا پھر متن کو تبدیل کر دیا تو جب اُن کی غلطیاں اُن کی درستگی پر غالب آ گئیں' تو وہ اس بات کے مستحق قرار پائے کہ روایات نقل کرنے میں اُن سے استدلال نہ کیا جائے۔

ایک اور پہلو بھی ہے' جس کی وجہ سے اُن سے استدلال نہیں کیا جا سکتا اور وہ یہ ہے کہ وہ ''ارجاء'' کے عقیدہ کے داعی تھے اور ایسی بدعتوں کی طرف دعوت دیتے تھے کہ اُن سے استدلال کرنا ہمارے ائمہ کے نزدیک جائز ہی نہیں ہے' اس بارے میں اُن ائمہ کے درمیان کسی اختلاف کا مجھے علم نہیں ہے' پھر یہ بات بھی ہے کہ مسلمانوں کے ائمہ اور دین میں پرہیزگار حضرات جن کا تعلق تمام شہروں اور سب علاقوں سے ہے' اُن سب نے امام ابوحنیفہ پر جرح کی ہے اور اُن پر مطلق تنقید کی ہے اور ایسا یکے بعد دیگرے ہوا ہے' ہم نے ان کے بارے میں روایت ہونے والی باتیں اپنی کتاب ''التنبیہ علی التمویہ'' میں ذکر کر دی ہیں' تو اس کتاب میں اُن کے تکرار کی ضرورت نہیں ہے' البتہ میں یہاں کچھ جملے ذکر کروں گا جن سے یہ استدلال کیا جا سکتا ہے کہ امام ابوحنیفہ غیر مستند ہیں''۔

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ سے) ایک ہیں جنہوں نے سفر کیا (اور احادیث و روایات کو) جمع کیا' اُنہوں نے علم حدیث اور اس کو جمع کرنے پر بھرپور کوشش کی اور جنگ اور اُس کے اسباب میں بھی حصہ لیا' اس کے ہمراہ ان میں پوشیدہ پرہیزگاری' محنت اور زبردست سخاوت پائی جاتی تھی......''۔

(۴) ابن حبان نے اپنی کتاب ''المجروحین'' کے مقدمہ میں صفحہ 83/1 اور صفحہ 84 پر یہ تحریر کیا ہے: عمرو بن نضر بیان کرتے ہیں: میں مسجد انصار کے پاس سے گزر رہا تو وہاں عمرو بن عبید بیٹھے ہوئے تھے' اُنہوں نے مجھ سے دریافت کیا: کون سی چیز ایسی ہے جسے آج صبح تم حسن کی مجلس سے لے کر آئے ہو؟ میں نے اُنہیں ایک مسئلہ کے بارے میں بتایا جو پیش آیا تھا اور حسن بصری نے اُس کا جواب دیا تھا' تو میں نے کہا: ہمارے اصحاب نے بھی اسی طرح بیان کیا ہے۔ اُنہوں نے دریافت کیا: تمہارے اصحاب کون ہیں؟ میں نے جواب دیا: ایوب' یونس' ہشام۔ ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: ایوب' یونس' ابن عون' تیمی۔ تو وہ بولے: یہ لوگ نجس ہیں' گندگی ہیں' بُرے ہیں' مردہ ہیں' زندہ نہیں ہیں اور انہیں اس کا شعور بھی نہیں ہے۔

ابن حبان کہتے ہیں: ''اُنہوں نے یہ بات ان حضرات کے بارے میں کہی ہے' حالانکہ یہ لوگ علم کے امام ہیں' دین کے چراغ ہیں' اسلام کے سورج ہیں' ہدایت کے مینارے ہیں' اُن چاروں کے زمانہ میں روئے زمین پر کوئی ایسا شخص نہیں تھا جو دینداری' فقاہت' حفظِ حدیث اور سنت پر پختگی' اہلِ بدعت کے ساتھ بغض کے حوالے سے ان کی مانند ہو' اس کے ہمراہ ان میں انتہائی دینداری' عبادت میں بھرپور کوشش اور پوشیدہ پرہیزگاری پائی جاتی تھی''۔

(تو یہ پوشیدہ پرہیزگاری کی ترکیب جب اُن کی طرف سے کسی کی تعریف کیلئے ہوگی) تو لازمی طور پر ظاہری پرہیزگاری کے الفاظ امام ابوحنیفہ کے حق میں جرح اور طعن شمار ہوں گے اور اس کے ذریعہ اُن کی مراد یہ ہوگی کہ امام ابوحنیفہ کے باطن میں پرہیزگاری موجود نہیں تھی۔ حافظ ابن حبان کے حوالے سے اس نئی قسم کی جرح سے ہم تھوڑے واقف ہیں۔

انسان کے باطن کی حالت کیا ہوتی ہے؟ اس کا علم اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کے ساتھ مخصوص کیا ہے' یہ ایک غیبی حکم ہے' اہلِ دین اور اہلِ تقویٰ اس سے لاتعلق ہیں' ابن حبان کو اس بات کا علم کہاں سے ہوا کہ امام ابوحنیفہ کا باطن اُن کے ظاہر کے برخلاف تھا۔ ابن حبان نے ایک ایسی چیز کے بارے میں دخل دیا ہے' جس کا علم ''علام الغیوب'' نے اپنی ذات کے ساتھ خاص کیا ہے اور اس کے حکم سے کوئی بھی شخص ناواقف نہیں ہے۔

پھر یہ بات بھی ہے کہ ابن حبان' امام ابوحنیفہ کے انتقال کے 130 سال بعد پیدا ہوئے' اگر وہ اُن کے زمانہ میں زندہ ہوتے' اُنہیں دیکھتے' اُن کے ساتھ میل جول رکھتے' اُن کے ساتھ اُٹھتے بیٹھتے' اُن کی معرفت حاصل کرتے تو پھر یہ کہنا شاید درست ہوتا' جو اُنہوں نے ہر قسم کے افراد سے سن کر بیان کر دیا ہے' البتہ زمانہ گزرنے کے ساتھ اس طرح کی بات کرنا علم حدیث کی روایتی تنقید کے خلاف ہے۔ روایتی طریقہ کار اسے مسترد کرتا ہے اور اس کے برعکس ہے لیکن تعصب اور بغض آدمی سے ایسی باتیں کہلوا دیتا ہے جو کہنی نہیں چاہئیں اور جو سمجھ بھی نہیں آتی ہیں۔

## ابن حبان کی نقل کردہ تنقیدی روایات

اُس کے بعد ابن حبان نے اسانید کے ساتھ درج ذیل عبارات نقل کی ہیں:

(1) ......معاذ عنبری بیان کرتے ہیں: میں نے سفیان ثوری کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ امام ابوحنیفہ سے دو مرتبہ کفر سے توبہ کروائی گئی (۱)۔64/3

(2) ......امام ابو یوسف کہتے ہیں: سب سے پہلے قرآن کے مخلوق ہونے کی بات جس نے کی' وہ ابوحنیفہ ہیں' اُنہوں نے کوفہ میں ایسا کیا۔65/3

(3) ......حماد بن ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد امام ابوحنیفہ کو یہ کہتے ہوئے سنا: قرآن مخلوق ہے' ابن ابولیلیٰ نے اُنہیں خط لکھا: یا تو تم اس مؤقف سے رجوع کرلو ورنہ میں تمہیں سزا دوں گا۔ تو اُنہوں نے کہا: میں رجوع کرتا ہوں۔ جب وہ اپنے گھر واپس آئے تو میں نے کہا: اے ابا جان! کیا آپ کی یہ رائے نہیں ہے؟ تو اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں! اے میرے بیٹے! میرا آج بھی یہی مؤقف ہے' لیکن میں نے اُن کے سامنے "تقیہ" کیا تھا۔65/3

(4) ......یوسف بن اسباط بیان کرتے ہیں: ابوحنیفہ نے کہا: اگر رسول اللہ ﷺ میرا زمانہ پالیتے' تو میرے بہت سے اقوال اختیار کرلیتے' کیونکہ دین صرف اچھی رائے کا نام ہے۔65/3

(5) ......امام جعفر صادق فرماتے ہیں: اے اللہ! ہم اپنے جد امجد حضرت ابراہیم علیہ السلام سے اس نبوت کے وارث چلے آرہے ہیں اور جد امجد حضرت اسماعیل علیہ السلام سے اس گھرانے کے وارث چلے آرہے ہیں' اور اپنے نانا حضرت محمد ﷺ سے اس علم کے وارث چلے آرہے ہیں' تو تُو میری اور میرے آباؤ اجداد کی طرف سے ابوحنیفہ پر لعنت کردے۔65/3

(6) ......عبدالصمد بن حسان بیان کرتے ہیں: میں مکہ میں سفیان ثوری کے ساتھ میزاب کے پاس موجود تھا' ایک شخص آیا اور بولا: ابوحنیفہ کا انتقال ہوگیا ہے' تو سفیان ثوری نے کہا: تم ابراہیم بن طہمان کے پاس جاؤ اور اُنہیں یہ بات بتاؤ۔ قاصد واپس آیا اور بولا: میں نے اُنہیں سوئے ہوئے پایا تھا (تو بیدار نہیں کیا)۔ سفیان ثوری نے کہا: تمہارا ستیاناس ہو! تم جاؤ اُنہیں بیدار کرو اور یہ خوشخبری سناؤ کہ اس اُمت کو سب سے زیادہ آزمائش میں مبتلا کرنے والا شخص مرگیا ہے' اللہ کی قسم! اسلام میں کوئی ایسا بچہ پیدا نہیں ہوا جو لوگوں کیلئے ابوحنیفہ سے زیادہ منحوس (یا نقصان دِہ) ثابت ہوا ہو' اللہ کی قسم! ابوحنیفہ نے اسلام کی رسّی کو اس سے زیادہ کاٹا ہے' جتنا قحطبہ طائی نے اپنی تلوار کے ذریعہ کاٹا تھا۔ قحطبہ طائی' ابو مسلم خراسانی کے لشکروں کا سپہ سالار تھا' جس نے خراسان میں عباسیوں کی حکومت قائم کی تھی اور اُس نے اس کام میں دس ہزار لوگ قتل کیے تھے۔65/3

(7) ......سفیان ثوری کو ابوحنیفہ کے انتقال کی اطلاع ملی' تو وہ بولے: ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے! جس نے مسلمانوں کو اُس سے نجات عطا کی' کیونکہ اُس نے اسلام کے ٹکڑے ٹکڑے کردیئے تھے۔66/3

(8) ......محمد بن عامر طائی بیان کرتے ہیں: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مسجد دمشق کے پھاٹک کے پاس کچھ لوگوں کے ساتھ موجود ہوں' ایک صاحب نکلے جنہوں نے ایک دوسرے صاحب کو پکڑا ہوا تھا اور وہ یہ کہہ رہے تھے: اے لوگو! اس شخص نے

حضرت محمد ﷺ کے دین کو تبدیل کر دیا ہے۔ میں نے اپنے پہلو میں موجود ایک شخص سے دریافت کیا: یہ دو حضرات کون ہیں؟ اُس نے جواب دیا: یہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں‘ جنہوں نے ابوحنیفہ کو پکڑا ہوا ہے۔ 66/3

(9) ...... علی بن عاصم بیان کرتے ہیں: میں نے ابوحنیفہ سے دریافت کیا: ابراہیم بن علقمہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ''نبی اکرم ﷺ نے اُن لوگوں کو پانچ رکعات پڑھا دیں تو سلام پھیرنے کے بعد دو مرتبہ سجدۂ سہو کیا''۔ تو ابوحنیفہ بولے: اگر آپ چوتھی رکعت کے بعد نہیں بیٹھے تھے تو آپ کی یہ نماز اس کے برابر بھی نہیں ہوگی‘ اُنہوں نے زمین پر موجود گندگی کی طرف اشارہ کیا اور پھر اُسے پکڑ کر ایک طرف پھینک دیا۔

(10) ...... بشر بن مفضل بیان کرتے ہیں: میں نے ابوحنیفہ سے کہا: شعبہ نے ہشام بن یزید بن انس کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے: ایک یہودی نے ایک لڑکی کا سر دو پتھروں کے درمیان رکھ کر کچل دیا‘ تو نبی اکرم ﷺ نے بھی اُس یہودی کا سر دو پتھروں کے درمیان رکھوا کر کچلوا دیا۔ تو ابوحنیفہ بولے: یہ ہذیان ہے۔

(11) ...... ابواسحاق فزاری کہتے ہیں: میں ابوحنیفہ کے پاس موجود تھا‘ ایک شخص اُن کے پاس آیا اور اُن سے ایک مسئلہ کے بارے میں دریافت کیا‘ اُنہوں نے اُس کا جواب دیا تو میں نے کہا: نبی اکرم ﷺ نے اس بارے میں یہ یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔ تو ابوحنیفہ بولے: یہ خرافہ کی حدیث ہے (یعنی خرافات ہے)۔ 70/3

(12) ...... بشر بن مفضل بیان کرتے ہیں: عبیداللہ بن عمر نے نافع کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کیا ہے: ''خرید و فروخت کرنے والوں کو (سودا ختم کرنے کا) اختیار اُس وقت تک رہتا ہے جب تک وہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو جاتے''۔ تو (یہ حدیث سننے کے بعد) ابوحنیفہ بولے: یہ رجز ہے۔ 70/3

(13) ...... سفیان بن عیینہ بیان کرتے ہیں: میں نے ابوحنیفہ کو نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے منقول ایک حدیث سنائی تو وہ بولے: اس پر پیشاب کر دو۔ 70/3

(14) ...... سوید بن عبدالعزیز بیان کرتے ہیں: ایک شخص ابوحنیفہ کے پاس آیا اور دریافت کیا: ایسے شخص کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں جو خنزیر کا گوشت کھا لیتا ہے؟ تو ابوحنیفہ بولے: اُس پر کوئی چیز لازم نہیں ہوگی۔ 73/3

(15) ...... یحییٰ بن حمزہ اور سعید بن عبدالعزیز بیان کرتے ہیں: ہم نے ابوحنیفہ کو یہ کہتے ہوئے سنا: اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے اس جوتے کی عبادت کرتا ہے تو میں اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتا۔ 73/3 (ابن حبان کا کلام یہاں ختم ہوگیا)

اس کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں یہاں لفظ ''بغل'' تحریر ہے (جس کا مطلب یہ ہے: اگر کوئی اس خچر کی عبادت کرتا ہے) اور یہ تحریف ہے۔

یہ اُن میں سے بعض روایات تھیں جو ابن حبان نے امام ابوحنیفہ کے حالات میں نقل کی ہیں‘ میں نے طوالت کے خوف سے دوسرے جملے ترک کر دیئے ہیں‘ ان میں‘ دروغ برگردن ابن حبان‘ یہ منقول ہے کہ امام ابوحنیفہ‘ نبی اکرم ﷺ کی احادیث کا مذاق

تکذیب کرتے تھے اور تمسخر کے طور پر انہیں مسترد کر دیتے تھے۔

## ابن حبان کی جرح پر ذہبی اور ابن حجر کا تبصرہ

حافظ ذہبی اور ابن حجر کہتے ہیں:

''ابن حبان بعض اوقات کسی ثقہ راوی پر ایسی جرح کرتے ہیں گویا کہ انہیں یہ سمجھ ہی نہیں آ رہی کہ اُن کے سر سے (یعنی منہ یا قلم سے) کیا نکل رہا ہے''۔

اور ان دونوں صاحبان نے بالکل ٹھیک کہا ہے' جیسا کہ ''میزان الاعتدال'' 274/1 اور ابن حجر کی کتاب ''القول المسدد'' صفحہ 33 پر مذکور ہے۔

## شیخ ابوغدہ کا تبصرہ

تو امام ابوحنیفہ ان مزعومہ اقوال اور جھوٹی روایات کی بنیاد پر' تمام بڑے زندیق لوگوں' ملحدوں اور مشرکین پر فوقیت لے جاتے ہیں جو شریعت اور نبی اکرم ﷺ کا مذاق اُڑانے' اللہ تعالیٰ کے قرب کیلئے جوتے کی عبادت جائز قرار دینے' یہاں تک کہ حضرت محمد ﷺ کے دین کو تبدیل کرنے کے حوالے سے ہے' اور پھر ابن حبان نے ان سب باتوں کے حوالوں سے ایک سوئے ہوئے شخص کے خواب سے استدلال کیا ہے' اس محدث اور ناقد کے نزدیک کیا جرح وتعدیل اس طرح ہوتی ہے؟ اور وہ بھی اکابر ائمۂ دین میں سے ایک امام کے بارے میں' یہاں تک کہ امام ابوحنیفہ نے یہ تک کہہ دیا' جیسا کہ ابن حبان نے ہی یہ بات نقل کی ہے کہ اگر نبی اکرم ﷺ میرا زمانہ پا لیتے' تو میرے بہت سے اقوال کو اختیار کر لیتے۔

اے ابوحاتم بن حبان بستی! اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے! ان سب باتوں کو تم نے نقل کیا اور کہا: امام ابوحنیفہ کے بارے میں؟ حالانکہ تم یہ بات یقینی طور پر جانتے ہو کہ کسی راوی کے بارے میں ایسی معمولی سی جرح جو اُس راوی میں نہ پائی جاتی ہے' شدید حرام اور بہتان ہے اور تم یہ بات بھی جانتے ہو کہ تمہارے استاد عبدالرحمٰن ابومحمد بن ابوحاتم رازی کے سامنے جب جرح کے حوالے سے شخصیوں کا ذکر کیا جاتا تو وہ رونے لگ پڑتے تھے' یہاں تک کہ اُن کے ہاتھ سے کتاب گر جاتی تھی' اللہ تعالیٰ اُن پر رحم کرے! تو یہ تمہاری وہ روایات ہیں' جو غالب ہیں' تو کسی عالم کے بارے میں' بلکہ مسلمانوں کے اکابر ائمہ میں سے ایک امام کے بارے میں جرح کا کیا عالم ہوگا؟

ابن حبان کا یہ کلام اور اس کی مانند' یا اس کی مثل' یا اس سے ملتا جلتا' جو کلام پہلے گزر گیا ہے' اُس نے شیخ جمال الدین قاسمی کو یہ کہنے پر مجبور کر دیا:

''اہل الرائے کے ائمہ کے حالات کے ضمن میں بعض محدثین کے حوالے سے ایسی باتیں پائی جاتی ہیں' جو پڑھنے والے کو شرمندہ کر دیتی ہیں' چہ جائیکہ انہیں مدوّن کیا جائے''۔

(اے ابن حبان!) آپ نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں یہ جو کچھ بھی کہا' اگر یہ سب باتیں اُن میں موجود تھیں' تو پھر آپ کے امام ''شافع مطلبی'' نے اُن کی تعریف کیسے کر دی؟

اور اُن سے پہلے اُن کے استاد امام مالک اصبحی مدنی نے (اُن کی تعریف کیسے کی؟ اور ان دو حضرات کے علاوہ) امام یحییٰ بن سعید القطان، وکیع بن جراح، ابن معین...... (نے اُن کی تعریف کیسے کی؟)

حالانکہ یہ وہ طبقہ ہے، جن کے علم، تقویٰ، پرہیز گاری اور سمجھداری کی گواہی دی جاتی ہے، اللہ تعالیٰ ان حضرات سے راضی ہو! یہ ائمۂ حدیث اور ناقدین میں بلند حیثیت رکھتے ہیں، امام ابوحنیفہ کے معاصرین میں سے ہیں، یا اُن لوگوں کے معاصرین میں سے ہیں، جو امام ابوحنیفہ کے ساتھ رہے، ان لوگوں نے امام ابوحنیفہ کا تذکرہ بھلائی اور اچھی تعریف کے ہمراہ کیا ہے۔

## غفلت کا شکار مشائخ

اگر آپ کی بیان کردہ بات کو درست مان لیا جائے اور یہ درست ہو بھی نہیں سکتی، تو اس سے یہ بات لازم آئے گی کہ امام شافعی، امام مالک اور دیگر تمام ائمہ، جنہوں نے امام ابوحنیفہ کی تعریف کی ہے، یہ سب غفلت کا شکار مشائخ تھے، بلکہ اس سے یہ بات لازم آئے گی کہ اس اُمت کی اکثریت گمراہی پر متفق ہے، کیونکہ امام ابوحنیفہ کی امامت کے ظہور سے لے کر آج تک اُمتِ محمدیہ کا نصف حصہ اُنہیں اپنا پیشوا مانتا ہے اور فقہ، دین اور احکامِ شریعت میں اپنا متبوع مانتا ہے، جس میں یہ بات بھی شامل ہے کہ وہ لوگ عبادات، معاملات، نکاح وطلاق کے مسائل، خواتین سے تعلق، قتل وغیرہ کے مقدمات اور دیگر اُمور میں امام ابوحنیفہ کے اقوال پر اعتماد کرتا ہے، تو ائمہ اور اُمت اس چیز میں ہرگز مبتلا نہیں ہو سکتے۔

اگر آپ کے گمان اور آپ کی نقل کردہ باتوں کے مطابق امام ابوحنیفہ میں مذکورہ قابلِ طعن خامیاں ہوتیں، تو وہ یقینی طور پر اسلام سے خارج ہو جاتے اور وہ اس بات کے مستحق نہ رہتے کہ کسی صاحبِ فضیلت شخص کی زبانی، یا کسی عقلمند کے کلام میں اُن کی تعریف کی جاتی، حالانکہ امام شافعی مطلبی ہاشمی نے اُن کی تعریف کی ہے اور کیا ہی عمدہ تعریف کی ہے، توصیف کی ہے اور کیا ہی عمدہ توصیف کی ہے، اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کو لوگوں کیلئے پیشوا قرار دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی شریعت کی سمجھ بوجھ میں ان کی پیروی کی جاتی ہے اور یہ بات امام شافعی کے اس قول میں ہے:

"لوگ فقہ میں ابوحنیفہ کے زیرِ کفالت ہیں"

اور اُن کے اس قول میں بھی ہے:

"جو شخص علمِ فقہ میں مہارت حاصل کرنا چاہتا ہے، وہ ابوحنیفہ کے زیرِ کفالت ہوگا"

اور اُن کے اس قول میں ہے:

"وہ اُن افراد میں سے ایک ہیں جن کیلئے فقہ کو موافق کر دیا گیا"

اور ایک روایت کے مطابق:

"جو شخص اُن کی کتابوں کا مطالعہ نہیں کرتا، نہ تو وہ ماہر عالم بن سکتا ہے اور نہ ہی علمِ فقہ حاصل کر سکتا ہے"۔

(اے ابن حبان!) جیسا کہ آپ گمان کرتے ہیں اور وہ شخص گمان کرتا ہے جس کے اقوال آپ نے نقل کیے ہیں کہ یہ کسی صورت بھی ممکن نہیں ہے کہ امام شافعی نے اُن کی یہ تعریف کی ہو کیونکہ اُن کیلئے تو اس طرح کی بات اور اس طرح کی تعریف کرنا کبھی

بھی درست نہیں ہوسکتا' وہ بھی ایک ایسے شخص کے بارے میں:

جو لوگوں کیلئے اس بات کو جائز قرار دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے جوتے کی عبادت کی جاسکتی ہے'

اور جو یہ گمان کرتا ہے کہ اگر نبی اکرم ﷺ اُس کا زمانہ پالیتے تو اُس کے قول کو اختیار کرتے

اور پھر اس طرح کی اور فضولیات اور بہتان ہیں' حالانکہ امام شافعی اُن افراد میں سے ایک ہیں جن کے علم' عقل' سمجھداری اور امامت کے بارے میں کوئی شک نہیں ہے۔

جی ہاں! امام شافعی نے امام ابوحنیفہ کی مدح کی ہے اور اُن کی ایسی تعریف کی ہے جو اُن کی سیرت سے واقفیت اور بصیرت رکھنے والا شخص کرسکتا ہے' کیونکہ اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کے اکابر تلامذہ اور اصحاب سے ملاقات کی ہے اور امام ابوحنیفہ کے زندہ شاگردوں میں سے سب سے بڑے فقیہ اور امام ابوحنیفہ کے بارے میں سب سے زیادہ معرفت رکھنے والے شخص سے علمِ فقہ حاصل کیا ہے اور وہ امام محمد بن حسن شیبانی ہیں' تو اُن کی تعریف اور اُن کی توصیف ہر جھوٹی بات اور باطل قول کو کالعدم کردیتی ہے' اللہ تعالیٰ آپ سے درگزر کرے اور آپ کے گناہوں کی مغفرت کرے! تعصب کی صفت نے کس طرح آپ کو حق کے راستہ سے ہٹادیا اور آپ نیک لوگوں کے بارے میں سند' متن اور روایات کی علتوں کی بحث میں اُلجھ گئے۔

## امت محمدیہ' گمراہی پر اکٹھی نہیں ہوسکتی

آپ نے جو کچھ کہا اور جو کچھ نقل کیا' اگر یہ امام ابوحنیفہ کے بارے میں صحیح اور ثابت شدہ ہوتا تو پھر جمہور مسلمان گمراہ قرار پائیں گے جو اس امام کی پیروی کرتے ہیں اور حلال وحرام' خرید وفروخت' نکاح وطلاق' فتویٰ نویسی اور قاضی کے طور پر فیصلہ دینے' معاملات اور عبادات میں اُن کے اقوال اور مسلک پر عمل کرتے ہیں' تو اُن کی کیسی بربادی اور کیسی گمراہی ہوگی جو ایک باطل' گمراہ' فساد کرنے والے' خرابی کے شکار شخص کو امام بناکر اُس کی پیروی کرتے ہیں اور اُس کی تقلید کرتے ہیں' اُس کے اجتہاد کے راستہ پر چلتے ہیں اور اُسے عظیم قرار دیتے ہیں' حالانکہ اے ابوحاتم! آپ کے نزدیک تو وہ سب سے زیادہ گمراہ ہے۔ کیا علم اور سنت کے بارے میں آپ کی امانت ایسی ہی ہے؟ اور ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا کہ جمہور مسلمان اس طرح گمراہی کا شکار ہوں جبکہ رسولِ امین ﷺ نے اُن کے حق میں حفاظت' عنایت' سیدھے راستہ پر رہنے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدایت نصیب ہونے کی گواہی دی ہے اور یہ ارشاد فرمایا ہے:

''میری اُمت گمراہی پر اکٹھی نہیں ہوسکتی ہے''۔

اور اگر یہ بات درست ہے' یعنی امام ابوحنیفہ کا اللہ تعالیٰ' اُس کے رسول اور اسلامی شریعت سے کوئی واسطہ نہیں ہے تو پھر حدیث شریف کی کتابوں' اصطلاحاتِ حدیث کی کتابوں' عقیدہ سے متعلق کتابوں' فقہ سے متعلق کتابوں میں اُن کے اقوال' فقہی آراء اور اجتہادات کو دیگر ائمہ' مجتہدین ومتبوعین کے ہمراہ ذکر کرنے کا کیا مطلب ہوگا؟ اُن ائمہ میں امام مالک' امام شافعی' امام احمد اور ان کے علاوہ امام اوزاعی' ابن جریج اور ان کے علاوہ دیگر جمہور ائمہ مسلمین شامل ہیں' اور پھر دیگر مقامات پر بھی ان باتوں پر اعتماد کیا جاتا ہے۔

امام ابوحنیفہ کے بارے میں آپ کا جو گمان ہے اور جو کچھ آپ نے نقل کیا ہے اگر وہ حق اور درست ہو تو پھر امام ابوحنیفہ کے کلام اُن کی فقہی آراء اور اُن کے اجتہاد اس لائق ہوں گے کہ اُنہیں کوڑے میں پھینک دیا جائے اور اُن کا تذکرہ صرف مذمت بُرا بھلا کہنے، متنفر کرنے اور لوگوں کو بچانے کے حوالے سے ہو حالانکہ مالکی شافعی حنبلی اور حنفی مسلک کے یہ تمام ائمہ جو جلیل القدر اہلِ علم ہیں اور جن کی تعداد کا شمار صرف اللہ تعالیٰ کر سکتا ہے کیا یہ سب امام ابوحنیفہ کے بارے میں غلطی اور گمراہی پر ہیں اور آپ اور آپ کی موافقت کرنے والے وہ لوگ درست ہیں جو مذمت اور بُرا بھلا کہنے کے حوالے سے شاذ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اے اللہ! ہم زیادتی اور ظلم سے تیری پناہ مانگتے ہیں اور اس بات سے بھی تیری پناہ مانگتے ہیں کہ ہم تیرے نبی کے اس فرمان کے مصداق میں داخل ہو جائیں: ''تمہارا کسی چیز سے محبت کرنا' اندھا اور بہرہ کر دیتا ہے''۔

اے حافظ ابن حبان! آپ نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں جو کچھ بیان کیا ہے اُس سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ کے فیصلہ کے مطابق امام ابوحنیفہ نے دین کو اُس سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے جتنا نقصان عبداللہ بن سباء نے ملتِ اسلامیہ اور مسلمانوں کی صفوں کو پہنچایا تھا' تو ہم محبت اور دشمنی کے حوالے سے زیادتی اور سرکشی سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اگر آپ نے اس طرح کی بات کسی نامعلوم شخص کے بارے میں کی ہوتی تو شاید آپ کے اس قول کو غلط فہمی پر محمول کیا جا سکتا لیکن بدقسمتی سے آپ نے یہ بات ایک ایسے امام کے بارے میں کہی ہے جو مسلمانوں کے اکابر ائمہ میں سے ایک ہے' آپ نے اپنی اور محدثین کی حیثیت کے بارے میں زیادتی کی ہے کہ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ لوگ بعض اوقات زیادتی بھی کر جاتے ہیں۔

## امام اعظم کے بارے میں امام ابوداؤد کی رائے

کہاں آپ کا یہ کلام ہے اور کہاں آپ کے اساتذہ کے استاد امام ابوداؤد سجستانی کا کلام ہے' جو سُنن ابوداؤد کے مصنف ہیں اور اُن کی یہ بات ابن عبدالبر نے اس کتاب میں نقل کی ہے جو پہلے گزر چکی ہے اور پھر اُن کے بارے میں ابن داسہ کا بیان ہے: میں نے امام ابوداؤد کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ امام مالک پر رحم کرے! وہ امام تھے' اللہ تعالیٰ امام شافعی پر رحم کرے! وہ امام تھے' اللہ تعالیٰ امام ابوحنیفہ پر رحم کرے! وہ امام تھے''۔

عقل کسی بھی صورت میں یہ بات قبول نہیں کر سکتی کہ مسلمانوں کے اکابر ائمہ میں سے کوئی امام' کہ سلف صالحین کے زمانہ میں جس کے حق میں بھلائی کی گواہی دے دی گئی ہو وہ امام اس طرح کی گمراہ کن' خراب اور کفریہ باتیں کرے' جو لوگوں کو اُس سے دور کر دیں اور اُس سے روک دیں اور پھر اُمتِ محمدیہ کے بڑے عقلمند افراد اُس کے زمانہ سے لے کر ہمارے زمانہ تک مسلسل ہر زمانہ میں اُس کے مسلک اور اجتہادات کو قبول کریں اور اُن کی پیروی کریں' جبکہ وہ امام اتنی کھلی گمراہی میں مبتلا ہو۔

اگر یہ بات درست تسلیم کر لی جائے تو اس سے یہ لازم آئے گا کہ اُمتِ محمدیہ کی اکثریت گمراہی پر اکٹھی ہو گئی ہے اور ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا کہ اُمت محمدیہ اور اُس کے علماء ایسی صورتِ حال میں مبتلا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اس بات کی گواہی دی ہے اور میں یہ بات کسی عصبیت یا مسلکی تعلق کی وجہ سے نہیں کہہ رہا' یا اُن کے مخالفین کے ساتھ بغض یا ناپسندیدگی کی وجہ سے نہیں کہہ رہا' اللہ تعالیٰ

بخشے اوراُن کی مغفرت کرے! میں یہ بات حق کے دفاع کیلئے اور اُس عقل کے دفاع کیلئے کہہ رہا ہوں کہ اسلام کے سائے میں جس چیز نصیب ہوئی ہے (اُس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے) کہ امام ابوحنیفہ اپنے زمانہ کے اکابر اہلِ علم' صاحبانِ معرفت اور اپنے ملنے جلنے والوں کے نزدیک ایک مجتہد امام ہیں جو ہدایت اور دین کے اکابر ائمہ میں سے ایک ہیں' جیسا کہ اس سے پہلے اُن حضرات کی امام ابوحنیفہ کے بارے میں تعریف گزرچکی ہے اور پھر وہ اپنے زمانہ سے لے کر آج تک مسلمانوں کے اکثریتی حصہ کے پیشوا ہیں۔ اعتقادات' اجتہادات' دینی مسائل' فقہی آراء اور حلال وحرام کے حوالے سے (مسلمانوں کی اکثریت) جن کی پیروی کرتی ہے' تو یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ان سب حضرات نے اُن کی تعریف کی ہو! اُمتِ محمدیہ کی اکثریت نے جن کی پیروی اور تقلید کی ہو اور اُن کے بارے میں وہ لوگ یہ اعتقاد رکھتے ہوں کہ یہ دین کے ائمہ میں سے ایک ہیں' اُس شخصیت میں وہ (قابلِ مذمت) صفات پائی جاتی ہوں جن کا تذکرہ ابن حبان اور دیگر حضرات نے کیا ہے' تو کیا ابن حبان نے جو بات کہی ہے' وہ درست ہوگی یا غلط ہوگی؟

میں اپنے قاری کو اسانید پر تنقید' اُن کے ضعیف یا منقطع ہونے' راویوں پر طعن یا ضعف' تعصب' جھوٹ یا ایجاد کے حوالے سے انہیں مجروح قرار دینے کی بحث میں نہیں اُلجھانا چاہتا' میں تو یہ بات کہتا ہوں:

## متاخرین اہلِ علم کا طرزِ عمل

امام حافظ منذری' نووی' ذہبی' مزی' ابن تیمیہ' ابن قیم' ابن کثیر' تاج سبکی' ابن حجر' یوسف بن عبدالہادی حنبلی' سیوطی' سخاوی' حافظ صالحی دمشقی' یہ سب حضرات حنفی مسلک سے تعلق نہیں رکھتے ہیں اور پھر ان کے علاوہ نقد' جرح وتعدیل کے حوالے سے کچھ اور قابلِ اعتماد ائمہ متاخرین ہیں' امام بخاری کا کلام' ابن جارود کا کلام (جو امام ابوحنیفہ کے بارے میں ہے) جس کا ذکر مصنف آگے چل کر (اصل عربی متن کے) صفحہ 278 اور 287 پر کریں گے اور ابن حبان کا یہ کلام ہے' جسے میں نے نقل کیا ہے' اس کے علاوہ خطیب بغدادی کا کلام ہے جو' تاریخ بغداد' اور دیگر کتابوں میں مذکور ہے اور ان حضرات سے پہلے' یا ان کے زمانہ میں' یا ان کے بعد کے زمانہ سے تعلق رکھنے والے اُن حضرات کا کلام ہے' جنہوں نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں کلام کیا' اُن پر جرح کی' تو ان متاخرین قابلِ اعتماد ائمہ نے ان طعن کرنے والے لوگوں کا کلام کئی کئی مرتبہ دیکھا' کیونکہ ان طعن کرنے والوں کی کتابیں' اُن کے اقوال' ان متاخرین ائمہ کی نقل وروایت کے ذریعہ ہم تک منتقل ہوئے ہیں' تو یہ متاخرین ائمہ ان حضرات کے کلام سے کئی مرتبہ گزرے اور بار بار گزرے' لیکن اُنہوں نے اس کی طرف توجہ نہیں دی اور اس کلام سے غفلت کا اظہار کرتے ہوئے اسے ساقط الاعتبار قرار دیا اور اس سے اعراض کیا' اور یہ لوگ (یعنی متاخرین' محققین) اللہ تعالیٰ کے دین کے حوالے سے امین ہیں' وہ کسی ایسے شخص سے محبت نہیں رکھ سکتے ہیں' جو اللہ تعالیٰ کے دین سے کھلواڑ کرتا ہو۔

اگر ان متاخرین کے نزدیک یہ کلام اور یہ طعن' مقبولیت کے کم ترین مرتبہ پر بھی ہوتا' تو یہ حضرات اُس کی طرف اشارہ کر دیتے' خواہ ایک ہی اشارہ کرتے جو امانت' دیانت اور شریعت کی حفاظت کیلئے ہوتا' لیکن ان لوگوں کا رویہ اس کے برعکس تھا' اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کی دین میں امامت کے حوالے سے تعریف کی' اُن کی فضیلت کا ذکر کیا' مسلمانوں کیلئے اُن کی خیرخواہی کا ذکر کیا اور

اُن کی تعریف، تعظیم وتکریم کے بہترین الفاظ کے ساتھ کی؛ بلکہ اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کے فضائل ومناقب اور امامت کے بارے میں بطورِ خاص کتابیں تالیف کیں، جو اُن کے اجتہاد کے دفاع کے بارے میں اور کتاب وسنت کو اُن کے مضبوطی سے تھامنے کے بارے میں تھی؛ جیسا کہ دیگر ہدایت یافتہ ائمۂ متبوعین کا معمول تھا۔

## امام اعظم کے مناقب میں متاخرین کی تصانیف

آپ امام حافظ ذہبی شافعی کی کتاب ''مناقب الامام ابی حنیفہ وصاحبیہ ابی یوسف ومحمد بن الحسن'' ملاحظہ فرمالیں۔

اسی طرح امام علامہ، محدث، فقیہ یوسف بن عبدالہادی دمشقی صالحی، پیدائش 840ہجری، انتقال 909ہجری، کی کتاب ملاحظہ فرمالیں جس کا نام اُنہوں نے ''تنویر الصحیفۃ بمناقب الامام ابی حنیفۃ'' تجویز کیا، علامہ ابن عابدین نے اس کتاب کا تذکرہ کیا ہے اور اپنے حاشیہ ''ردالمحتار علی الدرالمختار'' کے مقدمہ میں صفحہ 37/1 پر اس سے کچھ مواد نقل کیا ہے۔

اسی طرح امام حافظ سیوطی شافعی کی کتاب ''تبییض الصحیفۃ فی مناقب الامام ابی حنیفۃ'' ہے۔

امام حافظ محدث محمد بن یوسف صالحی شافعی کی کتاب ''عقود الجمان فی مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃ النعمان'' ہے۔

امام فقیہ محدث ابن حجر مکی ہیتمی شافعی کی کتاب ''الخیرات الحسان فی مناقب الامام ابی حنیفۃ النعمان'' ہے۔

امام فقیہ محدث مرعی بن یوسف کرمی مقدسی حنبلی کی کتاب ''تنویر بصائر المقلدین فی مناقب الائمۃ المجتہدین'' ہے، ان میں سے زیادہ تر کتابیں شائع ہوچکی ہیں اور اہلِ علم کے درمیان متداول ہیں۔

## متاخرین کا امام اعظم پر جرح سے اعراض

ان حضرات کے علاوہ دیگر ائمۂ حفاظ اور ناقدین ہیں جنہوں نے اپنی کتابوں میں امام ابوحنیفہ کے حالات تحریر کیے ہیں، اُن کے مناقب، فضائل اور امامت کا تذکرہ کیا ہے، جیسے امام محدث حافظ ابوسعد سمعانی شافعی نے اپنی کتاب ''الانساب'' میں، امام محدث لغوی، ابن اثیر شافعی نے اپنی کتاب ''جامع الاصول فی احادیث الرسول'' کے آخر میں صفحہ 432/15 سے 436 تک، امام فقیہ محدثِ ربانی محی الدین نووی شافعی نے اپنی کتاب ''تہذیب الاسماء واللغات'' میں صفحہ 216/2 سے 223 تک امام صاحب کے حالات تفصیل سے، آٹھ صفحات پر تحریر کیے ہیں اور اُنہوں نے اس میں جرح کے حوالے سے کوئی ایک بات بھی نقل نہیں کی ہے، حالانکہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جرح سے متعلق وہ روایات اُن کی نظر سے گزری ہوں گی، اُنہوں نے اسے پڑھا ہوگا کیونکہ اُنہوں نے ان روایات کے بارے میں کتابیں پڑھی ہیں۔ اُنہوں (یعنی امام نووی) نے اس کتاب میں امام ابوحنیفہ کے حالات میں کئی جملے خطیب بغدادی کی کتاب ''تاریخ بغداد'' سے نقل کیے ہیں جیسا کہ اُنہوں نے کئی مرتبہ اس کی صراحت بھی کی ہے تو یقیناً وہ اس کتاب میں اور خطیب بغدادی کی دیگر کتابوں میں مذکور قابلِ طعن روایات اور تنقید پر مطلع ہوئے ہوں گے جن کا ذکر خطیب بغدادی نے امام ابوحنیفہ کے حالات کے ضمن میں کیا ہے اور اُن میں سے بعض باتوں کا ذکر ابن حبان اور دیگر حضرات نے کیا ہے، لیکن امام نووی نے ان کی کوئی پرواہ نہیں کی اور ان کی طرف توجہ نہیں دی اور انہیں نقل نہیں کیا بلکہ ان سے اعراض کیا اور لاتعلقی اختیار کی، اس کی طرف اُنہوں نے کوئی اشارہ بھی نہیں کیا اور یہ اُن کی طرف سے اس بات کی طرف اطلاع تھی کہ یہ روایات ساقط الاعتبار

...بیں امام نووی نے صرف امام ابوحنیفہ کے فضائل، تعریف، قدر و منزلت اور مناقب کا ذکر کیا ہے۔

اسی طرح امام، محدث، ناقد، حافظ مزی شافعی ہیں، اُنہوں نے اپنی کتاب ''تہذیب الکمال فی الاسماء الرجال'' میں امام ابوحنیفہ کے حالات تحریر کیے ہیں اور اُن کے حالات تفصیل سے تحریر کیے ہیں جس طرح امام، فقیہ، امیر المؤمنین فی الحدیث، حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی نے اپنی کتاب ''تہذیب التہذیب'' میں امام صاحب کے حالات تحریر کیے ہیں، تو ان تمام ائمہ نے اُن باتوں میں سے کسی ایک کلمہ کا ذکر بھی نہیں کیا جن کا ذکر ابن حبان نے کیا ہے، اللہ تعالیٰ اُن پر رحمت کرے! یا امام ابوحنیفہ کی تنقیص کرنے والے دیگر حضرات نے کیا ہے۔

اگر امام ابوحنیفہ اسلام میں مشکوک حیثیت کے مالک ہوتے، یا اسلام میں پیدا ہونے والے سب سے زیادہ منحوس (یا نقصان پیدا کرنے والے) ہوتے، یا اُنہوں نے اسلام کی رسّی کو توڑ دیا ہوتا، یا اُنہوں نے دینِ محمدی کو تبدیل کر دیا ہوتا، یا اُنہوں نے احادیثِ مبارکہ کا مذاق اُڑایا ہوتا، یا اُن سے دو مرتبہ کفر سے توبہ کروائی گئی ہوتی، یا وہ خنزیر کا گوشت کھانے کو حلال قرار دیتے، حالانکہ امام ابوحنیفہ حافظِ قرآن تھے، یا وہ قرآن کے مخلوق ہونے کے قائل ہوتے، یا اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے جوتے کی عبادت کو درست قرار دینے والے ہوتے، یا اُن کفریہ کلمات کے قائل ہوتے جو اُن کی طرف منسوب کیے گئے ہیں تو یہ جلیل القدر اہلِ علم اور ناقدین جو عالم بھی ہیں اور امین بھی ہیں، وہ اُن کے حوالے سے خاموش نہ رہتے اور اُن کی تعظیم و تکریم کا اظہار نہ کرتے اور اپنی کتابوں میں اُن کے اقوال اور اجتہادات نقل نہ کرتے۔

## متاخرین کا اخراجِ تحسین

میں ان حضرات میں سے چند حضرات کی امام ابوحنیفہ کے بارے میں تعریف یہاں نقل کروں گا تاکہ اس مقام کی تکمیل ہو جائے۔

## سمعانی کا بیان

(۱) امام، محدث، حافظ ابوسعد سمعانی شافعی اپنی کتاب ''الانساب'' صفحہ 64/6 سے صفحہ 66 تک ''الرائی'' کے عنوان کے تحت تحریر کرتے ہیں: ''ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کوفی، صاحب الرائے ہیں اور اصحاب الرائے کے امام ہیں، وہ اہلِ عراق کے فقیہ ہیں، اُنہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے اور عطاء بن ابی رباح ...... سے سماع کیا ہے، اُن سے ہشیم بن بشیر ...... نے روایات نقل کی ہیں، آپ کوفہ میں پیدا ہوئے تھے، خلیفہ ابوجعفر منصور نے اُنہیں بغداد منتقل کروا دیا اور وہ اپنے وصال تک وہیں رہائش پذیر رہے۔ ابن ہبیرہ نے اُنہیں عہدۂ قضاء کی پیشکش کی تھی، اُنہوں نے انکار کر دیا تو ابن ہبیرہ نے اُنہیں ایک سو دس کوڑے لگوائے، روزانہ دس کوڑے لگائے جاتے تھے لیکن اُنہوں نے صبر سے کام لیا اور عہدۂ قضاء قبول نہیں کیا، جب ابن ہبیرہ نے یہ بات دیکھی تو اُس نے اُنہیں چھوڑ دیا، پھر وہ علم کے حصول میں مشغول ہوئے اور اس میں بھرپور کامیابی حاصل کی، یہاں تک کہ اُنہیں وہ حیثیت حاصل ہوگئی جو اُن کے علاوہ کسی اور کو حاصل نہیں ہوئی تھی، ایک دن وہ خلیفہ ابوجعفر منصور کے پاس تشریف لائے، اُس وقت خلیفہ کے پاس عیسیٰ بن موسیٰ بھی موجود تھے، اُنہوں نے خلیفہ منصور سے کہا: یہ اس وقت دنیا کے سب سے بڑے عالم ہیں،

امام ابوحنیفہ نے ایک مرتبہ خواب دیکھا تھا کہ وہ نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کو کھود رہے ہیں جب یہ خواب ابن سیرین کے سامنے بیان کیا گیا تو وہ بولے: یہ خواب دیکھنے والا شخص علم کو یوں نکالے گا کہ اُس سے پہلے کسی نے اُس کو اس طرح نہیں نکالا ہوگا۔ مسعر بن کدام' جو حافظ الحدیث ہیں' کوفی ہیں' محدث ہیں اور امام ہیں' وہ شیخ عراق ہیں' جلیل القدر اہلِ علم میں سے ایک ہیں' امام ابوحنیفہ کے معاصرین میں سے ہیں اور اُن کے شہر کے رہنے والے ہیں' وہ یہ فرماتے ہیں: کوفہ میں مجھے صرف دو افراد پر رشک آتا ہے: ابوحنیفہ پر اُن کی فقہ کے حوالے سے اور حسن بن صالح پر اُن کے زہد کے حوالے سے (رشک آتا ہے)۔ مسعر نے یہ بھی کہا ہے: جو شخص ابوحنیفہ کو اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان بنائے گا مجھے یہ اُمید ہے کہ وہ خوف کا شکار نہیں ہوگا اور وہ اپنی ذات کیلئے احتیاط کے حوالے سے افراط کا شکار نہیں ہوگا۔

فضیل بن عیاض کہتے ہیں: امام ابوحنیفہ ایک فقیہ شخص تھے جو فقہ کے حوالے سے معروف تھے' پرہیزگاری کے حوالے سے مشہور تھے' اُن کے پاس مال بہت زیادہ تھا' جو بھی اُن کے ہاں جاتا' اُس کے ساتھ بڑی مہربانی سے پیش آتے تھے' رات اور دن طالب علموں کو تعلیم دینے کے حوالے سے صبر سے کام لیتے تھے' دین کے اعتبار سے عمدہ تھے' زیادہ تر خاموش رہتے تھے' تھوڑا کلام کرتے تھے' یہاں تک کہ جب حلال یا حرام کے بارے میں کوئی مسئلہ سامنے آتا (تو اُس کا جواب دین کیلئے کلام کرتے تھے) حق کی طرف اچھے طریقے سے رہنمائی کرتے تھے' حکمرانوں کے مال سے دور بھاگتے تھے' جب اُن کے سامنے کوئی مسئلہ آتا اور اُس کے بارے میں کوئی مستند حدیث موجود ہوتی تو وہ اُس کی پیروی کرتے تھے' اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یا تابعین (کے حوالے سے کوئی روایت منقول ہوتی تو اُس کی بھی پیروی کر لیتے تھے) ورنہ پھر قیاس کرتے تھے اور بہترین قیاس کرتے تھے۔

وہ 80 ہجری میں کوفہ میں پیدا ہوئے اور اُن کا انتقال رجب میں 150 ہجری میں ہوا' اُنہیں بغداد میں بابِ طاق کے قریب خیزران کے قبرستان میں دفن کیا گیا اور ہجوم کی کثرت کی وجہ سے اُن کی نمازِ جنازہ چھ مرتبہ ادا کی گئی جن میں سے آخری مرتبہ اُن کے صاحبزادے حماد نے نمازِ جنازہ پڑھائی' اُس وقت خلیفہ منصور کے عہدِ خلافت میں بغداد کے قاضی حسن بن عمارہ نے اُنہیں غسل دیا اور ایک اور شخص نے غسل دیا' میں نے کئی مرتبہ اُن کی قبر مبارک کی زیارت کی ہے''۔ (تلخیص کے ساتھ اُن کی بات یہاں ختم ہوگئی)

(شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں:) حافظ سمعانی نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں جرح یا تنقید سے متعلق کوئی کلمہ اُن کے حالات کے ضمن میں نقل نہیں کیا' حالانکہ اُنہوں نے اُن کے حالات تفصیلی طور پر نقل کیے ہیں' حالانکہ اُنہوں نے یقینی طور پر ابن حبان کا کلام اُن کی کتاب ''المجروحین'' میں دیکھا ہوگا کیونکہ اُنہوں نے اپنی کتاب ''الانساب'' میں مختلف لوگوں کے حالات میں ابن حبان کی کتاب ''الثقات'' اور ''المجروحین'' سے اُن کا کلام نقل کیا ہے۔ تو حافظ سمعانی نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں وہ تنقیدی باتیں دیکھی ہوں گی جو ابن حبان نے کہی ہیں' یا جو اُنہوں نے نقل کی ہیں' لیکن اُنہوں نے ان کی کوئی پرواہ نہیں کی اور ان میں سے کوئی ایک حرف بھی قبول نہیں کیا بلکہ اُن باتوں سے اعراض کیا اور صرف امام ابوحنیفہ کے مناقب و فضائل بیان کرنے پر اکتفاء کیا' گویا وہ ان روایات کو ساقط الاعتبار قرار دینا چاہ رہے تھے اور اُنہیں قبول نہ کرنے کا اظہار کر رہے تھے۔

## ابن تیمیہ کا قول

(۴) حافظ امام شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے اپنی کتاب ''منہاج السنۃ النبویہ'' میں صفحہ 259/1 اور صفحہ 619/2 پر یہ تحریر کیا ہے: ''امام ابوحنیفہ کی اگرچہ کئی لوگوں نے بعض چیزوں کے حوالے سے مخالفت کی ہے اور اُن کا انکار کیا ہے لیکن اُن کی فقاہت' اُن کے فہم اور اُن کے علم کے بارے میں کسی کو شک نہیں ہے' لوگوں نے اُن کے حوالے سے کچھ ایسی باتیں نقل کی ہیں جن کا مقصد اُن کی تنقیص کرنا ہے' لیکن یہ روایات قطعی طور پر جھوٹی ہیں جیسے خنزیر کا مسئلہ ہے یا اس کے علاوہ دیگر مسائل ہیں''۔ (اُن کی بات یہاں ختم ہوگئی)

شاید اُنہوں نے اس جملہ کے ذریعہ اُس بات کی طرف اشارہ کیا ہے جو امام بخاری کی کتاب ''جزء القراۃ خلف الامام'' میں صفحہ 38 پر مذکور ہے: ''وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ خشکی کے خنزیر میں کوئی حرج نہیں ہے......'' اور اُن کا اشارہ ابن حبان کے اُس کلام کی طرف ہوگا جو اس سے پہلے صفحہ 236 پر رقم: 14 کے تحت گزر چکا ہے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے ''مجموع الفتاویٰ'' 20/304 پر یہ بھی تحریر کیا ہے: ''جو شخص امام ابوحنیفہ یا اُن کے علاوہ مسلمانوں کے کسی اور امام کے بارے میں یہ گمان کرے کہ وہ جان بوجھ کر قیاس کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے حدیثِ صحیح کی مخالفت کرتے ہیں تو ایسے شخص نے اُن کی طرف غلط بات منسوب کی ہے' اُس نے صرف گمان یا نفسانی خواہش کی پیروی کی وجہ سے یہ بات کہی ہوگی' حالانکہ امام ابوحنیفہ تو سفر کے دوران نبیذ کے ذریعہ وضو کرنے والی حدیث پر بھی عمل کرتے ہیں جو قیاس کے برعکس ہے اور وہ نماز کے دوران قہقہہ (لگانے سے نماز اور وضو ٹوٹ جانے والی) حدیث پر بھی عمل کرتے ہیں' حالانکہ یہ بھی خلافِ قیاس ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ ان دونوں روایات کو مستند شمار کرتے ہیں' اگرچہ ائمۂ محدثین نے ان دونوں روایات کو مستند قرار نہیں دیا ہے' ہم نے یہ بات اپنے رسالہ ''رفع الملام عن الائمۃ الاعلام'' میں بیان کی ہے اور یہ بات بیان کی ہے کہ ''ائمۂ اسلام میں سے کوئی بھی کسی عذر کے بغیر کسی صحیح حدیث کے برخلاف فتویٰ نہیں دیتا اور ان حضرات کے یہ عذر 20 کے لگ بھگ ہیں''۔

شیخ الاسلام نے ''مجموع الفتاویٰ'' میں صفحہ 11/4 پر یہ بھی تحریر کیا ہے' وہ اُن اہلِ ایمان کی گواہی کے بارے میں بات کر رہے تھے' جو زمین میں اللہ کے گواہ ہیں اور وہ گواہی مسلمانوں کے ائمہ کی دین میں امامت اور اسلام اور مسلمانوں کے بارے میں اُن کی سمجھداری کے موضوع پر بات کر رہے تھے' (وہ فرماتے ہیں:)

''اسی طرح امام شافعی' اسحاق بن راھویہ اور دیگر ائمہ ہیں جنہوں نے اسلام میں حدیث وسنت کی پیروی کے حوالے سے نمایاں حیثیت حاصل کی' اسی طرح امام بخاری اور اُن کی مانند افراد ہیں وہ بھی اسی حوالے سے نمایاں حیثیت رکھتے ہیں' اسی طرح امام مالک' امام اوزاعی' سفیان ثوری' امام ابوحنیفہ اور دیگر حضرات ہیں' کہ اُمت میں عمومی طور پر نمایاں حیثیت رکھتے ہیں اور ان کے قول کو قبول کیا جاتا ہے کیونکہ حدیث وسنت میں ان کی رائے موافق ہوتی ہے' ان میں سے جن حضرات کے بارے میں (تنقیدی طور پر) کلام کیا گیا تو یہ صرف اُس حوالے سے ہوگا جہاں بظاہر اُنہوں نے حدیث وسنت کی متابعت نہیں کی' اس کی وجہ یہ ہوگی کہ اُن تک وہ حدیث پہنچی نہیں ہوگی' یا پھر وہ یہ اعتقاد رکھتے ہوں گے کہ اس روایت کی دلالت کمزور ہے' یا پھر اُنہوں نے کسی دوسری

روایت کو اُس روایت پر ترجیح دے دی ہوگی''۔ (اُن کی بات یہاں ختم ہوگئی)

تو شیخ الاسلام ابن تیمیہ کے نزدیک امام ابوحنیفہ اُمتِ محمدیہ کے جلیل القدر افراد میں سے ایک امام ہیں' وہ ویسے نہیں ہیں' جیسا کہ اے ابن حبان! آپ نے کہا ہے اور جو آپ کا مؤقف ہے' یہ ایک ایسے جلیل القدر امام کی گواہی ہے' جو امام ابوحنیفہ کے بارے میں آپ کے اور آپ جیسے افراد کے کلام سے واقف ہوا اور پھر اُس نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں آپ کے اور آپ کے علاوہ افراد کے کلام کا یہ جواب دیا ہے۔

## ذہبی کا بیان

حافظ' ناقد' محدث' امام شمس الدین ذہبی اپنی کتاب ''سیر اعلام النبلاء'' میں امام ابوحنیفہ کے حالات میں صفحہ 390/6 سے 403 تک میں تحریر کرتے ہیں:

''ابوحنیفہ امام ہیں' ملت کے فقیہ ہیں' عراق کے عالم ہیں اور احادیث کے علم کے حصول کے حوالے سے معروف ہیں' اُنہوں نے اس سلسلہ میں سفر بھی کیا' جہاں تک علمِ فقہ اور قیاسی مسائل میں تدقیق اور غور وخوض کا تعلق ہے' تو یہ بات اُن پر آ کر ختم ہو جاتی ہے اور اس بارے میں سب لوگ اُن کے زیر کفالت ہیں' اُنہوں نے 100 ہجری میں' اور اس کے بعد کے وقت میں علمِ حدیث حاصل کرنا شروع کیا اور اس میں بھرپور کوشش کی۔ محمد بن سعد عوفی بیان کرتے ہیں: میں نے یحییٰ بن معین کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: ابوحنیفہ ثقہ ہیں' وہ صرف اُسی حدیث کو بیان کرتے ہیں' جو اُنہیں یاد ہوتی ہے' جو حدیث اُنہیں یاد نہیں ہوتی ہے' اُسے وہ بیان نہیں کرتے ہیں۔ صالح بن محمد کہتے ہیں: میں نے یحییٰ بن معین کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: ابوحنیفہ حدیث میں ثقہ ہیں۔

احمد بن محمد بن قاسم بن محرز نے یحییٰ بن معین کا یہ قول روایت کیا ہے: ابوحنیفہ میں کوئی حرج نہیں ہے۔

شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں: یحییٰ بن معین کا یہ کہنا ہے: جب میں یہ کہہ دوں کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے' تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ راوی ثقہ ہے۔ یحییٰ بن معین اور دیگر حضرات کے حوالے اس اصطلاح کی تفصیلی وضاحت کیلئے آپ تھانوی کی کتاب ''قواعد فی علوم الحدیث'' صفحہ 250 ملاحظہ فرمائیں۔ (امام ذہبی کہتے ہیں:) ابن ہبیرہ نے عہدۂ قضاء قبول کرنے کیلئے اُن کی پٹائی بھی کروائی تھی' لیکن اُنہوں نے قاضی بننے سے انکار کر دیا تھا۔ امام شافعی فرماتے ہیں: لوگ علمِ فقہ میں ابوحنیفہ کے زیر کفالت ہیں۔ میں یہ کہتا ہوں (یہ بات امام ذہبی کہہ رہے ہیں:) کہ فقہ اور اُس کے دقائق کے حوالے سے امامت' اِسی امام (یعنی امام ابوحنیفہ) کی طرف مسلمہ طور پر منسوب ہوتی ہے اور یہ ایک ایسی بات ہے' جس میں کوئی شک نہیں ہے۔

''جب دن کو کسی دلیل کی ضرورت ہو' تو پھر دماغوں میں کوئی چیز درست نہیں رہ سکتی ہے''۔

امام ابوحنیفہ کے حالات اس لائق ہیں کہ اُنہیں دو الگ جلدوں میں تحریر کیا جائے' اللہ تعالیٰ اُن سے راضی ہو اور اُن پر رحم فرمائے۔

حافظ امام ذہبی ہی نے اپنی کتاب ''مناقب الامام ابی حنیفہ وصاحبیہ ابی یوسف ومحمد بن الحسن'' صفحہ 7 پر یہ تحریر کیا ہے:

''امابعد! یہ کتاب فقیہ العصر' عالمِ وقت ابوحنیفہ کے بارے میں ہے جو بلند مرتبہ کے مالک ہیں' پاکیزہ شخصیت ہیں' بلند درجہ پر

ہیں (ان کا نام) نعمان بن ثابت ہے اور یہ اہلِ کوفہ کے مفتی ہیں' اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور انہیں راضی کر دے' یہ پیدا ہوئے تو انہوں نے دینِ حنیف کو نافذ کیا' اُس کی وضاحت کی اور اسے جاری کیا' یہ 80 ہجری میں پیدا ہوئے تھے' یہ عبدالملک بن مروان کے عہدِ خلافت کی بات ہے' یہ کوفہ میں پیدا ہوئے تھے' اُس وقت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت موجود تھی' تو اگر اللہ نے چاہا تو یہ بھلائی کے ساتھ اُن کی پیروی کرنے والوں (یعنی تابعین کے طبقہ میں) سے ہیں''۔

اُس کے بعد امام ذہبی نے ابوحنیفہ کے مناقب کے مختلف پہلو ذکر کیے ہیں' ایک پہلو اُن کے اخلاق اور پرہیزگاری کا ذکر کیا ہے' ایک پہلو اُن کی عبادت کا ذکر کیا ہے' کچھ واقعات اس حوالے سے ذکر کیے ہیں کہ ائمہ اور محدثین اور دیگر حضرات نے علمِ فقہ کے حوالے سے اُن کی کیا تعریف و توصیف کی ہے' ایک پہلو یہ ذکر کیا ہے کہ جو اُن کی ذاتی فقہی آراء ہیں' اُن میں سے کن کو مستحسن قرار دیا گیا ہے اور کن کی مذمت کی گئی ہے' پھر اُس کے بعد اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کی پرہیزگاری کے بارے میں ایک اور باب مرتب کیا ہے' پھر ایک باب میں اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کی نقل کردہ حدیث سے استدلال کرنے کے حوالے سے بحث کی ہے اور یہ فرمایا ہے:

> ''اُن سے منقول حدیث کے بارے میں دو اقوال پائے جاتے ہیں' بعض حضرات نے اُس کی حدیث کو قبول کیا ہے اور وہ اُسے حجت شمار کرتے ہیں' بعض حضرات نے اُسے کمزور قرار دیا ہے' کیونکہ وہ حدیث نقل کرتے ہوئے غلطی زیادہ کرتے ہیں' اسی لیے علی بن مدینی یہ کہتے ہیں: یحییٰ بن سعید القطان سے دریافت کیا گیا: ابوحنیفہ کی حدیث کیسی تھی؟ تو اُنہوں نے جواب دیا: وہ علمِ حدیث میں نمایاں حیثیت کے مالک نہیں تھے۔ میں یہ کہتا ہوں: (یہ بات امام ذہبی کہہ رہے ہیں) امام ابوحنیفہ نے اپنی توجہ کا مرکز' الفاظ کے ضبط اور اسناد کو محفوظ کرنے کو نہیں بنایا' اُن کی توجہ قرآن اور فقہ کی طرف تھی اور جو بھی شخص کسی خاص فن کی طرف متوجہ ہوتا ہے' تو اُس کی حالت یہی ہوتی ہے کیونکہ وہ دوسرے فنون کے حوالے سے کمی کا شکار ہو جاتا ہے۔ یحییٰ بن معین یہ کہتے ہیں: ابوحنیفہ ثقہ ہیں۔ امام ابوداؤد فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ امام مالک پر رحم کرے! وہ امام تھے' اللہ تعالیٰ امام ابوحنیفہ پر رحم کرے! وہ امام تھے''۔

حافظ ذہبی کا کلام (اُن کی کتاب) ''مناقب الامام ابوحنیفہ'' میں ختم ہو گیا اور اُنہوں نے یہ کتاب ''سیر اعلام النبلاء'' اور ''تذکرۃ الحفاظ'' سے پہلے لکھی تھی۔

شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں: امام ذہبی نے امام ابوحنیفہ سے منقول حدیث کے بارے میں دو اقوال نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ اُن کی حدیث کے بارے میں لوگوں میں اختلاف پایا جاتا ہے اور اس حوالے سے دو قول ہیں۔ (شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں:) میں یہ کہتا ہوں: یہاں پر تھوڑا سا گروہ ایسا بھی ہے' جس نے امام ابوحنیفہ کے دین کے حوالے سے اُن پر الزامات عائد کیے ہیں اور یہ دعویٰ کیا ہے کہ وہ شریعت کو اور صاحبِ شریعت کو کمتر سمجھتے تھے اور اُنہوں نے مختلف قسم کی بدعتیں اختیار کر رکھی تھیں' اس گروہ میں بخاری' ابن جارود' عقیلی' ابن حبان' ابن عدی اور خطیب بغدادی اور ابن جوزی...... شامل ہیں۔ تاہم امام ذہبی نے ان حضرات کے دعووں کی طرف بالکل بھی کوئی توجہ نہیں کیا اور اُنہوں نے انہیں نقل کرنے کے قابل بھی نہیں سمجھا' کیونکہ اُن کے نزدیک یہ وہ

اقوال ہیں جنہیں پرے کیا جائے گا' یہ وہ اقوال نہیں ہیں' جن کے بارے میں اختلاف کیا گیا ہے' اس لیے امام ذہبی نے انہیں نقل بھی نہیں کیا اور ان کی طرف اشارہ بھی نہیں کیا۔

امام ذہبی نے اپنی کتاب ''تذہیب تہذیب الکمال'' جو مخطوطہ کی شکل میں ہے' اُس میں امام ابوحنیفہ کے حالات کے آخر میں اُن کے مناقب ذکر کرنے کے بعد یہ بات نقل کی ہے: ''(امام ذہبی فرماتے ہیں:) میں یہ کہتا ہوں: ہمارے شیخ ابوالحجاج (اُن کی مراد حافظ مزی تھے) نے یہ اچھا کام کیا ہے کہ اُنہوں نے ایسی کوئی روایت نقل نہیں کی ہے جس سے امام ابوحنیفہ کا ضعیف ہونا لازم آتا ہو''۔ (امام ذہبی کی بات یہاں ختم ہوگئی)

## ابن کثیر کا بیان

امام' حافظ' ناقد' حافظ ابن کثیر شافعی نے اپنی کتاب ''البدایہ والنہایہ'' صفحہ 123/10 میں امام ابوحنیفہ کے حالات میں یہ تحریر کیا ہے:

''یہ امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کوفی ہیں' جو عراق کے فقیہ ہیں اور اسلام کے ائمہ میں سے ایک ہیں' اہلِ علم کے سرداروں میں سے ایک ہیں' علماء کے ارکان میں سے ایک ہیں اور اُن ائمہ اربعہ میں سے ایک ہیں' جن کے فقہی مسلک کی پیروی کی جاتی ہے' ان ائمہ میں سب سے پہلے امام ابوحنیفہ کا انتقال ہوا تھا' کیونکہ انہوں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا زمانہ پایا ہے اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے اور بعض حضرات نے یہ بات ذکر کی ہے کہ انہوں نے سات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں' باقی اللہ بہتر جانتا ہے' البتہ انہوں نے تابعین کی ایک جماعت سے روایات نقل کی ہیں' جن میں حکم بن عتیبہ کوفی' حماد بن ابوسلیمان' سلمہ بن کہیل' عامر شعبی ...... شامل ہیں' ان کے حوالے سے ایک جماعت نے روایات نقل کی ہیں ...... یحییٰ بن معین کہتے ہیں: یہ ثقہ تھے' یہ اہلِ صدق میں سے تھے' ان پر جھوٹا ہونے کا الزام عائد نہیں کیا گیا' ابن ہبیرہ نے انہیں عہدۂ قضا قبول کرنے کیلئے مارا پیٹا بھی تھا' لیکن انہوں نے قاضی بننے سے انکار کر دیا تھا۔ یحییٰ بن القطان فتویٰ دینے میں ان کے قول کو اختیار کرتے تھے' یحییٰ یہ فرمایا کرتے تھے: ہم اللہ تعالیٰ کی طرف کوئی جھوٹی بات منسوب نہیں کرتے' میں نے امام ابوحنیفہ سے زیادہ اچھی رائے اور کسی کی نہیں سنی ہے اور ہم اُن کے زیادہ تر اقوال کو اختیار کرتے ہیں (یعنی اُن کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں)۔

عبداللہ بن مبارک بیان کرتے ہیں: اگر اللہ تعالیٰ نے ابوحنیفہ اور سفیان ثوری کے ذریعہ میری مدد نہ کی ہوتی' تو میں بھی ایک عام سا فرد ہوتا' امام ابوحنیفہ کے بارے میں امام مالک نے یہ کہا ہے: میں نے اُن صاحب کو دیکھا ہے' وہ ایسے ہیں کہ اگر آپ کے ساتھ اس ستون کے بارے میں یہ بحث کریں کہ یہ سونے کا بنا ہوا ہے تو اپنی دلیل کے ذریعہ اُسے ثابت بھی کر دیں گے۔ امام شافعی فرماتے ہیں: جو شخص فقہ سیکھنا چاہتا ہو وہ ابوحنیفہ کا زیر کفالت ہے۔ عبداللہ بن داؤد خریبی بیان کرتے ہیں: لوگوں کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی نمازوں میں امام ابوحنیفہ کیلئے دعا کریں' کیونکہ اُنہوں نے فقہ کو اور سنن کو لوگوں کیلئے محفوظ کر دیا۔

سفیان ثوری اور عبداللہ بن مبارک کہتے ہیں: امام ابوحنیفہ اپنے زمانہ میں روئے زمین کے سب سے بڑے فقیہ تھے۔ ابونعیم فضل بن دکین جو محدث ہیں اور امام بخاری کے استاد ہیں اور امام ابوحنیفہ کے شاگرد ہیں' وہ فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ مسائل میں گہرائی میں جایا کرتے تھے۔ مکی بن ابراہیم جو امام بخاری کے استاد ہیں اور امام ابوحنیفہ کے شاگرد ہیں' وہ یہ فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ

سے زمین کے سب سے بڑے عالم تھے۔ خطیب بغدادی نے اپنی سند کے ساتھ اسد بن عمرو کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے امام ابوحنیفہ رات بھر نوافل ادا کرتے رہتے تھے اور ایک رات میں پورا قرآن تلاوت کر لیتے تھے' وہ اتنا زیادہ رویا کرتے تھے کہ ان کے پڑوسیوں کو اُن پر رحم آ جاتا تھا' اُن کا انتقال رجب کے مہینہ میں 150 ہجری میں ہوا اور ہجوم کی کثرت کی وجہ سے بغداد میں ان کی نمازِ جنازہ چھ مرتبہ ادا کی گئی' اللہ تعالیٰ اُن پر رحم کرے''۔ (ابن کثیر کا کلام یہاں ختم ہو گیا)

## سبکی کا بیان

امام قاضی القضاۃ تاج الدین سبکی (عبدالوہاب بن علی) شافعی' جو فقیہ ہیں' اصولی ہیں' محدث ہیں' وہ اصولِ فقہ میں اپنی کتاب ''جمع الجوامع'' کے آخر میں صفحہ 441/2 میں عقیدہ کا ذکر کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:

''ہم یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ' امام مالک' امام شافعی' امام احمد' دو سفیان' امام اوزاعی' اسحاق بن راھویہ' داؤد ظاہری' ابن جریر اور مسلمانوں کے تمام ائمہ' عقائد اور دیگر معاملات کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والی ہدایت پر عمل پیرا تھے اور جن لوگوں نے ان کے بارے میں کلام کیا ہے اُن کے کلام کی طرف توجہ نہیں کی جائے گی کیونکہ یہ حضرات اُس چیز سے بری الذمہ ہیں' کیونکہ ان لوگوں کو علمِ لدنی حاصل تھا' اللہ تعالیٰ کی طرف سے خصوصیات حاصل تھیں' یہ دقیق فقہی استنباط رکھتے تھے' انہیں زبردست معرفت حاصل تھی' یہ دیندار تھے' پرہیزگار تھے' عبادت گزار تھے' زاہد تھے اور انہیں جلالتِ علمی حاصل تھی اور یہ ایسے مقام پر فائز تھے کہ ان کی ہمسری نہیں کی جا سکتی''۔ (اُن کی بات یہاں ختم ہو گئی)

## ہیتمی کا بیان

اُن کے حوالے سے امام' فقیہ ابن حجر ہیتمی مکی شافعی نے اپنی کتاب ''الخیرات الحسان فی مناقب الامام ابی حنیفۃ النعمان'' میں یہ بات صفحہ 12 پر نقل کی ہے جو اُن کے تین مقدموں میں سے' دوسرے مقدمہ کے اندر ہے اور اُس میں یہ عبارت شامل ہے۔

اللہ تعالیٰ حافظ سخاوی پر رحم کرے! کہ جب اُنہوں نے اپنی کتاب ''الاعلان بالتوبیخ لمن ذم اہل التوریخ'' کے صفحہ 65 پر اس موضوع کو ذکر کیا جو ابن حبان اور دیگر حضرات نے ذکر کیا ہے' تو یہ فرمایا:

''جہاں تک حافظ ابوشیخ ابن حبان نے اپنی کتاب ''السنۃ'' میں اس حوالے سے جو نقل کیا ہے' جس کا تعلق بعض ائمہ کے بارے میں کلام سے ہے' جن ائمہ کی پیروی کی جاتی ہے' (یہاں مصنف کی مراد امام ابوحنیفہ ہی ہیں) تو حافظ ابواحمد بن عدی نے اپنی کتاب ''الکامل'' میں اور حافظ ابوبکر خطیب بغدادی نے اپنی کتاب ''تاریخ بغداد'' میں' اور اُن سے پہلے دیگر حضرات نے' جیسے ابن ابوشیبہ نے اپنی ''مصنف'' میں' امام بخاری اور امام نسائی نے بھی اس طرح کی روایات نقل کی ہیں' تو میں اس طرح کی روایات کو نقل کرنے سے بچتا ہوں' اگرچہ یہ لوگ مجتہد تھے اور ان کے مقاصد بھی عمدہ تھے لیکن اس حوالے سے ان کی باتوں پر اکتفاء کرنے سے اجتناب کرنا مناسب ہے' یہی وجہ ہے کہ ہمارے مشائخ میں سے ایک جلیل القدر قاضی جن کی طرف علمِ حدیث روایت کرنے کی بھی نسبت کی جاتی ہے بلکہ ہمارے شیخ حافظ ابن حجر

نے تو ہمیں اس سے منع کیا' جب ہم نے اُن سے حربی کی کتاب ''ذمِ الکلام'' پڑھی تو اُنہوں نے ایسی روایت نقل کرنے سے منع کر دیا' کیونکہ اس میں ایسی روایات پائی جاتی ہیں''۔ (حافظ سخاوی کا کلام یہاں ختم ہو گیا)

## ابوزہرہ کا بیان

(شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں:) اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ میں اس تعلیق کے طویل ہو جانے کے باوجود اس کے آخر میں علامہ' محقق فقیہ' اصولی' امام' شیخ محمد ابوزہرہ کے کلمات بھی شامل کروں' اللہ تعالیٰ اُن پر رحم کرے! کیونکہ اُنہوں نے اپنی زبردست جامع اور جلیل القدر کتاب ''ابوحنیفہ'' میں صفحہ 6 سے 9 پر اس وجہ کا ذکر کیا ہے کہ بعض لوگوں نے امام ابوحنیفہ کے خلاف اس طرح کیوں کہا؟ تو اُنہوں نے یہ بیان کیا ہے:

کتاب ''الخیرات الحسان فی مناقب الامام ابی حنیفۃ النعمان'' جو ابن حجر ہیتمی کی کتاب ہے' اُس کے صفحہ 74' فصل 38 میں یہ مذکور ہے:

''زمانۂ ماضی میں' کسی شخص کی عظمت پر استدلال اس بات سے بھی کیا جاتا تھا کہ اُس کے بارے میں لوگوں کے اندر کتنا اختلاف پایا جاتا ہے' کیا آپ نے دیکھا نہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حوالے سے دو گروہ ہلاکت کا شکار ہوئے' کچھ وہ لوگ جو محبت میں افراط کا شکار ہو گئے اور کچھ وہ لوگ جو اُن کے ساتھ بغض رکھنے میں تفریط کا شکار ہوئے''۔ (یہاں پر ہیتمی کی بات ختم ہو گئی)

یہ بات مکمل طور پر سچ ہے اور اسے امام ابوحنیفہ پر بھی منطبق کیا جا سکتا ہے کہ کچھ لوگوں نے اُن کے حوالے سے اتنا تعصب برتا کہ اُنہیں انبیاء اور مرسلین کے مرتبہ کے قریب پہنچا دیا اور یہ بھی کہہ دیا کہ تورات میں اُن کی بشارت موجود ہے اور کچھ لوگوں نے اُن کے خلاف تعصب کا مظاہرہ کیا تو اُن پر زندیق ہونے کا' جادۂ مستقیم سے ہٹ جانے کا' سنت سے لاتعلقی اختیار کرنے کا بلکہ سنت سے برعکس رائے دینے کا بھی الزام عائد کیا کہ وہ دینی معاملات میں کسی حجت اور واضح دلیل کے بغیر فتویٰ دیا کرتے تھے تو یہ لوگ اُن پر طعن کرنے کے حوالے سے مناسب تنقید کی حد سے تجاوز کر گئے' اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کی آراء کا صحیح طریقے سے مطالعہ نہیں کیا اور حجت اور تحقیق کی بنیاد پر اُنہیں غلط قرار نہیں دیا بلکہ وہ شدید دشمنی کا شکار ہوئے اور اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کے دین' اُن کی شخصیت اور اُن کے ایمان کے بارے میں الزامات عائد کیے۔

## امام صاحب کی مخالفت کے اسباب

امام ابوحنیفہ کے بارے میں یہ اختلاف کیوں رونما ہوا؟ اس کے کئی اسباب ہیں' ہم اس موضوع پر کچھ تفصیل سے بحث کریں گے' لیکن یہاں ہم سب سے پہلے ایک اہم خبر کا ذکر کرنا چاہیں گے جو دیگر تمام اسباب کیلئے بنیاد کی حیثیت رکھتا ہے اور وہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کے اندر شخصی طور پر یہ بات موجود تھی کہ اُنہوں نے علمِ فقہ میں اتنی مہارت حاصل کی کہ اُن کا حلقۂ درس بہت پھیل گیا اور اُن کے علاقہ سے نکل کر دیگر اسلامی ریاستوں تک پہنچ گیا تو اسلامی مملکت کے اکثر علاقوں میں اُن کی آراء کے بارے میں لوگوں نے بات چیت شروع کی' مخالفین اور موافقین نے اُنہیں قبول کیا' مخالفین نے اُن کا انکار کیا اور موافقین نے اُن کی تائید کی' تو جب

یہ گروہ نے (یعنی مخالفین نے) جو اُس نص کو تھامے ہوئے تھا اور اُس سے تجاوز نہیں کرتا تھا' اس گروہ نے جب ان کی آراء میں دیکھا کہ یہ دینی مسائل میں کچھ نئی آراء بھی رکھتے ہیں تو انہوں نے ان کا شدت سے انکار کیا اور وہ یہ سمجھے کہ شاید امام ابوحنیفہ کی آراء پرہیزگاری اور تقویٰ کے خلاف ہیں' تو اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں اپنی زبان کو کھلا چھوڑ دیا کیونکہ اُن کے خیال میں امام ابوحنیفہ کے نظریات بدعتی تھے' اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کی دلیل' یا اُن کے مؤقف کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی' اگر وہ لوگ امام صاحب کو دیکھ لیتے' یا اُن کے دلائل سے واقفیت حاصل کر لیتے تو شاید اُن کی زبان اتنی تیز نہ ہوتی بلکہ شاید وہ اُن کی عظمت کے قائل ہو جاتے اور اُن کی موافقت کرتے۔

## امام اوزاعی کا واقعہ

اس حوالے سے یہ روایت نقل کی گئی ہے کہ شام کے فقیہ امام اوزاعی' جو امام ابوحنیفہ کے معاصرین میں سے ہیں' انہوں نے عبداللہ بن مبارک سے دریافت کیا: یہ بدعتی شخص کون ہے جو کوفہ میں ظہور پذیر ہوا ہے اور اُس کی کنیت ابوحنیفہ ہے؟ تو عبداللہ بن مبارک نے اُنہیں اس حوالے سے کوئی جواب نہیں دیا' اُس کے بعد اُنہوں نے کچھ پیچیدہ مسائل ذکر کرنے شروع کیے اور پھر اُن کے مختلف پہلوؤں کی نشاندہی کی اور اس کے بارے میں مفتیٰ بہ قول کی وضاحت کی' تو امام اوزاعی نے دریافت کیا: یہ فتاویٰ دینے والا شخص کون ہے؟ تو عبداللہ بن مبارک نے جواب دیا: یہ ایک بزرگ ہیں' عراق میں میری ان سے ملاقات ہوئی تھی۔ تو امام وزاعی نے کہا: یہ تو کوئی بڑا سمجھدار شیخ ہے' تم جاؤ اور اس سے زیادہ استفادہ کرو۔ تو عبداللہ بن مبارک نے کہا: یہ ابوحنیفہ ہی ہیں۔

اس کے بعد امام اوزاعی اور ابوحنیفہ کی ملاقات مکہ میں ہوئی' انہوں نے کچھ مسائل پر تبادلہ خیال کیا' جس کا ذکر عبداللہ بن مبارک نے بھی کیا ہے' تو امام ابوحنیفہ نے ان مسائل میں اپنی تحقیق بیان کی' جب یہ دونوں حضرات ایک دوسرے سے جدا ہوئے تو امام اوزاعی نے عبداللہ بن مبارک سے کہا: اس شخص کے علم کی کثرت اور اس کی سمجھداری کے حوالے سے' میں اس پر رشک کرتا ہوں اور میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتا ہوں کہ میں اس شخص کے بارے میں بڑی غلطی کا شکار تھا' تم اس شخص کے ساتھ رہو' کیونکہ یہ اس کے برعکس ہے' جو اس کے حوالے سے روایات مجھ تک پہنچی تھیں''۔ یہ روایت ''الخیرات الحسان'' صفحہ 33 پر موجود ہے۔

امام ابوحنیفہ اپنی شخصی خوبیوں' اپنی گہری تاثیر اور دور کے نفوذ کے ہمراہ' استفتاء اور تخریج کے حوالے سے اور حدیث کے فہم اور اُس کے مسائل کے استنباط کے حوالے سے ایک نئے طریقہ کے بانی ہیں' اُنہوں نے اس طریقہ کو اپنے تلامذہ میں رواج دیا اور تقریباً 30 سال یا اس سے زیادہ عرصہ اس کے ساتھ منسلک رہے' تو ایسے شخص کے لیے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ بعد میں سخت تنقید کا نشانہ بنے بلکہ اُس کی شخصیت کو مجروح قرار دیا جائے' اُس کی رائے کو خراب قرار دیا جائے' اُس کے خلاف تعصب کا مظاہرہ کیا جائے۔

چوتھی صدی ہجری میں اُن کے موافقین اور مخالفین کے درمیان یہ اختلاف اور بڑھ گیا' جب مذہبی تعصب زیادہ پھیل گیا اور دو گروہوں کے درمیان فقہ تعصب کی وجہ بن گئی' تو یہ اختلاف حنفیہ اور شوافع کے درمیان زیادہ شدید ہو گیا' اسی وجہ سے یہ دونوں امام (امام ابوحنیفہ اور امام شافعی) ناگوار تنقید کا نشانہ بنے۔

امام ابوحنیفہ‘ طعن کا شدید نشانہ اس لیے بھی بنے‘ کیونکہ اُن کا زیادہ تر فتاویٰ اُن کی ذاتی آراء ہیں اور یہ وہ آراء ہیں‘ جو اُنہوں نے حدیث میں اپنی علمیت کی وجہ سے اور اپنی پرہیزگاری کے حوالے سے اور اچھی فتویٰ نویسی کے حوالے سے نقل کی تھیں‘ اس کے علاوہ استنباط اور تخریج کی اور بھی خصوصیات پائی جاتی ہیں‘ تو متعصب لوگوں نے ان پر ہر حوالے سے تنقید کی‘ ہر نقص اور ہر قابلِ مذمت بات اُن کی طرف منسوب کی‘ یہاں تک کہ بعض شوافع نے ہی اس تنقید کا انکار کیا اور اُنہوں نے یہ سمجھا کہ یہ تنقید گناہ کے ارتکاب کے مترادف ہے اور اس طرح سے آدمی صحیح راستہ سے ہٹ جاتا ہے‘ جن لوگوں نے امام ابوحنیفہ کے ساتھ انصاف سے کام لیا‘ اُن کے مناقب کے بارے میں کتابیں تحریر کیں اور اُن متعصب شوافع کے قول کی تردید کی‘ اُن میں سے کچھ لوگ یہ ہیں: ہم دیکھتے ہیں کہ امام سیوطی‘ شافعی ہیں‘ اُنہوں نے ایک رسالہ لکھا جس کا نام اُنہوں نے ”تبییض الصحیفہ فی مناقب الامام ابی حنیفہ“ رکھا‘ اسی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ ابن حجر ہیتمی مکی‘ جو شافعی ہیں‘ اُنہوں نے ایک رسالہ لکھا جس کا نام اُنہوں نے ”الخیرات الحسان فی مناقب الامام ابی حنیفۃ النعمان“ رکھا‘ اسی طرح ہم نے امام شعرانی کو دیکھا کہ اُنہوں نے ”المیزان“ میں امام ابوحنیفہ کا تذکرہ بطورِ خاص کیا اور اُن کی طرف سے دفاع کیا اور اُن کے طریقہ کو مستقیم قرار دیا اور اپنی کتاب ”طبقات“ میں اُن کا ذکر اُن اولیاء اللہ میں کیا جو اللہ کی رسّی کو پکڑے ہوئے ہیں“۔ (یہاں پر شیخ ابوزہرہ کا کلام ختم ہو جاتا ہے)

علامہ ابن عابدین ”ردّ المحتار علی الدر المختار“ نامی اپنے حاشیہ میں 37/3 میں تحریر کرتے ہیں: جب امام ابوحنیفہ کے فضائل پھیل گئے تو یہ پرانا رواج چلا آ رہا ہے کہ حاسدین کی زبانیں اُن کے بارے میں کھل گئیں‘ یہاں تک کہ لوگوں نے اُن کے اجتہاد اور عقیدہ کے بارے میں بھی طعن کیا‘ اور ایسی باتیں منسوب کیں‘ جن سے وہ قطعی طور پر لاتعلق ہیں‘ اُن کا مقصد یہ تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور کو بجھا دیں‘ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اس بات سے انکار کر دیا‘ اور اپنے نور کو برقرار رکھا‘ یہ بالکل اسی طرح ہے‘ جس طرح بعض لوگوں نے امام مالک کے بارے میں کلام کیا‘ بعض لوگوں نے امام شافعی کے بارے میں کلام کیا‘ بعض لوگوں نے امام احمد بن حنبل کے بارے میں کلام کیا‘ بلکہ ایک فرقہ نے تو حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں کلام کیا‘ ایک فرقہ نے حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے بارے میں کلام کیا اور ایک فرقہ تو تمام صحابہ کو کافر قرار دیتا ہے۔

(کسی شاعر نے کہا ہے:)

”کون ایسا شخص ہے؟ جسے لوگوں سے سلامتی سے نجات مل گئی ہے‘ لوگوں میں سے بہت سے لوگ اپنے گمان کی بنیاد پر بات کہتے ہیں اور بہت سے لوگ یہ کہہ دیتے ہیں کہ یہ بات کہی گئی ہے“۔

## امام اعظم کا عقیدہ

امام ابوحنیفہ کا عقیدہ وہی ہے‘ جو ”العقیدۃ الطحاویۃ“ نامی کتاب میں مذکور ہے‘ جو مملکتِ عربیہ سعودیہ اور دیگر اسلامی ممالک کی زیادہ تر مدارس میں شریعہ اور اصول الدین کے شعبوں میں پڑھائی اور سکھائی جاتی ہے اور اس میں اُس کے برعکس صریح نص موجود ہے‘ جو امام ابوحنیفہ کے بارے میں لوگ گمان کرتے ہیں اور اُن پر الزام عائد کرتے ہیں‘ بعض لوگ ائمہ کا ذکر صرف ناپسندیدہ حوالوں سے ہی کرنے سے باز نہیں آتے ہیں‘ جیسے حافظ ابن عساکر نے اپنی کتاب ”تبیین کذب المفتری“ کے صفحہ 96 پر یہ بات

تحریر کی ہے: وہ لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ائمہ کے بارے میں طعن کا اثبات کریں اور وہ لوگ اس سے راحت حاصل کرتے ہیں' وہ بُری باتیں پھیلاتے ہیں اور اس سے فرحت اور خوشی محسوس کرتے ہیں' اس کی وجہ یہ ہے کہ اُن کی طبیعتوں کے اندر بیماری پائی جاتی ہے اور اُن کی مخصوص نفسانی اغراض ہوتی ہیں' ہم اس طرح کے امراض اور اغراض سے سلامتی کی' اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں اور ہر قسم کی آزمائش سے عافیت چاہتے ہیں اور اس بات کی توفیق کے طلبگار ہیں کہ ہم ائمہ دین اور علماء کی تعظیم کریں' جن میں امام ابوحنیفہ' امام مالک' امام شافعی اور امام احمد شامل ہیں' اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات سے راضی ہو!

امام حافظ بدرالدین محمود عینی اپنی کتاب ''عقد الجمان'' میں یہ تحریر کرتے ہیں:

''امام ابوحنیفہ کے بارے میں اور اُن کے حوالے سے جو روایات نقل کی گئی ہیں' اس حوالے سے جو کچھ بھی کہا گیا ہے تو وہ درست نہیں ہے' وہ اس بات سے لاتعلق ہیں' اُن کے شاگرد اُن کے بارے میں زیادہ بہتر جانتے تھے اور اُن کی حالت سے زیادہ واقفیت رکھتے تھے۔ امام ابوجعفر طحاوی' اللہ تعالیٰ اُن پر رحم کرے! جو احناف کے اکابر علماء میں سے ایک ہیں اور جلیل القدر محدثین میں سے ایک ہیں' اُنہوں نے ایک کتاب مرتب کی ہے جس کا نام اُنہوں نے ''عقیدۃ ابی حنیفہ'' رکھا ہے اور اہلِ سنت والجماعت کا عقیدہ بھی یہی ہے' آپ اُس کا جائزہ لے لیں کہ کیا آپ کو اس میں کوئی ایسی چیز نظر آتی ہے؟ جو لوگ امام ابوحنیفہ کی طرف منسوب کرتے ہیں کہ وہ قرآن کے مخلوق ہونے کے قائل تھے' یا قدریہ فرقہ کے نظریات رکھتے تھے' یا ارجاء کا عقیدہ رکھتے تھے' یا اس طرح کا کوئی اور عقیدہ رکھتے تھے' تو امام ابوحنیفہ کے شاگردوں نے جو کچھ اُن کے حوالے سے نقل کیا ہے' اُس کی طرف رجوع کرنا' اس سے زیادہ مناسب ہوگا کہ آپ اُن باتوں کی طرف رجوع کریں' جو دیگر لوگوں نے امام صاحب کے حوالے سے نقل کی ہیں۔

بعض جاہل حاسدین نے امام ابوحنیفہ پر یہ الزام بھی عائد کیا ہے اور محدثین سے تعلق رکھنے والے بعض متعصبین نے بھی یہ الزام عائد کیا ہے' یہ وہ لوگ ہیں' جو ظاہر حدیث کے اردگرد ہی گھومتے ہیں' وہ حدیث کے باطن کی معرفت نہیں رکھتے تھے' اُس کے پس منظر کو نہیں سمجھتے تھے' اُس کے مبہم اور مشکل مقامات سے واقفیت حاصل نہیں کرتے تھے' اُنہوں نے صرف ان کے الفاظ نقل کرنے پر قناعت کر لی ہوئی تھی اور اس کے معانی میں غور و فکر نہیں کیا تھا اور متعارض روایات کے درمیان موافقت پیدا کرنے سے واقفیت نہیں رکھتے تھے' وہ حدیث کے پس منظر اور علت کو نہیں سمجھتے تھے' ایسے لوگوں نے امام صاحب پر تنقید کی ہے اور یہ تنقید یہاں تک لے آئی کہ وہ لوگ امام ابوحنیفہ اور اُن کے اصحاب کا ذکر کرتے ہوئے اُنہیں ''اصحابِ رائے'' قرار دیتے ہیں حالانکہ نص کی موجودگی میں امام ابوحنیفہ نے کبھی بھی اپنی رائے بیان نہیں کی' یہاں تک کہ اُنہوں نے تو یہ کہا ہے: ''ہم کسی بھی شخص کیلئے یہ جائز قرار نہیں دیتے ہیں کہ وہ ہمارے مسائل کے مطابق فتویٰ دے' جب تک وہ یہ نہیں جان لیتا کہ ہم نے یہ حکم کہاں سے حاصل کیا ہے اور ہم نے یہ حکم کس بنیاد پر دیا ہے؟''

اکابر محدثین میں سے بڑے لوگوں نے امام ابوحنیفہ کو ثقہ قرار دیا ہے' جیسے عبداللہ بن مبارک ہیں' سفیان ثوری ہیں' سفیان بن

عیینہ ہیں' یحییٰ بن سعید ہیں' یحییٰ بن معین ہیں اور ان جیسے دیگر حضرات ہیں' جن کا ذکر ہم اس سے پہلے اپنی کتاب میں کر چکے ہیں' اس لیے متاخرین کا طعن' امام ابوحنیفہ کیلئے رسوائی کا باعث نہیں ہوگا' اُن چیزوں کے حوالے سے' جو اُن متاخرین نے ذکر کی ہیں' اس کی وجہ یہ ہے کہ حسد' حاسد شخص کو اس سے زیادہ بُری باتوں کا وزن اُٹھانے پر مجبور کر دیتا ہے اور ہم اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں''۔ (علامہ بدرالدین عینی کا کلام یہاں ختم ہو گیا)

اُن سے بھی ایک طویل عرصہ پہلے امام' محدث مجدالدین مبارک بن اثیر شافعی' جن کا انتقال 606 ہجری میں ہوا' وہ اپنی کتاب ''جامع الاصول فی احادیث الرسول'' میں صفحہ 432/15 سے 436 تک' میں امام ابوحنیفہ کے حالات کے بارے میں تفصیلی ترجمہ نقل کیا ہے' تو اُنہوں نے جو کچھ بیان کیا ہے' وہ اُن کے الفاظ میں اختصار کے ساتھ یہ ہے:

''ابوحنیفہ نعمان بن ثابت جو امام ہیں' فقیہ ہیں' کوفہ کے رہنے والے ہیں' اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو...... امام شافعی کہتے ہیں: جو شخص علمِ فقہ میں مہارت حاصل کرنا چاہتا ہو وہ ابوحنیفہ کا زیر کفالت ہوگا''۔

اگر ہم اُن کے مناقب اور فضائل کی وضاحت کرنے کی طرف چل پڑیں' تو ہماری بات طویل ہو جائے گی اور ہم اپنا مقصود حاصل نہیں کر پائیں گے' کیونکہ وہ عالم تھے' عامل تھے' زاہد تھے' عبادت گزار تھے' پرہیزگار تھے' متقی تھے' شرعی علوم میں امام کی حیثیت رکھتے تھے اور پسندیدہ شخصیت کے مالک تھے' اُن کی طرف منسوب بھی کیے گئے ہیں اور اُن کے حوالے سے نقل بھی کیے گئے ہیں کچھ ایسے اقوال جو ایجاد کیے ہوئے ہیں' (یہاں مطبوعہ نسخہ میں یہ الفاظ ہیں: جن میں اختلاف پایا جاتا ہے) حالانکہ امام ابوحنیفہ کی قدرومنزلت اتنی زیادہ ہے کہ وہ اس طرح کی بات نہیں کر سکتے اور وہ اس سے پاک ہوں گے' ان میں قرآن کے مخلوق ہونے کا عقیدہ' یا قدریہ فرقہ کا نظریہ' یا ارجاء کا عقیدہ وغیرہ شامل ہیں اور بھی اس کے علاوہ کچھ باتیں ہیں جو اُن کی طرف منسوب کی گئی ہیں' جنہیں نقل کرنے کی یا اُن کے قائلین کو ذکر کرنے کی یہاں ضرورت نہیں ہے' بظاہر یہی ہے کہ وہ ان چیزوں سے لاتعلق تھے اور اُن کے ان چیزوں سے لاتعلق ہونے' صحیح ہونے کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کے تذکرہ کو یوں پھیلایا کہ وہ آفاق میں پھیل گیا اور اُن کے علم کو یوں پھیلایا کہ وہ تمام روئے زمین پر پھیل گیا' لوگوں نے اُن کے مسلک اور اُن کی فقہی آراء کو اختیار کیا اور اُن کے قول اور اُن کے فعل کی طرف رجوع کیا اور یہ اس وجہ سے ہوا کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کا پوشیدہ سرّ موجود تھا اور اُس کی رضا موجود تھی' اللہ تعالیٰ نے اُنہیں اس بات کی توفیق دی' کہ اہلِ ایمانِ اسلام کا نصف حصہ' یا اُس کا قریبی حصہ اُن کی تقلید کرتا ہے' اُن کی رائے اور اُن کے مسلک پر عمل کرتا ہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت جس طرح سے کی جاتی ہے' اور اُس کے دین کی سمجھ بوجھ جس طریقہ سے حاصل کی جاتی ہے' اُس میں امام ابوحنیفہ کی رائے اور اُن کے مسلک پر عمل کیا جاتا ہے اور آج کے دن[1] تک اُن کے قول کو اختیار کیا

[1] (شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں:) امام مجدالدین ابن اثیر نے یہ بات کہی ہے اور اُن کا تعلق چھٹی صدی ہجری سے ہے اور ہم اس کے بعد مزید آٹھ صدیوں سے زیادہ عرصہ گزار چکے ہیں اور یہ پندرھویں صدی ہجری کا آغاز ہے اور 1416 ہجری ہے۔ استاد شیخ علی طنطاوی نے اپنی کتاب ''رجال من التاریخ'' کا صفحہ 114 پر امام اعظم کے عنوان کے تحت یہ بات تحریر کی ہے:

''آج حنفی مذہب زیادہ پھیلا ہوا ہے' اس میں زیادہ فروعی احکام اور اقوال موجود ہیں اور قاضیوں کیلئے فیصلہ کرنے کے حوالے سے یہ دیگر مکاتب کے مقابلہ میں زیادہ فائدہ بخش ہے' اُس کے بعد مالکی مسلک فروع کی کثرت کے حوالے سے آتا ہے' میں نے یہ بات اُن سالوں میں جان لی ہے (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

جبکہ اور یہ 450ہجری کے آس پاس کی بات ہے۔

تو یہ اُن کے مسلک اور اُن کے عقیدہ کے صحیح ہونے کی سب سے بڑی دلیل ہے‘ البتہ اُن کے حوالے سے جو کچھ نقل کیا گیا ہے وہ اُس سے لاتعلق ہے‘ امام طحاوی نے جو اُن کے مسلک کو اختیار کرنے والوں میں نمایاں حیثیت کے مالک ہیں‘ اُنہوں نے ایک کتاب بھی تحریر کی ہے‘ جس کا نام اُنہوں نے ”عقیدۃ ابی حنیفہ“ تجویز کیا‘ یہ اہلِ سنت والجماعت کے عقائد ہیں‘ ان میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے‘ جس کی نسبت امام ابوحنیفہ کی طرف کی گئی ہو‘ جو اُن کے حوالے سے نقل کی گئی ہو‘ اور اُن کے اصحاب اُن کی حالت کے بارے میں زیادہ بہتر جانتے تھے اور اُن کے مؤقف کے بارے میں دوسروں کی بہ نسبت زیادہ واقفیت رکھتے تھے‘ اس لیے اُن کے اصحاب نے اُن کے حوالے سے جو کچھ نقل کیا ہے اُس کی طرف رجوع کرنا اُس سے زیادہ اولیٰ ہوگا جو دوسرے لوگوں نے اُن کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

اُن کے حوالے سے جس نے جو کچھ بھی کہا ہے‘ اُس کی ایک اہم وجہ یہ بھی ذکر کی گئی ہے‘ جن لوگوں نے اُن کی طرف باتیں منسوب کر کے اُن پر تنقید کی ہے‘ حالانکہ ہمیں یہاں یہ ضرورت نہیں ہے کہ ہم اُن باتوں کا تذکرہ کریں جو اُن لوگوں نے بیان کی ہیں‘ اس کی وجہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کا اسلام میں جو مقام ہے‘ وہ اس بات کی دلیل کا محتاج نہیں ہے کہ اُن کی طرف جو باتیں منسوب کی گئی ہیں اُن کے حوالے سے کوئی عذر پیش کیا جائے“۔ ابن اثیر کا کلام یہاں ختم ہوگیا۔

یہ بات محدث حارثی کلاباذی بخاری فقیہ حنفی نے ”الکشف عن وھم عن طائفہ الظالمہ اباحنیفہ“ میں نقل کی ہے اور امام ذہبی نے ”تاریخ الاسلام“ میں امام ابوحنیفہ کے حالات میں یہ بات نقل کی ہے۔

ہمارے زمانہ میں جو مصیبتیں اور پریشانیاں ہیں‘ اُن میں سے ایک چیز یہ بھی ہے کہ آپ بعض اسلامی ریاستوں میں یہ بات دیکھیں گے کہ امام ابوحنیفہ اُن کے مسلک اور اُن کے پیروکاروں کے بارے میں اور دیگر فقہی مسالک کے بارے میں شدید ترین مخاصمت کے جذبات پائے جاتے ہیں اور ایسی کتابیں شائع کی گئی ہیں‘ جن میں امام ابوحنیفہ کو کافر قرار دیا گیا ہے اور اُن پر یہ الزام عائد کیا گیا ہے کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ قرآن مخلوق ہے اور اُن سے کفر سے دو مرتبہ توبہ کروائی گئی تھی اور ان کتابوں پر کوئی تعلیق نقل نہیں کی گئی‘ ان اقوال کی کوئی وضاحت نہیں کی گئی‘ تو ہم اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہیں اور ہم نے اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے‘ مختلف علاقوں اور بندوں میں پیش آنے والی مصیبتوں کی کثرت کے حوالے سے (ہم اُسی کی بارگاہ کی طرف رجوع کرتے ہیں)۔

آج لوگوں کی طبیعت نادر باتوں کی طرف زیادہ مائل ہوتی ہے‘ تو آپ ائمہ کے اقوال سے نکلنے سے بچیں اور اُن پر اعتماد نہ کرنے کے راستہ پر نہ چلیں اور اُن پر تنقید نہ کریں‘ کیونکہ اگر یہ لوگ قابلِ تنقید قرار پائیں گے تو پھر اُن کے بعد ہم اعتبار کس پر کریں گے‘ کیونکہ دین صرف ان حضرات کے حوالے سے ہی ہم تک پہنچا ہے۔

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ سے) جن سالوں میں‘ میں تخصصی قوانین کی تدوین کا کام کرتا رہا ہوں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ حنفی مسلک ایک طویل عرصہ تک بنوعباس اور عثمانیوں کی سلطنت میں‘ سرکاری مذہب رہا ہے اور یہ اسلام کی تاریخ کا تین چوتھائی عرصہ بنتا ہے‘ جبکہ مالکی مسلک مغربی علاقوں کا مسلک ایک طویل عرصہ تک رہا ہے اور اس میں فروعی مسائل اور نئے پیش آمدہ مسائل زیادہ ہوگئے‘ جہاں تک شافعی مسلک کا تعلق ہے‘ تو وہ صرف ایوبیوں کے عہد حکومت میں تھوڑے عرصہ تک ریاستی مذہب رہا تھا‘ البتہ حنبلی مسلک میں آج کل نجد اور حجاز کے علاقوں میں حنبلی مسلک پر اکتفاء کیا جاتا ہے“۔

## ایک جامع اصول

شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں: یہاں میں مناسب سمجھتا ہوں کہ اپنی بصیرت رکھنے والے قاری کے سامنے اس باب کے مطالعہ سے پہلے ایک جامع اور بہترین بات تحریر کردوں' جو ایک نفع دینے والا عمومی قاعدہ ہے' جسے ہمارے شیخ الشیوخ علامہ محقق محدث فقیہ شبیر احمد عثمانی نے اپنی کتاب ''فتح الملہم فی شرح صحیح مسلم'' کے مقدمہ میں تحریر کیا ہے' جو ہندی مطبوعہ نسخہ کے صفحہ 73/1 پر ہے اور کراچی سے 1393 ہجری میں شائع ہونے والے مستقل علیحدہ مقدمہ کی شکل میں شائع ہونے والی کتاب کے صفحہ 174 پر ہے' میں اُسے یہاں نقل کروں گا اور محفوظ رکھنے والے قاری سے یہ اُمید رکھوں گا کہ وہ اسے ہمیشہ ذہن میں رکھے گا اور یاد رکھے گا کیونکہ یہ چیز اقوال کا وزن کرتے ہوئے پلڑے کی حیثیت رکھتی ہے' خاص طور پر وہ اقوال جو اکابرین کے بارے میں جرح کے حوالے سے صادر ہوئے ہیں' علامہ عثمانی فرماتے ہیں:

''تم لوگ یہ بات جان لو! کہ جن لوگوں نے ہمارے امام ابوحنیفہ کے بارے میں طعن کیا ہے اور اُن پر تنقید کی ہے' جن کا تعلق اُن کے معاصرین میں سے ہے' ہم اُن لوگوں کے بارے میں بھلائی کا گمان رکھتے ہیں' کیونکہ ایسا مؤمن جس کے مزاج میں تیزی ہو اور وہ اپنی نیت میں سچا ہو' جب کسی معروف شخصیت کے حوالے سے اُس تک کوئی چیز پہنچتی ہے' جس کے بارے میں یہ بیان کیا گیا ہوتا ہے کہ اُس معروف شخصیت کا مؤقف دین کو منہدم کرنے کے مترادف ہے' اور نبی اکرم ﷺ کی احادیث کو مسترد کرنے کے مترادف ہے تو اگرچہ حقیقت میں ایسا نہ ہو' لیکن اُس مؤمن کو دینی غیرت اپنی لپیٹ میں لیتی ہے اور اسلامی حمیت اُسے اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے' تو اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے اُس کے اندر اُس قائل کے بارے میں غصہ پیدا ہوتا ہے' اور وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے اُس قائل شخص کو ناپسند کرنا شروع کرتا ہے' تو یہ چیز اُسے دوسرے شخص کے بارے میں اعتراضات کرنے اور اُس کے بارے میں شدید مؤقف اختیار کرنے پر مجبور کر دیتی ہے اور اُس دوسرے شخص کے حق میں ایسے اقوال بیان کرنے پر مجبور کرتی ہے' جو سخت ہوتے ہیں' کیونکہ اُس کا گمان یہی ہوتا ہے' کہ دوسرے شخص نے جو طرزِ عمل اختیار کیا ہے' وہ دین سے دوری اور شریعت کے حوض سے دور کرنے کے مترادف ہے' اس کی مثال یوں دی جاسکتی ہے کہ امام مسلم نے اپنی ''صحیح'' کے مقدمہ میں ملاقات کی شرط ہونے کی بحث میں' امام بخاری کے بارے میں جو کلام کیا ہے' تو اس حوالے سے امام مسلم کا گمان یہ تھا کہ وہ بنیادی اصول جو امام بخاری نے مرتب کیا ہے' اگر اُسے صحیح مان لیا جائے تو اُس سے یہ لازم آئے گا کہ احادیثِ صحیحہ کا ایک بڑا ذخیرہ مسترد کردیا جائے اور اُسے کمزور قرار دیا جائے' اس لیے اُنہوں نے یہ گفتگو کرتے ہوئے شدت سے اس بات کا انکار کیا ہے اور اس مؤقف کے قائل کے بارے میں ممکنہ طور پر سخت ترین الفاظ استعمال کیے ہیں' اگرچہ عام شارحین نے اس بارے میں امام بخاری کے مسلک کو ترجیح دی ہے اور اُسے درست قرار دیا ہے لیکن امام مسلم کی سختی اور شدت کے حوالے سے اُنہیں کوئی ملامت نہیں کی ہے''۔

شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں: صحیح یہ ہے کہ امام مسلم نے جو تنقید کی ہے وہ علی بن مدینی پر کی ہے جیسا کہ میں نے حافظ ذہبی کی کتاب ''الموقظہ'' کے آخر میں صفحہ 134 سے 140 تک' تیسرے ''تتمہ'' میں بیان کیا ہے' یہ کتاب اصطلاحاتِ حدیث کے بارے میں ہے۔

(علامہ عثمانی کہتے ہیں:) اسی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان جو اختلافات اور فتنے رونما ہوئے' اُس کی بھی بنیاد تاویل اور اجتہاد تھی' کیونکہ اُن میں سے ہر فریق یہ گمان کرتا تھا کہ اُس پر وہی کرنا لازم ہے جس کی طرف وہ گیا ہے اور وہی موافق ہے اور مسلمانوں کے معاملات کے لیے یہی زیادہ بہتر ہے' تو یہ چیز ان حضرات کے لیے طعن کا باعث نہیں بن سکتی' آپ اس حوالے سے حضرت ہارون اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کے واقعہ کا جائزہ لے سکتے ہیں' آپ اس میں غور وفکر کریں گے' تو آپ کو اس میں وہ چیز ملے گی' جو ذہن میں پیدا ہونے والے خلجان کیلئے شفاء کی حیثیت رکھتی ہے' وہ خلجان جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے باہمی اختلافات کے حوالے سے پیدا ہوتا ہے اور ثقہ ائمہ کے باہمی اختلافات کے حوالے سے پیدا ہوتا ہے۔

مختصر یہ کہ اللہ تعالیٰ کی وجہ سے یہ ناپسندیدگی ہوتی ہے' جو بڑھتی ہے اور مستحکم ہو جاتی ہے' بعض اوقات یہ حد سے تجاوز کر جاتی ہے اور یہ ایک بڑا حجاب بن جاتی ہے' جو آدمی اور تحقیقِ حال کے درمیان رکاوٹ بن جاتا ہے' وہ حقیقتِ حال' جو نفسِ امر میں ہوتی ہے' ایسی صورت میں ناپسندیدہ کرنے والا شخص ہر اُس چیز سے اغماض برتتا ہے' جو ناپسندیدہ شخصیت کی خوبیوں یا مناقب کے حوالے سے سامنے آتی ہے' اور پھر وہ اُس کی کوتاہیوں کے حوالے سے تساہل سے کام لیتا ہے (یعنی اُن کی تحقیق نہیں کرتا) اور حقیقتِ حال کو جاننے کے لیے تلاش وتحقیق کی کوشش نہیں کرتا' کہ حال واضح ہو سکے اور نہ ہی ناپسندیدہ شخصیت کے صحیح محمل کو تلاش کرنے کی کوشش کرتا ہے' کیونکہ شدید ناپسندیدگی اور اسی طرح شدید محبت بھی غلو اور اسراف کی بنیاد بنتے ہیں' اعتدال کو ترک کرنے کی بنیاد بنتے ہیں اور سیدھے راستہ سے لاتعلق ہونے کی بنیاد بن جاتے ہیں' اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے اس فرمان کے ذریعہ اہلِ ایمان کو اس بات سے منع کیا ہے:

''اے ایمان والو! تم انصاف کرنے والے بن جاؤ اور اللہ تعالیٰ کیلئے گواہ بن جاؤ خواہ یہ گواہی تمہارے اپنے خلاف ہو' یا تمہارے ماں باپ کے خلاف ہو یا قریبی رشتہ داروں کے خلاف ہو''۔

''کوئی شخص خوشحال ہو' یا تنگدست ہو' تو اللہ تعالیٰ اُن دونوں کے بارے میں زیادہ بہتر جانتا ہے' تم عدل سے کام لینے میں نفسانی خواہشات کی پیروی نہ کرو''

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس بات پر مجبور نہ کرے کہ تم ناانصافی کرو' تم لوگ عدل سے کام لو' یہ پرہیزگاری کے زیادہ قریب ہے''۔

یہ نعیم بن حماد ہیں' جو امام بخاری کے اساتذہ میں سے ایک ہیں' جن سے امام بخاری نے اپنی ''صحیح'' میں روایات نقل کی ہیں

اور اُن پر اعتماد کیا ہے' اُنہوں نے امام ابوحنیفہ پر تنقیدی روایات نقل کرنے میں زیادہ تر اعتماد انہی پر کیا ہے' جیسا کہ کتاب ''الضعفاء والمتر وکین'' میں دیکھا جا سکتا ہے' اس نعیم بن حماد کے بارے میں امام ذہبی نے ''میزان الاعتدال'' 268/4 پر ازدی کے حوالے سے یہ بات تحریر کی ہے کہ یہ شخص سنت کو تقویت دینے کیلئے جھوٹی روایات ایجاد کیا کرتا تھا اور امام ابوحنیفہ کے بارے میں جھوٹی حکایات بیان کیا کرتا تھا' جو سب جھوٹ ہوتی تھیں''۔ محقق عثمانی کا کلام یہاں ختم ہو گیا۔

علامہ شیخ طاہر جزائری کی کتاب ''توجیہ النظر الی اصول الاثر'' میں صفحہ 755/2 پر یہ تحریر ہے:

''تم لوگ یہ بات جان لو کہ روایت بالمعنی کا بہت سے علماء کو شدید نقصان ہوا اور اُن کے علوم کے اختلاف کی وجہ سے اس حوالے سے شکایت کی صورتِ حال پیدا ہوگئی اور اس کا زیادہ تر نقصان حدیث اور فقہ میں ہوا' کیونکہ ان دونوں کا معاملہ نہایت اہم ہے' تو بہت سے جلیل القدر اہلِ علم کی طرف کئی ایسی باتیں منسوب کی گئیں' جو درستگی سے بہت دور تھیں اور ان باتوں کو اُن کے مخالفین نے اُن پر طعن کا باعث بنا لیا اور اُن سے دور کرنے کا ذریعہ بنا لیا' لیکن تفصیلی تحقیق اور تلاش کے بعد یہ بات ظاہر ہوئی کہ ان اہلِ علم نے تو یہ باتیں کہی ہی نہیں ہیں' بلکہ ان کی طرف جو اقوال منسوب کیے گئے ہیں وہ روایت کرنے والے شخص نے ان کے حوالے سے معنوی طور پر نقل کر دیئے تھے' تو ان حضرات نے جو کہا تھا' اُس کی وضاحت کرنے میں راوی سے کوتاہی ہوئی' جس کا نتیجہ یہ سامنے آیا۔ اس لیے ہر سمجھدار شخص کیلئے یہ مناسب ہے کہ وہ مشہور شخصیات جو سمجھداری کے حوالے سے معروف ہوں' اُن پر محض اس وجہ سے اعتراض نہ کرے کہ اُن کے حوالے سے کوئی قول اُس تک پہنچا ہو' جو کسی شخص نے اُن سے سنا تھا' بلکہ اُسے اس بارے میں تحقیق کرنی چاہیے' ورنہ یہ بات ملامت کے زیادہ لائق ہوگی (کہ اُس نے تحقیق کیوں نہیں کی)''۔

تو آپ اس چیز کو یاد رکھیں اور اس باب کو پڑھنے سے پہلے (کتاب الانتقاء کے اصل عربی متن کے) صفحہ 276 پر' مؤلف ابوعمر بن عبدالبر کے کلام کو پڑھ لیں اور میں نے اُس پر اُس کے آخر میں جو تعلیق تحریر کی ہے' اُس کا بھی مطالعہ فرما لیں۔

## زاہد الکوثری کی تحقیق

یہ وہ طعن ہیں' جو ایجاد کیے ہوئے ہیں' جنہیں خطیب بغدادی نے نقل کیا ہے اور اس سے کئی گنا نقل کیے ہیں' اُنہوں نے یہ سب اپنی کتاب ''تاریخ بغداد'' میں امام ابوحنیفہ کے حالات کے تحت تیرھویں جلد میں نقل کیے ہیں' ہمارے شیخ محقق علامہ زاہد الکوثری نے اس پر بھرپور تنقید کی ہے اور وافی و شافی جواب دیا ہے' اُنہوں نے یہ سب اپنی کتاب ''تانیب الخطیب'' میں تحریر کیا ہے' تو ان جھوٹی روایات کی علتوں کی تحقیق اُس کتاب میں موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب حضرات کی مغفرت کرے' ان پر بھی رحم کرے اور ان کے ساتھ ہم پر بھی رحم کرے۔

## ارجاء کی تحقیق

''ارجاء'' کا لغوی معنی ''تاخیر کرنا'' ہے اور اس کا ایک مفہوم وہ ہے' جو شرعی مفہوم پر دلالت کرتا ہے اور ایک مفہوم وہ ہے' جو

ممنوع مفہوم پر دلالت کرتا ہے۔

شرعی معنی کے اعتبار سے ''ارجاء'' سے مراد یہ ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد اُن کی شہادت کے حوالے سے آپس میں لڑائی کرنے والے دو گروہوں میں سے کسی ایک کو درست قرار دینے کے قول میں تاخیر کی جائے۔

''ارجاء'' کا جو معنی مشروع ہے اُن میں سے بعض سے مراد یہ ہوتا ہے کہ آدمی اس بات کا اعتقاد رکھے کہ وہ دل کے ذریعہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے' زبان کے ذریعہ اس کا اقرار کرتا ہے اور پھر عمل میں اُس کے خلل آ جاتا ہے' وہ یوں کہ وہ کچھ فرائض کو ترک کر دیتا ہے' یا کبائر کا ارتکاب کر لیتا ہے' تو ایسا شخص گناہگار مؤمن ہوگا اور جہنم کے عذاب کا مستحق ہوگا' لیکن اُس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف مؤخر ہو جائے گا' اگر اللہ تعالیٰ چاہے گا تو اُس سے درگزر فرمائے گا اور اگر چاہے گا تو اُسے عذاب دے گا۔ اہل سنت والجماعت کا یہی مؤقف ہے' البتہ اس کی تعبیر کے حوالے سے ان حضرات میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

''ارجاء'' کا وہ مفہوم جو قابلِ مذمت اور گمراہ کن ہے' وہ یہ ہے کہ جو شخص کبائر کا مرتکب ہوتا ہے' جیسے کسی کو قتل کر دیتا ہے' یا زنا کر لیتا ہے' یا شراب پی لیتا ہے' یا فرائض کو ترک کرتا ہے جیسے نماز' روزہ یا زکوٰۃ کو ترک کر دیتا ہے تو اُس کے جہنم میں عذاب کے مستحق ہونے کا فیصلہ دینے میں تاخیر کی جائے اور یہ گمان کیا جائے کہ ایمان سے مراد تو صرف دل کے ذریعہ تصدیق کرنا اور زبان کے ذریعہ اقرار کرنا ہے' عمل کو ترک کرنا نقصان نہیں دے گا' ایسے لوگ اپنی دلیل کے طور پر حدیث کے ان ظاہری الفاظ کا سہارا لیتے ہیں: ''تو جو شخص یہ کہہ دے کہ لا الٰہ الا اللہ تو وہ جنت میں داخل ہو جائے گا''۔ یہ جھوٹا مسلک ہے' جو بعض گمراہ فرقوں کی طرف سے سامنے آیا ہے اور یہ صریح ثابت شدہ نصوص کے برخلاف ہے جو قطعی ہیں' اس مؤقف کے قائلین کو مرجئہ کہا جاتا ہے' حافظ مرتضیٰ زبیدی نے اپنی کتاب ''تاج العروس'' صفحہ 69/1 پر لفظ ''رجاء'' کے تحت یہ تحریر کیا ہے: ''مرجئہ' مسلمانوں کا ایک گروہ ہے جو اس بات کے قائل ہیں کہ ایمان صرف قول کا نام ہے' اس میں عمل شامل نہیں ہے' گویا کہ وہ قول کو مقدم کر دیتے ہیں اور عمل کو مؤخر کر دیتے ہیں کیونکہ وہ لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ اگر وہ نماز نہیں بھی پڑھتے' روزے نہیں بھی رکھتے تو اُن کا ایمان اُنہیں نجات دیدے گا''۔ اُن کی بات یہاں ختم ہوگئی۔

تو ان مختلف اطلاقات کے حوالے سے یہ بات سامنے آتی ہے جس شخص کی طرف مطلق طور پر ارجاء کی نسبت کی گئی ہو' اُس کے دین پر الزام عائد نہیں کیا گیا ہوگا اور وہ اہل سنت سے خارج شمار نہیں ہوگا بلکہ اُس مفہوم کا جائزہ لیا جائے گا جس حوالے سے اُس پر ارجاء کا اطلاق کیا گیا ہے' اگر وہ شرعی مفہوم ہوگا تو وہ اہلِ سنت اور اہلِ ہدایت میں سے ہوگا اور اگر وہ مذموم مفہوم ہوگا' تو وہ شخص گمراہی کا شکار اور بھٹکا ہوا ہوگا۔

علامہ محقق لکھنوی نے اپنی کتاب ''الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل'' کی دوسری طباعت کے صفحہ 216 اور تیسری طباعت کے صفحہ 352 پر ایقاظ نمبر 22 کے عنوان کے تحت: سنی ارجاء اور بدعتی ارجاء کے درمیان فرق بیان کیا ہے' جو درج ذیل ہے:

''جس شخص کو علم نہیں ہوتا' وہ یہ گمان کرتا ہے کہ جب وہ ''میزان الاعتدال'' یا ''تہذیب الکمال'' یا ''تہذیب

التہذیب'' یا ''تقریب التہذیب'' یا اس کے علاوہ رجال سے متعلق دیگر کتابوں میں بہت سے راویوں کے بارے میں یہ دیکھتا ہے کہ وہ ''ارجاء'' کا عقیدہ رکھتے تھے' یا اُن پر ''ارجاء'' کا الزام ہے' یا وہ ''مرجئ'' تھے' یا اس طرح کی دیگر عبارات دیکھتا ہے' تو وہ اس گمان کا شکار ہوتا ہے کہ ان لوگوں کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے' تو یہ اہل سنت سے خارج ہیں اور گمراہ فرقوں میں داخل ہیں اور ان کا شمار مرجہ فرقہ میں ہوتا ہے اور اعتقادی بدعت کی وجہ سے یہ مجروح قرار پاتے ہیں اور اسی بنیاد پر بہت سے لوگوں نے امام ابوحنیفہ' اُن کے شاگردوں' اُن کے مشائخ پر بھی طعن کیا ہے' کیونکہ ایسی معتمد کتابوں میں بھی اُن پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے' ان لوگوں کا گمان یہ ہے کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ ''سنی ارجاء'' سے غافل ہیں اور ان کا انتقال تیزی سے اُس ''ارجاء'' کی طرف منتقل ہوتے ہیں جو علماء کے نزدیک گمراہی ہے''۔ اُن کا کلام اختصار کے ساتھ یہاں ختم ہو گیا' اُس کے بعد علامہ لکھنوی نے سنی ارجاء اور بدعتی ارجاء کی وضاحت کرنے میں تقریباً بیس صفحات تحریر کیے ہیں' آپ اُن کو ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

شیخ عبدالفتاح کہتے ہیں: یہاں میں بعض اکابر محدثین کے حالات ذکر کروں گا' جن پر ارجاء کا الزام عائد کیا گیا ہے تاکہ غیر واقف شخص کیلئے اس مسئلہ کی زیادہ وضاحت ہو جائے' اگرچہ اس کی وجہ سے تعلیق کچھ لمبی ہو جائے گی۔

(۱) خطیب بغدادی کی ''تاریخ بغداد'' میں صفحہ 109/6 اور 110' حافظ مزی کی ''تہذیب الکمال'' میں صفحہ 111/2 میں امام حافظ عالمِ خراسان ابراہیم بن طہمان ہروی نیشاپوری ثم مکی کے حالات میں یہ تحریر ہے: ''صحاح ستہ کے مصنفین نے ان سے روایات نقل کی ہیں' سلیمان دارمی بیان کرتے ہیں: حدیث میں یہ ثقہ ہیں اور ائمہ ہمیشہ ان کی نقل کردہ حدیث میں دلچسپی لیتے رہے ہیں' اس میں رغبت رکھتے رہے ہیں اور ان کو ثقہ قرار دیتے رہے ہیں۔ امام ابوداؤد فرماتے ہیں: یہ ثقہ ہیں۔ صالح بن محمد حافظ کہتے ہیں: یہ ثقہ اور حسن الحدیث ہیں' البتہ ایمان کے حوالے سے یہ ارجاء کی طرف میلان رکھتے ہیں' اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے نزدیک ان کی نقل کردہ حدیث کو محبوب کر دیا تھا' یہ روایت میں عمدہ ہیں۔ اسحاق بن راہویہ کہتے ہیں: یہ صحیح الحدیث اور حسن الروایت ہے' کثیر السماع ہیں' خراسان میں ان سے زیادہ حدیث نقل کرنے والا اور کوئی نہیں ہے' یہ ثقہ ہیں۔ شیخ ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی' جو ان کے شہر کے رہنے والے ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے سفیان بن عیینہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: خراسان کا رہنے والا کوئی ایسا شخص ہمارے پاس نہیں آیا' جو عبداللہ بن واقد ہروی سے زیادہ فضیلت رکھتا ہو۔ میں نے کہا: ابراہیم بن طہمان بھی نہیں؟ اُنہوں نے فرمایا: وہ تو ''مرجئ'' تھے۔

ابوصلت کہتے ہیں: اُن کا ارجاء کا نظریہ یہ خبیث مسلک نہیں تھا کہ ایمان' عمل کے بغیر ہوتا ہے' یا عمل کو ترک کرنا ایمان کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا ہے' بلکہ اُن کے ارجاء کا مطلب یہ تھا کہ وہ اہلِ کبائر کے بارے میں مغفرت کی اُمید رکھتے ہیں تاکہ خارجیوں کا اور اُن دیگر فرقوں کا رد ہو جائے جو گناہوں کے ارتکاب کی وجہ سے لوگوں کو کافر قرار دیتے ہیں' تو یہ لوگ ارجاء کا عقیدہ رکھتے ہیں اور گناہوں کی وجہ سے کافر قرار نہیں دیتے ہیں اور ہم لوگ بھی اسی طرح ہیں۔ میں نے وکیع بن جراح کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا

ہے سفیان ثوری نے آخر میں یہ کہا تھا: ہم تمام گناہ کے مرتکب افراد اور کبیرہ گناہ کرنے والوں کیلئے یہ اُمید رکھتے ہیں جو لوگ ہمارے دین کے پیروکار ہیں' ہماری طرح نماز پڑھتے ہیں' خواہ وہ کیسا ہی عمل کیوں نہ کرتے ہوں (کہ آخر کار اُن کی بخشش ہو جائے گی)''۔

(۲) امام ذہبی کی ''میزان الاعتدال'' کے صفحہ 76/1 پر حافظ کبیر امام ابراہیم بن یوسف باہلی بلخی جو ماقیانی کے نام سے معروف ہیں اور صاحبِ رائے ہیں' اُن کے حالات میں یہ تحریر ہے: یہ امام ابویوسف کے ساتھ رہے یہاں تک کہ ماہر ہو گئے (یہاں تک کہ علمِ فقہ میں ماہر ہو گئے) ان سے امام نسائی نے روایات نقل کی ہیں اور انہیں ثقہ قرار دیا ہے۔ امام ابوحاتم کہتے ہیں: ان کے ساتھ مشغول نہیں ہوا جائے گا۔ میں یہ کہتا ہوں: (یہ بات امام ذہبی کہہ رہے ہیں) کہ یہ انکار ارجاء کے عقیدہ کی وجہ سے ہے جو اُن کے اندر پایا جاتا تھا''۔ حافظ ابن حجر نے ''تہذیب التہذیب'' صفحہ 184/1 پر اُن کے حالات میں یہ بات زائد نقل کی ہے: ''امام دارقطنی فرماتے ہیں: میں نے علیک راضی کے سامنے اُن کا ذکر کیا (اس سے مراد علی بن سعید ہیں) تو اُنہوں نے فرمایا: یہ ثقہ ہے' ثقہ ہے۔

(۳) ''تہذیب التہذیب'' صفحہ 320/2 اور صفحہ 321 پر حضرت حسن بن محمد بن علی بن ابوطالب ہاشمی مدنی جن کا انتقال 95 ہجری میں ہوا' جن کے والد محمد بن حنفیہ کے نام سے معروف ہیں' اُن کے حالات میں یہ تحریر ہے: ''صحاح ستہ کے تمام مؤلفین نے ان سے روایات نقل کیے ہیں' مصعب زبیری' مغیرہ بن مقسم اور عثمان بن ابراہیم حاتمی بیان کرتے ہیں: یہ وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے عقیدۂ ارجاء کے بارے میں کلام کیا تھا' میں یہ کہتا ہوں: (اس بات کے قائل ابن حجر ہیں) حسن بن محمد نے جس ارجاء کے بارے میں کلام کیا تھا' اُس سے مراد وہ والا ارجاء کا عقیدہ نہیں ہے جس پر اہل سنت کو اعتراض ہے' جس کا تعلق ایمان سے ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے حسن بن محمد کی مذکورہ تحریر دیکھی ہے' اُنہوں نے اُس کے آخر میں یہ لکھا ہے: ''ہم حضرت ابوبکر اور حضرت عمر سے محبت رکھتے ہیں اور اُن کے بارے میں کوشش کرتے ہیں' کیونکہ اُمت نے ان کے حوالے سے آپس میں کوئی اختلاف نہیں کیا تھا اور ان کے معاملہ میں کوئی شک نہیں ہوا تھا اور ان کے بعد جو لوگ آزمائش کے شکار ہوئے' اُن کے بارے میں ہم اُمید رکھتے ہیں (کہ اُن کی بخشش ہو جائے گی) ہم اُن کے معاملہ اللہ کے سپرد کرتے ہیں''۔ اس کے بعد اُن کا پورا کلام ہے۔

تو حسن بن محمد نے جس مفہوم کے بارے میں کلام کیا تھا' وہ یہ تھا کہ آزمائش کے دوران آپس میں لڑنے والے دونوں گروہوں میں سے کسی ایک کے بارے میں یہ بات قطعی طور پر نہیں کہی جاسکتی کہ وہ ٹھیک ہے یا درست ہے' اور وہ یہ سمجھتے تھے کہ ان دونوں کے بارے میں یہ اُمید رکھی جائے گی (کہ ان دونوں کو معاف کر دیا جائے گا)۔ جہاں تک اُس ارجاء کا تعلق ہے جس کا تعلق ایمان سے ہے تو اُنہوں نے تو اس موضوع کو چھیڑا ہی نہیں ہے' لہٰذا ان پر اس حوالے سے اعتراض لازم نہیں آتا' باقی اللہ بہتر جانتا ہے''۔ اُن کی بات یہاں اختصار کے ساتھ ختم ہو گئی۔

(علامہ عبدالفتاح) کہتے ہیں: یہ تین مثالیں میں نے اس لیے دی ہیں' تاکہ بات زیادہ طویل نہ ہو جائے' میں نے کتاب ''الرفع والتکمیل'' ایقاظ نمبر: 22 پر تیسری طباعت پر جو تعلیق نقل کی ہے' اُس میں اس سے زیادہ مثالیں دی ہیں' اگر آپ چاہیں تو اُس سے رجوع کر سکتے ہیں۔

اسی طرح حافظ ذہبی نے ''میزان الاعتدال'' میں صفحہ 99/4 پر امام حافظ مسعر بن کدام کوفی احول' جو جلیل القدر اہلِ علم میں سے ایک ہیں' اُن کے حالات میں یہ بات تحریر کی ہے: ''صحاح ستہ کے تمام مؤلفین نے ان سے روایات نقل کی ہیں' وہ حجت ہیں' امام ہیں اور ان کے بارے میں سلیمانی کے اس قول کا اعتبار نہیں کیا جائے گا کہ مرجئہ فرقہ سے تعلق رکھنے والے لوگوں میں مسعر' حماد بن ابوسلیمان' نعمان (یعنی امام ابوحنیفہ)' عمرو بن مرہ' عبدالعزیز بن ابورواد' ابومعاویہ' عمر بن زر شامل ہیں اور پھر اس کے علاوہ اُنہوں نے اہلِ علم کی ایک اور جماعت کا نام بھی ذکر کیا ہے۔ میں یہ کہتا ہوں: (اس بات کے قائل امام ذہبی ہیں) کہ ارجاء کا مسلک جلیل القدر اہلِ علم میں سے متعدد افراد کا مسلک ہے' اس لیے اس کے قائل پر اعتراض کرنا مناسب نہیں ہے''۔ اُن کی بات یہاں ختم ہوگئی۔

•••——•••——•••

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے' جو بڑا مہربان' نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

ہر طرح کی حمد' اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' اللہ تعالیٰ ہمارے سردار' حضرت محمد' اُن کی تمام آل اور اصحاب پر درود نازل کرے

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاَحْقَرُهُمْ وَاَحْوَجُهُمْ اِلٰى عَفْوِهٖ وَاَفْقَرُهُمْ مُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُوْدِ الْعَرَبِيُّ مَحْتِدًا اَلْخَوَارِزْمِيُّ مَوْلِدًا

اللہ تعالیٰ کا ضعیف ترین' حقیر ترین' اس کے درگزر کا سب سے زیادہ محتاج' اور (اس کی بارگاہ کا) سب سے بڑا فقیر بندہ' محمد بن محمود' جو نسلی اعتبار سے عرب ہے' اور جائے پیدائش کے حوالے سے خوارزمی ہے' وہ عرض کرتا ہے:

•••——•••——•••

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ سَقَانَا بِطَوْلِهٖ مِنْ اَصْفٰى شَرَائِعَ- وَكَسَانَا بِفَضْلِهٖ مِنْ اَصْفٰى الْمَدَارِعِ الرَّوَائِعِ- وَاَطْلَعَ وَهُوَ مُطْلِعُ دَرَارِىِّ شَرَائِفِهَا مِنْ اَشْرَفِ الْمَطَالِعِ -سَيِّدَ الْاَصْفِيَاءِ- وَخَاتَمَ الْاَنْبِيَاءِ - وَشَفِيْعَ الْاُمَمِ يَوْمَ الْجَزَاءِ- صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَنْجُمِ الظُّلَمَاءِ- وَسُيُوْفِ الْاَوْلِيَاءِ -وَحُتُوْفِ الْاَعْدَاءِ

اللہ تعالیٰ کے لیے' ہر طرح کی حمد مخصوص ہے' جس نے ہمیں اپنے کرم سے' پاکیزہ ترین شریعت کے ذریعے سیراب کیا' اور اس نے اپنے فضل کے ذریعے' ہمیں صاف اور عمدہ ترین لباس پہنایا' وہی تمام معزز' چمکدار چیزوں کو طلوع (ظاہر) کرنے والا ہے' اُس نے سب سے زیادہ معزز مطلع سے' طلوع (یعنی ظاہر کیا' انہیں جو) اصفیاء کے سردار ہیں' انبیاء (کی بعثت) کے سلسلے کو ختم کرنے والے ہیں' یوم جزاء (یعنی قیامت کے دن' تمام) امتوں کی شفاعت کرنے والے ہیں' اللہ تعالیٰ اُن پر' اُن کی آل پر' اور اُن کے اصحاب پر درود نازل کرے' جو تاریکیوں کے لیے ستارے ہیں' اولیاء کی تلواریں ہیں' اور دشمنوں کے لیے موت ہیں۔

•••——•••——•••

(حمد وصلوٰۃ کے) بعد! بیشک اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام انبیاء کرام علیہم السلام پر فضیلت عطا کی ہے' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں علماء مجتہدین' اور متبحر فقہاء پیدا کیے ہیں' جن کا وصف بیان کرتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

فُقَهَاءُ كَاَنَّهُمْ مِنَ الْفِقْهِ اَنْبِيَاءُ

''فقہاء (دین کی) سمجھ بوجھ کے حوالے سے انبیاء کی طرح ہیں''

اللہ تعالیٰ نے بھی ارشاد فرمایا ہے:

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا

''بیشک اللہ تعالیٰ سے اس کے بندوں میں سے علماء ہی ڈرتے ہیں''

اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کو یہ شرف عطا کیا ہے کہ قرآن مجید میں کئی مقام پر ان کی تعریف بیان کی ہے اور ان حضرات کو اپنے نبی کی زبانی ان انبیاء کی مانند قرار دیا ہے جو اہل تورات و انجیل والے تھے، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

عُلَمَاءُ اُمَّتِيْ كَاَنْبِيَاءِ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ

''میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی طرح ہیں''

## امام اعظم کی تعریف

ان (علماء اور فقہاء) میں سے اجتہاد کے حوالے سے سبقت لے جانے والے اعتقاد کے حوالے سے پاکیزہ ترین رہنمائی کے حوالے سے سب سے زیادہ واضح (رہنمائی کرنے والے) راستے اور میانہ روی کے حوالے سے سب سے زیادہ مضبوط اماموں کے امام اس امت کے چراغ ''ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کوفی'' ہیں جنہوں نے شریعت کے چہرے سے پوشیدگی کے نقاب کو ہٹایا اور فقہ کی پیشانی سے تاریکیوں کے بادل کو دور کیا (مخالف کو بحث میں) ساکت کرنے کے حوالے سے وہ اپنے زمانہ کے علماء کے تمام حلقوں پر فوقیت حاصل کر گئے اور جس مقام پر پاؤں پھسل جایا کرتے ہیں وہاں انہوں نے اپنے قدم مضبوطی سے جما کر رکھے احکام شریعت کی مضبوطی کے لیے انہوں نے اپنی پوری کوششیں صرف کیں تو ان کے بعد آنے والے افراد نے نعمان (کے علوم و معارف) کے سمندر میں غوطے لگائے اور اس میں سے ان کے فوائد کے جواہرات کو نکالا اور ان کے یکتا موتیوں میں سے پاکیزہ ترین کے ذریعے وہ سیراب ہوئے اور ان کے دسترخوان کی دقیق اور اشتہا انگیز غذاؤں کو انہوں نے حاصل کیا تو جس نے ان سے کھانے کے لیے کچھ مانگا یا ان سے عظمت (یا ہڈی) مانگی تو اس نے حلال چیز کو حاصل کیا اور لوگ فقہ میں ان کے زیر کفالت ہیں۔

## امام شافعی کے کلمات

جیسا کہ امام معظم صدر مفخم (امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس) شافعی مطلبی ہیں جو نبی اکرم ﷺ کے چچا کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے یہ فرمایا ہے:

اَلنَّاسُ عَيَالُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِي الْفِقْهِ

''لوگ فقہ میں امام ابوحنیفہ کے عیال ہیں''

اسی مفہوم کو مشرق و مغرب کے سب سے بڑے خطیب ابومؤید مکی خوارزمی نے شعر کی شکل میں موزوں کیا ہے جیسا کہ صدر کبیر شرف الدین احمد بن مؤید بن موفق مکی نے خوارزم میں مجھے یہ شعر سنایا انہوں نے بتایا: میرے دادا صدر علامہ مشرق و مغرب کے

سب سے بڑے خطیب' صدر الائمہ ابو مؤید موفق بن احمد مکی خوارزمی نے مجھے اپنے کچھ اشعار سنائے' جن میں انہوں نے امام ابوحنیفہ کی تعریف بیان کی تھی: (ان میں سے ایک شعر یہ ہے:)

اَئِمَّةُ هٰذِهِ الدُّنْيَا جَمِيْعًا ... بِلَا رَيْبٍ عَيَالُ اَبِیْ حَنِيْفَةَ

''اس دنیا کے تمام ائمہ' بلاشبہ امام ابوحنیفہ کے عیال ہیں''

## مسلک حنفی کا پھیلاؤ

اللہ تعالیٰ نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک کو وہاں تک پہنچایا' جہاں تک صبح کی روشنی جاتی ہے' اور جہاں تک ہوا پہنچتی ہے' جہاں سے سورج طلوع ہوتا ہے' وہاں سے لے کر جہاں غروب ہوتا ہے' وہاں تک (امام صاحب کے پیروکار موجود) ہیں' مشرق سندھ' ہندوستان' روم کی اکثریت' جبکہ اہل عراق و شام میں سے ایک گروہ اُن کے مذہب' طریقے اور ان سے محبت (رکھنے کے راستے پر) گامزن ہے' خواہ بغاوت اور سرکشی کی وجہ سے' ان کے مقدم ہونے کا انکار کرنے والے حاسد اور منکر کو یہ بات کتنی ہی بری لگے۔

...——...——...

## وجہ تالیف

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) میں نے شام میں' بعض ایسے افراد کو سنا' جو امام صاحب کی عظمت سے واقف نہیں تھے' وہ امام صاحب کی تنقیص کرتے ہوئے' انہیں کمتر قرار دیتے ہوئے' دوسروں کو اُن سے بڑا قرار دیتے تھے' وہ انہیں حقیر سمجھتے تھے اور اُن کی نسبت قلت حدیث کی طرف کرتے تھے' اور وہ (اپنے مؤقف کی تائید میں) اس بات سے استدلال کرتے تھے' کہ امام شافعی کی ''مسند'' مشہور ہے' جس کو ابوالعباس محمد بن یعقوب اصم نے جمع کیا ہے' اسی طرح امام مالک کی ''مؤطا'' ہے' امام احمد بن حنبل کی ''مسند'' ہے' اور وہ لوگ یہ سمجھتے تھے کہ امام ابوحنیفہ (سے منقول روایات کی) کوئی ''مسند'' نہیں ہے' اور امام ابوحنیفہ نے صرف چند روایت ہی نقل کی ہیں' تو دینی ربانی حمیت' اور حنفی نعمانی عصبیت مجھے لاحق ہوئی اور میں نے یہ ارادہ کیا کہ میں ان 15 مسانید کو جمع کروں' جو علم حدیث کے ماہرین نے جمع کی ہیں (جن کا اجمالی تعارف درج ذیل ہے:)

## مسانید کا اجمالی تعارف

۞۞ پہلی مسند: امام حافظ ابو محمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب بن حارث حارثی بخاری' المعروف بہ ''عبداللہ الاستاذ'' نے' اسے جمع کیا ہے۔

۞۞ دوسری مسند: امام حافظ ابوالقاسم طلحہ بن محمد بن جعفر الشاہد العدل نے اس کو جمع کیا ہے۔

۞۞ تیسری مسند: امام حافظ ابوالخیر محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد نے اس کو جمع کیا ہے۔

۞۞ چوتھی مسند: امام حافظ ابونعیم احمد بن عبداللہ بن احمد اصفہانی نے اس کو جمع کیا ہے۔

۞ 5ویں مسند: شیخ' امام' ثقہ' عدل' ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد انصاری نے اس کو جمع کیا ہے۔

۞ 6ویں مسند: امام' حافظ' صاحبِ جرح وتعدیل' ابواحمد عبداللہ بن عدی جرجانی نے اس کو جمع کیا ہے۔

۞ 7ویں مسند: امام حسن بن زیاد لؤلؤی نے امام ابوحنیفہ سے اس کو روایت کیا ہے۔

۞ 8ویں مسند: امام' حافظ عمر بن حسن اشنانی نے اس کو جمع کیا ہے۔

۞ 9ویں مسند: حافظ' امام ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے اس کو جمع کیا ہے۔

۞ 10ویں مسند: امام' حافظ ابوعبداللہ محمد بن حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے اس کو جمع کیا ہے۔

۞ 11ویں مسند: امام' قاضی ابویوسف یعقوب بن ابراہیم انصاری نے اس کو جمع کیا ہے' اور امام ابوحنیفہ سے اس کو روایت کیا ہے' اس کو ''نسخہ ابی یوسف'' بھی کہتے ہیں۔

۞ 12ویں مسند: امام محمد بن حسن شیبانی نے اس کو جمع کیا ہے' اور امام ابوحنیفہ سے اس کو روایت کیا ہے' اس کو ''نسخہ امام محمد'' بھی کہتے ہیں۔

۞ 13ویں مسند: امام ابوحنیفہ کے صاحبزادے ''حماد'' نے اس کو جمع کیا ہے' اور اپنے والد سے اس کو روایت کیا ہے۔

۞ 14ویں مسند: امام محمد بن حسن نے اس کو بھی جمع کیا ہے' اس میں زیادہ تر روایات تابعین کے بارے میں ہیں' اس کو انہوں نے امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' اور اس کا نام ''الآثار'' رکھا ہے۔

۞ 15ویں مسند: امام' حافظ ابوالقاسم عبداللہ بن محمد بن ابوالعوام سعدی نے اس کو جمع کیا ہے۔

•••——•••——•••

## طرز تالیف وترتیب

تو میں نے اللہ تعالیٰ سے توفیق طلب کی کہ میں ان مسانید کو' ممکنہ حد تک فقہی ابواب کی ترتیب کے مطابق جمع کروں اور انہیں اختصار کے ساتھ مرتب کروں' جس میں مکرر روایات کو حذف کر دیا جائے اور اسناد کے تکرار کو ترک کر دیا جائے' البتہ اگر کوئی ایک حدیث مختلف ابواب کے احکام سے تعلق رکھتی ہو' یا اس کی سند میں اختلاف پایا جاتا ہو' تو اس کو ذکر کر دیا ہے' تاکہ اس کی دلیل کے ذریعے کوشش کرنے والے عالم کو غلبہ حاصل ہو اور جاہل معاند کے شبہ کو دور کیا جا سکے۔

یہاں عبداللہ بن مبارک کا قول اس کے لئے صحیح صادق آئے کہ جب انہوں نے ایک شخص کو امام ابوحنیفہ کے بارے میں طعن کرتے ہوئے سنا' تو انہوں نے یہ دو اشعار موزوں کر کے سنائے:

حَسَدُوْا الْفَتٰى اِذْ لَمْ يَنَالُوْا سَعْيَهُ ... فَالْقَوْمُ اَعْدَاءٌ لَهٗ وَخَصُوْمُ

كَضَرَائِرِ حَسْنَاءَ قُلْنَ لِوَجْهِهَا . . . حَسَدًا وَبُغْضًا اِنَّهٗ لَذَمِيْمُ

''جب لوگ ان کے مرتبے تک نہیں پہنچ سکے' تو انہوں نے حسد شروع کر دیا اور ان کے دشمن اور مخالف ہو گئے' جیسے کسی خوبصورت خاتون کی سوکنیں حسد اور بغض کی وجہ سے اس کے چہرے کے بارے میں کہتی ہیں کہ یہ بدصورت ہے''۔

## خلیفہ مامون الرشید کا خراج تحسین

قاضی ابوعبداللہ صیمری نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات تحریر کی ہے: خلیفہ مامون الرشید کے زمانے میں ایک کتاب تحریر کی گئی اور مامون کو پیش کی گئی، تو کچھ لوگوں نے کہا: امام ابوحنیفہ کے فلاں، فلاں شاگرد، جو آپ کی بارگاہ میں مقرب سمجھے جاتے ہیں وہ ان روایات سے واقف نہیں ہیں۔ (اس کے بعد راوی نے طویل واقعہ تحریر کیا ہے، جس میں آگے چل کر وہ یہ تحریر کرتے ہیں:) تو شیخ عیسیٰ بن ابان نے ایک کتاب تحریر کی، جس کا نام ''الحجۃ الصغیرۃ'' تھا، اس میں انہوں نے روایات کے مختلف طرق بیان کیے اور یہ بیان بیان کیا کہ کون سی روایت کو قبول کرنا لازم ہے؟ کون سی روایت کو قبول نہ کرنا لازم ہے؟ کون سی روایت کی تاویل لازم ہے اور جب متضاد روایات سامنے آجائیں تو کس پر عمل لازم ہوگا؟ اس کتاب میں انہوں نے امام ابوحنیفہ کے دلائل بھی تحریر کیے، جب مامون نے اس کتاب کو پڑھا، تو اس نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں دعائیہ کلمات کہے اور پھر مثال کے طور پر عبداللہ بن مبارک کے یہ دو شعار پڑھے: ''حَسَدُوا الْفَتٰی''

مناقب تحریر کرنے والے اکثر مصنفین نے اپنی سند کے ساتھ مکرم بن احمد کے حوالے سے علی بن حسین کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے: محدثین کے ائمہ کے امام، جن کے ہاتھ میں جرح وتعدیل کی لگامیں ہیں، یعنی یحییٰ بن معین، اگر کوئی شخص ان کے سامنے امام ابوحنیفہ پر طعن کا ذکر کرتا، تو وہ بھی مثال کے طور پر عبداللہ بن مبارک کے یہی دو اشعار پڑھا کرتے تھے۔

صدر کبیر شرف الدین احمد بن موید بن موفق مکی خوارزمی بیان کرتے ہیں: میرے دادا صدر، علامہ مشرق ومغرب کے سب سے بڑے خطیب ابوالمؤید موفق بن احمد مکی خوارزمی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنا یہ شعر سنایا:

اَیَا جَبَلَیْ نُعْمَانَ اَنَّ حِصَاکُمَا لَتُحْصٰی وَلَا تُحْصٰی فَضَائِلُ نُعْمَانَ

جَلَائِلَ کُتُبِ الْفِقْهِ طَالِعْ تَجِدْبِهَا دَقَائِقَ نُعْمَانَ شَقَائِقَ نُعْمَانَ

''اے نعمان نام کے دو پہاڑو! تمہاری کنکریوں کا شمار کیا جاسکتا ہے، لیکن نعمان (یعنی امام ابوحنیفہ) کے فضائل شمار نہیں کیے جاسکتے ہیں' (اے سامع!) تم فقہ کی بڑی' بڑی کتابوں کا مطالعہ کرو، تمہیں ان کتابوں میں امام ابوحنیفہ (کی بیان کی ہوئی) دقیق اور تحقیقی باتیں ملیں گی''۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) میں اس اللہ سے سوال کرتا ہوں، جس نے اپنی نعمت کو پھیلایا ہے اور جس کی رحمت اس کے غضب پر سبقت لے گئی ہے (اس سے یہ دعا کرتا ہوں) کہ وہ ہم گناہگار لوگوں پر اپنے کرم کی بارش کردے اور اس کے ذریعے ہماری سیاہیوں کو دھودے اور اس کے ذریعے ہمارے گناہوں کی مغفرت کردے، بیشک وہ جواد' کریم' احسان کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

## چالیس ابواب پر تقسیم کی وجہ

میں نے یہ ارادہ کیا ہے کہ میں ان مسانید کے ''اختصار'' کو چالیس ابواب میں مرتب کروں گا' اس حوالے سے میری نیت صرف ثواب کا حصول ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ جو شخص نبی اکرم ﷺ کی چالیس احادیث نقل کر کے امت تک پہنچاتا ہے' اس کی

فضیلت کے بارے میں حدیث منقول ہے جسے حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت ابوسعید خدری، حضرت ابوہریرہ، حضرت ابودرداء، حضرت انس بن مالک رضوان اللہ علیہم اجمعین نے روایت کیا ہے ان تمام روایات کے الفاظ میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے البتہ ان کا مفہوم ایک دوسرے کے قریب قریب ہے۔ ان حضرات نے نبی اکرم کے حوالے سے یہ حدیث اس شخص کے بارے میں نقل کی ہے جو چالیس احادیث روایت کرتا ہے یا امت کے لئے چالیس احادیث محفوظ کر لیتا ہے۔

## حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کی پہلی سند

جہاں تک حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کا تعلق ہے: تو اس کی سند درج ذیل ہے:

۞ سلطان الطریقہ، برہان الحقیقہ نجم الدین ابوالجناب احمد بن عمر بن محمد بن عبداللہ خیوقی خوارزمی

اُن کے سامنے یہ روایت پڑھی گئی اور میں اُس وقت اِس کو سن رہا تھا، یہ جرجانیہ خوارزم کی بات ہے اللہ تعالیٰ اس شہر کو دوبارہ آباد کرے اور اس کی تعمیر نو کرنے والے کو اس کا امیر بنائے، یہ وہاں مدرسہ نظامیہ میں 615ہجری کی بات ہے

۞ شیخ، عادل، ثقہ، معمر، صالح بن شجاع بن محمد مدلجی، ان سے "مصر" میں (اس روایت کا سماع کیا) اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تک اُس (مصر) کی حفاظت کرے۔

۞ شیخ، معمر، ابونصر الاغر بن ابوالفضائل بن ابونصر بن علیق، اُن کے سامنے مدینۃ السلام میں، جامع المنصور میں یہ روایت پڑھی جارہی تھی، اور میں اس کا سماع کر رہا تھا، ان تینوں حضرات نے یہ روایت:

۞ امام حافظ شیخ الاسلام ابوطاہر احمد بن محمد بن احمد سلفی اصفہانی (سے روایت کی ہے)

(پہلے بزرگ یعنی شیخ نجم الدین نے "سماع" کے طور پر اور بقیہ دو حضرات نے "اذن" کے طور پر اس کو روایت کیا ہے۔)

۞ ابوعبداللہ قاسم بن فضل بن محمود ثقفی یہ اصفہان کے رئیس ہیں، یہ روایت 488ہجری میں (ابوطاہر سلفی نے اُن سے) روایت کی تھی، (شیخ قاسم بن فضل کا) انتقال 489ہجری میں ہو گیا تھا، ان کی پیدائش 398ہجری میں ہوئی تھی۔

(اس کے بعد کی سند درج ذیل ہے:)

۞ شیخ ابواحمد عبداللہ بن عمر بن عبدالعزیز کرخی -- شیخ ابوبکر محمد بن حسین آجری -- ابوعبداللہ بن محمد بن مخلد عطار -- ابومحمد جعفر بن محمد خندفی -- محمد بن ابراہیم سائح -- عبدالمجید بن عبدالعزیز بن ابورواد -- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -- عطاء بن ابی رباح -- حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ -- حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

مَنْ حَفِظَ عَلٰی اُمَّتِیْ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا مِنْ اَمْرِ دِیْنِهَا بَعَثَهُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فِیْ زُمْرَةِ الْفُقَهَاءِ *

"جو شخص میری امت کے دینی معاملات سے متعلق چالیس احادیث حفظ کرے گا، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو فقہاء کے گروہ میں اُٹھائے گا"۔

* اوردہ المتقی الهندی فی "الکنز" (229182) -وابن الجوزی فی "العلل المتناهیة" -120/1 (163)

## حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کی دوسری سند

۞ (علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) تین اور مشائخ نے بھی مجھے اس روایت کے بارے میں بتایا ہے:

(i) شیخ ابوالدر یاقوت بن عبداللہ جوہری (میں نے ان کے سامنے اس کو پڑھا تھا)

(ii) شیخ ثقہ عادل محمد بن عبداللہ بن محمد بن ابوالفضل سلمی

(iii) شیخ معمر حسن بن محمد بن محمد (انہوں نے مصر میں یہ روایت سنائی تھی)

۞ امام تاج الدین ابوالقاسم منصور بن عبدالمنعم بن عبداللہ بن محمد بن صاعد فزاری (شاذ باخ نیشاپور میں ان کے سامنے یہ روایت پڑھی گئی تھی وہ بیان کرتے ہیں:)

۞ شیخ ابومحمد بن صاعد فزاری کے دادا نے ہمیں یہ روایت سنائی ہے:

۞ شیخ زکی ابوحسن عبدالقاہر بن محمد فارسی نے تحریری طور پر یہ روایت نقل کی:

۞ شیخ ابوحمزہ محمد بن احمد بن حمدان حیری نے ہمیں بتایا -- حسن بن سفیان -- علی بن حجر -- اسحاق بن نجیح -- ابن جریج -- عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے یہ روایت نقل کرتے ہیں:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

مَنْ حَفِظَ عَلٰى اُمَّتِیْ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا مِنَ السُّنَّةِ كُنْتُ لَهٗ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ*

''جو شخص میری امت کے لیے سنت (یعنی شرعی احکام) سے متعلق چالیس احادیث حفظ کرے گا قیامت کے دن میں اُس کا شفیع ہوؤں گا''

## حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) جہاں تک حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کا تعلق ہے:

۞ شیخ شیوخ الطریقہ امام ائمۃ الحقیقہ نجم الدین ابوالجناب احمد بن عمر بن محمد بن عبداللہ خوارزمی خیوقی (نے مجھے اس کے بارے میں بتایا میں نے 616 ہجری میں جرجانیہ خوارزم میں اُن کے سامنے اِس کو پڑھا تھا)

۞ حافظ ابوطاہر احمد بن محمد بن احمد سلفی اصفہانی (انہوں نے اسکندریہ میں اس کو روایت کیا وہ بیان کرتے ہیں:)

۞ قاضی ابونصر محمد بن علی بن عبداللہ بن احمد بن صالح بن سلیمان بن ودعان یہ موصل کے حکمران ہیں یہ ہمارے پاس بغداد آئے تھے تو میں ان کے سامنے درج ذیل سند کے ساتھ یہ روایت پڑھی:

۞ شیخ امام ابوالفتح احمد بن عبداللہ بن احمد بن ودعان -- ابوسعید آملی -- قاضی ابومحمد عبداللہ بن احمد -- انہوں نے اپنے والد سے -- ابوعلی حسن بن صباح بزار -- سفیان بن عیینہ -- عمرو بن دینار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

حضرت عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

*اورده المتقی الهندی فی "الکنز" (29188) -وابن الجوزی فی "العلل المتناهیة" 122/1 -وابن عدی فی الکامل

مَنْ نَقَلَ عَنِّیْ اِلٰی مَنْ لَمْ یَلْحَقْنِیْ مِنْ اُمَّتِیْ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا کُتِبَ فِیْ زُمْرَةِ الْعُلَمَاءِ وَحُشِرَ فِیْ جُمْلَةِ الشُّهَدَاءِ وَمَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ *

''میری امت کا جو شخص مجھ تک نہیں پہنچ پایا' جو شخص میری چالیس احادیث اُس تک پہنچادے' تو اُس (پہنچانے والے) کا نام علماء کے گروہ میں نوٹ کیا جائے گا اور اُس کو شہداء کے ساتھ اٹھایا جائے گا' اور جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے' تو اس کو جہنم میں اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچنے کے لیے تیار رہنا چاہیے''

## حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) جہاں تک حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کا تعلق ہے' تو مذکورہ شیخ نے' شیخ ابوالفتح احمد بن عبداللہ بن احمد بن ودعان تک اپنی مذکورہ بالا سند کے ساتھ یہ روایت مجھے بیان کی ہے (اس سے آگے کی سند درج ذیل ہے:)

ابوالعباس احمد بن حسن مؤدب -- علی بن شعیب بزار -- اسماعیل بن ابراہیم اسدی -- عباد بن اسحاق -- عبدالرحمٰن بن معاویہ -- حارث مولیٰ ابن سباع کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

مَنْ حَفِظَ عَلٰی اُمَّتِیْ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا مِنْ سُنَّتِیْ اَدْخَلْتُهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فِیْ شَفَاعَتِیْ **

''جو شخص میری امت کے لیے میری سنت (یعنی شرعی احکام) سے تعلق رکھنے والی' چالیس احادیث حفظ کرے گا' قیامت کے دن' میں اس کو اپنی شفاعت میں داخل کروں گا''

## حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) جہاں تک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کا تعلق ہے:

تین مشائخ نے مجھے اس کے بارے میں خبر دی ہے:

(i) شیخ نجم الدین ابوالجناب احمد بن عمر بن محمد بن عبداللہ خوارزمی خیوفی' (جرجانیہ خوارزم میں اُن کے سامنے یہ روایت پڑھی جارہی تھی اور میں اس کا سماع کر رہا تھا)

(ii) شیخ' معمر' نیک' صالح بن محمد مدلجی (ان سے مصر میں یہ روایت سنی ہے)

(iii) شیخ' معمر' ابونصر الاغر بن ابوالفضائل فضائل ابن ابونصر بن علیق' (ان حضرات نے درج ذیل سند کے ساتھ یہ روایت نقل کی ہے:)

*اورده المتقی الهندی فی "الكنز" (29191)-وابن الجوزی فی "العلل المتناهية"-124/1 (177)

** اورده العجلونی فی "كشف الخفاء" 322/2 (2465)-وابن الجوزی فی "العلل المتناهية" 121/1 (166)-و المتقی الهندی فی "الكنز" (29184)-

ابوطاہر احمد بن محمد بن احمد سلفی -- ابومظفر سعد بن حسن بصاص -- ابوسہل احمد بن احمد صیرفی -- عبداللہ بن احمد بن عبدالوہاب -- محمد بن عمر بن حفص -- عبداللہ بن الہیثم -- سہل بن جعفر -- اسحاق بن نجیح -- ابن جریج -- عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

مَنْ رَوٰی عَنِّیْ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا حُشِرَ فِیْ زُمْرَۃِ الْعُلَمَاءِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ*

''جو شخص میرے حوالے سے چالیس احادیث روایت کرے' قیامت کے دن اُس کو علماء کے گروہ میں اٹھایا جائے گا''

## حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) جہاں تک حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کا تعلق ہے: تو تین مشائخ نے مجھے (درج ذیل سند کے ساتھ) اس کے بارے میں بتایا ہے: شیخ ابوطاہر سلفی -- ابوسعد ہبۃ اللہ بن علی بن فضل شیرازی -- ابوطالب محمد بن محمد بن ابراہیم بن غیلان -- ابوبکر محمد بن ابراہیم شافعی -- عبداللہ بن ابوالدنیا -- فضل بن غانم -- عبدالملک بن ہارون -- اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں:

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

مَنْ حَفِظَ عَلٰی اُمَّتِیْ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا مِنْ اَمْرِ دِیْنِهَا بَعَثَهُ اللهُ فَقِیْهًا وَکُنْتُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ شَافِعًا وَشَهِیْدًا**

''جو شخص میری امت کے دینی معاملات سے متعلق چالیس احادیث حفظ کرے گا' اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) اس کو فقیہ کے طور پر زندہ کرے گا' اور قیامت کے دن میں اس کا شفیع اور گواہ ہوؤں گا''۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) تو میں یہ کہتا ہوں: ویسے توفیق اللہ تعالیٰ ہی کی مدد سے حاصل ہوسکتی ہے' وہ میرے لیے کافی ہے اور بہترین کارساز ہے۔

•••——•••——•••

## ابواب کا اجمالی تعارف

(ہم نے اپنی اس کتاب کو درج ذیل چالیس ابواب میں تقسیم کیا ہے:)

(پہلا باب) امام صاحب کے کچھ انفرادی فضائل کا تذکرہ' (جن کی انفرادیت پر) اجماع ہے

---

*اخرجه البيهقى فى "شعب الايمان" 270/2(1726)-وابن الجوزى فى "العلل المتناهية"( 122/1)170-والحافظ فى لسان الميزان(232/6)

**اخرجه البيهقى فى " شعب الايمان" 270/2(1726)- وابن الجوزى فى "العلل المتناهية" 120/1 -وابن حبان فى "المجروحين"132/2(731)

(دوسراباب) ان مسانید کے مرتبین تک ہماری اسناد کا تذکرہ

(تیسراباب) ایمان سے متعلق وہ روایات جنہیں عام طور پر فقہ میں ذکر نہیں کیا جاتا ہے

(چوتھاباب) طہارت کے بارے میں روایات

(5واں باب) نماز کے بارے میں روایات

(6واں باب) زکوۃ کے بارے میں روایات

(7واں باب) روزے کے بارے میں روایات

(8واں باب) حج کے بارے میں روایات

(9واں باب) خرید وفروخت کے بارے میں روایات

(10واں باب) بیع صرف کے بارے میں روایات

(11واں باب) رہن کے بارے میں روایات

(12واں باب) حجر (تصرف سے روکنے) کے بارے میں روایات

(13واں باب) اجارہ کے بارے میں روایات

(14واں باب) شفعہ کے بارے میں روایات

(15واں باب) مضاربت اور شراکت داری کے بارے میں روایات

(16واں باب) کفالت کے بارے میں روایات

(17واں باب) صلح کے بارے میں روایات

(18واں باب) ہبہ کے بارے میں روایات

(19واں باب) غصب کے بارے میں روایات

(20واں باب) قرض ودیعت اور عاریت کے بارے میں روایات

(21واں باب) ماذون (غلام) کے بارے میں روایات

(22واں باب) مزارعت اور مساقات کے بارے میں روایات

(23واں باب) نکاح کے بارے میں روایات

(24واں باب) طلاق کے بارے میں روایات

(25واں باب) نفقات (خرچ فراہم کرنے) کے بارے میں روایات

(26واں باب) عتاق (غلام آزاد کرنے) کے بارے میں روایات

(27واں باب) مکاتب (غلام) کے بارے میں روایات

(28واں باب)(غلام کی)ولاء کے بارے میں روایات

(29واں باب)جنایات کے بارے میں روایات

(30واں باب)حدود کے بارے میں روایات

(31واں باب)چوری کے بارے میں روایات

(32واں باب)قربانی' شکار اور ذبیحہ کے بارے میں روایات

(33واں باب)قسموں کے بارے میں روایات

(34واں باب)دعویٰ کے بارے میں روایات

(35واں باب)گواہیوں کے بارے میں روایات

(36واں باب)قاضی کے آداب کے بارے میں روایات

(37واں باب)سیر (قانون بین الاقوام) کے بارے میں روایات

(38واں باب)ممنوع اور مباح کے بارے میں روایات

(39واں باب)وصیت اور وراثت کے بارے میں روایات

(40واں باب)ان مسانید میں مذکور مشائخ (یعنی راویان حدیث) کی معرفت

•••——•••——•••

## 40ویں باب کی مزید وضاحت

یہ باب حروف تہجی کی ترتیب کے اعتبار سے ہوگا' اور اس باب میں کچھ فصول ہیں:

(فصل) اُن اصحابِ رسول کی معرفت' جن کا ذکر اِن مسانید میں ہوا ہے

(فصل) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین عظام کے طبقہ سے تعلق رکھنے والے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مشائخ کا تذکرہ' جن کی تعداد 300 کے لگ بھگ ہے

(فصل) امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے اُن شاگردوں کا تذکرہ' جنہوں نے اس کتاب میں امام صاحب سے روایات نقل کی ہیں' یہ 500 (کے لگ بھگ) یا اس سے بھی زیادہ ہیں' اس میں اُن حضرات کا بھی ذکر آجائے گا جن سے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "مسند" میں روایات نقل کی ہیں' (امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی) وہ "مسند"، جس کو ابوعباس محمد بن یعقوب اصم رحمۃ اللہ علیہ نے جمع کیا ہے' اس "مسند" میں اُن کے تمام مشائخ' جن میں امام ابوحنیفہ کے اصحاب سمیت' دیگر مشائخ بھی شامل ہیں' ان کی تعداد 302 ہے' اور اس (فصل میں) یہ بھی ذکر ہوگا' کہ امام ابوحنیفہ کے اصحاب میں سے کن حضرات سے امام احمد بن حنبل' امام بخاری' امام مسلم' یا اُن کے مشائخ نے روایات نقل کی ہیں؟

پہلا باب

# امام اعظم کے کچھ انفرادی فضائل کا تذکرہ

# (جن کی انفرادیت پر) اتفاق ہے

ان کے مناقب اور فضائل کنکریوں کی طرح ہیں' جنہیں نہ تو گنا جاسکتا ہے اور نہ ہی شمار کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی ان کا مکمل احاطہ کیا جاسکتا ہے' لیکن ان کے فضائل میں سے کچھ ایسے مخصوص فضائل بھی ہیں جو'ان کی انفرادی خصوصیت ہیں' اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ ان کے بعد آنے والوں میں سے کوئی بھی ان فضائل میں ان کا شریک نہیں ہے اور ان فضائل کو شمار بھی کیا جاسکتا ہے' تو ان فضائل کو دس انواع (یعنی اقسام) میں جمع کیا گیا ہے۔

## دس انواع کا اجمالی تعارف

(پہلی نوع) جو ان روایات کے بارے میں ہے' جن میں ان کی تعریف ہوئی ہے اور ایسی تعریف بعد میں کسی کی نہیں ہوئی۔

(دوسری نوع) آپ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے میں اور اس صدی میں پیدا ہوئے جس کے بارے میں (بھلائی موجود ہونے) کی گواہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے' بعد کے کسی زمانے کے بارے میں (یہ خوشخبری نہیں ہے)۔

(تیسری نوع) امام صاحب نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے روایات نقل کی ہیں اور بعد والوں میں سے (کسی امام کو یہ شرف حاصل نہیں ہے)

(چوتھی نوع) آپ کا ظہور تابعین کے زمانے میں ہوا اور بعد والوں میں سے (کسی امام کو یہ شرف حاصل نہیں ہے)

(پانچویں نوع) تابعین اور علمائے مسلمین میں سے' اکابر اہل علم نے امام صاحب سے روایات نقل کی ہیں اور بعد والوں میں سے (کسی امام کو یہ شرف حاصل نہیں ہے)

(چھٹی نوع) آپ نے چار ہزار تابعین اور ان کے علاوہ دیگر حضرات کی شاگردی اختیار کی اور ان سے استفادہ کیا اور بعد والوں میں سے (کسی امام کو یہ شرف حاصل نہیں ہے)

(ساتویں نوع) آپ کے شاگردوں میں' ایسے جلیل القدر فقہاء شامل ہوئے' جو بعد میں کسی اور امام کے حصے میں نہیں آئے۔

(آٹھویں نوع) آپ نے احکام کے استنباط' اجتہاد کے قواعد کی بنیاد سازی اور فروعی مسائل کی وضاحت کا آغاز کیا اور یہ چیز آپ کے بعد والے ائمہ میں سے کسی کو نصیب نہیں ہوئی۔

(نویں نوع) آپ خلفاء سے عطیات قبول نہیں کرتے تھے' بلکہ آپ نے اپنی حلال ذاتی آمدن کو فقہاء کی جماعت پر خرچ کیا

صحیح بعد والے ائمہ کے حصے میں نہیں آئی۔

(دسویں نوع) آپ کی وفات اور شہادت کی بنیادی وجہ یہ بنی کہ آپ نے دنیا اور اس کے مرتبہ ومقام سے اجتناب کیا اور یہ بات بعد والے حضرات میں سے کسی کے حصے میں نہیں آئی۔

## پانچویں قسم:

صدر کبیر' شرف الدین احمد بن مؤید بن موفق بن احمد مکی نے ''خوارزم'' میں -- اپنے دادا' صدر' علامہ' ابومؤید موفق بن احمد مکی -- شیخ' زاہد' محمد بن اسحاق سراجی خوارزمی -- ابوجعفر عمر بن احمد کرابیسی -- امام ابوالفضل محمد بن حسن ناصحی -- ابومحمد حسن بن علی -- ابوسہل عبدالحمید بن محمد طوانی -- اُن کے والد -- ابوالقاسم یونس بن طاہر بصری -- ابویوسف احمد بن محمد واعظ سے ''رباط'' میں -- ابراہیم بن ادہم -- ابوعبداللہ محمد بن نصیر وراق -- ابوعبداللہ مامون بن احمد بن خالد -- ابوعلی بن احمد بن علی حنفی -- فضل بن موسیٰ سینانی -- محمد بن عمرو -- ابوسلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

يَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ اَبُوْ حَنِيْفَةَ هُوَ سِرَاجُ اُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

''میری امت میں ایک شخص ہوگا' جس کا نام ابوحنیفہ ہوگا' قیامت کے دن وہ میری امت کا چراغ ہوگا''

اس روایت کے بارے میں' پانچ مشائخ نے عالی سند کے ساتھ مجھے خبر دی ہے:

شیخ' معمر' احمد بن مفرج بن مسلمہ -- شیخ' معمر' ابوالفضل اسماعیل بن احمد بن حسین عراقی' ان دونوں حضرات نے ''دمشق'' میں -- شیخ' معمر' ضیاء الدین صفر بن یحییٰ بن صفر -- شیخ' فقیہ' شرف الدین عبدالرحمٰن بن عبدالرحیم بن عبدالرحمٰن' ان دونوں حضرات نے ''حلب'' میں -- شیخ' معمر' عیسیٰ بن سلامہ بن سالم خیاط حرانی نے ''حران'' میں -- (ان سب حضرات نے درج ذیل سند کے ساتھ یہ روایت نقل کی ہے:)

ابوالفتح محمد بن عبدالباقی بن احمد المعروف بہ ''ابن البطی'' -- ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون -- قاضی ابوالعلاء محمد بن علی واسطی اور ابوعبداللہ احمد بن محمد بن علی قصری -- ابوزید حسین بن حسن بن علی بن عامر کندی -- ابوعبداللہ محمد بن سعید مروزی -- سلیمان بن جابر بن سلیمان بن یاسر بن جابر -- بشر بن یحییٰ -- فضل بن موسیٰ سینانی -- محمد بن عمرو' جو ابن علقمہ بن وقاص لیثی ہیں -- ابوسلمہ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

اِنَّ فِيْ اُمَّتِيْ رَجُلاً (وَفِيْ حَدِيْثِ الْقَصْرِيِّ) يَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ رَجُلٌ اِسْمُهُ النُّعْمَانُ وَكُنْيَتُهٗ اَبُوْ حَنِيْفَةَ هُوَ سِرَاجُ اُمَّتِيْ هُوَ سِرَاجُ اُمَّتِيْ هُوَ سِرَاجُ اُمَّتِيْ

''میری امت کا ایک شخص (یہاں قصری کی روایت میں یہ الفاظ ہیں:) میری امت میں ایک شخص ہوگا' جس کا نام نعمان ہوگا اور اس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی' وہ میری امت کا چراغ ہے' وہ میری امت کا چراغ ہے' وہ میری امت کا چراغ

ہے''

ابوالعلاء واسطی بیان کرتے ہیں: قاضی ابوعبداللہ صیمری نے مجھ سے یہ روایت نوٹ کی ہے۔

حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے اپنی ''مسند'' میں --ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون --ابوالعلاء واسطی اور ابو عبداللہ قصری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے' جیسا کہ ہم پہلے اس کو نقل کر چکے ہیں۔

حافظ ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب نے اپنی تصنیف ''تاریخ بغداد'' میں --ابوالعلاء واسطی اور ابوعبداللہ احمد بن محمد بن علی قصری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے' جیسا کہ ہم پہلے اس کو نقل کر چکے ہیں۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی بن محمد انصاری نے --ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب --ابو العلاء (واسطی) اور ابوعبد اللہ (قصری) کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے' جیسا کہ ہم پہلے اس کو نقل کر چکے ہیں۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے تین مشائخ نے خبر دی ہے:

(i) شرف الدین حسن بن ابراہیم بن حسین بن یوسف ب نے ''دمشق'' میں

(ii) شرف الدین ابومحمد عبدالعزیز بن محمد بن عبدالمحسن انصاری نے شام کے علاقے ''حماۃ'' میں

(iii) عزالدین عبدالرزاق ابن رزق اللہ (ان حضرات نے ''اذن'' کے طور پر' خبر دی ہے:)

ابوالیمن زید بن حسن بن زید کندی --ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد قزاز --احمد بن علی --ابوحسن احمد بن عمر بن روح نہروانی -- ابوبکر محمد بن اسحاق بن محمد بن عیسیٰ قطیعی --ابواحمد محمد بن حامد بن محمد بن ابراہیم --محمد بن یزید بن عبداللہ سلمی --سلیمان بن قیس -- ابومعلات مہاجر --ابان بن ابوعیاش کے حوالے سے روایت کرتے ہیں:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

سَيَاْتِىْ مِنْ بَعْدِىْ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ وَيُكْنٰى اَبَا حَنِيْفَةَ لَيُحْيِيَنَّ دِيْنُ اللهِ وَسُنَّتِىْ عَلٰى يَدَيْهِ

''عنقریب میرے بعد ایک شخص آئے گا' جس کا نام نعمان ہوگا اور اس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی' اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے دین اور میری سنت کا احیاء ہوگا''۔

حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے --ابوحسن احمد بن عمر بن روح نہروانی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے' جیسا کہ ہم پہلے اس کو نقل کر چکے ہیں۔

حافظ ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب نے اپنی ''تاریخ'' میں ابوحسن احمد بن عمر بن روح نہروانی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے' جیسا کہ ہم پہلے اس کو نقل کر چکے ہیں۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی --ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب نے --احمد بن عمر بن روح نہروانی کے حوالے سے' اپنی سند کے ساتھ' یہ روایت نقل کی ہے' جیسا کہ ہم پہلے اس کو نقل کر چکے ہیں۔

یہ دونوں روایات حافظانِ حدیث کی ایک جماعت نے بھی نقل کی ہیں‘ جن کا (تمام) طرق کا ذکر کرنا طوالت کا باعث ہوگا۔
خطیب نے اپنی تاریخ میں یہ بات بیان کی ہے: احمد بن روح‘ صدوق تھے‘ ادبیات میں دسترس رکھتے تھے‘ (علمی) مذاکرہ اور (تحقیقی) محاضرہ میں بہترین تھے۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) صدر الکبیر شرف الدین احمد بن مؤید بن موفق ابن احمد مکی خوارزمی نے -- اپنے دادا‘ صدر الائمہ مؤید موفق بن احمد مکی -- عبدالحمید بن احمد براتقینی -- امام محمد بن اسحاق سراجی خوارزمی -- ابوحفص عمر بن احمد کرابیسی -- شیخ محمد بن حسن ناصحی -- صوفی ابومحمد حسن بن محمد -- ابوسہل عبدالحمید بن محمد طوانی -- اُن کے والد -- ابوالقاسم یونس بن طاہر نصری -- ابونصر احمد بن حسین ادیب -- ابوسعید احمد بن محمد بن بشر -- محمد بن یزید -- سعید بن بشر -- حماد -- ایک شخص -- نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کرتے ہیں:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

يَظْهَرُ مِنْ بَعْدِي رَجُلٌ يُعْرَفُ بِاَبِيْ حَنِيْفَةَ يُحْيِي اللّٰهُ سُنَّتِيْ عَلٰى يَدَيْهِ

"میرے بعد ایک شخص ظاہر ہوگا جو ابوحنیفہ کے نام سے پہچانا جائے گا‘ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے میری سنت کا احیاء کرے گا"۔

یونس بن طاہر نصری تک اسی سند کے ساتھ یہ منقول ہے: محمد بن موسیٰ -- ابوعلی حسن بن محمد رازی -- احمد بن یحییٰ قزوینی -- حسین بن اسماعیل بن حسن بن قحطبہ -- محمد بن سعید قاضی -- حجاج بن بسطام کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: عبیداللہ بن حسن بن عبد الرحمٰن مغفل بیان کرتے ہیں: میں نے امیر المؤمنین حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

اَلَا اُنَبِّئُكُمْ رَجُلٌ مِنْ كُوْفَانَ مِنْ بَلْدَتِكُمْ هٰذِهٖ اَوْ مِنْ كُوْفَتِكُمْ هٰذِهٖ يُكْنٰى بِاَبِيْ حَنِيْفَةَ قَدْ مُلِيءَ قَلْبُهٗ عِلْمًا وَحِكَمًا وَسَيَهْلِكُ بِهٖ قَوْمٌ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ الْغَالِبِ عَلَيْهِمِ التَّنَابُزُ يُقَالُ لَهُمُ الْبُنَانِيَّةُ كَمَا هَلَكَتِ الرَّافِضَةُ بِاَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا*

"کیا میں تمہیں تمہارے اس شہر کوفہ کے ایک شخص کے بارے میں نہ بتاؤں؟ اس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی‘ اس کا دل علم اور حکمت سے بھرا ہوا ہوگا‘ اس کے حوالے سے‘ آخری زمانے میں ایک قوم‘ جن پر بُرے القاب دینے کا غلبہ ہوگا‘ ان کا نام "بنانیہ" ہوگا‘ وہ اسی طرح ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے‘ جس طرح حضرت ابوبکر t اور حضرت عمر t کے حوالے سے "روافض" ہلاکت کا شکار ہوئے"۔

یونس بن طاہر نصری تک اسی سند کے ساتھ یہ منقول ہے: محمد بن طور -- اپنے والد -- محمد بن علی -- یوسف بن محمد -- محمد بن عبد الملک مروزی -- ابوقتادہ حرانی -- عبداللہ بن واقد -- جعفر بن محمد -- جویبر بن سعید -- ضحاک کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

يَطْلُعُ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَدْرٌ عَلٰى جَمِيْعِ خُرَاسَانَ يُكْنٰى بِاَبِيْ حَنِيْفَةَ

''نبی اکرم ﷺ (کا زمانہ اقدس گزرنے) کے بعد پورے خراسان پر چودھویں کا چاند طلوع ہوگا' جس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی''۔

## حماد بن ابوسلیمان کا بیان

یونس بن طاہر نضری تک اسی سند کے ساتھ یہ منقول ہے: محمد بن موسیٰ -- ابوعلی حسن بن محمد رازی -- احمد بن یحییٰ قزوینی -- حسن بن سماعیل بن حسن کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: ابوعبدالرحمٰن ہزاز بیان کرتے ہیں:

شَهِدْتُّ حَمَّادًا وَجَاءَهُ اَبُوْحَنِيْفَةَ فَقَالَ لَهُ حَمَّادٌ يَا اَبَاحَنِيْفَةَ اَنْتَ النُّعْمَانُ الَّذِىْ ذَكَرَ لَنَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ سَقَى اللّٰهُ زَمَانًا يَكُوْنُ فِيْهِ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ النُّعْمَانُ يُكْنٰى بِاَبِىْ حَنِيْفَةَ يُحْيِى اَحْكَامَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَرَسُوْلِهٖ وَتَجْرِىْ بَعْدَهُ اَبَدًا مَا بَقِىَ الْاِسْلَامُ وَلَا يَهْلِكُ مَنْ اِتَّخَذَهَا وَعَمِلَ بِهَا فَاِنْ اَنْتَ لَقِيْتَهُ فَاقْرَاْهُ مِنِّىَ السَّلَامَ

''(ایک مرتبہ) میں حماد کے پاس موجود تھا' ابوحنیفہ ان کے پاس آئے' تو حماد نے ان سے کہا: اے ابوحنیفہ تم ہی وہ نعمان ہو جس کے بارے میں' ابراہیم (نخعی) نے ہمارے سامنے ذکر کیا تھا' اللہ تعالیٰ ایسے زمانے کو سیراب کرے جس میں ایک شخص ہوگا جس کا نام نعمان اور اس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی' وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے احکام کا احیاء کرے گا' اور اس کے بعد وہ اس وقت تک جاری رہیں گے جب تک اسلام باقی رہے گا' جو شخص انہیں حاصل کرے گا اور ان پر عمل کرے گا وہ ہلاکت کا شکار نہیں ہوگا' (ابراہیم نخعی نے حماد سے کہا تھا:) اگر تمہاری اس سے ملاقات ہو جائے' تو تم اسے میرا سلام کہنا''۔

## کعب احبار کا بیان

یونس بن طاہر نضری تک اسی سند کے ساتھ یہ منقول ہے: محمد بن موسیٰ جرجانی -- ابوعلی حسن بن محمد رازی -- احمد بن یحییٰ قزوینی -- حسن بن اسماعیل -- ابوعبدالرحمٰن مقری -- مسعودی -- محمد بن خالد کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

عَنْ كَعْبِ الْاَحْبَارِ قَالَ اِنِّىْ لَاَجِدُ اَسَامِىَ الْعُلَمَاءِ وَاَهْلِ الْعِلْمِ مَكْتُوْبَةً بِصِفَاتِهِمْ وَاَنْسَابِهِمْ اَهْلَ زَمَانٍ زَمَانٍ وَاِنِّىْ لَاَجِدُ اِسْمَ رَجُلٍ يُقَالُ لَهُ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ يُكْنٰى بِاَبِىْ حَنِيْفَةَ وَاَجِدُ لَهُ شَانًا عَظِيْمًا فِى الْعِلْمِ وَالْفِقْهِ وَالْحِكْمَةِ وَالْعِبَادَةِ وَالزَّهَادَةِ وَقَدْ سَادَ اَهْلَ زَمَانِهٖ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِمَّنْ يَشْبَهُهُمْ وَهُوَ بَدْرُهُمْ يَعِيْشُ مَغْبُوْطًا وَيَمُوْتُ مَغْبُوْطًا

''کعب احبار فرماتے ہیں: میں نے (اپنی مقدس کتاب میں) علماء اور اہل علم کے نام ان کی صفات اور نسب کے حوالے سے پائے ہیں جو مختلف زمانوں سے تعلق رکھتے ہیں اور میں نے ان میں ایک شخص کا نام پایا ہے جس کا نام نعمان بن ثابت ہوگا اور اس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی میں نے علم' فقہ' دانائی' عبادت' زہد کے حوالے سے اس کی عظیم شان

یکی ہے' وہ اپنے زمانے کے اہلِ علم کا سردار ہوگا اور وہ ان کا چودھویں کا چاند ہوگا' وہ قابلِ رشک زندگی بسر کرے گا اور اس کا انتقال بھی قابلِ رشک ہوگا''۔

یونس بن طاہر نصری تک اسی سند کے ساتھ یہ منقول ہے: محمد بن طور --اپنے والد-- محمد بن عباد-- محمد بن علی-- محمد بن ناصر سہل بن آدم مروزی-- عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

ابن شعبی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

فِیْ کُلِّ قَرْنٍ مِنْ اُمَّتِیْ سَابِقُوْنَ وَاَبُوْ حَنِیْفَةَ سَابِقُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ*

''میری امت کی ہر صدی میں سبقت لے جانے والے لوگ ہوں گے اور ابوحنیفہ اس امت کا سبقت لے جانے والا ہے''۔

## امام اعظم کا خواب اور اس کی تعبیر

اسی سند کے ساتھ یہ منقول ہے:

رَاٰی اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِی الْمَنَامِ کَاَنَّهٗ نَبَشَ قَبْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَجَمَعَ عِظَامَهٗ اِلٰی صَدْرِهٖ فَهَالَهٗ ذٰلِكَ فَارْتَحَلَ اِلَی الْبَصْرَةِ فَسَاَلَ مُحَمَّدَ بْنَ سِیْرِیْنَ عَنْ هٰذِهِ الرُّؤْیَا وَقِیْلَ نَفَذَ رَجُلاً فَقَالَ لَهٗ مُحَمَّدُ بْنُ سِیْرِیْنَ لَسْتَ بِصَاحِبِ هٰذِهِ الرُّؤْیَا صَاحِبُ هٰذِهِ الرُّؤْیَا اَبُوْحَنِیْفَةَ فَحَضَرَ اَبُوْحَنِیْفَةَ فَقَالَ اَنَا اَبُوْحَنِیْفَةَ فَقَالَ اِکْشِفْ عَنْ ظَهْرِكَ وَیَسَارِكَ فَکَشَفَ فَرَاٰی بَیْنَ کَتِفَیْهِ اَوْ عَضُدَ یَسَارِهٖ خَالاً فَقَالَ لَهُ ابْنُ سِیْرِیْنَ صَدَقْتَ اَنْتَ اَبُوْحَنِیْفَةَ الَّذِیْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ حَقِّهٖ یَخْرُجُ فِیْ اُمَّتِیْ رَجُلٌ یُقَالُ لَهٗ اَبُوْحَنِیْفَةَ وَبَیْنَ کَتِفَیْهِ وَفِیْ رِوَایَةٍ عَلٰی یَسَارِهٖ خَالٌ یُحْیِی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی یَدَیْهِ سُنَّتِیْ

''امام ابوحنیفہ نے خواب دیکھا کہ وہ نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کھود رہے ہیں اور آپ کی ہڈیاں جمع کر کے اپنے سینے کے ساتھ لگا رہے ہیں۔ وہ اس سے پریشان ہو گئے وہ سفر کر کے بصرہ گئے اور وہاں محمد بن سیرین سے اس خواب کی تعبیر کے بارے میں دریافت کیا۔ یہ بات بیان کی گئی ہے کہ انہوں نے کسی اور شخص کو یہ خواب بیان کرنے کے لئے کہا تھا تو محمد بن سیرین نے اس شخص سے کہا: تمہیں یہ خواب نہیں آیا ہوگا' یہ خواب ابوحنیفہ کو آ سکتا ہے۔ امام ابوحنیفہ بھی وہاں موجود تھے انہوں نے کہا: میں ابوحنیفہ ہوں۔ تو محمد بن سیرین نے کہا: تم اپنی پشت سے بائیں طرف سے کپڑا ہٹاؤ۔ امام ابوحنیفہ نے کپڑا ہٹایا تو محمد بن سیرین نے ان کے دونوں کندھوں کے درمیان یا بائیں بازو پر ایک تل دیکھا تو ابن سیرین نے ان سے کہا: تم نے سچ کہا ہے۔ تم ہی وہ ابوحنیفہ ہو جس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا تھا:

''میری امت میں ایک شخص آئے گا' جس کا نام ابوحنیفہ ہوگا' اس کے دونوں کندھوں کے درمیان (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اس کے بائیں کندھے پر ایک تل ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے میری سنت کو زندہ کرے گا''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے اپنی ''مسند'' میں مختصر روایت کے طور پر -- ابراہیم بن اسحاق -- اسماعیل بن بہرام -- اسباط بن محمد بن عبداللہ کے حوالے سے نقل کیا ہے:

عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ رَاَیْتُ فِی الْمَنَامِ کَاَنِّیْ اَنْبُشُ قَبْرَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ ابْنُ سِیْرِیْنَ اَلرَّائِیْ لِهٰذَا عَالِمٌ یَفْحَصُ عَنْ عِلْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کھود رہا ہوں' (تو اس خواب کے بارے میں) ابن سیرین نے یہ کہا: یہ خواب دیکھنے والا شخص نبی اکرم ﷺ (سے منقول دین کے) علم کی تحقیق کرے گا۔''

## امام جعفر صادق کی پیش گوئی

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) واعظین کے سردار اسماعیل بن محمد حجی نے ''خوارزم'' میں اجازت کے طور پر مجھے یہ روایت سنائی:

صدر' علامہ' صدر الائمہ' ابومؤید موفق بن احمد مکی -- امام ابوالمحاسن حسن بن علی -- ابواسحاق ابراہیم بن اسماعیل الزاہد الصفار -- ابوعلی حسین بن علی الصفار -- ابونصر محمد بن مسلم -- ابوعبداللہ محمد بن عمر -- استاذ ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب حارثی بخاری -- ابو بختری تک اپنی سند کے ساتھ نقل کرتے ہیں:

دَخَلَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ عَلٰی جَعْفَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّادِقِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَلَمَّا نَظَرَ اِلَیْهِ جَعْفَرُ قَالَ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلَیْكَ وَاَنْتَ تُحْیِیْ سُنَّةَ جَدِّیْ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَعْدَمَا اِنْدَرَسَتْ وَتَکُوْنُ مَفْزِعًا لِکُلِّ مَلْهُوْفٍ وَغِیَاثًا لِکُلِّ مَهْمُوْمٍ بِكَ یَسْلُكُ الْمُتَحَیِّرُوْنَ اِذَا وَقَفُوْا وَتُهْدِیْهِمْ اِلَی الْوَاضِحِ مِنَ الطَّرِیْقِ اِذَا تَحَیَّرُوْا فَلَكَ مِنَ اللّٰهِ الْعَوْنُ وَالتَّوْفِیْقُ حَتّٰی یَسْلُكَ بِكَ الرَّبَّانِیُّوْنَ الطَّرِیْقَ

''امام ابوحنیفہ' امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں دیکھ کر فرمایا: میں گویا تمہیں دیکھ رہا ہوں کہ تم میرے جد امجد ﷺ کی سنت کو' اس کے مٹ جانے کے بعد زندہ کرو گے' تم (مذہبی حوالے سے) ہر پریشان حال شخص کی جائے پناہ اور ہر غمگین شخص کے لیے سیرابی کے حصول کا ذریعہ ہو گے' حیران (یعنی بھٹکے ہوئے لوگ) جب رک جائیں گے تو وہ تمہاری مدد سے آگے چلیں گے' تم واضح راستے کی طرف ان کی رہنمائی کرو گے' جب وہ حیران (یعنی بھٹکے ہوئے) ہوں گے' تمہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد اور توفیق حاصل ہوگی' یہاں تک کہ ربانیین (یعنی صوفیاء کرام) بھی تمہارے وسیلے سے راستے پر چلیں گے''۔

ابوالمحاسن حسن بن علی تک' اسی (مذکورہ بالا) سند کے حوالے سے منقول ہے: محمد بن حسن فقیہ -- ضحاک تک اپنی سند کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اِنَّ الرَّاْیَ حَسَنٌ یُغْنِیْ صَاحِبَهٗ وَاِنَّهٗ سَیَکُوْنُ مِنْ بَعْدِنَا رَاْیٌ

حَنِيْفٌ تَجْرِىْ بِهِ الْاَحْكَامُ مَا بَقِيَ الْإِسْلَامُ وَاِنَّهُ كَرَاْيِنَا وَاَحْكَامِنَا يَقُوْمُ بِهِ رَجُلٌ يُّقَالُ لَهُ النُّعْمَانُ بْنُ ثَابِتٍ وَيُكْنٰى بِاَبِيْ حَنِيْفَةَ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ جَهْبَذٌ فِي الْعِلْمِ وَالْفِقْهِ يَصْرِفُ الْاَحْكَامَ عَلٰى وُجُوْهِهَا حَنِيْفِيَّ الدِّيْنِ وَالرَّاْيِ الْحَسَنِ*

''حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رائے اچھی چیز ہے' یہ صاحب رائے شخص کو بے نیاز کر دیتی ہے' عنقریب ہمارے بعد ایک بالکل ٹھیک رائے آئے گی' اسلام کے باقی رہنے تک اس کے مطابق احکام جاری ہوں گے' وہ ہماری رائے اور ہمارے حکم بیان کرنے کی مانند ہوگی' اس رائے کو ایک شخص قائم کرے گا جس کا نام نعمان بن ثابت ہوگا اور اس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی' اس کا تعلق اہل کوفہ سے ہوگا' اور وہ علم اور فقہ کا ماہر ہوگا' وہ احکام کو ان کی اصل صورت کی طرف پھیر دے گا' اس کا دین حنیف ہوگا اور رائے عمدہ ہوگی''۔

## امام شافعی کا حصول تبرک

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) شیخ' ثقہ' تاج الدین ابواحمد بن ابوحسین عربی حنبلی -- (انہوں نے تین مشائخ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:) ابوعلی عبد السلام بن ابوخطاب، ابوبکر عتاب بن حسن بن سعید بن البناء، ابومحمد عبد اللہ بن احمد بن ابوالمجد -- (ان حضرات نے اس سند کے ساتھ یہ روایت نقل کی ہے:) قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد انصاری -- ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب -- ابوعبداللہ صیمری -- قاضی حسین بن علی بن محمد -- محمد بن ابراہیم مقری -- مکرم بن احمد -- محمد بن اسحاق بن ابراہیم کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: علی بن میمون بیان کرتے ہیں: میں نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

اِنِّىْ لَاَتَبَرَّكُ بِاَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَجِيْءُ اِلٰى قَبْرِهٖ فَاَسْاَلُ اللّٰهَ تَعَالَى الْحَاجَةَ عِنْدَهٗ فَمَا تَبْعُدُ عَنِّيْ حَتّٰى تَنْقَضِيَ*

''میں امام ابوحنیفہ کے وسیلے سے برکت کے حصول کا طلبگار رہتا ہوں' میں ان کی قبر پر جاتا ہوں' اور ان کی قبر کے پاس اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے بارے میں سوال کرتا ہوں' تو وہ حاجت جلد پوری ہو جاتی ہے''۔

## صدر الائمہ کے اشعار

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) صدر' کبیر' شرف الدین احمد بن مؤید مکی نے خوارزم میں مجھے سنایا: میرے دادا صدر' علامہ' صدر الائمہ ابومؤید موفق بن احمد مکی نے اپنے یہ اشعار سنائے:

رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ سِرَاجُ دِيْنِىْ ... وَاُمَّتِىْ الْهُدَاةِ اَبُوْحَنِيْفَهْ

غَدَا بَعْدَ الصَّحَابَةِ فِى الْفَتَاوٰى ... لِاَحْمَدَ فِىْ شَرِيْعَتِهٖ خَلِيْفَهْ

سَدٰى دِيْبَاجِ فُتْيَاهُ اجْتِهَادٌ ... وَلُحْمَتُهٗ مِنَ الرَّحْمٰنِ خِيْفَهْ

''اللہ کے رسول نے یہ فرمایا ہے: میرے دین اور میری ہدایت یافتہ امت کا چراغ ابوحنیفہ ہے' (شاعر کہتا ہے: شرعی

مسائل کے بارے میں فتویٰ دینے کے حوالے سے) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد یہ (امام ابوحنیفہ ہی) احمد (مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم) کے خلیفہ ہیں' ان کی فتویٰ نویسی کے ریشم کا تانا' اجتہاد ہوتا ہے اور اس کا بانا' رحمٰن کا خوف ہوتا ہے''

## دوسری قسم:

(دوسری نوع) آپ کے وہ مناقب اور فضائل' جن میں آپ کے بعد آنے والے ارباب مذاہب (یعنی فقہی مسالک کے پیشوا ائمہ) میں سے' کوئی بھی آپ کا شریک نہیں ہے' (ان مناقب اور فضائل میں سے ایک فضیلت یہ ہے کہ) آپ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانے میں پیدا ہوئے۔

## امام اعظم کا سن پیدائش

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) شیخ' معمر' رشید الدین احمد بن مفرج بن مسلمہ نے دمشق میں --امام حافظ ابوالقاسم علی بن حسین بن ہبۃ اللہ شافعی-- ابوالفرج سعید بن ابورجاء صیرفی-- ابوحسین اسکاف-- ابوعبداللہ بن مندہ اصفہانی-- استاذ ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب حارثی بخاری-- احمد بن محمد کوفی-- عبداللہ بن ابراہیم کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

حسن خلال بیان کرتے ہیں: میں نے مزاحم بن ذواد بن علیہ کو اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہوئے سنا ہے:

وُلِدَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ وَمَاتَ سَنَةَ مِائَةٍ وَّخَمْسِيْنَ

''امام ابوحنیفہ 61 ہجری میں پیدا ہوئے' اور آپ کا انتقال 150 ہجری میں ہوا''

حسن خلال اس قول کے حوالے سے منفرد ہے' مشہور قول یہ ہے کہ آپ 80 ہجری میں پیدا ہوئے تھے' جیسا کہ (درج ذیل) تین مشائخ نے مجھے اس کی خبر دی ہے:

شرف الدین حسن ابن ابراہیم بن حسن بن یوسف نے دمشق میں-- شرف الدین بن ابومحمد عبدالعزیز بن محمد بن عبدالمحسن نے حماۃ میں-- عزالدین بن عبدالرزاق-- رزق اللہ نے موصل میں (یہ روایت بیان کی:) تاج الدین ابوالیمن زید بن حسن بن زید کندی-- ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد قزاز-- حافظ ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب-- تنوخی-- ان کے والد-- محمد بن حمدان کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: احمد بن صلت بیان کرتے ہیں: میں نے ابونعیم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

وُلِدَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ مِنَ الْهِجْرَةِ

''ابوحنیفہ 80 ہجری میں پیدا ہوئے تھے''

قاضی ابوعبداللہ حسین بن علی صیمری نے اسی طرح نقل کیا ہے' جیسا کہ اس کے بارے میں مجھے خبر دی ہے:

احمد بن مفرج بن مسلمہ-- ابن البطی-- ابوالفضل حسن بن خیرون-- قاضی صیمری-- احمد بن محمد صیرفی-- علی بن عمر اور حریری-- علی بن محمد نخعی-- حارث بن ابواسامہ-- محمد بن سعد کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

میں نے واقدی کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: (وہ کہتے ہیں:) میں نے امام ابوحنیفہ کے صاحبزادے حماد کو یہ بیان کرتے ہوئے

...

وُلِدَ اَبِیْ سَنَةَ ثَمَانِیْنَ

"میرے والد 80 ہجری میں پیدا ہوئے تھے"

حافظ ابوالقاسم طلحہ بن محمد بن جعفر نعار نے اپنی "مسند" میں اسی طرح نقل کیا ہے' انہی ایام میں حضرت عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب' حضرت ابوامامہ باہلی' حضرت واثلہ بن اسقع' حضرت عمرو بن حریث' حضرت عبداللہ بن ابی اوفی اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ایک جماعت کا انتقال ہوا تھا۔

## آپ کی پیدائش' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں ہوئی

اللہ تعالیٰ کا ضعیف ترین بندہ محمد عربی خوارزمی عرض کرتا ہے: اس سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ امام صاحب' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے میں پیدا ہوئے تھے' اور آپ کا تعلق اس زمانے کے افراد سے ہے جن کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھلائی کی گواہی دی تھی' اور انہیں عدل کی صفت سے متصف قرار دیا ہے' اس حوالے سے محدثین کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے' ان میں سے بعض حضرات نے امام ابوحنیفہ کا شمار دوسرے زمانے سے تعلق رکھنے والے افراد میں کیا ہے' اور بعض حضرات نے اس کا انکار کیا ہے' لیکن اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ آپ کا تعلق اس تیسرے زمانے سے ہے' جس کے بارے میں بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گواہی دی ہے' ان کا اس بات پر بھی اتفاق ہے کہ ان کی پیدائش پہلے دور کے آخر میں ہوئی' ان کی نشوونما دوسرے دور میں ہوئی اور انہوں نے دوسرے دور کے آخر میں اور تیسرے دور کے ابتدائی حصے میں فتویٰ دینا شروع کیا۔

صدر کبیر' شرف الدین' احمد بن مؤید نے مجھے یہ بتایا: صدر' علامہ' صدر الائمۃ' ابوالمؤید موفق بن احمد مکی خوارزمی نے مجھے اپنے یہ اشعار سنائے:

غَدَا مَذْهَبُ النُّعْمَانِ خَيْرَ الْمَذَاهِبِ ... كَذَا الْقَمَرُ الْوَضَّاحُ خَيْرُ الْكَوَاكِبِ

تَفَقَّهَ فِيْ خَيْرِ الْقُرُوْنِ مَعَ التُّقٰى ... فَمَذْهَبُهُ لَا شَكَّ خَيْرُ الْمَذَاهِبِ

"نعمان (یعنی امام ابوحنیفہ) کا مسلک' تمام مسالک سے بہتر ہے' جس طرح روشن چاند تمام ستاروں سے بہتر ہوتا ہے' انہوں نے سب سے بہتر زمانے میں' پرہیزگاری کے ہمراہ علم فقہ حاصل کیا' تو بلاشبہ ان کا مسلک' تمام مسالک میں سب سے بہتر ہے"۔

## تیسری قسم

(تیسری نوع) آپ کے وہ مناقب اور فضائل' جن میں آپ کے بعد آنے والے (فقہی مسالک کے پیشوا ائمہ) میں سے کوئی بھی آپ کا شریک نہیں ہے' (ان مناقب اور فضائل میں سے ایک فضیلت یہ ہے کہ) آپ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے روایات نقل کی ہیں۔

## امام اعظم کا صحابہ کرام سے روایت کرنا

علماء کا اس بات پر اتفاق ہے اگرچہ اُن صحابہ کرام کی تعداد کے بارے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے بعض حضرات کا یہ کہنا ہے: وہ صحابہ کرام 6 ہیں اور ایک خاتون (صحابیہ) ہیں بعض حضرات کا یہ کہنا ہے: وہ صحابہ کرام 5 ہیں اور ایک خاتون (صحابیہ) ہیں بعض حضرات کا یہ کہنا ہے: وہ صحابہ کرام 7 ہیں اور ایک خاتون (صحابیہ) ہیں۔

## پہلا قول

اس کے بارے میں مجھے -- شیخ، امام ابوبکر عبداللہ بن مبارک بن محمد بن محمد بن ابوالمعالی بن محمد بن حسن بن علی بن عبداللہ بن حسن بن علی بن احمد بن علی بن حسن بن محمد بن عقیل بن عثمان بن ابوبکر بن ابوعبداللہ قاسم بن معن بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود ہذلی نے -- مدینہ منورہ میں روضہ مبارک کے سامنے بتایا ہے اللہ تعالیٰ اس کی عظمت اور ہیبت میں اضافہ فرمائے۔

انہوں نے اس کو امام ابوعبداللہ محمد بن عمر قرطبی کے حوالے سے شیخ، صالح، ابوالفتح محمود بن احمد بن علی محمودی سے نقل کیا ہے۔

## حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) شیخ، معمر، عبدالقادر بن عبدالجبار قزوینی (نے اسے درج ذیل سند کے ساتھ نقل کیا ہے:)

عبدالرحمٰن بن احمد بن ابوغالب عمری -- ابوالسعادات احمد بن احمد بن عبدالواحد بن محمد بن عبداللہ بن (عباسی خلیفہ) ابوعیسیٰ محمد بن (عباسی خلیفہ) متوکل بن (عباسی خلیفہ) معتصم بن (عباسی خلیفہ ہارون) الرشید بن (عباسی خلیفہ) مہدی بن (عباسی خلیفہ ابوجعفر) منصور بن محمد بن علی بن حضرت عبداللہ بن حضرت عباس بن جناب عبدالمطلب بن جناب ہاشم -- ابوحسن احمد بن ابوحسن سمنانی -- ابوحسن علی بن احمد بن عیسیٰ نہفقنی -- ابواحمد محمد بن عبداللہ بن خالد ابن احمد ذہلی -- ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن عمرویہ بن عبدالرحمٰن مروزی -- ابوالعباس احمد بن صلت بن مغلس حمانی -- قاضی بشر بن ولید -- قاضی ابویوسف یعقوب بن ابراہیم کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

(9) (أَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيِّ الْخَزْرَجِيِّ النَّجَّارِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُهُ يقول سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

﴿ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ ﴾

---

(9) کتاب جامع المسانید کی احادیث کی تحقیق وتخریج کی خدمت شیخ نجم الدین درکانی نامی محقق نے سرانجام دی۔ انہوں نے کتاب کے مقدمے میں سے چندہ روایات حذف کردیں جو علامہ خوارزمی نے نقل کی تھیں۔ اور پھر ان کی جگہ شیخ نجم الدین درکانی نے اپنی طرف سے آٹھ روایات شامل کیں جو ابنائے فارس کی فضیلت کے بارے میں تھیں۔ لیکن ہم نے علامہ خوارزمی کی ترتیب کو برقرار رکھا ہے اور نجم الدین درکانی کے اضافے کو حذف کردیا ہے اس لئے تخریج میں ترقیم کا آغاز اصل مطبوعہ نسخے کے مطابق حدیث نمبر 9 سے ہورہا ہے۔

(9) اخرجه أبو يعلى في المسند (2837)، وابن ماجه (224) في المقدمة: باب فضل العلماء والحث على طلب العلم، و ابونعيم في حلية الأولياء 8:323، والخطيب في تاريخ بغداد 207-208:4، و111:9، وفي الرّحلة في طلب الحديث (1-2-3)، والطّبراني في الصّغير 1:16

امام ابوحنیفہ نے حضرت انس بن مالک انصاری خزرجی نجاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
"علم حاصل کرنا' ہر مسلمان پر فرض ہے۔"

## حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت

اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: ابوحسن علی بن احمد نہفقنی -- ابوعلی حسن بن علی بن محمد بن اسحاق یمانی دمشقی -- ابوحسن علی بن یحییٰ اسواری -- جعفر بن محمد بن علی اصفہانی -- یونس بن حبیب -- ابوداؤد طیالسی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں:

(10) وُلِدْتُ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ وَقَدِمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُنَيْسٍ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْكُوْفَةَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَرَاَيْتُهٗ وَسَمِعْتُ مِنْهُ وَاَنَا ابْنُ اَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:
﴿حُبُّكَ لِلشَّيْءِ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ﴾

"میں 80 ہجری میں پیدا ہوا' حضرت عبداللہ بن انیس 94 رضی اللہ عنہ ہجری میں کوفہ تشریف لائے' تو میں نے ان سے سماع کیا اس وقت میری عمر 14 برس تھی' میں نے انہیں یہ بیان کرتے ہوئے سنا: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:
"تمہارا کسی چیز سے محبت کرنا، اندھا اور بہرا کر دیتا ہے۔"

## حضرت عبداللہ بن جزء زبیدی رضی اللہ عنہ سے روایت

ابوحسن علی بن احمد نہفقنی تک اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: ابوعلی حسن بن دمشقی -- ابوذر عبدالعزیز بن حسین طبری -- ابوبکر مکرم بن احمد بن مکرم بغدادی -- محمد بن احمد بن سماعہ -- قاضی بشر بن ولید -- قاضی ابویوسف کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

(11) (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ: وُلِدْتُ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ وَحَجَجْتُ مَعَ اَبِيْ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَاَنَا ابْنُ سِتَّ عَشْرَةَ سَنَةً فَلَمَّا دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ رَاَيْتُ حَلْقَةً عَظِيْمَةً فَقُلْتُ لِاَبِيْ حَلْقَةُ مَنْ هٰذِهٖ قَالَ حَلْقَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَزْءٍ الزَّبِيْدِيِّ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَتَقَدَّمْتُ فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:
﴿مَنْ تَفَقَّهَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ كَفَاهُ اللّٰهُ هَمَّهٗ وَرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ﴾

---

(10) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (481)، والحافظ ابن عساكر في تاريخ دمشق 4:234، و يشهد له حديث أبي الدرداء: اخرجه أبو داود (5130) في الأدب: باب في الهوى، واحمد 5:194، والبيهقي في شعب الايمان 368 (411) و (412)، والبخاري في التاريخ الكبير 3:1:172 .

(11) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (33)، والخطيب في تاريخ بغداد 3:32، والعراقي في تخريج أحاديث احياء علوم الدين 1:6، وذكره المتقي الهندي في كنز العمال (28855)

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: میں 80 ہجری میں پیدا ہوا، 96 ہجری میں، میں اپنے والد کے ساتھ حج کرنے کے لئے گیا، اس وقت میری عمر 16 سال تھی، جب میں مسجد حرام میں داخل ہوا' تو وہاں میں نے ایک بڑا حلقہ دیکھا، میں نے اپنے والد سے دریافت کیا: یہ کس کا حلقہ ہے؟ انہوں نے جواب دیا: یہ صحابی رسول حضرت عبداللہ بن جزء زبیدی رضی اللہ عنہ کا حلقہ ہے۔ میں آگے بڑھا تو میں نے انہیں یہ فرماتے ہوئے سنا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص اللہ تعالیٰ کے دین کی سمجھ بوجھ (یعنی دین کا علم) حاصل کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کی پریشانیوں کے حوالے سے 'اس کی کفایت کر دیتا ہے، اور اس کو وہاں سے رزق عطا کرتا ہے، جہاں سے اُس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے۔''

## حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت

اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: -- ابوحسن علی بن احمد نہفقنی -- ابوعلی حسن بن علی دمشقی -- قاضی ابوحسن علی بن غیاث بغدادی -- محمد بن موسیٰ -- جلودی -- محمد بن عیاش -- تمتام یحییٰ بن قاسم کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

(12) اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رُزِقْتُ وَلَدًا قَطُّ وَلَا وَلَدَ لِيْ قَالَ فَاَيْنَ اَنْتَ مِنْ كَثْرَةِ الْاِسْتِغْفَارِ وَكَثْرَةِ الصَّدَقَةِ تُرْزَقُ بِهِمَا وَلَدٌ

قَالَ جَابِرٌ فَكَانَ رَجُلٌ يُكْثِرُ الصَّدَقَةَ فَوُلِدَ لَهُ تِسْعَةُ ذُكُوْرٍ

امام ابوحنیفہ نے -حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں:

ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اور عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اولاد نصیب نہیں ہوئی، میرا کوئی بچہ نہیں ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بکثرت استغفار اور بکثرت صدقہ کیوں نہیں کرتے ہو؟ ان دونوں کی وجہ سے تمہیں اولاد نصیب ہوگی۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس شخص نے بکثرت صدقہ کرنا شروع کیا' تو اللہ تعالیٰ نے اسے 9 بیٹے عطا کئے۔

## حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت

اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: -- ابوحسن علی بن احمد نہفقنی -- ابوعلی حسن بن علی دمشقی -- قاضی ابوحسن علی بن غیاث بغدادی -- محمد بن موسیٰ -- جلودی -- محمد بن عیاش -- تمتام یحییٰ بن قاسم کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(12) اخرجه الحافظ عبد المؤمن بن خلف الدمياطي في جزء جمعه، قاله الحافظ بدر الدين العيني في العمدة 3:481 في ذيل حديث (450).

عَنْ بَنَى لِلّٰهِ مَسْجِدًا وَلَوْ كَمَفْحَصِ قَطَاةٍ بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

امام ابوحنیفہ نے حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے مسجد بناتا ہے، خواہ وہ ''قطاۃ'' پرندے کے گھونسلے جتنی ہو، تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنا دیتا ہے۔''

## حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت

اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: -- ابوحسن علی بن احمد نہفقنی -- ابوعلی حسن بن علی دمشقی -- ابومحمد عبداللہ بن محمد بن حسین ختلی -- طلحہ بن سنان یامی -- ہناد بن سری -- ابوسعید جندی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

(13) (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:
لَا تُظْهِرَنَّ شَمَاتَةً لِاَخِيْكَ فَيُعَافِيَهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيْكَ

امام ابوحنیفہ نے حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم اپنے بھائی کی شماتت ظاہر نہ کرو (یعنی اس کا مذاق نہ اڑاؤ) ورنہ اللہ تعالیٰ اس کو عافیت عطا کر دے گا اور تمہیں اُس (خرابی) میں مبتلا کر دے گا۔''

## سیدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا سے روایت

اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: -- ابوحسن علی بن احمد نہفقنی -- ابوعلی حسن بن علی دمشقی -- ابومحمد عبداللہ بن کثیر رازی -- عبدالرحمٰن بن ابوحاتم رازی -- عباس بن محمد دوری کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

(14) عَنْ يَحْيٰى بْنِ مُعِيْنٍ اَنَّ اَبَا حَنِيْفَةَ صَاحِبَ الرَّايِ سَمِعَ عَائِشَةَ اِبْنَةَ عَجْرَدٍ تَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:
اَكْثَرُ جُنْدِ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ الْجَرَادُ لَا آكُلُهٗ وَلَا اُحَرِّمُهٗ

یحیٰی بن معین فرماتے ہیں: ابوحنیفہ' جو صاحب رائے ہیں' انہوں نے سیدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

(13) اخرجه الحصكفى فى مسند الامام (482)، والترمذى (2506) فى صفة القيامة، والطبرانى فى الكبير: 22(127)، وابونعيم فى الحلية 5:186، والخطيب فى تاريخ بغداد 95-9:96 .

(14) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفى فى "مسند الامام" (404)

☆☆قلت: وقد اخرج ابوداود (3813) فى الاطعمة: باب فى اكل الجراد، وابن ماجة (3219) فى الصيد: باب صيد الحيتان والجراد، والخطيب فى "تاريخ بغداد" 72/14، واللفظ لابى داود،

عن سلمان، قال: سئل النبى ﷺ عن الجراد، فقال: "اكثر جنود الله، لا آكله ولا احرّمه" .

''زمین میں اللہ تعالیٰ کا زیادہ تعداد والا لشکر ٹڈی دل ہے' میں اس کو کھاتا نہیں ہوں' اور اس کو حرام بھی قرار نہیں ہوتا ہوں'

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) تو یہ 6 صحابہ کرام اور صحابیات میں سے ایک خاتون ہو گئیں' رضی اللہ عنہم۔

## حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی تحقیق

جو حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ 5 صحابہ کرام اور ایک خاتون ہیں' تو انہوں نے اِن میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو شمار نہیں کیا ہے' اس کی دو بنیادی وجوہ ہیں:

پہلی وجہ یہ ہے کہ اکثر اہل علم کے نزدیک امام ابوحنیفہ کی پیدائش 80 ہجری میں ہوئی تھی اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا انتقال 79 ہجری میں ہو گیا تھا' تو یہ کیسے تصور کیا جا سکتا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے ان سے روایت نقل کی ہو گی؟

دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ حدیث (جو امام صاحب نے' حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' وہ) ''عن'' کے صیغہ کے ساتھ منقول ہے' جس کا شمار ان روایات میں ہوتا ہے' جن میں تدلیس داخل ہو جاتی ہے' تو روایت کرنے والا یہ گمان کرتا ہے' کہ متعلقہ فرد نے اپنے سے پہلے والے راوی سے سماع کیا ہو گا' حالانکہ اُس نے سماع نہیں کیا ہوتا' اس کی دلیل یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ نے (صحابہ کرام سے جن روایات کا سماع کیا ہے) ان سب میں انہوں نے یہ لفظ روایت کیا ہے ''سمعت (یعنی میں ان سے یہ سنا ہے)'' لیکن انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے جو روایت نقل کی ہے اس میں لفظ ''سمعت'' استعمال نہیں کیا' انہوں نے لفظ ''عن جابر'' استعمال کیا ہے' جیسا کہ کسی بھی حدیث کو ''مرسل'' کے طور پر روایت کرنے میں تابعین عظام کی عادت ہے۔

## ابراہیم نخعی کا قول

ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

''جب میں تم سے یہ کہوں: مجھ کو فلاں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے خبر دی ہے' تو (اس کا مطلب یہ ہو گا) اس شخص نے مجھے ان کے حوالے سے خبر دی ہے' لیکن جب میں یہ کہوں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا ہے' تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ ایک جماعت نے اس روایت کو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے میرے سامنے روایت کیا ہے' (خوارزمی کہتے ہیں:) باقی اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

## دیگر صحابہ کرام سے روایت کی تحقیق

جو حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ امام صاحب نے سات صحابہ کرام سے ملاقات کی ہے' انہوں نے ان 6 حضرات کے ساتھ حضرت معقل بن یسار مزنی رضی اللہ عنہ کو بھی شامل کیا ہے' لیکن اس میں بھی کلام پایا جاتا ہے' کیونکہ حضرت معقل رضی اللہ عنہ کا انتقال' حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ہو گیا تھا' اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا انتقال 60 ہجری میں ہوا تھا' تو امام صاحب کا حضرت معقل رضی اللہ عنہ کو دیکھنا' یا ان سے روایت کرنا کیسے متصور ہو سکتا ہے؟

جہاں تک حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور دیگر (5 صحابہ کرام) کا تعلق ہے' تو اس میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے' کیونکہ اس بارے

تین روایات مشہور ہیں' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے سن وفات کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' جو ایک روایت کے مطابق 91 ہجری' ایک روایت کے مطابق 92 ہجری' اور ایک روایت کے مطابق 93 ہجری ہے' تو اُن کے انتقال کے وقت امام ابوحنیفہ کی عمر بالاتفاق 10 برس سے زیادہ ہوگی' اور بعض (مورخین کے بیان کے مطابق) 30 برس ہوگی' تو ان کے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے کے درست ہونے میں کون سی چیز رکاوٹ ہوگی۔

## چوتھی قسم

(چوتھی نوع) جو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ان مناقب اور فضائل کے بارے میں ہے' جن میں آپ رحمۃ اللہ علیہ منفرد ہیں اور آپ کے ہم عصر (ائمہ) میں سے کوئی اِن میں آپ کا شریک نہیں ہے' (اُن میں سے ایک خصوصیت یہ ہے) آپ رحمۃ اللہ علیہ نے تابعین عظام کے زمانے میں اجتہاد کیا اور فتویٰ نویسی کی۔

## اعمش کا امام اعظم کی طرف رجوع کرنا

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) شیخ 'معمر' احمد بن مفرج بن مسلمہ نے ''دمشق'' میں ''اجازۃ'' کے طور پر مجھے خبر دی: حافظ ابوالقاسم علی بن حسین بن ہبۃ اللہ -- ابوالفرج سعید بن ابورجاء صیرفی -- ابورجاء حسین بن احمد بن محمد اسکاف -- ابوعبداللہ محمد بن اسحاق بن مندہ -- استاذ ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب حارثی بخاری -- حسن بن معروف -- ابوبکر کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

عَنْ يَحْيٰى بْنِ مُعِيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ مُسْهِرٍ يَقُوْلُ خَرَجَ الْاَعْمَشُ اِلَى الْحَجِّ فَشَيَّعَهُ اَهْلُ الْكُوْفَةِ وَاَنَا فِيْهِمْ فَلَمَّا اَتَى الْقَادِسِيَّةَ رَاَوْهُ مَغْمُوْمًا فَقَالُوْا فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ شَيَّعَنَا قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اُدْعُوْهُ لِيْ فَدَعَوْنِيْ وَكَانَ يَعْرِفُنِيْ بِمُجَالَسَةِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فَقَالَ لِيْ اِرْجِعْ اِلَى الْمِصْرِ وَسَلْ اَبَا حَنِيْفَةَ اَنْ يَكْتُبَ لِيَ الْمَنَاسِكَ فَرَجَعْتُ فَسَاَلْتُهُ فَاَمْلَا عَلَيَّ ثُمَّ اَتَيْتُ بِهَا اِلَى الْاَعْمَشِ *

''یحییٰ بن معین بیان کرتے ہیں: میں نے علی بن مسہر کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: اعمش حج کرنے کے لیے روانہ ہوئے' تو اہل کوفہ انہیں رخصت کرنے کے لیے کچھ دور تک ساتھ گئے' ان میں' میں بھی شامل تھا' جب وہ قادسیہ پہنچے تو لوگوں نے دیکھا کہ وہ کچھ مغموم ہیں' لوگوں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے پوچھا: ہمارے ساتھ آنے والوں میں علی بن مسہر بھی موجود ہے؟ لوگوں نے بتایا: جی ہاں! انہوں نے فرمایا: اس کو میرے پاس لاؤ! (علی بن مسہر کہتے ہیں:) وہ یہ بات جانتے تھے کہ میں امام ابوحنیفہ کے پاس اٹھتا بیٹھتا ہوں' انہوں نے مجھ سے فرمایا: تم شہر واپس جاؤ اور امام ابوحنیفہ سے کہو: وہ مجھے حج سے متعلق احکام لکھ کر دیدیں' میں نے واپس آ کر امام صاحب سے یہ درخواست کی تو انہوں نے مجھے وہ مسائل املاء کروائے' تو میں انہیں لے کر اعمش کے پاس آیا''۔

اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: ابومحمد بخاری حارثی فرماتے ہیں: محمد بن احمد بن موسیٰ -- ابراہیم بن محمد بن سلام نے اپنے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے:

قَالَ سَمِعْتُ اَبَا مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرَ يَقُوْلُ كَانَتْ اَشْيَاخُنَا يُفْتُوْنَ وَيُهَابُوْنَ فَاِذَا وَافَقَ فُتْيَاهُمْ فُتْيَا

اَبِیْ حَنِیْفَةَ سَرُّوْا بِذٰلِكَ قُلْتُ مَنْ هُمْ قَالَ مِنْهُمُ الْاَعْمَشُ

''میں نے ابومعاویہ ضریر کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: ہمارے مشائخ فتویٰ دیا کرتے تھے اور وہ بارعب شخصیت کے مالک تھے (لیکن اس کے باوجود ان کا یہ عالم تھا) کہ جب ان کا فتویٰ امام ابوحنیفہ کے فتویٰ کے مطابق ہوتا تو وہ اس بات پر مسرور ہوتے تھے (راوی کہتے ہیں:) میں نے دریافت کیا: وہ مشائخ کون حضرات ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ان میں سے ایک اعمش ہیں''۔

## اعمش اور امام ابویوسف کا مذاکرہ

اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: ابومحمد بخاری حارثی فرماتے ہیں: محمد بن حسن -- بشر بن ولید کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

امام ابویوسف بیان کرتے ہیں: اعمش کی ملاقات مجھ سے ہوئی تو وہ بولے: ان کے ساتھی (یعنی امام ابوحنیفہ) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے برخلاف فتویٰ دیتے ہیں' امام ابویوسف کہتے ہیں: میں نے اُن سے دریافت کیا: امام ابوحنیفہ نے کس مسئلے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی مخالفت کی ہے؟ تو اعمش نے جواب دیا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کنیز کو فروخت کرنا اُس کی طلاق شمار ہوگا جبکہ تمہارے استاد یہ کہتے ہیں کہ کنیز کو فروخت کرنا اُس کی طلاق شمار نہیں ہوگا تو میں نے اُن سے کہا: آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے ہمیں یہ حدیث بیان کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنیز کی فروخت کو اُس کی طلاق شمار نہیں کیا ہے' اعمش نے دریافت کیا: یہ حدیث کہاں ہے؟ تو میں نے اُن سے کہا: آپ نے ابراہیم نخعی اور اسود کے حوالے سے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے یہ روایت نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ بریرہ رضی اللہ عنہا کو اختیار دیا تھا۔ امام ابویوسف نے کہا: اگر کنیز کو فروخت کرنا اُس کی طلاق شمار ہو تو پھر اختیار دینے کا کوئی مطلب نہیں بنتا کیونکہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اُس کنیز کو خرید لیا تھا' اگر اُس کنیز کی فروخت اُس کی طلاق شمار ہوتی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُسے اختیار نہ دیتے۔ اعمش نے دریافت کیا: اے یعقوب! کیا یہ حکم اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے؟ تو امام ابویوسف نے جواب دیا: جی ہاں!

## اعمش کے توصیفی کلمات

ابومحمد حارثی بخاری فرماتے ہیں: ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

اَنَّ الْاَعْمَشَ قَالَ اِنَّ اَبَاحَنِيْفَةَ يُحْسِنُ الْمَعْرِفَةَ بِمَوَاضِعِ الْفِقْهِ الدَّقِيْقَةِ وَغَوْرِ غَوَامِضِ الْعُلُوْمِ الْخَفِيَّةِ رَآهَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ ظُلْمَةِ اَمَاكِنِهَا مِنْ فَسِيْحِ ضَوْءِ سِرَاجِ قَلْبِهٖ حَيْثُ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ هُوَ سِرَاجُ اُمَّتِيْ

اعمش فرماتے ہیں: ابوحنیفہ فقہ کے دقیق مسائل اور علوم کے گہرے مسائل کی بخوبی معرفت رکھتے تھے' انہوں نے اپنے دل کے چراغ کی بھرپور روشنی سے تاریکی میں موجود ان مسائل کو دیکھ لیا تھا کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: وہ میری اُمت کا چراغ ہے۔

اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: ابومحمد حارثی بخاری -- اپنے والد اور محمد بن عبداللہ بن سہل -- محمد بن احمد بن حفص -- بشر بن یحییٰ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ الْاَعْمَشَ وَجَاءَهُ رَجُلٌ فَسَاَلَهُ عَنْ مَسْئَلَةٍ فَقَالَ عَلَيْكَ بِاَهْلِ تِلْكَ الْحَلْقَةِ فَاِنَّهُمْ اِذَا وَقَعَتْ لَهُمْ مَسْئَلَةٌ لَا يَزَالُوْنَ يُدِيْرُوْنَهَا حَتّٰى يُصِيْبُوْنَهَا يَعْنِىْ حَلْقَةَ اَبِىْ حَنِيْفَةَ*

جریر بیان کرتے ہیں: میں نے اعمش کو سنا' ایک شخص اُن کے پاس آیا اور اُن سے اس ایک مسئلہ کے بارے میں دریافت کیا تو اُنہوں نے فرمایا: تم اُس حلقہ والے افراد کے پاس چلے جاؤ کیونکہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ جب اُن کے سامنے کوئی مسئلہ آ جائے تو وہ مسلسل اُس کی تحقیق کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ وہ (اُس کے درست نتیجہ) تک پہنچ جاتے ہیں۔ اعمش کی مراد امام ابوحنیفہ کا حلقہ تھی۔

## امام شعبی کا امام اعظم سے مذاکرہ

اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: ابومحمد حارثی بخاری -- ابراہیم بن علی -- حسین بن عمرو عبقری کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حَنِيْفَةَ يَقُوْلُ صَحِبْتُ الشَّعْبِيَّ فِى السَّفِيْنَةِ فَقَالَ لَا نَذْرَ فِىْ مَعْصِيَةٍ وَلَا كَفَّارَةَ فِيْهِ فَقُلْتُ لَهُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ ﴿وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا﴾ وَقَدْ اَوْجَبَ اللّٰهُ فِيْهِ الْكَفَّارَةَ فَقَالَ اَقَيَّاسٌ اَنْتَ*

''ابوبکر بن عیاش بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: ایک مرتبہ میں امام شعبی کے ساتھ ایک کشتی میں موجود تھا' اُنہوں نے فرمایا: معصیت سے متعلق نذر کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی اور اُس میں کفارہ بھی لازم نہیں ہوتا' تو میں نے اُن سے کہا: اللہ تعالیٰ نے تو یہ ارشاد فرمایا:

''وہ لوگ ایک منکر اور جھوٹی بات کہتے ہیں''۔

تو اللہ تعالیٰ نے تو اس میں کفارہ لازم قرار دیا ہے' تو شعبی نے کہا: کیا تم بہت زیادہ قیاس کرنے والے فرد ہو''۔

اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: ابومحمد حارثی بخاری -- ابوصالح سرخسی -- یحییٰ بن آدم -- جریر بن عبدالحمید کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

(15) عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ قَالَ قُلْتُ لِلشَّعْبِيِّ مَا تَقُوْلُ فِىْ حُرَّةٍ تَحْتَ عَبْدٍ كَمْ طَلَاقُهَا فَقَالَ قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ الطَّلَاقُ وَالْعِدَّةُ بِالنِّسَاءِ فَاَخْبَرْتُ حَمَّادًا فَقَالَ اَخْبَرَنِىْ اِبْرَاهِيْمُ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ مِثْلَهُ*

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: میں نے امام شعبی سے دریافت کیا: ایسی آزاد عورت کے بارے میں آپ کی کیا رائے

(15) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في "مسند الامام" (294)، وابن حبّان (4271)، والبخاري (6754)، واحمد 186/6، وابوداود (2916) في الفرائض: باب في الولاء .

ہے جو کسی غلام کی بیوی ہو، تو اُس کی طلاق کا حکم کیا ہوگا؟ تو شعبی نے جواب دیا: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: طلاق اور عدت کے احکام خواتین کی حیثیت کے حوالے سے ہوں گے۔ امام صاحب فرماتے ہیں: میں نے حماد کو یہ بات بتائی تو اُنہوں نے بتایا کہ ابراہیم نخعی نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اسی کی مانند روایت مجھے بیان کی ہے۔

## اعمش کو تلقین

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) احمد بن مفرج بن مسلمہ -- ابوالفتح محمد بن عبدالباقی -- فضل بن خیرون -- ابوبکر خیاط -- ابوعبداللہ علاف -- قاضی عمر اشنانی -- ابواسحاق بن محمد بن ابان نخعی -- یحیٰی بن عبدالحمید حمانیکے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

(16) حَدَّثَنَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ الْاَعْمَشِ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ فَدَخَلَ عَلَيْهِ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَابْنُ اَبِيْ لَيْلٰى وَابْنُ شُبْرُمَةَ فَالْتَفَتَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ اِلَيْهِ وَكَانَ اَكْبَرُهُمْ فَقَالَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اِتَّقِ اللهَ فَاِنَّكَ فِيْ اَوَّلِ يَوْمٍ مِنَ اَيَّامِ الْآخِرَةِ وَآخِرِ يَوْمٍ مِنْ اَيَّامِ الدُّنْيَا وَقَدْ كُنْتَ تُحَدِّثُ فِيْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ بِاَحَادِيْثٍ لَوْ سَكَتَّ عَنْهَا كَانَ خَيْراً لَكَ فَقَالَ الْاَعْمَشُ اَلِمِثْلِيْ يُقَالُ هٰذَا اَسْنِدُوْنِيْ اَسْنِدُوْنِيْ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيُّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ اللهُ تَعَالٰى لِيْ وَلِعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَدْخِلِ الْجَنَّةَ مَنْ اَحَبَّكُمَا وَاَدْخِلِ النَّارَ مَنْ اَبْغَضَكُمَا فَذٰلِكَ قَوْلُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ ﴿اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ﴾

قَالَ فَقَالَ اَبُوْحَنِيْفَةَ قُوْمُوْا لَا يَجِيْءُ بِاَظْهَرَ مِنْ هٰذَا قُوْمُوْا لَا يَجِيْءُ بِاَحْكَمَ مِنْ هٰذَا فَوَاللهِ مَا خَرَجْنَا مِنَ الْبَابِ حَتّٰى مَاتَ الْاَعْمَشُ

"شریک بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: جس بیماری کے دوران اعمش کا انتقال ہوا اس کے دوران ہم اعمش کے پاس موجود تھے ابوحنیفہ ابن ابولیلیٰ اور ابن شبرمہ ان کے ہاں آئے ابوحنیفہ جو عمر میں ان (آنے والے افراد) میں سے سب سے بڑے تھے انہوں نے اعمش کی طرف متوجہ ہو کر کہا: اے ابومحمد! آپ اللہ تعالیٰ سے ڈریں آپ آخرت کی طرف کے پہلے دن کے قریب پہنچ چکے ہیں اور دنیا کے دنوں میں سے آخری دن میں موجود ہیں آپ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے بارے میں کچھ ایسی روایات بیان کیا کرتے تھے کہ اگر آپ وہ نہ بیان کرتے تو یہ آپ کے لیے زیادہ بہتر ہوتا تو اعمش نے کہا: کیا میرے جیسے شخص کو یہ بات کہی جائے گی؟ تم لوگ مجھے سہارا دو تم لوگ مجھے سہارا دو (یعنی مجھے بٹھاؤ پھر انہوں نے کہا:) ابومتوکل ناجی نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا

(16) اخرجه الامام عبدالرحمان ابن الجوزی فی "الموضوعات" 400/1-وقال: هذا حديث موضوع و كذب على الاعمش، والواضع له اسحاق النخعی، و كذا قال عبد الرحمان السيوطی فی "اللآلی المصنوعة فی الاحاديث الموضوعة" 381/1: موضوع- و"ترتيب الموضوعات" للامام شمس الدين الذهبی: 121-و "الفوائد المجموعة فی الاحاديث الموضوعة" 382/1 للشوكانی.

ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

"جب قیامت کا دن ہوگا' تو اللہ تبارک وتعالیٰ مجھ سے اور علی سے فرمائے گا' تم دونوں ہر اس شخص کو جنت میں داخل کردو' جو تم دونوں سے محبت کرتا ہے اور اُسے جہنم میں داخل کردو' جو تم دونوں سے بغض رکھتا ہے"۔

اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے:

﴿أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ﴾

"تم دونوں ہر عناد رکھنے والے کافر کو جہنم میں ڈال دو"۔

شریک بیان کرتے ہیں: تو امام ابوحنیفہ نے کہا: آپ لوگ اٹھ جائیں' یہ اس سے زیادہ بڑی روایت بیان نہیں کرسکتے' یہ اس سے زیادہ محکم روایت بیان نہیں کرسکتے' شریک کہتے ہیں: تو ہم لوگ ابھی دروازے سے باہر نہیں نکلے تھے کہ اعمش کا انتقال ہوگیا۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) ہم نے جو کچھ ذکر کیا ہے' اس سے یہ ثابت ہوجاتا ہے' کہ امام ابوحنیفہ تابعین کے زمانے میں بھی فتویٰ دینے میں مقدم تھے' اور عظمت کے مالک تھے۔

## پانچویں قسم

(پانچویں نوع) آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ان مناقب اور فضائل کے بارے میں ہے' جن میں آپ رحمۃ اللہ علیہ منفرد ہیں اور آپ کے بعد والے (ائمہ) میں سے کوئی اِن میں آپ کا شریک نہیں ہے' (اُن میں سے ایک خصوصیت یہ ہے) کہ اکابرین نے آپ سے روایات نقل کی ہیں۔

اس کی دلیل وہ روایت ہے: جس کے بارے میں مجھے خبر دی ہے: شیخ معمر' احمد بن احمد بن مفرج بن احمد بن مسلمہ نے "دمشق" میں "اجازۃ" کے طور پر -- حافظ ابوالقاسم علی بن حسین بن ہبۃ اللہ شافعی -- ابوالفرج سعید بن ابورجاء صیرفی -- ابوحسین اسکاف -- ابوعبداللہ محمد بن اسحاق بن یحییٰ ابن مندۃ اصفہانی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں:

## امام اعظم سے اکابرین کا روایت کرنا

استاذ ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب بخاری حارثی اپنی کتاب "کشف" میں تحریر کرتے ہیں:

"اگر امام ابوحنیفہ کے فضائل کے بارے میں صرف اس حوالے سے استدلال کیا جائے کہ اکابرین نے ان سے روایات نقل کی ہیں: جیسے عمرو بن دینار ہیں' یہ امام ابوحنیفہ کے مشائخ اور اکابر اہل علم میں سے ایک ہیں' انہوں نے امام صاحب سے روایات نقل کی ہیں' اسی طرح امام صاحب سے ان لوگوں نے بھی روایات نقل کی ہیں' جو ان کی نظیر اور مثال ہیں' جیسے عبداللہ بن مبارک اور یزید بن ہارون ہیں' محمد بن اسماعیل یعنی امام بخاری فرماتے ہیں: عباد بن عوام' ہشیم' وکیع' ہمام بن خالد' ابومعاویہ ضریر نے' ان سے روایات نقل کی ہیں۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں: ان کے علاوہ) عبدالعزیز بن ابورواد -- عبدالمجید بن عبدالعزیز بن ابورواد -- سفیان بن عیینہ -- فضیل بن عیاض -- داؤد طائی -- ابن جریج -- عبداللہ بن یزید مقری' انہوں نے اُن سے نوسو روایات نقل کی ہیں' سفیان

ثوری -- ابن ابولیلیٰ -- ابن شبرمہ انہوں نے اُن سے ایک روایت نقل کی ہے -- مسعر بن کدام -- اسماعیل بن ابوخالد -- شریک بن عبداللہ -- حمزہ بن حبیب مقری انہوں نے ان سے بکثرت روایات نقل کی ہیں۔

## عاصم بن ابوالنجود کی تعریف

عاصم بن ابوالنجود جو قراء کے امام ہیں اور امام ابوحنیفہ کے استاد بھی ہیں وہ امام ابوحنیفہ سے مسائل دریافت کرتے تھے ان کے قول کو اختیار کرتے تھے اور یہ فرماتے تھے: اے ابوحنیفہ! اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر عطا کرے۔

وہ یہ بھی فرمایا کرتے تھے: تم (ہم سے استفادہ کے لیے) کم عمری میں ہمارے پاس آتے تھے اور ہم (تم سے استفادہ کے لیے) عمر رسیدگی میں تمہارے پاس آتے ہیں۔

## 730 مشائخ کا تذکرہ

خوارزم کے سب سے بڑے خطیب صدر الائمہ ابومؤید موفق بن احمد مکی نے اپنی تصنیف ''مناقب ابوحنیفہ'' میں مختلف بلاد و امصار سے تعلق رکھنے والے 730 ایسے مشائخ مسلمین کا ذکر کیا ہے جنہوں نے امام صاحب سے روایات نقل کی ہیں۔

## چھٹی قسم

(چھٹی نوع) جو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ان مناقب اور فضائل کے بارے میں ہے جن میں آپ رحمۃ اللہ علیہ منفرد ہیں اور آپ کے بعد والے (ائمہ) میں سے کوئی اِن میں آپ کا شریک نہیں ہے (اُن میں سے ایک خصوصیت یہ ہے) آپ رحمۃ اللہ علیہ نے چار ہزار ائمہ تابعین سے شرف تلمذ حاصل کیا ہے ان میں وہ افراد شامل نہیں ہیں جو تابعین کے بعد کے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔

اس کی دلیل وہ روایت ہے جو ثقہ مشائخ کی ایک جماعت نے صدر علامہ اخطب خطباء خوارزم صدر الائمۃ ابوالمؤید موفق بن احمد مکی کے حوالے سے -- ابوحفص عمر بن امام بکر بن محمد بن علی زرنجری کے حوالے سے ان کے والد سے نقل کی ہے:

أَنَّـهُ قَـالَ وَقَعَتْ مُنَازَعَةٌ بَيْنَ اَصْحَابِ الْإِمَامِ الْاَعْظَمِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ وَاَصْحَابِ الْإِمَامِ الْمُعَظَّمِ الشَّافِعِيِّ رَحِـمَـهُ اللّٰهُ عَـنْـهُ فَفَضَّلَ كُلُّ طَائِفَةٍ صَاحِبَهَا فَقَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ حَفْصٍ الْكَبِيْرِ وَهُوَ اِمَامُ اَئِمَّةِ الْـحَـدِيْثِ لِاَصْحَابِ الشَّافِعِيِّ عَدُّوْا مَشَائِخَ الشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ كَمْ هُمْ فَعَدُّوْهُمْ فَقَالُوْا اِنَّهُمْ بَلَغُوْا ثَمَانِيْنَ شَيْخًا فَقَالَ لَهُمْ فَعَدُّوْا مَشَائِخَ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فَعَدُّوْهُمْ فَقَالُوْا اِنَّهُمْ بَلَغُوْا اَرْبَعَةَ آلَافٍ

ایک مرتبہ امام اعظم ابوحنیفہ اور امام معظم شافعی کے اصحاب کے درمیان اس بارے میں بحث ہوگئی ان میں سے ہر فریق نے اپنی متعلقہ شخصیت کو افضل قرار دیا تو شیخ ابوعبداللہ بن ابوحفص کبیر جو امام شافعی کے اصحاب کے حدیث میں امام الائمہ ہیں انہوں نے فرمایا: تم لوگ امام شافعی کے مشائخ شمار کرو کہ وہ کتنے ہیں؟ ان لوگوں نے ان کا شمار کیا اور بتایا: اُن کی تعداد 80 ہے پھر انہوں نے فرمایا: تم لوگ امام ابوحنیفہ کے مشائخ شمار کرو ان لوگوں نے ان حضرات کا شمار کیا اور بتایا: ان کی تعداد 4000 ہزار تک پہنچتی ہے۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) علماء کی ایک جماعت نے اس بارے میں کتابیں بھی تحریر کی ہیں اور ان مشائخ کا ذکر حروف

ترتیب کے حساب سے کیا ہے۔

## ابوجعفر منصور کا واقعہ

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) تین مشائخ نے مجھے خبر دی ہے: محی الدین ابومحمد یوسف بن ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن الجوزی --- ابومحمد ابراہیم بن ابوالثناء محمود بن سالم --- ابوعبداللہ محمد بن علی بن بقا --- ان تینوں نے تین مشائخ سے یہ روایت نقل کی ہے --- ذاکر بن کامل --- ابوالقاسم یحییٰ بن اسعد بن یونس --- قاضی عبدالرحمٰن بن عمری --- (انہوں نے اس سند کے ساتھ یہ نقل کیا ہے)

عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ يُوْنُسَ يَقُوْلُ دَخَلَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَبِىْ جَعْفَرَ الْمَنْصُوْرَ وَعِنْدَهُ عِيْسٰى بْنُ مُوْسٰى فَقَالَ لِلْمَنْصُوْرِ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ هٰذَا عَالِمُ الدُّنْيَا الْيَوْمَ فَقَالَ لَهُ الْمَنْصُوْرُ يَا نُعْمَانُ مِمَّنْ اَخَذْتَ الْعِلْمَ فَقَالَ عَنْ اَصْحَابِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُمْ وَعَنْ اَصْحَابِ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُمْ وَعَنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُمْ وَعَنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَمَا كَانَ فِىْ وَقْتِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ اَعْلَمُ مِنْهُ فَقَالَ لَهُ الْمَنْصُوْرُ لَقَدِ اسْتَوْثَقْتَ لِنَفْسِكَ

ربیع بن یونس بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ امام ابوحنیفہ (عباسی خلیفہ) امیر المؤمنین ابوجعفر کے پاس تشریف لائے اس وقت خلیفہ کے پاس عیسیٰ بن موسیٰ بھی موجود تھے انہوں نے خلیفہ منصور سے کہا: اے امیر المؤمنین! یہ اس وقت دنیا کے سب سے بڑے عالم ہیں خلیفہ منصور نے امام صاحب سے دریافت کیا: اے نعمان! آپ نے علم کس سے حاصل کیا ہے؟ امام صاحب نے جواب دیا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے شاگردوں سے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے شاگردوں سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگردوں سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے شاگردوں کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے زمانے میں پوری روئے زمین پر ان سے بڑا عالم کوئی نہیں تھا۔ منصور نے کہا: آپ نے اپنے آپ کو بہت مضبوط کر لیا ہے۔

## ساتویں قسم

(ساتویں نوع) جو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ان مناقب اور فضائل کے بارے میں ہے جن میں آپ رحمۃ اللہ علیہ منفرد ہیں اور آپ کے بعد (آئمہ) میں سے بالاتفاق کوئی ان میں آپ کا شریک نہیں ہے (ان میں سے ایک خصوصیت یہ ہے) کہ آپ کو ایسے اصحاب نصیب ہوئے جو آپ کے بعد کسی امام کو نصیب نہیں ہوئے۔

## امام اعظم کے ارشد تلامذہ

اس کی دلیل وہ روایت ہے جو ثقہ مشائخ نے صدر الائمہ ابوالمؤید موفق ابن احمد مکی خوارزمی --- امام علامہ رکن الاسلام ابو

الفضل عبدالرحمٰن بن محمد بن امیرویہ-- قاضی القضاۃ ابوبکر عتیق بن داؤد یمانی سے روایت کی ہے انہوں نے دیگر فقہی مسالک پر مسلک حنفی کو ترجیح حاصل ہونے کے موضوع پر بات کرتے ہوئے فصیح و بلیغ طویل کلام کیا ہے: وہ کہتے ہیں:

''وہ ائمہ کے امام امت کے چراغ' بھرے (علمی) دسترخوان والے شریعت (کے احکام) کی تدوین میں سبقت لے جانے والے ہیں' پھر اللہ تعالیٰ نے توفیق اور عصمت کے ہمراہ ان کی تائید بھی کی' کہ ان کے لیے ایسے شاگرد اور ائمہ جمع کر دیئے کہ اطراف واکناف (یعنی کسی بھی جگہ پر)' کسی بھی زمانے میں (کسی بھی امام کے لیے اتنے عالم و فاضل تلامذہ جمع نہیں ہوئے)' یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والی عصمت تھی' جو اس امت کے لیے تھی''۔

(ان میں سے ایک) فقہ اور درایت والے' علم حدیث و روایت میں (جن کی قابلیت کا) اعتراف کیا گیا ہے' مسلمانوں کے امام' اور اہل ایمان کے قاضیوں کے سربراہ' امام ابویوسف یعقوب بن ابراہیم انصاری ہیں۔

(ان میں سے ایک) فہم اور بیان والے' فقہ اور لسانیات دونوں علوم کے ماہر' عالم ربانی' محمد بن حسن شیبانی ہیں۔

(ان میں سے ایک) زبردست سمجھ بوجھ اور روشن علم والے' زفر بن ہذیل تمیمی عنبری ہیں۔

(ان میں سے ایک) پاک دامن فاضل اور کامل فقیہ حسن بن زیاد لؤلؤی ہیں۔

(ان میں سے ایک) بصیرت رکھنے والے فقیہ' جن کی علم تفسیر میں (قابلیت کا) اعتراف کیا گیا ہے' پرہیزگار' فصیح' وکیع بن جراح ہیں۔

(ان میں سے ایک) کامل فقیہ' معزز' پرہیزگار' صوفی' عبداللہ بن مبارک مروزی ہیں۔

(ان میں سے ایک) ائمہ میں سے سب سے بڑے زاہد' اور اس امت کے راہب' داؤد بن نصیر طائی ہیں۔

(ان میں سے ایک) حدیث نبوی کے امام الائمہ' حفص بن غیاث نخعی ہیں۔

(ان میں سے ایک) امام معظم' عالم مقدم' محمد بن زکریا ابن ابی زائدہ ہیں۔

(ان میں سے ایک) امام ابن امام حماد بن ابوحنیفہ ہیں۔

(ان سب حضرات کے علاوہ) یوسف بن خالد سمتی- عافیہ بن یزید اودی- حبان اور مندل (یہ دونوں علی کے صاحبزادے ہیں)- علی بن مسہر- قاسم بن معن بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود (یہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہیں)- اسد بن عمرو بجلی' جو واسط کے قاضی رہے- نوح بن ابومریم اور ان کے علاوہ دیگر کئی حضرات ہیں' جن کا ذکر طوالت کا باعث ہوگا۔

میں نے اپنے سردار' استاد اور والد کی تحریر میں یہ بات پڑھی ہے' امام سیف الائمہ سائلی فرماتے ہیں: یہ بات مشہور و معروف ہے' کہ امام ابوحنیفہ نے چار ہزار تابعین ائمہ و مشائخ سے شرف تلمذ حاصل کیا' اور چار ہزار افراد سے علم فقہ حاصل کیا' اور آپ نے اپنی زبان یا قلم کے ذریعے اس وقت تک کوئی فتویٰ نہیں دیا' جب تک ان حضرات نے آپ کو اس کا حکم نہیں دیا (یعنی اجازت نہیں دی)۔

## امام اعظم کا طرز تحقیق

(ان حضرات سے اجازت ملنے کے بعد) امام صاحب نے جامع مسجد کوفہ میں حلقہ درس قائم کیا' تو آپ سے ایک ہزار افراد نے استفادہ کیا' جن میں چالیس افراد جلیل القدر اور فاضل تھے' جو مرتبہ اجتہاد تک پہنچے ہوئے تھے' امام صاحب نے انہیں اپنے قریب کیا' اور ان سے یہ فرمایا: تم میرے اصحاب میں سے جلیل القدر ہو' میرے دل کا چین ہو' اور میری پریشانی کا مداوا ہو' میں نے اس فقہ (کی سواری) کو لگام ڈال دی ہے' اور اس پر زین ڈال دی ہے' لوگوں نے مجھے جہنم پر سے گزرنے کے لیے پل بنا دیا ہے' اس کی سہولت دوسروں کو حاصل ہوگی' اور اس کا وزن مجھ پر ہوگا۔

امام صاحب کا یہ معمول تھا جب کوئی نیا مسئلہ پیش آتا تھا' تو آپ اپنے شاگردوں سے مشورہ لیتے تھے' ان کے ساتھ بحث کرتے تھے' ان کے ساتھ بات چیت کرتے تھے' ان سے (ان کے پاس موجود معلومات کے بارے میں) دریافت کرتے' ان کے پاس جو روایات اور آثار موجود ہوتے' ان کو سنتے' اپنی معلومات ان کے سامنے بیان کرتے' اور بعض اوقات ایک ماہ' یا اس سے زیادہ عرصہ تک اس بارے میں ان حضرات کے ساتھ بحث مباحثہ کرتے تھے' یہاں تک کہ کسی ایک قول پر اتفاق ہو جاتا' تو امام ابو یوسف اس کو نوٹ کر لیتے' یہاں تک کہ اسی شورائی طریقے کے مطابق اصولی مسائل کو نوٹ کر لیا گیا' ایسا نہیں ہے کہ دیگر ائمہ کی طرح انہوں نے انفرادی طور پر (ان مسائل کے جوابات دیے ہوں)

## امام صاحب غلطی کیسے کر سکتے ہیں؟

اس بات کی دلیل وہ روایت ہے: جو تین مشائخ نے -- شرف الدین حسن بن ابراہیم' دمشق میں- شرف الدین ابو محمد عبد العزیز بن محمد بن عبدالمحسن انصاری نے ''حماۃ'' میں -- عزالدین عبدالرزاق رزق اللہ نے ''موصل'' میں ''اجازۃ'' کے طور پر بیان کی ہے' ان حضرات نے اس کو -- ابو یمن زید بن حسن بن زید کندی -- ابو منصور عبدالرحمٰن بن محمد قزاز -- حافظ ابو بکر احمد بن علی بن ثابت خطیب -- خلال -- جریری -- علی بن محمد نخعی -- نجیح بن ابراہیم سے روایت کیا ہے:

ابن کرامہ بیان کرتے ہیں: ایک دن ہم وکیع بن جراح کے پاس موجود تھے' ایک شخص بولا: ابو حنیفہ نے غلطی کی ہے' تو وکیع بولے: ابو حنیفہ غلطی کیسے کر سکتے ہیں؟ جبکہ ان کے ساتھ ابو یوسف' زفر' محمد' جیسے قیاس اور اجتہاد والے افراد تھے' یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ' حفص بن غیاث' حبان اور مندل' یہ دونوں علی کے صاحبزادے تھے' جو حدیث کے حافظ تھے' اور اس کی معرفت رکھتے تھے' قاسم بن معن' یعنی ابن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود تھے' جو لغت اور عربیت کے ماہر تھے' داؤد بن نصیر طائی اور فضیل بن عیاض تھے' جن کا زہد اور پرہیزگاری (طے شدہ ہے)' تو جن صاحب کے شاگرد اور ہم نشیں ان حضرات جیسے افراد ہوں' وہ غلطی نہیں کر سکتے' اگر وہ غلطی کریں بھی' تو یہ حضرات اُن کو درست بات کی طرف لوٹا دیں گے۔

پھر وکیع نے کہا: جو شخص یہ بات کہتا ہے: (یعنی امام صاحب کو غلط قرار دیتا ہے) اس کی مثال یوں ہے' کہ وہ جانوروں کی طرح (بے عقل) ہے' بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہے۔

جو شخص یہ گمان کرے کہ حق اس شخص کے ساتھ ہے جس نے امام صاحب کے برخلاف رائے دی ہے' اور تنہا فقہی مذہب تشکیل

دیا ہے' میں اس شخص کو وہی کہوں گا' جو فرزدق (نامی شاعر) نے جریر (نامی شاعر) سے کہا تھا:

أُولٰئِكَ آبَائِيْ فَجِئْنِيْ بِمِثْلِهِمْ ... اِذَا جَمَعْتَنَا يَا جَرِيْرُ الْمَجَامِعَ

''یہ میرے آباء و اجداد ہیں' اے جریر! جب تم ہمارے ساتھ خوبیوں کا مقابلہ کرو گے' تو ان کی مانند (آباء و اجداد) لا کر دکھاؤ''

## آٹھویں قسم

(آٹھویں نوع) جو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اُن مناقب اور فضائل کے بارے میں ہے' جن میں آپ رحمۃ اللہ علیہ منفرد ہیں اور آپ کے بعد والے (ائمہ) میں سے' کوئی اِن میں آپ کا شریک نہیں ہے۔

## علم شریعت کی تدوین

(اُن میں سے ایک خصوصیت یہ ہے) کہ آپ نے سب سے پہلے علم شریعت کو مدون کیا' اور اس کو ابواب کے حساب سے ترتیب دیا' پھر امام مالک نے ''مؤطا'' کو مرتب کرتے ہوئے اسی ترتیب بندی کی پیروی کی' امام ابوحنیفہ سے پہلے یہ کام کسی نے نہیں کیا' کیونکہ صحابہ کرام اور بھلائی کے ہمراہ ان کی پیروی کرنے والے (تابعین) حضرات میں سے کسی نے بھی علم شریعت کے لیے کتاب (یعنی مرکزی باب) اور (ذیلی) ابواب کی ترتیب بندی نہیں کی تھی' یہ حضرات اپنے حافظے کی قوت پر اعتماد کرتے تھے' جب امام ابوحنیفہ نے علم کو منتشر حالت میں دیکھا' تو انہیں یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں لوگ اس کو ضائع نہ کر دیں' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

(17) إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ وَإِنَّمَا يَقْبِضُهُ بِمَوْتِ الْعُلَمَاءِ فَيَبْقَى رُؤُسًا جُهَّالًا فَيُفْتُوْنَ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَيَضِلُّوْنَ وَيُضِلُّوْنَ

''اللہ تعالیٰ اس علم کو یوں قبض نہیں کرے گا کہ اس کو (لوگوں سے) الگ کر دے' بلکہ وہ علماء کو موت دے کر اس کو قبض کر لے گا' پھر جاہل لوگ بڑے بن کر رہ جائیں گے' وہ علم نہ ہونے کے باوجود فتویٰ دیں گے' وہ خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے''۔

اِسی لیے امام ابوحنیفہ نے اس کی تدوین کی' انہوں نے اس کی ابواب بندی کی' اس کو کتب (یعنی مرکزی ابواب) کے تحت مرتب کیا' انہوں نے پہلے طہارت کو رکھا' پھر نماز کو' پھر روزے کو' پھر (باقی کی) عبادات کو' پھر معاملات کو رکھا' پھر انہوں نے اس ترتیب کو وراثت سے متعلق احکام (پر مشتمل باب) پر ختم کیا' انہوں نے طہارت اور نماز سے آغاز اس لیے کیا' کیونکہ عبادات میں یہ سب سے اہم ہیں اور زیادہ تر ان ہی سے واسطہ پڑتا ہے' اور اس کو وراثت سے متعلق احکام پر اس لیے ختم کیا' کیونکہ یہ لوگوں کی آخری حالت ہوتی ہے (جس میں کسی انسان سے متعلق شرعی احکام متعلق ہوتے ہیں)۔

---

(17) اخرجه ابن حبان 6791، واحمد 162/2، والبخاری (100) فی العلم: باب کیف یطلب العلم، ومسلم (2673) فی العلم: باب العلم و قبضه، عن عبدالله ابن عمرو

## جوزجانی کا واقعہ

آپ وہ پہلے فرد ہیں، جنہوں نے فرائض (یعنی وراثت کے احکام) سے متعلق باب بندی کی اور جس نے (سب سے پہلے) شروط سے متعلق باب بندی کی۔

اس کی دلیل وہ روایت ہے، جو شیخ ثقہ احمد بن مفرج بن احمد بن مسلمہ نے "دمشق" میں مجھے بیان کی -- یہ روایت ابوالفتح محمد بن عبدالباقی سے "اجازۃ" کے طور پر -- ابوالفضل بن خیرون -- قاضی صیمری -- عمر بن ابراہیم -- مکرم -- احمد بن عطیہ کے حوالے سے نقل کی ہے: ابوسلیمان جوز جانی بیان کرتے ہیں:

قَالَ لِیْ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَاضِیُ الْبَصْرَۃِ نَحْنُ اَبْصَرُ بِالشُّرُوْطِ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ فَقُلْتُ لَهُ اِنَّ الْاِنْصَافَ بِالْعُلَمَاءِ اَحْسَنَ اِنَّمَا وَضَعَ هٰذَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ فَاَنْتُمْ زِدْتُمْ وَنَقَصْتُمْ وَحَسَّنْتُمُ الْاَلْفَاظَ وَلٰكِنْ هَاتُوْا شُرُوْطَكُمْ وَشُرُوْطَ اَهْلِ الْكُوْفَةِ قَبْلَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فَسَكَتَ ثُمَّ قَالَ اَلتَّسْلِيْمُ لِلْحَقِّ اَوْلٰى مِنَ الْمُجَادَلَةِ فِي الْبَاطِلِ *

بصرہ کے قاضی احمد بن عبداللہ نے مجھ سے کہا: شرائط کے بارے میں ہم (اہلِ بصرہ) اہلِ کوفہ سے زیادہ بصیرت رکھتے ہیں تو میں نے اُن سے کہا: علماء کو انصاف سے کام لینا چاہیے، یہ شرائط سب سے پہلے امام ابوحنیفہ نے طے کی تھیں، پھر آپ لوگوں نے ان میں کمی و بیشی کی، ان کے الفاظ کو بنا سنوار دیا، آپ امام ابوحنیفہ سے پہلے کے زمانے میں، اپنی یا اہلِ کوفہ کی شرائط پیش کر دیں تو وہ خاموش ہو گئے اور بولے: حق کو تسلیم کرنا باطل کے بارے میں بحث کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔

## قاضی ابن سریج کا واقعہ

اس بات کی دلیل کہ علماء نے امام ابوحنیفہ کے بعد اُن کی پیروی کی اور اس میں کمی و اضافہ کیا، وہ واقعہ ہے، جو مشہور و معروف ہے جو امام کامل منصف بن سریج کے حوالے سے منقول ہے، جو امام شافعی کے ارشد اصحاب میں سے ایک ہیں، اُنہوں نے ایک شخص کو امام ابوحنیفہ پر تنقید کرتے ہوئے سنا، تو اُس سے فرمایا: اے شخص! کیا تم امام ابوحنیفہ پر تنقید کرتے ہو؟ جبکہ علم کا تین چوتھائی حصہ انہیں نصیب ہوا، جبکہ دیگر لوگوں کو صرف ایک چوتھائی حصہ ملا، اُس شخص نے دریافت کیا: وہ کیسے؟ تو اُنہوں نے فرمایا: علم سوال اور جواب پر مشتمل ہوتا ہے۔ امام ابوحنیفہ نے سب سے پہلے سوالات پیش کیے، یوں اُنہیں نصف علم مل گیا، پھر اُنہوں نے اُن سوالات کے جوابات دیئے، تو اُن کے مخالفین نے بعض جوابات کے بارے میں یہ کہا کہ یہ درست ہیں اور بعض کے بارے میں یہ کہا کہ انہوں نے غلطی کی ہے، جب ہم اُن کے درست جوابات کا غلط جوابات سے موازنہ کرتے ہیں، تو وہ ایک چوتھائی بن جاتے ہیں، یوں علم کے تین چوتھائی حصے اُنہیں نصیب ہو گئے اور بقیہ ایک چوتھائی کے بارے میں ایک اُن کا مؤقف ہے اور ایک اُن کے مخالفین کا مؤقف ہے، تو ان (مخالفین) کے پاس تو ایک چوتھائی بھی مکمل نہیں ہے۔

## ابوبکر رازی کا بیان

ابوبکر رازی نے ''شرح الجامع الکبیر'' میں یہ بات ذکر کی ہے: میں نے ''الجامع الکبیر'' کے کچھ مسائل علم نحو کے ایک ماہر کے سامنے بیان کیے (یہ بات بیان کی جاتی ہے یہاں مراد شیخ ابوعلی فارسی ہیں) تو اس کتاب کے مصنف یعنی امام محمد بن حسن شیبانی کی علم نحو میں مہارت پر حیران رہ گئے۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) حالانکہ انہوں نے بھی یہ مسائل امام ابوحنیفہ کے علم سے نقل کیے ہیں' تو امام ابوحنیفہ وہ پہلے فرد ہیں جنہوں نے علم احکام کا استنباط کیا اور احکام بیان کرنے کے لیے اجتہاد کے قواعد کی بنیاد رکھی۔

## امام شافعی کا قول

اس بات کی دلیل وہ مشہور و معروف قول ہے' جو امام شافعی سے منسوب ہے کہ اُنہوں نے یہ فرمایا ہے کہ لوگ فقہ میں امام ابوحنیفہ کے زیر کفالت ہیں۔

خطیب بغدادی نے یہ قول اپنی تاریخ میں اپنی سند کے ساتھ ابوعبید کے حوالے سے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے امام محمد بن ادریس شافعی کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

مَنْ اَرَادَ اَنْ يَعْرِفَ الْفِقْهَ فَلْيَلْزِمْ اَبَا حَنِيْفَةَ وَاَصْحَابَهُ فَاِنَّ النَّاسَ كُلَّهُمْ عَيَالٌ عَلَيْهِ فِي الْفِقْهِ

''جو شخص علم فقہ حاصل کرنا چاہتا ہے' وہ امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب (کے بیان کردہ افادات) کو لازم پکڑے' کیونکہ سب لوگ فقہ میں اُن کے زیر کفالت ہیں''۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) تین مشائخ نے مجھے خبر دی' شرف الدین حسن بن ابراہیم بن حسن نے ''دمشق'' میں -- شرف الدین ابومحمد عبدالعزیز بن محمد بن عبدالمحسن انصاری نے ''حماۃ'' میں -- عز الدین عبدالرزاق بن رزق اللہ نے ''موصل'' میں ''اجازۃ'' (کے طور پر خبر دی):

ابوالیمن زید بن حسن بن زید کندی نے -- ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد قزاز -- ابوبکر احمد بن علی بن ثابت -- عتیقی -- عبدالرحمٰن دمشقی -- انہوں نے اپنے والد (کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:)

## یحییٰ بن سعید قطان کا قول

احمد بن علی بیان کرتے ہیں: میں نے یحییٰ بن معین کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: وہ کہتے ہیں: میں نے یحییٰ بن سعید قطان کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

لَا نُكَذِّبُ عَلَى اللهِ مَا سَمِعْنَا بِاَحْسَنٍ مِنْ رَأْيِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَقَدْ اَخَذْنَا بِاَكْثَرِ اَقْوَالِهِ*

''ہم اللہ تعالیٰ کی طرف کوئی جھوٹی بات منسوب نہیں کرتے' ہم نے امام ابوحنیفہ کی رائے سے زیادہ عمدہ رائے (کسی کی بھی) نہیں سنی ہے' ہم نے ان کے اکثر اقوال کو اپنایا ہے''۔

امام ائمۃ الحدیث یحییٰ بن معین فرماتے ہیں:

وَكَانَ يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ يَذْهَبُ فِي الْفَتْوٰى اِلٰى قَوْلِ الْكُوْفِيِّيْنَ وَيَخْتَارُ قَوْلَهُ مِنْ اَقْوَالِهِمْ

یحییٰ بن سعید فتویٰ دیتے ہوئے اہل کوفہ کے قول کو اختیار کرتے تھے اور اہل کوفہ میں سے بھی اُن (یعنی امام ابوحنیفہ) کے قول کو اختیار کرتے تھے۔

## نویں قسم

(نویں نوع) جو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اُن مناقب اور فضائل کے بارے میں ہے جن میں آپ کے بعد والے (ائمہ) میں سے کوئی آپ کا شریک نہیں ہے (وہ خصوصیت یہ ہے) کہ آپ اپنی ذاتی حلال آمدن سے گزر بسر کرتے تھے اور اضافی رقم کو مشائخ کی جماعت پر خرچ کرتے تھے آپ تحائف اور عطیات قبول نہیں کرتے تھے۔

## علماء پر خرچ کرنا

پہلی بات کی دلیل وہ روایت ہے جو حسن بن ابراہیم بن حسن نے ''دمشق'' میں -- ابو محمد عبدالعزیز بن محمد نے ''حماۃ'' میں -- عبدالرزاق بن رزق اللہ نے ''موصل'' میں ''اذن'' کے طور پر مجھے بیان کی: -- یہ روایت ابوالیمن زید بن حسن -- قزاز -- ابوبکر خطیب احمد بن علی بن ثابت -- محمد بن علی اصفہانی (سے ''اذن'' کے طور پر) -- ابواحمد حسین بن عبداللہ عکبری سے ان کی سند کے ساتھ منقول ہے: مسعر بن کدام فرماتے ہیں:

امام ابوحنیفہ جب بھی کوئی چیز اپنے گھر والوں کیلئے خریدتے تھے تو وہ اُتنی ہی رقم علماء و مشائخ پر بھی خرچ کرتے تھے جب وہ لباس خریدتے تھے تو بھی ایسا ہی کرتے تھے جب پھل یا کھجوریں خریدتے تھے تو بھی ایسا ہی کرتے تھے غرضیکہ جب بھی وہ اپنے لیے یا اپنے گھر والوں کیلئے کوئی چیز خریدتے تھے تو اُس کی مانند چیزیں علماء و مشائخ کیلئے بھی خرید لیتے تھے اسی طرح لباس خریدنے کا معاملہ تھا (وہ پہلے علماء کو لے کر دیتے تھے) اور بعد میں اپنے لیے لیتے تھے۔

یہ ایک طویل حکایت ہے جسے قاضی صیمری نے بھی روایت کیا ہے۔

## امام اعظم حقیقی زاہد ہیں

خطیب تک اسی سند کے ساتھ یہ بھی منقول ہے: اسماعیل بن بشر نے اسلم بن یحییٰ کا یہ بیان نقل کیا ہے: میں نے شقیق بن ابراہیم بلخی کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے:

ایک مرتبہ میں امام ابوحنیفہ کے ساتھ کسی بیمار کی عیادت کرنے کیلئے جا رہا تھا ایک شخص نے دور سے اُنہیں دیکھا تو اُن سے چھپنے کیلئے دوسرے راستہ پر ہولیا لیکن جب اُسے اندازہ ہوا کہ امام ابوحنیفہ اُسے دیکھ چکے ہیں تو وہ شرمندہ ہوا اور ٹھہر گیا امام ابوحنیفہ نے اُس سے دریافت کیا: تم نے راستہ کیوں تبدیل کیا تھا؟ تو اُس نے کہا: میں نے آپ کے دس ہزار درہم دینے ہیں خاصا طویل عرصہ گزر چکا ہے میں ابھی تک اُنہیں ادا نہیں کر سکا تو امام ابوحنیفہ نے اُس سے فرمایا: سبحان اللہ! (اس وجہ سے) یہ صورتِ

حال پیدا ہوگئی کہ تم نے مجھے دیکھ کر مجھ سے چھپنے کی کوشش کی میں نے وہ ساری رقم تمہیں ہبہ کردی اور مجھے دیکھ کر تمہارے ذہن میں جو پریشانی پیدا ہوئی تھی اُس کا تم مجھ سے جو چاہو بدلہ لے لو۔

شقیق بلخی فرماتے ہیں: اس سے مجھے اندازہ ہوا کہ امام اعظم ''حقیقی صوفی'' ہیں۔

## دسویں قسم

(دسویں نوع) جو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اُن مناقب اور فضائل کے بارے میں ہے جن میں آپ کے بعد والے (ائمہ) میں سے کوئی آپ کا شریک نہیں ہے (وہ خصوصیت یہ ہے) کہ آپ کا انتقال مظلوم ہونے کے طور پر قید کے دوران ہوا' آپ کو زہر دیا گیا تھا۔

اس کی دلیل وہ روایت ہے جو شیخ 'معمر' احمد بن مفرج بن احمد بن مسلمہ نے 'دمشق' میں -- ابوالفتح محمد بن عبدالباقی -- ابو الفضل بن خیرون -- قاضی صیمری -- عمر بن ابراہیم -- مکرم بن احمد بن عبدالوہاب بن محمد کے حوالے سے نقل کی ہے:

## عہدہ قضا کی پیشکش

عبید بن اسماعیل بیان کرتے ہیں: خلیفہ ابوجعفر منصور نے امام ابوحنیفہ' سفیان ثوری اور شریک بن عبداللہ کو بلوایا' ان تینوں حضرات کو اُس کے پاس لایا گیا' تو اُس نے ان تینوں سے کہا: میں نے آپ لوگوں کو اچھے مقصد کے تحت بلایا ہے' وہ اس سے پہلے تین فرامین تحریر کروا چکا تھا' اُس نے سفیان سے کہا: یہ حکم نامہ آپ کیلئے ہے جو بصرہ کے قاضی کے عہدہ کے حوالے سے ہے' آپ اسے لیں اور وہاں چلے جائیں' اُس نے شریک سے کہا: یہ کوفہ کے قاضی کے عہدہ کا حکم نامہ ہے' آپ اسے لیں اور وہاں چلے جائیں پھر اُس نے امام ابوحنیفہ سے کہا: یہ حکم نامہ آپ کیلئے ہے جو میرے اس شہر (کے عہدۂ قضاء) کے حوالے سے ہے' پھر اُس نے اپنے دربان سے کہا: تم ان کے ساتھ جاؤ' ان میں سے جو انکار کرے اُسے ایک سو کوڑے لگانا' تو قاضی شریک نے وہ حکم نامہ لیا اور چلے گئے' سفیان ثوری نے وہ حکم نامہ حاصل کیا' اُسے اپنے گھر میں چھوڑا اور بھاگ کر یمن چلے گئے جبکہ امام ابوحنیفہ نے اُس حکم نامہ کو قبول نہیں کیا' تو اُنہیں ایک سو کوڑے لگائے گئے اور قید کر دیا گیا' تو اسی قید کے دوران اُن کا انتقال ہوا۔

علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ امام ابوحنیفہ کو عہدۂ قضاء کی پیش کش کی گئی تھی اور اُسے قبول نہ کرنے کی وجہ سے آپ کو ایک سو کوڑے مارے گئے اور آپ کو قید کر دیا گیا اور اسی قید کے دوران آپ کا انتقال ہوا' البتہ انتقال کے سبب کے بارے میں اختلاف ہے' بعض نے یہ کہا ہے کہ پٹائی کی وجہ سے آپ کا انتقال ہوا' بعض نے یہ کہا ہے کہ آپ کو زہر پلایا گیا' بعض لوگوں نے بعض دوسری باتیں بھی ذکر کی ہیں۔ حقیقتِ حال کے بارے میں اللہ تعالیٰ زیادہ بہتر جانتا ہے۔

## خطیب بغدادی کے نقل کردہ مطاعن اور جوابات

اگر یہ بات بیان کی جائے کہ ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب نے تاریخ بغداد میں امام ابوحنیفہ کے بارے میں طعن' عیب نقص اور بُرائی سے متعلق روایات نقل کی ہیں' جو اُن روایات کے برخلاف ہیں' جو آپ نے اُن کے فضائل اور مناقب کے بارے میں بیان کی ہیں۔

اس کا جواب پانچ طرح سے دیا جا سکتا ہے' جن میں سے چار قسم کے جواب اجمالی ہوں گے اور پانچویں قسم کا جواب تفصیلی ہوگا۔

## پہلا جواب

پہلا جواب یہ ہے کہ جب روایات کے درمیان تعرض آ جائے تو دونوں قسم کی روایات ساقط اور کالعدم شمار ہوتی ہیں اور وہ یوں قرار دی جاتی ہیں جیسے وہ وارد ہی نہیں ہوئی ہیں اور کسی سے روایت ہی نہیں کی گئی ہیں' حاسد خطیب' اللہ تعالیٰ اُس سے درگزر کرے' اُس نے امام محسود (یعنی امام ابوحنیفہ) کی تعریف وتوصیف کے بارے میں بھی روایات نقل کی ہیں' جن روایات کو ہر زمانہ کے اہلِ علم نے نقل کیا ہے اور تمام علاقوں کے افراد اور شام اور عراق سے تعلق رکھنے والے نیک اہلِ علم نے امام ابوحنیفہ اور اُن کے فضائل کا ذکر کیا ہے (کسی شاعر نے کہا ہے:)

''یہ سورج کی مانند ہیں' جو آسمان کے کلیجہ میں ہوتا ہے اور اُس کی روشنی مشرق ومغرب کے تمام علاقوں کو ڈھانپ لیتی ہے''۔

تو امام صاحب کے فضائل میں منقول یہ روایات اُن روایات سے کئی گنا زیادہ ہیں' جو اُن کے حاسدین اور طاعنین نے نقل کی ہیں تو جب روایات کے درمیان تعارض اور اختلاف آ جائے تو پھر وہ ساقط الاعتبار اور کالعدم شمار ہوتی ہیں' تو یوں طے پائے گا' جیسے خطیب نے اُن کو بیان ہی نہیں کیا' اپنی تاریخ میں اُن کا ذکر ہی نہیں کیا اور اُن کو روایت ہی نہیں کیا' تو اب وہ روایات باقی رہ جائیں گی جو ہم نے ذکر کی ہیں اور ائمہ اسلام اور جلیل القدر اہلِ علم نے اُنہیں روایت کیا ہے۔

ہم نے جو کچھ ذکر کیا ہے' اس بات کی دلیل یہ ہے کہ جب تعدیل کو جرح پر ترجیح حاصل ہو' تو پھر وہ جرح یوں شمار ہوگی' جیسے وہ تھی ہی نہیں۔

تحقیق کے ائمہ کے امام ابوالفرج ابن جوزی نے اپنی کتاب ''التحقیق فی احادیث التعلیق'' میں کئی مقامات پر یہ بات ذکر کی ہے' اُنہوں نے کُلّی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے سے متعلق اُس روایت کے بارے میں یہ کہا ہے' جسے جابر جعفی نے حضرت عبداللہ بن عباس کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے نقل کیا ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

اَلْمَضْمَضَةُ وَالِاسْتِنْشَاقُ مِنَ الْوُضُوْءِ الَّذِی لَا یَتِمُّ الْوُضُوْءُ اِلَّا بِهِمَا

''کُلّی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا وضو کا ایسا حصہ ہیں کہ وضو ان کے بغیر مکمل نہیں ہوتا''۔

تو اگر ہمارا مخالف فریق یعنی امام شافعی یہ کہیں' وہ امام شافعی جو ان دونوں کو سنت قرار دیتے ہیں (وہ یہ کہیں:) کہ اس روایت میں جابر جعفی پایا جاتا ہے جسے ایوب سختیانی اور زائدہ نے جھوٹا قرار دیا ہے' تو ہم یہ کہیں گے: سفیان ثوری اور شعبہ نے اُسے ثقہ قرار دیا ہے تو ان دونوں حضرات کا بیان ہی کافی ہے۔

اسی طرح اُنہوں نے ''دونوں کان سر کا حصہ ہیں'' کے بارے میں یہ کہا ہے کہ اس روایت کو سنان بن ربیعہ نے شہر بن حوشب کے حوالے سے حضرت ابوامامہ سے نقل کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

(18) اَنَّهٗ قَالَ: اَلْاُذُنَانِ مِنَ الرَّاْسِ

(18) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى ''الآثار'' (3)، وابوداود (134) فى الطهارة: باب صفة وضوء النبى e، والترمذى (37) فى الطهارة: باب الاذنان من الراس

''دونوں کان سر کا حصہ ہیں''۔

تو اگر ہمارا مقابل فریق' یعنی امام شافعی' جو دونوں کانوں کیلئے نئے سرے سے پانی لیتے ہیں' وہ یہ کہیں کہ سنان بن ربیعہ مضطرب الحدیث ہے اور شہر بن حوشب کی حدیث سے استدلال نہیں کیا جائے گا' ابن عدی کہتے ہیں: یہ قوی نہیں ہے اور اس کی حدیث سے استدلال نہیں کیا جائے گا' تو ہم جواب میں یہ کہیں گے: جہاں تک شہر کا تعلق ہے تو امام احمد بن حنبل اور یحییٰ بن معین نے اُسے ثقہ قرار دیا ہے جہاں تک سنان کا تعلق ہے تو اُس کی حدیث کا اضطراب' اُس کے ثقہ ہونے میں رکاوٹ نہیں ہوگا۔

اسی طرح شرمگاہ کو چھونے والی روایت جسے اسحاق بن محمد فروی نے عبیداللہ بن عمر' نافع کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے نقل کیا ہے (آپ نے ارشاد فرمایا ہے:)

**(19)** مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ وُضُوْئَهُ لِلصَّلَاةِ

''جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے اُسے نماز کے وضو کی طرح وضو کرنا چاہیے''۔

اگر ہمارا مقابل فریق یہ کہے: اسحاق نامی راوی ثقہ نہیں ہے' کیونکہ امام نسائی یہ فرماتے ہیں: اسحاق ثقہ نہیں ہے' تو ہم یہ کہیں گے: یحییٰ اور شعبہ نے اُسے ثقہ قرار دیا ہے۔

علمِ حدیث کے دیگر ماہرین نے بھی ایسا ہی کیا ہے کہ جب تعدیل کو ترجیح حاصل ہو تو جرح کو یوں قرار دیا جائے گا جیسے وہ تھی ہی نہیں' بعض محدثین کے حوالے سے جس راوی کی توثیق کے بارے میں روایت منقول ہے اُس کے بارے میں طعن کرنے والوں کے طعن کا اعتبار نہیں کیا جائے گا' تو مسلمانوں کے وہ امام' جن کی پیروی زمین کے مختلف حصوں کے رہنے والے افراد نے کی ہے' وہ اس بات کے زیادہ لائق ہوں گے کہ اُن کے بارے میں حسد کرنے والے معاندین کے طعن کا اعتبار نہ کیا جائے۔

## دوسرا جواب

دوسرا جواب یہ ہے کہ جو شخص خود عادل نہ ہو اُس کی گواہی اور اُس کی روایت مقبول نہیں ہوتی ہے' محدثین نے خود خطیب کے بارے میں طعن کیا ہے اور اُس کی ایسی خامیوں کا ذکر کیا ہے' جو اُس کی روایت کو قبول نہ کرنے کے واجب ہونے کو ثابت کرتی ہیں' اگر تین باتیں رکاوٹ نہ ہوتیں تو ہم (خطیب کی اُن خامیوں کا تذکرہ کرتے)۔

پہلی رکاوٹ یہ ہے کہ ہمارے وہ امام' جن کی ہم تقلید کرتے ہیں' یعنی امام ابوحنیفہ' اُن کے حوالے سے یہ بات نقل نہیں ہوئی ہے کہ اُنہوں نے اپنے کسی دشمن کا ذکر بُرے الفاظ میں کیا ہے' یا مرحومین میں سے کسی کو بُرا کہا ہو' بلکہ اُن کا مسلک تو یہ ہے کہ مسلمانوں کے بارے میں اچھا گمان رکھا جائے' یہاں تک کہ تہمت بھی موجود ہو' تو اُس کے ذکر کے بعد یہ کہا جائے کہ اگر اس حوالے سے کوئی اور دلیل پائی گئی' تو حکم مختلف ہوگا۔

اُن کا مسلک یہ ہے کہ گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے کوئی شخص ایمان سے خارج نہیں ہوتا ہے' اسی طرح ہمارے اصحاب کی

---

(19) اخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 74/1' في الطهارة: باب مس الفرج - والبزار (148/1 كشف) (285) - والدار قطني 147/1 في الطهارة: باب ما روي في لمس القبل - والحاكم في "المستدرك" 1381

کتب میں ہر امام کا ذکر بھلائی کے حوالے سے ہی ہے' ہمارے اصحاب یہ کہتے ہیں: ہم لوگوں پر یہ لازم ہے کہ اُن کی پیروی کریں اور ان کے طریقہ کی اقتداء کریں۔

دوسری رکاوٹ یہ ہے: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(20) لَاتَذْكُرُوْا اَمْوَاتَكُمْ اِلَّا بِخَيْرٍ

"تم لوگ اپنے مرحومین کا ذکر صرف بھلائی کے حوالے سے کرو"۔

خطیب سے اللہ تعالیٰ درگزر کرے' اُس نے ہمارے ساتھ یہ زیادتی کی کہ اُس نے ہمارے امام کے بارے میں طعن و تشنیع کی حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ

"اللہ تعالیٰ بُری بات کو بلند آواز میں کرنے کو پسند نہیں کرتا ہے' البتہ اُس شخص کا حکم مختلف ہے' جس کے ساتھ ظلم ہوا ہو"۔

ہم پر تو یہ لازم ہے کہ ہم امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پیروی کریں کہ اُنہوں نے ایک شخص کو عید کی نماز سے پہلے نوافل ادا کرتے ہوئے دیکھا' تو اُسے منع نہیں کیا' اُن سے کہا گیا: آپ یہ بات جانتے ہیں کہ عید کی نماز سے پہلے نوافل ادا کرنے سے منع کیا گیا ہے' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ میں کہیں اللہ تعالیٰ کے اس حکم کا مصداق نہ بن جاؤں:

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى عَبْدًا اِذَا صَلّٰى

"کیا تم نے اُس شخص کو دیکھا' جو بندے کو روکتا ہے' جب وہ (بندہ) نماز ادا کرتا ہے"۔

تیسری رکاوٹ یہ ہے کہ خطیب کا بُرا کہنا اور اُس کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے' اُس کا تذکرہ کرنا' ایک غیر ضروری کام میں مشغول ہونے کے مترادف ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:۔

(21) مِنْ حُسْنِ الْاِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيْهِ

"آدمی کے سالم کی خوبیوں میں یہ بات بھی شامل ہے کہ وہ لایعنی کاموں کو ترک کردے"

جو شخص خطیب کی خامیوں سے واقفیت حاصل کرنا چاہے وہ "تاریخ کبیر دمشق" میں اُن کے حالات کا مطالعہ کرلے' اس کتاب کو ابوالقاسم علی بن حسن بن ہبۃ اللہ شافعی نے مرتب کیا ہے' اس کے علاوہ کتاب "الانتصار لامام ائمۃ الامصار" کا مطالعہ کرلے' جسے حافظ یوسف سبط ابن جوزی نے جمع کیا ہے' تو آپ کو خطیب کی سیرت اور عادات واطوار کے بارے میں وہ کچھ پڑھنے کو ملے گا کہ آپ حیران ہوں گے کہ اُس جیسا شخص امام ابوحنیفہ کے بارے میں کوئی کلام کیسے کرسکتا ہے۔

---

(20) اورده المتقى الهندى فى "كنز العمال" (42712)- والمرتضى الزبيدى فى "اتحاف سادة المتقين" 490/7- والسخاوى فى 52/4

(21) اخرجه احمد 201/1-والطبرانى فى الكبير (2886)-وفى الصغير (1080)-والقضاعى فى مسند الشهاب (194)-وهناد فى الزهد (1117) من حديث حسين بن على رضى الله عنهما

## تیسرا جواب

تیسرا جواب یہ ہے کہ جو شخص بکثرت غلطی کرتا ہو اور پھسلتا ہو وہ اگرچہ پرہیز گار بھی ہو پھر بھی اُس کی روایت مقبول نہیں ہوتی خطیب بغدادی کی ان تمام خامیوں کے ہمراہ وہ تقریر ہی کافی ہے جو حافظ ابن جوزی نے اپنی کتاب ''السہم فی المصیب فی رد الخطیب'' میں اور دیگر علماء نے بھی (اپنی کتابوں میں تحریر کی ہے) سابقہ موانع کی وجہ سے ہم اُن کا ذکر نہیں کریں گے۔

## چوتھا جواب

چوتھا جواب یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کے بارے میں مختلف لوگوں کے حوالے سے جو طعن آمیز باتیں روایت کی گئی ہیں اُن لوگوں نے وہ باتیں حسد کی وجہ سے کی ہیں کیونکہ جو شخص صاحبِ فضیلت ہو اُس سے حسد کیا جاتا ہے اور حسد کرنے والے کو ہمیشہ برے کیا جاتا ہے مجھے اپنی زندگی کی قسم ہے! حسد سے کم ہی کسی کو نجات ملتی ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ آدمی اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ اُس جیسا کوئی اور فرد اُس سے اوپر جائے جب وہ کسی ایسے شخص کو دیکھتا ہے جو اُس سے زیادہ نمایاں ہو رہا ہو تو اپنے باطن میں اُس کے خلاف جذبات محسوس کرتا ہے اگر آدمی عقلمند اور پرہیز گار ہو تو وہ اپنے نفس کو مغلوب کر لیتا ہے اور اپنی زبان کی حفاظت کرتا ہے اور اپنی ذات کیلئے ویسی نعمت کے حصول کی آرزو کرتا ہے لیکن وہ یہ آرزو نہیں کرتا کہ دوسرے شخص سے وہ نعمت زائل ہو جائے اور یہ چیز رشک ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

(22) لَا حَسَدَ اِلَّا فِی اِثْنَیْنِ رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَهُوَ یُنْفِقُ مِنْهُ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ

''حسد (یعنی رشک) صرف دو آدمیوں پر کیا جا سکتا ہے ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا کیا ہو اور وہ اُس میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہو''۔ الحدیث

لیکن اگر آدمی پرہیز گار نہ ہو تو اُس کا نفس امارہ بُرائی کو غالب کر دیتا ہے اور ایسا آدمی محسود کے خلاف ہو جاتا ہے۔

پھر ان لوگوں کے مراتب ہیں ان میں سے بعض وہ لوگ ہیں جو تلوار و تفنگ کے ذریعہ دوسرے فریق پر حملہ آور ہوتے ہیں بعض لوگ زبانی طور پر حملہ آور ہوتے ہیں کچھ ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جن کو نفس امارہ بُرائی کے حوالے سے مغلوب کر لیتا ہے اور کبھی وہ لوگ نفس امارہ پر غالب آ جاتے ہیں وہ علماء جنہوں نے امام ابوحنیفہ سے حسد کیا وہ کبھی اُن کی تعریف کرتے ہیں اور کبھی اُن پر تنقید کرتے ہیں مؤمن کی حالت اسی طرح ہوتی ہے کبھی شیطان اُس پر غالب آ جاتا ہے اور کبھی وہ شیطان پر غالب آ جاتا ہے ان علماء نے اس بات کی صراحت بھی کی ہے اور اس بات کا اعتراف بھی کیا ہے (کہ وہ حسد کی وجہ سے امام صاحب پر تنقید کرتے ہیں) اُن علماء میں سے ایک ابن ابولیلیٰ بھی ہیں وہ بعض اوقات امام ابوحنیفہ پر تنقید کرتے ہیں اور بعض اوقات اُن کی تعریف کرتے ہیں اُن سے اس بارے میں دریافت کیا گیا تو وہ بولے: یہ نوجوان (یعنی امام ابوحنیفہ) محسود ہے۔

(22) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الاثار" 191/1 – والحمیدی (617) – وابن ابی شیبه 557/10 – والبخاری (7529) فی التوحید – والبیهقی فی "السنن الکبریٰ" 188/4 .

## پانچواں جواب

خطیب نے جو کچھ ذکر کیا ہے اُس کے حوالے سے پانچواں جواب تفصیلی ہے۔

خطیب اور دیگر حضرات نے امام ابوحنیفہ پر جو تنقید کی ہے اُن میں سے ایک بات یہ ہے کہ وہ حدیث پر عمل نہیں کرتے ہیں وہ رائے پر عمل کرتے ہیں یہ بات وہ شخص کہہ سکتا ہے جو فقہ کی کوئی سمجھ بوجھ نہ رکھتا ہو جس شخص نے فقہ کا ذائقہ سونگھا ہو اور وہ انصاف سے بھی کام لے وہ یہ اعتراف کرے گا کہ امام ابوحنیفہ احادیث کے سب سے بڑے عالم تھے اور آثار کی سب سے زیادہ پیروی کرنے والے تھے اُن لوگوں نے جو اعتراض کیا ہے اُس کے باطل ہونے کی دلیل کئی حوالے سے دی جاسکتی ہے۔

اُن میں سے ایک پہلو یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ ''مرسل'' روایات کو بھی حجت سمجھتے ہیں اور ''مرسل'' روایات کو قیاس پر مقدم قرار دیتے ہیں جبکہ امام شافعی کی رائے اس بارے میں مختلف ہے۔

## قیاس کی اقسام

دوسرا پہلو یہ ہے کہ قیاس کی چار قسمیں ہیں۔

پہلی قسم قیاسِ مؤثر ہے یہ وہ قیاس ہے کہ جب اصل اور فرع کے درمیان کوئی ایسا مشترک معنی ہو جو اثر انداز ہوسکتا ہو۔

دوسری قسم قیاسِ مناسبت ہے اور وہ یہ کہ اصل اور فرع کے درمیان کوئی معنوی مناسبت پائی جاتی ہو۔

تیسری قسم قیاسِ شبہ ہے وہ یہ کہ اصل اور فرع کے درمیان شرعی احکام میں شکل وصورت کے اعتبار سے مشابہت پائی جاتی ہو۔

چوتھی قسم قیاسِ طرد ہے اور وہ یہ کہ اصل اور فرع کے درمیان دوری ہو۔

امام ابوحنیفہ اور اُس کے اصحاب یہ کہتے ہیں: قیاسِ شبہ اور قیاسِ مناسبت باطل ہے۔

قیاسِ طرد کے بارے میں امام ابوحنیفہ اور اُن کے اصحاب کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے بعض حضرات نے اسے بھی منکر قرار دیا ہے۔

شیخ ابوزید کبیر فرماتے ہیں: صرف قیاسِ مؤثر حجت ہے (قیاس کی باقی اقسام) باقی حجت نہیں ہیں۔

## امام شافعی کا موقف

امام شافعی فرماتے ہیں: قیاس کی یہ چاروں اقسام حجت ہیں اور امام شافعی بہت زیادہ قیاسِ شبہ کا استعمال کرتے ہیں جس کی مثال یہ ہے کہ وہ کھانے پینے کی چیزوں کو منصوص چیزوں پر قیاس کر لیتے ہیں کیونکہ کھانے کے حوالے سے اُن کے درمیان ظاہری مشابہت پائی جاتی ہے اگرچہ کھانا اضافہ میں اثر انداز نہیں ہوتا اور ماپنے اور وزن کرنے کی طرح مقدار میں اثر انداز نہیں ہوتا۔

اسی طرح امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ اگر آدمی کا جرم تھوڑا ہو تو اُس کا خاندان اُس کا تاوان ادا کرے گا کیونکہ تھوڑا جرم بھی زیادہ جرم کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔

اسی طرح امام شافعی اس بات کے قائل ہیں: سرکہ مائع ہوتا ہے تو اس کی جنس پر قطرہ قائم نہیں ہوسکتا اس لیے یہ تیل کی طرح

نجاست کوزائل نہیں کرے گا' اگر چہ یہ اثر انداز ہونے والی چیز نہیں ہے' تو یہاں امام شافعی نے سرکہ اور تیل کو ظاہری مشابہت کی وجہ سے اکٹھا کر دیا ہے' جبکہ امام ابوحنیفہ سرکہ کو پانی کے ساتھ جمع کرتے ہیں' کیونکہ اُس کے اندر اثر انداز ہونے والا مفہوم پایا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ سرکہ بھی پانی کی طرح رقیق ہوتا ہے اور نجاست کو زائل کر دیتا ہے' جبکہ اس کے ساتھ اُس چیز کو ملا بھی جائے اور قطرے بھی ٹپکا دیئے جائیں اور نچوڑ بھی لیا جائے۔ اس طرح کی مثالیں بہت زیادہ ہیں' پھر حیرانگی کی بات یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ صرف ایک یا دو قسمیں استعمال کرتے ہیں' جبکہ امام شافعی کی قیاس کی یہ چاروں قسمیں استعمال کرتے ہیں اور وہ انہیں حجت بھی قرار دیتے ہیں۔

## امام صاحب پر الزام بے بنیاد ہے

خطیب اور اُن جیسے افراد یہ کہتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ حدیث کو چھوڑ کر قیاس کو استعمال کرتے ہیں' اُن کا یہ کہنا نفسانی خواہشات کے غلبہ کی وجہ سے ہے اور فقہ سے عدم واقفیت کی وجہ سے ہے' وہ جو کہتے ہیں اُس کے باطل ہونے کی صورت یہ ہے' یعنی اُن کا یہ کہنا کہ امام ابوحنیفہ روایات کی پیروی نہیں کرتے ہیں' یہ اس وجہ سے باطل ہوگا کہ جو شخص امام ابوحنیفہ اور اُن کے اصحاب کے دلائل سے واقف ہوگا وہ خطیب کے بیان کردہ اعتراض کے باطل ہونے سے بھی واقف ہو جائے گا۔

## ترک قیاس کی پہلی مثال

اس کو تفصیلی طور پر یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ نماز کے دوران قہقہہ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے' اُس کی دلیل نابینا شخص والی وہ روایت ہے جو ایک گڑھے میں گر گیا تھا (تو نبی اکرم ﷺ کے پیچھے نماز ادا کرنے والوں میں سے) بعض لوگ قہقہہ لگا کر ہنس پڑے تھے' تو نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا تھا:

**(23)** اَلَامَنْ قَهْقَهَ مِنكُمْ فَلْيُعِدْ الْوُضُوْءَ وَالصَّلَاةَ

''تم میں سے جس شخص نے قہقہہ لگایا ہے' وہ وضو اور نماز کو دُہرائے''۔

یہ حدیث اگر چہ ضعیف ہے' لیکن امام ابوحنیفہ نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے اور نماز کے دوران قہقہہ لگانے کو نماز کے علاوہ قہقہہ لگانے پر قیاس نہیں کیا' جبکہ امام شافعی کی رائے مختلف ہے' اُنہوں نے اس میں قیاس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

## ترک قیاس کی دوسری مثال

اسی طرح امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: کھجور کی نبیذ کے ذریعہ وضو کرنا جائز ہے' کیونکہ جنات کی حاضری والی رات سے متعلق روایت جو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے نقل کی ہے' اُس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے' یہ روایت اگر چہ ضعیف ہے لیکن امام ابوحنیفہ نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے اور اُنہوں نے نبیذ کو دیگر تمام مشروبات پر قیاس نہیں کیا ہے جبکہ امام شافعی کی رائے اس بارے میں مختلف ہے کیونکہ اُنہوں نے قیاس کے مطابق فتویٰ دیا ہے' اس سے یہ بات پتا چل جاتی ہے کہ امام ابوحنیفہ ''ضعیف'' حدیث کو قیاس پر مقدم قرار دیتے ہیں۔

---

(23) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (164)- والدار قطني في "السنن" 166/1 في الطهارة: باب احاديث القهقهة في الصلاة- وعبدالرزاق (3760) في الصلاة: باب التبسم والضحك في الصلاة.

## روایت میں ترک وترجیح

لیکن خطیب اور اُن جیسے افراد یہ کہتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے اُن بعض روایات کو ترک کیا ہے جنہیں امام شافعی نے اختیار کیا ہے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ شاید امام ابوحنیفہ نے قیاس کی وجہ سے اُن روایات کو ترک کیا ہے وہ یہ نہیں جانتے کہ امام ابوحنیفہ نے اُن روایات کو اُن احادیث کی بنیاد پر ترک کیا ہے جو اُن روایات سے زیادہ مستند ہیں۔

## قلّے والی روایت

اُن روایات میں سے ایک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

(24) إِذَا بَلَغَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلْ خُبْثًا

"جب پانی دو قلّے ہو جائے تو وہ ناپاک نہیں ہوتا"۔

امام ابوحنیفہ نے اس حدیث کو اس لیے ترک کیا ہے کیونکہ یہ صحیحین میں نہیں ہے اور لفظ "قُلّہ" ایک ایسا لفظ ہے جو مشترک ہے پھر اس حدیث کی سند بھی مضطرب ہے امام ابوحنیفہ نے اُس حدیث کو ترک کیا ہے جس پر شیخین یعنی امام بخاری اور امام مسلم کا اتفاق ہے اُن دونوں نے اپنی اپنی صحیح میں اسے نقل کیا ہے اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

(25) لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ مِنْهُ

"کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں ہرگز پیشاب نہ کرے کہ بعد میں اُس سے وضو کرلے"۔

مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں:

ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ

"پھر وہ اُسی پانی سے غسل کرلے"۔

## پانی کا حکم

اُن میں سے ایک روایت سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ وہ اس بات کو مکروہ سمجھتی تھی کہ کسی ایسے پانی سے وضو کیا جائے جس میں کوئی چیز گیلی ہو امام ابوحنیفہ نے اسے ترک کر دیا ہے کیونکہ سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا نے ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث روایت کی ہے جو اس روایت کے برخلاف ہے اور وہ حدیث صحیح ہے جس پر شیخین یعنی امام بخاری اور امام مسلم کا اتفاق ہے اِن دونوں حضرات نے اسے نقل کیا ہے اور وہ سیدہ اُم عطیہ رضی اللہ عنہا کی نقل کردہ حدیث ہے سیدہ اُم عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

(26) تُوُفِّيَتْ اِحْدٰى بَنَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقَالَ اِغْسَلْنَهَا بِسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْاٰخِرَةِ كَافُوْرًا

---

(24) اخرجه ابو داؤد (63) فی الطهارة: باب ماینجس الماء- والترمذی (50) فی الطهارة، والشافعی فی "الام" 18/1 فی الطهارة: باب الماء الراكد- واحمد 27/2- وابن ماجة (517) فی الطهارة: باب مقدار الماء الذی لاینجس.

(25) اخرجه ابن حبان (1251)- واحمد 492/2- وعبدالرزاق (300)- وابو عوانة 276/1- وابن الجارود فی "المنتقى" (54)-- والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 14/1.

''نبی اکرم ﷺ کی ایک صاحبزادی کا انتقال ہوگیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اسے بیری کے پتوں کے ذریعہ غسل دینا اور آخر میں تھوڑا سا کافور شامل کر دینا''۔

اس صحیح حدیث کی بنیاد پر امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں: جب مطلق پانی کسی پاک چیز کے ملنے کی وجہ سے زائل ہو جائے' جیسے بیری کے پتے یا کافور یا اشنان نام بوٹی یا صابون یا زعفران نامی بوٹی' تو ایسے پانی کے ذریعہ وضو کرنا جائز ہے' جبکہ امام شافعی کی رائے اس بارے میں مختلف ہے۔

## عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا

اُن میں سے کچھ روایات وہ ہیں' جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے ذریعہ وضو کرنا (مرد کیلئے) جائز نہیں ہے' ان میں سے کوئی بھی روایت ''صحاح'' میں نہیں ہے اور امام ابوحنیفہ نے اس حدیث پر عمل اس لیے ترک کیا ہے کیونکہ اس کے مقابلہ میں ایک مستند حدیث ہے' جسے امام ترمذی نے اپنی ''جامع'' میں ذکر کیا ہے اور وہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے منقول حدیث ہے' وہ بیان کرتی ہیں:

**(27)** قَالَتْ اَجْنَبْتُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاغْتَسَلْتُ فِیْ جُفْنَةٍ فَفَضَلَتْ فَضْلَةٌ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِيَغْتَسِلَ مِنْهَا قُلْتُ اِنِّیْ اغْتَسَلْتُ مِنْهَا قَالَ اِنَّ الْمَاءَ لَيْسَ عَلَيْهِ جَنَابَةٌ وَلَا يُنَجِّسُهٗ شَیْءٌ فَاغْتَسَلَ مِنْهُ

''مجھے اور نبی اکرم ﷺ کو جنابت لاحق ہوگئی' میں نے ایک بڑے ٹب میں موجود پانی کے ذریعہ غسل کیا' تو کچھ پانی بچ گیا' نبی اکرم ﷺ تشریف لائے تاکہ اُس ٹب کے ذریعہ غسل کرلیں' تو میں نے عرض کی: میں اس سے غسل کرچکی ہوں! نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: پانی پر جنابت اثر انداز نہیں ہوتی ہے اور اسے کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی ہے' پھر نبی اکرم ﷺ نے اُس کے ذریعہ غسل کرلیا''۔

امام ابوعیسیٰ ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث صحیح حسن ہے۔

اسی حدیث کی وجہ سے امام ابوحنیفہ نے یہ فرمایا ہے: ایسے پانی کے ذریعہ وضو کرنا جائز ہے' البتہ بعض محدثین کا مؤقف اس سے مختلف ہے۔

## جانور کے مرنے سے پانی کا نجس ہونا

اُن روایات میں سے ایک وہ حدیث ہے' جو اس بارے میں منقول ہوئی ہے کہ جانور کے مرجانے کی وجہ سے پانی نجس ہو جاتا

(26) اخرجه احمد 408/6– وابن سعد فی "الطبقات" 455/8– والشافعی فی "المسند" 203/1– وعبد لرزاق (4090)، والبخاری (1262)– وابو داؤد (4144)– وابن الجارود فی "المنتقی" (520).

(27) اخرجه البخاری (253) فی الغسل: باب الغسل بالصاع ونحوه– ومسلم (47) فی الحیض: باب القدر المستحب من الماء فی غسل الجنابة– والترمذی (62) فی الطهارة: باب ماجاء فی وضوء الرجل والمرأة من اناء واحد

امام ابوحنیفہ نے ایسے جانوروں کے بارے میں ان کے حکم کوترک کیا ہے، جن میں بہتا ہوا خون نہ ہو جیسے: مکھی، مچھر، بھڑ، بچھو وغیرہ۔

اس کی دلیل وہ حدیث ہے، جواس بارے میں ''صحیح بخاری'' میں منقول ہے، نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا ہے:

(28) اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِیْ اِنَاءِ اَحَدِکُمْ فَلْیُغْمِسْهُ کُلَّهٗ ثُمَّ لِیَطْرَحْهُ فَاِنَّ فِیْ اَحَدِ جَنَاحَیْهِ شِفَاءٌ وَفِیْ الْآخَرِ دَاءٌ

''جب مکھی کسی چیز کے برتن میں گر جائے، تو آدمی اُسے پوری طرح ڈبوکر پھر نکال کر باہر پھینکے کیونکہ اس کے ایک پر میں شفاء ہوتی ہے اور دوسرے میں بیماری ہوتی ہے''۔

## مردار کی کھال کا حکم

ان روایات میں سے ایک، وہ عمومی روایات ہیں، جو مردار کے بارے میں منقول ہیں، امام ابوحنیفہ نے اُنہیں ترک کیا ہے کہ مردار کی کھال کو دباغت کے ذریعہ پاک کیا جاسکتا ہے، اس کی دلیل بھی وہ صحیح حدیث ہے، جسے نقل کرنے میں شیخین یعنی امام بخاری اور امام مسلم متفق ہیں اور وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول حدیث ہے، وہ بیان کرتے ہیں:

(29) مَرَّ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ مَیْتَةٍ فَقَالَ اَلَا اِنْتَفَعْتُمْ بِاِهَابِهَا فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللهِ اِنَّهَا مَیْتَةٌ فَقَالَ اِنَّمَا حُرِّمَ اَکْلُهَا

''ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کا گزر ایک مردہ بکری کے پاس سے ہوا، تو آپ نے ارشادفرمایا: تم لوگ اس کی کھال کے ذریعہ نفع حاصل کیوں نہیں کر لیتے؟ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مردار ہے! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس کو کھانے کوحرام قرار دیا گیا ہے''۔

اسی حدیث کی وجہ سے امام ابوحنیفہ یہ فرماتے ہیں: مردار کی کھال دباغت کے ذریعہ پاک ہوجاتی ہے، جبکہ (محدثین کی) ایک جماعت کا مؤقف اس سے مختلف ہے۔

ان روایات میں سے کچھ وہ روایات بھی ہیں جو مردار کے بارے میں عمومی طور پر منقول ہوئی ہیں، امام ابوحنیفہ نے اس ''صحیح'' حدیث کی وجہ سے اُنہیں ترک کیا ہے اور وہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

اِنَّمَا حُرِّمَ اَکْلُهَا

''اس کو کھانے کو حرام قرار دیا گیا ہے''۔

---

(28) اخرجه الطحاوی فی "شرح مشكل الآثار" (3290) - والنسائی فی "المجتبی" 178/7 - وابو یعلی (986) - وابن حبان (1247) - وابی عبدالبر فی "التمهید" 337/1

(29) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 469/1 - وابن حبان (1283) - ومسلم (364) فی الحیض: باب طهارة جلود المیتة بالدباغ - والبیهقی فی "السنن الكبری" 23/1 - والحمیدی (491) - وابو عوانة 211/1 - والطبرانی فی "الكبير" (11383)

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: مردار کے بال' اُس کی ہڈیاں' اُس کے سینگ اور اُس کی اُون پاک ہوتی ہے' جبکہ امام شافعی کی رائے اس بارے میں مختلف ہے۔

## منی کا نجس ہونا

اُن روایات میں سے بعض روایات وہ ہیں' جو منی کو دھونے کے لازم نہ ہونے کے بارے میں منقول ہیں اور یہ کہ اُسے کھرچ کر صاف کیا جا سکتا ہے' لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ شاید امام ابوحنیفہ نے ان روایات کو اس لیے ترک کیا ہے کہ وہ منی کے نجس ہونے کے قائل ہیں' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس روایت کو ترک نہیں کیا' بلکہ وہ اس پر عمل کرتے ہیں اور وہ یہ کہتے ہیں: اگر منی خشک ہو چکی ہو تو اُسے کھرچنا جائز ہے اور اگر وہ تر ہو' تو اُسے دھونا لازم ہے' اس کی دلیل وہ مستند حدیث ہے' جسے نقل کرنے میں شیخین' یعنی امام بخاری اور امام مسلم متفق ہیں' ان دونوں نے اپنی اپنی ''صحیح'' میں اُسے نقل کیا ہے اور وہ عطاء بن یسار کی نقل کردہ حدیث ہے' وہ بیان کرتے ہیں: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے بتایا ہے:

(30) اَنَّهَا كَانَتْ تَغْسِلُ الْمَنِيَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَيَخْرُجُ وَيُصَلِّيْ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَى الْبُقَعِ فِيْ ثَوْبِهٖ مِنْ اَثَرِ الْغُسْلِ

''وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی کو دھو دیتی تھیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جا کر نماز ادا کرتے تھے اور دھونے کی وجہ سے پانی کا نشان کپڑے پر مجھے نظر آ رہا ہوتا تھا''۔

اس بنیاد پر امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں: یہ نجس ہوتی ہے' اس بارے میں امام شافعی کا مؤقف مختلف ہے۔

## قضاءِ حاجت کے وقت قبلہ کی طرف رخ کرنا

اُن میں سے ایک روایت وہ ہے' جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہے' (وہ بیان کرتے ہیں:)

(31) رَقِيْتُ يَوْمًا عَلٰى بَيْتِ حَفْصَةَ فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى حَاجَتِهٖ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ مُسْتَدْبِرَ الشَّامِ

''ایک دن میں' سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر کی چھت پر چڑھا' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو قضائے حاجت کرتے ہوئے دیکھا' آپ کا رُخ قبلہ کی طرف تھا اور آپ کی پشت شام کی طرف تھی''۔

لوگ یہ سمجھتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے اس حدیث پر عمل ترک کیا ہے' جبکہ امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں: اس بات کا احتمال موجود ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کیلئے بیٹھے ہوں گے' تو اس کے آغاز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی طرف پشت کی ہوگی' اس طرح

(30) اخرجه ابن حبان (1381)- وابو داؤد الطيالسي 44/1- والبخاري (229) في الوضوء- ومسلم(289)- وابن خزيمة في "صحيحه"(287)- وابن ماجة(536)- والبيهقي في" السنن الكبرى"428/2-419

(31) اخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 234/4-وابن حبان (1418)-واحمد 41/2-والبخاري(149)في الوضوء: باب التبرز في البيوت- وابن ماجة(322)-وابو عوانة 201/1 .

روایت میں اور اُس حدیث کے درمیان تطبیق ہو جائے گی' جسے نقل کرنے میں شیخین' امام بخاری اور امام مسلم متفق ہیں' ان دونوں نے اپنی اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے' وہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

(32) لَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ وَّلَا بَوْلٍ وَلٰكِنْ شَرِّقُوْا اَوْ غَرِّبُوْا

''پاخانہ یا پیشاب کرتے ہوئے قبلہ کی طرف رُخ نہ کرو' بلکہ (مدینہ منورہ کے حساب سے) مشرق یا مغرب کی طرف رُخ کرو''۔

تو اس حدیث کی بنیاد پر امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں: قضائے حاجت کرتے ہوئے قبلہ کی طرف رُخ کرنا جائز نہیں ہے' خواہ کھلی جگہ ہو یا عمارت کے اندر آدمی موجود ہو' اس بارے میں امام شافعی اور بعض محدثین کا مؤقف مختلف ہے۔

## وضو میں' سر کے مسح میں تکرار

اُن روایات میں سے کچھ روایات وہ ہیں' جو اس بارے میں منقول ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین' تین مرتبہ وضو کرتے تھے (یعنی وضو کرتے ہوئے ہر عضو کو تین مرتبہ دھوتے تھے) تو لوگوں نے یہ گمان کیا کہ امام ابوحنیفہ اس حدیث پر عمل نہیں کرتے ہیں' کیونکہ وہ (تین مرتبہ) مسح کی تکرار کو مستحب نہیں سمجھتے ہیں' حالانکہ امام ابوحنیفہ یہ فرماتے ہیں: وضو سے مراد دھونا ہے' تو دھونے میں تکرار مستحب ہے' لیکن مسح' دھونے میں شمار نہیں ہوتا' اس لیے اس میں بھی تکرار مستحب نہیں ہوگی اور اس کی دلیل وہ حدیث ہے' جسے امام ابوعیسیٰ ترمذی نے اپنی ''جامع'' میں حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے: اُنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے بارے میں ذکر کرتے ہوئے یہ بات بتائی:

اَنَّهُ مَسَحَ بِرَاْسِهٖ مَرَّةً

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر پر ایک مرتبہ مسح کیا تھا۔

پھر امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## مغرب کی نماز جلدی ادا کرنا

اُن روایات میں چند ایک روایات وہ ہیں' جو مغرب کی نماز جلدی ادا کرنے کے بارے میں منقول ہیں اور اس میں تاخیر کے مکروہ ہونے کے بارے میں ہیں' تو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے ان احادیث پر عمل نہیں کیا ہے' وہ یہ کہتے ہیں کہ دیگر تمام نمازوں کی طرح مغرب کی نماز کے بھی دو اوقات ہیں (یعنی ایک اُس کا ابتدائی وقت ہے اور ایک انتہائی وقت ہے) حالانکہ امام ابوحنیفہ یہ فرماتے ہیں: ان روایات کی بنیاد پر مغرب کی نماز کو تاخیر سے ادا کرنا مکروہ ہے' لیکن اس کو تاخیر سے ادا کرنے کا مکروہ ہونا

(32) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' 234/4-واحمد 421/5- وابو عوانة: 199/1- والطبرانی فی ''الكبير'' ( 3935)- والشافعی فی ''المسند'' 25/1-والحميدی(378)، والبخاری( 394) فی الصلاة:باب قبلة اهل المدينة واهل الشام والمشرق- عن ابی ايوب الانصاری .

اس بات پر دلالت نہیں کرتا ہے کہ اس کی ادائیگی کے جائز ہونے کا وقت ہی باقی نہیں رہا ہے' جس طرح عصر کی نماز کو سورج کے زرد ہونے تک مؤخر کرنا مکروہ ہے (لیکن اگر اُس وقت تک نماز ادا کی جائے تو ادا ہو جاتی ہے) اسی طرح مغرب کی نماز کو شفق کے غائب ہونے سے پہلے ادا کر لیا جائے' تو یہ درست ہوگی' اس کی دلیل وہ حدیث ہے' جسے نقل کرنے میں شیخین' امام بخاری اور امام مسلم متفق ہیں' ان دونوں نے اپنی اپنی ''صحیح'' میں اسے نقل کیا ہے' نبی اکرم ﷺ یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

(33) اِذَا قَدِمَ الْعَشَاءُ فَابْدَؤُا بِهٖ قَبْلَ اَنْ تُصَلُّوْا صَلَاةَ الْمَغْرِبِ وَلَا تَعْجَلُوْا عَنْ عَشَائِكُمْ

''جب رات کا کھانا آ جائے' تو پہلے اُسے کھا لو اس سے پہلے کہ تم مغرب کی نماز ادا کرو' تم اپنے کھانے کو چھوڑ کر نہ جاؤ''۔

اس حدیث کی بنیاد پر امام ابوحنیفہ نے جواز کا فتویٰ دیا ہے اور اس بارے میں امام شافعی کی رائے مختلف ہے۔

## فجر کی نماز روشنی میں ادا کرنا

اُن روایات میں وہ روایات بھی شامل ہیں' جو نمازوں کو اُن کے مخصوص اوقات میں ادا کرنے کے بارے میں اور ابتدائی وقت میں ادا کرنے کے بارے میں منقول ہیں' تو لوگوں نے یہ گمان کیا کہ امام ابوحنیفہ اس حدیث پر عمل نہیں کرتے ہیں' وہ یہ کہتے ہیں: فجر کی نماز کو روشنی میں ادا کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اُن روایات میں اور صحیح' صریح روایت کے درمیان تطبیق دی ہے' جسے امام ابوعیسیٰ ترمذی نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے نقل کیا ہے: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

(34) اَصْبِحُوْا بِالصُّبْحِ فَاِنَّهٗ اَعْظَمُ لِلْاَجْرِ

''صبح کی نماز روشنی میں ادا کرو' کیونکہ اس میں اجر زیادہ ہے''۔

امام ترمذی بیان کرتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسی بنیاد پر اُنہوں نے یہ کہا ہے: صبح کی نماز روشنی میں ادا کرنا مستحب ہے' تا کہ اس روایت اور دوسری صحیح روایت کے درمیان تطبیق ہو جائے (جس کے الفاظ یہ ہیں:)

''سب سے زیادہ فضیلت والا عمل یہ ہے کہ نماز کو اُس کے مخصوص وقت میں ادا کیا جائے''۔

اس کی وجہ یہ ہے' نماز کا آخری وقت بھی نماز کا مخصوص وقت ہوتا ہے۔

## ایک موضوع روایت

جہاں تک نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کا تعلق ہے:

''ابتدائی وقت اللہ تعالیٰ کی رضا مندی ہوتا ہے اور آخری وقت اللہ تعالیٰ کا درگزر ہوتا ہے''۔

---

(33) اخرجه الطحاوی فی "شرح مشکل الآثار" (1986)-والبیهقی فی "السنن الکبریٰ" 457/1-وابو داؤد (3757)-واحمد 20/2- والبخاری (673)-ومسلم(559)-والطبرانی فی "الصغیر" (995)-عن ابن عمر رضی الله عنه.

(34) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 179/1- والبیهقی فی "السنن الکبریٰ" 457/1- والطیالسی (959)- والترمذی (154) فی الصلاة: باب ماجاء فی الاسفار بالفجر- والطبرانی فی "الکبیر" (4286)

-- عن رافع بن خدیج رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "اسفروا بالفجر، فانه اعظم للاجر".

تو یہ ''موضوع'' روایت ہے' جس کی طرف ابن جوزی نے اپنی کتاب ''التحقیق'' میں اشارہ کیا ہے' لیکن اُنہوں نے اس حدیث کے ''موضوع'' ہونے کی صراحت نہیں کی ہے' دیگر حضرات نے اس کے ''موضوع'' ہونے کی صراحت کی ہے۔

## نمازِ وسطیٰ سے مراد کیا ہے؟

اُن روایات میں' وہ احادیث بھی ہیں' جو اس بارے میں منقول ہیں کہ نمازِ وسطیٰ سے مراد فجر کی نماز ہے' لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے اس پر عمل نہیں کیا' وہ یہ کہتے ہیں: نمازِ وسطیٰ سے مراد عصر کی نماز ہے' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس قول کو اختیار کرتے ہوئے اُس حدیثِ صحیح پر عمل کیا ہے' جس کے نقل کرنے میں شیخین' امام بخاری اور امام مسلم متفق ہیں' ان دونوں نے اپنی اپنی ''صحیح'' میں اسے نقل کیا ہے' امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے غزوۂ احزاب کے موقع پر یہ ارشاد فرمایا:

(35) مَلَأَ اللهُ قُلُوْبَهُمْ وَقُبُوْرَهُمْ نَارًا كَمَا شَغَلُوْنَا عَنِ الصَّلَاةِ الْوُسْطٰى صَلَاةَ الْعَصْرِ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ

''اللہ تعالیٰ اُن کے دلوں کو اور اُن کی قبروں کو آگ سے بھر دے' کیونکہ انہوں نے ہمیں نمازِ وسطیٰ' یعنی عصر کی نماز ادا نہیں کرنے دی' یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا''۔

تو اس حدیث میں نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: نمازِ وسطیٰ سے مراد عصر کی نماز ہے۔ اس بارے میں امام شافعی کی رائے مختلف ہے' وہ فرماتے ہیں: اس سے مراد فجر کی نماز ہے۔

## نماز میں ''بسم اللہ'' کو پست آواز میں پڑھنا

ان روایات میں' وہ روایات بھی ہیں' جو اس بارے میں منقول ہیں کہ بسم اللہ شریف بلند آواز میں پڑھی جائے' لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ اس بارے میں امام ابوحنیفہ نے قیاس کی بنیاد پر مخالفت کی ہے اور اس حدیث پر عمل نہیں کیا ہے' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس پر عمل اس لیے نہیں کیا ہے' کیونکہ اس بارے میں نبی اکرم ﷺ سے کچھ منقول نہیں ہے' بعض صحابہ کرام سے کچھ منقول ہے' تاہم وہ مستند روایات نہیں ہیں اور بڑی حیرانگی امام دارقطنی پر ہوتی ہے کہ جنہوں نے بسم اللہ بلند آواز میں پڑھنے کے بارے میں کتاب تصنیف کی ہے اُس میں اُنہوں نے تعصب سے کام لیتے ہوئے موضوع روایات بھی نقل کر دی ہیں' محدثین نے اس حوالے سے اُن پر اعتراض کیا اور ایک ہی کمان کے ذریعہ اُن پر تیر اندازی کی' جب وہ مصر آئے' تو ایک مالکی نے اُن سے کہا: میں آپ کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں' جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' کیا نبی اکرم ﷺ سے مستند طور پر کوئی ایسی روایت منقول ہے' جو بلند آواز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنے کے بارے میں ہو؟ تو امام دارقطنی نے جواب دیا: جی نہیں!

(35) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' 173/1– واحمد 79/1– وابو یعلی (384)– ومسلم (627)(203) فی المساجد– والنسائی (474) فی الصلاة: باب المحافظة علی صلاة العصر– والبخاری (2931) فی الجهاد: باب الدعاء علی المشرکین بالحضریمة

اسی وجہ سے امام ابوحنیفہ نے اس روایت پر عمل نہیں کیا' انہوں نے اُس صحیح حدیث پر عمل کیا ہے' جسے نقل کرنے میں شیخین متفق ہیں' امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی "صحیح" میں اُسے نقل کیا ہے' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَخَلْفَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَكَانُوْا لَا يَجْهَرُوْنَ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

"میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے پیچھے نماز ادا کی ہے' یہ حضرات بلند آواز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں پڑھتے تھے"۔

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

فَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا مِنْهُمْ يَقُوْلُ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

"میں نے ان حضرات میں سے کسی کو بسم اللہ پڑھتے ہوئے نہیں سنا"۔

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

(36) كَانُوْا لَا يَسْتَفْتِحُوْنَ الْقِرَاءَةَ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

"یہ لوگ قرأت کا آغاز بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنے سے نہیں کرتے تھے"۔

اسی وجہ سے امام ابوحنیفہ نے یہ فرمایا ہے: بسم اللہ کو بلند آواز میں نہیں پڑھا جائے گا' اس بارے میں امام شافعی کی رائے مختلف ہے۔

## نماز میں سورۂ فاتحہ کی تلاوت

ان روایات میں سے کچھ احادیث وہ ہیں' جو سورۂ فاتحہ کے بارے میں منقول ہوئی ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

**(37)** لَا صَلٰوةَ اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

"سورۂ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی ہے"۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

**(38)** كُلُّ صَلٰوةٍ لَمْ يُقْرَاُ فِيْهَا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَهِيَ خُدَاجٌ غَيْرُ تَمَامٍ

---

(36) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 202/1-والبخاری فی "القراءة خلف الامام" (121)، وابو ليلى (2981)-وابو عوانة 122/2-وابن حبان (1798) -ابن ماجة (491)؛

(37) اخرجه ابن حبان (1782)- وابن ابی شيبة 360/1- ومن طريقه اخرجه مسلم (394) فی الصلاة: باب وجوب قراءة الفاتحة فی كل ركعة- والشافعی فی "المسند" 75/1-والحميدی (386)- واحمد 314/5- والبخاری (756) فی الاذان: باب وجوب القراءة للامام والمأموم فی الصلوات كلها- عن عبادة بن الصامت رضی الله عنه

(38) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 216/1-واحمد 241/2- والحميدی (973)- ومسلم (395)(38) فی الصلاة: باب وجوب قراءة الفاتحة فی كل ركعة- والبيهقی فی "السنن الكبرىٰ" 40/2- عن ابی هريرة رضی الله عنه

"ہر وہ نماز جس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے' وہ ادھوری ہوتی ہے' مکمل نہیں ہوتی ہے"۔

لوگوں نے یہ گمان کیا کہ امام ابوحنیفہ نے اس حدیث پر عمل نہیں کیا ہے' وہ یہ کہتے ہیں کہ سورۂ فاتحہ کی تلاوت کے بغیر بھی نماز درست ہوتی ہے' جبکہ آدمی نے سورۂ فاتحہ کے علاوہ قرآن کے کسی اور حصہ کی تلاوت کی ہوئی ہو' حالانکہ لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ امام ابوحنیفہ نے اس حدیث پر عمل کیا ہے' اُنہوں نے اس بارے میں منقول تمام روایات کے درمیان تطبیق دی ہے' وہ یہ کہتے ہیں کہ سورۂ فاتحہ کے بغیر نماز ادھوری ہوتی' مکمل نہیں ہوتی ہے' اگر کوئی شخص جان بوجھ کر اسے ترک کر دیتا ہے تو اُس کی نماز ناقص ہوگی' مکمل نہیں ہوگی' لیکن اگر وہ بھول کر اسے ترک کر دیتا ہے' تو وہ سجدۂ سہو کے ذریعہ اس نقصان کو پورا کر لے گا۔ امام ابوحنیفہ یہ فرماتے ہیں: نماز مکمل اور فضیلت والی سورۂ فاتحہ کے بغیر نہیں ہوتی ہے' البتہ سورۂ فاتحہ نہ پڑھنے کے نتیجہ میں نماز باطل نہیں ہوتی ہے' اس کی دلیل وہ مستند حدیث ہے جسے اُمت نے نقل کیا ہے اور جسے نقل کرنے میں شیخین' یعنی امام بخاری اور امام مسلم متفق ہیں' ان دونوں نے اپنی اپنی "صحیح" میں اسے نقل کیا ہے:

(39) اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلَّمَ الْاَعْرَابِیَّ الصَّلَاةَ فَرَائِضَهَا كُلَّهَا فَقَالَ كَبِّرْ ثُمَّ اِقْرَاْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ

"نبی اکرم ﷺ نے ایک دیہاتی کو نماز کے تمام فرائض کی تعلیم دیتے ہوئے فرمایا: تم تکبیر کہو اور پھر جو قرآن تمہیں آتا ہو' اُسے پڑھ لو"۔

تو اس حدیث پر عمل کرنا واجب بھی ہے' کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب کے موافق ہے' اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ

"جو قرآن آتا ہو' اُسے تم پڑھ لو"۔

اس بنیاد پر امام ابوحنیفہ نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ سورۂ فاتحہ ترک کرنے کی وجہ سے نماز باطل نہیں ہوگی' اس بارے میں امام شافعی کی رائے مختلف ہے۔

## تشہد کے کلمات

اُن روایات میں سے ایک حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول تشہد کے بارے میں روایت ہے' لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے اپنی رائے کی وجہ سے اس روایت کو ترک کیا ہے' وہ لوگ یہ نہیں جانتے کہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے نقل کردہ تشہد کے کلمات کو اختیار کیا ہے' کیونکہ وہ اس بارے میں منقول تمام روایات میں سب سے زیادہ مستند ہیں' جیسا کہ امام ابوعیسیٰ ترمذی فرماتے ہیں: تشہد کے بارے میں نبی اکرم ﷺ سے جو روایات نقل کی ہیں اُن میں

(39) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 233/1-وابن حبان(1890)-والبخاری(757) فی الاذان:باب وجوب القراءة للامام والمأموم فی الصلوات كلها-والبيهقی فی "السنن الكبریٰ" 122/2-واحمد 437/3-من حديث ابی هريرة رضی الله عنه

سے سب سے زیادہ مستند روایت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول روایت ہے۔ پھر امام ترمذی فرماتے ہیں: صحابہ کرام اور تابعین میں سے اکثریت کا عمل اسی روایت پر ہے۔

## نماز میں (رکعات کی تعداد میں) شک ہونا

اُن روایات میں سے ایک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

(**40**) اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلَاتِهٖ فَلْيَبْنِ عَلَى الْيَقِيْنِ

''جب کسی شخص کو نماز کے بارے میں شک ہو جائے تو وہ یقین پر بناء قائم کرے''۔

لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ اس روایت پر اُس صورت میں عمل کرتے ہیں، جب آدمی کا کوئی غالب گمان نہ ہو، لیکن جب وہ غالب گمان ہو، تو پھر وہ حدیثِ صحیح پر عمل کرتے ہوئے صحیح نتیجہ تک پہنچنے کی کوشش کرے گا اور وہ صحیح حدیث شیخین نے نقل کی ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

(**41**) اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلَاتِهٖ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ

''جب کسی شخص کو اپنی نماز کے بارے میں شک ہو جائے، تو وہ درست نتیجہ کے بارے میں کوشش کرے''۔

اس بارے میں امام شافعی کی رائے مختلف ہے۔

## قنوت نازلہ پڑھنا

اُن روایات میں، وہ احادیث بھی ہیں جو فجر کی نماز میں قنوتِ نازلہ پڑھنے کے بارے میں منقول ہوئی ہیں، لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے اپنی رائے کے ذریعہ انہیں ترک کر دیا ہے، وہ لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ امام ابوحنیفہ کو یہ بات پتا چلی تھی کہ یہ روایات منسوخ ہیں۔

اس کی دلیل وہ روایت ہے جسے ''صحیحین'' میں (اُن کے مؤلفین نے) نقل کیا ہے:

(**42**) قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْفَجْرِ شَهْرًا يَدْعُوْ عَلٰى اَحْيَاءٍ مِّنَ الْعَرَبِ ثُمَّ تَرَكَهٗ

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز میں ایک ماہ تک قنوتِ نازلہ پڑھی تھی،

---

(40) اخرجه الطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 233/1– وابن حبان (2664)– وابن خزيمة (1023)– وابو داؤد (1024)– وابن ماجة (1210) فى اقامة الصلاة: باب فيمن شك فى صلاته فرجع الى اليقين– وابن ابى شيبة 25/2– من حديث ابى سعيد الخدرى رضى الله عنه

(41) اخرجه ابن حبان (2656)– واحمد 419/1– والحميدى (96)– والبخارى (6671) فى الايمان: باب اذا حنث ناسياً فى الايمان– ومسلم (572) [9] فى المساجد: باب السهو فى الصلاة والسجود له– وابن ماجة (1211) فى اقامة الصلاة: باب ما جاء فيمن شك فى صلاته فتحرى الصواب– عن عبدالله بن مسعود رضى الله عنه

(42) اخرجه الطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 245/1– وابن حبان (1982)– والبخارى (4089) فى المغازى: باب غزوة الرجيع– ومسلم (677) (304) فى المساجد: باب استحباب القنوت فى جميع الصلاة .

جس میں آپ نے عرب کے کچھ قبائل کے بارے میں دعائے ضرر پڑھی تھی' پھر آپ نے اسے ترک کر دیا تھا''۔

## مکروہ اوقات میں نمازِ جنازہ کی ادائیگی

ان روایات میں نمازِ جنازہ کے بارے میں منقول عمومی روایات ہیں' جن کے بارے میں لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے اپنی رائے کے تحت ان کے برخلاف فتویٰ دیا ہے' وہ تین مکروہ اوقات میں نمازِ جنازہ ادا کرنے کو مکروہ قرار دیتے ہیں' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس حکم کو ''صحیح'' حدیث کی بنیاد پر خاص قرار دیا ہے' جو صحیح حدیث صحیح مسلم میں امام مسلم نے نقل کی ہے' حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

(43) ثَلَاثُ سَاعَاتٍ كَانَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُّصَلِّيَ فِيْهِنَّ وَاَنْ نُّقْبِرَ فِيْهِنَّ مَوْتَانَا

''تین اوقات ایسے ہیں' جن میں نماز ادا کرنے سے اور ان میں اپنے مُردوں کو دفن کرنے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں منع کیا ہے''۔

## گھوڑے اور غلام کی زکوٰۃ

ان روایات میں سے ایک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

(44) عَفَوْتُ عَنْ اُمَّتِيْ صَدَقَةَ الْخَيْلِ وَالرَّقِيْقِ

''میں نے اپنی اُمت سے گھوڑے اور غلام کے صدقہ کو معاف کر دیا ہے''۔

لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ اپنی رائے کی بنیاد پر اس حدیث پر عمل نہیں کرتے ہیں' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں وہ ''صحیح'' حدیث اختیار کی ہے جسے شیخین' یعنی امام بخاری اور امام مسلم نقل کرنے میں متفق ہیں' انہوں نے یہ روایت اپنی ''صحیح'' میں نقل کی ہے۔

(45) اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الْخَيْلَ فَقَالَ وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَعَفُّفًا ثُمَّ لَمْ يَمْنَعْ حَقَّ اللهِ تَعَالٰى فِيْ رِقَابِهَا وَلَا ظُهُوْرِهَا فَهِيَ لِذٰلِكَ سِتْرٌ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: ایک شخص اس کو پاکدامنی اختیار کرنے کیلئے باندھتا ہے

---

(43) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 155/1–وابن حبان (1546)–واحمد 152/4–والنسائی 82/4 فی الجنائز: باب الساعات التی نهی عن اقبار الموتی فیها– والبغوی فی "شرح السنة" (778).

(44) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 29/2–واحمد 121/1–والحمیدی (54)–وابن ابی شیبة 152/3–وابن ماجه (1813)– وابو یعلی (299)– والخطیب فی "تاریخ بغداد" 141/7– والبیهقی فی "السنن الکبری" 118– من حدیث علی بن ابی طالب رضی الله عنه

(45) اخرجه البخاری (1402)–ومسلم (987)–والعثمانی فی "اعلاء السنن" 33/9 (2362) فی الزکاة: باب الزکاة فی الخیل وعدمه .

اور پھر وہ اُس کی گردن اور پشت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے حق کو روکتا نہیں ہے' تو یہ گھوڑا اُس کیلئے رکاوٹ (یعنی جہنم سے بچاؤ کا باعث) ہوگا''۔

اسی لیے امام ابوحنیفہ نے یہ فرمایا ہے: گھوڑے میں زکوٰۃ لازم ہوگی' اس بارے میں امام شافعی کا مؤقف مختلف ہے۔

## روزے کی حالت میں پچھنے لگانا' یا لگوانا

اُن روایات میں سے ایک نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

**(46)** اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ

''پچھنے لگانے والے اور لگوانے والے کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے''۔

لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے اپنی رائے کی وجہ سے اس حدیث پر عمل ترک کیا ہے' وہ لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ امام ابوحنیفہ نے اس کے معنی کا علم حاصل کیا اور اس کے مفہوم سے واقفیت حاصل کی' تو اُنہوں نے اس کے مفہوم پر عمل کیا' پچھنے لگوانا روزہ نہیں توڑتا ہے۔ اس کی دلیل وہ صحیح حدیث ہے جسے امام ابوعیسیٰ ترمذی نے نقل کیا ہے' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

**(47)** اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ وَھُوَ صَائِمٌ

''نبی اکرم ﷺ نے روزہ کی حالت میں پچھنے لگوائے تھے''۔

امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث صحیح ہے۔

## حج قران کا افضل ہونا

اُن روایات میں سے ایک وہ روایت ہے' جسے امام مسلم نے نقل کیا ہے:

**(48)** اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَفْرَدَ الْحَجَّ

---

(46) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 95/2-والحاکم فی "المستدرك" 427/1-واحمد 280-وابن خزیمة (1963) -والبیهقی فی "السنن الکبری" 265/4-وعبدالرزاق (7522)-والطیالسی (989)- والدارمی 14/2-وابوداؤد (۲۳٦۷) فی الصوم: باب فی الصائم یحتجم

(47) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 101/2-وابو یعلی (2474) -والشافعی 255/1- وعبد الرزاق (7541) - والحمیدی (501)-وابن ماجة (1682)-والطبرانی فی "الکبیر" (12138)-والبیهقی فی "السنن الکبری" 263/4.

(48) اخرج الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 140/2-واحمد 394/3-ومسلم (1213)(136)-وابوداؤد (1785)-والنسائی 164/5-وابن خزیمة (3025)- والحاکم فی "المستدرك" 480/1-والبغوی فی "شرح السنة" (1888)

☆☆عن جابر بن عبدالله رضی الله عنه قال: اقبلنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم مهلین بالحج مفردا......

"نبی اکرم ﷺ نے حج افراد کیا تھا"۔

لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے اپنی رائے کی وجہ سے اس حدیث کو ترک کر دیا ہے کیونکہ وہ یہ کہتے ہیں کہ حج قران زیادہ فضیلت رکھتا ہے حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اُس "صحیح" حدیث کو ترجیح دی ہے جسے نقل کرنے میں شیخین یعنی امام بخاری اور امام مسلم متفق ہیں حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

(49) سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَّعُمْرَةٍ

"میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: میں حج اور عمرہ کرنے کیلئے حاضر ہوں"۔

## حالت احرام میں نکاح

اُن روایات میں سے ایک نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

(50) لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكِحُ وَلَا يَخْطُبُ

"احرام والا شخص نہ تو خود نکاح کر سکتا ہے نہ کسی کا نکاح کروا سکتا ہے اور نہ ہی نکاح کا پیغام دے سکتا ہے"۔

امام مسلم اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہیں لوگوں نے یہ گمان کیا کہ امام ابوحنیفہ نے قیاس کی وجہ سے اس حدیث پر عمل کو ترک کر دیا ہے حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اُس حدیث پر عمل کیا ہے جس کی صحت پر امام بخاری اور امام مسلم دونوں کا اتفاق پایا جاتا ہے اور ان دونوں حضرات نے یہ حدیث اپنی اپنی "صحیح" میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نقل کی ہے (وہ بیان کرتے ہیں:)

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

"نبی اکرم ﷺ نے جب سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی تو اُس وقت آپ احرام باندھے ہوئے تھے"۔

## شفعہ کے احکام

اُن روایات میں سے ایک نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

(51) اَلشُّفْعَةُ فِيْمَا لَمْ يُقْسَمْ

---

(49) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 153/2-واحمد 99/3- وابو داؤد (1795)- ومسلم (1251)-وابن خزيمة (2619)- وابن ماجة (2969)-وابويعلى (3684) .

(50) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 286/2-واحمد 57/1-والشافعی فی "المسند" 316/1- ومسلم (1409) (41)-وابوداؤد (1841)-وابن ماجة (1966)-وابن خزيمة (2649)- وابن الجارود (444)-من حديث عثمان بن عفان رضى الله عنه

(51) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 121/4-وابن حبان (5185)-والبيهقی فی "السنن الكبرى" 103/6-وابن ماجة (2497) فی الشفعة: باب اذا وقعت الحدود فلا شفعة- وابو داؤد (3515) فی البيوع: باب فی الشفعة-من حديث ابی هريرة رضى الله عنه

''شفعہ اُن چیزوں میں ہوتا ہے' جو تقسیم نہ ہو سکیں''۔

لوگوں نے یہ گمان کیا کہ امام ابوحنیفہ نے قیاس کی وجہ سے اس حدیث کو ترک کر دیا ہے' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں اُس ''صحیح'' حدیث کو اختیار کیا ہے' جسے نقل کرنے میں شیخین' یعنی امام بخاری اور امام مسلم متفق ہیں' اور وہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

اَلْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِہٖ

''پڑوسی اپنے پڑوس کا زیادہ حقدار ہوتا ہے''۔

## نکاح اور نوافل

اُن روایات میں سے وہ روایات بھی ہیں' جو نوافل کی ترغیب دینے کے بارے میں منقول ہوئی ہیں' اُس کے بارے میں لوگوں نے یہ گمان کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے قیاس کی وجہ سے انہیں ترک کر دیا' جیسے وہ یہ کہتے ہیں کہ نکاح میں مشغول ہونا' زیادہ فضیلت رکھتا ہے' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں ''صحیح'' حدیث کو اختیار کیا ہے' (نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:)

(52) وَلٰكِنِّيْ اَصُوْمُ وَاُفْطِرُ وَاَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ

''تاہم میں (نفلی) روزے رکھتا بھی ہوں اور ترک بھی کر دیتا ہوں اور میں نے خواتین کے ساتھ شادی بھی کی ہے' تو جو شخص میری سنت سے منہ موڑتا ہے اُس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے''۔

## نکاح میں ولی کا حکم

اُن روایات میں سے چند وہ روایات ہیں' جو نکاح میں ولی کی موجودگی شرط ہونے کے بارے میں منقول ہیں' جیسے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

(53) لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ

''ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا''۔

لوگوں نے یہ گمان کیا کہ امام ابوحنیفہ نے قیاس کی وجہ سے اس پر عمل کو ترک کر دیا ہے اور وہ یہ کہتے ہیں کہ بالغہ لڑکی کا نکاح ولی کے بغیر بھی درست ہوتا ہے' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں اُس مستند حدیث پر عمل کیا ہے جو بطورِ خاص اس بارے میں وارد ہوئی ہے' جسے امام ابوعیسیٰ ترمذی نے اپنی ''جامع'' میں نقل کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

---

(52) اخرجه ابن حبان (14)- واحمد 241/3-ومسلم(1401) فی النكاح:باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه اليه ووجد المؤونة- والنسائی 60/6 فی النكاح: باب النهی عن -والبيهقی فی "السنن الكبریٰ" 77/7-من حديث انس رضی الله عنه

(53) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 9/3-وابن حبان (4077)-وابن الجارود (703)- والحاكم فی "المستدرك" 171/2-والبيهقی فی "السنن الكبریٰ" 107/7-والترمذی (1101) فی النكاح:باب ماجاء لانكاح الا بولی- وابن ماجة (1881) فی النكاح:باب لا نكاح الا بولی- من حديث ابی موسی الأشعری رضی الله عنه

54 اَلْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْذَنُ فِيْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا

”ثیبہ عورت اپنی ذات کی اپنے ولی سے زیادہ حقدار ہوتی ہے اور کنواری لڑکی سے اُس کی ذات کے بارے میں اجازت لی جائے گی اور اُس کی اجازت اُس کی خاموشی ہوگی“۔

اسی طرح امام ابوحنیفہ نے اُس ”صحیح“ حدیث سے بھی استدلال کیا ہے جسے امام بخاری نے اپنی ”صحیح“ میں نقل کیا ہے:

55 اَنَّ خَنْسَاءَ زَوَّجَهَا اَبُوْهَا وَهِيَ كَارِهَةٌ وَكَانَتْ ثَيِّبَةً فَرَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نِكَاحَهُ

”سیدہ خنساء رضی اللہ عنہا کے والد نے اُن کی شادی کروادی‘ اُس خاتون کو یہ رشتہ پسند نہیں تھا‘ وہ خاتون ثیبہ تھیں‘ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے نکاح کو کالعدم قرار دیا“۔

اسی بنیاد پر امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں: ثیبہ عورت اپنی ولی کے مقابلہ میں اپنی ذات کا زیادہ حق رکھے گی اور کنواری لڑکی سے اجازت لی جائے گی‘ اس بارے میں امام شافعی کا مؤقف اس کے برخلاف ہے۔

## نکاح میں مہر کا تعین

ان روایات میں سے وہ عمومی روایات ہیں‘ جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ نکاح میں مہر کا تعین شرط ہے‘ لوگوں نے یہ گمان کیا کہ امام ابوحنیفہ نے قیاس کی وجہ سے اس حدیث پر عمل کو ترک کیا ہے‘ حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں اُس صحیح حدیث پر عمل کیا ہے جسے امام ابوعیسیٰ ترمذی نے اپنی ”جامع“ میں نقل کیا ہے:

56 اَنَّ امْرَاَةً اَتَتْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ قَدْ تَزَوَّجَهَا رَجُلٌ وَمَاتَ عَنْهَا وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صِدَاقًا وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اَرٰى لَهَا مِثْلَ صِدَاقِ نِسَائِهَا وَلَهَا الْمِيْرَاثُ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ فَشَهِدَ مَعْقَلُ بْنُ سِنَانٍ الْاَشْجَعِيُّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَضٰى فِيْ بِرْوَعِ بِنْتِ وَاشِقٍ الْاَشْجَعِيَّةِ مِثْلَ مَا قَضٰى بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ

ایک خاتون حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئی‘ ایک شخص نے اُس عورت کے ساتھ شادی کی تھی‘ پھر اُس شخص

---

54- اخرجه الطحاوی فی ”شرح معانی الآثار“ 11/3– واحمد 219/1– ومالك 524/2– ومن طريقه اخرجه الشافعی فی ”المسند“ 12/2– وعبد الرزاق (10282)– وسعيد بن منصور (556)– وابن ابی شيبة 136/4– وابن حبان (4084)– من حديث ابن عباس

55- اخرجه احمد 328/6– ومالك فی ”الموطأ“ 535/2– ومن طريقه اخرجه الشافعی فی ”المسند“ 12/2– وابن سعد فی ”الطبقات“ 456/8– والبخاری (5138)– وابوداؤد (2101)– والنسائی فی ”المجتبی“ 86/6– وابن الجارود فی ”المنتقی“ (710)

56- اخرجه ابن حبان (4098)– وابن ابی شيبة 300/4– وابوداؤد (2114) فی النكاح: باب فيمن تزوج ولا يفرض لها صداقا حتى مات علی ذلك– والحاكم فی ”المستدرك“ 180/2– والبيهقی فی ”السنن الكبرى“ 245/7

کا انتقال ہو گیا اور اُس شخص نے اُس عورت کا مہر مقرر نہیں کیا تھا اور رخصتی بھی نہیں کروائی تھی' تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں یہ سمجھتا ہوں کہ اُس عورت کو اُس جیسی دیگر عورتوں کی مانند مہر مثل ہوگا' اُسے وراثت میں سے حصہ بھی ملے گا اور اُس پر عدت کی ادائیگی بھی لازم ہوگی' تو حضرت معقل بن سنان اشجعی رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں گواہی دی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ بروع بنت واشق اشجعیہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں وہی فیصلہ دیا تھا' جو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے دیا ہے''۔

امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث ''صحیح'' ہے۔

اسی حدیث کی وجہ سے امام ابوحنیفہ نے یہ فیصلہ دیا ہے کہ ایسا نکاح درست ہوتا ہے' حالانکہ اس بارے میں امام شافعی کی رائے مختلف ہے۔

## طلاق کا حکم

اُن روایات میں سے چند وہ روایات ہیں' جو طلاق کے مباح ہونے کے بارے میں عمومی طور پر منقول ہوئی ہیں' لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے قیاس کی وجہ سے ان پر عمل کو ترک کیا ہے' اس طرح کہ وہ تین طلاقیں ایک ساتھ دینے کو حرام قرار دیتے ہیں' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں اُس ''صحیح'' حدیث میں اعتماد کیا ہے' جسے شیخین نے اپنی اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے اور وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول یہ حدیث ہے:

(57) اَنَّـهُ طَلَّقَ اِمْرَاَتَهُ فِي حَالِ الْحَيْضِ فَسَاَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ يُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيْضُ ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ اِنْ شَاءَ اَمْسَكَهَا بَعْدُ وَاِنْ شَاءَ طَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ تَبِيْنَ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِيْ اَمَرَ اللهُ تَعَالٰى اَنْ يُّطَلِّقَ لَهَا النِّسَاءُ

''اُنہوں نے اپنی اہلیہ کو اُس کے حیض کے دوران طلاق دیدی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس سے کہو کہ وہ اُس سے رجوع کرلے اور پھر وہ اُسے اپنے ساتھ رکھے یہاں تک کہ وہ پاک ہوجائے' پھر اُسے حیض آئے اور پھر وہ پاک ہوجائے' پھر اگر وہ چاہے تو اُسے اپنے پاس روکے رکھے اور اگر چاہے تو اُسے طلاق دیدے' یہ وہ عدت ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے کہ اس حساب سے عورتوں کو طلاق دی جائے''۔

## دانت کا قصاص

اُن روایات میں چند وہ روایات ہیں' جو دانت توڑنے پر قصاص لازم ہونے کے بارے میں ہیں' اس بارے میں امام شافعی

(57) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 3/53-52-واحمد 6/2-ومسلم (1471)(3)-وعبد الرزاق (10954) -والطبرانی فی "الاوسط" (1646)-والدار قطنی فی "السنن" 4/10-9-وابو يعلى (5650)-وابن حبان (4264)- والنسائی فی "المجتبی" 6/141

مختلف ہے لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے یہ موقف قیاس کی روشنی میں اختیار کیا ہے حالانکہ امام ابوحنیفہ نے بارے میں اُس ''صحیح'' حدیث پر اعتماد کیا ہے جسے امام بخاری نے اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول یہ حدیث ہے:

اَنَّ الرُّبَیِّعَ بِنْتَ النَّضْرِ عَمَّتَهُ لَطَمَتْ جَارِیَةً فَکَسَرَتْ سِنَّهَا فَعَرَضُوْا عَلَیْهِمُ الْاَرْشَ فَاَبَوْا فَاَعْرَضُوْا عَلَیْهِمُ الْعَفْوَ فَاَبَوْا فَاَتَوُا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهُمْ بِالْقِصَاصِ...... اَلْحَدِیْثُ بِطُوْلِهٖ

سیدہ ربیعہ بنت نضر رضی اللہ عنہا' جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی پھوپھی ہیں' اُنہوں نے ایک لڑکی کو تھپڑ مارا' تو اُس کا دانت توڑ دیا' پھر اُنہوں نے دوسرے فریق کے سامنے دیت کی پیشکش کی' تو دوسرے فریق نے اس بات کو نہیں مانا' وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں قصاص لینے کا حکم دیا' اس کے بعد طویل حدیث ہے۔

## مشرکین کا قتل

ان روایات میں' وہ روایات ہیں' جو مشرکین کو قتل کرنے کے بارے میں عمومی طور پر منقول ہیں' لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے ان پر عمل نہیں کیا اور قیاس کے مطابق فتویٰ دیا ہے' وہ یہ کہتے ہیں: عورت کو' بوڑھے مرد کو' راہب کو' نابینا شخص کو قتل نہیں کیا جائے گا' اس بارے میں امام شافعی کا موقف مختلف ہے' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں اُس ''صحیح'' حدیث پر اعتماد کیا ہے جسے امام ترمذی نے اپنی ''جامع'' میں نقل کیا ہے:

(58) اَنَّ امْرَاَةً وُجِدَتْ مَقْتُوْلَةً فِیْ بَعْضِ مَغَازِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَنْکَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَتْلَ النِّسَاءِ وَالصِّبْیَانِ

''ایک مرتبہ کسی جنگ میں ایک خاتون مقتول پائی گئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین اور بچوں کے قتل کو ناپسندیدہ قرار دیا''۔

امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث ''صحیح'' ہے۔

## کتے کے شکار کا حکم

ان روایات میں سے چند روایات وہ ہیں' جو کتے کے ذریعہ شکار کرنے کے مباح ہونے میں عمومی طور پر منقول ہیں' لوگوں نے یہ گمان کیا کہ امام ابوحنیفہ نے ان پر عمل نہیں کیا' بلکہ اُنہوں نے قیاس کے مطابق فتویٰ دیا ہے' وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر کتا خود اس میں سے کچھ کھا لے' تو اُس شکار کو نہیں کھایا جا سکتا' ایک قول کے مطابق اس بارے میں امام شافعی کی رائے مختلف ہے' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں اُس ''صحیح'' حدیث پر عمل کیا ہے' جسے امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے:

(59) اَنَّ عَدِیَّ بْنَ حَاتِمٍ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِذَا اَرْسَلْتَ کَلْبَکَ الْمُعَلَّمَ

(58) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' 220/3- واحمد 22/2- وابن ابی شیبة 381/12- وابوعوانة 93/4- والدارمی 222/2- والبخاری (3015)- ومسلم (1744) (25)- من حدیث عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنه

فَقَتَلَ فَكُلْ وَاِذَا اَكَلَ فَلَا تَاْكُلْ فَاِنَّمَا اَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهٖ

''حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم اپنے تربیت یافتہ کتے کو چھوڑ و اور وہ جانور کو مار دے' تو تم اُسے کھالو' لیکن اگر وہ خود اُس میں سے کچھ کھالے' تو تم اُسے نہ کھاؤ' کیونکہ وہ شکار اُس نے اپنے لیے کیا ہوگا''۔

## ذوی سہام

ان احکام میں سے ایک حکم یہ بھی ہے کہ تمام ذوی سہام کو (میت کے ترکہ میں سے بچا ہوا مال) لوٹایا جائے گا' البتہ (میت کے) شوہر یا بیوی کا حکم مختلف ہے۔ امام شافعی کے نزدیک ایسی صورت میں وہ مال بیت المال میں جمع کروا دیا جائے گا۔ لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ نے یہ حکم قیاس کے مطابق دیا ہے' حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں اُس ''صحیح'' حدیث پر عمل کیا ہے' جسے امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے اور وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول یہ حدیث ہے:

(60) اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَضٰى فِىْ جَنِيْنِ امْرَاَةٍ مِنْ بَنِىْ لِحْيَانٍ سَقَطَ مَيِّتًا بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ ثُمَّ تُوُفِّيَتِ الْمَرْاَةُ الَّتِىْ قَضٰى لَهَا بِالْغُرَّةِ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِاَنَّ مِيْرَاثَهَا لِبَنِيْهَا وَزَوْجِهَا وَاَنَّ الْعَقْلَ عَلٰى عَصَبَتِهَا

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنولحیان سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون کے پیٹ میں مر جانے والے بچہ کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا کہ اُس کے تاوان کے طور پر ایک غلام یا کنیز ادا کیے جائیں گے' پھر اُس خاتون کا انتقال ہو گیا' جسے تاوان کی رقم دینے کا فیصلہ دیا گیا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ دیا کہ اُس کی وراثت اُس کے بیٹوں اور اُس کے شوہر کو ملے گی اور دیت کی ادائیگی اُس کے خاندان پر لازم ہوگی''۔

یہاں اور احادیث بھی ہیں' جنہیں امام مسلم نے اپنی ''صحیح'' میں نقل کیا ہے۔

## خطیب کا بیان' محض افتراء ہے

ان سب باتوں سے یہ بات پتا چل جاتی ہے کہ خطیب اور دیگر حضرات نے جو یہ کہا ہے کہ امام ابوحنیفہ قیاس اور رائے پر عمل کرتے تھے' احادیث پر عمل نہیں کرتے تھے' یہ ایک بہتان اور افتراء ہے۔ امام ابوحنیفہ اور اُس کے شاگرد اس سے بری الذمہ ہیں

(59) اخرجه ابن حبان( 5881)–ومسلم(1929)(1) فى الصيد: باب الصيد بالكلاب المعلمة–والبيهقى فى "السنن الكبرى" 235/9– وابو داؤد( 2847) فى الصيد: باب فى اتخاذ الكلاب للصيد،واحمد 258/4–عن عدى بن حاتم رضى الله عنه

(60) اخرجه الطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 205/3–وابو يعلى( 5917)–واحمد 438/2–وابو داؤد (4579) فى الديات: باب ما جاء فى دية الجنين–وابن ماجة( 2639) فى الديات: باب دية الجنين– ومالك(5) فى العقول: باب عقل الجنين– والبخارى(5759)فى الطب: باب الكهانة–من حديث ابى هريرة رضى الله عنه

حدیث کی عدم موجودگی میں قیاس پر عمل کرتے ہیں اور تمام مجتہدین اسی طرح کیا کرتے ہیں تو بقدرِ استطاعت یہ وہ جواب تھا خطیب کے اس قول کے جواب میں دیا گیا ہے۔

## امام اعظم کی عربیت دانی

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ امام ابوحنیفہ کی عربی میں غلطیاں پائی جاتی تھیں، جس طرح اُنہوں نے بھاری چیز کے ذریعہ قتل کرنے کے مسئلہ میں یہ کہا ہے ولو رماہ بابا قبیس تو اس کا جواب تین حوالے سے دیا جاسکتا ہے۔

پہلا جواب یہ ہے کہ یہ مشہور لغت ہے ابن انباری بیان کرتے ہیں: یہ حارث قبیلہ کی لغت ہے جیسے اُن کے شاعر نے یہ شعر کہا ہے:

ان اباھا وابا اباھا    قد بلغا فی المجد غایتاھا

''بے شک اُن کا باپ اور اُن کے باپ کا باپ بزرگی میں انتہاء درجہ تک پہنچے ہوئے تھے''۔

بندۂ فقیر عرض کرتا ہے: میں نے امام المسلمین امیر المؤمنین حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی تحریر ''مصر'' میں حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کی اولاد کے پاس دیکھی ہے، جو اُنہیں اپنے آباؤ اجداد سے ورثہ میں منتقل ہوئی ہیں، یہ تحریر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت تحریر کی تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جیرون اور فلاں، فلاں شام کی بستیاں، جن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بستی بھی شامل ہے، وہ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ اور اُن کے بھائیوں کے نام کر دی ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس تحریر کے آخر میں یہ لکھا ہے: اسے علی بن ابوطالب نے تحریر کیا ہے اور ابوبکر بن ابوقحافہ اور فلاں بن فلاں اور معاویہ بن ابوسفیان اس کے گواہ ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد عربوں کے سب سے بڑے فصیح شخص ہیں، تو اُنہوں نے یہاں لفظ: ابوطالب، ابوقحافہ اور ابوسفیان لکھا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ ان حضرات کے نام اسی طرح مشہور ہیں، اسی لیے اُنہوں نے ان کو تبدیل نہیں کیا، تو اگر امام ابوحنیفہ پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ اُنہوں نے لفظ: ''ابا قبیس'' کیوں استعمال کیا تھا؟ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ پہاڑ اسی نام سے مشہور ہے، اسی لیے عامل کے آنے کی وجہ سے اسے متغیر نہیں کیا گیا۔

## ابن جوزی کا جواب

اس کا دوسرا جواب وہ ہے، جسے حافظ سبط ابن جوزی نے ذکر کیا ہے کہ یہ امام ابوحنیفہ پر الزام ہے، اُن سے لفظ ابا قبیس منقول نہیں ہے نقل کرنے والوں میں سے ثقہ راویوں نے اُن سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

## جامع الکبیر کے مسائل کی شہادت

تیسرا جواب یہ ہے کہ جو شخص علمِ نحو اور علمِ اعراب میں امام ابوحنیفہ کی قابلیت کی معرفت حاصل کرنا چاہتا ہو اور وہ اس حوالے سے اُن کا اور دیگر ائمہ کا موازنہ کرنا چاہتا ہو، وہ الجامع الکبیر کے ''دقتم'' سے متعلق ابواب کا مطالعہ کرلے، وہ علمِ نحو میں امام ابوحنیفہ کی قابلیت کا معترف ہو جائے گا، کیونکہ امام محمد نے ان مسائل کو امام ابوحنیفہ کے سمندر سے چنا اور حاصل کیا ہے۔

## ائمہ نحو کی گواہی

ائمہ نحو میں سے ابن جنی، قاضی ابوسعید سیرافی، ابوعلی فارسی نے اس کتاب کی شرح تحریر کی ہے اور ان سب حضرات نے اس بات کی گواہی دی ہے کہ اس کتاب کا مصنف علمِ نحو میں بلند مرتبہ پر فائز ہے اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ خطیب بغدادی نے "دفتر" سے متعلق ان مسائل کا اور اس سے متعلق نحوی معاملات کا مطالعہ ہی نہیں کیا ہے اور وہ اس سے واقف بھی نہیں ہو سکے ہیں، کیونکہ اگر وہ اس سے واقف ہوتے، تو وہ اس طرح کی بات کرنے کی جرأت نہ کرتے، خواہ نفسانی خواہش اُن پر غالب بھی آ گئی ہوتی، کیونکہ کوئی عالم شخص کسی دوسرے عالم کے مقابلہ میں صرف طبیعت کی خرابی اور اپنی بڑائی کی وجہ سے اس طرح کی حرکت نہیں کر سکتا، البتہ جاہل شخص اپنی جہالت کی وجہ سے یہ جرأت کر سکتا ہے۔

سلطان، فاضل، کامل، بادشاہ، معظم، عیسیٰ بن ملک عادل ابوبکر بن ایوب، جو شام کے حکمران تھے، اُنہوں نے اپنی اُس کتاب میں اس بارے میں تفصیل سے بحث کی ہے جو اُنہوں نے خطیب بغدادی کی تردید میں تحریر کی ہے، جو اس تنقید کے بارے میں ہے جو خطیب نے امام الائمہ، سراج الائمہ امام ابوحنیفہ پر کی ہے اور اس میں اُنہوں (یعنی عیسیٰ بن عادل) نے موزوں اور مناسب بحث کر دی ہے، تو اللہ تعالیٰ تمام عالمِ اسلام کی طرف سے اُنہیں جزائے خیر دے!

## ابن عیاش کی روایت

جہاں تک اُن کے یہ کہنے کا تعلق ہے، اللہ تعالیٰ اُن سے درگزر کرے! کہ اُنہوں نے ابن عیاش کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ امام ابوحنیفہ کو عہدۂ قضاء کی وجہ سے نہیں مارا گیا تھا، بلکہ اس وجہ سے مارا گیا تھا کہ وہ ریشم کا کام کرنے والوں کے چیئر مین بن جائیں۔

اس کا جواب تین حوالے سے دیا جا سکتا ہے۔

پہلا جواب یہ ہے کہ خطیب بغدادی نے اس کے ذریعہ امام ابوحنیفہ کو رسوا کرنے کا ارادہ کیا اور حقیقت میں اس کے ذریعہ خود کو رسوا کر لیا، کیونکہ یہ بات حدِ تواتر تک مستند ہونے کے قریب منقول ہے کہ امام ابوحنیفہ کو عہدۂ قضاء قبول نہ کرنے کی وجہ سے مارا گیا تھا اور یہی بات خود خطیب بغدادی نے بھی نقل کی ہے اور اُنہوں نے یہ بات ایک جماعت کے حوالے سے روایت کی ہے، تو پھر وہ اس کا انکار کیسے کر سکتے ہیں؟ •

جو شخص بھی خطیب بغدادی کی بات کو دیکھے گا، تو وہ اس بات پر حیرانگی کا اظہار کرے گا کہ اُن کے اندر نفسانی خواہشات کی پیروی اور حیاء کی کمی کتنی زیادہ ہے۔

## ابن عیاش پر طعن

اس کا دوسرا جواب یہ ہے: خطیب بغدادی نے اپنی کتاب میں کئی جگہ پر ابن عیاش نامی راوی پر طعن نقل کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ یہ بہت زیادہ غلطیاں کیا کرتا تھا اور یہ بات اُنہوں نے حافظ ابونعیم اور یحییٰ بن معین کے حوالے سے نقل کی ہے، تو پھر آپ خود ہی اندازہ لگا لیں کہ جس شخص کو اُنہوں نے مجہول قرار دیا ہے، یہاں اُسے عادل قرار دے رہے ہیں، حالانکہ عقلمند آدمی کا سب سے کمتر

ہے کہ اُس کے کلام میں تناقض نہیں پایا جاتا ہے۔

## آلِ رسول سے محبت

اس کا تیسرا جواب یہ ہے: امام ابوحنیفہ نے ''عریف'' کا عہدہ قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا' اس کی وجہ یہ ہے کہ بنومروان کے حکمرانوں نے اُنہیں یہ پیشکش اس لیے کی تھی کیونکہ وہ آلِ رسول ﷺ سے محبت کرتے تھے' تو یہ بات امام ابوحنیفہ کے نقص پر دلالت نہیں کرتی ہے بلکہ اُن پر ظلم کرنے والے شخص کے ظلم کے قبیح ہونے پر دلالت کرتی ہے اور خطیب بغدادی اس روایت کو کیسے نقل کر سکتے ہیں؟ حالانکہ اُنہوں نے خود یہ بات بیان کی ہے کہ ابن ہبیرہ نے عہدۂ قضاء قبول نہ کرنے کی وجہ سے امام ابوحنیفہ کو مارا تھا۔

## امام صاحب کا مسائل میں رجوع

جہاں تک خطیب بغدادی کی اس بات کا تعلق ہے کہ پہلے امام ابوحنیفہ نے کچھ روایات پر عمل کیا اور پھر اُن سے رجوع کر لیا' تو اس کا جواب بھی تین حوالے سے دیا جا سکتا ہے۔

## حق کی طرف رجوع بہتر ہے

پہلا جواب یہ ہے کہ حق کی طرف رجوع کر لینا' باطل پر جمے رہنے سے زیادہ بہتر ہے' جب اُن کے سامنے یہ بات واضح ہو گئی کہ وہ روایات منسوخ ہیں' یا مؤول ہیں' یا مرجوح ہیں' یا اللہ کی کتاب کے حکم کے برخلاف ہیں' تو اب اُن سے رجوع کرنا لازم ہو جانا تھا اور باطل پر اصرار کرتے ہوئے اُن کی بنیاد پر فتویٰ دینا درست نہیں ہونا تھا' جبکہ مقصد صرف یہ ہو کہ اپنی علمی قابلیت کو بچایا جا سکے۔

خطیب بغدادی نے اس کے ذریعہ اُن کی مذمت کرنے کا ارادہ کیا تھا' حالانکہ اس کے ذریعہ اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کی پرہیزگاری' دیانت اور باطل پر اصرار نہ کرنے کی صفت بیان کر دی ہے۔

## امام شافعی سے موازنہ

اس کا دوسرا جواب یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ نے اگرچہ اپنے بعض اقوال سے رجوع کیا ہے' لیکن امام شافعی نے اپنے جن قدیم اقوال سے رجوع کیا ہے' اُن کی تعداد اس سے کئی گنا زیادہ ہے اور دیگر ائمہ نے بھی اسی طرح کیا ہے' تو یہ چیز اُن حضرات کی دیانت' پرہیزگاری اور حق کو ترجیح دینے کی دلیل ہے' اللہ تعالیٰ ان سب حضرات سے راضی ہو۔

## رجوع' قابلِ مذمت نہیں ہے

اس کا تیسرا جواب یہ ہے کہ (فقہی) موقف اور قول سے رجوع کر لینا' جب اس کے ساتھ کوئی دنیاوی غرض وابستہ نہ ہو' بلکہ اس کی وجہ سے دنیاوی اُمور میں کمی آ رہی ہو' تو پھر اس چیز کو مذمت کے طور پر کیسے ذکر کیا جا سکتا ہے اور اس وجہ سے تنقید کیسے کی جا سکتی ہے؟

## وکیع سے منسوب روایت

جہاں تک خطیب بغدادی کے اُس قول کا تعلق ہے' جو اُنہوں نے وکیع بن جراح کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ وہ یہ فرماتے ہیں: سفیان ثوری یہ کہتے ہیں: ہم مؤمن ہیں' لیکن ہم یہ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہماری حالت کیا ہے؟ وکیع کہتے ہیں: امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں: جو شخص سفیان ثوری کے قول کے مطابق بات کہے گا: وہ اپنے ایمان میں شک کرنے والا شمار ہوگا' ہم لوگ یہاں بھی اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بھی مؤمن ہی شمار ہوتے ہیں۔ تو وکیع نے یہ کہا: ہم تو سفیان ثوری کے قول کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں اور امام ابوحنیفہ کا قول اللہ تعالیٰ کے بارے میں جرأت ہے۔

اس اعتراض کا جواب چار حوالے سے دیا جاسکتا ہے۔

## علم کلام میں مہارت

پہلا جواب یہ ہے: اگر تو خطیب نے اس کے ذریعہ امام ابوحنیفہ کی مذمت کرنے کا ارادہ کیا ہے' تو درحقیقت اُنہوں نے اُن کی تعریف کر دی ہے' کیونکہ اُنہوں نے یہ حکایت نقل کی ہے کہ اُن کے اور دیگر حضرات کے درمیان اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اُس کی صفات کی معرفت کے درمیان کتنا فرق پایا جاتا ہے اور امام ابوحنیفہ علمِ کلام میں کتنی مہارت رکھتے ہیں؟

اس کا دوسرا جواب یہ ہے: اس مسئلہ کا تعلق علمِ کلام سے ہے اور علماء سے یہ بات پوشیدہ نہیں ہوگی کہ خطیب کا کلام اُن جاہل لوگوں میں رائج ہوسکتا ہے' جن کا علمِ کلام سے کوئی واسطہ نہیں ہے' وہ صرف الفاظِ حدیث کو روایت کرنا جانتے ہیں۔

## دین کی اصل میں شک

اس کا تیسرا جواب یہ ہے: ایمان کے بارے میں شک کرنا' دین کی اصل کے بارے میں شک کرنے کے مترادف ہے' یعنی حضرت محمد ﷺ کے بارے میں شک کرنے کے مترادف ہے کہ کیا وہ حق ہیں یا حق نہیں ہیں؟ جب نبی اکرم ﷺ نے حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ سے یہ دریافت کیا تھا: تمہارا کیا حال ہے؟ تو اُنہوں نے عرض کی تھی: میری یہ حالت ہے کہ میں حقیقی طور پر مؤمن ہوں۔ یہ بات اُن لوگوں کے خلاف حجت ہے' جو ایمان میں شک کرتے ہیں۔

سفیان ثوری کے حوالے سے یہ حکایت بھی منقول ہے: وہ یہ کہا کرتے تھے: اگر اللہ نے چاہا تو میں مؤمن ہوں! یہاں تک کہ جب اُنہیں امام ابوحنیفہ کا قول پہنچا' تو اُنہوں نے اپنے قول سے رجوع کر لیا۔

اسی طرح سفیان ثوری کے زیادہ تر مسائل وہ ہیں' جو انہوں نے امام ابوحنیفہ سے حاصل کیے ہوئے ہیں۔

## وکیع پر جرح

اس کا چوتھا جواب یہ ہے کہ خطیب بغدادی نے خود وکیع کو ضعیف قرار دیا ہے اور امام احمد بن حنبل کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے کہ وکیع کے علاوہ (کوئی بھی دوسرا) راوی' میرے نزدیک زیادہ ثبت ہوگا۔ تو خطیب بغدادی پر حیرت ہوتی ہے کہ وہ کیسے ایک شخص کو خود ہی ضعیف قرار دیتے ہیں اور پھر اُس سے امام ابوحنیفہ پر طعن بھی نقل کر دیتے ہیں' گویا کہ وہ اُس شخص کے بارے میں

...ت کر رہے ہیں' امام ابوحنیفہ پر تنقید ثابت نہیں کر رہے ہیں۔

## ...سے منسوب ایک اور روایت

جہاں تک خطیب کے اس بیان کا تعلق ہے' جو اُنہوں نے وکیع کے حوالے سے نقل کیا ہے: ایک مرتبہ سفیان ثوری' محمد بن ...الرحمن بن ابولیلیٰ' قاضی شریک' حسن بن صالح اور امام ابوحنیفہ ایک جگہ اکٹھے ہوئے' ان لوگوں نے امام ابوحنیفہ سے دریافت کیا: ...ے شخص کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟ جو اپنے باپ کو قتل کر دیتا ہے اور اپنی ماں سے زنا کر لیتا ہے اور اپنے باپ کے سر میں شراب پی لیتا ہے؟ تو امام ابوحنیفہ نے جواب دیا: جی نہیں! تو قاضی ابن ابولیلیٰ نے اُن سے کہا: میں تمہاری گواہی کبھی قبول نہیں کروں گا۔ سفیان ثوری نے اُن سے کہا: میں تمہارے ساتھ کبھی بات نہیں کروں گا۔ قاضی شریک نے اُن سے کہا: اگر میرے پاس اختیار ہوتا تو میں یہ کر دیتا اور وہ کر دیتا۔ حسن بن صالح نے کہا: اب میرا آپ سے تعلق رکھنا حرام ہے۔

اس کے جواب چار حوالوں سے دیئے جا سکتے ہیں۔

### پہلا جواب

پہلا جواب یہ ہے کہ خطیب نے اس کے ذریعہ امام ابوحنیفہ پر تنقید کرنے کا ارادہ کیا اور اُنہوں نے اس کے ذریعہ امام ابوحنیفہ کی فضیلت ظاہر کر دی' اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کو حق پر ثابت کر دیا اور اس حوالے سے دیگر چار افراد پر تنقید کر دی' کیونکہ کبیرہ گناہ کے مرتکب شخص کا کبیرہ گناہ کی وجہ سے ایمان سے خارج ہو جانا' یہ خارجیوں کا مسلک ہے' جمہور کا مذہب یہ ہے کہ ایسا شخص مطلق ایمان سے خارج نہیں ہوتا ہے اور کافر نہیں ہوتا ہے' تو جو بات امام ابوحنیفہ نے ارشاد فرمائی ہے' وہ درست ہے اور جو بات اُن لوگوں نے کی ہے' وہ خارجیوں کا مسلک ہے (یا اس کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے)۔

### دوسرا جواب

دوسرا جواب یہ ہے: خطیب بغدادی خود وکیع کو ضعیف قرار دے چکے ہیں' تو وہ اپنے کلام کے برخلاف کیسے کہہ سکتے ہیں؟ جس شخص کو اُنہوں نے ضعیف قرار دیا ہے' پھر اُسی شخص کو امام ابوحنیفہ پر تنقید کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔

### تیسرا جواب

تیسرا جواب یہ ہے: یہ روایت اُس کے بھی برخلاف ہے' جو وکیع اور خطیب سے منقول ہے' جیسا کہ خطیب بغدادی نے وکیع کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے: اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کی تعریف بیان کی اور وہ امام ابوحنیفہ کے شاگردوں میں سے ہیں۔

### چوتھا جواب

اس کا چوتھا جواب یہ ہے: ان چاروں حضرات کا امام ابوحنیفہ کے بارے میں طعن' دو حوالوں سے معتبر نہیں ہوگا' پہلی وجہ یہ ہے کہ اس بارے میں کوئی پوشیدگی نہیں ہے کہ امام ابوحنیفہ ان حضرات سے بڑے عالم اور ان سے بڑے فقیہ تھے' دوسری بات یہ ہے کہ یہ لوگ امام ابوحنیفہ سے حسد کرتے تھے اور اپنے حسد کا (بعض اوقات) اظہار بھی کر دیتے تھے' بعض اوقات یہ لوگ اس کا اعتراف

کر لیتے تھے تو ان لوگوں کا امام ابوحنیفہ پر طعن کیسے معتبر ہوگا؟

## حدیث کے مطابق فتویٰ نہ دینا

جہاں تک خطیب کے اس بیان کا تعلق ہے' اللہ تعالیٰ اُن سے درگزر کرے! جو اُنہوں نے علی بن عاصم کے حوالے سے نقل کیا ہے: امام ابوحنیفہ کو ہم نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے منقول ایک حدیث سنائی' تو اُنہوں نے فرمایا: میں اس کے مطابق فتویٰ نہیں دوں گا۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) اس کا جواب بھی تین حوالوں سے دیا جاسکتا ہے۔

## یحییٰ بن معین کی تنقید

ایک پہلو یہ ہے: خطیب نے خود علی بن عاصم کے بارے میں طعن کیا ہے اور یحییٰ بن معین کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ جب اُن سے یہ کہا گیا: امام احمد بن حنبل یہ فرماتے ہیں: علی بن عاصم میں کوئی حرج نہیں ہے' وہ کذاب نہیں ہے' تو یحییٰ بن معین نے کہا: اللہ کی قسم! وہ نہ تو ثقہ ہے' اور نہ ہی اُس کے حوالے سے کوئی حدیث نقل کی جائے گی' تو پھر یہ شخص آج کیسے ثقہ ہوسکتا ہے؟

دوسری بات یہ ہے: ہم نے امام ابوحنیفہ کے مسلک کے بارے میں یہ بات بیان کی ہے کہ وہ تو ''مرسل'' اور ''ضعیف'' روایات بھی اختیار کر لیتے ہیں' وہ مستند روایات سے بھلا کیسے اجتناب کریں گے؟ تو وہ اس بارے میں اپنے مسلک کو کیسے ترک کر سکتے ہیں؟

## نسخ یا تاول کا احتمال

اس کا تیسرا جواب یہ ہے: اگر یہ بات اُن سے صحیح طور پر منقول بھی ہو' تو حق بات وہی ہوگی' جو اُنہوں نے کہی ہے کہ میں اس کو اس لیے اختیار نہیں کروں گا کیونکہ یہ منسوخ ہے' یا مؤول ہے' یا اللہ تعالیٰ کی کتاب کے حکم کے مقابل ہے' یا مستند نہیں ہے اور کتنی ہی روایات ایسی ہیں' جن کے مطابق امام شافعی' امام مالک اور دیگر اہلِ علم نے فتویٰ نہیں دیا ہے' تو اُن کے بارے میں صرف یہی گمان کیا جاسکتا ہے کہ اُنہوں نے ان روایات کے مطابق فتویٰ اس لیے نہیں دیا ہوگا' کیونکہ وہ اس روایت کے بارے میں یہ جانتے ہوں گے' کہ ان میں (مذکورہ بالا صورتوں میں سے) کوئی ایک صورت پائی جاتی ہے' جن کا ہم نے ذکر کیا ہے۔

## حدیث قلتین

جہاں تک خطیب کے اس بیان کا تعلق ہے' اللہ تعالیٰ اُن سے درگزر کرے! جو اُنہوں نے موسیٰ بن سینانی کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ میں نے امام ابوحنیفہ سے کہا: حدیث قلتین مشہور ہے' تو امام ابوحنیفہ نے کہا: میں اس پر اعتماد نہیں کرتا ہوں۔

اس کا جواب بھی تین حوالے سے دیا جاسکتا ہے۔

پہلا جواب یہ ہے: امام ابوحنیفہ نے جو فرمایا ہے' وہ دلیل کے ذریعہ ثابت ہونے والا حق ہے' کیونکہ حدیثِ قلتین کو ''صحیحین'' میں نقل نہیں کیا گیا' بلکہ ان دونوں میں سے کسی ایک نے بھی نقل نہیں کیا' پھر یہ ہے کہ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے کے

...میں یہ روایت منقول ہے' جسے امام مسلم نے نقل کیا ہے کہ اُس میں بعد میں غسل کرنے کا' اور بخاری کی روایت میں: بعد میں ...نے کا ذکر ہے۔

## ...قلہ'' اسم مشترک ہے

دوسرا جواب یہ ہے: جسے امام طحاوی نے ذکر کیا ہے کہ لفظ ''قلہ'' اسم مشترک ہے' امام شافعی نے اس سے مراد ''حجر کے گھڑے ...ہیں' اس بارے میں کوئی مستند حدیث منقول نہیں ہے اور کوئی عقلی دلیل بھی موجود نہیں ہے' تو مشترک لفظ پر عمل کرنا صرف اُسی ...ت جائز ہوتا ہے جب کوئی خارجی دلیل موجود ہو اور وہ یہاں پائی نہیں جاتی ہے۔ تو اس طرح کی روایت پر امام ابوحنیفہ جیسا شخص ...یسے اعتماد کرسکتا ہے؟ جنہیں احادیث اور اُن کے معانی سے تمسک کا بخوبی علم ہے۔

تیسرا جواب یہ ہے: اُنہوں نے اس بارے میں اپنی ذات کی حالت کی اطلاع دی ہے کہ میں اس پر اعتماد نہیں کرتا ہوں اور یہ ...یح کے برخلاف نہیں ہے کہ امام شافعی نے اس پر اعتماد کیا ہے' کیونکہ ایک دلیل بعض مجتہدین کے نزدیک باقی دلائل پر ترجیح ...تی ہے اور بعض کے نزدیک ترجیح نہیں رکھتی ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے اسباب مختلف ہوتے ہیں' ان سب کا ذکر علمِ اصولِ فقہ ...میں کیا گیا ہے' یہی وجہ ہے کہ اُمت کا اس بات پر اتفاق ہے: دونوں طرف کے فریقوں کو گناہ نہیں ہوتا ہے۔

## رفع یدین سے متعلق روایت

جہاں تک خطیب بغدادی کے اس بیان کا تعلق ہے: اُنہوں نے عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے حکایت کے طور پر نقل کیا ہے کہ اُنہوں نے رکوع میں جاتے ہوئے رفع یدین کرنے کے بارے میں امام ابوحنیفہ سے کہا کہ اس بارے میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے حدیث منقول ہے' تو امام ابوحنیفہ نے کہا: کیا وہ اُڑنا چاہ رہے تھے؟

اس کا جواب تین حوالوں سے دیا جاسکتا ہے۔

پہلا جواب یہ ہے: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رفع یدین کے بارے میں جو منقول ہے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مستند طور پر منقول نہیں ہے۔ یحییٰ بن معین نے اپنی ''تاریخ'' میں یہ کہا ہے کہ حضرت براء رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رفع یدین کے ...رے میں منقول حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول نہیں ہے' تو جب امام ابوحنیفہ کو اس حدیث کی علت کا علم ہوگیا' تو اُنہوں نے ...رتے ہوئے راویوں کا ذکر بُرے الفاظ میں کرنے کو اچھا نہیں سمجھا اور عبداللہ بن مبارک کو بطور خوش طبعی کے جواب دیا' جو اُن کی ...رت افزائی بھی تھی' اُنہوں نے یہ ارادہ نہیں کیا کہ اُن کے منہ میں پتھر ڈال دیں (یعنی انہیں لاجواب کردیں)' جیسا کہ اُنہوں نے ...وزاعی کے بارے میں کیا تھا کہ جب انہوں نے اُن سے رفع یدین کے بارے میں دریافت کیا تھا' جیسا کہ سفیان بن عیینہ نے اس ...رے میں حکایت نقل کی ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے: امام مسلم نے اپنی ''صحیح'' میں یہ بات ذکر کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

**ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال مالی اراکم ترفعون ایدیکم فی الصلاۃ کانھا اذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلوۃ**

''کیا وجہ ہے کہ میں تم لوگوں کو دیکھ رہا ہوں کہ تم نماز کے دوران یوں ہاتھ بلند کرتے ہو کہ جیسے وہ سرکش گھوڑوں کی دُمیں ہوتی ہیں' تم نماز میں پُرسکون رہا کرو''۔

تیسرا جواب یہ ہے: جو نماز سے متعلق باب میں آگے چل کر آئے گا کہ امام ابوحنیفہ اس بارے میں مستند احادیث اور آثار نقل کیے ہیں' جن سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ رفع یدین کرنا بدعت ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ رفع یدین کی جو حدیث ہے اُسے روایت کرنے والے تمام لوگ مدنی ہیں اور امام مالک نے خود اس حدیث کو اختیار نہیں کیا ہے اور اس پر عمل نہیں کیا' حالانکہ وہ اہل مدینہ کی روایت کے' دوسرے کسی بھی شخص سے زیادہ عالم تھے۔

## چار سو روایات کو مسترد کرنے کا الزام

جہاں تک خطیب بغدادی کی اُس روایت کا تعلق ہے' جو اُنہوں نے یوسف بن اسباط کے حوالے سے نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے چار سو' یا اس سے زیادہ احادیث مسترد کر دیا تھا' اور اس میں اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کا یہ قول شامل کروایا ہے کہ گھڑ سوار شخص کو دو حصے ملیں گے اور پیدل شخص کو ایک حصہ ملے گا اور امام ابوحنیفہ نے یہ کہا: میں کسی جانور کا حصہ کسی مؤمن کے حصہ سے زیادہ نہیں کروں گا' حالانکہ نبی اکرم ﷺ نے غزوۂ بدر کے موقع پر حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کو اُن کے گھوڑے کے دو حصے دیے تھے اور ایک حصہ اُنہیں دیا تھا۔

اس کا جواب بھی تین حوالوں سے دیا جا سکتا ہے۔

پہلا جواب یہ ہے: کسی حدیث کو قبول نہ کرنا لازم آئے گا' یا تو اس کی وجہ یہ ہوگی کہ وہ حدیث منسوخ ہوگی' یا یہ ہے کہ اُس کی تاویل کی گئی ہوگی' یا پھر یہ ہے کہ وہ کتاب اللہ کے حکم کے مطابق ہوگی اور نبی اکرم ﷺ نے بھی اسی بات کا حکم دیا ہے جیسا کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

(61) سَيَأْتِيكُمْ عَنِّي اَحَادِيْثُ مُخْتَلِفَةٌ فَمَا يَكُوْنُ مُوَافِقًا لِكِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ مِنِّيْ' وَمَا يَكُوْنُ مُخَالِفًا لِكِتَابِ اللّٰهِ فَاَنَا مِنْهُ بَرِيْءٌ

''عنقریب تمہارے پاس میرے حوالے سے ایسی روایات آئیں گی' جن میں آپس میں اختلاف پایا جاتا ہوگا' تو اُن میں سے جو بھی اللہ کی کتاب کے موافق ہو' وہ میری طرف سے ہوگی اور جو اللہ کی کتاب کے مخالف ہو' میں اُس سے لاتعلق ہوؤں گا''۔

اکابر مجتہدین نے ایسا ہی کیا ہے' جو کتاب وسنت کے عارف تھے' البتہ جو لوگ علوم سے ناواقف ہیں اور جو محض روایات کو نقل کر دیتے ہیں' جیسے سنتے ہیں' اُنہیں یہ پتا نہیں ہوتا کہ یہ حدیث ناسخ ہے' یا منسوخ ہے' اللہ کی کتاب کی موافق ہے' یا مخالف ہے؟

## محدثین کا طرزِ عمل

اس کا دوسرا جواب یہ ہے: اُن کا یہ کہنا کہ نبی اکرم ﷺ نے غزوۂ بدر کے موقع پر حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کو دو حصے دیئے تھے'

(61) اخرجه الديلمي في ''مسند الفردوس'' 321/2 (3456)- من حديث ابي هريرة

نے اپنی کتاب ''مغازی'' میں اسی طرح نقل کیا ہے' تو محدثین نے اُس پر تنقید کی ہے' یحییٰ بن معین کہتے ہیں: واقدی نے نبی اکرم ﷺ کی طرف بیس ہزار احادیث منسوب کی ہیں۔ احمد بن حنبل کہتے ہیں: واقدی اسانید کو ایک دوسرے کے ساتھ ملا دیا کرتے تھے۔ ابن مدینی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے منقول واقدی کی نقل کردہ روایت کو نوٹ نہیں کیا جائے گا۔ امام شافعی فرماتے ہیں: واقدی نے جھوٹی باتیں لکھی ہیں۔ تو اگر امام ابوحنیفہ نے اس حدیث پر عمل نہیں کیا ہے' تو اُنہوں نے واقدی کو اس طرح بُرا نہیں کہا ہے' جس طرح دوسرے لوگوں نے کہا ہے' تو اس حدیث کا ماخذ کیا ہوگا؟

جہاں تک تیسرے جواب کا تعلق ہے: تو وہ یہ ہے کہ ''سیر'' سے متعلق باب میں امام ابوحنیفہ کی مسانید میں یہ بات آئے گی جس کے ذریعہ اس مسئلہ کے بارے میں امام ابوحنیفہ کے مسلک کا درست ہونا ظاہر ہو جائے گا' لیکن ہم یہاں طوالت سے اجتناب کرتے ہوئے کچھ چیزیں ذکر کر دیتے ہیں۔

## اشعار کا حکم

جہاں تک خطیب بغدادی کے اس بیان کا تعلق ہے' اللہ تعالیٰ اُس سے درگزر کرے! کہ نبی اکرم ﷺ نے قربانی کے جانوروں کا اِشعار کیا تھا' جبکہ امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: اِشعار کرنا مثلہ ہے۔

اس کا جواب تین حوالوں سے دیا جا سکتا ہے۔

## امام اعظم کے مسلک سے عدم واقفیت

اُس میں سے ایک جواب یہ ہے: اس کا انکار وہ شخص کرے گا' جو امام ابوحنیفہ کے مسلک سے واقفیت نہیں رکھتا ہوگا' کیونکہ امام ابوحنیفہ کا مسلک یہ ہے کہ اُن کے زمانہ میں جس طریقہ سے اِشعار کیا جاتا تھا' وہ مثلہ تھا اور وہ نبی اکرم ﷺ کے اِشعار کے طریقہ کے برخلاف تھا' کیونکہ نبی اکرم ﷺ قربانی کے جانور کی کوہان کے بائیں حصہ کو معمولی سا چیرا لگاتے تھے' جو جانور کیلئے تکلیف دہ نہیں ہوتا تھا اور اُسے عذاب کا شکار نہیں کرتا تھا' حالانکہ جاہل لوگ اس بارے میں' بعد میں مبالغہ کرنے لگے' وہ کوہان کو چیر دیا کرتے تھے' اس طریقہ سے چیر دیا کرتے تھے' جو نبی اکرم ﷺ کے چیرا لگانے کے طریقہ سے مختلف ہوتا تھا۔ اس طرح پہلی بات یہ ہے کہ وہ جانور کو تکلیف پہنچایا کرتے تھے' پھر یہ تھا کہ گرمی کی شدت میں وہ زخم بگڑ جایا کرتا تھا' تو وہ مثلہ کرنے کے مترادف ہو جاتا تھا' جب امام ابوحنیفہ نے یہ بات ملاحظہ فرمائی' تو اُنہوں نے اس طرح کے اِشعار کو مکروہ قرار دیا' کیونکہ یہ سنت کے مخالف ہے اور مثلہ کرنے کے مترادف ہے۔

اگر خطیب بغدادی اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہ کے مسلک سے واقف نہیں تھے' تو کیا اُنہوں نے اُن کے الفاظ کو نہیں دیکھا ہے کہ وہ جو فرماتے ہیں: اِشعار کرنا مثلہ ہے' اس میں اُنہوں نے ''الف لام'' داخل کیا ہے اور یہ اصل عہد کیلئے ہوتا ہے' یعنی وہ مخصوص اشعار جو سامنے نظر آ رہا ہے' پھر اُنہوں نے یہ کہا ہے: یہ مثلہ ہے' حالانکہ نبی اکرم ﷺ کا کیا ہوا مثلہ نہیں ہوتا ہے۔

اس طعن کے ذریعہ خطیب بغدادی نے اپنی رسوائی کا سامان کیا ہے' اُنہوں نے یہ بات ظاہر کر دی ہے کہ وہ اس بارے میں امام ابوحنیفہ کے مسلک سے واقف نہیں تھے اور پھر اُنہوں نے امام ابوحنیفہ پر تنقید کی ہے' جس سے وہ خود واقف نہیں ہیں' یہ بات

عدل سے تعلق نہیں رکھتی ہے کہ آدمی تنقید کرتے ہوئے جلد بازی سے کام لے۔

امام طحاوی نے اس بارے میں نص کی ہے اور فرمایا ہے: جہاں تک مسنون اِشعار کا تعلق ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اس کا دوسرا جواب یہ ہے: اشعار ابتدائے اسلام میں ہوا کرتا تھا' جب مثلہ کرنا مباح تھا جیسا کہ عرینہ قبیلہ کے افراد سے متعلق واقعہ میں بات منقول ہے' اُس کے بعد مثلہ کرنے کو منسوخ کر دیا گیا تو اِشعار کو بھی منسوخ کر دیا گیا' جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے کفار کا مثلہ کرنے سے منع کیا ہے' جو عناد رکھنے والے اور جنگ کرنے والے لوگ ہیں' تو پھر جانور کا مثلہ کیسے کیا جا سکتا ہے؟ جو پابند ہی نہیں ہے' تو اِشعار کا بنیادی مقصد علامت مقرر کرنا ہے اور یہ چیز مشکیزہ یا جوتے لٹکانے سے بھی حاصل ہو جاتی ہے۔

تیسرا جواب یہ ہے: ابتدائے اسلام میں کفار لوگ قربانی کے جانوروں سے تعرض نہیں کرتے تھے' دوسرے جانوروں سے تعرض کرتے تھے' تو اس بات کی ضرورت پیش آئی کہ اس بات کی علامت مقرر کی جائے' تاکہ کفار ان سے تعرض نہ کریں' لیکن جب اسلام ظاہر ہو گیا اور امن حاصل ہو گیا' تو اِشعار کی سنت باقی نہیں رہی۔

امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول روایت پر اعتماد کیا ہے' وہ فرماتی ہیں:

**ان شئت فاشعر وان شئت فلا تشعر**

''اب اگر تم چاہو' تو اِشعار کرو اور اگر چاہو' تو اِشعار نہ کرو''۔

ابومقاتل رازی بیان کرتے ہیں: ہمارے علم کے مطابق اہلِ عراق میں سے اِشعار سے متعلق حدیث کو قتادہ کے حوالے سے ابوحیان کے علاوہ اور کسی نے نقل نہیں کیا ہے۔

## سودا ختم کرنے کا اختیار

جہاں تک خطیب بغدادی کے اس بیان کا تعلق ہے: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

**(62) المتبایعان بالخیار ما لم یتفرقا عن مجلس العقد**

''خرید وفروخت کرنے والوں کو اختیار رہتا ہے' جب تک وہ مجلسِ عقد میں' ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتے ہیں''۔

جبکہ امام ابوحنیفہ یہ فرماتے ہیں: جب بیع لازم ہو جائے' تو پھر اختیار باقی نہیں رہتا۔

اس کا جواب بھی تین حوالوں سے دیا جا سکتا ہے۔

## امام مالک کا مسلک

پہلا جواب یہ ہے: امام مالک نے یہ حدیث نافع کے حوالے سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کی ہے اور پھر وہ خود اس پر عمل نہیں کرتے' حالانکہ وہ نافع کی نقل کردہ روایات' اُن کی صحت اور اُن کی علت کا زیادہ علم رکھتے ہیں' تو اُن کا اس پر عمل نہ کرنا' اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ روایت مستند نہیں ہے۔

---

(62) اخرجه ابن حبان (4916) - واحمد 56/1 - والبخاری (2111) فی البیوع: باب البیعان بالخیار مالم یتفرقا - ومسلم (1531) فی البیوع: باب ثبوت خیار المجلس - وابوداؤد (3454) فی البیوع: باب خیار المتبایعین

اس کا دوسرا جواب یہ ہے: امام مالک فرماتے ہیں: میں نے اہلِ مدینہ کو اس کے برخلاف کرتے ہوئے پایا ہے' اگر یہ حدیث صحیح ہوتی تو اہلِ مدینہ سے مخفی نہ رہتی۔

تیسرا جواب یہ ہے: اگر یہ مستند طور پر بھی منقول ہو' تو اس سے مراد خیارِ قبول ہوگا' تاکہ اس حدیث پر اور دیگر تمام روایات پر عمل ہوجائے اور ان کے درمیان تطبیق ہوجائے۔

## قرعہ اندازی کا حکم

جہاں تک خطیب کے اس بیان کا تعلق ہے' اللہ تعالیٰ اُن سے درگزر کرے! کہ نبی اکرم ﷺ جب سفر پر جاتے تھے' تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کیا کرتے تھے' حالانکہ امام ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں: قرعہ اندازی کرنا جوا ہے۔

اس کا جواب تین حوالوں سے دیا جاسکتا ہے:

پہلا جواب یہ ہے: امام ابوحنیفہ نے اس حدیث پر اُس حوالے سے عمل کیا ہے' جس حوالے سے یہ منقول ہے' وہ یہ فرماتے ہیں: جب آدمی سفر پر جانے لگے' تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کرے' اسی طرح وہ تقسیم' جس میں سفر کا مفہوم پایا جاتا ہے اور جس میں کسی کے حق کو باطل قرار نہ دیا جارہا ہو' اُس کا بھی یہی حکم ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے: امام ابوحنیفہ نے یہ اندازہ لگالیا کہ کسی بیوی کو ساتھ لے کر سفر کرنے اور دو دعویداروں میں سے کسی ایک کے حق میں فیصلہ دینے کے حکم میں فرق ہے' تو اُنہوں نے قیاس سے اجتناب کیا اور اُس حدیث عمل کیا' جو اس بارے میں وارد ہوئی ہے۔

تیسرا جواب آگے چل کر تفصیل کے ساتھ آئے گا' جو ''مسانید'' کے درمیان آئے گا۔

## امام صاحب پر ایک الزام کی تحقیق

جہاں تک خطیب کے اس بیان کا تعلق ہے' اللہ تعالیٰ اُس سے درگزر کرے! امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: اگر نبی مجھے دیکھ لیتے' تو میرے بہت سے اقوال کو اختیار کرتے۔

اس کا جواب تین حوالوں سے دیا جاسکتا ہے:

پہلا جواب یہ ہے: یہ خطیب نے لفظوں میں ہیرا پھیری کی ہے اور اس کے ذریعہ اُنہیں رسوائی کا سامنا کرنا پڑا ہے' کیونکہ وہ روایت جسے امام ابو یوسف نے نقل کیا ہے' وہ یہ ہے کہ جب عثمان بتی کا ظہور ہوا اور اُس نے اصول کے بارے میں اپنے مسلک کو ظاہر کیا اور امام ابوحنیفہ کو اس بات کا پتا چلا' تو اُنہوں نے فرمایا: اگر بتی مجھے دیکھ لے' تو میرے بہت سے اقوال کو اختیار کرے' تو یہاں خطیب نے ''ب'' اور ''ت'' میں حرفوں کی ہیرا پھیری کردی ہے (یعنی لفظ ''بتی'' کو لفظ ''نبی'' کہہ کر نقل کردیا)۔

دوسرا جواب یہ ہے: خطیب بغدادی نے ہی یہ بات روایت کی ہے: امام ابوحنیفہ عقلمندی اور سمجھداری کے حوالے سے مخصوص ہے تو کوئی بھی عقلمند شخص اس طرح کی بات نہیں کہہ سکتا۔

تیسرا جواب یہ ہے: اگر یہ بات درست بھی ہو تو اس سے مراد دنیاوی اُمور ہیں اور نبی اکرم ﷺ دنیاوی اُمور میں اپنے

اصحاب سے مشورہ کیا کرتے تھے اور اُن کے اقوال کو اختیار کرلیا کرتے تھے اور بعض اوقات اس میں کوئی غلطی بھی ظاہر ہو جاتی تھی۔ کیونکہ وحی اور عصمت کا تعلق شرعی احکام سے ہے' اس بارے میں بحث اصولِ فقہ میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

## مشروبات کا حکم

جہاں تک خطیب کے اس بیان کا تعلق ہے' اللہ تعالیٰ اُس سے درگزر کرے! جو اُنہوں نے ابومطیع کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ اُن سے مشروبات کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو امام ابوحنیفہ سے جس بھی مشروب کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو اُنہوں نے یہی فرمایا: یہ حلال ہے۔

اس کا جواب تین حوالوں سے دیا جاسکتا ہے۔

پہلا جواب یہ ہے: جو بات امام ابوحنیفہ نے کہی ہے' اکابر صحابہ اور تابعین کا مسلک بھی یہ ہے' تو امام ابوحنیفہ آثار کے برخلاف رائے کیسے دے سکتے ہیں؟ اور صحابہ کرام کو فاسق کیسے قرار دے سکتے ہیں؟ اُن کے بارے میں یہ بات نقل کی گئی ہے: اُن سے کھجور کی نبیذ کے بارے میں دریافت کیا گیا تھا اور اُس چیز کے مباح ہونے کے بارے میں دریافت کیا گیا تھا' جو نشہ آور نہ ہو' تو اُنہوں نے جواب دیا تھا: میں اُسے کیسے حرام قرار دے سکتا ہوں؟ اور ستر صحابہ کرام کو کیسے فاسق قرار دے سکتا ہے ( کیونکہ اُن حضرات کا بھی یہی مسلک ہے )۔

دوسرا جواب جو ''مسانید'' کے درمیان تفصیل سے آئے گا وہ یہ ہے: اس بارے میں مختلف اخبار اور روایات منقول ہیں' جن سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اس بارے میں امام ابوحنیفہ کا جو مسلک ہے' وہی درست ہے۔

## یحییٰ بن معین کا موقف

تیسرا جواب یہ ہے: جو یحییٰ بن معین نے بیان کیا ہے' وہ فرماتے ہیں: تین روایات نبی اکرم ﷺ سے مستند طور پر منقول نہیں ہیں' ( یہ روایت ) ''پچھنے لگانے والے اور لگوانے والے کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے'' اور یہ روایت: ''جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھولے وہ وضو کرے'' اور یہ روایت: ''ہر نشہ آور چیز حرام ہے''۔

عباس دوری بیان کرتے ہیں: جب میں نے یحییٰ بن معین کی زبانی یہ بات سنی' تو میں امام احمد بن حنبل کے پاس گیا اور اُنہیں اس بارے میں بتایا تو اُنہوں نے فرمایا: تم واپس اُن کے پاس جاؤ اور اُن سے کہو کہ شرمگاہ کو چھونے کے بارے میں منقول روایت مستند حدیث ہے اور یہ مکحول کی نقل کردہ روایت ہے' جو اُنہوں نے عنبسہ کے حوالے سے سیدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا سے نقل کی ہے۔ عباس دوری بیان کرتے ہیں: میں یحییٰ بن معین کے پاس گیا اور اُنہیں اس بارے میں بتایا' تو یحییٰ نے کہا: تم اُن سے کہو کہ مکحول کی تو عنبسہ سے ملاقات ہی نہیں ہوئی تھی۔

## طلاء کا شرعی حکم

ابن منذر نے اپنی کتاب ''الاشراف'' میں یہ بات نقل کی ہے: طلاء کے بارے میں علماء کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے اکثر اہلِ علم اس بات کے قائل ہیں: جب اس کا دو تہائی حصہ رخصت ہو جائے اور ایک تہائی حصہ باقی رہ جائے' تو اسے پینا مباح

حضرت عمر بن خطاب، حضرت علی بن ابوطالب، حضرت ابوعبیدہ بن جراح، حضرت معاذ بن جبل، حضرت ابوطلحہ انصاری، حضرت انس بن مالک، حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہم، اور تابعین میں سے حسن بصری، امام شعبی، ابراہیم نخعی، عکرمہ اور لیث بن سعد کا بھی مسلک ہے۔

خطیب بغدادی پر حیرت ہوتی ہے کہ وہ اس حوالے سے امام ابوحنیفہ پر کیسے تنقید کرتے ہیں؟ حالانکہ امام ابوحنیفہ نے اس بارے میں صرف اکابر صحابہ کی پیروی کی ہے، امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص نبیذ پی لے اور اُس کا یہ ارادہ پختہ ہو کہ وہ اس کو پیئے گا یہاں تک کہ اُسے نشہ ہو جائے تو پہلا گھونٹ حرام ہوگا، اس طرح اگر کوئی لہو ولعب کیلئے اسے پی لیتا ہے، یا عیش ونشاط کیلئے اسے پیتا ہے تو بھی یہی حکم ہوگا، لیکن جب وہ اس کا اتنا حصہ پی لے، جس کے بارے میں اُسے غالب گمان ہو کہ اس سے اُسے نشہ نہیں ہوگا اور طرب کیلئے نہ ہو، تو پھر اس میں کوئی حرج نہیں ہے، لیکن جہاں تک خمر کا تعلق ہے، تو اس کی تھوڑی اور زیادہ مقدار حرام ہے اس بارے میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے صراحت کی ہے اور امام ابوحنیفہ کا مسلک بھی یہ ہے: خمر کی تھوڑی اور زیادہ مقدار کو حرام قرار دیا گیا ہے اور ہر مشروب کی نشہ آور مقدار حرام ہوگی۔

خطابی کہتے ہیں: لفظ سکر میں سین پر زبر پڑھنا غلط ہے، کیونکہ صحیح لفظ سُکر، یعنی سین پر پیش کے ساتھ ہے۔

### ایک خواب کا تذکرہ

جہاں تک خطیب بغدادی کے اس بیان کا تعلق ہے: جو اُنہوں نے احمد بن حسن ترمذی کے حوالے سے نقل کیا ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا، میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! لوگوں کے درمیان جو اختلاف پایا جاتا ہے اُس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کس چیز کے بارے میں؟ میں نے عرض کی: امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام شافعی کے درمیان جو اختلاف ہے، اُس کے بارے میں؟ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جہاں تک ابوحنیفہ کا تعلق ہے، تو میں اُس سے واقف نہیں ہوں، جہاں تک مالک کا تعلق ہے، تو اُس نے علم تحریر کیا ہے اور جہاں تک شافعی کا تعلق ہے، تو وہ مجھ سے ہے اور میرے ساتھ ہے۔

### اس کے دو جواب

اس کا جواب دو حوالوں سے دیا جا سکتا ہے۔

پہلی بات تو یہ ہے: اس روایت کا متن ہی اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ روایت کتنی کمزور اور جھوٹ ہے، کیونکہ صحیح حدیث میں یہ بات منقول ہے: نبی اکرم ﷺ کے سامنے آپ کی اُمت کے اعمال پیر اور جمعرات کے دن پیش کیے جاتے ہیں، تو یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ نبی اکرم ﷺ، امام ابوحنیفہ سے واقف نہ ہوں؟ حالانکہ نبی اکرم ﷺ ہر نیک اور گناہگار شخص سے واقف ہوتے ہیں، بلکہ اُن کے اعمال نبی اکرم ﷺ کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں، تو نبی اکرم ﷺ امام ابوحنیفہ سے کیسے واقف نہیں ہوں گے؟ حالانکہ نبی اکرم ﷺ کی اُمت کی اکثریت اُن کے مسلک کے مطابق عمل کرتی ہے۔

## امام صاحب کی تعریف میں خواب

دوسرا جواب یہ ہے: یہ خواب اُن روایات کے برخلاف ہے' جو نیک لوگوں کی جماعت کے حوالے سے اور مسلمان علماء کے حوالے سے منقول ہے: اُنہوں نے خواب میں نبی اکرم ﷺ کی زیارت کی ہے اور نبی اکرم ﷺ نے امام ابوحنیفہ کو پاکیزہ قرار دیا ہے۔

اُن میں سے ایک روایت وہ ہے: جو فضل بن خالد کے حوالے سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں پہلے امام ابوحنیفہ سے بغض رکھتا تھا' میں نے خواب میں نبی اکرم ﷺ کی زیارت کی' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ابوحنیفہ کا کلام لقمان کے کلام کی مانند ہے' بلکہ اُس سے زیادہ (حکمت آمیز ہے)۔

تو میں نے توبہ کی اور امام ابوحنیفہ سے محبت رکھنے لگا۔

## میت کا کفن حاصل کرنا

جہاں تک خطیب بغدادی کے اس قول کا تعلق ہے' اللہ تعالیٰ اُن سے درگزر کرے! جو اُنہوں نے محمد بن غالب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے کہ وہ یہ فرماتے ہیں: اگر میت کو دفن کر دیا جائے اور پھر اُس کے ورثاء کو اُس کے کفن کی ضرورت پیش آئے' تو اُنہیں یہ حق حاصل ہوگا کہ میت کی قبر کو کھود دیں۔

اس کا جواب تین حوالوں سے دیا گیا ہے۔

پہلا جواب یہ ہے: یہ راوی جس کی کنیت ابوجعفر شباخ ہے' یہ متروک الحدیث اور کذاب ہے' یہ بات خطیب نے بھی ذکر کی ہے تو بڑے افسوس کی بات ہے کہ جب وہ امام ابوحنیفہ پر طعن روایت کرنے لگتے ہیں' تو جھوٹے راویوں کی طرف چلے جاتے ہیں۔

دوسرا جواب یہ ہے: امام ابوحنیفہ کا مسلک اس بارے میں اس کے برخلاف ہے' کیونکہ اُن کا مسلک یہ ہے کہ جب قبر کو کھود کر کفن نکال لیا گیا ہو' تو میت کے ورثاء پر یہ بات لازم ہوگی کہ میت کو دوبارہ کفن دیں۔

تیسرا جواب یہ ہے: جب میت کے جسم پر کوئی ایسا کفن ہو' جو اُس کی ضرورت سے زیادہ ہو اور وہ کفن ورثاء کی اجازت کے بغیر دیا گیا ہو اور وہ لوگ اس کے محتاج بھی ہوں' تو اب اُن لوگوں کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اسے حاصل کر لیں کیونکہ یہ اُن کا حق ہے۔

## کفر سے توبہ کروایا جانا

جہاں تک خطیب بغدادی کے اُس بیان کا تعلق ہے' جو اُنہوں نے سفیان ثوری کے حوالے سے حکایت کے طور پر نقل کیا ہے کہ وہ یہ فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ سے دو مرتبہ' کفر سے توبہ کروائی گئی۔

اس کا جواب تین حوالوں سے دیا گیا ہے۔

پہلا جواب یہ ہے: سفیان ثوری' امام ابوحنیفہ کے ساتھ واضح عداوت رکھتے تھے' کیونکہ امام ابوحنیفہ نے کئی مواقع پر اُنہیں خاموش کیا اور لاجواب کر دیا' تو وہ لوگ اس بات کی قدرت ہی نہیں رکھتے تھے کہ اس بارے میں بات چیت کر سکیں' سفیان ثوری اور

جیسے دیگر حضرات کا نفس امارہ اُن کے بھی ساتھ تھا' وہ بعض اوقات اُنہیں بُرائی کی تلقین کرتا تھا' تو وہ اس طرح کی باتیں بشری تقاضوں کے تحت کر دیتے تھے' یہ بالکل اُسی طرح ہے' جس طرح اللہ کے نبی حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد' حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے کیا تھا' اور پھر جب وہ نصیحت حاصل کر لیتے تھے' تو اُن کی تعریف کرنا شروع کر دیتے تھے۔

## صالحین کی تعریف

ہم نے جو بات بیان کی ہے: اُس کے صحیح ہونے کی دلیل یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ پر طعن کرنے والے جس بھی صاحب کے بارے میں کوئی روایت نقل کی گئی ہے (جس میں اُنہوں نے امام ابوحنیفہ پر تنقید کی ہو) اُس شخص کے حوالے سے ایسی روایت بھی نقل کی گئی ہے' جس میں اُنہوں نے امام ابوحنیفہ کی تعریف وتوصیف کی ہوگی' تو پہلی چیز بشری تقاضوں کے مطابق اور نفس امارہ کے تحت ہوگی اور دوسری چیز اُن لوگوں کی پرہیزگاری اور تقویٰ کی وجہ سے ہوگی اور اسی کی طرف اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں اشارہ ہوتا ہے:

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ۝

"بے شک وہ لوگ جو پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں' جب شیطان کی طرف سے آنے والا کوئی اُنہیں چھو لیتا ہے تو وہ نصیحت حاصل کر لیتے ہیں اور اُنہیں سمجھ آ جاتی ہے"۔

البتہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے' وہ اپنے آپ کو غصہ سے بچا کر رکھتا ہے اور کسی کی غیبت نہیں کرتا ہے' جیسا کہ امام ابوحنیفہ نے تنقید کی ہے' اُن کے حوالے سے یہ بات نقل نہیں کی گئی ہے کہ اُنہوں نے ان میں سے کسی کا ذکر بھی بُرائی کے ساتھ کیا ہو۔

## سفیان ثوری کا واقعہ

جیسا کہ عبداللہ بن مبارک نے یہ بات نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں سفیان ثوری کے پاس موجود تھا تو اُنہوں نے امام ابوحنیفہ پر تنقید کی۔ میں نے اُن سے کہا: امام ابوحنیفہ غیبت سے کتنے دور ہیں' میں نے تو کبھی اُنہیں کسی کی غیبت کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ تو سفیان نے کہا: وہ اس سے زیادہ عقلمند ہیں کہ اپنی نیکیوں پر کسی اور کو مسلط کریں۔

دوسرا جواب یہ ہے: امام ابویوسف نے اس کی وضاحت کی ہے اور یہ فرمایا ہے: جب ابن ہبیرہ نے امام ابوحنیفہ کو قضاء کے عہدے کے لیے بلایا اور اُنہوں نے انکار کر دیا' تو ابن ہبیرہ کا مسلک یہ تھا کہ جو شخص حاکمِ وقت کی اطاعت نہیں کرتا ہے وہ کفر کرتا ہے' اُس نے امام ابوحنیفہ سے کہا: تم نے کفر کیا ہے' تو تم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرو' تو امام ابوحنیفہ نے فرمایا: میں ہر بُرائی سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔ پھر اُس نے دوسری مرتبہ بلایا' ایسا تین مرتبہ ہوا' پھر اُس نے امام ابوحنیفہ کو قید کر دیا' امام ابوحنیفہ نے فرمایا: یہاں تک کہ میرے ساتھیوں نے مجھے مشورہ دیا' وہ میرے پاس میرے معاملہ کے سلسلہ میں آئے' پھر اُنہوں نے اُن کا راستہ چھوڑ دیا اور سواری پر سوار ہو گئے۔ یہاں تک کہ مکہ چلے گئے' پھر مسلسل وہاں رہے یہاں تک کہ مروانیہ خاندان کی حکومت ختم ہو گئی اور حکومت عبداللہ سفاح کی طرف منتقل ہوئی' تو پھر یہ لوگ امام ابوحنیفہ کے پاس وفد کی شکل میں گئے' تو سفیان ثوری کے بیان کا یہ مطلب ہوگا کہ امام ابوحنیفہ سے دو مرتبہ کفر سے توبہ کروائی گئی۔

## خارجیوں کا توبہ کروانا

تیسرا جواب یہ ہے: یہ بات بیان کی گئی ہے: جب خارجی لوگ کوفہ میں داخل ہوئے اور انہوں نے تلواریں سونت کر امام ابوحنیفہ کے پاس جانے کا ارادہ کیا اور یہ کہا: کیا تم یہ گمان کرتے ہو کہ کوئی شخص گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے کافر نہیں ہوتا ہے' یہ حکایت مشہور ہے جس میں آگے چل کر یہ بیان کیا گیا ہے کہ امام ابوحنیفہ نے فرمایا: میں ہر گناہ سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔ تو اُن کے دشمنوں نے یہ کہہ دیا: امام ابوحنیفہ سے دومرتبہ کفر سے توبہ کروائی گئی ہے' اُن کی مراد اس کے ذریعہ یہ واقعہ ہوتا ہے۔

## کرخی کا نقل کردہ واقعہ

یہ واقعہ امام کرخی سے بھی نقل کیا گیا ہے اور اس روایت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں: جب وہ لوگ وہاں سے نکلے' تو اُن کے بڑے سے کہا گیا: امام ابوحنیفہ نے کفر کے ذریعہ مراد وہ چیز لی ہے' جو تمہارا عقیدہ ہے' تو تم اُن سے دوبارہ توبہ کرواؤ۔ تو امام ابوحنیفہ نے کہا: میں اُس کفر سے توبہ کرتا ہوں کہ جس کا تم اعتقاد رکھتے ہو کہ میں معاذ اللہ اُس پر ہوں۔ تو امام ابوحنیفہ نے فرمایا: کیا تم یہ گمان کی وجہ سے کہہ رہے ہو؟ یا علم کی وجہ سے کہہ رہے ہو؟ تو اُس نے کہا: گمان کی وجہ سے کہہ رہا ہوں۔ تو امام ابوحنیفہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے:

"بے شک بعض گمان گناہ ہوتے ہیں"۔

تو یہ تمہاری طرف سے گناہ ہوگیا' تو یہ کفر ہوگا' اس لیے اب تم کفر سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرو۔ اُس نے کہا: تم بھی توبہ کرو! امام ابوحنیفہ نے کہا: میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہر قسم کے کفر سے توبہ کرتا ہوں۔ تو اُن لوگوں کے بیان کا یہ مطلب ہوگا کہ امام ابوحنیفہ سے' دومرتبہ کفر سے توبہ کروائی گئی۔

## امام احمد کا واقعہ

جہاں تک خطیب بغدادی کے اس بیان کا تعلق ہے' اللہ تعالیٰ اُن سے درگزر کرے! جو انہوں نے امام احمد بن حنبل کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ اُن سے امام ابوحنیفہ کی کتابوں کے مطالعہ کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا: کہ کیا یہ جائز ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں!

اس کا جواب تین حوالوں سے دیا جاسکتا ہے۔

پہلا جواب یہ ہے: خطیب بغدادی نے ابراہیم حربی کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: ایک مرتبہ امام احمد نے دقیق مسائل بیان کیے' میں نے اُن سے دریافت کیا: یہ کہاں سے آئے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: محمد بن حسن کی کتابوں سے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ امام احمد بن حنبل' امام محمد کی کتابوں کا مطالعہ کیا کرتے تھے اور ان سے استفادہ کیا کرتے تھے' تو پھر وہ کسی دوسرے کو اس سے کیسے منع کرسکتے ہیں؟

دوسرا جواب یہ ہے: امام ابوحنیفہ کی تحریروں کی مخالفت امام احمد بن حنبل نے صرف چند مسائل میں کی ہے اور یہ اُس سے تعداد میں ہیں' جن مسائل میں امام شافعی اور دیگر حضرات نے مخالفت کی ہے' کیونکہ مسائل کے اصول سے تعلق رکھنے والے ایک

مسائل ایسے ہیں' جن کے بارے میں امام احمد بن حنبل نے امام ابوحنیفہ کی مخالفت کی ہے اور اُن مسائل کے بارے میں امام
مالک کی رائے ان دونوں حضرات سے مختلف ہے' تو یہ کیسے تصور کیا جا سکتا ہے کہ وہ مسائل جو امام احمد بن حنبل کا مسلک ہوں' وہ اُن
سے استفادہ کرنے والے شخص کی مخالفت کریں۔

تیسرا جواب یہ ہے: خطیب بغدادی سے' اللہ تعالیٰ درگزر کرے' اُنہوں نے امام احمد بن حنبل پر اس سے بھی زیادہ طعن کیا ہے
جیسے یہ: امام احمد بن حنبل نے حریز بن عثمان کو ثقہ قرار دیا ہے اور یہ کہا ہے: یہ ثقہ ہے' ثقہ ہے' ثقہ ہے۔ حالانکہ حریز بن عثمان'
امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھتا تھا' حالانکہ ایسے شخص اور اُس شخص کے درمیان کوئی فرق نہیں ہوگا' جو حضرت ابوبکر اور
حضرت عمر رضی اللہ عنہما سے بغض رکھتا ہو۔ پھر خطیب بغدادی نے یہ کہا ہے: حریز کذاب اور فاسق تھا۔

پھر ابن عیاش کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: وہ فرماتے ہیں: یہ وہ شخص ہے' جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے
حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کی تھی: اُس کی مجھ سے وہی نسبت ہے' جو حضرت ہارون علیہ السلام کی حضرت
موسیٰ سے تھی۔ یہ روایت غلط ہے۔ ابن عیاش کہتے ہیں: وہ کیسے؟ اُنہوں نے کہا: میں نے ولید بن عبدالملک کو یہ روایت منبر پر
بیان کرتے ہوئے سنا ہے' اُس نے کہا تھا: علی کی مجھ سے وہی نسبت ہے' جو حضرت ہارون علیہ السلام کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھی۔

پھر امام احمد بن حنبل پر تنقید کو پختہ کرتے ہوئے خطیب بغدادی نے یہ کہا: یزید بن ہارون کے حوالے سے یہ روایت مجھ تک
پہنچی ہے' وہ فرماتے ہیں: میں نے خواب میں رب العزت کی زیارت کی' تو اُس نے فرمایا: اے یزید! کیا تم حریز بن عثمان کے
حوالے سے روایات نوٹ کرتے ہو؟ میں نے کہا: جی ہاں! اے میرے پروردگار! مجھے اُس کے بارے میں صرف بھلائی کا علم ہے۔
تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے یزید! تم اُس کے حوالے سے روایات نوٹ نہ کرو' کیونکہ وہ علی بن ابوطالب کو بُرا کہتا ہے۔

امام احمد بن حنبل کے بارے میں بھی یہ بات نقل کی ہے: وہ امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ پر تنقید کیا کرتے تھے۔ خطیب
بغدادی کا اس سے مقصد یہ تھا کہ لوگوں کے دلوں کو اُن سے متنفر کیا جائے' اس میں اُنہوں نے حد سے تجاوز کیا' بالکل اسی طرح امام
ابوحنیفہ پر بھی تنقید کرنے کا اُن کا بنیادی مقصد یہی تھا کہ لوگوں کے دلوں کو اُن سے متنفر کیا جائے۔

خطیب بغدادی نے امام احمد بن حنبل کے بارے میں یہ بات بھی بیان کی ہے: اُنہوں نے کئی مقام پر وہم کیا ہے' جس کا ذکر
ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن جوزی نے اپنی کتاب ''السہم فی المصیب فی الرد علی الخطیب'' میں کیا ہے اور اس کا جواب بھی دیا
ہے۔

تو (امام اعظم پر لگائے جانے والے الزامات کے جوابات میں سے) یہ پانچواں جواب وہ تھا' جو تفصیل کے ساتھ تھا' یہ اُس
بارے میں تھا' جو خطیب بغدادی نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں ذکر کیا ہے' اب ہم اس مقام سے کلام کا رُخ موڑتے ہیں' تاکہ ہم
کسی مسلمان کی غیبت میں واقع نہ ہوں' اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے اس فرمان پر عمل کرنے والوں میں سے بنائے:

''اے ایمان والو! تم بہت زیادہ گمان کرنے سے بچو' کیونکہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں اور تم لوگ تجسس نہ کرو اور کوئی
شخص کسی دوسرے کی غیبت نہ کرے''۔

## امام ابوحنیفہ کے اخلاق

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے امام ابوحنیفہ کی پیروی کرنے والا بنائے کہ وہ لوگوں سے مختلف طرح کی باتیں سنتے تھے' لیکن اس کے باوجود خود پر قابو رکھتے تھے' اُن کے بارے میں یہ بات نقل نہیں کی گئی کہ اُنہوں نے دوسرے لوگوں میں سے کسی کا ذکر بھی بُرائی کے ساتھ کیا ہو' بلکہ وہ ہمیشہ درگزر سے کام لیتے تھے' معاف کر دیتے تھے' درگزر کا مظاہرہ کرتے تھے اور تحمل اختیار کرتے تھے۔

## امام عبدالرزاق کا بیان

یوسف بن عبداللہ سبط ابن جوزی نے اپنی سند کے ساتھ امام عبدالرزاق بن ہمام کا یہ بیان نقل کیا ہے:

میں نے امام ابوحنیفہ سے زیادہ بردبار کوئی شخص نہیں دیکھا' ہم لوگ مسجد خیف میں بیٹھے ہوئے تھے' ایک شخص اُن کے پاس آیا' اُس نے منہ ڈھانپا ہوا تھا' اُس نے امام ابوحنیفہ کے بارے میں دریافت کیا اور بولا: اے حماقت کا کام کرنے والی عورت کے بیٹے! تو امام ابوحنیفہ نے فرمایا: اے شخص! اللہ تعالیٰ تمہیں عافیت عطا کرے! تم کیا چاہتے ہو؟ اُس نے کہا: فلاں مسئلہ! میں نے اس بارے میں دریافت کیا تھا' تو آپ نے اس بارے میں وہ فتویٰ دیا تھا' جو حسن بصری کے اس بارے میں فتویٰ کے برخلاف ہے۔ تو امام ابوحنیفہ نے فرمایا: حسن بصری نے غلط فتویٰ دیا' تو اُس شخص نے کہا: اے کافر! اے زندیق! تم حسن بصری کو غلط قرار دے رہے ہو! امام ابوحنیفہ کے ساتھی اُٹھے تا کہ اُس کی پٹائی کریں' تو امام ابوحنیفہ نے اُن لوگوں کو اس بات سے منع کیا اور فرمایا: اس بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا فتویٰ ٹھیک ہے اور حسن بصری کا فتویٰ غلط ہے۔

ایک روایت میں یہ بات مذکور ہے: اُس نے امام ابوحنیفہ کو بہت بُرا بھلا کہا' تو امام ابوحنیفہ نے اُس سے کہا: اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کرے! وہ میرے بارے میں اس کے برخلاف جانتا ہے' جو تم نے میرے بارے میں بیان کیا ہے' جب سے میں نے اُس کی معرفت حاصل کی ہے' میں نے اُس سے عدول نہیں کیا اور میں نے صرف اُس کی معافی کی اُمید رکھی ہے اور مجھے صرف اُس کی سزا سے ڈر لگتا ہے۔ پھر وہ رونے لگے' یہاں تک کہ اُن کی کنپٹیاں پھڑکنے لگیں' ایک شخص اُٹھ کر اُن کے پاس گیا اور بولا: میں اللہ کی ذات کے حوالے سے آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ مجھے اجازت دیں' میں نے غلطی کی ہے اور میں اپنی جہالت کا اعتراف کرتا ہوں۔ تو امام ابوحنیفہ کے رونے میں اضافہ ہو گیا' یہاں تک کہ اُن کے کندھے بھی حرکت کرنے لگے' اُنہوں نے فرمایا: اے شخص! میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں' اپنے پروردگار کی بارگاہ میں وکیل بناتا ہوں۔ اُس شخص نے کہا: میں اس سے بھی آگے کی چیز چاہتا ہوں۔ امام ابوحنیفہ نے فرمایا: تمہیں ہر قسم کی اجازت ہے اور ہر وہ شخص جو مجھے بُرا کہتا ہے' وہ بھی میری طرف سے آزاد ہے۔ پھر اُنہوں نے فرمایا: اے میرے بھائی! مشہور ہونا کتنی نقصان دہ چیز ہے' مشہور ہونا کتنی نقصان دہ چیز ہے۔

مذکورہ سند کے ساتھ احمد بن منصور رمادی کا یہ بیان منقول ہے: یزید بن ہارون نے مجھ سے کہا: میں نے امام ابوحنیفہ سے زیادہ بُردبار اور کوئی شخص نہیں دیکھا' جب اُنہیں کسی شخص کے بارے میں یہ پتا چلتا کہ اُس نے اُن پر تنقید کی ہے' یا اُن کا ذکر بُرائی کے ساتھ کیا ہے' تو وہ نرمی کے ساتھ اُسے جواب بھجواتے تھے اور فرماتے تھے: اے میرے بھائی! اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کرے! میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وکیل بناتا ہوں' جسے میرے بارے میں اُس کے برخلاف کا علم ہے' جو تم نے کہا ہے۔

(علامہ خوارزمی کہتے ہیں:) اللہ تعالیٰ ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر' اُن کی پاکیزہ آل اور اصحاب پر درود نازل فرمائے

تیسرا باب:

# اِن مسانید کے مرتبین تک ہماری اسناد کا تذکرہ

## پہلی مسند: ''مسند حارثی''

یہ امام ابومحمد حارثی بخاری کی مرتب کردہ ہے۔

⚬⚬ (علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) میں نے چار ائمہ حضرات کے سامنے اِس کو پڑھ کر اُن سے اِسے نقل کیا ہے:

(i) امام اقضیٰ قضاۃ الانام (مخلوق میں سب سے بڑے قاضی) اخطب خطباء الشام (شام کے سب سے بڑے خطیب) شیخ جمال الدین ابوالفضائل عبدالکریم بن عبدالصمد بن محمد بن ابوالفضل انصاری حرستانی

(ii) شیخ ثقہ صفی الدین اسماعیل بن ابراہیم بن یحییٰ درجی قرشی مقدسی

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) میں نے ''جامع دمشق'' میں اِن حضرات کے سامنے اس کتاب کو پڑھا تھا۔

(iii) شیخ امام شمس الدین یوسف بن عبداللہ قزاعلی - یہ امام حافظ ابوالفرج (ابن) جوزی کے پوتے ہیں۔

دمشق سے باہر ''جبل الصالحین'' کے پاس میں نے ان کے سامنے اس کتاب کو پڑھا تھا۔

(iv) امام ابوبکر بن محمد بن عمر فرغانی

''جامع دمشق'' میں حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام (کے مزار مبارک) کے سرہانے (میں نے ان کے سامنے اس کتاب کو پڑھا تھا)۔

ان سب (یعنی ان میں سے تین) حضرات کا یہ بیان ہے:

⚬⚬ قاضی امام شیخ الاسلام جمال الدین ابوالقاسم عبدالصمد بن محمد ابوالفضل انصاری حرستانی

ان کے سامنے ''جامع دمشق'' میں یہ کتاب پڑھی گئی اور ہم اس کا سماع کر رہے تھے البتہ شیخ شمس الدین جو ابن جوزی کے پوتے ہیں: انہوں نے یہ کہا ہے: ''اجازۃ'' (کے طور پر وہ اس کتاب کو روایت کرتے ہیں۔)

اُن (یعنی شیخ الاسلام جمال الدین ابوالقاسم عبدالصمد) کا یہ کہنا ہے:

⚬⚬ دو اماموں نے ''اجازۃ'' کے طور پر ہمیں خبر دی ہے: (وہ دو امام درج ذیل ہیں:)

(i) ابوالفرج سعید بن ابورجاء صیرفی

(ii) ابوالخیر محمد بن احمد باغبانی

⚬⚬ باغبانی کہتے ہیں: ابوعمرو عبدالوہاب بن محمد بن اسحاق بن یحییٰ بن مندہ اصفہانی نے ہمیں خبر دی ہے:

صیرفی کہتے ہیں: ابوبکر احمد بن فضل باطرقانی نے ہمیں خبر دی ہے:
یہ دونوں حضرات (یعنی باغبانی اور صیرفی) فرماتے ہیں:
✿✿ شیخ امام ابوعبداللہ محمد بن یحییٰ بن اسحاق ابن مندہ اصفہانی نے ہمیں خبر دی ہے:
وہ (یعنی محمد بن یحییٰ بن اسحاق ابن مندہ اصفہانی) فرماتے ہیں:
✿✿ حافظ ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب بن حارث حارثی بخاری نے ہمیں خبر دی ہے' جو اس ''مسند'' کے مرتب ہیں۔

## دوسری مسند: ''مسند طلحہ''

یہ ''طلحہ'' کی مرتب کردہ ہے۔
✿✿ (علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) اس کے بارے میں مجھے تین مشائخ نے خبر دی ہے:
(i) صدر کبیر' عالم متبحر نحریر' علامہ' دار الخلافہ کے استاذ (اللہ تعالیٰ اس کی عظمت کو دگنا کرے اور سب پر اس کے سائے کو پھیلا دے) شیخ محی الدین ابومحمد یوسف -- ابن شیخ الاسلام ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن جوزی -- نے مجھے خبر دی' اس طریقے سے کہ میں نے دار الخلافہ میں' (اس کتاب کو) ان کے سامنے پڑھا:
(ii) قاضی امام فخر الدین نصر اللہ بن علی بن عبدالرشید -- جو حافظ ابوالعلاء حسن بن احمد ہمدانی کے پوتے ہیں -- انہوں نے ''اذن'' کے طور پر مجھے خبر دی:
اِن دونوں حضرات (یعنی شیخ محی الدین ابومحمد یوسف اور قاضی امام فخر الدین نصر اللہ) کا یہ کہنا ہے:
✿✿ امام ابن امام' امیر المؤمنین مستضیء بامر اللہ ابومحمد حسن - ابن امام ابومظفر یوسف المستنجد باللہ نے ''اجازۃ'' کے طور پر ہمیں خبر دی:
وہ (یعنی امیر المؤمنین مستضیء بامر اللہ ابومحمد حسن) فرماتے ہیں:
✿✿ شیخ عبدالمغیث بن زہیر حربی نے ''اجازۃ'' کے طور پر مجھے خبر دی: (یہاں تحویل سند ہے:)
✿✿ عالی سند کے ساتھ اس (مسند) کے بارے میں' مجھے دو معمر بزرگوں نے بتایا ہے:
(i) ابومنصور عبدالقادر بن ابونصر قزوینی -- میں نے اُن کے سامنے بھی (اس کی) قرأت کی ہے
(ii) شیخ یوسف بن احمد -- ان سے ''مناولۃ'' کے (طور پر یہ کتاب روایت کی ہے۔)
✿✿ ان دونوں صاحبان (یعنی ابومنصور عبدالقادر بن ابونصر قزوینی اور شیخ یوسف بن احمد) نے شیخ عبدالمغیث بن زہیر بن زہیر -- سے ''اجازۃ'' کے طور پر اسے روایت کیا ہے۔
✿✿ وہ (یعنی شیخ عبدالمغیث بن زہیر) فرماتے ہیں:
شیخ ابوالبرکات عبدالوہاب بن مبارک بن احمد انماطی نے ہمیں خبر دی ہے:
✿✿ وہ (یعنی شیخ ابوالبرکات) فرماتے ہیں:
شیخ ابوالحسن احمد بن محمد بن عبداللہ ابن النقور نے ہمیں خبر دی ہے:

وہ (یعنی شیخ ابوالحسن) فرماتے ہیں:
شیخ ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف بن دوست العلاف نے ہمیں خبر دی ہے:
وہ (یعنی شیخ ابوعبداللہ احمد) فرماتے ہیں:
امام حافظ ابوالقاسم طلحہ بن محمد بن جعفر العدل المعروف بہ ''الغار'' نے ہمیں خبر دی ہے جو اس ''مسند'' کے مرتب ہیں۔

## تیسری مسند: ''مسند ابن مظفر''

یہ ''ابن مظفر'' کی جمع کردہ ہے۔
(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) اس کے بارے میں مجھے چار مشائخ نے خبر دی ہے:
(i) صدر صاحب کبیر معظم ابن جوزی -- جن کا ذکر ہو چکا ہے میں نے دارالخلافہ میں ان کے سامنے اس کی قرأت کی تھی۔
(ii) شیخ ابومظفر یوسف بن علی بن حسن
(iii) شیخ علی بن معالی
(iv) شیخ عبداللطیف المعروف بہ ''خیمی''
ان سب حضرات سے ''اذن'' کے طور پر اس (مسند) کو روایت کیا ہے۔
ان سب حضرات نے -- قاضی امام شمس الدین عبید اللہ بن محمد بن عبدالجلیل ساوی -- سے ''اجازۃ'' (کے طور پر اس مسند کو روایت کیا ہے۔)
وہ (یعنی قاضی امام شمس الدین عبید اللہ) فرماتے ہیں:
شیخ ابوالبرکات عبدالوہاب بن مبارک بن احمد انماطی نے ہمیں خبر دی ہے:
وہ (یعنی شیخ ابوالبرکات عبدالوہاب) فرماتے ہیں:
شیخ ابوالحسن مبارک بن عبدالجبار بن احمد صیرفی نے ہمیں خبر دی ہے:
وہ (یعنی شیخ ابوالحسن مبارک) فرماتے ہیں: ابومحمد حسن بن علی بن محمد جوہری (نے ہمیں اس کی خبر دی ہے)
وہ (یعنی ابومحمد حسن) فرماتے ہیں:
امام ابوحسن محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد نے ہمیں خبر دی ہے جو اس ''مسند'' کے مرتب ہیں۔

## چوتھی مسند: ''مسند ابونعیم اصفہانی''

یہ وہ مسند ہے جسے امام حافظ ابونعیم احمد بن عبداللہ بن احمد اصفہانی نے مرتب کیا ہے:
(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے چار مشائخ نے اس کی خبر دی ہے:
(i) ابوعبداللہ محمد بن عثمان بن عمر
(ii) قاضی القضاۃ شہاب الدین ابوعلی حسن ابن قاضی القضاۃ عبدالقاہر شہرزوری نے ''موصل'' میں
(iii) شیخ ضیاء الدین صفر بن یحییٰ بن صفر نے ''حلب'' میں

(iv) نجیب الدین ابواسحاق ابراہیم بن خلیل بن عبداللہ نے ''دمشق'' میں ''اذن'' کے طور پر ہمیں خبر دی:
✿✿ یہ سب حضرات فرماتے ہیں: شیخ ابوالفرح یحییٰ بن محمود بن سعد ثقفی نے ''اذن'' کے طور پر ہمیں خبر دی:
✿✿ وہ (یعنی شیخ ابوالفرح یحییٰ) فرماتے ہیں:
شیخ ابوعلی حسن بن احمد حداد نے مجھے خبر دی:
✿✿ حافظ ابونعیم احمد بن عبداللہ بن احمد اصفہانی کے حوالے سے (خبر دی) جو اس ''مسند'' کے مرتب ہیں۔

## 5ویں مسند: ''مسند ابوبکر محمد بن عبدالباقی''

اس ''مسند'' کو شیخ' ثقہ' عدل ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد بن عبداللہ المعروف بہ ''قاضی مارستان'' نے مرتب کیا ہے۔
✿✿ (علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے چار مشائخ نے اس کی خبر دی ہے:
(i) شیخ' ثقہ' تاج الدین بن احمد بن ابوحسن بن احمد بن عربی' میں نے ''مدینۃ السلام'' میں ان کے سامنے اس کی قرأت کی تھی' اس کے مالک پر ہزاروں تحیت وسلام ہوں۔
انہوں نے اس کو تین مشائخ سے روایت کیا ہے:
✿✿ ابوعلی عبدالسلام بن ابوخطاب
✿✿ ابوبکر عتاب بن حسن بن سعید بن البنا
✿✿ ابومحمد عبداللہ بن احمد بن ابوالمجد
ان تینوں حضرات نے اس کتاب کو اس کے مرتب -- قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی -- سے روایت کیا ہے۔
(ii) شیخ ابومحمد ابراہیم بن محمود بن سالم
(iii) صاحب صدر کبیر' علامہ' استاذ دارالخلافۃ والامامۃ' محی الدین ابومحمد یوسف بن عبدالرحمٰن بن علی بن جوزی
(iv) ابوعبداللہ محمد بن علی بن بقاء
ان حضرات نے ''اذن'' کے طور پر مجھے خبر دی ہے۔
ان تینوں حضرات نے یہ کتاب تین حضرات سے روایت کی ہے:
✿✿ ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن جوزی
✿✿ ابوالقاسم ذاکر بن کامل
✿✿ ابوالقاسم یحییٰ بن سعد بن نوش
ان تینوں حضرات نے اس کتاب کو اس کے مرتب -- قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد بن عبداللہ انصاری -- سے روایت کیا ہے۔

## 6ویں مسند: ''مسند جرجانی''

یہ وہ ''مسند'' ہے جس کو امام' حافظ' جرح وتعدیل کے ماہر' ابواحمد عبداللہ بن عدی جرجانی نے جمع کیا ہے۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے اس کے بارے میں:

۞ شیخ ابومحمد حسن بن احمد بن ہبۃ اللہ بن محمد بن ہبۃ اللہ -- نے ''اذن'' کے طور پر خبر دی (اس کی سند یہ ہے:)

۞ ابوالمحاسن محمد بن عبدالخالق جوہری

۞ سید ظفر بن داعی علوی

۞ ابوالقاسم حمزہ بن یوسف سہمی

۞ حافظ ابواحمد عبداللہ بن عدی (جو اس ''مسند'' کے مرتب ہیں)۔

## 7ویں مسند: ''مسند لؤلؤی''

اس کو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد رشید حسن بن زیاد لؤلؤی نے امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے۔

۞ (علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے چار مشائخ نے اس کی خبر دی ہے:

(i) محیی الدین ابومحمد یوسف بن عبدالرحمٰن بن علی جوزی (میں نے دارالخلافہ میں ان کے سامنے اس کی قرأت کی تھی)

(ii) شیخ ابومحمد ابراہیم بن محمود بن سالم

(iii) شیخ ابونصر الاغر ابن ابوالفضائل بن ابونصر

(iv) ابوعبداللہ محمد بن علی بن بقا (ان تین حضرات نے ''اذن'' کے طور پر مجھے خبر دی)

۞ حافظ ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن جوزی -- نے ایک صاحب کو سماع کے طور پر اور باقی صاحبان کو ''اذن'' کے طور پر خبر دی بشرطیکہ سماع نہ ہو۔

۞ ابوالقاسم اسماعیل بن احمد بن عمر بن احمد سمرقندی

۞ ابوالقاسم عبداللہ بن حسن بن محمد خلال

۞ ابوحسن عبدالرحمٰن بن عمر بن احمد

۞ ابوحسن محمد بن ابراہیم بن حبیس بغوی

۞ ابوعبداللہ محمد بن شجاع بلخی

۞ حسن بن زیاد لؤلؤی -- جو امام ابوحنیفہ کے شاگرد رشید ہیں' ان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔

## 8ویں مسند: ''مسند ابوالحسن''

اس کو قاضی ابوالحسن اشنانی نے جمع کیا ہے' یہ ''مسند'' اور میں نے اس کتاب (جامع المسانید) میں' جو بھی (اضافی) اطلاعات جمع کی ہیں:

۞ انہیں تین مشائخ نے نقل کیا ہے:

(i) تقی الدین یوسف بن احمد بن ابوالحسن الاسکاف -- میں نے بغداد میں ان کے سامنے قرأت کی تھی۔

(ii) شیخ ابومحمد ابراہیم بن محمود بن سالم

(iii) شیخ ابوعبداللہ محمد بن علی بن بقاء (ان دو صاحبان نے "اذن" کے طور پر مجھے خبر دی ہے:)

۞۞ ان تینوں صاحبان کا یہ کہنا ہے: ہمیں درج ذیل تین مشائخ نے اس کی خبر دی ہے:

(i) ابوالقاسم ذاکر بن کامل بن محمد بن حسین بن محمد خفاف

(ii) ابوالقاسم یحییٰ بن اسعد بن نوش

(iii) قاضی عبدالرحمٰن عمری (انہوں نے "اذن" کے طور پر خبر دی ہے:)

۞۞ یہ حضرات فرماتے ہیں: حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی -- نے ہمیں اس کی خبر دی ہے:

۞۞ وہ فرماتے ہیں: شیخ ابوالفضل احمد بن حسین بن خیرون -- نے ہمیں اس کی خبر دی ہے:

۞۞ وہ فرماتے ہیں: میرے ماموں شیخ ابوعلی -- نے ہمیں اس کی خبر دی ہے۔

۞۞ وہ فرماتے ہیں: قاضی ابوالحسن اشنانی -- نے ہمیں اس کی خبر دی ہے۔

## 9ویں مسند: "مسند کلاعی"

اس کو شیخ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے جمع کیا ہے۔

۞۞ (علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے چار مشائخ نے اس کی خبر دی ہے:

(i) عبداللطیف بن عبدالمنعم بن علی بن نصر حرانی

(ii) شیخ شرف الدین ابوعبداللہ محمد بن محمد بن محمد بن عبدالوہاب بن علی بن علی
(میں نے مدینۃ السلام میں متفرق مجالس میں ان کے سامنے اس کتاب کی قرأت کی تھی)

(iii) ابومنصور عبدالقادر بن ابونصر قزوینی

(iv) یوسف بن احمد بن ابوالحسن (ان دونوں صاحبان نے "اذن" کے طور پر خبر دی)

۞۞ یہ سب (یعنی چاروں) حضرات یہ فرماتے ہیں: (اس کتاب کی سند درج ذیل ہے:)

۞۞ عبدالوہاب بن علی بن علی بن سکینہ

۞۞ ابوالقاسم علی بن احمد بن محمد بشری

۞۞ ابوالحسن محمد بن عبدالرحمٰن بن جعفر بن خشنام

۞۞ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی (یہ اس "مسند" کے جامع ہیں)

## 10ویں مسند "مسند ابن خسرو"

اس "مسند" کو شیخ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے جمع کیا ہے۔

۞۞ (علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے تین مشائخ نے اس کی خبر دی ہے:

(i) صدر کبیر معظم ابن جوزی (جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے میں نے بغداد میں اُن کے سامنے اس کی قرأت کی تھی)

(ii) شیخ ابومحمد ابراہیم بن محمود بن سالم

(iii) شیخ ابوعبداللہ محمد بن علی بن بقا (ان دونوں صاحبان نے ''اذن'' کے طور پر مجھے اس کی خبر دی ہے:)

یہ تینوں حضرات فرماتے ہیں: ہمیں (درجِ ذیل) تین مشائخ نے ''اذن'' کے طور پر اِس کی خبر دی ہے:

(i) ابوالقاسم ذاکر بن کامل بن محمد بن حسین بن محمد خفاف

(ii) ابوالقاسم یحییٰ بن اسعد بن نوش خباز

(iii) ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن جوزی

یہ حضرات فرماتے ہیں: شیخ ابوعبداللہ حسین ابن محمد بن خسرو بلخی -- نے ہمیں اس کی خبر دی ہے، جو اس ''مسند'' کے جامع ہیں۔

## 11ویں مسند: ''مسند قاضی ابویوسف''

اس کو امام، قاضی ابویوسف یعقوب بن ابراہیم نے امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے، اسے ''نسخہ ابی یوسف'' بھی کہا جاتا ہے۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے متعدد مشائخ نے اس کی خبر دی ہے:

(i) صدر کبیر علامہ، استاذ دارالخلافۃ والامامۃ، ابومحمد یوسف بن ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن جوزی

(ii) شیخ ابومحمد ابراہیم بن محمود بن سالم

(iii) شیخ ابوعبداللہ محمد بن علی بن بقا

یہ حضرات فرماتے ہیں: ہمیں (درجِ ذیل) تین مشائخ نے ''اذن'' کے طور پر اِس کی خبر دی ہے:

(i) ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن جوزی

(ii) ابوالقاسم ذاکر بن کامل

(iii) ابوالقاسم یحییٰ بن اسد بن نوش

یہ حضرات فرماتے ہیں: ہمیں (درجِ ذیل بزرگ نے) ''اجازۃ'' کے طور پر اِس کی خبر دی ہے:

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد بن عبداللہ انصاری (اس کے آگے کی سند یہ ہے:)

ابومحمد حسن جوہری

ابوبکر محمد ابہری

ابوعروبہ حسین ابن محمد بن مودود حرانی

عمرو بن ابوعمرو

امام، قاضی ابویوسف یعقوب بن ابراہیم

## 12ویں مسند: ''مسند امام محمد''

اس ''مسند'' کو امام محمد بن حسن شیبانی نے امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے، اور اس کو ''نسخہ امام محمد'' بھی کہا جاتا ہے۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے (مذکورہ بالا) تینوں مشائخ نے اِس کی خبر دی ہے: جو اُن کی (مذکورہ بالا) سند کے ساتھ (درجِ ذیل مشائخ سے منقول ہے)۔

✪✪ ابومحمد جوہری

✪✪ ابوبکر ابہری

✪✪ ابوعروبہ حرانی

✪✪ ان کے دادا (عمرو بن ابوعمرو)

✪✪ امام محمد بن حسن شیبانی

## 13 ویں مسند: ''مسند حماد''

اس ''مسند'' کو امام ابوحنیفہ کے صاحبزادے حماد نے اپنے والد امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے۔

✪✪ (علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے متعدد مشائخ نے اس کی خبر دی ہے:

(i) تقی الدین یوسف بن احمد بن ابی حسن اسکاف -- نے ''مدینۃ السلام'' میں (اس کی خبر دی)

(ii) موفق الدین ابوعبداللہ محمد بن ہارون بن محمد ثعلبی

(iii) جمال الدین ابوالفتح نصر اللہ بن محمد بن الیاس انصاری

(iv) ان کے بھائی -- نجم الدین ابوغالب مظفر بن محمد بن الیاس

اور (ان کے علاوہ) دیگر حضرات نے دمشق میں ''اذن'' اور ''کتابۃ'' کے طور پر اس کی خبر دی:

ان سب حضرات نے (درج ذیل سند سے اس کو روایت کیا ہے:)

✪✪ ابوطاہر بن برکات بن ابراہیم بن طاہر بن برکات خشوعی

✪✪ ابوالحسن علی بن مسلم بن محمد سلمی

✪✪ ابونصر احمد بن محمد بن سعید صوفی

✪✪ ابوالحسن علی بن ابوربیعہ

✪✪ ابوعبداللہ محمد بن حفص طالقانی

✪✪ صالح بن محمد ترمذی

✪✪ امام حماد بن ابوحنیفہ

## 14 ویں مسند: مسند امام محمد (مسند ثانی)

اس کو امام محمد بن حسن شیبانی نے جمع کیا اور اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے۔

✪✪ (علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) مجھے چار مشائخ نے اس کی خبر دی ہے:

(i) صدر کبیر علامہ استاذ دار الخلافۃ والامامۃ محیی الدین ابومحمد یوسف بن عبدالرحمٰن بن علی بن جوزی

(میں نے دار الخلافہ مدینۃ السلام میں ان کے سامنے اس کو پڑھا تھا)

(ii) ابومحمد ابراہیم بن محمود بن سالم

(iii) ابو عبداللہ محمد بن علی بن بقا

(iv) ابو مظفر یوسف بن علی بن حسن

(ان مؤخر الذکر تین مشائخ نے ''اذن'' کے طور پر مجھے اس کی اجازت دی ہے)

ان چاروں حضرات نے (درج ذیل) چار حضرات سے ''اذن'' کے طور پر اس کو روایت کیا ہے:

(i) ابو الفرج عبدالمنعم بن عبدالوہاب بن کلیب

(ii) ابو القاسم ذاکر بن کامل بن محمد بن حسین

(iii) ابو القاسم یحییٰ بن اسعد بن نوش

(iv) ابو السعادات نصر اللہ بن عبدالرحمٰن القزاز

ان سب حضرات نے درج ذیل سند کے ساتھ اس کو روایت کیا ہے:

ابو سعد احمد بن عبدالجبار صیرفی (اذن کے طور پر)

قاضی ابو القاسم علی بن محسن تنوخی

ابو اسحاق ابراہیم بن احمد طبری

محمد بن احمد رازی

ابو عامر عمر بن تمیم بن سیار

ابو سلیمان موسیٰ بن سلیمان جوز جانی

امام محمد بن حسن شیبانی

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں: میرے مشائخ میں سے) پہلے شیخ محی الدین ابن جوزی نے (درج ذیل) سند کے ساتھ بھی روایت کیا ہے:

امام حافظ ابو الفرج عبدالرحمٰن بن علی ابن جوزی (اذن کے طور پر)

ابو الفتح محمد بن عبدالباقی المعروف بہ ''ابن البطی''

ابو الفضل احمد بن حسن بن خیرون

قاضی ابو عبداللہ حسین بن علی صیمری

ابو اسحاق ابراہیم ابن احمد طبری

ابو بکر محمد بن احمد بن عیسیٰ بن عبدک رازی

ابو عامر بن تمیم بن سیار

ابو سلیمان جوز جانی

امام محمد بن حسن شیبانی

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) میرے چار مشائخ نے ایک اور عالی سند کے ساتھ بھی اس کو روایت کیا ہے۔

(i) ضیاء الدین صفر

(ii) شرف الدین عبدالرحمٰن بن عبدالرحیم بن عبدالرحمٰن (ان دونوں صاحبان نے ''حلب'' میں اس کو روایت کیا)

(iii) رشید الدین احمد بن مفرج بن مسلمہ -- نے دمشق میں

(iv) ابومحمد ابراہیم بن محمود بن سالم -- نے بغداد میں

ان چاروں نے -- شیخ ابوالفتح محمد بن عبدالباقی المعروف بہ ''ابن البطی'' -- کے حوالے سے صاحب کتاب امام محمد بن حسن شیبانی تک ان کی مذکورہ بالا سند کے حوالے سے اس کو روایت کیا ہے۔

## 15 ویں مسند: ''مسند سعدی''

اس کو امام حافظ ابن ابی العوام سعدی نے جمع کیا ہے ان کی کنیت ''ابوالقاسم'' ہے جبکہ ان کا نام ''عبداللہ بن محمد بن ابی العوام'' ہے۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) پانچ مشائخ نے مجھے عالی سند کے ساتھ اس کی اطلاع دی ہے۔

(i) شیخ شیوخ ارباب الطریقۃ امام ائمۃ اصحاب الحقیقۃ نجم الدین ابوالجناب احمد بن عمر بن محمد بن عبداللہ خوارزمی خیوقی (انہوں نے ''جرجانیہ خوارزم'' میں اس کی خبر دی اللہ تعالیٰ اسے دوبارہ آباد کرے اور اس کا امیر کسی تعمیر کرنے والے کو بنائے)

(ii) نجم الدین ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوبکر احمد بن خلف بلخی

(iii) رشید الدین ابوالفضل اسماعیل بن احمد بن حسن عراقی (ان دونوں صاحبان نے ''دمشق'' میں اس کی خبر دی اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کرے)

(iv) ضیاء الدین صفر بن یحییٰ بن صفر (انہوں نے ''حلب'' میں اس کی خبر دی)

(v) ابونصر الاغر بن ابوالفھائل فضائل بن ابونصر (انہوں نے ''بغداد'' میں اس کی خبر دی)

ان سب حضرات نے (درج ذیل سند کے ساتھ) اس کو روایت کیا ہے:

امام حافظ شیخ الاسلام ابوطاہر احمد بن محمد بن احمد بن محمد سلفی اصفہانی (اگر ان سے ''سماع'' نہ ہو تو پھر ''اجازۃ'' کے طور پر روایت ہوگی)

احمد بن ابوعباس رازی

قاضی ابوعبداللہ محمد بن سلامہ قضاعی

ابوالعباس احمد بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن ابوالعوام

ابوالقاسم عبداللہ بن محمد بن ابوالعوام (جنہوں نے یہ مسند جمع کی ہے)

•••——•••——•••

# اَلْبَابُ الثَّالِثُ فِيمَا يَتَعَلَّقُ بِالْإِيمَانِ مِمَّا لَا يُذْكَرُ فِي الْفِقْهِ غَالِباً

## تیسرا باب: ایمان کے بارے میں روایات

جن کا ذکر عام طور پر فقہ (سے متعلق ابواب) میں نہیں کیا جاتا

وَاِنَّهُ يَشْتَمِلُ عَلٰى اَرْبَعَةِ فُصُوْلٍ

یہ باب چار فصول پر مشتمل ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ التَّحْرِيْضُ عَلَى الْحَسَنَاتِ وَالتَّحْذِيْرُ عَنِ السَّيِّئَاتِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ فِي الْاِيْمَانِ وَالتَّصْدِيْقِ بِالْقَضَاءِ وَالْقَدَرِ وَالشَّفَاعَةِ وَغَيْرِهَا

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِي الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا وَالتَّاَسِّي وَالتَّخَلُّقِ بِاَخْلَاقِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهٖ

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِي الْفَضَائِلِ

پہلی فصل: نیکیوں کی ترغیب دینے اور برائیوں سے روکنے کے باب میں ہے۔

دوسری فصل: ایمان کے بارے میں قضاوقدر (یعنی تقدیر) کی تصدیق، شفاعت اور دیگر امور کے بارے میں ہے۔

تیسری فصل: دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنے، نبی اکرم ﷺ اور آپ کے اصحاب کے اخلاق کی پیروی کرنے اور ان کے اخلاق کو اختیار کرنے کے بارے میں ہے۔

چوتھی فصل: فضائل کے بارے میں ہے۔

# اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ اَلتَّحْرِيْضُ عَلٰى الْحَسَنَاتِ وَالتَّحْذِيْرُ عَنِ السَّيِّئَاتِ

## پہلی فصل: نیکیوں کی ترغیب دینا اور برائیوں سے منع کرنا

**(63)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِیْ اَنِيْسٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ

امام ابوحنیفہ- صحابی رسول حضرت عبداللہ بن ابوانیس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے:

متن روایت: حُبُّكَ لِلشَّیْءِ يُعْمِیْ وَيُصِمُّ

''تمہارا کسی چیز سے محبت کرنا، اندھا اور بہرا کر دیتا ہے۔''

•••——•••——•••

[ (علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) یہ روایت ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے اپنی ''مسند'' میں- شیخ فقیہ ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون - قاضی عبدالملک بن عبدالرحمٰن بن محمد ابوبکر سرخسی - اُن کے والد قاضی امام ابوبکر عبدالرحمٰن بن ابوبکر بن محمد سرخسی - ابواحمد محمد بن عبداللہ بن بنت وزیر ابوعباس اسفرائنی - ابوعلی حسن بن علی - علی بن بابویہ اسواری - جعفر بن محمد بن علی بن حسن - یونس بن حبیب - ابوداؤد طیالسی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انـه قـال ولـدت سـنة ثمانين وقدم عبد الله بن انيس الكوفة سنة اربع وتسعين وسمعت منه وانا ابـن اربـع عشرة سنة سمعته يقول قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم: حبك للشیء يعمی ويصم

''وہ بیان کرتے ہیں: میں 80 ہجری میں پیدا ہوا' حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ 94 ہجری میں کوفہ تشریف لائے' تو میں نے ان سے سماع کیا' اس وقت میری عمر 14 برس تھی' میں نے انہیں یہ بیان کرتے ہوئے سنا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے:

''تمہارا کسی چیز سے محبت کرنا، اندھا اور بہرا کر دیتا ہے۔''

انہوں نے یہ روایت معمر بن محمد بن حسن بن محمد بن جامع - قاضی امام مؤتمن ابوجعفر محمد بن احمد بن حامد - ابوسعد اسماعیل بن علی سمان رازی - ابوعلی حسن بن علی - علی بن بابویہ - جعفر بن محمد بن علی بن حسن - یونس بن حبیب - ابوداؤد طیالسی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

اور انہوں نے یہ روایت ابوالعلاء صاعد بن یسار بن محمد دہان ہروی - قاضی ابومحمد عبداللہ بن ابوحفص عمر بن محمد انصاری - قاضی ابوالعلاء محمد بن ابوالفضل حمدانی - ابوبکر محمد بن احمد بن محمد طالقانی - ابوسعید سمان رازی - حسن بن علی بن محمد بن اسحاق - ابوحسن علی بن بابویہ - جعفر بن محمد بن علی بن حسن - یونس ابن حبیب - ابوداؤد طیالسی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

(63) قد تقدم فی (10) .

ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے اپنی ''مسند'' میں - ابوالسعادات احمد ابن احمد بن عبدالواحد متوکلی - ابوحسین احمد بن محمد بن احمد - ابوحسن علی بن احمد بن عیسیٰ نہفقنی - حسن بن علی بن اسحاق تمار - ابوحسن علی بن بابویہ اسواری - جعفر بن محمد بن علی بن حسن - حبیب - ابوداؤد طیالسی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

متن روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ عجرد رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ نے - سیّدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

روایت: اَکْثَرُ جُنْدِ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ الْجَرَادُ لَا آکُلُهٗ وَلَا اُحَرِّمُهٗ

''زمین میں اللہ تعالیٰ کا سب سے زیادہ تعداد والا لشکر ٹڈی دل ہے، میں اسے کھاتا بھی نہیں ہوں اور اس کو حرام بھی قرار نہیں دیتا ہوں۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالعلاء صاعد بن سیار بن محمد دہان ہروی - قاضی ابوالعلاء ابوالفضل ہمدانی - ابوبکر محمد بن احمد بن محمد طالقانی - ابوسعید اسماعیل بن حسن سمان - ابوعلی حسن بن علی دمشقی - ابومحمد عبداللہ بن کثیر - عبدالرحمٰن بن ابوحاتم رازی - عباس ابن محمد دوری کے حوالے سے نقل کرتے ہیں - یحییٰ بن معین بیان کرتے ہیں:

ابا حنیفة رضی اللہ عنه سمع عائشة بنت عجرد تقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله وسلم یقول:

اکثر جند اللہ فی الارض الجراد لا آکله ولا احرمه

امام ابوحنیفہ نے سیّدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: وہ بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے:

''زمین میں اللہ تعالیٰ کا سب سے زیادہ تعداد والا لشکر ٹڈی دل ہے، میں اسے کھاتا بھی نہیں ہوں اور اس کو حرام بھی قرار نہیں دیتا ہوں۔''

انہوں نے یہ روایت ابونصر معمر بن محمد بن حسین - قاضی ابوجعفر بن محمد بن احمد بن حامد - ابوسعید رازی - علی بن حسین دمشقی - ابومحمد عبداللہ بن کثیر رازی - عباس بن محمد دوری کے حوالے سے نقل کی ہے - یحییٰ بن معین بیان کرتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے سیّدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا کو سنا ہے: (اس کے بعد پوری روایت ہے)۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالسعادات احمد بن احمد بن عبدالواحد متوکلی - ابوحسین احمد بن احمد بن محمد سمنانی - ابوحسن علی بن احمد بن عیسیٰ - ابوعلی حسن بن علی دمشقی - ابومحمد عبداللہ بن کثیر رازی - عبدالرحمٰن بن ابوحاتم رازی -

---

(14) ... فی .

عباس دوری کے حوالے سے نقل کی ہے- یحییٰ بن معین بیان کرتے ہیں: امام ابوحنیفہ جو صاحب الرائے ہیں انہوں نے سیّدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا کو سنا ہے: (اس کے بعد پوری روایت ہے)۔

**(65)**- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ

متنِ روایت: وُلِدْتُ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ وَحَجَجْتُ مَعَ اَبِيْ سَنَةَ سِتٍّ وَتِسْعِيْنَ وَاَنَا ابْنُ سِتَّ عَشْرَةَ سَنَةً فَلَمَّا دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ رَاَيْتُ حَلْقَةً عَظِيْمَةً فَقُلْتُ لِاَبِيْ حَلْقَةُ مَنْ هٰذِهٖ قَالَ حَلْقَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَزْءٍ الزَّبِيْدِيِّ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَتَقَدَّمْتُ فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

مَنْ تَفَقَّهَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ كَفَاهُ اللّٰهُ هَمَّهٗ وَرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں:

میں 80 ہجری میں پیدا ہوا، 96 ہجری میں، میں اپنے والد کے ساتھ حج کرنے کے لئے گیا، اس وقت میری عمر 16 سال تھی، جب میں مسجد حرام میں داخل ہوا تو وہاں میں نے ایک بڑا حلقہ دیکھا، میں نے اپنے والد سے دریافت کیا: یہ کس کا حلقہ ہے؟ انہوں نے جواب دیا: یہ صحابیِ رسول حضرت عبداللہ بن جزء زبیدی رضی اللہ عنہ کا حلقہ ہے۔ میں آگے بڑھا تو میں نے انہیں فرماتے ہوئے سنا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص اللہ تعالیٰ کے دین کی سمجھ بوجھ (یعنی دین کا علم) حاصل کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی پریشانیوں کے حوالے سے اس کی کفایت کر دیتا ہے، اور اس کو وہاں سے رزق عطا کرتا ہے جہاں سے اُس کا گمان بھی نہیں ہوتا ہے۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- شیخ فقیہ ابوالفضل احمد بن حسن بن محمد بن خیرون- ابوعبدالملک بن عبدالرحمٰن بن محمد سرخسی- ان کے والد قاضی ابوبکر عبدالرحمٰن بن محمد سرخسی- ابواحمد محمد بن عبداللہ ابن بنت وزیر ابوجعفر اسفرائینی- ابوعلی حسین بن علی دمشقی- ابوذر عبدالعزیز بن حسن طبری- ابوبکر مکرم بن احمد بن مکرم بغدادی- محمد بن احمد بن سماعہ بن ولید قاضی- قاضی ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی- قاضی ابوعبداللہ صیمری- ابوبکر ہلال بن ہلال جو ہلال رازی کے بیٹے ہیں- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- محمد بن حمدان طنافسی- احمد بن صلت- محمد بن شجاع- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

اور انہوں نے یہ روایت تین شیوخ (یعنی) ابومحمد عبداللہ بن علی بن عبداللہ (اور) ابومنصور محمد بن عبدالملک بن حسن (اور) ابومنصور عبدالرحمٰن بن زریق سے اور ان سب نے- ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب- قاضی ابوالعلاء واسطی- ابوقاسم علی بن حسن

(65) قد تقدم فی (11)

ابوعباس محمد بن عمر بن حسین ابن خطاب - جعفر بن علی حافظ - احمد بن محمد حمانی - محمد بن ساعہ قاضی - بشر بن ولید قاضی - قاضی ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالسعادات احمد بن عبدالواحد متوکلی - ابوحسین احمد بن محمد سمنانی - ابوحسن علی بن احمد بن عیسیٰ نہقفنی - ابوعلی حسن بن علی دمشقی - ابوذر عبدالعزیز بن حسن طبری - ابوبکر مکرم بن احمد - محمد بن احمد بن ساعہ - بشر بن ولید قاضی - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب - قاضی ابوالعلاء واسطی - ابوقاسم علی بن حسین عدنی - ابوعباس محمد بن حسین - جعفر بن علی حافظ - احمد بن محمد حمانی - محمد بن ساعہ قاضی - بشر بن ولید - قاضی ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ مُعَاوِیَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ

امام ابوحنیفہ نے - حضرت ابومعاویہ عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

متن روایت: مَنْ بَنٰی لِلّٰهِ مَسْجِدًا وَلَوْ كَمَفْحَصِ قَطَاةٍ بَنَى اللهُ لَهٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ

''جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے مسجد بناتا ہے، خواہ وہ ''قطاۃ'' پرندے کے گھونسلے جتنی ہو، تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنادیتا ہے۔''

...——...——...

حافظ ابوعبداللہ حسین ابن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - شیخ عدل ابوالفضل احمد ابن حسن بن محمد بن خیرون - ابوسعید عبدالملک بن عبدالرحمٰن بن محمد سرخسی - ان کے والد قاضی ابوبکر عبدالرحمٰن بن محمد سرخسی - ابواحمد محمد بن عبداللہ ابن بنت وزیر - ابوعباس اسفرائنی - ابوعلی حسین بن علی بن غیاث قاضی - محمد بن موسیٰ - جلودی محمد بن عیاش - تمتام یحییٰ بن قاسم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابونصر معمر بن محمد بن حسن بن محمد بن جامع - ابوجعفر محمد بن احمد بن طاہر - ابوسعید بن علی رازی سمان - حسن بن حسین - حسن بن غیاث قاضی - محمد بن موسیٰ - جلودی محمد بن عیاش - تمتام یحییٰ بن قاسم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوالعلاء صاعد بن یسار بن محمد دہان ہروی - قاضی ابومحمد عبداللہ بن ابوحفص عمر بن محمد انصاری - قاضی امام

---

اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في " مسند الامام "(93) وقال الحافظ بدرالدين العيني في " عمدة 480/3 .الطبع الجديد .: وحديث عبدالله ابن ابي ا وفي اخرجه الحافظ عبد المؤمن بن خلف الدمياطي في "جزء" جمعه فضل المسجد .

ابوالعلاء محمد بن ابوالفضل حمدانی - قاضی فقیہ ابوقاسم عبدالجبار بن زید بن احمد ان دونوں نے - ابوبکر محمد بن احمد بن محمد - ابوسعید اسماعیل بن حسن سمان - ابوعلی حسین بن علی بن محمد بن اسحاق دمشقی - ابوحسن علی بن غیاث قاضی - محمد بن موسیٰ - جلودی محمد بن عیاش - تمتام یحییٰ بن قاسم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالسعادات احمد بن احمد بن عبدالواحد متوکلی - ابوحسین احمد بن محمد بن احمد سمنانی - ابوحسن علی بن احمد بن عیسیٰ نہفقنی - ابوعلی دمشقی - ابوحسن علی بن غیاث قاضی - محمد بن موسیٰ - جلودی محمد بن عیاش - تمتام یحییٰ بن قاسم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(67) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيِّ الْخَزْرَجِيِّ النَّجَّارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُهُ يقول سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

امام ابوحنیفہ نے - حضرت انس بن مالک انصاری خزرجی نجاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

متنِ روایت: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ -

''علم حاصل کرنا، ہر مسلمان پر فرض ہے۔''

*** —— *** —— ***

ابوعبداللہ حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - شیخ ابومحمد عبداللہ بن علی بن عبداللہ (اور) ابومنصور بن عبدالملک بن حسن ان دونوں نے - احمد بن علی بن ثابت - ابواسحاق ابراہیم بن محمد ارموی - ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ - ابواسحاق ابراہیم بن محمد واعظ معروف بالعبد ذلیل - ابوعباس احمد بن صلت بن مغلس حمانی - بشر بن ولید قاضی - قاضی ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابومحمد عبداللہ بن علی انصاری - ابوبکر احمد ابن علی بن ثابت - قاضی ابوالعلاء واسطی محمد بن یعقوب ابوعثمان بن ابوسعید اور یہ سعید بن احمد بن محمد بن جعفر نیشاپوری - ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن عمرویہ مروزی - ابوعباس احمد بن صلت بن مغلس حمانی - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالعلاء صاعد بن یسار بن محمد ہروی - قاضی ابومحمد بن عبداللہ بن ابوحفص عمرو بن محمد - قاضی ابوالعلاء بن ابوالفضل - ابوبکر محمد بن احمد بن محمد طالقانی - اسماعیل بن حسن رازی - ابوحسن احمد بن محمد بن محمود تستری - ابوسعید حسن بن احمد بن صلت - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت - ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب - اسحاق بن ابراہیم بن محمد مہدی

(67) اخرجه ابو يعلى - وابو نعيم فى "الحلية" 323/8 - والخطيب فى "تاريخ بغداد" 207/4 وفى "الرحلة فى طلب الحديث" (1)، والطبرانى فى "الصغير" 16/1، وابن ماجة (224) فى "المقدمة" - والبيهقى فى "شعب الايمان" (1664)، والبغوى فى "شرح السنة" فى ذيل (135) .

...محمد بن عبداللہ حافظ - ابواسحاق ابراہیم بن محمد واعظ - ابوعباس احمد بن صلت بن مغلس حمانی - بشر بن ولید - امام ابویوسف ...کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

...انہوں نے یہ روایت ابوالسعادات احمد بن احمد بن عبدالواحد متوکلی - ابوحسین احمد بن محمد بن احمد سمنانی - ابوحسن علی بن احمد بن ...ابواحمد محمد بن عبداللہ بن خالد ذہلی - ابواسحاق ابراہیم بن احمد بن عمرویہ - ابوعباس احمد بن صلت - بشر بن ولید - امام ابویوسف ...کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

...- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) رَحِمَهُ اللهُ عَنْ ...بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ ...عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ

...روایت: اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ وَاللهُ يُحِبُّ ...اِغَاثَةَ اللَّهْفَانِ

امام ابوحنیفہ نے - حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بھلائی کی طرف رہنمائی کرنے والا بھی' اُس (بھلائی) کو کرنے والے کی مانند ہے، اور اللہ تعالیٰ ضرورت مند کی مدد کرنے کو پسند کرتا ہے۔''

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - قاضی امام ابوعبداللہ حسن ...صیرفی - ہلال بن محمد بن محمد' جو ہلال رازی کے بھتیجے ہیں' انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن حمدان طنافسی - احمد بن ...بن مغلس حمانی - بشر بن ولید قاضی - قاضی ابویوسف یعقوب بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ...ہے۔

(انہوں نے روایت کا پہلا حصہ یعنی یہ الفاظ:) اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ - ابونصر معمر بن علی بن حسن بن جامع - قاضی ابوجعفر ...احمد بن حامد - ابوسعید اسماعیل بن ابوعلی رازی سمان - احمد بن محمد - حسین بن احمد - ابوعباس احمد بن صلت بن مغلس - بشر بن ...ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے روایت کا آخری حصہ یعنی یہ الفاظ: وَاللهُ يُحِبُّ اِغَاثَةَ اللَّهْفَانِ اس سند کے ساتھ نقل کیا ہے' (اور انہوں نے ...درج ذیل سند کے ساتھ بھی نقل کیا ہے:)

ابوالعلاء صاعد بن یسار - قاضی عبداللہ بن ابوحفص - قاضی ابوالعلاء محمد بن ابوالفضل حمدانی - ابوبکر محمد بن احمد بن محمود طالقانی - ...ابوسعید اسماعیل بن حسن رازی - ابوحسین احمد بن محمد بن محمود تستری - ابوسعید حسن بن احمد بن مبارک طوسی - احمد بن صلت - بشر بن ...ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ (انہوں روایت کا پہلا حصہ بھی اس سند کے ساتھ نقل کیا ...ہے۔)

...اخرجه الترمذی(2670) فی العلم: باب الدال علی الخیر کفاعله، وابن عبدالبر فی "جامع بیان العلم" 13 .

(69)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ

متنِ روایت: لَا تُظْهِرَنَّ شَمَاتَةً لِاَخِيْكَ فَيُعَافِيَهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيْكَ

امام ابوحنیفہ نے - حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم اپنے بھائی کی شماتت ظاہر نہ کرو (یعنی اس کا مذاق نہ اڑاؤ) ورنہ اللہ تعالیٰ اس کو عافیت عطا کر دے گا اور تمہیں اس (خرابی) میں مبتلا کر دے گا۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل احمد بن حسن ابن خیرون - ان کے والد قاضی ابوسعید عبدالملک بن عبدالرحمٰن بن محمد سرخسی - ان کے والد قاضی ابوبکر عبدالرحمٰن بن محمد - ابواحمد محمد بن عبداللہ ابن بنت وزیر ابوعباس اسفرائنی - ابوعلی حسین بن علی دمشقی - ابومحمد عبداللہ بن محمد بن حسن حنفی - طلحہ بن سنان - ہناد بن سری - ابوسعید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: (اس کے بعد مذکورہ بالا حدیث ہے)۔

انہوں نے یہ روایت ابونصر معمر بن محمد بن حسن بن محمد بن جامع - قاضی امام مؤتمن ابوجعفر محمد بن احمد بن حامد بن عبید اللہ بخاری - ابوسعید اسماعیل بن علی رازی سمان - علی بن احمد بن عبید اللہ بن حزام - مظفر بن سہل - موسیٰ بن عیسیٰ بن منذر - ان کے والد (عیسیٰ بن منذر) - اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالسعادات احمد بن احمد بن عبدالواحد متوکلی - ابوحسین احمد بن محمد بن احمد سمنانی - ابوحسن علی بن احمد بن عیسیٰ - ابوعلی حسن بن علی دمشقی - ابومحمد عبداللہ بن محمد بن حسین - طلحہ بن سنان یامی - ہناد بن سری - ابوسعید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(70)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ

متنِ روایت: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رُزِقْتُ وَلَدًا قَطُّ وَلَا وَلَدَ لِيْ قَالَ فَاَيْنَ اَنْتَ مِنْ كَثْرَةِ الْاِسْتِغْفَارِ وَكَثْرَةِ الصَّدَقَةِ تُرْزَقُ بِهِمَا وَلَدٌ

امام ابوحنیفہ نے - حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں:

ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اولاد نصیب نہیں ہوئی، میرا کوئی بچہ نہیں ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بکثرت استغفار اور بکثرت صدقہ کیوں نہیں کرتے ہو؟ ان دونوں کی وجہ سے تمہیں اولاد نصیب ہوگی۔

(69) قد تقدم فی (13)

قَالَ جَابِرٌ فَكَانَ رَجُلٌ يُكْثِرُ الصَّدَقَةَ فَوُلِدَ لَهُ تِسْعَةُ ذُكُوْرٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس شخص نے بکثرت صدقہ کرنا شروع کیا تو اللہ تعالیٰ نے اسے 9 بیٹے عطا کیے۔

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالسعادات احمد بن عبدالواحد متوکلی - ابوحسین احمد بن محمد بن احمد سمنانی - ابوحسن علی بن احمد بن عیسیٰ نہفقنی - ابوعلی حسن بن علی دمشقی - ابوحسن علی بن غیاث قاضی - محمد بن موسیٰ - جلودی محمد بن یونس - تمام یحییٰ بن قاسم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: قَالَ اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وُضِعَتْ حَسَنَاتُ الرَّجُلِ فِيْ كَفَّةِ الْمِيْزَانِ وَوُضِعَتْ سَيِّئَاتُهُ فِيْ كَفَّةٍ اُخْرٰى فَشَالَتْ سَيِّئَاتُهُ حَسَنَاتَهُ حَتّٰى اِذَا يَئِسَ فَظَنَّ النَّارَ جَاءَهُ شَيْءٌ مِثْلُ السَّحَابِ فَيَقَعُ فِيْ حَسَنَاتِهِ فِيْ كَفَّةِ الْمِيْزَانِ فَتَشِيْلُ حَسَنَاتُهُ سَيِّئَاتَهُ فَيُقَالُ اَتَدْرِيْ مَا هٰذَا فَيَقُوْلُ مَا اَعْرِفُ هٰذَا مِنْ عَمَلِيْ فَيُقَالُ هٰذَا مَا عَلَّمْتَ لِلنَّاسِ مِنَ الْخَيْرِ فَعَمِلُوْا بِهٖ بَعْدَكَ

''قیامت کے دن، آدمی کی نیکیاں میزان کے ایک پلڑے میں رکھی جائیں گی اور اس کی برائیاں دوسرے پلڑے میں رکھی جائیں گی، تو اس کی برائیوں کا پلڑا نیکیوں پر بھاری ہوگا، یہاں تک کہ وہ شخص مایوس ہو کر جہنم کے بارے میں گمان کرے گا، پھر وہاں بادل کی مانند ایک چیز آئے گی، تو دریافت کیا جائے گا: کیا تم جانتے ہو، یہ کیا ہے؟ وہ جواب دے گا: میں اس کو اپنے عمل کے طور پر نہیں پہچانتا، تو اس سے کہا جائے گا: یہ وہ ہے جو تم نے لوگوں کو بھلائی کی (یعنی دین کی) تعلیم دی تھی، تو انہوں نے تمہارے بعد اس پر عمل کیا تھا۔''

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اپنے والد ابوطاہر عبدالباقی انصاری - ابوقاسم عبیداللہ بن احمد بن عثمان صیرفی - عبیداللہ بن عثمان دقاق - ابوحسین علی بن محمد بن یحییٰ مصری - مالک بن یحییٰ بن مالک بن غسان ہمدانی - علی بن عاصم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسن محمد بن علی مہتدی باللہ - ابوحفص عمر بن احمد بن شاہین - علی بن محمد مصری - مالک بن یحییٰ - علی بن عاصم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن سائب - حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

---

اخرجه احمد 414/2، والطيالسى (2387)، وابو داؤد (4090)، وابن حبان (328)

السَّـائِبِ عَنْ اَبِیْ مُسْلِمٍ الْاَغَرِّ صَاحِبِ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَـنْ اَبِـیْ هُـرَيْرَةَ رَضِـیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

کے شاگرد ابو مسلم اغر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: قَـالَ اللهُ تَـعَـالـىٰ اَلْـكِبْرِيَـاءُ رِدَائِیْ وَالْـعَـظْـمَـةُ اِزَارِیْ فَمَنْ نَازَعَنِیْ وَاحِدًا مِنْهُمَا اَلْقَيْتُهٗ فِیْ جَهَنَّمَ

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کبریائی میری (اوڑھنے والی) چادر ہے، عظمت میرا تہبند ہے، جو شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کے حوالے سے بھی میرا مقابلہ کرنے کی کوشش کرے گا، میں اسے جہنم میں ڈال دوں گا۔''

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - شیخ ابوسعود احمد بن علی بن محمد - محمد بن احمد خطیب - علی بن ربیعہ - حسن بن رشیق - محمد بن احمد بن حفص - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**73**) - سند روایت: (اَبُـوْ حَـنِـيْـفَـةَ) عَـنْ عَـطَـاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دَثَّارٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِـیَ اللهُ عَـنْـهُمَا (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن سائب - محارب بن دثار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ فَاِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

''ظلم سے بچو، کیونکہ ظلم، قیامت کے دن تاریکیوں کی شکل میں ہوگا۔''

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابراہیم ابن عمروس ہمدانی - عباس بن یزید - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(**74**) - سند روایت: (اَبُـوْ حَـنِـيْـفَـةَ) عَـنْ حَـمَّـادٍ عَنْ اِبْـرَاهِـيْـمَ عَـنْ الاَسْـوَدِ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

متن روایت: اِنَّ اللهَ يَكْتُبُ لِلْاِنْسَانِ الدَّرَجَةَ الْعُلْيَا فِی الْجَنَّةِ وَلَا يَكُوْنُ لَهٗ مِنْ عَمَلٍ مَا يُبَلِّغُهَا فَلَا يَزَالُ

''(بعض اوقات ایسا ہوتا ہے) اللہ تعالیٰ نے کسی انسان کے لئے جنت میں ایک بلند درجہ طے کر دیا ہوتا ہے، اور اس شخص کا

---

(73) اخرجه ابن حبان( 5176)،والطيالسي(2272)،واحمد 195/2،والحاكم في "المستدرك 1:11،والبيهقي في "السنن الكبرىٰ" 243/10،والدارمي 240/2 .

حَتّٰی یُبَلِّغَھَا

ایسا عمل نہیں ہوتا' جو اسے اُس (بلند درجے) تک پہنچادے، تو اللہ تعالیٰ اس (بندے کو مختلف طرح کی) آزمائشوں میں مسلسل مبتلا رکھتا ہے، یہاں تک کہ اُسے اُس (درجے) تک پہنچا دیتا ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن صالح ابن ابوصالح - احمد بن یعقوب بلخی - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے نقل کی ہے' انہوں نے یہ روایت علی - علی بن فتح بن عبداللہ عسکری - حمید بن ربیع - قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نعال نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - علی بن عبید - حسن بن محمد ہمدانی اور قاسم بن حسن ہمدانی سے اور ان دونوں نے - یحییٰ بن ہاشم غسانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - شیخ ابومحمد بن سراج - احمد بن علی - ابوطیب محمد بن احمد بن موسیٰ شروطی - محمد بن احمد بن یعقوب مدنی - محمد بن ایوب بلخی - یحییٰ بن ہاشم غسانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - شیخ ابومحمد بن سراج - احمد بن علی - ابوطیب محمد بن احمد بن موسیٰ شروطی - محمد بن احمد بن یعقوب مدنی - محمد بن ایوب بلخی - یحییٰ بن ہاشم غسانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - قاضی ابوحسین محمد ابن علی بن مہتدی باللہ - ابوقاسم عبداللہ بن احمد بن علی بن حسین صیدلانی - ابن مخلد بن جعفر عطار - احمد بن حسن ہمدانی - یحییٰ بن ہاشم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

۲۳ - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ وَحَمَّادٍ اَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ

متنِ روایت: کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا وَلَا تَقُوْلُوْا هَجْرًا

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد اور حماد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: عبداللہ بن بریدہ نے اپنے والد کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے:

''میں نے پہلے تمہیں قبرستان کی زیارت کرنے سے منع کیا تھا، اب تم اس کی زیارت کرو' لیکن کوئی نامناسب (یعنی غیر شرعی) بات (وہاں) نہ کرنا۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد - محمد بن اسماعیل - ابوصالح - لیث - ابوعبدالرحمٰن خراسانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

اخرجه احمد 356/5، ومسلم (977)، والترمذی (1054)، وابو عوانة (7879)، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 186/4 وفی "شرح مشکل الآثار" (4745)، والحازمی فی "الاعتبار" 228، والطیالسی (807)، وابن حبان (3168).

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - قیاس سندی انطا کی - ابوصالح - لیث - ابوعبدالرحمٰن خراسانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن جریر بن میسّب لؤلؤی بلخی - یحییٰ بن اکثم - عبداللہ بن صالح - لیث - ابوعبدالرحمٰن خراسانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(76)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ شَيْخٍ لَهٗ يَرْفَعُهٗ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ نے - اپنے ایک بزرگ (یعنی استاد) کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع حدیث کے طور پر یہ روایت نقل کی ہے: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:)

متن روایت: اِرْحَمُوا الضَّعِيْفَيْنِ اَلصَّبِيُّ وَالْمَرْاَةُ

"دو قسم کے ضعیف افراد یعنی بچے اور خواتین پر، رحم کرو۔"

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(77)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُنْتَشِرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اَنَّهٗ بَلَغَهٗ

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر - محمد بن منکدر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: اُن تک یہ روایت پہنچی ہے:

متن روایت: اَنَّ الْمُتَكَبِّرِ رَاْسُهٗ بَيْنَ رِجْلَيْهِ فِيْ تَابُوْتٍ مِنْ نَّارٍ مُقَفَّلٍ عَلَيْهِ فَلَا يَخْرُجُ مِنَ التَّابُوْتِ اَبَدًا فِي النَّارِ

"متکبر شخص کا سر دونوں ٹانگوں کے درمیان میں ہوگا، وہ آگ سے بنے ہوئے صندوق میں (بند) ہوگا، جس پر قفل لگا ہوگا، اور وہ جہنم میں، اس تابوت سے کبھی بھی باہر نہیں نکل سکے گا۔"

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن علی بن محمد خطیب - علی بن ربیعہ - حسن بن رشیق - محمد بن حفص - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(78)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

متن روایت: اَسِرُّوْا مَا شِئْتُمْ وَاَعْلِنُوْا مَا شِئْتُمْ فَمَا

"تم لوگ جو چاہو اسے پوشیدہ رکھو اور جو چاہو اُسے ظاہر

---

(76) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (923) .الطبع الجديد .في الادب: باب من عمل عملاً البسه الله رداءه -- فارحموا الضعيفين: المراة والصبي" .

(77) اخرجه الحكفي في "مسند الامام" (455)

(78) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (922) -الطبع الجديد .في الادب: باب من عمل عملاً البسه الله رداءه -فارحموا الضعيفين المراة والصبي- وابونعيم في "الحلية" 36/5 -وابن الشجرى في "اماليه" 221/2

...ـیـر شَیْئًا اِلَّا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی رِدَاءَهُ

کرو، کوئی بندہ جو بھی چیز پوشیدہ رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس (بندے) کو اُسی کی چادر پہنا دیتا ہے۔"

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

...- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ ...ـیْـمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا ...ت قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

...روایت: لَوْ اَنَّ الرِّفْقَ خَلْقٌ یُرٰی لَمَا رُئِیَ مِنْ ...ـقِ اللّٰهِ اَحْسَنُ مِنْهُ وَلَوْ اَنَّ الْحَزِقَ خَلْقٌ یُرٰی لَمَا ...ـیَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ اَقْبَحُ مِنْهُ

"اگر نرمی، دکھائی دینے والی کوئی مخلوق ہوتی، تو اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں، کوئی بھی اس سے زیادہ خوبصورت نظر نہ آتا، اور اگر سختی، دکھائی دینے والی کوئی مخلوق ہوتی، تو اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں کوئی بھی اس سے زیادہ بدصورت نظر نہ آتا۔"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - علی بن حسن بن سعید - عمر بن حمید - نوح بن دراج کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ...ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے روایت - یحییٰ بن اسماعیل جریری - اسد بن عمرو کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ...ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں، ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست ... - قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

...- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَیُّوْبَ بْنِ ...ـذٍ عَنْ مُجَاهِدٍ یَرْفَعُهُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ ...وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ

امام ابوحنیفہ نے - ایوب بن عائذ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: مجاہد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع حدیث کے طور پر یہ روایت نقل کی ہے:

...روایت: لَوْ نَظَرَ النَّاسُ اِلٰی صُوْرَةِ الرِّفْقِ لَمَا ...اَحْسَنَ مِنْهُ وَلَوْ نَظَرُوْا اِلٰی صُوْرَةِ الْحَزِقِ

"اگر لوگ نرمی کی صورت دیکھ سکتے، تو انہوں نے اس سے زیادہ خوبصورت کوئی اور چیز نہ دیکھی ہوتی اور اگر لوگ سختی کی

---

...اخرجه الحافظ صدر الدین الحصکفی فی " مسند الامام" (457) -والشهاب فی "المسند" 1/1 -وعبد بن حمید 433- ...العجلونی فی "کشف الخفاء" 161/2 -والخرائطی فی " مکارم الاخلاق" 6-

...وفیه: "لو کان حسن الخلق رجلاً یمشی فی الناس لکان رجلاً صالحاً" .

...اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (897) فی الادب: باب الرفق والحزق -وهو الاثر المتقدم .

لَمَا نَظَرُوْا اَقْبَحَ مِنْهُ

صورت دیکھ سکتے' تو انہوں نے اس سے زیادہ بدصورت کوئی چیز نہ دیکھی ہوتی۔''

••• —— ••• —— •••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - یحییٰ بن اسماعیل - حسین ابن اسماعیل - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے اس روایت کو - یحییٰ بن اسماعیل جریری - حسین بن اسماعیل جریری - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ علاف - قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(81)** - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ اَيَاسٍ عَنْ اَبِى عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ قَالَ

متن روایت: لَمَّا خَرَجَ اَبُوْمَسْعُوْدٍ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِتَّبَعْتُهُ فَقُلْتُ لَهُ اَوْصِنِىْ فَقَالَ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللهِ وَلُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ وَاِنَّ اللهَ تَعَالٰى لَنْ يَّجْمَعَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ عَلَى الضَّلَالَةِ وَاصْبِرْ حَتّٰى تَسْتَرِيْحَ اَوْ يُسْتَرَاحُ مِنْ فَاجِرٍ

امام ابوحنیفہ نے - عبدالملک بن ایاس کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابوعمرو شیبانی بیان کرتے ہیں:

جب حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ سے روانہ ہونے لگے' تو میں ان کے پیچھے گیا' میں نے ان سے کہا: آپ مجھے کوئی وصیت (یعنی نصیحت یا ہدایت) کیجئے! تو انہوں نے فرمایا: تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا اور (مسلمانوں کی) جماعت کے ساتھ رہنا' (کیونکہ) اللہ تعالیٰ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو گمراہی پر اکٹھا نہیں کرے گا' اور تم صبر سے کام لیتے رہنا' جب تک (تم دنیا سے رخصت ہو کر) راحت حاصل نہیں کر لیتے' یا پھر فاجر (یعنی ظالم حکمران) سے راحت (یعنی نجات) حاصل نہیں ہو جاتی۔

••• —— ••• —— •••

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - فضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - منذر بن محمد - حسن بن محمد بن علی - ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

(81) قلت: وقد اخرج ابن حبان (2101) - واحمد 196/5 - وابو داؤد (547) فی الصلاة: باب فی التشدید فی ترک الجماعة - والحاکم فی "المستدرک" 211/1 - والبیهقی فی "السنن الکبری" 54/3 - والبغوی فی "شرح السنة" (793) -

-- عن ابی الدرداء - قال: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: "مامن ثلاثة فی قریة - ولا بدوی - لاتقام فیهم الصلاة الا استحوذ علیهم الشیطان - فعلیك بالجماعة فانما یاکل الذئب القاصیة".

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے اس روایت کوامام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

-سندروایت:(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ صَفِیَّةَ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا

امام ابوحنیفہ نے -سفیان ثوری - منصور بن صفیہ - ان کی والدہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متنِ روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ نَهٰی عَنْ سَبِّ الْاَمْوَاتِ وَقَالَ طُوْبٰی لِمَنْ وَجَدَ فِیْ صَحِیْفَتِهٖ اِسْتِغْفَارًا كَثِیْرًا

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مرحومین کو بُرا کہنے سے منع کیا ہے، اور یہ ارشاد فرمایا ہے: اس شخص کو مبارک ہو' جو اپنے صحیفے میں بکثرت استغفار پائے گا۔''

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابوبکر خطیب بغدادی - ابونعیم - محمد بن اسماعیل وراق - سعید بن قاسم حافظ - محمد بن یحییٰ بن مندہ - ہذیل بن معاویہ - ابراہیم بن ایوب کے حوالے سے - امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

-سندروایت:(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ نے -حماد- سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متنِ روایت: اِذَا مَاتَ اَحَدُكُمْ مَغْمُوْمًا مَهْمُوْمًا مِنْ سَبَبِ الْعِیَالِ كَانَ اَفْضَلُ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰی مِنْ اَلْفِ ضَرْبَةٍ بِالسَّیْفِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

''جب کوئی شخص عیال (زیر کفالت افراد یعنی بال بچوں) کی وجہ سے غم اور پریشانی کے عالم میں انتقال کر جائے' تو وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک' اللہ کی راہ میں تلوار کی ایک ہزار ضربیں لگنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہوگا۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن ہشام بن ہمام شیرازی - محمد بن یحییٰ بن یزید نیشاپوری - مقری کے حوالے سے - امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

-سندروایت:(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ غَسَّانٍ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

امام ابوحنیفہ نے - ابوغسان - حسن بصری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

اخرجه النسائی 52/4 - والمرتضٰی الزبیدی فی "الاتحاف" 491/7 - والمتقی الهندی فی "الكنز" (42712) - والسیوطی فی "الجامع الصغیر" 394/6 مع فیض القدیر (9765) .

اخرجه الحافظ صدر الدین الحصكفی فی "مسند الامام" (302) .

اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (925) - والحافظ صدر الدین الحصكفی فی "مسند الامام" (489) - ومسلم (1825) فی الامارة: باب كراهیة الامارة بغیر ضرورة - واحمد ۵: ۱۷۳ .

وَآلِهِ وَسَلَّمَ

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ اَلْإِمَارَةُ اَمَانَةٌ وَهِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خِزْيٌ وَنَدَامَةٌ اِلَّا مَنْ اَخَذَ بِحَقِّهَا وَاَدَّى الَّذِيْ عَلَيْهِ مِنَ الْحَقِّ فِيْهَا وَاَنّٰى لَهُ ذٰلِكَ يَا اَبَا ذَرٍّ

''اے ابوذر! امارت (یعنی حکومتی عہدہ) ایک امانت ہے اور یہ قیامت کے دن رسوائی اور ندامت کا باعث ہوگی' البتہ اس شخص کے لئے (رسوائی کا باعث) نہیں ہوگی' جس نے اس کے حق کے ہمراہ اس کو حاصل کیا اور اس میں اپنے ذمہ لازم فرائض کو پورا کیا، اور اے ابوذر! یہ بھلا کہاں ہو پاتا ہے؟''

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(**85**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

متن روایت: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

امام ابوحنیفہ نے- حماد- ابووائل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''علم حاصل کرنا، ہر مسلمان پر فرض ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- صالح بن ابورمیح- عباس بن محمد- معاویہ- عمر- داؤد بن علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(**86**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ

متن روایت: ثَلَاثَةٌ يُوْجَرُ فِيْهِنَّ الْمَيِّتُ بَعْدَ مَوْتِهٖ وَلَدٌ يَدْعُوْ لَهٗ بَعْدَ مَوْتِهٖ فَهُوَ يُوْجَرُ فِيْ دُعَائِهٖ وَرَجُلٌ عَلِمَ عِلْمًا يُعْمَلُ بِهٖ وَيُعَلِّمُهُ النَّاسَ فَهُوَ يُوْجَرُ عَلٰى مَا عَمِلَ وَعَلَّمَ وَرَجُلٌ تَرَكَ اَرْضًا صَدَقَةً

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

''تین چیزیں ایسی ہیں' جن میں میت کو اس کے مرنے کے بعد بھی اجر دیا جاتا ہے' (پہلی چیز) وہ اولاد' جو اس (میت) کی موت کے بعد بھی اس کے لئے دعا کرتی رہتی ہے' (دوسری صورت یہ ہے) ایک شخص ایسا (دینی) علم حاصل کرتا ہے' جس پر

(85) اخرجه صدر الدين الحصكفي في "مسند الامام" (31)- والطبراني في "الكبير" (10439)- وفي "الاوسط" (18)- مجمع البحرين)- والهيثمي في "مجمع الزوائد" 119/1- والحافظ في " المطالب العاليه" (3065) .

(86) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (924) .قلت: قد اخرج ابن حبان (3016)- والطحاوي في " مشكل الآثار" (246)- والبخاري في "الادب المفرد" (38)-

-- عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال: "اذا مات الانسان انقطع عمله الا من ثلاث صدقة جارية او علم ينتفع به و ولد صالح يدعو له" .

عمل کیا جاتا ہو' پھر وہ اس کی تعلیم دوسرے لوگوں کو دیتا ہے' تو اس کو اس کے عمل کرنے اور تعلیم دینے پر اجر دیا جاتا ہے، (تیسری صورت یہ ہے:) آدمی کوئی زمین صدقہ کے طور پر چھوڑ جائے۔"

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

– سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهُ قَالَ

امام ابوحنیفہ نے–حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

متنِ روایت: اَلْبَلَاءُ مُوَكَّلٌ بِالْكَلَامِ

"آزمائش، کلام کے ساتھ متعلق ہوتی ہے۔"

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

– سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ النَّخْعِیِّ

امام ابوحنیفہ نے–حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی، اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں بیان کرتے ہیں: (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

متنِ روایت: فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی:
﴿وَنَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ الْقِیَامَةِ﴾
قَالَ اِنَّمَا یُجَاءُ بِعَمَلِ الْعَبْدِ فَیُجْعَلُ فِیْ مِیْزَانِهٖ فَیَخِفُّ فَیُجَاءُ بِشَیْءٍ كَالسَّحَابِ اَوْ كَالْغَمَامِ فَیُوْضَعُ فِیْ مِیْزَانِهٖ فَتَرْجَحُ فَیُقَالُ لَهٗ هَلْ تَدْرِیْ مَا هٰذَا فَیَقُوْلُ لَا فَیُقَالُ هٰذَا عِلْمُكَ عَلَّمْتَهٗ فَتَعَلَّمُوْهُ فَعَمِلُوْا بِهٖ بَعْدَكَ

"قیامت کے دن، ہم انصاف کے ساتھ، میزان رکھیں گے۔"

ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: (اس دن) آدمی کا عمل لا کر اس کے میزان میں رکھا جائے گا تو (اس کا نیکیوں کا پلڑا) ہلکا ہوگا' تو بادل جیسی ایک چیز کو لایا جائے گا (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے کہ "سحاب" استعمال ہوا ہے یا "غمام" استعمال ہوا ہے) اور اس کو اس شخص کے میزان میں (نیکیوں کے پلڑے) میں رکھ دیا جائے گا' تو وہ جھک جائے گا' تو اس شخص سے دریافت کیا جائے گا: کیا تم جانتے ہو؟ یہ کیا ہے؟ وہ شخص جواب

---

اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (926)–وابن ابی شیبة 578/8 (5599) فی الادب: باب ما قالوا فی النهی عن الغیبة فی الرجل والغیبة

وقد اخرج ابن ماجة (242)–ومسلم 73/5–وابو داؤد (2880)–والترمذی (1376)

–عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: "ان مما یلحق المؤمن من عمله وحسناته بعد موته: علماً علّمه ونشره"

دے گا: جی نہیں! تو اس سے کہا جائے گا: یہ تمہارا وہ علم ہے، جس تم نے (لوگوں کو) تعلیم دی تھی اور انہوں نے اس کا علم حاصل کر کے تمہارے بعد اس پر عمل کیا تھا۔''

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -عبدالصمد بن علی - ابوابراہیم اسماعیل بن یوسف - مسلم - حماد بن زید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد حسن بن علی فارسی - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(**89**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ

متن روایت: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''علم حاصل کرنا، ہر مسلمان پر فرض ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - قبیصہ بن فضل بن عبدالرحمٰن طبری - عثمان شجری - ابوعاصم نبیل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن ابوریح سے، ان کی تحریر سے - ابوامیہ طرطوسی - عبدالرحمٰن بن صالح - حماد بن زید کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**90**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيِّ قَالَ مَا سَمِعْتُ مِنْ اَنَسٍ اِلَّا حَدِيْثًا وَّاحِدًا سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

متن روایت: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی زبانی صرف ایک حدیث سنی ہے، وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''علم حاصل کرنا، ہر مسلمان پر فرض ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

(**91**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

(89) وقد مر في (85) من حديث عبدالله بن مسعود

روایت: اِنِّیْ لَاَدْعُوْ لِحَمَّادٍ فَاَبْدَاُ بِهٖ قَبْلَ اَبَوَیَّ
''میں اپنے والدین سے پہلے (اپنے استاد) حماد (بن ابوسلیمان) کے لئے دعا کرتا ہوں۔''

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوسعید احمد بن قاسم مقری - قاضی ابوقاسم تنوخی - ابوقاسم ثلاج - ابوعباس ابن عقدہ - قاسم بن عبداللہ بن عامر حضرمی - عمیر بن عمار ہمدانی - محمد بن ابان قرشی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ النَّخْعِیِّ اَنَّهٗ قَالَ:
امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا عَرَفَ الثَّقِیْلُ نَفْسَهٗ اَنَّهٗ ثَقِیْلٌ لَیْسَ بِثَقِیْلٍ
''جب بوجھل شخص، خود کو پہچان لیتا ہے کہ وہ بوجھل ہے، تو وہ بوجھل نہیں رہتا۔''

•••——•••——•••

ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے غنجار میں ''تاریخ بخارا'' میں یہ پڑھی ہے ابو محمد بن ابراہیم بن یعقوب صوفی - محمد بن حاتم بن سعید بن حفص بیکندی - عبدالصمد بن فضل - حسن بن حازم - بکر بن معروف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ النَّخْعِیِّ اَنَّهٗ قَالَ:
امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: مَنْ اٰمِنَ الثِّقْلَ ثَقِلَ
''جو شخص خود کو بوجھل پن سے محفوظ سمجھتا ہے، وہ بوجھل ہو جاتا ہے۔''

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل احمد بن حسن ابن خیرون - ابوحسین محمد بن عبدالواحد بن علی بن رزمہ - ابومحمد علی بن عبداللہ بن عباس بن مغیرہ جوہری - ابوعیسیٰ احمد بن محمد وراق مقدسی - ابومحمد حارث بن محمد بن امامہ مدائنی - ابن منصور - کوفہ کے ایک بزرگ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ النَّخْعِیِّ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ
امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

---

اخرجه احمد 391/1 - والطیالسی (377) - والنسائی فی "الکبریٰ" (8854) - والبیهقی فی "السنن الکبریٰ" 218/2 - وابو ... (52).

مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ:
متن روایت: کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فِی السَّفَرِ فَعَرَّسَ وَاَمَرَ بِلَالًا اَنْ یَّکْلَا الصُّبْحَ فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَنَامَ الرَّھْطُ وَبِلَالٌ حَتّٰی کَانَ اَوَّلُ مَنْ اِسْتَیْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَبَعْدَہٗ بِلَالٌ فَاَمَرَ اَنْ یَقْتَادُوْا الرَّوَاحِلَ مِنْ ذٰلِکَ الْمَحَلِّ وَاَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ ثُمَّ اَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ وَاَمَرَہٗ فَاَقَامَ الصَّلَاۃَ ثُمَّ صَلّٰی بِھِمُ الْفَجْرَ

فرماتے ہیں:
''(ایک مرتبہ) ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سفر کر رہے تھے رات کے آخری پہر آپ ﷺ نے پڑاؤ کیا اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت دی کہ وہ صبح صادق ہونے کا خیال رکھیں پھر نبی اکرم ﷺ سو گئے' باقی لوگوں سمیت حضرت بلال رضی اللہ عنہ بھی سو گئے' یہاں تک کہ سب سے پہلے نبی اکرم ﷺ اور آپ کے بعد حضرت بلال رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے' آپ ﷺ نے ہدایت کی کہ لوگ اس مقام سے اپنی سواریوں کو لے کر چل پڑیں' (کچھ آگے جا کر) آپ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا انہوں نے اذان دی' نبی اکرم ﷺ نے پہلے وتر ادا کیے' پھر آپ نے فجر کی دو رکعات (سنتیں) ادا کیں' پھر آپ ﷺ نے انہیں حکم دیا تو انہوں نے اقامت کہی' تو پھر نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کو فجر کی نماز پڑھائی۔''

•••——•••——•••

طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- علی بن محمد بن عبید- عبیداللہ بن عبدالجبار- ابومسلم بشر بن مسلم- یحییٰ بن صالح- بن خالد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**95**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ:
متن روایت: قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَوْلَہٗ تَعَالٰی
﴿وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی﴾ قَالَ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
﴿وَکَذَّبَ بِالْحُسْنٰی﴾ قَالَ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

امام ابوحنیفہ نے- ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:
''نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان تلاوت کیا: (ارشاد باری تعالیٰ ہے:) ''اور اس نے اچھائی کی تصدیق کی۔''
نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس (اچھائی) سے مراد لا الٰہ الا اللہ ہے۔ (ارشاد باری تعالیٰ ہے:) ''اس نے اچھائی کی تکذیب کی۔'' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس (اچھائی) سے مراد لا الٰہ الا اللہ ہے۔

(95) اخرجه الحافظ صدرالدين الحصكفی فی ''مسندالامام'' (516) .

•••——•••——•••

...محمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - بشر بن موسیٰ - عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے ...ت کی ہے۔

...نہوں نے (اس روایت کوایک اور سند کے ساتھ بھی نقل کیا ہے) زکریا بن یحیٰ بن حارث نیشاپوری - محمد بن یوسف رازی - ...بن احمد - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے۔

...طلحہ بن نغار اور احمد بن محمد بن سعید نے یہ روایت - بشر بن موسیٰ - عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ ...ت کی ہے۔ تاہم انہوں نے اس میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

**قال وصدق بالحسنى قال بلااله الا الله و كذب بالحسنى قال بلااله الا الله**

...نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تلاوت کیا: (ارشاد باری تعالیٰ ہے:) "اور اس نے اچھائی کی تصدیق کی" نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ...اچھائی) سے مراد لا الٰہ الا اللہ ہے (ارشاد باری تعالیٰ ہے:) "اس نے اچھائی کی تکذیب کی" نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ...اچھائی) سے مراد لا الٰہ الا اللہ ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ ...ح عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ ...اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

...روایت: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهٗ اُلْجِمَ يَوْمَ ...الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِّنْ نَّارٍ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جس شخص سے کسی علمی بات کے بارے میں دریافت کیا جائے اور وہ اس کو چھپالے تو قیامت کے دن اُس شخص کو آگ کی بنی ہوئی لگام ڈالی جائے گی۔"

•••——•••——•••

حافظ ابن مظفر نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوبکر محمد بن قاسم بن سلیمان مؤدب - محمد بن یوسف رازی - ادریس - علی - ...بن عمرویہ - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءٍ عَنْ ...رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

...اخرجه ابن حبان (95) - واحمد 263/2 - وابو داؤد (3658) فی العلم: باب کراهية منع العلم - والترمذی (2649) فی ...باب ما جاء فی کتمان العلم.

...اخرجه احمد 360/3 - وابن ابی شیبة 550/8 - والبخاری فی "الصحیح" (6021) - وفی "الادب المفرد" (224) - وابن ...(3379) - والطبرانی فی "الصغیر" (672).

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: كُلُّ مَعْرُوْفٍ فَعَلْتَهُ اِلٰى غَنِيٍّ اَوْ فَقِيْرٍ صَدَقَةٌ

ارشاد فرمایا ہے:

''ہر بھلائی، جو تم نے کسی بھی خوشحال شخص، یا غریب شخص کے ساتھ کی ہو، وہ صدقہ (شمار) ہوتی ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح ترمذی - محمد بن خلف تمیمی - علی بن عبدالحمید - قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**98**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متنِ روایت: اَلْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْىُ عَنِ الْمُنْكَرِ فَرِيْضَةٌ قُلْتُ فَمَنْ تَرَكَهُ كَفَرَ قَالَ لَا

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا فرض ہے

(راوی بیان کرتے ہیں:) میں نے کہا: جو شخص اس کو ترک کردے وہ کافر ہو جاتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں!''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن اسماعیل - علی بن عباس - عباد بن یعقوب - عفان بن سنان جرجانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن قاسم بن زکریا - عباد بن یعقوب - عفان جرنی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: میں نے ان سے دریافت کیا: جو شخص اس کو ترک کردے وہ کبیرہ کا مرتکب ہوتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت - ابوحسین صیرفی - ابومحمد جوہری - ابوحسن بن قاسم بن زکریا - عباد بن یعقوب - عفان جرجانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے، جیسے محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں نقل کی ہے

(**99**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

متنِ روایت: زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''وقفے سے ملنے جایا کرو، (اس سے) محبت میں اضافہ ہوتا ہے۔''

(99) اخرجه الطبرانی فی "الاوسط" 9/6 (5641) - والبزار (1933) - والخطیب فی "تاریخ بغداد" 57/6 - وابو نعیم فی "الحلية" 322/3

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوبکر احمد بن محمد بن حسن دینوری - محمد بن عبدالعزیز دینوری - محمد بن عباس انصاری - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت - قاضی ابوحسین بن مہتدی باللہ - عمر دیلمی مقری - ابوبکر احمد ابن محمد ضراب - ابوجعفر محمد بن عبداللہ - عبدالعزیز - محمد بن عباس بن فضل انصاری - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

۱۰۰)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

متن روایت: مَا آسِيْ عَلٰى شَيْءٍ اِلَّا اَنْ اَكُوْنَ قَاتَلْتُ الْفِئَةَ الْبَاغِيَةَ وَعَلٰى صَوْمِ الْهَوَاجِرِ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''مجھے کسی بھی بات پر افسوس نہیں ہے، صرف اسی بات پر ہے کہ مجھے باغی گروہ کے ساتھ جنگ میں حصہ لینا چاہئے تھا' اور گرمیوں کے (نفلی) روزے (ترک نہیں کرنے چاہیے تھے)

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن قاسم بن زکریا بخاری - عباد بن یعقوب - عفان بن سنان جرجانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - شیخ ابوحسن - ابومحمد جوہری - ابوحسین - ابوعبداللہ محمد بن قاسم بن زکریا بخاری - عباد بن یعقوب - عفان جرجانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

۱۰۱)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُعْرَفُ بِرِيْحِ الطِّيْبِ اِذَا اَقْبَلَ بِاللَّيْلِ

امام ابوحنیفہ نے - ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے وقت تشریف لاتے تھے' تو (اندھیرے میں بھی) اپنی خوشبو کی وجہ سے پہچان لئے جاتے تھے۔''

•••——•••——•••

۱۰۰) اخرجه الحاكم فی "المستدرك" 643/3- والبيهقی فی " السنن الكبرىٰ" 172/8 باب ما جاء فی قتال اهل البغی والخوارج .

۱۰۱) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفی فی "مسند الامام" (358)- والدارمی 46/1(66)- وابن سعد فی "الطبقات" 399/1- وابن ابی شيبة 25/9 فی الادب: ما يستحب للرجل ان يوجد ريحه منه- وعبدالرزاق (7934)- وابوداؤد فی "المراسيل" (445)

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - محمد بن ابوشجاع معدل - محمد بن عبدالعزیز بن ابورزمہ نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**102**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَنِ اعْتَذَرَ اِلَيْهِ اَخُوْهُ الْمُسْلِمُ فَلَمْ يَقْبَلْ عُذْرَهُ فَوِزْرُهُ كَوِزْرِ صَاحِبِ مَكْسٍ اَیْ عَشَّارٍ

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس شخص کے سامنے اس کا مسلمان بھائی معذرت پیش کرے اور وہ اس کی معذرت کو قبول نہ کرے' تو اس کا گناہ' صاحب مکس کی مانند ہوتا ہے

(راوی کہتے ہیں:) اس سے مراد (ناجائز) ٹیکس (یا بھتہ) وصول کرنے والا شخص ہے۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس عن عقدہ - عبداللہ بن محمد بخاری - ابوالفضل عباس - عبدالعزیز قطان مروزی - علی بن سلیمان رازی - حکم بن یزید قاضی مرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**103**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ مَعْقَلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ :

متن روایت: اَلنَّدَمُ تَوْبَةٌ

امام ابوحنیفہ نے - عبدالکریم بن معقل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ندامت' توبہ ہوتی ہے۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی بیان کرتے ہیں: میں نے ابوعبداللہ محمد بن محمد ابن سلیمان بن کامل کی کتاب ''تاریخ بخارا'' میں یہ بات پڑھی ہے: ابوسہل بن عثمان بن سعید - محمد بن محمد - ابوزکریا یحییٰ بن اسماعیل بن حسن بن عثمان - ان کے دادا حسن بن عثمان - مخلد بن عمر - قاضی ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**104**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ (عَنِ)

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی

(102) اخرجه ابن ماجة (3718) فی الادب: باب المعاذير - والمنذری فی "الترغيب" 493/3 - وابوداؤد فی "المراسيل" (517) - من حديث ابن جودان

(103) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 199/2 - والحاكم فی "المستدرك" 243/4 - والبيهقی فی "السنن الكبرى" 154/10 - وابن ماجة (4252)

عمر رَضِیَ اللہُ عَنْهُمَا قَالَ: ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

روایت: كَانَ اَحَبُّ الْاَسْمَاءِ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَبْدُ اللهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ

''اللہ کے رسول کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ نام عبداللہ اور عبدالرحمان تھے۔''

••• ——— ••• ——— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - (قبیصہ) - زکریا بن یحییٰ - احمد بن عبداللہ بن زیاد - محمد بن مہدی - علی بن عاصم بن مرزوق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

-سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِيِّ: امام ابوحنیفہ امام شعبی کے بارے میں بیان کرتے ہیں:

روایت: اَنَّهٗ كَانَ يُحَدِّثُ وَرَجُلٌ خَلْفَهٗ يَغْتَابُهٗ فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ وَقَالَ

هَنِيْئًا مَرِيْئًا غَيْرَ دَاءٍ مُخَامِرٍ
لِعِزَّةٍ مِنْ اَعْرَاضِنَا مَا اسْتَحَلَّتْ

''(ایک مرتبہ) وہ حدیث بیان کر رہے تھے تو ایک شخص نے ان کے پیچھے ان کی غیبت کرنا شروع کر دی، وہ اس شخص کی طرف متوجہ ہوئے اور بولے: (یعنی انہوں نے یہ شعر پڑھا:)

''ایسے شخص کو خوشی اور سیرابی نصیب ہو (یا ایسے شخص کو خوش آمدید) جو عقل کو ڈھانپ دینے والی بیماری کے نہ ہوتے ہوئے بھی ہماری عزت پر حملہ کرتا ہے۔''

••• ——— ••• ——— •••

ابوعبداللہ حسین بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - دو بزرگوں یعنی ابونصر معمر بن محمد بن حسن اور ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد بن عبدالواحد ان دونوں نے - خطیب - ابوقاسم بن حسن شاہد سے بصرہ میں - علی بن اسحاق - ابوقلابہ - علی بن جعد - ابویعلیٰ حسن ہارون جو یزید بن ہارون کے بھائی ہیں ان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

-سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اَلْبِرُّ لَا يُبْلٰى وَالْاِثْمُ لَا يُنْسٰى

''نیکی بوسیدہ نہیں ہوتی ہے اور گناہ بھلایا نہیں جاتا ہے۔''

••• ——— ••• ——— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابو رمیح - یحییٰ بن ابراہیم - محمد بن عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ - حمید بن عبدالرحمٰن رواسی کے

اخرجه احمد 24/2 - ومسلم (2132)(2) - والترمذی (2834) - وابن ماجة (3828) - والطبرانی فی الکبیر (13374) - والبیهقی فی "السنن الکبریٰ" 306/9

اخرجه الحافظ صدر الدین فی " مسند الامام" (467) - والدیلمی فی " مسند الفردوس" (2203) - وابن عدی فی " الکامل" 158/6 - ترجمة (1649) - عبدالرزاق (20262)

حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(107)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: اِخْضَبُوْا وَخَالِفُوْا اَهْلَ الْكِتَابِ

امام ابوحنیفہ نے- نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم لوگ خضاب لگاؤ، اور اہل کتاب (کے معمول) کے برخلاف کرو۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- صالح بن ابورمیح -ابوجعفر قاسم بن مساور جوہری- سوار بن عبداللہ- مزاحم بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(108)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

امام ابوحنیفہ نے-(ابن شہاب) زہری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے' اسے جہنم میں اپنے ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہنا چاہیے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- حارث بن اسد بن حارث-عبداللہ بن مرزبان-عبداللہ بن ابوسلم بجلی-عمار بن ربیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(109)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَا زَالَ جِبْرَئِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهٗ سَيُوَرِّثُهٗ وَمَا زَالَ جِبْرَئِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِقِيَامِ

امام ابوحنیفہ نے-عبدالرحمٰن بن حزم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جبرئیل، پڑوسی کے بارے میں مجھے مسلسل تلقین کرتے رہے' یہاں تک کہ میں نے یہ گمان کیا کہ وہ اسے (میت کے

(107) قلت: وقد اورد الهيثمي في " مجمع الزوائد" 163/5-

-- عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما-قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: " الصفرة خضاب المؤمن والحمرة خضاب المسلم-والسواد خضاب الكافر" .

حتّٰی ظَنَنْتُ اَنَّ خِیَارَ اُمَّتِیْ لَنْ یَّنَامُوْا اِلَّا قَلِیْلاً

ترکے میں) وارث بھی قرار دیدیں گے' اور جبرائیل رات کے نوافل کے بارے میں مجھے مسلسل تلقین کرتے رہے' یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ میری امت کے نیک لوگ رات میں' صرف تھوڑا سا ہی سوسکیں گے۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن علی بن محمد - ابوطاہر محمد بن احمد خطیب - ابوحسن علی بن ربیعہ بن علی - حسن بن رشیق - محمد بن حفص بن عبدالملک - صالح بن محمد ترمذی - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

[illegible] - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ یَحْیٰی بْنِ عمرو بْنِ سَلْمَةَ عَنْ اَبِیْهِ عن ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: یحییٰ بن عمرو بن سلمہ نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: مَنْ اَوْتَرَ مِنْكُمْ وَفِیْ بَعْضِ الرِّوَایَاتِ مَنْ اَوْتَرَ مِنْكُمْ بِالثَّلاثِ الآیَاتِ الَّتِیْ فِیْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِیْ كُلِّ لَیْلَةٍ فَقَدْ اَكْثَرَ وَاَطَابَ

''تم میں سے جو شخص وتر ادا کرے' (اور بعض روایات میں یہ الفاظ ہیں:) تم میں سے جو شخص روزانہ رات کے وقت' وتر میں' سورہ بقرہ کی آخری تین آیات کی تلاوت کرلیا کرے' تو اس نے زیادہ اور عمدہ کام کرلیا۔''

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

[illegible] - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: لَا تَهِذُّوْا الْقُرْآنَ هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ وَلَا تَنْثُرُوْا كَنَثْرِ الدَّقْلِ

''تیزی سے شعر پڑھنے کی طرح' قرآن کو تیزی سے نہ پڑھو اور نہ ہی ردّی کھجوروں کو بکھیرنے کی طرح اس کو بکھیر دو۔''

•••——•••——•••

اس روایت کو امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے

---

[illegible] اخرجه الطبرانی فی " الکبیر" (8671) و (8672) - واورده الهیثمی فی "مجمع الزوائد" 270/2

[illegible] اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" ( 271) - وابن ابی شیبة 521/2 فی الصلوات: باب فی قراء القرآن - والطبرانی فی " الکبیر" (9855) - وابو داؤد (1396) فی الصلاة: باب تحریب القرآن .

ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ (وہ یہ بھی فرماتے ہیں:)

ینبغی للقاری ان یفهم ما یقول وهو قول ابی حنیفة

''قرأت کرنے والے کے لیے مناسب یہ ہے کہ اس کو یہ سمجھ آ رہی ہو کہ وہ کیا پڑھ رہا ہے؟ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے''۔

(**112**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ عَجْرَدٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

متن روایت: اَكْثَرُ جُنْدِ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ الْجَرَادُ لَا آكُلُهُ وَلَا اُحَرِّمُهُ

امام ابوحنیفہ نے - سیّدہ فاطمہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کیا ہے: وہ فرماتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''زمین میں اللہ تعالیٰ کا زیادہ تعداد والا لشکر ٹڈی دل ہے میں اس کو کھاتا بھی نہیں ہوں اور اس کو حرام بھی قرار نہیں دیتا ہوں۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون - قاضی ابوسعید عبدالملک بن عبدالرحمٰن بن محمد سرخسی - قاضی ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن محمد - ابواحمد محمد بن عبداللہ ابن بنت وزیر ابوعباس اسفرائنی - حسن بن علی دمشقی - ابومحمد عبداللہ بن کثیر رازی - عبدالرحمٰن بن ابوحاتم رازی - عباس دوری کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: یحییٰ بن معین فرماتے ہیں: ابوحنیفہ جو صاحب رائے ہیں انہوں نے ''سیّدہ فاطمہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا'' سے سماع کیا ہے۔

(علامہ خوارزمی فرماتے ہیں:) ابن خسرو بلخی نے اپنی ''مسند'' میں یہ روایت اسی طرح حرف ''ف'' (سے متعلق باب) میں نقل کی ہے، حالانکہ مشہور یہ ہے (کہ اُن صحابیہ کا نام) سیّدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا ہے۔

(**113**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ الْاَنْصَارِیِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ التَّیْمِیِّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّیْثِیِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَلْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَلِكُلِّ امْرِءٍ مَا نَوٰی فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهُ اِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلٰی دُنْیَا یُصِیْبُهَا اَوْ

امام ابوحنیفہ نے - یحییٰ بن سعید انصاری - محمد بن ابراہیم تیمی - علقمہ بن وقاص لیثی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اعمال (کی جزا) کا دارومدار نیت پر ہوتا ہے، جس شخص کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لئے ہوگی، اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف ہی شمار ہوگی، اور جس

(112) قد تقدم فی (14).

(113) اخرجه الحافظ صدرالدین فی "مسندالامام" (1)- وابن حبان (388)- واحمد 25/1- والبخاری (1) باب كیف بدء الوحی- وابو داؤد (2201) فی الطلاق- باب فیما عنی به الطلاق.

...نکحها فهجرته الى ما هاجر اليه

شخص کی ہجرت دنیا کے حصول کے لئے' یا کسی عورت سے شادی کرنے کے لئے ہوگی' تو اس کی ہجرت اسی طرف شمار ہوگی' جس کی طرف اس نے ہجرت کی ہوگی۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - احمد بن محمد بن یحییٰ مازنی - حسین بن سعید لخمی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - زکریا بن ابوعتیک کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

114 - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ فِرَاسٍ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - فراس - امام شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ایک صحابی روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متنِ روایت: اَلْمَيِّتُ مُرْتَهَنٌ بِدَيْنِهٖ

''میت اپنے (واجب الادا) قرض کے عوض میں رہن رکھی رہتی ہے۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابن فضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - عبداللہ بن قریش بن اسماعیل نے اپنے والد کے حوالے سے - عمر بن قاسم تمار کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

115 - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنِ الْاَغَرِّ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - علی بن اقمر - اغر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متنِ روایت: اَنَّهٗ مَرَّ بِقَوْمٍ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰى فَقَالَ اَنْتُمْ مِنَ الَّذِيْنَ اُمِرْتُ اَنْ اَصْبِرَ نَفْسِيْ مَعَهُمْ وَمَا جَلَسَ عِدَّتُكُمْ مِنَ النَّاسِ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰى اِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ

''ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر کچھ لوگوں کے پاس سے ہوا' جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کر رہے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ان لوگوں میں سے ہو' جن کے بارے میں مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں ان کے ساتھ رہوں' تمہاری طرح جب متعدد لوگ (اکٹھے بیٹھ کر) اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں' تو فرشتے اپنے

---

114- اخرجه الامام الخوارزمی فی '' جامع المسانید'' 74/2 فی هذاالكتاب .

115- اخرجه الحصكفی فی ''مسند الامام'' (35)-واحمد 94/3-وعبدالرزاق (20557)-ومن طريقه عبد بن حميد فی '' المنتخب'' (861)-والبغوی فی '' شرح السنة'' (947/1)-والطبرانی فی ''الدعاء'' (141) من حديث ابی سعيد الخدری

پَر اُن پر پھیلا دیتے ہیں اور رحمت انہیں ڈھانپ لیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی بارگاہ میں موجود (فرشتوں) کے سامنے ان لوگوں کا ذکر کرتا ہے۔''

...——...——...

ابومحمد بخاری نے یہ روایت – فضل بن بسام بخاری – محمد بن ابومنصور – خلف بن ایوب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے – اسماعیل بن حماد کی تحریر کے حوالے سے – امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد – یحییٰ بن زکریا بن شیبان – حسین بن عبدالرحمٰن کندی – صلت بن حجاج کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن منذر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے – عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: ''اغر کے حوالے سے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے یہ منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رجاء بن قریش – مختار بن سابق حنظلی – نعیم بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے تاہم انہوں نے ابن اقمر سے آگے کسی کا ذکر نہیں کیا اور یہ کہا ہے: علی بن اقمر کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

(**116**) – سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: اِذَا رَامَ جَارٌ اَنْ يَّضَعَ خَشَبَتَهٗ عَلٰى جِدَارِ اَحَدِكُمْ فَلَا يَمْنَعْهُ

امام ابوحنیفہ نے – علی بن اقمر – مسروق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کسی شخص کا پڑوسی، اس کی دیوار میں اپنا شہتیر لگانا چاہے، تو وہ اس کو منع نہ کرے۔''

...——...——...

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں – ابوعبداللہ محمد بن مخلد – ابویعلیٰ محمد بن احمد بن عبداللہ بن مروان – علی بن محمد – بشر بن منذر – قاسم بن غصن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

(116) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (353)

-- قلت: وقد اخرج ابن حبان (515) – والبيهقي في "السنن الكبرىٰ" 6/157 –

-- وابو نعيم في "الحلية" – عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " لايمنعن احدكم جاره ان يغرز خشبه على جداره".

نے یہ روایت ابن خفاجی - عبداللہ بن وہب دینوری - احمد بن عبدالعزیز رملی - قاسم بن غصن کے حوالے سے امام
سے روایت کی ہے۔

سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْنِ الزُّبَيْرِ
بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِيِّ
عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:
متن روایت: عَرْشُ اِبْلِيْسَ عَلَى الْبَحْرِ فَيَبُثُّ
يَفْتِنُوْنَ النَّاسَ فَاَعْظَمُهُمْ عِنْدَهٗ اَعْظَمُهُمْ

امام ابوحنیفہ نے - ابن زبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''ابلیس کا تخت سمندر پر ہوتا ہے، وہ اپنے مہم جُو بھیجتا ہے، جو لوگوں کو آزمائشوں (یعنی فتنوں) کا شکار کرتے ہیں، تو اس کے نزدیک ان میں سے سب سے زیادہ قابل قدر وہ شخص ہوتا ہے، جس نے (لوگوں کو) زیادہ بڑی آزمائش (یعنی فتنے) کا شکار کیا ہو۔''

•••—— •••—— •••

ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ہناد نسفی - ابوعبداللہ حسین بن احمد - محمد بن عثمان بن ابوشیبہ - حسین بن عبدالاوّل -
بن مقدام کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ
سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:
متن روایت: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ
مِنَ النَّارِ

امام ابوحنیفہ نے - عطیہ عوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے، اسے جہنم میں اپنے ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔''

•••—— •••—— •••

محمد بخاری نے یہ روایت - ابراہیم بن علی بن یحییٰ نیشاپوری - جارود بن یزید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے۔

نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز - یحییٰ بن طلحہ یربوعی - قاسم بن یزید جرمی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

---

اخرجه احمد 332/3 - ومسلم (2153) .

اخرجه الحافظ صدرالدين في "مسند الامام" (38) - وابن ماجة (37) في المقدمة: باب التغليظ في تعمد الكذب على رسول
صلى الله عليه وسلم - وابن ابي شيبة 574/8 - واحمد 39/3 - وابو يعلى (1209)

انہوں نے یہ روایت محمد بن ہمام شیرازی - محمد بن یزید - حفص بن عبداللہ - ہیاج بن بسطام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی - فاطمہ بنت محمد بن حبیب - ان کے والد سے نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: یہ حمزہ کتاب (یعنی تحریر) میں ہے میں نے اس میں یہ پڑھا ہے: یہ امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن حسن بن علی کے حوالے سے - حسین بن علی کی تحریر کے حوالے سے - یحییٰ بن حسن زیاد - اس کے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن علی بن ساوی سرخسی - وہب بن زمعہ - ابن مبارک کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اپنے والد (اور) سعید بن ذاکر - احمد بن زہیر - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن خثعمی - عباد بن یعقوب - حمامی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن ربیع - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزار - بشر بن ولید - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق سمسار - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد ابن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - اپنے والد اور ابوسہلان بشر بن سہل - فتح بن عمر کے چچا کے حوالے سے اور ان دونوں نے - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن یونس - سعید جناح - صالح بن احمد - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی بلخی - یحییٰ بن موسیٰ - محمد بن میسر صغانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی حافظ - یزید بن شیبان - ابوقطن عمرو بن ہیثم قطعی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حارث بن اسد بن حارث - عبید اللہ بن مرزبان - عبداللہ بن ابواسلم - عمار بن بزیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - عبداللہ بن ابراہیم مہلبی - علی بن حسن - علی بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - ابراہیم بن ولید - محمد بن حارث - ان کے والد - محمد بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - یحییٰ بن زکریا - حسین بن عبدالرحمٰن کندی - صلت بن حجاج کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: اسماعیل بن محمد بن اسماعیل نے اپنے دادا کی تحریر مجھے دکھائی جس میں یہ تحریر تھا: یہ روایت امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - اپنے والد - ان کے چچا سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزار - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ - ابن ابومیسرہ - ابوعبدالرحمٰن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(حافظ کہتے ہیں:) حمزہ بن حبیب - حسن بن زیاد - ایوب بن ہانی - حمانی - ابوقطن - محمد بن حسن - علی بن یزید - اسد بن عمرو اور صلت بن حجاج نے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - حسین بن محمد بن شعبہ - محمد بن عمران ہمدانی - بشر بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوبکر قاسم بن عیسیٰ عصار سے دمشق میں - عبدالرحمٰن ابن عبدالصمد - ان کے دادا کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعلی محمد بن سعید - ابوفروہ یزید بن محمد - ان کے والد کے حوالے سے - سابق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حسین بن حسین - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوطالب بن یوسف - ابومحمد جوہری - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ - ان کے دادا - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

اور انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے ان اسانید اور الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے

**(119)** - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ شَدَّادِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - شداد بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ

''جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے، اسے جہنم میں اپنے ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمود بن والان - حامد بن آدم - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن منذر بن محمد - حسین بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت قاسم بن عباد بن صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - جعفر بن محمد - ان کے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت - محمد بن عبداللہ بغلانی - محمود بن آدم - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوسعید محمد بن عبدالملک - حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن احمد بن غالب خوارزمی - ابوحفص عمر بن محمد بن علی - احمد بن محمد بن ابراہیم - ابوفروہ نے اپنے والد کے حوالے سے - سابق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے اس روایت کو نسخہ میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس روایت کو اس کی طوالت کے ہمراہ مکمل طور پر نقل کیا ہے۔

(119) وقد تقدم فی (118)

روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ وَلَّادِ بْنِ عَلِیِّ الْمَدَنِیِّ عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - ولاد بن داؤد بن علی مدنی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

(متن روایت): اَلْخَیْرُ کَثِیْرٌ وَقَلِیْلٌ فَاعِلُہٗ

''بھلائی، زیادہ (یعنی کئی قسم کی) ہوتی ہے، اور اس کو کرنے والے تھوڑے ہوتے ہیں۔''

••• ——— ••• ——— •••

... بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - محمد بن احمد بن حسین - انہوں نے اپنے والد کے حوالے ... مہاجر عبدی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ نَاصِحِ بْنِ ... عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ اَبِیْ سَلْمَةَ عَنْ ... رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ ... وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ناصح بن محمد - یحییٰ بن ابوکثیر - ابوسلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

(متن روایت): لَیْسَ شَیْءٌ مِمَّا اُطِیْعَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْہِ ... مِنْ صِلَةِ الرَّحِمِ وَلَا عَمَلٌ مِمَّا عُصِیَ ... عَقُوْبَةً مِنَ الْبَغْیِ وَالْیَمِیْنُ الْفَاجِرَةُ ... بَلَاقِعَ

''جن کاموں میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہوتی ہے' ان میں سے کسی کا بھی ثواب صلہ رحمی سے زیادہ جلدی نہیں ملتا اور جن کاموں میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہوتی ہے' ان میں سے کسی کی سزا' سرکشی (یعنی زنا) سے زیادہ جلدی نہیں ملتی ہے اور جھوٹی قسم شہروں کو برباد کر کے رکھ دیتی ہے۔''

••• ——— ••• ——— •••

... بکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اپنے والد محمد بن خالد بن خلی - محمد بن خالد وہبی کے ... امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطِیَّةَ ... بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا قَالَ قَالَ

امام ابوحنیفہ نے - عطیہ عوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

---

... الخطیب فی ''تاریخ بغداد'' 177/8 - وابو نعیم فی ''تاریخ اصفهان'' 203/1

... محمد بن الحسن الشیبانی فی '' الآثار'' (883) - والحافظ صدرالدین الحصکفی فی '' مسند الامام''

... البیهقی فی '' السنن الکبری'' 35/10 - وفی ''شعب الایمان'' (4842) - والطبرانی فی '' الاوسط''

... احمد 265/2 - والترمذی (2932) - ابن حبان (2930) من حدیث ابی هریرة

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى مَنْ اَذْهَبْتُ كَرِيْمَتَيْهِ لَمْ يَكُنْ لَهٗ ثَوَابٌ اِلَّا الْجَنَّةَ

نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میں جس کی محبوب چیز (یعنی بینائی) کو رخصت کر دیتا ہوں تو اس کا ثواب صرف جنت ہوتا ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - اسماعیل بن بشر - مقاتل ابن ابراہیم - نوح بن ابومریم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(**123**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: حَسِّنُوْا الْقُرْآنَ بِاَصْوَاتِكُمْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''اپنی آوازوں کے ذریعے قرآن کو آراستہ کرو۔''

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - قاضی ابومظفر ہناد بن ابراہیم نسفی - ابوحسن غمامی مقری - شافعی - احمد بن اسحاق بن صالح - خالد بن خداش - خویلد صفار کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**124**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ زِرٍّ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: اِنَّ اللّٰهَ فَتَحَ بَابًا مِنَ الْمَشْرِقِ مَسِيْرَتُهٗ خَمْسُ مِائَةِ عَامٍ لِلتَّوْبَةِ وَسَيُغْلَقُ وَيُفْتَحُ بِالْمَغْرِبِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا فَلَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْ اِيْمَانِهَا خَيْرًا

امام ابوحنیفہ نے - معاویہ بن اسحاق - زر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے مشرق کی سمت میں ایک دروازہ کھولا ہوا ہے، جس کی چوڑائی پانچ سو برس کی مسافت جتنی ہے یہ توبہ کے لئے ہے، عنقریب یہ بند ہو جائے گا، اور مغرب میں ایک دروازہ کھولا جائے گا، یہاں تک کہ سورج مغرب کی طرف سے طلوع ہوگا، اس وقت کسی ایسے شخص کو ایمان لانا فائدہ نہیں دے گا، جو اس سے پہلے ایمان نہیں لایا تھا، یا اس نے

(123) اخرجه الطبراني في " الكبير" ( 11113) و(12643)-والهيثمي في " مجمع الزوائد" 170/7-ومحمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" (275)-وابن ابي شيبة 464/10

(124) اخرجه احمد 240/4-وعبدالرزاق(795)-ومن طريقه الطبراني في " الكبير" (7357)-والحميدي(881)-والترمذي (3535)-وابن حبان (1321) .

ایمان میں کوئی بھلائی نہیں کمائی تھی۔“

•••——•••——•••

...محمد بن محمد نے یہ روایت اپنی ”مسند“ میں- احمد بن علی- ابن کاس- ابراہیم بن مخلد- عثمان بن عبداللہ اموی- مسلمہ بن ... سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

...سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطِیَّةَ ... عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ ... صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

امام ابوحنیفہ نے- عطیہ عوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

...روایت: لَا یَشْكُرُ اللّٰهَ مَنْ لَا یَشْكُرُ النَّاسَ

”اُس نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نہیں کیا' جس نے لوگوں کا شکر یہ ادا نہیں کیا۔“

•••——•••——•••

... نے یہ روایت- صالح بن ابو رمیح کی تحریر- یحییٰ بن علی حمرانی- سعد بن یزید فراء- سالم بن سالم کے حوالے سے' ... سے روایت کی ہے۔

...سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ ... عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ

امام ابوحنیفہ نے- حماد- ابراہیم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

...روایت: حَسِّنُوْا اَصْوَاتَكُمْ بِالْقُرْآنِ

”قرآن کے ذریعے اپنی آوازوں کو آراستہ کرو۔“

•••——•••——•••

...اخرجه) محمد بن حسن فی الآثار فرواه عن ابوحنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة ان القرائة کما روی طاوس قال ان من احسن الناس قراءة الذی اذا سمعته یقرا حسبته یخشی الله تعالی

...محمد بن حسن نے اس روایت کو ”الآثار“ میں نقل کیا ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے' پھر ... تے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' اور قرأت کا حکم یہ ہے: جیسا کہ طاؤس نے ... کی ہے: سب سے خوبصورت تلاوت اس شخص کی ہوتی ہے' کہ جب آپ اسے تلاوت کرتے ہوئے سنیں' تو آپ کو

---

...اخرجه ابویعلی (1122)-واحمد 32/3و 73و74-والترمذی(1956) فی البر والصلة:باب ماجاء فی الشکر لمن احسن ... الطبرانی فی" الاوسط" (3606)-واورده الهیثمی فی "مجمع الزوائد"181/8

...اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی"الآثار"(275)-وابن ابی شیبة 464/10-وقد تقدم فی(123)

محسوس ہو کہ یہ شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے''۔

(**127**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ:

متنِ روایت: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمْ يَاْذَنْ لِشَيْءٍ اِذْنَهٗ لِلصَّوْتِ الْحَسَنِ يَتَغَنّٰى بِالْقُرْآنِ

امام ابوحنیفہ نے -حماد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ کسی بھی چیز کو اتنی توجہ سے نہیں سنتا ہے جتنی توجہ سے وہ اس خوبصورت آواز کو سنتا ہے' جس میں خوش الحانی کے ساتھ قرآن پڑھا جارہا ہو۔''

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(**128**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَوْفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَخِيْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا :

متنِ روایت: اَنَّ رَجُلًا كَانَ اِذَا قَرَاَ سُوْرَةً اَتْبَعَهَا بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا يَحْمِلُكَ عَلٰى ذٰلِكَ قَالَ اُحِبُّهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ قَدْ اَحَبَّكَ اللّٰهُ بِحُبِّكَ اِيَّاهَا

امام ابوحنیفہ نے -عوف بن عبد اللہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کے بھائی حضرت عتبہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''ایک شخص جب بھی کوئی سورت پڑھتا تھا' تو اس کے بعد سورہ اخلاص ضرور پڑھتا تھا، اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم ایسا کیوں کرتے ہو؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اس (سورۂ اخلاص) سے محبت کرتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے اس (سورت) سے محبت کرنے کی وجہ سے' اللہ تعالیٰ بھی تم سے محبت کرتا ہے۔''

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(**129**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ جَوَّابِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ التَّيْمِيِّ عَنْ حَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ:

امام ابوحنیفہ نے -جواب بن عبید اللہ تیمی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حارث بن سوید بیان کرتے ہیں:

---

(127) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار "(277)

(128) اخرجه احمد 141/3-وابن حبان(792)-والترمذی(2901) فی فضائل القرآن:باب ماجاء فی سورة الاخلاص-وال... 460/2 فی فضائل القرآن :باب فی فضل( قل هو الله احد) من حديث انس بن مالك

(129) ...قلت: وقد اخرج مسلم 119/1(133) عن ابی هريرة-قال: جاء ناس من اصحاب رسول الله صلی الله عليه ... -فسألوه انا نجد فی انفسنا ما يتعاظم احدنا ان يتكلم به فقال:وقد وجدتموه؟قالوا:نعم قال:ذاك صريح الايمان .

روایت: اَنَّ اِنْسَانًا اَتٰى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنِّي اَخَافُ عَلٰى نَفْسِيَ النِّفَاقَ فَقَالَ سُبْحَانَ اللهِ مَا يَخَافُ عَلٰى نَفْسِهِ مُنَافِقٌ فَاَبْشِرْ

''ایک شخص حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، اور بولا: امیر المؤمنین! مجھے اپنی ذات کے حوالے سے نفاق کا اندیشہ ہے، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سبحان اللہ! کسی منافق کو اپنے بارے میں اس بات کا اندیشہ نہیں ہوتا ہے، تو تم یہ خوشخبری قبول کرو۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر فارسی - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبد اللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی - قاضی اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

قاضی اشنانی نے' اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ وَاصِلِ بْنِ حَيَّانَ الْاَسَدِيِّ الْكُوْفِيِّ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - واصل بن حیان اسدی کوفی - ابووائل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ

''چغلی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - جعابی - محمد بن عبید اللہ - عبدالرحمٰن بن یحییٰ - سحیم - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ رَوْبَةَ شَدَّادِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْبَصْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى

امام ابوحنیفہ نے - ابوروبہ شداد بن عبدالرحمٰن بصری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

---

اخرجه ابن حبان (5765) - ومسلم (105) (169) في الايمان: باب غلظ تحريم النميمة - والطيالسي - واحمد 397/5 - والحميدي (443) - والبخاري (6056) في الادب: باب مايكره من النميمة

اخرجه احمد 39/3 - والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (402) - والخطيب في "تقيد العلم": 30 - ومسلم (3004).

اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

"جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے وہ جہنم میں اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہے۔"

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن محمد بن سعید - جعفر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - حسن بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**132**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ قَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: قاسم بن عبدالرحمٰن نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا وَقَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

"جو شخص جان بوجھ کر، میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے، اور میرے حوالے سے کوئی ایسی بات کہے' جو میں نے نہ کہی ہو، تو وہ جہنم میں اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہے۔"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن ابراہیم بن زیادہ زیات - عمر بن حمید - علی بن غراب کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**133**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَيْمُوْنَ بْنِ سِيَاهِ الْبَصْرِيِّ:

امام ابوحنیفہ نے - میمون بن سیاہ بصری کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں:

---

(132) اخرجه الحافظ صدرالدين الحصكفى فى " مسند الامام" ( 38)-وابن ماجة(37) فى المقدمة: باب التغليظ فى تعمد الكذب على رسول الله صلى الله عليه وسلم ......وقد تقدم .

(133) اخرجه الطحاوى فى" شرح معانى الآثار" 299/1-والحميدى(1276)-ومسلم(164) فى صلاة المسافرين-والبيهقى فى" السنن الكبرىٰ"3/8

...أَنَّ رَجُلاً أَتَى الْحَسَنَ الْبَصْرِيَّ فَقَالَ ... بِخَمْسِ مِائَةِ آيَةٍ فَتَعَجَّبَ مِنْ ذٰلِكَ ثُمَّ ... الصَّلَاةِ إِلَى اللهِ تَعَالَى طُولُ الْقُنُوتِ

"ایک شخص حسن بصری کے پاس آیا اور بولا: میں نے (ایک رکعت میں) پانچ سو آیات کی تلاوت کی ہے' تو حسن بصری اس بات پر حیران ہوئے اور بولے: اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ پسندیدہ نماز وہ ہے' جس میں قیام طویل ہو۔"

•••——•••——•••

...بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- ابوعباس بن عقدہ- قاسم بن محمد- ابوبلال- امام ابویوسف کے حوالے سے' ... سے روایت کی ہے۔

...-متن روایت: (أَبُو حَنِيفَةَ) عَنْ لَاحِقِ بْنِ ... الْيَمَانِيِّ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ ... صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

... مَنْ قَالَ:

... الْعَظِيمَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ ... مَا سَلَفَ مِنْ جُرْمِهِ إِنْ كَانَ مُخْلِصًا

امام ابوحنیفہ نے- لاحق بن عیزار یمانی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جو شخص یہ کلمات پڑھتا ہے:

"میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، جو عظیم ہے، جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے، وہ حیی و قیوم ہے۔" تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کر دیتا ہے، بشرطیکہ اس شخص نے اخلاص کے ساتھ اس کو پڑھا ہو۔"

•••——•••——•••

...بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- احمد بن محمد بن عبیدہ مقری- احمد بن حفص- علی بن عبداللہ- ابراہیم بن طہمان ... سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

...-متن روایت: (أَبُو حَنِيفَةَ) عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ ... عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أُمِّ هَانِئٍ رَضِيَ اللهُ ... عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ

امام ابوحنیفہ نے- اسماعیل بن عبدالملک- ابوصالح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

سیّدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

... فِي الْقَبْرِ ثَلَاثُ سُؤَالٍ عَنِ اللهِ تَبَارَكَ ... دَرَجَاتٌ فِي الْجَنَّاتِ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ عِنْدَ

"قبر میں تین سوال ہوں گے، اللہ تعالیٰ کے بارے میں، جنت میں درجات، اور قرآن کی تلاوت تمہارے سرہانے کے

---

...أخرجه الحاكم في " المستدرك" 1/511-2/118-والمتقي الهندي في " الكنز" (2016)-والبخاري في " التاريخ الكبير"

رَاْسِكَ فَعَلَيْكُمْ بِالْقُرْآنِ

پاس ہوں گے، تو تم پر قرآن (پڑھتے رہنا) لازم ہے۔"

•••—•••—•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن احمد طالقانی - ابوجعفر محمد بن قاسم - ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن محمد بن سعید کے حوالے سے بالکل اسی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(136) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِالْمَلِكِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - اسماعیل بن عبدالملک - ابوصالح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

سیّدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

متن روایت: مَا مِنْ مُؤْمِنٍ جَاعَ وَاجْتَنَبَ الْمَحَارِمَ وَلَمْ يَاْكُلْ مَالَ الْمُسْلِمِيْنَ بَاطِلاً اِلَّا اَطْعَمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ

"جو بھی مومن بھوکا ہو، اور وہ حرام سے اجتناب کرے، مسلمانوں کا مال ناحق طور پر نہ کھائے، تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے پھل کھلائے گا۔"

•••—•••—•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن احمد طالقانی - ابوجعفر محمد بن قاسم طالقانی - ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(137) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِالْمَلِكِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - اسماعیل بن عبدالملک - ابوصالح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

متن روایت: اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَلْعَاقُّ وَالْمُشَاحِنُ وَسَيِّئُ التَّقَاضِیْ وَاَنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى مَدِيْنَةٌ مِنْ مِسْكٍ اِذْفَرٍ فِیْ جَنَّةِ عَدْنٍ لَا يَدْخُلُهَا اِلَّا كُلُّ سَمِحٍ فِیْ تَقَاضِيْهِ

"قیامت کے دن سب سے زیادہ شدید عذاب والدین کے نافرمان، کینہ (یا بغض) رکھنے والے شخص، اور برے طریقے سے (قرض کی واپسی یا کسی بھی قسم کی ادائیگی کا) تقاضا کرنے والے شخص کو ہوگا، بے شک جنت عدن میں، مشک اذفر سے بنا ہوا، اللہ تعالیٰ کا ایک شہر ہے، جس میں صرف وہی شخص داخل ہوگا جو نرمی سے تقاضا کرتا ہو۔"

•••—•••—•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - ابوعبداللہ محمد بن احمد طالقانی - ابوجعفر محمد

...ل سمرقندی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

...-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سَعِيْدِ بْنِ ... عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ... عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ ...

امام ابوحنیفہ نے -سعید بن مسروق - ابراہیم نخعی تیمی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

...روایت: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ ... مِنَ النَّارِ

''جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے، اس کو جہنم میں، اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔''

•••——•••——•••

...بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابو رمیح کی تحریر کے حوالے سے - نصر بن یحییٰ - ابوزیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ ...روایت کی ہے۔

...-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ ...

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی، اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں نقل کرتے ہیں: (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

...روایت: فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ... تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَاَخَّرَ ... عَلَيْهِ لِمَنِ اتَّقٰى﴾ ... غُفِرَ لَهُ

''تو جو شخص دو دن بعد ہی جلدی چلا جائے' تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہوگا اور جو تاخیر کردے' تو اس پر بھی کوئی گناہ نہیں ہوگا، جو شخص پرہیز گاری اختیار کرے۔''

ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: یعنی اس کی مغفرت ہوجائے گی۔

•••——•••——•••

...ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن علی بن محمد خطیب - محمد ابن احمد خطیب - علی بن ربیعہ - حسن بن رشیق - ... حفص - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

...خرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في "مسند الامام" (40) - وابو يعلى (2909) - واحمد ...الطيالسي 38/1 (97) ......وقد تقدم

...خرجه الطبراني في " الكبير " (9028) - وابن ابي شيبة 59/2 في الحج: في قوله تعالى: (فمن تعجل في يومين فلا اثم ... الهيثمي في "مجمع الزوائد" 318/6

(140)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ شَيْبَانَ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ عَمَّنْ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ نے -شیبان - عبدالملک -جس شخص نے انہیں حدیث بیان کی -اس کے حوالے سے' یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے:

متن روایت: مَنِ اسْتَشَارَكَ فَاَشِرْهُ بِالرُّشْدِ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَقَدْ خُنْتَهُ

''جو شخص تم سے مشورہ مانگے، اسے درست مشورہ دو' اگر تم نے ایسا نہ کیا' تو تم نے اس کے ساتھ خیانت کی۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -حسن بن یزید بن یعقوب -محمد بن عمران - قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(141)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) وَسُفْيَانَ الثَّوْرِىُّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عِيْسٰى عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ عَنْ ثَوْبَانٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ اور سفیان ثوری نے -عبداللہ بن عیسیٰ -عبداللہ بن ابوجعد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: لَا يَزِيْدُ فِى الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ وَلَا يَرُدُّ الْقَدَرَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَاَنَّ الْعَبْدَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيْبُهُ

''عمر میں اضافہ، صرف نیکی ہی کرتی ہے، اور صرف دعا تقدیر کو پھیر سکتی ہے، اور (بعض اوقات) آدمی کسی گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے رزق سے محروم ہوجاتا ہے۔''

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت -ابومظفر ہناد بن ابراہیم -فقیہ حسن بن محمد بن حسن مالکی -ابوحسن علی بن عمر دارقطنی -ابوبکر احمد بن محمد بن حسن ضراب -محمد بن عبدالعزیز بن مبارک بن محمد دینوری -ابونعیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(142)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے -عطاء بن سائب -حضرت ابوہریرہ

(140) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفى فى " مسند الامام"( 476)-والبخارى فى " الادب المفرد"( 259) باب الوعيد على اخيه بغير رشد-والبيهقى فى" السنن الكبرىٰ" 112/10-واحمد 321/2-والحاكم فى " المستدرك"131/4

(141) اخرجه الطحاوى فى" شرح مشكل الآثار"( 3069)-واحمد277/5-وابن ماجة(90) و(4022)-وابن حبان (872)-وابن المبارك فى" الزهد" (86)-والطبرانى فى" الكبير" (1442) .

(142) اخرجه الحافظ صدرالدين الحصكفى فى " مسند الامام" ( 454)-وابن حبان ( 328)-والطيالسى(2387)-وابوداؤد (4090) فى اللباس: باب ماجاء فى الكبر-والحميدى(1149)-واحمد248/2

عَنْ اَبِیْ مُسْلِمِ الْاَغَرِّ صَاحِبِ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

کے شاگرد ابومسلم اغر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

متنِ روایت: قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اَلْکِبْرِیَاءُ رِدَائِیْ وَالْعَظَمَةُ اِزَارِیْ فَمَنْ نَازَعَنِیْ وَاحِدًا مِنْهُمَا اَلْقَیْتُهُ فِیْ جَهَنَّمَ

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کبریائی میری (اوڑھنے والی) چادر ہے، اور عظمت میرا تہبند ہے، جو شخص ان دونوں میں سے کسی ایک کے حوالے سے بھی میرا مقابلہ کرنے کی کوشش کرے گا، میں اس کو جہنم میں ڈال دوں گا۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوسعود احمد بن علی بن محمد- محمد بن احمد خطیب- علی بن ربیعہ- حسن بن رشیق- ابوحفص- صالح بن محمد- حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ الْحَسَنِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ (عَنِ) الشَّعْبِیِّ عَنْ النُّعْمَانَ بْنِ بَشِیْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حسن بن عبیداللہ- امام شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متنِ روایت: اِنَّ فِیْ الْاِنْسَانِ مُضْغَةٌ اِذَا صَلُحَتْ صَلُحَ بِهَا سَائِرُ الْجَسَدِ وَاِذَا سَقُمَتْ سَقُمَ بِهَا سَائِرُ الْجَسَدِ اَلَا وَهِیَ الْقَلْبُ

''انسان کے جسم میں، گوشت کا ایک ٹکڑا ہے، جب وہ ٹھیک ہو تو اس کی وجہ سے سارا جسم ٹھیک رہتا ہے اور جب وہ خراب ہو تو اس کی وجہ سے سارا جسم بیمار (یا خراب) ہو جاتا ہے، خبردار! وہ (ٹکڑا) دل ہے۔''

•••——•••——•••

امام محمد بخاری نے یہ روایت- صالح بن ابورمیح- خلف بن شاذان- ان کے چچا- ابوحمزہ سکری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ الْحَسَنِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے- حسن بن عبیداللہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: امام شعبی بیان کرتے ہیں:

---

اخرجہ احمد 247/4- والحمیدی (919/2)- والطیالسی (788)- وعبدالرزاق (20376) .

اخرجہ ابن حبان (721)- والنسائی 327/8 فی الاشربة: باب الحث علی ترك الشبهات- والبخاری (2051) فی البیوع: باب الحلال بین والحرام بین- وابو داؤد (3329) فی البیوع: باب فی اجتناب الشبهات .

بَشِيرٍ يَقُولُ عَلٰى مِنبَرِ الْكُوفَةِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :

متن روایت: اَلْحَلَالُ بَيِّنٌ وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ وَبَيْنَ ذٰلِكَ اُمُوْرٌ مُشْتَبِهَاتٌ فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ فَقَدِ اسْتَبْرَاَ لِدِيْنِهٖ وَعِرْضِهٖ

''حلال، واضح ہے، اور حرام بھی واضح ہے، اور ان کے درمیان کچھ مشتبہ امور ہیں، تو جو شخص مشتبہ چیزوں سے بچ جائے وہ اپنے دین اور عزت کو محفوظ کرلے گا۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی -عمرو بن حمید -سلیمان بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

**(145)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَاصِحِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

امام ابوحنیفہ نے -ناصح بن عبد اللہ - یحییٰ بن ابوکثیر - ابوسلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: لَيْسَ شَيْءٌ مِمَّا عُصِيَ اللهُ بِهٖ عَزَّ وَجَلَّ اَعْجَلُ عِقَابًا مِنَ الْبَغْيِ وَمَا مِنْ شَيْءٍ اُطِيْعُ اللهُ تَعَالٰى بِهٖ اَسْرَعُ ثَوَابًا مِنَ الصِّلَةِ وَالْيَمِيْنُ الْفَاجِرَةُ تَدَعُ الدِّيَارَ بَلَاقِعَ

''جن کاموں میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہوتی ہے ان میں سے کسی کی بھی سزا سرکشی (یعنی زنا) سے زیادہ جلدی نہیں ملتی اور جن کاموں میں اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی جاتی ہے ان میں سے کسی کا بھی ثواب، صلہ رحمی سے زیادہ جلدی نہیں ملتا اور جھوٹی قسم شہروں کو برباد کرکے رکھ دیتی ہے۔''

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوحسین عبدالصمد بن علی بن محمد- حسین بن جعفر بن محمد- جعفر بن محمد بن ظبیان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

**(146)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے

---

(145) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" (883)-والحافظ صدر الدين الحصكفي في "مسند" (307)-والبيهقي في " السنن الكبرىٰ" 35/10-واسحاق بن راهويه في" المسند" 271/5-والطبراني في "الكبير" 19/2(1092)-وعبد الرزاق(20231) .

(146) اخرجه ابن حبان(5758)-واحمد 230/2-والبغوى فى" شرح السنة" (3561)-والدارمى297/2-وابو داؤد فى الادب:باب فى الغيبة -والترمذى (1934) فى البر والصلة:باب ماجاء فى الغيبة .

...نَّهٗ قَالَ:

متنِ روایت: اِذَا قُلْتَ فِی الرَّجُلِ مَا فِیْهِ فَقَدْ اغْتَبْتَهٗ وَاِنْ قُلْتَ فِیْهِ مَا لَیْسَ فِیْهِ فَقَدْ بَهَتَّهٗ

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اگر تم کسی شخص کی (غیر موجودگی میں، اس کی) اس خامی کا ذکر کرو، جو اس میں موجود ہو تو تم نے اس کی غیبت کی، اور اگر اس بات کا ذکر کرو، جو اس میں موجود ہی نہ ہو، تو تم نے اس پر بہتان لگایا۔''

•••——•••——•••

حافظ ابوبکر احمد بن محمد ابن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اپنے والد محمد بن خالد بن خلی - محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(147) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ نَاصِحِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ یَحْیٰی بْنِ اَبِیْ كَثِیْرٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَةٌ عَلٰی كُلِّ مُسْلِمٍ

امام ابوحنیفہ نے - ناصح بن عجلان - یحییٰ بن ابوکثیر - ابوسلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''علم حاصل کرنا، ہر مسلمان پر فرض ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن ابوصالح - محمد بن ابراہیم - قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(148) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ غَسَّانٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متنِ روایت: اَلْاِمَارَةُ اَمَانَةٌ وَهِیَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ خِزْیٌ وَنَدَامَةٌ اِلَّا مَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَاَدَّی الَّذِیْ عَلَیْهِ فِیْهَا وَاَنّٰی ذٰلِكَ یَا اَبَا ذَرٍّ

امام ابوحنیفہ نے - ابوغسان - حسن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''امارت (یعنی کوئی بھی حکومتی عہدہ) ایک امانت ہے اور یہ قیامت کے دن رسوائی اور ندامت کا باعث ہوگا، البتہ اس شخص کے لئے نہیں ہوگی، جس نے اسے اس کے حق کے ساتھ حاصل کیا ہو اور اپنے ذمہ لازم فرض کو ادا کیا ہو، اے ابوذر! یہ بھلا کہاں

---

(147) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفی فی "مسند الامام" (32) .

(148) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (915) - والحافظ صدر الدين الحصكفی فی "مسند الامام" (489) - ومسلم (1825) فی الامارة: باب كراهية الامارة بغير ضرورة - واحمد 173/5 - وابن سعد فی "الطبقات" 174/4 - والحاكم فی "المستدرك" 92/4

ہوسکتا ہے؟''

...—...—...

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -حمدان بن ذی نون (اور) اسماعیل بن بشیر (اور) احید بن حسین' ان سب نے -مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اپنے چچا جبریل بن یعقوب -احمد بن نصر عتکی -اپنے والد (اور) ابومقاتل کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید -عبدالواحد بن حماد بن حارث فجندی نے اپنے والد کے حوالے سے- نضر بن محمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبداللہ بن شریح -علی بن خشرم -یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابواسامہ بن زید بن یحییٰ فقیہ بلخی -یحییٰ بن موسیٰ -عبدالحمید حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(149)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ زِرٍّ عَنْ صَفْوَانَ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: اِنَّ اللهَ تَعَالٰى فَتَحَ بَابًا بِالْمَشْرِقِ مَسِيْرُهٗ سَبْعُ مِائَةِ خَرِيْفٍ لِلتَّوْبَةِ

امام ابوحنیفہ نے -معاویہ بن اسحاق -زر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت صفوان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے مشرق کی سمت میں ایک دروازہ کھولا ہے، جس (کی چوڑائی) سات سو برس کی مسافت جتنی ہے، (یہ دروازہ) توبہ کے لئے ہے۔''

...—...—...

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوسعید احمد بن عبدالجبار -ابوقاسم تنوخی -ابوقاسم بن ثلاج -ابوعباس بن عقدہ -ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب مازنی (وہ بیان کرتے ہیں:) زکریا بن یحییٰ نیشاپوری نے یہ روایت مجھے لکھ کر بھیجی تھی' جبکہ قبیصہ طبری نے ان کے حوالے سے مجھے حدیث بیان کی ہے (انہوں نے) -عثمان بن عبداللہ اموی -سلمہ بن سنان انصاری کوفی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(150)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے -محمد بن عبدالرحمٰن بن سعد بن زرارہ کے

(149) قد تقدم فی (124) .

(150) اخرجه احمد 249/5 -والحاكم فی " المستدرك 513/1 -والبيهقی فی " الدعوات الكبير " ( 132) -والطبرانی فی " الكبير " (798) بالفاظ اخر .

...الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: مَنْ قَالَ

سُبْحَانَ اللهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ سُبْحَانَ اللهِ عَدَدَ مَا فِى السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ سُبْحَانَ اللهِ عَدَدَ مَا اَحْصٰى فِىْ كِتَابِهٖ سُبْحَانَ اللهِ عَدَدَ كُلِّ شَىْءٍ سُبْحَانَ اللهِ مِلَاءَ كُلِّ شَىْءٍ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ حِيْنَ يُصْبِحُ لَمْ يَسْبِقْهُ بِفَضْلِ عَمَلٍ اِلَّا مَنْ قَالَ مِثْلَ قَوْلِهٖ اَوْ اَكْثَرَ وَمَنْ قَالَ ذٰلِكَ مَسَاءً كَانَ لَهٗ كَذٰلِكَ

حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص یہ کلمات پڑھتا ہے:

''میں اللہ تعالیٰ کی اتنی تعداد میں پاکی بیان کرتا ہوں، جو اس کی پیدا کی ہوئی (مخلوق کی تعداد) جتنی ہو، میں اللہ تعالیٰ کی اتنی تعداد میں پاکی بیان کرتا ہوں، جو آسمان اور زمین میں موجود (اس کی مخلوق کی تعداد) جتنی ہو، میں اللہ تعالیٰ کی اتنی تعداد میں پاکی بیان کرتا ہوں، (جو اتنی تعداد میں ہو) جتنی تعداد کی (اشیاء) اس نے اپنی کتاب (یعنی لوح محفوظ میں تحریر کی ہوئی) ہیں، میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں' جو تمام اشیاء کی تعداد جتنی ہو، میں اللہ تعالیٰ کی (اتنی زیادہ) پاکی بیان کرتا ہوں' جو ہر چیز کو بھر دے''

پھر الحمد للہ کے ہمراہ، اسی کی مانند کلمات پڑھے، ان کو صبح کے وقت پڑھے، تو عمل کی فضیلت کے حوالے سے کوئی بھی شخص اس پر سبقت نہیں لے جاسکے گا، ماسوائے اس شخص کے، جس نے اس کی مانند' یا اس سے زیادہ مرتبہ ان کلمات کو پڑھا ہو' اور اگر وہ شام کے وقت ان (کلمات) کو پڑھتا ہے تو بھی اسی کی مانند (اجر و ثواب حاصل) ہوگا۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- علی بن محمد بن عبید- علی بن عبدالملک بن عبدربہ- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی- قاسم بن محمد بن حماد- ابو بلال اشعری- امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- اپنے ماموں ابوعلی- ابوعبداللہ بن دوست علاف ...اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

[illegible]- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ لَيْثٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے- لیث- مجاہد کے حوالے سے یہ روایت

مُجَاهِدٍ (عَنِ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا :
متن روایت: اَنَّ جِبْرِيْلَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ لَمْ يَاتِهٖ فِيْ مِثْلِهَا قَطُّ ضَاحِكًا مُسْتَبْشِرًا فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ اَرْسَلَ اِلَيْكَ بِسَحَابَةٍ بِهَدِيَّةٍ فَقَالَ يَا جِبْرِيْلُ وَمَا هِيَ تِلْكَ الْهَدِيَّةُ وَذَكَرَ فِيْ حَدِيْثٍ
يَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيْلَ وَسَتَرَ الْقَبِيْحَ حَدِيْثٌ بِطُوْلِهٖ

نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:
(ایک مرتبہ) حضرت جبرائیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں، سب سے زیادہ حسین وجمیل شکل وصورت میں آئے، ایسی (عمدہ شکل وصورت) میں کبھی نہیں آئے، وہ مسکرارہے تھے اور ان کے چہرے سے خوشی کا اظہار ہو رہا تھا، انہوں نے کہا: اے حضرت محمد! اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے بادل میں ایک تحفہ بھیجا ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے جبرائیل! وہ تحفہ کیا ہے (اس کے بعد پوری روایت ہے، جس میں آگے چل کر یہ الفاظ ہیں:)
''اے وہ ذات! جس نے خوبصورتی کو ظاہر کیا اور بدصورتی کی پردہ پوشی کی'' اس کے بعد طویل حدیث ہے۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے ابوعبداللہ محمد بن محمد بن سلیمان بن کامل المعروف بہ ''غنجار'' کی ''تاریخ بخارا'' میں یہ پڑھا ہے: ابومحمد سہل بن عثمان نے یہ روایت - قاسم بن محمد بن علیل - ابراہیم بن مہتدی - ابوسعید حاتم بن نصر - ابوعباس بخاری - ابوحذیفہ - مقاتل - حفص بن مسلم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(152)** - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّكْسَكِيِّ الدِّمَشْقِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ :
متن روایت: اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ لَا اَسْتَطِيْعُ اَنْ اَتَعَلَّمَ الْقُرْآنَ

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم نخعی بن عبدالرحمٰن سکسکی دمشقی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:
ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: میں قرآن سیکھنے کی استطاعت نہیں رکھتا ہوں، تو آپ مجھے (ایسے

(151) اخرجه الحاكم فى " المستدرك" 544/1 -وذكره ابن حجر فى" لسان الميزان" 262/1 .

(152) اخرجه احمد 353/4 -وابو داؤد (832) -والبغوى فى " شرح السنة" (610) -والدار قطنى فى" السنن" 314/1 -وعبد الرزاق (2747) -والحميدى (717) .اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام" (503) -والطبرى فى" التفسير" 128/12
-- قلت: وقد اخرج سعيد بن منصور وابن جرير وابن المنذر وابن ابى حاتم وابو الشيخ والبيهقى فى " شعب الايمان" عن الضحاك: انه سئل عن قوله: ﴿ انا نراك من المحسنين ﴾ ماكان احسان يوسف عليه السلام؟ قال: كان اذا مرض انسان فى السجن قام عليه واذا ضاق عليه المكان او سع له واذا احتاج جمعه له كذا" الدر المنثور" 537/4 ( الطبع الجديد) .

... مَا يُجْزِيْنِيْ عَنْهُ فَقَالَ لَهُ قُلْ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فَقَالَ هٰذَا لِرَبِّيْ عَزَّ وَجَلَّ ... فَقَالَ قُلْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَاغْفِرْ لِيْ وَاهْدِنِيْ ... وَعَافِنِيْ

کلمات یا دعا) سکھا دیں، جو میرے لئے اس کی جگہ کفایت کر جائیں، تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: تم یہ پڑھو:

''میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں، ہر طرح کی حمد، اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے، اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہوسکتا، (وہ اللہ تعالیٰ) جو بلند و برتر ہے اور عظمت کا مالک ہے۔''

اس شخص نے کہا: یہ کلمات تو میرے پروردگار کے لئے ہو گئے تو میرے لئے کیا (کلمات) ہوں گے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم یہ پڑھو:

''اے اللہ! تو مجھ پر رحم کر، تو میری مغفرت کر دے، تو مجھے ہدایت پر ثابت قدم رکھ، تو مجھے رزق عطا کر اور تو مجھے عافیت عطا کر!''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - احمد بن تمیم بن عباد مروزی - سہل بن عمار - جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - اپنے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی - محمد بن زرعہ بن شداد - سہل بن عمار بلخی - جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے اس کو اپنی سند کے ساتھ - محمد بن زرعہ بن شداد - سہل بن عمار بلخی - جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(150) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سَلْمَةَ بْنِ نُبَيْطٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: سلمہ بن نبیط فرماتے ہیں: میں ضحاک بن مزاحم کے پاس موجود تھا، ایک شخص نے ان سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا:

متن روایت: كُنْتُ عِنْدَ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ فَسَأَلَهُ رَجُلٌ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ ﴿نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ﴾

(ارشادِ باری تعالیٰ ہے:) ''تم ہمیں اس کی تاویل بتاؤ، ہم تمہیں بھلائی کرنے والا سمجھتے ہیں۔''

(اس شخص نے سوال کیا:) وہ کیا بھلائی کرتے تھے؟ تو

مَا كَانَ اِحْسَانُهُ قَالَ كَانَ اِذَا رَاٰى مُضِيْقًا عَلَيْهِ وَسَّعَ لَهُ وَاِذَا رَاٰى مَرِيْضًا قَامَ عَلَيْهِ وَاِذَا رَاٰى مُحْتَاجًا سَاَلَ لَهُ وَجَمَعَ لَهُ

ضحاک نے جواب دیا: جب وہ کسی کو تنگی کا شکار دیکھتے تھے تو اس کے لئے گنجائش پیدا کرتے تھے، جب کسی کو بیمار دیکھتے تھے تو اس کی تیمارداری کرتے تھے، جب کسی کو حاجت مند دیکھتے تھے تو اس کے لئے (دوسروں کو مدد کرنے) کا کہتے تھے اور اس کے لئے (ضروریات کی چیزیں) جمع کرتے تھے۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوسعود احمد بن علی بن محمد خطیب- علی بن ربیعہ- حسن بن رشیق- محمد بن حفص- صالح بن محمد ترمذی- حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**154**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ وَحَمَّادِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ اَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- علقمہ بن مرثد اور حماد بن ابوسلیمان- عبداللہ بن بریدہ- ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:

متن روایت: قَدْ اُذِنَ لِمُحَمَّدٍ فِىْ زِيَارَةِ قَبْرِ اُمِّهٖ

''(حضرت) محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اُس کی ماں کی قبر کی زیارت کرنے کی اجازت دیدی گئی ہے۔''

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے طویل حدیث کے طور پر روایت کیا ہے (یعنی یہاں اُس طویل حدیث کا صرف ایک مختصر حصہ نقل ہوا ہے)۔

(**155**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ زِيَادٍ عَنْ اَبِىْ نَجِيْحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو:

امام ابوحنیفہ نے- عبداللہ بن ابوزیاد- ابونجیح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ اَسْمَاءَ بِنْتَ عُمَيْسٍ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لَهَا مِنْ اَبِىْ بَكْرٍ وَابْنٍ لَهَا مِنْ جَعْفَرٍ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اَخَافُ

سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اپنے ایک صاحبزادے، اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے اپنے ایک صاحبزادے کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر

(154) اخرجه احمد 359/5- وابن ابى شيبة 343/3- والنسفى فى "القند فى ذكر علماء سمرقند" 124- والحاكم فى المستدرك" 357/1

(155) اخرجه الطحاوى فى " شرح معانى الآثار" 327/4- والطبرانى فى " الكبير" 377/24- وابن ابى شيبة 57/8- والترمذى باثر(2059)- والنسائى فى" الكبرى" (7537)- والبيهقى فى " السنن الكبرى" 349/9

الْعَيْنَ فَارْقِهِمَا قَالَ نَعَمْ اِذْ لَوْ كَانَ شَيْءٌ سَبَقَ الْقَدَرَ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ

ہوئیں، انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ان دونوں کو نظر لگ جانے کا اندیشہ رہتا ہے تو آپ ان دونوں کو دم کر دیں، نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اچھا! اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت لے جاسکتی تو نظر لگنا اُس پر سبقت لے جاتا۔

•••——•••——•••

حافظ محمد بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابراہیم بن محمد بن شہاب - عبید اللہ بن عبد الرحمٰن واقدی مولیٰ مہدی - اس کے والد کے حوالے سے - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

عبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوطالب بن یوسف - ابومحمد جوہری - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ حرانی - ان کے اپنے دادا - امام محمد بن حسن کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

روایت: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِاَصْحَابِهٖ اِنْهَضُوْا بِنَا نَعُوْدُ جَارًا لَنَا يَهُوْدِيَّ فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَوَجَدَهُ فِي الْمَوْتِ فَسَاَلَهُ ثُمَّ قَالَ اِشْهَدْ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَنَظَرَ اِلٰى اَبِيْهِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِشْهَدْ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَنَظَرَ اِلٰى اَبِيْهِ فَلَمْ يُكَلِّمْهُ اَبُوْهُ ثُمَّ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِشْهَدْ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَنَظَرَ اِلٰى اَبِيْهِ فَقَالَ لَهُ اَبُوْهُ اِشْهَدْ لَهُ يَا بُنَيَّ فَقَالَ الْفَتٰى اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَنْقَذَ بِيْ نَسَمَةً مِنَ النَّارِ

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد - ابن بریدہ - ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' آپ ﷺ نے اپنے اصحاب سے فرمایا: تم لوگ میرے ساتھ اُٹھ کے چلو! تاکہ ہم اپنے ایک یہودی پڑوسی کی عیادت کر آئیں، جب نبی اکرم ﷺ اُس کے پاس پہنچے تو اسے پایا کہ وہ قریب المرگ ہے، اس کی مزاج پرسی کرنے کے بعد آپ نے اس سے فرمایا: تم اس بات کی گواہی دیدو، کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ، اور کوئی معبود نہیں ہے، اور میں اللہ کا رسول ہوں، اس (یہودی لڑکے) نے اپنے والد کی طرف دیکھا، لیکن اس کے باپ نے اسے کچھ نہیں کہا، نبی اکرم ﷺ نے پھر اس (یہودی لڑکے) سے فرمایا: تم اس بات کی گواہی دیدو، کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے، اور میں اللہ کا رسول ہوں، اس نے پھر اپنے والد کی طرف دیکھا لیکن اس کے باپ نے اسے پھر کچھ نہیں کہا،

اخرجه الحافظ صدر الدين في " مسند الامام" (5)-ومحمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (375)-وابن السني في " عمل اليوم والليلة" (559) باب مايقول لمرضى اهل الكتاب :من طريق ابي حنيفة

نبی اکرم ﷺ نے پھر اس (یہودی لڑکے) سے فرمایا: تم
اس بات کی گواہی دیدو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں
ہے اور میں اللہ کا رسول ہوں، اس (لڑکے) نے پھر اپنے والد کی
طرف دیکھا' تو اس کے باپ نے اس سے کہا: تم اس کی گواہی
دیدو! تو اس نوجوان نے کہا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ
اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے، اور حضرت محمد، اللہ کے
رسول ہیں، تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:
''ہر طرح کی حمد، اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے، جس نے
میرے ذریعے ایک شخص کو جہنم سے بچالیا''۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن اشرس بن موسیٰ اسلمی - جارود بن یزید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت قبیصہ بن فضل بن عبد الرحمٰن طبری - اسحاق بن ابراہیم فارسی - سعد بن صلت کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - امام محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن یزید بن خالد بخاری کلاباذی - حسن بن محمد بن رشیق - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے' البتہ انہوں نے اس کو علقمہ بن مرثد کے حوالے سے نبی اکرم - سے منقول ذکر کیا ہے' مزید (کسی راوی کا ذکر نہیں ہے)' البتہ حدیث بالکل یہی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابو مقاتل - سوید بن یحییٰ - محمد بن حسن ہمدانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن عبد الرحمٰن بن خالد رازی قلانسی - عبد اللہ ابن جراح - ان کے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔: تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**فاتيناه فقال كيف انت و كيف حالك ثم قال يا فلان اشهد ان لا اله الا الله الحديث الى قوله الحمد لله الذى اعتق بى رقبة من النار**

''(راوی صحابی بیان کرتے ہیں:) ہم اس (یہودی لڑکے) کے پاس آئے' نبی اکرم ﷺ نے (اُس سے) دریافت کیا: تم کیسے ہو؟ تمہارا کیا حال ہے؟ پھر آپ ﷺ نے (اُس سے) فرمایا: اے فلاں! تم اس بات کی گواہی دو! کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ

...نہیں ہے (اس کے بعد پوری حدیث ہے، جس کے آخر میں یہ الفاظ ہیں:)

"ہر طرح کی حمد اس اللہ کے لیے مخصوص ہے، جس نے میرے ذریعے ایک شخص کو جہنم سے بچالیا"

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن احمد - سعید بن یحییٰ بن سعید اموی - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - قاضی ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ قزوینی - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوغنائم محمد - ابن ابوعثمان - ابوحسن زرقویہ - ابوسہل بن زیاد - حسن بن محمد بن حاتم - سعید بن یحییٰ اموی سے نقل کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - حسن بن سلام - عیسیٰ بن ابان - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

**(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ ولا بأس بعیادة الیهودی والنصرانی والمجوس وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه**

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے، انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے، پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں، کسی یہودی، عیسائی یا مجوسی کی عیادت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے، انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد - سلیمان بن بریدہ - اُن کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

متنِ روایت: اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ

"بھلائی کی طرف رہنمائی کرنے والا، اُس (بھلائی) کو کرنے والے کی مانند ہے۔"

•••———•••———•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن احمد - ابوبکر بندار بن بشار - اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

---

اخرجه الحافظ صدر الدین الحصکفی فی " مسند الامام" (472)- واحمد 357/5 من طریق ابی حنیفة - واورده الهیثمی فی مجمع الزوائد" 166/1

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابویاسر بن بندار - ابوطالب بن ابوبکر - ابوبکر بن مالک قطیعی - عبداللہ بن احمد بن حنبل نے اپنے والد کے حوالے سے - اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**158**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

متنِ روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا خَرَجَ اِلَى الْمَقَابِرِ اَلسَّلَامُ عَلٰى اَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ نَسْاَلُ اللهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد - ابن بریدہ - ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ جب قبرستان تشریف لے جاتے تھے تو یہ پڑھتے تھے:

''مسلمانوں کی بستی کے رہنے والوں پر سلام ہو' اگر اللہ نے چاہا' تو ہم بھی تم لوگوں سے آملیں گے' ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے اور تمہارے لئے عافیت کا سوال کرتے ہیں۔''

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن منصور بن نصر صغانی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - نصر بن عبدالکریم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**159**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سَالِمِ بْنِ عَجْلَانَ الْاُمَوِيِّ الْجَزَرِيِّ الْاَفْطَسِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ (عَنِ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متنِ روایت: كَانَ لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَسٌ يُقَالُ لَهُ الْمُرْتَجِزُ وَحِمَارٌ يُقَالُ لَهُ يَعْفُوْرُ وَسَيْفٌ يُقَالُ لَهُ ذُوْ الْفِقَارِ وَبَغْلَةٌ يُقَالُ لَهَا دُلْدُلُ وَلَمْ يَكُنْ لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ شَيْءٌ اِلَّا سَمَّاهُ بِاسْمٍ يُحِبُّهُ وَكَانَ يَاْتِيْهِ الرَّجُلُ لَهُ اِسْمٌ مُسْتَنْكَرٌ فَيُسَمِّيْهِ بِاسْمٍ حَسَنٍ جَاءَهٗ

امام ابوحنیفہ نے - سالم بن عجلان اموی جزری افطس - سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم ﷺ کا ایک گھوڑا تھا' جس کا نام ''مرتجز'' تھا اور ایک گدھا تھا' جس کا نام ''یعفور'' تھا' ایک تلوار تھی جس کا نام ''ذوالفقار'' تھا' ایک خچر تھا' جس کا نام ''دلدل'' تھا' نبی اکرم ﷺ نے اپنی ہر چیز کا وہ نام رکھا تھا' جو آپ کو پسند تھا' بعض اوقات آپ کے پاس کوئی ایسا شخص آتا' جس کا نام ناپسندیدہ ہوتا' تو آپ اس کا اچھا نام رکھ دیتے' (ایک مرتبہ

(158) اخرجه البيهقي في " السنن الكبرى " 79/4 - واحمد 353/5 - ومسلم (975) - وابن ماجة (1547) - والبغوى في " شرح السنة " (1555) - وابن السنى في " عمل اليوم والليلة " (1091) .

(159) اخرج احمد 75/6 - والطيالسى (1501) - والبخارى في " الادب المفرد " (825) - والطبرانى في " الاوسط " (2408) - والحاكم في " المستدرك " 276/4

-- عن عائشة -- قالت: سمع النبى صلى الله عليه وسلم رجلاً يقول لرجل: ما اسمك؟ قال: شهاب' فقال: " انت هشام " .

رجل فَقَالَ لَهُ مَا اِسْمُكَ فَقَالَ شِهَابٌ فَقَالَ بَلْ اَنْتَ هِشَام

ایک شخص آپ کے پاس آیا، آپ نے اس سے دریافت کیا: تمہارا نام کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: شہاب، تو آپ نے فرمایا: (جی نہیں!) بلکہ تم ہشام ہو"

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن محمد بن سعید - احمد بن عبداللہ تستری - محمد بن عبداللہ راسبی بصری - علی بن عاصم بن فیروز - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

160)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: لَعَنَ اللهُ الْقَدَرِيَّةَ وَمَا مِنْ نَّبِيٍّ وَلَا رَسُوْلٍ اِلَّا لَعَنَهُمْ وَنَهٰى اُمَّتَهٗ عَنْ كَلَامِهِمْ

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد - سلیمان بن بریدہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ان کے والد روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"اللہ تعالیٰ، قدریہ (فرقے سے تعلق رکھنے والے لوگوں) پر لعنت کرے، ہر نبی اور رسول نے ان پر لعنت کی ہے اور اپنی امت کو اُن کے ساتھ کلام کرنے سے منع کیا ہے۔"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - غیلان بن یعقوب علاف - صالح بن یحییٰ بن غیلان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبدالملک بن بزیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

161)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) قَالَ

متنِ روایت: مَا رَاَيْتُ اَحْضَرَ جَوَابًا مِنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قُلْتُ لَهٗ اَقْدَرَ اللهُ الْمَعَاصِيَ قَالَ اَيُعْصَى اللهُ قَهْرًا فَاَلْقَمَنِيْ حَجَرًا

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں:

"میں نے امام زید رضی اللہ عنہ سے زیادہ حاضر جواب کوئی شخص نہیں دیکھا، میں نے ان سے دریافت کیا: کیا اللہ تعالیٰ نے معاصی (گناہوں) کو تقدیر میں طے کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: کیا زبردستی طور پر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی جاسکتی ہے؟ یوں انہوں نے میرے منہ میں پتھر ڈال دیا (یعنی مجھے لاجواب کردیا)

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوعباس بن عقدہ - جعفر بن احمد بن یزید حارثی - حسن بن زیاد بن عمر - مصعب بن زیاد کے حوالے سے نقل کی ہے: میں نے امام زید رحمۃ اللہ علیہ سے زیادہ حاضر جواب کوئی شخص نہیں دیکھا۔

162)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يُوْنُسَ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے - یونس بن زہران - حضرت

---

160) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في " مسند الامام"(21) .

زُهْرَانَ عَنِ الْخَشْخَاشِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: مَنْ لَقِيَ اللهَ تَعَالٰى بِخَمْسٍ اَعْتَقَهُ اللهُ تَعَالٰى مِنَ النَّارِ سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ

خشخاش رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص پانچ (کلمات، کے بکثرت ورد) کے ہمراہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا، اللہ تعالیٰ اسے جہنم سے آزاد کر دے گا، (وہ کلمات یہ ہیں:)

سبحان اللہ الحمد للہ لا الہ الا اللہ اللہ اکبر لا حول ولا قوۃ الا باللہ

••• ——— ••• ——— •••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - عبداللہ بن ابراہیم بن قتیبہ - حسن بن مالک نسیب بن ابوعنان - زافر بن سلیمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(163)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) وَشُعْبَةُ وَمِسْعَرٌ وَسُفْيَانَ وَقَيْسٌ كُلُّهُمْ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

امام ابوحنیفہ، شعبہ، مسعر، سفیان (اور) قیس، ان سب نے - علقمہ بن مرثد - سعد بن عبیدہ - ابوعبدالرحمٰن سلمی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم میں سب سے بہتر (شخص) وہ ہے، جو قرآن کا علم حاصل کرے اور اس کی تعلیم دے۔''

••• ——— ••• ——— •••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن محمد بن سلیمان بن کامل المعروف بہ ''غنجار'' کی ''تاریخ بخارا'' - محمد بن موسیٰ بن جعفر - ابوعلی بکر بن عبداللہ بن محمد بن خالد بن یزید حبال رازی، جو بخارا کے حساب کے نگران تھے - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - سلیمان بن ربیع - کادح زاہد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ، شعبہ، مسعر، سفیان اور قیس سے روایت کیا ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - قاضی ابویعلیٰ محمد بن حسن بن فراء - ابومحمد عبداللہ بن احمد بن مالک بیع - عبداللہ

(162) اخرج احمد 443/3 - والحاكم في " المستدرك" 511/1 - وابن سعد في " الطبقات" 58/6 - وابن حبان (833)

-- عن مولى لرسول الله صلى الله عليه وسلم قال " بخ بخ لخمس ما اثقلهن في الميزان: لااله الا الله - والله اكبر - وسبحان الله - والحمد لله......"

(163) اخرجه احمد 57/1 - والبخاری (527) - فی فضائل القرآن: باب خيركم من تعلم القرآن وعلمه - وابوداؤد (1452) فی الصلاة: باب ثواب قراءة القرآن - والترمذی (2909) فی ثواب القرآن: باب ما جاء فی تعليم القرآن .

ابن ربیعہ - احمد بن عبید بن ناصح - صالح بن بسام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبٍ الصَّيْرَفِيِّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے عن ہیثم بن حبیب صیرفی - ابوصالح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ:

﴿اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ﴾ لَمْ يَضُرَّهٗ عَقْرَبٌ حَتّٰى يُمْسِيَ وَمَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُمْسِيْ لَمْ يَضُرَّهٗ عَقْرَبٌ حَتّٰى يُصْبِحَ

''جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے:

''میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ مانگتا ہوں، (ہر) اُس چیز کے شر سے، جس کو اُس نے پیدا کیا ہے۔''

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:) تو شام تک اسے کوئی بچھو نقصان نہیں پہنچائے گا اور جو شخص شام کے وقت یہ کلمات پڑھ لے اُس کو صبح تک کوئی بچھو نقصان نہیں پہنچائے گا۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - نصر ابن احمد کندی (اور) محمد بن منذر بن سعید ان دونوں نے - محمد بن عمران - قاسم بن حلم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد - زکریا بن یحییٰ بن کثیر اصفہانی - احمد بن ربیعہ - محمد بن مغیرہ - حکم - امام زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**حين يصبح قبل طلوع الشمس ثلاث مرات لم يضره عقرب يومئذ وان قالها حين يمسى لم يضره ليلتئذ**

''جو شخص صبح کے وقت سورج طلوع ہونے سے پہلے تین مرتبہ (ان کلمات کو پڑھ لے گا) اس دن میں کوئی بچھو اس کو نقصان نہیں پہنچائے گا اور اگر وہ شام کے وقت ان کلمات کو پڑھ لے تو اس رات میں (کوئی بچھو) اس کو نقصان نہیں پہنچائے گا''

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزار - بشر بن ولید - امام ابویوسف - امام ابوحنیفہ - ہیثم - میرا خیال ہے ذکوان کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے جو امام زفر کی نقل کردہ روایت کی مانند ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - جعفر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - شعیب ابن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

---

اخرجه ابن حبان (1020) - ومسلم (2709) فى الذكر والدعاء: باب التعوذ من سوء القضاء - والنسائى فى " عمل اليوم والليلة " (587) .

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابو یحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر خیاط مقری - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - عبداللہ بن محمد اعور - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے'' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ' اس کو نقل کیا ہے۔

(165) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ

امام ابوحنیفہ نے - عطیہ عوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے وہ شخص جہنم میں اپنے ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہے۔''

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابوبکر خطیب - احمد بن حسین سکری - انہوں نے اپنے دادا علی بن عمر - ابوبکر محمد بن حسن بن علی بن حامد بخاری - عبداللہ بن یحییٰ سرخسی - حسن بن مبارک - اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(166) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: مَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ

امام ابوحنیفہ نے - یحییٰ بن سعید انصاری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے - حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے وہ شخص جہنم میں اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابو رمیح - علی بن حسن ابن بشر - داؤد بن محبر - قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ

---

(165) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في " مسند الامام"(38) -وابن ماجه(37) في المقدمة:باب التغليظ في تعمد الكذب على رسول الله صلى الله عليه وسلم -وابن ابي شيبة 574/8-وقد تقدم

(166) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في " مسند الامام"( 40)-وابو يعلى( 2909)-واحمد 278/3-والطيالسي(38)برقم(97) .

روایت کیا ہے

سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ... عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ ... صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: لَيْسَ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يُّذِلَّ نَفْسَهٗ قِيْلَ يَا ... كَيْفَ يُذِلُّ نَفْسَهٗ قَالَ يَتَعَرَّضُ مِنَ ... لَا يُطِيْقُ

امام ابوحنیفہ نے - عبداللہ بن دینار - حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"مومن کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ اپنے آپ کو ذلت کا شکار کرے۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! وہ اپنے آپ کو کیسے ذلت کا شکار کرے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس طرح کہ وہ کسی ایسی آزمائش کے سامنے خود کو پیش کرے، جس کی وہ طاقت نہ رکھتا ہو۔

•••——•••——•••

... بخاری نے یہ روایت - ابوسعید بجیری کی تحریر کے حوالے سے - احمد بن سعید - حسن بن زیاد کے حوالے سے، امام ... سے روایت کی ہے۔

سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَاصِمِ بْنِ ... النَّجُوْدِ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ ... اَنَّهٗ قَالَ:

متنِ روایت: اِنَّ لَكَ بِكُلِّ حَرْفٍ تَتْلُوْهُ عَشْرُ ... اَمَا اِنِّیْ لَا اَقُوْلُ "آلٓمّٓ" حَرْفٌ وَلٰكِنْ ... حَرْفٌ وَ"لَام" حَرْفٌ وَ"مِيْم" حَرْفٌ فَتِلْكَ ... حَسَنَةً

امام ابوحنیفہ نے - عاصم بن ابونجود - ابواحوص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ہر ایک حرف جسے تم تلاوت کرو گے اس کے عوض میں دس نیکیاں ملیں گی، میں یہ نہیں کہتا: آلٓمّٓ ایک حرف ہے، بلکہ "ا" ایک حرف ہے، "ل" ایک حرف ہے اور "م" ایک حرف ہے، تو یہ تیس نیکیاں ہو جائیں گی۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل احمد بن خیرون - ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان - قاضی ابوبکر بن ... عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - امام محمد بن حسن کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادِ بْنِ ... سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابی سلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

... اخرجه الطبرانی فی "الكبير" (13507)-وفی "الاوسط" (5357)-والبزار (3323 . كشف الاستار)-واورده الهيثمی فی مجمع الزوائد 274/7-وفی "مجمع البحرين" 143/4 (4395) .

... اخرجه الحاكم فی "المستدرك" 741/1-والترمذی (2901)-والدارمی فی "السنن" 521/2(3308) .

متن روایت: اِذَا عَطَسَ الرَّجُلُ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَقُلْ یَرْحَمُنَا اللّٰهُ وَاِیَّاكَ وَلْیَقُلْ الَّذِیْ عَطَسَ یَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكَ

"جب کوئی شخص چھینکے اور الحمدللہ کہے تو تم یہ کہو: اللہ تعالیٰ ہم پر اور تم پر رحم کرے اور پھر جو شخص چھینکا تھا وہ یہ کہے: اللہ تعالیٰ ہماری اور تمہاری مغفرت کرے۔"

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن نے "الآثار" میں اس کو نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(170)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے-سماک بن حرب-ابوصالح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا كَانَ الْمُنْكَرُ الَّذِیْ كَانُوْا یَاتُوْنَ قَالَ یَحْبِقُوْنَ وَیَسْخَرُوْنَ مِنْ اَهْلِ الطَّرِیْقِ

"میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ منکر کیا ہے؟ جس کا ارتکاب کریں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ راستے سے گزرنے والوں کے ساتھ برائی کریں گے اور مذاق اڑائیں گے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-صالح بن ابورمیح-حسن بن سلام سواق-عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(171)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ زِیَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ عَرْفَجَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے-زیاد بن علاقہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: سَیَكُوْنُ بَعْدِیْ هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ فَمَنْ اَتَاكُمْ لِیُشَتِّتَ اَمْرَكُمْ وَهُوَ مُجْتَمِعٌ فَاقْتُلُوْهُ كَائِنًا مَنْ كَانَ

"عنقریب میرے بعد اختلافات ہوں گے تو جو شخص تمہارے پاس آئے تاکہ تمہارے کسی ایسے معاملے کو بکھیرنے کی کوشش کرے جس پر اتفاق ہو تو تم اس شخص کو قتل کردو خواہ وہ کوئی بھی ہو"۔

---

(169) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی" الآثار"(200)-قلت: وقد اخرج الطبرانی فی " الکبیر"(9998)
-- عن عبدالله قال: کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یعلمنا اذا عطس احدنا ان نشمته .

(170) اخرجه الحافظ فی " مسند الامام"( 507)-واحمد 341/6و424-والطبری فی" التفسیر" 145/20-والبخاری فی التاریخ الکبیر"196/6-وذکر ابن کثیر فی" التفسیر" فی تفسیر هذه الآیة' وعزاه لاحمد

(171) اخرجه ابن حبان( 4406)-والطیالسی(1224)-واحمد261/4-ومسلم(1852) (59) فی الامارة: باب حکم من فرق امر المسلمین وهو مجتمع-وابوداؤد(4762) فی السنة: باب قتل الخوارج .

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابومحمد عبداللہ بن محمد دمشقی - احمد بن عبید بن ناصح - صالح بن بیان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن سلیمان - عثمان بن ابوشیبہ - انہوں نے اپنی والدہ - عوام بن حوشب - زیاد بن علاقہ کے حوالے سے ... سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد حسن بن علی فارسی - محمد بن مظفر نے امام ... اپنی سند کے ساتھ اس کو نقل کیا ہے۔

-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: شَهِدْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاَعْرَابُ يَسْاَلُوْنَهُ يَقُوْلُوْنَ يَا رَسُوْلَ اللهِ خَيْرٌ مَا اُعْطِيَ الْعَبْدُ قَالَ خُلُقٌ حَسَنٌ

امام ابوحنیفہ نے - زیاد بن علاقہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''میں اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا' جب دیہاتی آپ سے سوالات کر رہے تھے' انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آدمی کو جو کچھ دیا گیا ہے' اس میں سب سے بہتر چیز کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اچھے اخلاق۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - حاتم بن موسیٰ - اسحاق بن قاسم - محمد بن عبید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ يَرْفَعُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَنَّهُ اَمَرَ بِالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: زیاد بن علاقہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع حدیث کے طور پر یہ روایت نقل کی ہے:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کا حکم دیا ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - علی بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخسی - محمد بن حمید - علی بن مجاہد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زِيَادِ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے - زیاد بن علاقہ کے حوالے سے یہ روایت

---

اخرجه الحصكفى فى '' مسند الامام'' ( 456)-وابن حبان ( 478)-وابن ابى شيبة 514/8-والطبرانى فى الكبير (470)-والطيالسى (1233)-واحمد 278/4

اخرجه الحصكفى فى '' مسند الامام'' ( 453)-وابن حبان ( 4546)-والطبرانى فى '' الكبير'' ( 2414 ) -وابوداؤد ( 4945) فى كتاب باب فى النصيحة-والنسائى 140/7-والبيهقى فى '' السنن الكبرىٰ'' 271/5 .

عِلَاقَةَ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

نقل کی ہے: حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''میں نے نماز قائم کرنے، زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کے ساتھ پیش آنے کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی تھی''۔

*** —— *** —— ***

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- عبداللہ بن محمد- احمد بن عبید بن ناصح- صالح بن بیان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز- خلف بن ہشام- ابوعوانہ- زیاد بن علاقہ سے نقل کی ہے' انہوں نے اس روایت کو ایک اور سند کے ساتھ نقل کیا ہے' جو امام ابوحنیفہ کے واسطے کے علاوہ ہے۔

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- مبارک بن عبدالجبار صیرفی- ابومحمد حسن بن علی فارسی- محمد بن مظفر حافظ کے حوالے سے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(174) وقد تقدم-وهو الحديث السابق

# الفصل الثَّانِیْ فِیْ الْاِیْمَانِ وَالتَّصْدِیْقِ بِالْقَضَاءِ وَالْقَدْرِ وَالشَّفَاعَةِ وَغَیْرِہٖ

## دوسری فصل: ایمان، قضاوقدر کی تصدیق، شفاعت اور دیگر امور کا بیان

روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ ... عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ ...

... جَاءَ جِبْرِیْلُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ ... سَلَّمَ فِیْ صُوْرَةِ شَابٍ عَلَیْهِ ثِیَابٌ بَیَاضٌ ... سَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَقَالَ وَعَلَیْكَ ... فَقَالَ اُدْنُهٗ فَدَنَا ثُمَّ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا ... قَالَ الْاِیْمَانُ اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰہِ وَمَلَآئِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ ... وَالْقَدْرِ خَیْرِهٖ وَشَرِّهٖ قَالَ صَدَقْتَ فَتَعَجَّبْنَا ... صَدَقْتَ کَاَنَّهٗ یَدْرِیْ ثُمَّ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَمَا ... الْاِسْلَامِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ ... قَامُ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَاءُ الزَّکٰوةِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ ... جَنَابَةِ قَالَ صَدَقْتَ فَتَعَجَّبْنَا لِقَوْلِهٖ صَدَقْتَ ... رِیْ ثُمَّ قَالَ فَمَا الْاِحْسَانُ قَالَ اَنْ تَعْمَلَ لِلّٰہِ ... فَاِنْ لَمْ تَکُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ یَرَاكَ قَالَ صَدَقْتَ ... تٰی قِیَامُ السَّاعَةِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ ... وَسَلَّمَ مَهْ مَهْ مَا الْمَسْؤُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ ... فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ... فَطَلَبْنَاهُ فَلَمْ نَرَ اَثَرَهٗ فَاَخْبَرَنَا النَّبِیُّ صَلَّی ... وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذٰلِكَ جِبْرَئِیْلُ جَاءَ کُمْ ... کُمْ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان-ابراہیم نخعی-علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں نوجوان کی شکل میں حاضر ہوئے انہوں نے سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا: یا رسول اللہ آپ کو سلام ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر بھی سلام ہو۔ انہوں نے عرض کی: کیا میں قریب ہو جاؤں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم قریب ہو جاؤ' تو وہ قریب ہو گئے

پھر انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ ایمان سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایمان یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں، تقدیر پر ایمان لاؤ۔ خواہ وہ اچھی ہو یا بری ہو۔ انہوں نے کہا: آپ نے سچ کہا ہے' تو ہمیں ان کی اس بات پر حیرت ہوئی کہ "آپ نے سچ کہا ہے" گویا کہ وہ بھی اس کا جواب جانتے تھے' پھر انہوں نے دریافت کیا: یا رسول اللہ! اسلام کے احکام کیا ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، رمضان کے روزے رکھنا اور غسل جنابت کرنا۔ انہوں نے کہا: آپ نے سچ کہا ہے۔ تو ہم ان کی اس بات پر حیران ہوئے کہ "آپ نے سچ کہا ہے" گویا کہ وہ بھی اس کا جواب جانتے تھے۔

---

...رجه الحافظ صدر الدین الحصکفی فی "مسند الامام" (3)

پھر انہوں نے دریافت کیا کہ احسان کیا ہے؟ نبی اکرم ... ارشاد فرمایا: یہ کہ تم اللہ تعالیٰ کے لئے عمل کرو اس طرح ... دیکھ رہے ہو۔ اور اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے ہو تو وہ تمہیں ... ہے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: آپ نے سچ کہا ... انہوں نے دریافت کیا: قیامت کب قائم ہوگی۔ نبی اکرم ... نے فرمایا: ٹھہر جاؤ۔ اس کے بارے میں جس سے سوال ... ہے وہ سوال کرنے والے سے زیادہ نہیں جانتا ہے۔ پھر ... گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص کو میرے پاس ... آؤ۔ ہم نے انہیں تلاش کیا لیکن ہمیں ان کا کوئی نشان نہ ... آیا۔ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا تو آپ ... ارشاد فرمایا کہ یہ جبرائیل علیہ السلام تھے جو تمہارے پاس اس ... تھے تاکہ تمہیں تمہارے دین کی تعلیم دیں۔

•••—•••—•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - عبدالواحد بن حماد بن حارث ابوسہل خجندی - انہوں نے اپنے ... حماد بن حارث خجندی کے حوالے سے نقل کی ہے - نوح بن ابومریم نے "کتاب الایمان" میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اس کو ... کیا ہے۔

(**176**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متنِ روایت: بَیْنَا اَنَا رَدِیْفُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا اَبَا الدَّرْدَاءِ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قَالَ قُلْتُ وَاِنْ زَنَا وَاِنْ سَرَقَ قَالَ فَسَکَتَ عَنِّیْ ثُمَّ سَارَ سَاعَةً فَقَالَ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ وَاِنْ زَنَا وَاِنْ

امام ابوحنیفہ نے - عبداللہ بن ابوحبیبہ کا یہ بیان نقل ... ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ... حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے:

ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سواری کے ... بیٹھا ہوا تھا' آپ نے ارشاد فرمایا: اے ابودرداء! جو شخص اس ... کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ... میں اللہ کا رسول ہوں تو اس کے لئے جنت واجب ہو جا ...

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض ... اگرچہ وہ شخص زنا کا مرتکب ہو' یا اس نے چوری کی ہو؟ ...

(176) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (373)-واحمد 442/6-والطبراني في "الاوسط" (2953)-وفي ... الشاميين" (2113)-وابونعيم في "الحلية" 398/10

...سَكَتَ عَنِّی ثُمَّ سَارَ سَاعَةً فَقَالَ مَنْ شَهِدَ
...لَّا اللهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ
...وَاِنْ زَنَا وَاِنْ سَرَقَ فَقَالَ وَاِنْ زَنَا وَاِنْ
...رَغِمَ اَنْفُ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ وَكَاَنِّیْ اَنْظُرُ
...اَبِی الدَّرْدَاءِ السَّبَابَةَ یُوْمِیْ بِهَا اِلٰی اِرْنَبَتِهٖ

اکرم ﷺ نے مجھے کوئی جواب نہیں دیا' آپ کچھ دیر چلتے رہے' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں' تو اس کے لئے جنت واجب ہو جائے گی۔

راوی کہتے ہیں: میں نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی: اگر چہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو' یا اس نے چوری کی ہو؟ تو نبی اکرم ﷺ نے مجھے کوئی جواب نہیں دیا' پھر آپ کچھ دیر چلتے رہے پھر آپ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اللہ کا رسول ہوں' تو اس کے لئے جنت واجب ہو جائے گی۔

راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: اگر چہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو' اگر چہ اس نے چوری کی ہو؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر چہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو' اگر چہ اس نے چوری کی ہو' اگر چہ ابودرداء کی ناک خاک آلود ہو' (یعنی یہ بات اسے کتنی ہی بری کیوں نہ لگے)

راوی بیان کرتے ہیں: گویا میں اس وقت بھی حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی شہادت کی انگلی کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ اس کے ذریعے اپنی ناک کی طرف اشارہ کر کے (یہ حدیث بیان کر رہے تھے)

•••——•••——•••

...ری نے یہ روایت - عباس بن عزیز قطان مروزی - بشر بن یحییٰ - نضر بن محمد اور اسد بن عمرو' ان دونوں حضرات نے ...حنیفہ سے روایت کی ہے۔۔

...نے یہ روایت ابوموسیٰ ہارون بن ہشام - ابوحفص (اور) محمد بن سلام' انہوں نے - امام محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ...ایت کی ہے۔

...نے یہ روایت احمد بن ہارون بخاری - یوسف بن عیسیٰ - فضل بن موسیٰ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ...ں نے یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

...ابوالدرداء یقوم کل جمعة عند منبر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يحدث بهذا

الحدیث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

''تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ ہر جمعہ کے دن' منبر رسول کے پاس کھڑے ہو کر یہ حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے تھے''۔

انہوں نے یہ روایت اسی طرح - عبداللہ بن عبید اللہ - عیسیٰ بن احمد - زکریا بن یحییٰ - محمد بن فضل' ان دونوں نے - مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ربیع بن حسان - یحییٰ بن عبدالغفار - ابوعتاب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - علی بن حسن ذہلی - یحییٰ بن یمان ہمدانی - جعفر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت علی بن حسن ذہلی - یحییٰ بن یمان (اور) عمرو بن محمد عبقری (اور) علی بن عاصم کے حوالے سے سب نے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد شاہد عدل بقاء نے یہ روایت - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - محمد بن فضل بن سعید بن سلیمان - امام محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن مخلد - علی بن ابراہیم واسطی - یزید بن ہارون کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت - ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - قاضی ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوسعید محمد بن عبدالملک بن عبدالقاہر بن اسد - ابوالحسن بن قبیش - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ حرانی نے اپنے دادا کے حوالے سے - امام محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت شیخ ابوطالب بن یوسف - ابومحمد جوہری - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - امام محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت - محمود بن محمد - شاہ بن مخلد - ابوسلیمان جوزجانی - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

**(177)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن سائب - ابوالضحیٰ کے حوالے سے - حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت نقل کی ہے:

(177) اخرجه الحصكفي في " مسند الامام" (502) - وابن كثير في " التفسير" 36/1 - والطبري في " التفسير" 57/1 ... في " التفسير" في اول البقرة

روایت: فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی "الٓمّٓرٰ" اَنَا اللّٰہُ اَعْلَمُ وَاَرٰی

"حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں بیان کرتے ہیں "آلمر" (کا مطلب یہ ہے:) میں اللہ ہوں' میں علم رکھتا ہوں اور میں دیکھ رہا ہوں۔"

***------***------***

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت- ابوسعود احمد بن علی بن محمد کے حوالے سے' پہلے گزری ہوئی حدیث کبریاء کی' حماد بن ابوحنیفہ کی سند کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنِ ابْنِ عُبَیْدَۃَ السَّلْمَانِیِّ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

امام ابوحنیفہ نے --عطاء بن سائب- ابن عبیدہ سلمانی نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: قَالَ لِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ارْکَبْ نَاقَتِیْ ثُمَّ امْضِ اِلَی الْیَمَنِ فَاِذَا اَتَیْتَ عَقَبَۃَ الشِّقِّ وَرَقِیْتَ عَلَیْہَا وَرَاَیْتَ النَّاسَ مُقْبِلِیْنَ یُرِیْدُوْنَکَ فَقُلْ یَا حَجَرُ یَا مَدَرُ رَسُوْلُ اللّٰہِ یُقْرِئُکُمُ السَّلَامَ فَلَمَّا رَقِیْتُ الْعَقَبَۃَ رَاَیْتُ قَوْماً مُقْبِلِیْنَ فَقُلْتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا حَجَرُ یَا مَدَرُ رَسُوْلُ اللّٰہِ یَقْرَاُ عَلَیْکُمُ السَّلَامَ فَارْتَجَّتِ الْاَرْضُ وَقَالُوْا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ السَّلَامُ فَلَمَّا سَمِعَ الْقَوْمُ اَقْبَلُوْا اِلَیْہِ مُسْلِمِیْنَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: تم میری اونٹنی پر سوار ہو کے یمن جاؤ' جب تم "شق" نامی گھاٹی پر پہنچو گے اور اس پر چڑھو گے' تو تم لوگوں کو اپنی طرف آتے ہوئے دیکھو گے' ان سے تم یہ کہنا: اے پتھرو! اے کچے پتھرو! اللہ کے رسول تمہیں سلام کہتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب میں اس گھاٹی پر چڑھا' اور میں نے لوگوں کو آتے ہوئے دیکھا' تو میں نے کہا: اے پتھرو! اور اے کچے پتھرو! تم پر سلام ہو' اللہ کے رسول نے تمہیں سلام بھیجا ہے' تو زمین میں جنبش ہوئی اور ان پتھروں نے کہا: اللہ کے رسول پر بھی سلام ہو۔ جب لوگوں نے یہ آواز سنی' تو مسلمان ہو کر آ گئے۔

***------***------***

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی- ابوعبداللہ علاف- قاضی عمر بن حسن اشنانی- جعفر بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- جعفر بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عبد اللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں نقل کی ہے' البتہ اس میں عطاء کا اسم منسوب ذکر نہیں کیا' اور یہ کہا ہے: اس میں

غور وفکر کی گنجائش ہے- عباس بن احمد بن محمد بن سعید- حسن بن علی بن رفیع (اور) حسن بن علی بن زریع' ان دونوں نے- محمد ... جرجانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت- ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب- احمد بن احمد قصری- محمد بن احمد بن سفی... احمد بن محمد بن سعید- حسن بن علی بن زریع- محمد بن عمرو جرجانی- بشر بن غیاث- امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ ... روایت کی ہے۔

(179)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ :

متن روایت: قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللهِ هَلْ یَبْقٰی اَحَدٌ مِنَ الْمُوَحِّدِیْنَ فِی النَّارِ قَالَ نَعَمْ رَجُلٌ فِیْ قَعْرِ جَهَنَّمَ یُنَادِیْ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ حَتّٰی یَسْمَعُ صَوْتَهٗ جِبْرَئِیْلُ (عَلَیْهِ السَّلَامُ) فَیَتَعَجَّبُ مِنْ ذٰلِكَ الصَّوْتِ فَقَالَ اَلْعَجَبُ اَلْعَجَبُ حَتّٰی یَصِیْرَ بَیْنَ یَدَیْ عَرْشِ الرَّحْمٰنِ سَاجِداً فَیَقُوْلُ اللهُ تَعَالٰی اِرْفَعْ رَاْسَكَ یَا جِبْرَئِیْلُ مَا رَاَیْتَ مِنَ الْعَجَائِبِ وَاللهُ اَعْلَمُ بِمَا رَآهُ فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ سَمِعْتُ صَوْتاً مِنْ قَعْرِ جَهَنَّمَ یُنَادِیْ بِالْحَنَّانِ وَالْمَنَّانِ فَتَعَجَّبْتُ مِنْ ذٰلِكَ الصَّوْتِ فَیَقُوْلُ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی یَا جِبْرَئِیْلُ اِذْهَبْ اِلٰی مَالِكٍ وَقُلْ لَهٗ اَخْرِجِ الْعَبْدَ الَّذِیْ یُنَادِیْ بِالْحَنَّانِ وَالْمَنَّانِ فَیَذْهَبُ جِبْرَئِیْلُ اِلٰی بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ جَهَنَّمَ فَیَضْرِبُهٗ فَیَخْرُجُ اِلَیْهِ مَالِكٌ فَیَقُوْلُ لَهٗ جِبْرَئِیْلُ اِنَّ اللهَ تَعَالٰی یَقُوْلُ اَخْرِجِ الْعَبْدَ الَّذِیْ یُنَادِیْ بِالْحَنَّانِ وَالْمَنَّانِ فَیَدْخُلُ فَیَطْلُبُهٗ فَلَا یَجِدُهٗ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی- ... کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن م... رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو... نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا توحید کا عقیدہ رکھنے والو... سے کوئی جہنم میں رہے گا؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فر... ہاں! ایک شخص ہوگا' جو جہنم کے کسی گڑھے میں ''یا ح... منان'' پکارے گا' حضرت جبرائیل علیہ السلام اس کی آواز سنیں گے... اس کی آواز پر حیران ہوں گے' پھر وہ کہیں گے: یہ بڑی حیر... بات ہے، بڑی حیرانگی کی بات ہے' یہاں تک کہ وہ رحمٰن... سامنے سجدے میں چلے جائیں گے' تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا... جبرائیل! تم اپنے سر کو اٹھاؤ' تم نے کون سی حیران کن بات... ہے؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ اس بارے میں زیادہ بہتر جانتا... انہوں نے دیکھا تھا۔ تو وہ عرض کریں گے: اے میرے پ... ! میں نے جہنم کے کسی گڑھے سے کسی شخص کو ''یا حنان یا... پکارتے ہوئے سنا ہے۔ تو میں اس آواز پر حیران ہوا ہوں... تعالیٰ فرمائے گا: اے جبرائیل (جہنم کے نگران) ''مالک... پاس جاؤ اور اس سے کہو کہ اس بندے کو نکالو' جو ''یا حنان یا... پکار رہا ہے' تو حضرت جبرائیل علیہ السلام جہنم کے دروازے کے...

(179) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (28)- وابن حبان (7427)- واحمد 378/1- ومسلم (186) (309) في الاي... آخر اهل النار خروجاً- والترمذي (2595) في صفة جهنم: باب (10) مختصراً بنحوه

لِكاً اَعْرَفُ بِاَهْلِ النَّارِ مِنَ الْاُمِّ بِاَوْلَادِهَا فَيَقُوْلُ اِنَّ جَهَنَّمَ زَفَرَتْ زَفْرَةً لَا اَعْرِفُ الْحِجَارَةَ مِنَ الْحَدِيْدِ وَلَا الْحَدِيْدَ مِنَ الرِّجَالِ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَتّٰى يَقَعَ بَيْنَ يَدَيْ الرَّحْمٰنِ سَاجِداً فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَا جِبْرَئِيْلُ لِمَ لَمْ تَجِئْ بِعَبْدِيْ فَيَقُوْلُ اِنَّ مَالِكاً يَقُوْلُ اِنَّ جَهَنَّمَ زَفَرَتْ زَفْرَةً لَا الْحِجَارَةَ مِنَ الْحَدِيْدِ وَلَا اَعْرِفُ الْحَدِيْدَ الرِّجَالِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَا جِبْرَئِيْلُ قُلْ اِنَّ عَبْدِيْ فِيْ قَعْرِ كَذَا وَكَذَا فِيْ بِئْرِ كَذَا فِيْ زَاوِيَةِ كَذَا وَكَذَا فَيَدْخُلُ مَالِكٌ فَيَجِدُهٗ مَنْكُوْساً مَشْدُوْداً نَاصِيَتَهٗ اِلٰى قَدَمِهٖ عَلَيْهِ الْحَيَّاتُ وَالْعَقَارِبُ وَيَجْذِبُهٗ جَذْبَةً تَسْقُطَ عَنْهُ الْحَيَّاتُ وَالْعَقَارِبُ ثُمَّ يَجْذِبُهٗ اُخْرٰى تَنْقَطِعُ عَنْهُ السَّلَاسِلُ وَالْاَغْلَالُ ثُمَّ مِنَ النَّارِ فَيَضْرِبُهٗ فِيْ مَاءِ الْحَيَوَانِ وَيَدْفَعُهٗ جِبْرَئِيْلَ فَيَاخُذُ بِنَاصِيَتِهٖ وَيَمُدُّهٗ مَدًّا فَمَا مَرَّ مَلَاءٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ اِلَّا وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ اُفٍّ لِهٰذَا اُفٍّ لِهٰذَا الْعَبْدِ حَتّٰى يَصِيْرَ بَيْنَ يَدَيْ رَبِّ وَيَخِرُّ جِبْرَئِيْلُ سَاجِداً فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ تَعَالٰى اِرْفَعْ رَاْسَكَ يَا جِبْرَئِيْلُ وَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ عَبْدِيْ اَلَمْ اَخْلُقْكَ بِخَلْقٍ حَسَنٍ اَلَمْ اُرْسِلْ رَسُوْلاً اَلَمْ يَقْرَاْ عَلَيْكَ كِتَابِيْ اَلَمْ يَاْمُرْكَ اَلَمْ حَتّٰى يَقِرَّ الْعَبْدُ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فَلِمَ كَذَا وَكَذَا فَيَقُوْلُ الْعَبْدُ يَا رَبِّ ظَلَمْتُ حَتّٰى بَقِيْتُ فِي النَّارِ كَذَا وَكَذَا خَرِيْفاً لَمْ

جائیں گے، اسے کھنکھٹائیں گے، تو (جہنم کا نگران) ''مالک'' نکل کر باہر آئے گا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام اس سے کہیں گے: بے شک اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے: تم اس بندے کو باہر نکال دو، جو ''یا حنان یا منان'' پکار رہا ہے۔ تو مالک اندر جائے گا اور اسے تلاش کرے گا، لیکن وہ بندہ اسے نہیں ملے گا، حالانکہ مالک اہل جہنم کو اس سے زیادہ بہتر طور پر جانتا ہے، جتنا کہ ماں اپنے بچوں کو جانتی ہے، تو وہ باہر آ کر یہ کہے گا: جہنم اتنی زیادہ بھڑک چکی ہے کہ لوہے کے مقابلے میں پتھر کا اور آدمیوں کے مقابلے میں لوہے کا پتہ نہیں چل رہا۔

حضرت جبرائیل علیہ السلام واپس آئیں گے اور رحمٰن کے سامنے سجدے میں چلے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جبرائیل تم اپنا سر اٹھاؤ تم میرے بندے کو لے کر کیوں نہیں آئے؟ وہ عرض کریں گے: اے میرے پروردگار! مالک یہ کہہ رہا ہے کہ جہنم اتنی زیادہ بھڑک چکی ہے کہ مجھے لوہے کے مقابلے میں پتھر اور آدمی کے مقابلے میں لوہے کی شناخت نہیں ہو رہی ہے، تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جبرائیل تم مالک سے کہو کہ میرا بندہ فلاں، فلاں گڑھے کے اندر فلاں، فلاں گوشے کے اندر ہے (جبرائیل آ کر مالک کو یہ بات بتائیں گے) تو مالک جہنم میں جائے گا اور اس بندے کو پائے گا کہ اسے اوندھا کر کے الٹا لٹکایا گیا ہوگا، اس کی پیشانی اس کے پاؤں کے ساتھ بندھی ہوئی ہے اور سانپ اور بچھو اس پر جمع ہوئے ہیں، مالک اس بندے کو کھینچے گا، یہاں تک کہ تمام سانپ اور بچھو اس سے جھڑ جائیں گے، پھر وہ اسے دوسری مرتبہ ہلائے گا تو اس کی تمام بیڑیاں اور زنجیریں ٹوٹ جائیں گی۔ پھر وہ اسے جہنم سے نکالے گا۔ اور لا کر آبِ حیوان میں ڈال دے گا اور پھر اسے حضرت جبرائیل علیہ السلام کے حوالے کر دے گا تو وہ اسے پیشانی سے پکڑ کر کھینچ کر لے جائیں گے۔ وہ فرشتوں کے جس بھی گروہ

اَقْطَعُ رِجَائِیْ عَنْكَ یَا رَبِّ دَعَوْتُكَ بِالْحَنَّانِ الْمَنَّانِ فَاَخْرَجْتَنِیْ بِفَضْلِكَ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی یَا مَلَائِكَتِیْ اِشْهَدُوْا عَلٰی اَنِّیْ قَدْ رَحِمْتُهُ

کے پاس سے گزریں گے، تو فرشتے یہ کہیں گے: اس بندے پر افسوس ہے اس بندے پر افسوس ہے یہاں تک کہ وہ اس کے پروردگار کے سامنے آ جائیں گے، تو حضرت جبرائیل علیہ السلام سجدے میں چلے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جبرائیل تم سر اٹھاؤ۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے میرے بندے کیا میں نے تمہیں عمدہ طریقے سے پیدا نہیں کیا تھا؟ کیا میں نے تمہاری طرف رسول کو مبعوث نہیں کیا تھا؟ کیا میری کتاب تمہارے سامنے تلاوت نہیں کی گئی تھی؟ کیا اس رسول نے تمہیں حکم نہیں دیا؟ کیا اس نے تمہیں منع نہیں کیا تھا؟ یہاں تک کہ جب بندہ ان باتوں کا اقرار کرے گا، تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: پھر تم نے فلاں فلاں کام کیوں کئے؟ تو بندہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! میں نے اپنے اوپر ظلم کیا، یہاں تک کہ میں اتنے، اتنے سال جہنم میں رہا ہوں، اس کے باوجود تجھ سے میری امید ختم نہیں ہوئی۔ اے میرے پروردگار! میں نے تجھے "یا حنان یا منان" کہہ کر پکارا تو، تو نے اپنے فضل کے ذریعے مجھے باہر نکال لیا، تو اب اپنی رحم کے ذریعے مجھ پر رحم فرما (یعنی مجھے معاف کر دے)۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے فرشتو! تم گواہ ہو جاؤ کہ میں نے اس پر رحم کر دیا (یعنی میں نے اسے معاف کر دیا ہے)

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - اسماعیل بن اسماعیل مقدمی ضریر - ابوعصمہ سعد بن معاذ - شقیق - عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(**180**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ربعی بن حراش کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

(180) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار " ( 381) (الطبع الجدید)- والحصكفی فی " مسند الامام " ( 24)- وابو الطیالسی:56(419)- وابن المبارك فی " الزهد " (1266)- والمتقی الهندی فی " الكنز "(3944) .

متن روایت: يُخْرِجُ اللّٰهُ قَوْماً مِنَ الْمُوَحِّدِيْنَ مِنَ النَّارِ بَعْدَمَا امْتَحَشُوْا فَصَارُوْا فَحْماً فَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ فَيَسْتَغِيْثُوْنَ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى مِمَّا يُسَمِّيْهِمْ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَهَنَّمِيِّيْنَ فَيُذْهِبُ اللّٰهُ عَنْهُمْ ذٰلِكَ

''اللہ تعالیٰ توحید کا عقیدہ رکھنے والے کچھ لوگوں کو جہنم سے نکالے گا' حالانکہ وہ بالکل جل چکے ہوں گے اور کوئلہ بن گئے ہوں گے' پھر اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں داخل کرے گا' تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ فریاد کریں گے: اہل جنت انہیں ''جہنمی'' کہتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ اُن سے اس نام کو ختم کر دے گا۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - زکریا بن یحییٰ نیشاپوری سے ان کی تحریر کے حوالے سے (اور) قبیصہ بن فضل طبری سے سماع کے طور پر - احمد بن عبداللہ بن زیاد - محمد بن خلیل بصری - ابونعامہ' جو ایوب سجستانی کی مسجد کا مؤذن ہے' کے حوالے سے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے قتادہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: انہوں نے اپنی سند کے ساتھ اس کو نقل کیا ہے' جس کے آخر میں یہ ہے ابوحنیفہ کون ہے؟

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابووائل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ وَمِنْهُ السَّلَامُ

''بے شک اللہ تعالیٰ ہی سلامتی عطا کرنے والا ہے اور اسی سے سلامتی عطا ہوتی ہے۔''

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد کوفی - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ جَوَّابٍ التَّيْمِيِّ (عَنِ) الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ :

امام ابوحنیفہ نے - جواب تیمی - حارث بن سوید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِنَّ اِبْلِيْسَ الْاَبَالِسَةِ لَيَتَطَاوَلُ يَوْمَ

بے شک قیامت کے دن ابلیس بھی اپنا سر اٹھا کر دیکھے گا

اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام" ( 119) (120)-(450)-وابن حبان( 1950)-وعبدالرزاق( 3061)-واحمد ... وابن ماجة (899) فى المقدمة:باب ماجاء فى التشهد .

اخرجه الطبرى فى " التفسير" 3/14-والطبرانى فى " الكبير " 215/10(10513)-وفى " الاوسط"(5082)-وكذا اورده الهيثمى فى " مجمع الزوائد" 380/10

الْقِيَامَةِ رِجَاءً اَنْ تَنَالُهُ الشَّفَاعَةُ غَداً مِمَّا يَرٰى مِنَ الشَّفَاعَةِ

اس امید کے تحت کہ کل کو اسے بھی شفاعت نصیب ہو جائے کیونکہ وہ شفاعت کی شان دیکھ لے گا۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوسعد احمد بن عبدالجبار- ابوقاسم علی بن علی- ابوقاسم ثلاج- ابوقاسم بن حسن- حسن بن حماد بن حکیم طالقانی- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- خلف بن یاسین کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(**183**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ جَوَابِ التَّيْمِيِّ (عَنِ) الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ:

متن روایت: كَانَ رَجُلٌ مَعَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ يَخْدِمُهُ فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ قَدِمَ حَتّٰى كَانَ فِي اَصْحَابِ عَبْدِ اللهِ فَقَالَ اَنْتَ الَّذِىْ يَزْعُمُ اَنَّكَ مُؤْمِنٌ حَقًّا قَالَ اَشْهَدُ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى ثَلَاثَةِ مَنَازِلٍ مُظْهِرٌ لِلتَّصْدِيْقِ وَمُسِرٌّ مِثْلَ مَا اَظْهَرَ فَهُوَ مُؤْمِنٌ عِنْدَ اللهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖ وَعِنْدَ النَّاسِ وَمُظْهِرٌ لِلتَّكْذِيْبِ وَمُسِرٌّ مِثْلَ مَا اَظْهَرَ فَهُوَ كَافِرٌ عِنْدَ اللهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖ وَعِنْدَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَمُظْهِرٌ لِلتَّصْدِيْقِ وَمُسِرٌّ لِلتَّكْذِيْبِ فَهُوَ مُنَافِقٌ يَرْضِىْ بِالْاِيْمَانِ

فَقَالَ عَبْدُ اللهِ اَنَا مِمَّنْ يُظْهِرُ الْاِيْمَانَ وَيُسِرُّهٗ

امام ابوحنیفہ نے- جواب تیمی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حارث بن سوید بیان کرتے ہیں:

''ایک شخص حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا' وہ ان کی خدمت کرتا تھا۔ جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا' تو وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگردوں کے پاس آیا' تو اس نے کہا: کیا آپ یہ گمان کرتے ہیں کہ آپ حقیقی مومن ہیں؟ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں لوگوں کی تین قسمیں تھیں: کچھ وہ لوگ تھے جو ظاہری طور پر تصدیق کرتے تھے اور جو چیز وہ ظاہر کرتے تھے ان کے باطن میں بھی وہی تھی تو ایسے لوگ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں' اس کے رسول کے نزدیک' اور لوگوں کے نزدیک مومن شمار ہوتے تھے۔ کچھ وہ تھے جو بظاہر تکذیب کرتے تھے اور ان کے باطن میں بھی وہی تھی' جو وہ ظاہر کرتے تھے' تو یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک' اس کے رسول کے نزدیک اور اہل ایمان کے نزدیک کافر شمار ہوتے تھے' کچھ وہ لوگ تھے جو تصدیق کو ظاہر کرتے تھے اور تکذیب کو پوشیدہ رکھتے تھے' یہ وہ لوگ تھے جو منافق تھے۔ یہ ایمان سے راضی نہیں تھے۔

پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ان لوگوں میں سے تھا جو ایمان کو ظاہر بھی کرتے تھے اور ان کے باطن میں بھی ایمان ہی تھا۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - عبداللہ بن دوست - قاضی عمر بن جعفر بن محمد بن مروان نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے
قاضی اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الرحمن عَنْ رَجُلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - یزید بن عبدالرحمٰن - ایک (نامعلوم) شخص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

روایت: اَلشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ وَالسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهٖ

''بدبخت شخص وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں بدبخت ہو اور خوش نصیب وہ ہے' جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے''۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل احمد بن خیرون - ابوبکر خیاط - ابوعلی - عبداللہ بن دوست - قاضی عمر بن حسن اشنانی - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔
قاضی عمر بن حسن اشنانی' نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَسْوَدٍ عَنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: امیرالمؤمنین حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

روایت: كُنَّا جُلُوْساً عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ دَخَلَ عَلَيْنَا عُوَيْمَرُ اَبُوْ الدَّرْدَاءِ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللهِ اِنِّيْ اَقُوْلُ اَنَا مُؤْمِنٌ حَقًّا فَقَالَ يَا اَبَا الدَّرْدَاءِ لَمْ تَقُلْ حَقًّا كَاَنَّكَ قُلْتَ اَنَا مُؤْمِنٌ بَاطِلاً

''ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' اسی دوران عویمر ابودرداء آئے' تو انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں یہ کہتا ہوں کہ میں درحقیقت مومن ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابودرداء! اگر تم یہ نہ کہو کہ تم درحقیقت (مومن ہو) تو گویا تم یہ کہو گے کہ میں باطل طور پر (مومن ہوں)۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے ابوعبداللہ محمد بن ابوبکر بن محمد بن سلیمان بن کامل' المعروف بہ ''غنجار'' کی کتاب ''تاریخ بخارا'' میں یہ روایت پڑھی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت

اخرجه ابن حبان (6077)-ومسلم (2645) فی القدر: باب كيفية الخلق الآدمی-والحميدی (826)-واحمد 6/4-وابن ابی عاصم فی "السنة" (177)-والطبرانی فی "الكبير" (3037)

-ابوعلی حسن بن یوسف بن یعقوب نے -ابوحفص عمر بن حفص -ابوسعید عطاء بن موسیٰ جرجانی - شداد بن حکیم- امام زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(186)- سندروایت:(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے -ابوزبیر محمد بن مسلم کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ فَاِذَا قَالُوْهَا عَصَمُوْا مِنِّىْ دِمَاءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللهِ تَعَالٰى

''مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کروں' جب تک وہ یہ نہیں کہہ دیتے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' جب وہ یہ کہہ دیں گے' تو وہ مجھ سے اپنی جانیں اور اپنے اموال کو محفوظ کرلیں گے' البتہ ان کے حق کا حکم مختلف ہے اور ان لوگوں کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہوگا۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -علی بن حسین کشی- فتح بن عمرو -حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(187)- سندروایت:(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيِّ:

امام ابوحنیفہ نے -ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيَّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ حَدِّثْنَا عَنْ دِيْنِنَا كَاَنَّنَا وُلِدْنَا لَهُ الْعَمَلُ لِشَىْءٍ جَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيْرُ وَجَفَّتْ بِهِ الْاَقْلَامُ اَمْ لِشَىْءٍ مُّسْتَقْبَلٍ قَالَ لِمَا جَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيْرُ وَجَفَّتْ بِهِ الْاَقْلَامُ قَالَ فَفِيْمَ الْعَمَلُ قَالَ اِعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُّيَسَّرٌ ثُمَّ قَرَاَ

﴿فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى

''انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ ہمیں ہمارے دین کے بارے میں بتائیے کہ یوں جیسے ہم اس کے لئے پیدا ہوئے ہیں (یعنی ہم اس کے بارے میں کچھ نہیں جانتے ہیں) کیا ہم کسی ایسی ہی چیز کے حوالے سے عمل کرتے ہیں' جس کے بارے میں تقدیر کا حکم جاری ہو چکا ہے اور قلم اس کے حوالے سے (تقدیر کا فیصلہ لکھ کر) خشک ہو چکا ہے؟ یا یہ کوئی ایسی چیز ہے جو نئے سرے سے رونما ہوتی ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

(186) اخرجه احمد 300/3-وابن ابى شيبة 123/10-ومسلم(21)(35)-والترمذى(3341)-والنسائى فى"الكبرى" (11670).

(187) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى" الآثار" ( 386)-ومسلم(2648) فى القدر:باب كيفية الخلق الآدمى فى بطن امه-واحمد293/3-والطبرانى فى" الكبير" (6562) .

...رُهٗ لِلْيُسْرٰى وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ... بِالْحُسْنٰى فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى﴾

یہ اس کے مطابق ہے جس کے بارے میں تقدیر کا فیصلہ جاری ہو چکا ہے۔ (یہاں الفاظ میں راوی کو شک ہے) اور اس کے بارے میں قلم خشک ہو چکا ہے۔ اس شخص نے عرض کی: تو پھر عمل کیوں کیا جائے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم عمل کرو کیونکہ ہر شخص کے لئے وہ چیز آسان کردی جاتی ہے، جس کے لئے اسے پیدا کیا گیا ہو، پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی:

''جو شخص دیتا ہے اور پرہیزگاری اختیار کرتا ہے اور اچھائی کی تصدیق کرتا ہے، تو ہم اس کے لئے آسانی کو آسان کردیں گے۔ اور جو شخص بخل کا مظاہرہ کرتا ہے اور بے نیازی اختیار کرتا ہے اور اچھائی کو جھٹلا دیتا ہے، تو ہم اس کے لئے تنگی کو آسان کردیں گے۔''

•••——•••——•••

...محمد بخاری نے یہ روایت - ابوجعفر محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن زیاد اصفہانی - احمد بن رستمہ - محمد بن مغیرہ - حکم بن ایوب - امام ... کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

...انہوں نے یہ روایت قاسم بن عباد (اور) محمد بن حسن بن علی، یہ دونوں ترمذی ہیں - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے ... کے والد (امام ابوحنیفہ) سے نقل کی ہے۔

...انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

...انہوں نے یہ روایت محمد بن عبداللہ (اور) ابن رضوان، ان دونوں نے - حسن بن عثمان - حسن بن زیاد کے حوالے سے، امام ... سے روایت کی ہے۔

...انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

...انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - حسین بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی

...انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ... سے روایت کی ہے

...انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسن بن علی - حسین بن علی - یحییٰ بن حسن - زیاد بن حسین - ان کے والد کے حوالے سے، امام ... سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے بھی نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حمزہ بن حبیب کی تحریر میں یہ بات پڑھی ہے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - احمد بن حسن - عبدالرحیم بن موسیٰ - محمد بن عمیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - علی بن ابراہیم بن عبدالمجید - عمرو بن عوف - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ (وہ بیان کرتے ہیں:) ابوزبیر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے:

سال سراقة بن مالك بن جعشم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اعمرتنا هذه لعامنا ام للابد فقال للابد قال فديننا هذا نعمل فيه لما قد جرت به الاقلام ام لامر مستقبل قال لما جرت به الاقلام والمقادير قال ففيم العمل قال اعملوا وسددوا وقاربوا فكل ميسر لما خلق له ثم قرا (فاما من اعطى واتقى وصدق بحسنى) الآيتين

''حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: کیا ہمارے اس عمرہ کا حکم اسی سال کے لیے مخصوص ہے؟ یا ہمیشہ کے لیے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کے لیے ہے' انہوں نے عرض کی: ہمارا دین' اس میں جو عمل ہم کرتے ہیں' اس کی حیثیت کیا ہے؟ کیا یہ کوئی ایسی چیز ہے' جس کے بارے میں (تقدیر کا حکم جاری ہو چکا ہے' اور) قلم چل چکا ہے؟ یا یہ نئے سرے سے پیدا ہونے والی کوئی چیز ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ یہ ایک ایسی چیز ہے' جس کے بارے میں قلم چل چکا ہے اور تقدیر کا حکم جاری ہو چکا ہے' انہوں نے عرض کی: پھر عمل کیوں کیا جائے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ عمل کرو! ٹھیک رہو میانہ روی اختیار کرو' کیونکہ ہر شخص کے لیے وہ چیز آسان کر دی جاتی ہے' جس کے لیے اس کو پیدا کیا گیا ہو' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت تلاوت کی:

''جو شخص عطا کرے' اور پرہیزگاری اختیار کرے' اور اچھائی کی تصدیق کرے'' (یہ دو آیات تلاوت کیں)۔

انہوں نے یہ روایت - ابن مخلد - سلیمان بن توبہ نہروانی - علی بن یزید انصاری' صدائی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت - ابوعلی محمد بن سعید حرانی - ابوفروہ یزید بن محمد بن سنان نے اپنے والد کے حوالے سے - ان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ - ابوزبیر - حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے:

ساله سراقة بن جعشم فقال يا رسول الله اعمرتنا هذه لعامنا ام للابد قال بل للابد قال فاخبرنا عن ديننا كانما خلقنا اليوم فى اى شىء نعمل ام فى شىء سبقت فيه المقادير وجرت به الاقلام

ء شیء مستانف قال بل شیء سبقت فیه المقادیر وجرت به الاقلام قال ففیما العمل فقال عملوا فکل میسر لما خلق له من کان من اهل الجنة یسر لعمل اهل الجنة ومن کان من اهل النار یسر لعمل اهل النار ثم قرا هذه الآیة (فاما من اعطی واتقی وصدق بالحسنی) الآیتین

وہ بیان کرتے ہیں: حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: کیا ہمارے اس عمرہ کا حکم اسی کے لیے مخصوص ہے؟ یا ہمیشہ کے لیے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کے لیے ہے؛ انہوں نے عرض کی: آپ ہمیں دین (کے نظریہ) کے بارے میں یوں بتائیں جیسے ہم آج ہی پیدا ہوئے ہیں؛ ہم جو عمل کرتے ہیں اس کی حیثیت کیا ہے یہ کوئی ایسی چیز ہے؛ جس کے بارے میں تقدیر کا حکم جاری ہو چکا ہے اور قلم چل چکا ہے؟ یا پھر یہ نئے سرے سے پیدا ہونے والی چیز ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ یہ ایک اسی چیز ہے''جس کے بارے میں تقدیر کا حکم جاری ہو چکا ہے اور قلم چل چکا ہے انہوں نے عرض کی: پھر عمل کیوں کیا جائے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ عمل کرو! کیونکہ ہر شخص کے لیے وہ چیز آسان کر دی ہے جس کے لیے اس کو پیدا کیا گیا ہو؛ جو شخص اہل جنت میں سے ہوگا؛ اس کے لیے اہل جنت کا سا عمل آسان کر دیا جائے گا اور جو شخص اہل جہنم میں سے ہوگا؛ اس کے لیے اہل جہنم کا سا عمل آسان کر دیا جائے گا؛ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی:

''جو شخص عطا کرے؛ اور پرہیز گاری اختیار کرے؛ اور اچھائی کی تصدیق کرے'' (یہ دو آیات تلاوت کیں)۔

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت - ابوالفضل احمد بن حسن ابن خیرون - ابوعلی احمد بن حسن بن شاذان - قاضی ابونصر احمد - محمد بن نصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے؛ امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے انہوں نے اس کو اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے؛ اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں؛ لیکن مضمون یہی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوغنائم محمد بن علی بن حسن - ابوحسن محمد بن زرقویہ - ابوسہل محمد بن احمد بن عبداللہ بن زیاد قطان - بشر بن موسیٰ اسدی - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے؛ امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت شیخ ابوحسین - حسن - محمد - ابوعلی ابن سعید حرانی - ابوفروہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - سابق کے حوالے سے؛ امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت شیخ ابوسعید محمد بن عبدالملک اسدی - ابوحسین بن قشیش - ابوبکر ابہری (اور) شیخ ابوطالب بن یوسف - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ حرانی - انہوں نے اپنے دادا عمر بن ابوعمر - امام محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے؛ امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ جس کے الفاظ اور مضمون قریب قریب ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت - ابوحسین محمد بن علی بن محمد بن مہتدی باللہ - ابواحمد فرضی - ابوحسن علی ابن حسن محمد بن احمد بن یزید ریاحی - ابوبکر محمد بن احمد ابوعوام - انہوں نے اپنے والد ابوعوام احمد بن یزید - امام محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے؛ امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں ایک اور مقام پر - قاضی محمد بن علی بن محمد بن مہتدی باللہ - ابواحمد بن ابومسلم فرضی -

ابوحسن علی بن احمد بن محمد بن احمد بن یزید ریاحی - ابوبکر محمد بن احمد ابوعوام - انہوں نے اپنے والد ابوعوام احمد بن یزید - امام محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - اپنے والد محمد بن خالد بن خلی - ان کے والد خالد بن خلی - احمد بن خالد وہبی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقلکیا ہے۔

(**188**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اِذَا طَلَعَ النَّجْمُ رُفِعَتِ الْعَاهَةُ عَنْ اَهْلِ كُلِّ بَلَدَةٍ

"جب ستارہ طلوع ہوتا ہے تو ہر شہر والے سے آفت کو اٹھا لیا جاتا ہے۔"

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن اسحاق بن عثمان سمساری - جمعہ بن عبداللہ سلمی - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت - عبداللہ بن محمد بن علی بلخی - محمد بن ابان - وکیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) - سہل بن بشر (اور) محمد بن عبداللہ بن محمد سعدی - یحییٰ بن جعفر - وکیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے بھی نقل کی ہے

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) - صالح بن احمد بن ابومقاتل قیراطی - عیسیٰ بن یوسف طباع - محمد بن ربیعہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سےبھی نقل کیہے

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) - احمد بن ابوصالح بلخی - محمد بن خشنام - مصعب بن مقدام - داؤد طائی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے بھی نقل کی ہے

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) - قبیصہ بن فضل بن عبدالرحمٰن طبری - زکریا بن یحییٰ - یاسین بن نضر (اور) ابراہیم بن عبداللہ سعدی - مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - عبداللہ بن احمد بن بہلول وہ بیان کرتے ہیں: میں نے

(188) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (917) - واحمد 341/2 - والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (2287) - والطبراني في "الاوسط" (1327) - والبزار (1292 .كشف الاستار) - وابو نعيم في "تاريخ اصفهان" 121/1

اپنے دادا کی تحریر میں یہ بات پڑھی ہے: انہوں نے اس روایت کو اپنے والد اور قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) -ابوعبدہ محمد بن عبداللہ بن شریح - احمد بن عبدالجبار - یونس بن بکیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) - احمد بن محمد بن سعید - یحییٰ بن زکریا بن سفیان - عیسیٰ بن عبدالرحیم کندی - سلط بن بحیح کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) - محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) - محمد بن عبداللہ سعدی - حسن بن عثمان - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) - عبداللہ بن عبید اللہ بن شریح - علی بن سلمہ - عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(اس کے علاوہ انہوں نے یہ روایت) - محمد بن خزیمہ بخاری - محمد بن یحییٰ - ابوعمر مکی - سفیان بن عیینہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد بن بقانے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن ابومقاتل - عیسیٰ بن یوسف طباع - محمد بن ربیعہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - ابراہیم بن اسحاق زہری - جعفر بن عون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن مخلد - محمد بن غالب - محمد بن ربیعہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - سعید بن ایوب - مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسحاق بن محمد بن مروان نے اپنے والد کے حوالے سے - مصعب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن مخلد - علی بن ابراہیم واسطی - یزید ابن ہارون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابویعقوب اسحاق بن عبداللہ بن سلمہ کوفی - حسن بن محمد بن صباح - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت - محمد بن محمد بن سلیمان باغندی - شعیب بن ایوب - مصعب بن مقدام - داؤد طائی کے حوالے سے امام

ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسحاق بن عبداللہ بن سلمہ - ابراہیم بن ابوعنبس - جعفر بن عون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعبداللہ حسین بن حسن بن عبدالرحمٰن انطا کی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابوبکر خطیب بغدادی - ابوسعید محمد بن موسیٰ بن فضل بن شاذان - ابوعباس محمد بن یعقوب بن اصم - احمد بن عبدالجبار عطاردی - یونس بن بکیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اپنے والد محمد بن خالد - انہوں نے اپنے والد خالد بن خلی - محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - شیخ ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - قاضی ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسین بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد بن حسن بن علی جوہری - ابوحسین محمد بن مظفر - ابویعقوب اسحاق بن عبداللہ بن سلمہ کوفی کے حوالے سے اسی سند کے ساتھ نقل کی ہے جس کا ذکر ہم ''مسند مظفر'' میں پہلے کر چکے ہیں۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسین بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - ابوحسن - محمد بن محمد بن سلیمان - شعیب بن ایوب - مصعب بن مقدام - داؤد طائی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسین صیرفی - ابومحمد جوہری - ابوحسن - اسحاق بن عبداللہ - ابراہیم بن ابوعنبس - جعفر بن عون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسین صیرفی - ابومحمد جوہری - ابوحسین - ابوعبداللہ حسین بن حسن بن عبدالرحمٰن انطا کی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقلکیا ہے
انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے (وہاں بھی) انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے

(**189**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنِ النَّظْرِ فِي النُّجُوْمِ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے علم نجوم میں غور و فکر کرنے سے (یعنی اس علم کو سیکھنے سے) منع کیا ہے''۔

(189) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في " مسند الامام" (464)-والبيهقي في "شعب الايمان" (5198)-والخطيب في "تاريخ بغداد" 133/6-والطبراني في " الاوسط" (8178)-واورده الهيثمي " مجمع الزوائد" 116/5 .

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابوربیع ترمذی - سعید بن نصر مخزومی - عبداللہ بن واقد حرانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

190 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوزبیر کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: قُلْتُ لِجَابِرٍ اَكُنْتُمْ تَعُدُّوْنَ الذُّنُوْبَ شِرْكًا قَالَ لَا قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ هَلْ فِیْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ ذَنْبٌ يَبْلُغُ الْكُفْرَ قَالَ لَا اِلَّا الشِّرْكَ

''میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا آپ لوگ گناہوں کو شرک سمجھتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کہ کیا اس امت میں کوئی گناہ کفر تک پہنچتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں! صرف شرک ایسا گناہ ہے (جو کفر تک پہنچتا ہے)

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - جبہان بن ابوحسن فرغانی - احمد بن حرب نیشاپوری - حفص بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد بقاء نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - علی بن محمد بن عبید - محمد بن عثمان - یحییٰ بن منہال - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ - ابوزبیر کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دوسرے لفظوں میں نقل کیا ہے: (ابوزبیر کہتے ہیں:)

جابر لم یکن یعد المنافق مشرکاً ولا النفاق شرکاً

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ منافق کو مشرک اور نفاق کو شرک قرار نہیں دیتے تھے''

191 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: جَعَلَ اللهُ لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءً فَاِذَا اَصَابَ الدَّاءَ دَوَاءَهٗ بَرِءَ بِاِذْنِ اللهِ تَعَالٰى

''اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کے لئے ایک دوا بنائی ہے، جب بیماری، دوا تک پہنچ جاتی ہے، تو وہ (بیمار شخص) اللہ کے حکم سے ٹھیک ہو جاتا ہے''۔

190) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في '' مسند الامام''(8)-وابو يعلى ( 2317)-واورده الهيثمي في'' مجمع الزوائد'' 107/1-وابن حجر في'' المطالب العالية'' (2976) .

191) اخرجه ابن حبان ( 6063)-واحمد 335/3-ومسلم(2204) في السلام: باب لكل داء دواء واستحباب التداوي-والنسائي في الطب كما في التحفة 310/2-والحاكم في المستدرك 401/4-والبيهقي في '' السنن الكبرى'' 343 .

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - موسیٰ بن افلح بن خالد بخاری - ابوحذیفہ اسحاق بن بشر بخاری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**192**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ:

متنِ روایت: جَاءَ يَهُوْدِيٌّ اِلٰى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ اَرَاَيْتَ قَوْلَهُ تَعَالٰى

﴿وَسَارِعُوْا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالْاَرْضُ﴾

فَاَيْنَ النَّارُ قَالَ عُمَرُ لِاَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَجِيْبُوْهُ فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُمْ فِيْهَا شَيْءٌ قَالَ عُمَرُ اَرَاَيْتَ النَّهَارَ اِذَا جَاءَ اللَّيْلُ مَلَاَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ قَالَ بَلٰى قَالَ فَاَيْنَ الْآخَرُ قَالَ فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى قَالَ عُمَرُ (رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) فَكَذٰلِكَ النَّارُ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَالَ الْيَهُوْدِيُّ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اَنَّهٗ لَفِيْ كِتَابِ اللّٰهِ الْمُنَزَّلِ كَمَا قُلْتَ

امام ابوحنیفہ نے - قیس بن مسلم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: طارق بن شہاب بیان کرتے ہیں:

"ایک یہودی حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور بولا: اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔

(ارشاد باری تعالیٰ ہے) "تم اپنے پروردگار کی مغفرت اور جنت کی طرف تیزی سے جاؤ جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین کے برابر ہے۔"

تو پھر جہنم کہاں ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کے اصحاب سے کہا: تم لوگ اسے جواب دو لیکن اُن کے پاس اس بارے میں کوئی جواب نہیں تھا۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (اس یہودی سے) فرمایا: دن کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟ کہ جب رات آ جاتی ہے تو آسمانوں اور زمین کو بھر دیتی ہے؟ اس شخص نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: پھر دوسرا (یعنی دن) کہاں جاتا ہے؟ اس شخص نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جہنم کا معاملہ بھی اسی طرح ہے، جہاں اللہ تعالیٰ چاہے گا (وہ وہاں ہوگی) تو اس یہودی نے کہا: اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے، اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب میں بھی اسی طرح تحریر ہے جس طرح آپ نے جواب دیا ہے۔

•••——•••——•••

(192) قال السیوطی فی " الدر المنثور "2/315-

-- واخرج عبد بن حمید وابن جریر وابن المنذرعن طارق بن شهاب: ان ناساً من الیهود سالوا عمر بن الخطاب عن جنة عرضها السماوات والارض فاین النار؟فقال عمر: اذا جاء اللیل فاین النهار؟ واذا جاء النهاراین اللیل؟فقالوا: لقد نزعت مثلها من التوراة .

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ابوعلی بن شاذان- قاضی ابونصر بن اشکاب- عبد اللہ بن جابر- اسماعیل بن توبہ قزوینی- محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

193- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِیِّ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

امام ابوحنیفہ نے- ہیثم- عامر شعبی کے حوالے سے' حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے: انہوں نے کوفہ کے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا:

متن روایت: اَنَّهٗ خَطَبَ النَّاسَ عَلٰی مِنْبَرِ الْكُوْفَةِ فَقَالَ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ یُؤْمِنْ بِالْقَدْرِ خَیْرِهٖ وَشَرِّهٖ

''وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے' جو اچھی یا بری (ہر قسم کی) تقدیر پر ایمان نہیں رکھتا ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- بشر بن موسیٰ- مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوغنائم محمد بن ابوعثمان- ابوحسن بن زرقویہ- ابوسہل احمد بن محمد بن ...ن- بشر بن موسیٰ- ابوعبداللہ مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

194- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے- نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اَلْقَدْرِیَّةُ مَجُوْسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ [وَهُمْ شِیْعَةُ الدَّجَّالِ]

''قدریہ کے فرقے کے لوگ اس امت کے مجوسی ہیں' اور یہ دجال کا گروہ ہیں''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- عبداللہ بن جامع حلوانی مقری- حمید بن جامع- ہشام بن عمار- محمد بن زید بن مذحج کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

195- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ یَزِیْدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّالَانِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ

امام ابوحنیفہ نے- یزید بن عبدالرحمٰن دالانی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

---

193) اخرجه ابن حبان (178)- والحاكم فی "المستدرك" 32/1- والطیالسی (106)- ومن طریقه الترمذی (2145) فی القدر: باب ماجاء فی الایمان بالقدر خیره وشره- واحمد 97/1

194) اخرجه الحافظ صدر الدین الحصكفی فی "مسند الامام" (18)- وابو داؤد (4691) فی السنة: باب فی القدر- ومن طریقه الحاكم فی "المستدرك" 85/1- واحمد 86/2- والبخاری فی "تاریخ الكبیر" 341/2

اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:
متن روایت: تَكُوْنَ النُّطْفَةُ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ تَكُوْنُ مُضْغَةً اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ يُنْشِئُهُ اللّٰهُ خَلْقاً آخَرَ فَيَقُوْلُ الْمَلِكُ اَىْ رَبِّ اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثٰى اَسَعِيْدٌ اَمْ شَقِيٌّ مَا اَجَلُهُ مَا رِزْقُهُ مَا اَثَرُهُ فَيَكْتُبُ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهٖ فَالسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهٖ وَالشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ

نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''نطفہ چالیس دن تک (نطفے کی شکل میں) رہتا ہے چالیس دن تک وہ گوشت کا لوتھڑا بن جاتا ہے' پھر اللہ تعالیٰ سے دوسری تخلیق کرتا ہے (یعنی اس میں روح پھونکی جاتی ہے) فرشتہ کہتا ہے: میرے پروردگار! یہ لڑکا ہوگا یا لڑکی ہوگی نصیب ہوگا یا بد بخت ہوگا، اس کی زندگی کتنی ہوگی، اس کا رزق ہوگا اور اس کا اثر کتنا ہوگا؟ تو جو اللہ تعالیٰ اس نطفے کے بارے میں ارادہ کرتا ہے اس کو فرشتہ نوٹ کر لیتا ہے' تو وہ شخص نصیب ہے' جو دوسرے سے نصیحت حاصل کرے اور وہ بدنصیب ہے' جو ماں کے پیٹ میں ہی بدنصیب ہو۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعبداللہ محمد بن مخلد- بشر بن موسیٰ- ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ابوعلی ابن شاذان- قاضی بن اشکاب- عبداللہ بن طاہر قزوینی- اسماعیل بن توبہ قزوینی- محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

**(196)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:
متن روایت: يَجِيْءُ قَوْمٌ يَقُوْلُوْنَ لَا قَدَرَ ثُمَّ يَخْرُجُوْنَ مِنْهُ اِلَى الزَّنْدَقَةِ فَاِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَلَا تُسَلِّمُوْا عَلَيْهِمْ وَاِنْ مَرِضُوْا فَلَا تَعُوْدُوْهُمْ وَاِنْ مَاتُوْا فَلَا تَشْهَدُوْا جَنَائِزَهُمْ فَاِنَّهُمْ شِيْعَةُ الدَّجَّالِ وَمَجُوْسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُلْحِقَهُمْ بِهٖ

امام ابوحنیفہ نے- نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:
'' کچھ لوگ آئیں گے جو یہ کہیں گے کہ تقدیر کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور پھر (وہ دین سے) نکل کر زندیقیت کی طرف چلے جائیں گے' جب تمہاری اُن سے ملاقات ہو تو انہیں سلام نہ کرو اور اگر وہ بیمار ہوں' تو تم ان کی عیادت کے لئے نہ جاؤ اور اگر وہ مر جائیں' تو تم ان کے جنازے میں شریک نہ ہو' کیونکہ وہ دجال کا گروہ ہوں گے اور اس امت

(195) اخرجه ابن حبان (6177)- ومسلم (2645)- والآجری فی '' الشريعة '' 183- والحميدی (826)- واحمد 6/4- وابن ابی عاصم فی '' السنة '' (177)- والطبرانی فی '' الكبير '' (3036).

(196) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفی فی '' مسند الامام '' (19)- وقد مر فی (193).

مجوسی ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ پر یہ بات لازم ہے کہ اُن (قدریہ فرقے کے) لوگوں کو اُس (دجال) کے ساتھ ملا دے۔"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابراہیم بن محمد بن ناصح بن نومرد - محمد بن عیسیٰ دامغانی - احمد بن ابوظبیہ حرانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابومحمد بخاری کہتے ہیں: یہ روایت ایک اور سند کے ساتھ بھی امام ابوحنیفہ کے حوالے سے ہیثم اور نافع سے منقول ہے' تاہم اس روایت میں انہوں نے اس کا ذکر نہیں کیا۔

197) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءِ الطَّائِفِيِّ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيْدٍ عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ان النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - یعلی بن عطاء طائفی - عمارہ بن حدید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا

"اے اللہ! میری امت کے صبح کے کاموں میں برکت رکھ دے۔"

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابوغالب مبارک بن ابویاسر عبدالوہاب بن محمد بن منصور - ابوبکر احمد بن حسین بن کیلان - ابوقاسم حرقی - حبیب بن حسن بن داؤد قزاز - جعفر بن محمد بن حسین - یعقوب بن حمید بن کاسب - حاتم بن اسماعیل کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

198) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءِ الطَّائِفِيِّ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيْدٍ عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - یعلی بن عطاء طائفی - عمارہ بن حدید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ

"اے اللہ! تو میری امت کی' اُن چیزوں میں برکت رکھ دے' جو تو نے انہیں رزق عطا کیا ہے۔"

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن محمد بن سعید - جعفر بن محمد بن حسین - یعقوب بن حمید بن کاسب - حاتم

197) اخرجه ابن حبان (4755) - والطيالسي (1242) - واحمد 416/3 - والدارمي 214/2 - وابو القاسم البغوي في " الجعديات" (2557) - والطبراني في " الكبير " (7275) - والبيهقي في " السنن الكبرى" 151/9

198) وهو الحديث السابق

بن اسماعیل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(199)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے- سالم بن عبداللہ بن عمر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْقَدَرِیَّةَ وَقَالَ مَا مِنْ نَبِیٍّ بَعَثَهُ اللهُ تَعَالٰی اِلَّا حَذَّرَ اُمَّتَهٗ مِنْهُمْ وَلَعَنَهُمْ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قدریہ کے فرقے کے لوگوں پر لعنت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جس بھی نبی کو مبعوث کیا' اس نے اپنی امت کو ان لوگوں سے ڈرایا ہے' اور ان لوگوں پر لعنت کی ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن یزید کلاباذی- حمید بن فروہ- ابوحذیفہ اسحاق بن بشر بخاری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(200)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ زِرٍّ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ (عَنِ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- زر- سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں:

متن روایت: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِجِبْرِیْلَ مَالَكَ لَا تَزُوْرُنَا فَاَنْزَلَ اللهُ تَعَالٰی ﴿وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ لَهٗ مَا بَیْنَ اَیْدِیْنَا وَمَا خَلْفَنَا﴾ الْآیَةُ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے کہا: کیا وجہ ہے کہ تم ہمیں ملنے کے لئے نہیں آئے؟ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی: ''ہم تمہارے پروردگار کے حکم کے مطابق ہی نازل ہوتے ہیں ہمارے آگے اور پیچھے جو کچھ بھی ہے' وہ اسی کی ملکیت ہے۔''

•••——•••——•••

ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن علی بن محمد خطیب- محمد بن احمد خطیب- علی بن ربیعہ- حسن بن رشیق- محمد بن حفص- صالح بن محمد ترمذی- حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(201)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَمَّنْ حَدَّثَهٗ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے' ایک شخص کے حوالے سے یہ روایت نقل

(199) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في " مسند الامام" (20)- والطبراني في " الاوسط" كما في " مجمع الزوائد" 205/7- وقد مر في (193) .

(200) اخرجه احمد 231/1- والترمذي (3158)- والبخاري (3218)- وفي " خلق افعال العباد" (574)- والطبراني في " الكبير" (12385)- والحاكم في " المستدرك" 611/2- والبيهقي في " الاسماء والصفات" 215 .

عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: مَنْ اَذْنَبَ ذَنْبًا فَعُوْقِبَ بِهٖ فِی الدُّنْیَا فَاللّٰهُ تَعَالٰی اَعْدَلُ مِنْ اَنْ یُّثْنِیَ عُقُوْبَتَهٗ عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرَةِ وَمَنْ اَذْنَبَ ذَنْبًا فِی الدُّنْیَا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَعَفَا عَنْهُ فَاللّٰهُ تَعَالٰی اَكْرَمُ مِنْ اَنْ یَّعُوْدَ فِیْ شَیْءٍ قَدْ عَفَا عَنْهُ

کی ہے، جس نے انہیں یہ روایت بیان کی ہے: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی گناہ کا ارتکاب کرے اور پھر دنیا میں اسے اس کی سزا دے دی جائے، تو اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ عادل ہے۔ کہ وہ آخرت میں اس کو دوبارہ اس گناہ کی سزا دے۔ اور جو شخص دنیا میں کسی گناہ کا ارتکاب کرلے اور پھر اللہ تعالیٰ اس کی پردہ پوشی کرے اور اسے درگزر فرما دے، تو اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ معزز ہے کہ وہ کسی ایسی چیز کے بارے میں دوبارہ (اس کو سزا دے) جسے وہ معاف کر چکا ہو''

•••——•••——•••

قاضی محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ہبۃ اللہ بن مبارک حنبلی - اسماعیل بن یحییٰ بن حسین - حسن بغدادی - ابوبکر بن مالک قطیعی - عبداللہ بن احمد بن حنبل - ان کے والد امام احمد بن حنبل - ابوشجاع - یونس بن اسحاق کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

202- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ عَنْ اَبِیْهِ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اِذَا كَانَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ سَجَدَتْ اُمَّتِیْ مِنْ بَیْنِ الْاُمَمِ سُجُوْدًا طَوِیْلًا فَیُقَالُ ارْفَعُوْا رُءُوْسَكُمْ فَقَدْ جَعَلْتُ عِدَّتَكُمْ مِنَ الْیَهُوْدِ وَالنَّصَارٰی فِدَاءَكُمْ مِنَ النَّارِ

امام ابوحنیفہ نے - ابوبردہ بن ابوموسیٰ اشعری - ان کے والد حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب قیامت کا دن ہوگا تو میری امت دیگر تمام امتوں کے درمیان میں طویل سجدے میں گر جائے گی تو یہ کہا جائے گا کہ تم لوگ اپنے سروں کو اٹھاؤ۔ کیونکہ میں نے تمہاری تعداد جتنے یہودیوں اور عیسائیوں کو تمہارے فدیے کے طور پر جہنم میں ڈال دیا ہے۔''

•••——•••——•••

(201) اخرجه احمد 99/1-وابن ماجة (2604)-والترمذی (2626)-والبزار (482)-والطبرانی فی "الصغیر" (46)-والحاکم فی "المستدرك" 445/2

(202) اخرجه احمد 410/4-ومسلم (2767) (49)-وابو نعیم فی "تاریخ اصفهان" 80/2-والبیهقی فی "شعب الایمان" (375)-وفی "البعث والنشور" (90)

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد (اور) صالح بن احمد قیراطی' ان دونوں نے - محمد بن اسحاق بکائی - عون بن جعفر معلم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن اسحاق قاری - عون بن جعفر معلم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' دوسرے لفظوں میں بھی روایت کی ہے' (جو درج ذیل ہیں:)

**قال اذا كان يوم القيامة يعطى كل رجل من المسلمين رجلاً من اليهود والنصارى فيقال هذا فداؤك من النار**

''انہوں نے فرمایا: قیامت کے دن ہر مسلمان کو ایک یہودی یا عیسائی دیا جائے گا' اور یہ کہا جائے گا: یہ جہنم (سے بچنے کے لیے) تمہارا فدیہ ہے''

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - احمد بن حازم - ابوبکر مکتب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' تیسری (قسم کے الفاظ میں) روایت کی ہے: (جو درج ذیل ہیں:)

**قال اذا كان يوم القيامة دفع الى كل رجل من هذه الامة رجل من اهل الكتاب فقيل له هذا فداؤك من النار**

''انہوں نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا' تو اس امت کے ہر فرد کو اہل کتاب سے تعلق رکھنے والا ایک شخص دیا جائے گا' اس سے یہ کہا جائے گا: یہ جہنم (سے بچنے کے لیے) تمہارا فدیہ ہے''

انہوں نے یہ روایت محمد بن منذر ہروی - ابوعزرہ - ابومحمد مکتب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے چوتھی (قسم کے الفاظ میں) روایت کی ہے: (جو درج ذیل ہیں:)

**قال ان هذه الامة امة مرحومة عذابها بايديها اذا كان يوم القيامة دفع الى كل رجل من المسلمين رجل من اهل الشرك او الذمة فيقال هذا فداؤك من النار**

''انہوں نے فرمایا: یہ امت' امت مرحومہ ہے' اس کا عذاب اس کے سامنے ہوگا' جب قیامت کا دن ہوگا' تو مسلمانوں کے فرد کو اہل شرک یا اہل ذمہ (یعنی اہل کتاب) سے تعلق رکھنے والا ایک شخص دیا جائے گا' اور اس سے یہ کہا جائے گا: یہ جہنم (سے بچنے کے لیے) تمہارا فدیہ ہے''

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن سیار - عون بن جعفر معلم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے پہلی روایت کے الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - محمد بن اسحاق بکائی - عون ابن جعفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت - احمد ابن محمد بن سعید - احمد بن حازم - ابومحمد مکتب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے تیسری روایت کے

الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت - ابوعباس بن عقدہ - احمد بن حازم - ابومحمد مکتب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے چوتھی روایت کے الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابن کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - محمد بن عبداللہ بن سلیمان حضرمی - محمد بن علاف - عون بن جعفر مکتب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

قاضی اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے

203)- سندروایت: (اَبُـوْ حَـنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِىَ اللهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: عَرْشُ اِبْلِيْسَ عَلَى الْبَحْرِ فَيَبْعَثُ سَرَايَاهُ فَيَفْتِنُوْنَ النَّاسَ فَاَعْظَمُهُمْ عِنْدَهُ اَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً

''ابلیس کا تخت سمندر پر ہوتا ہے اور وہ اپنے لشکر بھیجتا ہے۔ جو لوگوں کو آزمائش کا شکار کرتے ہیں' تو ابلیس کے نزدیک ان میں زیادہ قریبی وہ شخص ہوتا ہے' جو زیادہ بڑی آزمائش کا شکار کرتا ہے۔''

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ہناد نسفی - ابوعبداللہ حسین بن مہدی خطیب ایلی - ابوعلی احمد بن حسین بن احمد - محمد بن عثمان بن ابوشیبہ - حسین بن عبدالاوّل - مصعب بن مقدام - مقدام کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

204)- سندروایت: (اَبُـوْ حَـنِيْـفَةَ) عَـنْ عَـطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - عطیہ عوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى ﴿عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَاماً مَّحْمُوْداً﴾

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''عنقریب تمہارا پروردگار تمہیں مقام محمود پر فائز کرے گا۔''

قَالَ اَلْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ اَلشَّفَاعَةُ يُعَذِّبُ اللهُ تَعَالٰى قَوماً مِنْ اَهْلِ الْاِيْمَانِ بِذُنُوْبِهِمْ ثُمَّ يُخْرِجُهُمْ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: مقام محمود سے مراد شفاعت ہے' اللہ تعالیٰ اہل ایمان سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کو ان

---

203) اخرجه احمد3/332-ومسلم(2153)-وعبد بن حميد(1033)-وابو يعلى (1909)-وابن حبان(6187) .

204) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفى فى '' مسند الامام''(25)-والترمذى(3148) فى التفسير :باب ومن سورة بنى اسرائيل-وابو يعلى(1097)-ومسلم(185) فى الايمان :باب اثبات الشفاعة واخراج الموحدين من النار-واحمد5/3

بِشَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ فَيُؤْتٰى بِهِمْ نَهْرًا يَقَالُ لَهُ الْحَيَوَانُ فَيَغْتَسِلُوْنَ فِيْهِ ثُمَّ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ فَيُسَمُّوْنَ الْجَهَنَّمِيُّوْنَ ثُمَّ يَطْلُبُوْنَ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَيُذْهِبُ عَنْهُمْ ذٰلِكَ الْاِسْمَ

کے گناہوں کی وجہ سے عذاب دے گا' پھر وہ حضرت محمد ﷺ کی شفاعت کی وجہ سے ان لوگوں کو (جہنم سے) نکالے گا' پھر ان لوگوں کو ایک نہر کے پاس لایا جائے گا' جس کا نام حیوان ہے وہ لوگ اس میں غسل کریں گے' پھر وہ جنت میں داخل ہوں گے' تو انہیں جہنمیوں کا نام دیا جائے گا' پھر وہ اللہ تعالیٰ سے درخواست کریں گے' تو اللہ تعالیٰ ان سے یہ نام ختم کروادے گا۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد - قاسم بن محمد - محمد بن محمد - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

اور انہوں نے یہ روایت قبیصہ بن فضل - اسحاق بن ابراہیم - سعید بن صلت کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

اور انہوں نے یہ روایت صالح بن محمد کے حوالے سے بغداد میں ''درب ابوہریرہ'' میں - محمد بن معاویہ - حسین بن حسن بن عطیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابراہیم بن علی ترمذی - عمر بن نوح - ابوسعد صغانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی حافظ - یحییٰ بن موسیٰ - ابوسعد صغانی - امام ابوحنیفہ - عطیہ کے حوالے سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے: ابومحمد بخاری کہتے ہیں: صالح کی نقل کردہ روایت کے الفاظ یہ ہیں:

قال فی قوله تعالی (عسی ان یبعثك ربك مقاماً محموداً) قال یخرج الله تعالی قوماً من النار من اهل الایمان والقبلة بشفاعة محمد صلی الله علیه وآله وسلم فذلك المقام المحمود فیوتی بهم نهراً یقال له الحیوان فیلقون فیه فینبتون کما ینبت الثعاریر ثم یخرجون منه فیدخلون الجنة فیسمون فیها الجهنمیون ثم یطلبون علی الله تعالی ان یذهب عنهم ذلك الاسم فیذهبه عنهم

''اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

''عنقریب تمہارا پروردگار تمہیں مقام محمود پر فائز فرمادے گا''

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:) اللہ تعالیٰ اہل ایمان اور اہل قبلہ سے تعلق رکھنے والے (بہت سے افراد کو) حضرت محمد ﷺ کی شفاعت کی وجہ سے جہنم سے نکالے گا' تو یہ مقام محمود ہے' ان لوگوں کو ایک نہر کے پاس لایا جائے گا جس کا نام حیوان ہے' انہیں اس میں ڈالا جائے گا تو وہ یوں پھوٹ پڑیں گے' جیسے سیلابی پانی کی گزرگاہ میں خودرو پودے اگ جاتے ہیں' پھر وہ لوگ اس (نہر) میں سے نکلیں گے اور جنت میں داخل ہونگے' جنت میں ان کا نام ''جہنمی لوگ'' رکھا جائے گا تو وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کریں گے کہ ان

کے اس نام کو ختم کر دیا جائے' تو وہ ان کے اس نام کو ختم کروا دے گا''

ابومحمد بخاری کہتے ہیں: یہ حدیث امام ابوحنیفہ کے حوالے سے ایک جماعت نے روایت کی ہے: (جن کے اسماء درج ذیل ہیں)

ان میں سے ایک حمزہ بن حبیب ہیں - انہوں نے احمد بن محمد - فاطمہ بنت محمد - ان کے والد کے حوالے سے اس کو نقل کیا ہے حمزہ کی تحریر میں اسی طرح ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقلکیا ہے

ان میں سے ایک حسن بن فرات ہیں - انہوں نے احمد بن محمد - حسن بن علی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - حسین بن علی کی تحریر سے اس کو نقل کیا ہے (جس میں یہ مذکور ہے: یہ روایت) - یحییٰ بن حسین نے - زیاد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک زفر ہیں - انہوں نے زکریا بن یحییٰ اصفہانی - احمد بن رشتہ - محمد بن مغیرہ - حکم بن ایوب - امام زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک عبداللہ بن زبیر ہیں - انہوں نے احمد بن محمد - جعفر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - عبدالرحمٰن بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔۔

امام ابومحمد بخاری بیان کرتے ہیں: شیخ صالح بن احمد قیراطی نے - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم - امام ابوحنیفہ کے حوالے سے عطیہ کا بیان نقل کیا ہے:

قال سالت ابا سعید الخدری عن هذه الآیة (ومن اللیل فتهجد به نافلةً لك عسی ان یبعثك ربك مقاماً محموداً) قال المقام المحمود الشفاعة یعذب الله عز وجل قوماً من اهل الایمان بذنوبهم ثم یخرجهم بشفاعة محمد صلی الله علیه وآله وسلم فیوتی بهم نهراً یقال له الحیوان فیغتسلون فیه فینبتون مثل الثعاریر ثم یدخلون الجنة فیسمون فی الجنة الجهنمیون ثم یطلبون الی الله تعالی فیذهب عنهم ذلك الاسم

''وہ (یعنی عطیہ) بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا: (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

''اور رات میں کچھ دیر تم تہجد ادا کرو' یہ تمہارے لیے نفل ہوگی' عنقریب تمہارا پروردگار تمہیں مقام محمود پر فائز کرے گا''

تو (حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: مقام محمود سے مراد شفاعت ہے'

اللہ تعالیٰ اہل ایمان سے تعلق رکھنے والے (بہت سے) افراد کو' ان کے گناہوں کی وجہ سے عذاب دے گا' پھر انہیں حضرت محمد ﷺ کی شفاعت کی وجہ سے جہنم سے نکالے گا' ان لوگوں کو ایک نہر کے پاس لایا جائے گا' جس کا نام حیوان ہے' وہ اس میں غسل کریں گے' تو وہ یوں پھوٹ پڑیں گے' جیسے سیلابی پانی کی گزرگاہ میں خودرو پودے اگ جاتے ہیں' پھر وہ لوگ جنت میں داخل ہو

ننگے' جنت میں ان کا نام ''جہنمی لوگ'' رکھا جائے گا تو وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کریں گے کہ ان کے اس نام کو ختم کر دیا جائے' تو وہ کے اس نام کو ختم کروا دے گا''

امام ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: ایک جماعت نے یہ روایت اس کی مانند' امام ابوحنیفہ کے حوالے سے نقل کی ہے: (جن کے اسماء اور ان کی اسناد درج ذیل ہیں:)

ابوعبدالرحمٰن مقری - وہ فرماتے ہیں: میرے والد اور سعید بن ذاکرنے یہ روایت - احمد بن زہیر - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے' انہوں نے اس کے آخر میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

فیسمون عتقاء اللہ ''تو ان کا نام' اللہ تعالیٰ کی طرف سے (جہنم سے) آزاد کیے ہوئے رکھا جائے گا''

ان میں سے ایک محمد بن حسن شیبانی ہیں (ابومحمد بخاری فرماتے ہیں:) - محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک حماد بن ابوحنیفہ ہیں (ابومحمد بخاری فرماتے ہیں:) - احمد بن محمد - عبداللہ بن احمد بن بہلول - انہوں نے اپنے دادا' اسماعیل بن حماد کی تحریر کے حوالے سے - ان کے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ' مسعر اور عبدالرحمٰن مسعودی سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک اسد بن عمرو ہیں (ابومحمد بخاری فرماتے ہیں:) - منذر بن محمد - حسن بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک حسن بن زیاد ہیں (ابومحمد بخاری فرماتے ہیں:) - احمد - منذر بن محمد بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک ایوب بن ہانی ہیں (ابومحمد بخاری فرماتے ہیں:) - احمد -- منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد - انہوں نے ایوب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک ابن ابوجہم ہیں (ابومحمد بخاری فرماتے ہیں:) - احمد - منذر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - ان کے چچا سعید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک حمانی ہیں (ابومحمد بخاری فرماتے ہیں:) - محمد بن حسین خثعمی - عباد بن یعقوب - حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک مکی بن ابراہیم ہیں (ابومحمد بخاری فرماتے ہیں:) - عبدالصمد بن فضل (اور) اسماعیل بن بشر (اور) احمد بن ذی نون - ان سب نے مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک علی بن یزید ہیں (ابومحمد بخاری فرماتے ہیں:) - احمد بن محمد - عبداللہ بن ابراہیم مہلبی - علی بن حسن - علی بن یزید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' مختصر طور پر- صالح بن احمد- محمد بن شوکہ- قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن محمد بن معاویہ انماطی- حسین بن حسن بن عطیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ- حسن بن عتبہ- حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ کہتے ہیں: یہ روایت امام حمزہ- امام ابویوسف- امام محمد- امام حسن بن زیاد- امام حمانی- امام حماد- اور امام زفر نے- امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوسعید اسدی- ابوبکر برقانی- ابوحفص زیات- احمد بن ابراہیم بن اسماعیل- ابوفروہ نے اپنے والد کے حوالے سے- سابق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن خیرون- ابوعلی بن شاذان- قاضی ابونصر احمد بن نصر بخاری- عبداللہ بن طاہر- اسماعیل بن توبہ قزوینی- محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں' اسے نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

285- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: میں نے ابراہیم نخعی سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا (ارشادِ باری تعالیٰ ہے)

متن روایت: سَاَلْتُهُ عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى ﴿رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ﴾ قَالَ يُعَذِّبُ اللهُ تَعَالٰى قَوْماً مِمَّا كَانَ يَعْبُدُهُ وَيَعْبُدُ غَيْرَهُ وَقَوْماً مِمَّنْ كَانَ يَعْبُدُ غَيْرَهُ ثُمَّ يَجْمَعُهُمْ فِي النَّارِ فَيُعَيِّرُ الَّذِيْنَ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ غَيْرَ اللهِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ اللهَ فَيَقُوْلُوْنَ عُذِّبْنَا لِاَنَّا عَبَدْنَا غَيْرَهُ فَمَا اَغْنَتْ عَنْكُمْ عِبَادَتُكُمْ اِيَّاهُ وَقَدْ عَذَّبَكُمْ مَعَنَا فَيَغْضَبُ الرَّبُّ جَلَّ جَلَالُهُ لِلْمَلَائِكَةِ وَالنَّبِيِّيْنَ

''عنقریب وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ہے' وہ یہ آرزو کریں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے۔''

تو ابراہیم نخعی نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کچھ ایسے لوگوں کو بھی عذاب دے گا' جو اس کی عبادت کرتے تھے اور اس کے علاوہ کسی اور کی عبادت نہیں کرتے تھے' اور ایسے لوگوں کو بھی عذاب دے گا جو اس کے علاوہ دوسروں کی عبادت کیا کرتے تھے۔ پھر وہ ان سب لوگوں کو جہنم میں اکٹھا کرے گا' تو وہ لوگ جو غیر اللہ کی عبادت کیا کرتے تھے' وہ ان لوگوں پر طنز کریں گے' جو اللہ کی

285- اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" ( 380)-وابن المبارك في " الزهد" (1270)-والطبري في " التفسير" 14/2-وايضاً ابن كثير في " التفسير"2/546

فَيَشْفَعُوْنَ فَلاَ يَبْقٰى فِى النَّارِ اَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ يَعْبُدُهُ اِلَّا اَخْرَجَهُ حَتّٰى يَتَطَاوَلُ لِلشَّفَاعَةِ اِبْلِيْسُ لِعِبَادَتِهِ يَعْنِى الْاُوْلٰى

عبادت کیا کرتے تھے اور یہ کہیں گے: ہمیں تو اس لئے عذاب جا رہا ہے کیونکہ ہم اللہ تعالیٰ کی بجائے دوسرے کی عبادت کرتے تھے تم نے جو اس کی عبادت کی ہے تو تمہیں کیا فائدہ ہے؟ اللہ تعالیٰ نے تمہیں بھی ہمارے ساتھ عذاب دے دیا۔ تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کو اور انبیاء کو اجازت دے گا کہ وہ شفاعت کریں یہاں تک کہ جہنم میں کوئی ایسا شخص باقی نہیں رہے گا جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہو مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اسے جہنم سے نکال دے گا یہاں تک کہ شفاعت کے لئے ابلیس بھی اپنی گردن اونچی کرے گا کہ اس نے جو پہلے عبادت کی تھی (اس کی وجہ سے اسے بھی) شفاعت نصیب ہو جائے۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے

**(206)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ جَوَابِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ التَّيْمِيِّ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- جواب بن عبیداللہ تیمی -حضرت حارث بن سوید رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اِنَّ اِبْلِيْسَ الْاَبَالِسَةِ لَيَتَطَاوَلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَجَاءَ اَنْ تَنَالَهُ الشَّفَاعَةُ لِمَا يَرٰى مِنْ نُفُوْذِ شَفَاعَتِىْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

''ابلیس قیامت کے دن اپنی گردن اونچی کرے گا' اس امید کے تحت کہ اسے بھی شفاعت نصیب ہو جائے' کیونکہ قیامت کے دن میری شفاعت کی عمومیت کو دیکھے گا' (تو وہ یہ آرزو کرے گا کہ اسے بھی یہ نصیب ہو جائے)''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- حسن بن حماد بن حکیم طالقانی نے اپنے والد کے حوالے سے- خلف بن یاسین زیات کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

**(207)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ رُوْبَةَ شَدَّادِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ

امام ابوحنیفہ- شداد بن عبد الرحمٰن کے حوالے سے- حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں

(206) قد تقدم فى (182)

(207) قد تقدم فى (204)

... عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:
... فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى
... اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَاماً مَّحْمُوْداً﴾
... جُ اللّٰهُ قَوْماً مِنَ النَّارِ مِنْ اَهْلِ الْاِيْمَانِ
... شَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ
... الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ فَيُؤْتٰى بِهِمْ نَهْراً يُقَالُ لَهٗ
... فَيُلْقَوْنَ فِيْهِ فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا يَنْبُتُ الثَّعَارِيْرُ ثُمَّ
... جُوْنَ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ فَيُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيُّوْنَ
... مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى اَنْ يُّذْهِبَ عَنْهُمْ ذٰلِكَ
... عَنْهُمْ

بیان کرتے ہوئے سنا ہے (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''عنقریب تمہارا پروردگار تمہیں مقام محمود پر فائز کرے گا۔''

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان اور اہلِ قبلہ سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کو حضرت محمد ﷺ کی شفاعت کی وجہ سے باہر نکالے گا۔ تو یہ مقام محمود ہے۔ ان لوگوں کو ایک نہر کے پاس لایا جائے گا جس کا نام حیوان ہے۔ انہیں اس میں ڈال دیا جائے گا تو وہ اس میں سے یوں پھوٹ پڑیں گے جس طرح سیلابی پانی کے اندر سے پودا پھوٹ پڑتا ہے۔ پھر وہ اس میں سے نکلیں گے اور وہ جنت میں داخل ہوں گے، تو انہیں جہنمی کہا جائے گا تو وہ اللہ تعالیٰ سے یہ مطالبہ کریں گے کہ اللہ تعالیٰ ان کا یہ نام ختم کردے، تو اللہ تعالیٰ ان کا یہ نام ختم کروا دے گا۔

•••——•••——•••

... بخاری نے یہ روایت - احمد بن عبدالرحمٰن - احمد بن محمد بن سہل بن ماہان اور محمد بن ربیع بن شریح ترمذی - صالح بن محمد ... ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

... نے یہ روایت یحییٰ بن اسماعیل بن حسن بن عثمان سے نقل کی - وہ کہتے ہیں: میں نے اپنے دادا حسن بن عثمان کی تحریر میں ... ہے - (یہ روایت) مخلد بن عمر قاضی بخارا نے - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

... نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی - قاسم بن محمد - محمد بن محمد - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ...

... نے یہ روایت زکریا بن یحییٰ بن کثیر اصفہانی - احمد بن رشتہ - محمد بن مغیرہ - حکم بن ایوب - امام زفر کے حوالے سے امام ... روایت کی ہے۔

... نے یہ روایت امام محمد - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

... نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے بھی'' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

... بخاری بیان کرتے ہیں: ایک جماعت نے یہ روایت امام ابوحنیفہ کے حوالے سے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ پر موقوف روایت ... نقل کی ہے۔

... میں سے ایک حمزہ بن حبیب الزیات عجلی ہیں - جیسا کہ احمد بن محمد ہمدانی نے نقل کیا ہے - فاطمہ بنت محمد بن حبیب - وہ

بیان کرتی ہیں: میں نے حمزہ بن حبیب کی تحریر میں یہ پڑھا ہے: امام ابوحنیفہ نے شداد بن عبدالرحمٰن کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

(عن) ابی سعید الخدری رضی الله عنه قال وسالته عن هذه الآية (عسى ان يبعثك ربك مقاما محموداً) قال المقام المحمود الشفاعة يعذب الله الحديث كما سبق

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہ روایت منقول ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کے بارے دریافت کیا:

''عنقریب تمہارا پروردگار تمہیں مقام محمود پر فائز کرے گا''

تو آپ نے فرمایا: مقام محمود سے مراد شفاعت ہے' اللہ تعالیٰ عذاب دے گا...... (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)

ان میں سے ایک حسن بن فرات ہیں- جیسا کہ احمد بن محمد بیان کرتے ہیں: میں نے حسین بن علی کی تحریر میں یہ پڑھا ہے بن حسین نے- زیاد- ان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک سعید بن ابوجہم ہیں- جیسا کہ احمد نے- منذر بن محمد- نے اپنے والد- ان کے چچا سعید بن ابوجہم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک ایوب بن ہانی ہیں- جیسا کہ احمد نے- منذر بن محمد- نے اپنے والد- ایوب بن ہانی کے حوالے سے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک اسد بن عمرو ہیں- جیسا کہ محمود بن دالان مروزی نے- حامد بن آدم- اسد بن عمرو کے حوالے سے ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ان میں سے ایک حسن بن زیاد ہیں- جیسا کہ حماد بن احمد نے- ولید بن حماد- حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک عبداللہ بن زبیر ہیں- جیسا کہ احمد بن محمد بن جعفر بن محمد نے- اپنے والد کے حوالے سے- ابن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک محمد بن مسروق ہیں- جیسا کہ احمد بن محمد نے- محمد بن عبداللہ بن محمد بن مسروق کے حوالے سے ہے- میں نے اپنے دادا کی تحریر میں یہ بات پڑھی ہے: (وہ بیان کرتے ہیں:) امام ابوحنیفہ نے ہمیں حدیث بیان کی۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- صالح بن احمد- محمد بن شوکہ- قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے طور پر نقل کی ہے:

المقام المحمود الشفاعة

''مقام محمود سے مراد شفاعت ہے''

اورانہوں نے یہ روایت ابوعبداللہ محمد بن مخلد- اسحاق بن شاذان اصفہانی- احمد بن رستہ- محمد بن مغیرہ- حکم بن ایوب

سے امام ابوحنیفہ سے طویل روایت کے طور پر نقل کی ہے:

**قال ابوسعید سمعت رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یقول فی قوله تعالی (عسی ان یبعثك ربك مقاماً محموداً) قال یخرج الله تعالی قوماً من النار من الایمان والقبلة بشفاعتی وهو المقام المحمود**

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

"عنقریب تمہارا پروردگار تمہیں مقام محمود پر فائز کرے گا"

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل ایمان اور اہل قبلہ سے تعلق رکھنے والے (بہت سے) افراد کو اللہ تعالیٰ میری شفاعت کی وجہ سے جہنم سے نکالے گا' یہی مقام محمود ہے''۔

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: عطیہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ حدیث نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون - ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان - قاضی ابونصر بن اشکاب بخاری - عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ان کے چچا کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسن برقی - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابن خسرو نے یہ روایت ''حرف یاء'' میں بھی نقل کی ہے: ابوسعود احمد بن علی بن محمد نے - احمد بن محمد بن احمد بن ابوصقر - ابوحسن زید بن علی بن ربیعہ - حسن بن رشیق - ابوعبداللہ محمد بن حفص بن عبدالملک طالقانی - صالح بن محمد ترمذی - حماد بن ابوحنیفہ امام ابوحنیفہ کے حوالے سے ابوروبہ یحییٰ سے اس کو نقل کیا ہے۔

208 - سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُنْتَشِرٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ سَالِمٍ (عَنِ) النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَرَاَ ﴿وَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْا اِلَی السَّلْمِ﴾

قَالَ ابْنُ الْمُنْتَشِرِ بِفَتْحِ السِّیْنِ

امام ابوحنیفہ نے - محمد بن منتشر - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - حبیب بن سالم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی:

''اور تم سستی نہ کرو اور سلامتی (یعنی صلح) کی دعوت نہ دو''

ابن منتشر نامی راوی کہتے ہیں: اس میں ''س'' پر زبر پڑھی جائے گی (یعنی سَلم)

ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - خطیب بغدادی - ابوبکر برقانی - قاضی ابومحمد اکفانی - ابوبکر محمد بن حسن مقری - محمد طریف جعفی مؤدب علی شط نہر عیسیٰ - احمد بن ابراہیم - ابوزہیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(209)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ:

متن روایت: اَنَّهُ جَلَسَ اِلٰى طَلَقِ بْنِ حَبِيْبٍ فَنَهَاهُ عَنْ ذٰلِكَ

قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَكَانَ طَلَقُ بْنُ حَبِيْبٍ يَرَى الْقَدْرَ

امام ابوحنیفہ - ایوب کے حوالے سے - سعید بن جبیر کے بارے میں نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ طلق بن حبیب کے پاس بیٹھے تو سعید بن جبیر نے انہیں ایسا کرنے سے منع کیا۔

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: طلق بن حبیب قدریہ فرقے کے نظریات رکھتے تھے۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - احمد بن عبداللہ بن زیاد حداد - سلیمان بن حرب - حماد بن زید کے حوالے سے نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں:

قال جلست الى ابو حنيفة بمكة تذكر سعيد بن جبير فنحله الى الارجاء فقلت يا ابا حنيفة من حدثك بهذا فقال حدثني سالم الافطس ثم قال حدثني ايوب (عن) سعيد بن جبير الحديث

میں مکہ میں امام ابوحنیفہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' سعید بن جبیر کا ذکر ہوا' تو انہوں نے ارجاء کے حوالے سے ان کا ذکر کیا' میں نے دریافت کیا: اے ابوحنیفہ! آپ کو کس نے یہ حدیث بیان کی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: سالم افطس نے مجھے حدیث بیان کی ہے' پھر انہوں نے بتایا: ایوب نے سعید بن جبیر کے حوالے سے مجھے حدیث بیان کی ہے۔

(210)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ الصَّيْرِفِيِّ عَنْ نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

متن روایت: يَجِيْءُ قَوْمٌ يَقُوْلُوْنَ لَا قَدْرَ ثُمَّ يَخْرُجُوْنَ مِنْهُ اِلَى الزَّنْدَقَةِ فَاِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَلَا تُسَلِّمُوْا عَلَيْهِمْ وَاِنْ مَرِضُوْا فَلَا تَعُوْدُوْهُمْ وَاِذَا مَاتُوْا فَلَا تَشْهَدُوْا جَنَائِزَهُمْ فَاِنَّهُمْ شِيْعَةُ الدَّجَّالِ وَمَجُوْسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُلْحِقَهُمْ بِهٖ

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم صیرفی - نافع کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کچھ لوگ آئیں گے جو یہ کہیں گے تقدیر کی کوئی حقیقت نہیں ہے' پھر وہ دین سے نکل کر زندیقیت کی طرف چلے جائیں گے' جب تمہاری ان سے ملاقات ہو' تو تم انہیں سلام نہ کرنا' اگر وہ بیمار ہو جائیں' تو تم ان کی عیادت نہ کرنا' اگر وہ مرجائیں' تو ان کے جنازے میں شریک نہ ہونا' کیونکہ وہ دجال کا گروہ ہیں اور اس امت کے مجوسی ہوں گے' اللہ تعالیٰ کے ذمے یہ لازم ہے کہ وہ ان لوگوں کو اُس (دجال) کے ساتھ ملا دے''۔

(210) قد تقدم في (196) و (194).

...بخاری نے یہ روایت - ابوجعفر محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد اصفہانی - ابوعبداللہ محمد بن احمد قومسی' ان کی تحریر کے حوالے سے - ... بن زیاد - احمد بن ابوظبیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

-سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ
... عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِيِّ
... عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:
...ت: يَدْخُلُ قَوْمٌ مِنْ اَهْلِ الْاِيْمَانِ بِذُنُوْبِهِمِ
... فَيَقُوْلُ لَهُمُ الْمُشْرِكُوْنَ مَا اَغْنٰى عَنْكُمْ
...كُمْ وَنَحْنُ وَاَنْتُمْ فِيْ دَارٍ وَّاحِدَةٍ مُعَذَّبُوْنَ
... اللّٰهُ لَهُمْ فَيَاْمُرُ مَالِكًا فَلَا يَدَعُ فِي النَّارِ
... يَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَيَخْرُجُوْنَ وَقَدِ احْتَرَقُوْا
... صَارُوْا كَالْحُمَمَةِ السَّوْدَاءِ اِلَّا وُجُوْهُهُمْ وَاَنَّهٗ
... زُرْقَ اَعْيُنُهُمْ فَيُؤْتٰى بِهِمْ نَهْرُ الْحَيَوَانِ
...سِلُوْنَ فِيْهِ فَيُذْهَبُ عَنْهُمْ كُلُّ فَتْرَةٍ وَاَذًى ثُمَّ
...خُلُوْنَ الْجَنَّةَ فَتَقُوْلُ لَهُمُ الْمَلَائِكَةُ طِبْتُمْ
...لُوْهَا خَالِدِيْنَ فَيُدْعَوْنَ الْجَهَنَّمِيُّوْنَ ثُمَّ يَدْعُوْنَ
... تَعَالٰى فَيُذْهِبُ عَنْهُمْ ذٰلِكَ الْاِسْمَ فَلَا يُدْعَوْنَ بِهٖ
... فَاِذَا خَرَجُوْا مِنَ النَّارِ قَالَ الْكُفَّارُ يَا لَيْتَنَا كُنَّا
...مِيْنَ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى
... يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ﴾

امام ابوحنیفہ نے - عبدالملک کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما 'نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"اہلِ ایمان سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ گناہوں کی وجہ سے جہنم میں داخل ہوں گے' تو مشرکین ان سے کہیں گے کہ تمہارے ایمان نے تمہیں کیا فائدہ دیا؟ جب کہ ہم اور تم ایک ہی جگہ پر اکٹھے عذاب بھگت رہے ہیں' تو اللہ تعالیٰ اِس بات پر غضب ناک ہوگا اور وہ (جہنم کے نگران) "مالک" کو حکم دے گا کہ وہ جہنم میں کسی ایسے شخص کو نہ رہنے دے' جو "لا الٰہ الا اللہ" پڑھتا ہو' وہ لوگ (جہنم سے) نکلیں گے' تو جل چکے ہوں گے یہاں تک کہ سیاہ کوئلے کی مانند ہو چکے ہوں گے' البتہ ان کے چہرے کا معاملہ مختلف ہوگا اور ان کی آنکھیں نیلی نہیں ہوئی ہوں گی' انہیں نہرِ حیوان کے پاس لایا جائے گا اور وہ اس میں غسل کریں گے' تو ان سے ہر خرابی اور تکلیف دہ چیز ختم ہو جائے گی' پھر وہ جنت میں داخل ہوں گے' تو فرشتے ان سے کہیں گے: تمہیں مبارک ہو' تم اس میں داخل ہو جاؤ اور یہاں ہمیشہ رہنا۔ وہاں انہیں "جہنمیوں" کے نام سے پکارا جائے گا' تو وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے' اللہ تعالیٰ ان کا یہ نام ختم کر دے گا' پھر کبھی انہیں اس نام سے نہیں پکارا جائے گا' جب وہ جہنم سے نکلیں گے' تو کفار یہ کہیں گے: اے کاش! ہم بھی مسلمان ہوتے۔ تو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے:

"عنقریب وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا' وہ یہ آرزو کریں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے۔"

---

...اخرجه عبدالله بن المبارك في "الزهد" 558/- وابن جرير في "التفسير" 3/7

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-احمد بن علی بن محمد-ابوطاہر محمد بن احمد بن ابوصقر-ابوحسین علی بن علی بن حسن بن رشیق-ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ بن حفص بن عبدالملک بن عبدالرحمٰن طالقانی-صالح بن محمد ترمذی-حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(212)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَنْ مَاتَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وُقِىَ عَذَابَ الْقَبْرِ

امام ابوحنیفہ نے-ہیثم-حسن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص جمعہ کے دن انتقال کر جائے' وہ قبر کے عذاب سے بچالیا جاتا ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-ابومحمد عباد بن زید بن عبدالرحمٰن ہروی نے اپنے والد کے حوالے سے-قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(213)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَفِىْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى

﴿فَوَرَبِّكَ لَنَسْاَلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾

قَالَ عَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

امام ابوحنیفہ نے-عبدالملک کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے ایک فرمان کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے (ارشادِ باری تعالیٰ ہے)

''تمہارے پروردگار کی قسم ہے ہم اُن سب سے اس کے بارے میں ضرور حساب لیں گے' جو وہ عمل کیا کرتے تھے''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اس سے مراد ''لا الٰہ الا اللہ'' پڑھنا ہے۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-احمد بن علی بن محمد بن ابوطاہر محمد بن احمد بن ابوصقر-ابوحسین محمد ربیعہ بن علی-حسین بن رشیق-ابوعبداللہ محمد بن حفص بن عبدالملک بن عبدالرحمٰن طالقانی-صالح بن محمد ترمذی-حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(212) قد اخرج احمد 169/2-والترمذی(1074)-والطحاوی فی" شرح مشكل الآثار" (277)

-- عن عبد الله بن عمرو عن النبى صلى الله عليه وسلم قال:" ما من مسلم يموت يوم الجمعة او ليلة الجمعة الا وقاه الله فتنة القبر".

(213) اخرجه ابو يعلى(4058)-والترمذی فی" التفسير"(3126) باب: ومن سورة الحجر-والطبرى فى التفسير 67/14

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ وَاصِلِ بْنِ [...] الْاَسَدِيِّ الْكُوْفِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهَبٍ عَنْ اَبِي [...] رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ [عَلَيْهِ] وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - واصل بن حبان اسدی کوفی - زید بن وہب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

[متن] روایت: مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللهِ شَيْئاً دَخَلَ [الْجَنَّةَ] قُلْتُ وَاِنْ زَنَا وَاِنْ سَرَقَ قَالَ نَعَمْ

''جو شخص ایسی حالت میں انتقال کر جائے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ (حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) میں نے عرض کی: اگرچہ اس نے زنا کیا ہو یا اس نے چوری کی ہو؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں۔''

••• —— ••• —— •••

حافظ ابومحمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - ابراہیم بن ولید بن حماد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن صبیح کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد فارسی - حافظ محمد بن مظفر - احمد بن محمد بن سعید - ابراہیم بن ولید بن حماد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن صبیح یعنی ابن سماک کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - ابراہیم بن ولید بن حماد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن صبیح یعنی ابن سماک کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ [عَنِ] الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم - امام شعبی - مسروق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

[متن] روایت: قَدْ مَضَى الدُّخَانُ وَالْبَطْشَةُ عَلٰى [عَهْدِ] رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

''دھوئیں اور گرفت (کی) نشانیاں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں گزر چکی ہیں۔''

••• —— ••• —— •••

- اخرجه ابن حبان (169) - والطيالسي (444) - والترمذي (2644) في الايمان: باب ماجاء في افتراق هذه الامة - وابن مندة [في الايمان] (83) - والبخاري (3222) في بدء الخلق: باب ذكر الملائكة.

- اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في '' مسند الامام '' (507) - وابو يعلى (5145) - والبخاري (1007) - ومسلم [...] - واحمد 441/1 - والحميدي 63/1 (116) - والترمذي (3251).

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابومحمد بن عباد بن زید ہروی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**216**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - خالد بن عبد الاعلیٰ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ قَالَ عَلٰى مِنْبَرِهٖ فِيْ غُضُوْنِ خُطْبَةٍ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُضِلُّ مَنْ يَّشَاءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ فَقَالَ قِسٌّ اَللّٰهُ اَعْدَلُ مِنْ اَنْ يُّضِلَّ عِبَادَهٗ فَبَلَغَتْ عُمَرَ مَقَالَتُهٗ فَقَالَ كَذَبَ بَلِ اللّٰهُ اَضَلَّهٗ وَلَوْلَا عَهْدَهٗ لَضَرَبْتُ عُنُقَهٗ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے منبر پر اور خطبے کے دوران یہ کلمات پڑھے:

''بے شک اللہ تعالیٰ جسے چاہے اسے گمراہ رہنے دیتا ہے اور جسے چاہے ہدایت نصیب کرتا ہے۔''

اس پر قس نامی صاحب نے کہا: اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ عادل ہے کہ وہ اپنے بندوں کو گمراہ رہنے دے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس بات کی اطلاع ملی تو انہوں نے فرمایا: اس نے غلط کہا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ ہی انہیں گمراہ رہنے دیتا ہے اگر وہ نیا نیا مسلمان نہ ہوا ہوتا تو میں اس کی گردن اڑا دیتا۔''

•••———•••———•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - صلت بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ کہتے ہیں: یہ روایت حمزہ بن حبیب زیات نے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے جو عبدالاعلیٰ سے منقول ہے اور اس میں خالد (بن عبدالاعلیٰ) کا ذکر نہیں ہے امام زفر امام ابویوسف امام محمد نے اس بارے میں اس کی موافقت کی ہے۔

ان کے علاوہ دیگر حضرات نے اس کو خالد (بن عبدالاعلیٰ) سے منقول ہونے کے طور پر نقل کیا ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر خیاط - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی - قاسم بن محمد دلال - ابوبلال اشعری - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے اور اس میں خالد کا ذکر ہے۔

ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں خالد کے ذکر کے بغیر نقل کی ہے انہوں نے اس کو عبدالاعلیٰ سے منقول ہونے کے

(216) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (389) .

ہے جیسا کہ ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون نے - ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان - قاضی ابونصر احمد بن اشکاب قاضی بخارا - ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

217 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ خَالِدِ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: فَنَاءُ اُمَّتِیْ بِالطَّعْنِ وَالطَّاعُوْنِ فَقِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللهِ هٰذَا الطَّعْنَ قَدْ عَلِمْنَا مَا هُوَ فَمَا الطَّاعُوْنُ قَالَ وَخَزُ اَعْدَائِکُمْ مِنَ الْجِنِّ وَفِیْ کُلٍّ شَهَادَةٌ

امام ابوحنیفہ نے - خالد بن علقمہ - عبداللہ بن حارث کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میری امت طعن (زخمی ہونے) اور طاعون کے ذریعے فنا ہوگی' عرض کی گئی: یارسول اللہ! طعن (زخمی ہونے) کا تو ہمیں پتہ ہے' یہ طاعون کیا چیز ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تمہارے دشمن جنات کی مار (یا ضرب) ہے اور دونوں میں سے ہر صورت میں (مرنے والے) کو شہادت نصیب ہوتی ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - حسن بن یوسف - ابوداؤد دسمسار - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابومحمد کہتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے یہ روایت - زیاد بن علاقہ - عبداللہ بن حارث سے نقل کی ہے - بعض راویوں نے اس کا نام حارث نقل کیا ہے - اس کے حوالے سے یہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - حسن بن حاجب عن ابوداؤد دسمسار - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد کہتے ہیں: مشہور یہ ہے: یہ روایت امام ابوحنیفہ سے - زیاد بن علاقہ - عبداللہ بن حارث - خالد بن عبدالاعلیٰ کے حوالے سے منقول ہے۔

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے۔

218 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِی الْجَلَاسِ قَالَ:

متن روایت: کُنْتُ فِیْمَنْ سَمِعَ مِنْ عَبْدِ اللهِ

امام ابوحنیفہ نے - حارث بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابوجلاس بیان کرتے ہیں:

میں ان لوگوں میں شامل ہوں' جنہوں نے عبداللہ سبائی

---

217) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" ( 268)-واحمد 395/4-والبخاری فی" تاریخ الکبیر" 211/4-والطبرانی فی" الاوسط" (1418)-وفی " الصغیر" (351) .

218) اخرجه ابو یعلی(449)-واورده الهیثمی فی " مجمع الزوائد" 333/7

السَّبَائِيِّ كَلَامًا عَظِيمًا فَاَتَيْنَا بِهٖ عَلِيًّا وَنَحْنُ نَهُزُّ عُنُقَهٗ فِيْ طَرِيْقِهٖ فَوَجَدْنَاهُ فِي الرَّحْبَةِ مُسْتَلْقِيًا عَلٰى ظَهْرِهٖ وَرِدَاءُهٗ تَحْتَ رَاسِهٖ وَاضِعًا اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى فَسَاَلَهٗ عَنِ الْكَلَامِ فَتَكَلَّمَ بِهٖ فَقَالَ اَتَرْوِيْهِ عَنِ اللّٰهِ اَوْ عَنْ كِتَابِهٖ اَوْ عَنْ رَسُوْلِهٖ فَقَالَ لَا فَقَالَ عَمَّنْ تَرْوِيْ قَالَ عَنْ نَفْسِيْ قَالَ اَمَا اَنَّكَ لَوْ رَوَيْتَ عَنِ اللّٰهِ اَوْ عَنْ كِتَابِهٖ اَوْ عَنْ رَسُوْلِهٖ لَضَرَبْتُ عُنُقَكَ وَلَوْ رَوَيْتَهٗ عَنِّيْ لَاَوْجَعْتُكَ عُقُوْبَةً وَكُنْتَ كَاذِبًا وَلٰكِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ ثَلَاثُوْنَ كَذَّابًا وَاَنْتَ مِنْهُمْ

سے بڑی بڑی حیران کن باتیں سنیں' ہم اسے لے کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ہم نے راستے میں اس کی گردن باندھ دی ہوئی تھی' ہم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کھلے میدان میں کمر کے بل چت لیٹے ہوئے پایا' ان کی چادر ان کے سر کے نیچے تھی انہوں نے اپنا پاؤں اپنے دوسرے پاؤں پر رکھا ہوا تھا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُس سے اس کے نظریات کے بارے میں دریافت کیا' اس نے وہ بیان کئے' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم نظریات اللہ تعالیٰ کے حوالے سے روایت کرتے ہو؟ یا اس کی کتاب کے حوالے سے کرتے ہو؟ یا اس کے رسول کے حوالے سے کرتے ہو؟ تو اس نے جواب دیا: جی نہیں (ان میں سے کسی کے حوالے سے نہیں ہے) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تم کس کے حوالے سے روایت کرتے ہو؟ اس نے جواب دیا: اپنی ذات کے حوالے سے' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم نے انہیں اللہ تعالیٰ کے حوالے سے' یا اس کی کتاب کے حوالے سے اس کے رسول کے حوالے سے روایت کیا ہوتا' تو میں تمہاری گردن اڑا دیتا اور اگر تم نے انہیں میرے حوالے سے روایت کیا ہوتا' تو میں تمہیں سخت ترین سزا دیتا' کیونکہ تم نے جھوٹ بولا لیکن میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''قیامت سے پہلے تیس کذاب (ظاہر) ہوں گے۔
(اور مجھے لگتا ہے) تم ان میں سے ایک ہو''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل - شعیب بن ایوب - ابو یحییٰ حمانی سے نقل کی ہے' انہوں نے روایت سہل بن خلف بخاری - احمد بن نصر عتکی - ابومقاتل حفص بن سالم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - قاسم بن محمد - ابوبلال - امام ابو یوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - حفص بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی سے سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اسماعیل بن حماد کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے- وہ کہتے ہیں: یہ روایت میرے والداور قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے

انہوں نے یہ روایت ابوعباس احمد بن عبدالرحمٰن قلانسی- عبداللہ بن جراح- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- صالح بن احمد- شعیب بن ایوب- ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر اشنانی- قاسم بن محمد- ابوبلال اشعری- امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' جو ان الفاظ تک ہے: و کنت کذاباً روایت کے آخر کے یہ الفاظ:

ولکنی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یقول بین یدی الساعۃ ثلاثون کذاباً

''لیکن میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: قیامت سے پہلے تیس کذاب ہونگے''

یہ انہوں نے تاریخ بخارا کے مصنف غنجار کی کتاب سے نقل کیے ہیں: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے ابوعبداللہ محمد بن احمد بن محمد بن محمد بن سلیمان بن کامل المعروف بہ غنجار کی کتاب ''تاریخ بخارا'' میں یہ پڑھا ہے- یہ روایت خلف بن محمد بن اسماعیل نے- سہل بن شاذویہ- احمد بن نصر بن عبدالملک عتکی سمرقندی- ابومقاتل حفص سمرقندی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

قاضی اشنانی نے اس کو کنت کذاباً کے الفاظ تک' امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

قاضی اشنانی نے یہ روایت- قاسم بن محمد- ابوبلال اشعری- امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے جس میں یہ الفاظ ہیں:

سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یقول بین یدی الساعۃ ثلاثون کذاباً

''میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: قیامت سے پہلے تیس کذاب ہونگے''

278- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِیْ هِنْدٍ حارث بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِیِّ قَالَ:

متنِ روایت: لَمَّا نَزَلَ مَعَاذٌ حِمْصًا اَتَاهُ رَجُلٌ شَابٌّ فَقَالَ مَا تَرٰی فِیْ رَجُلٍ وَصَلَ الرَّحِمَ وَبَرَّ وَصَدَقَ فِی الْحَدِيْثِ وَاَدَّی الْاَمَانَةَ وَعَفَّ بَطْنَهُ

امام ابوحنیفہ نے- ابوہند حارث بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابومسلم خولانی بیان کرتے ہیں:

''جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ حمص آئے' تو ایک نوجوان ان کے پاس آیا اور بولا: ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جو صلۂ رحمی کرتا ہے، نیکی کرتا ہے، سچ بولتا ہے، امانت کو ادا

وَفَرْجَهُ وَعَمِلَ مَا اسْتَطَاعَ مِنْ خَيْرٍ غَيْرَ اَنَّهُ يَشُكُّ فِي اللهِ وَرَسُوْلِهِ قَالَ اَنَّهَا تَحْبَطُ مَا كَانَ مَعَهَا مِنَ الْاَعْمَالِ قَالَ فَمَا تَرٰى فِيْ رَجُلٍ رَكِبَ الْمَعَاصِيْ وَسَفَكَ الدِّمَاءَ وَاسْتَحَلَّ الْفُرُوْجَ وَالْاَمْوَالَ غَيْرَ اَنَّهُ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ مُخْلِصًاقَالَ اَرْجُوْ لَهُ وَاَخَافُ عَلَيْهِ قَالَ فَقَالَ الْفَتٰى وَاللهِ لَئِنْ كَانَتْ الَّتِيْ اَحْبَطَتْ مَا مَعَهَا مِنْ عَمَلٍ مَا يَضُرُّهُ هٰذِهِ مَا عَمِلَ مَعَهَا ثُمَّ اِنْصَرَفَ فَقَالَ مَعَاذٌ مَا اَزْعَمَ اَنَّ رَجُلاً اَفْقَهُ بِالسُّنَّةِ مِنْ هٰذَا

کرتا ہے، اپنے پیٹ اور شرم گاہ کی حفاظت کرتا ہے اور جہاں تک ہو سکے بھلائی سے کام لیتا ہے البتہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے بارے میں شک کا شکار ہوتا ہے تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اس کے (شک) کے ہمراہ اس کے اعمال ضائع ہو جائیں گے۔ اس شخص نے کہا: ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جو گناہوں کا ارتکاب کرتا ہے، خون بہاتا ہے، شرمگاہوں اور اموال کو حلال قرار دیتا ہے البتہ وہ اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں اور اخلاص کے ساتھ اس کی گواہی دیتا ہے تو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے یہ امید ہے (کہ اس کی بخشش ہو جائے گی) البتہ مجھے اس کے حوالے سے اندیشہ بھی ہے (شاید اس کی بخشش نہ ہو) تو اس نوجوان نے کہا: اللہ کی قسم! اگر اس (کلمہ شہادت) کی عدم موجودگی کی وجہ سے آدمی کے تمام اعمال ضائع ہو سکتے ہیں تو پھر اس کی موجودگی میں آدمی جو بھی عمل کرے تو اسے کوئی نقصان نہیں ہو گا۔ پھر وہ نوجوان چلا گیا تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس جیسا سنت کی سمجھ بوجھ رکھنے والا کوئی اور نہیں ہے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - علی بن حسن بن سعید - عمرو بن حمید - مسیّب بن شریک کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - محمد بن زرعہ بن شداد بلخی - حفص بن عبدالرحمٰن بلخی - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(**220**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَحْيٰى بْنِ امام ابوحنیفہ نے - یحییٰ بن عبدالحمید بن عبدالصمد بن وہب

(220) اخرجه البخاری (1383) فی الجنائز: باب ماقیل فی اولاد المشرکین - و (6597) فی القدر: باب الله اعلم بما کانوا عاملین - ومسلم (2660) فی القدر - وابوداؤد (4711) فی السنة: باب فی القدر

...عبد الحميد بن عبد الصمد بن وهب القرشي ...عبد الله بن عباس رضي الله عنهما :

قرشی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

...روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ ...سُئِلَ عَنْ اَوْلَادِ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ اَللهُ اَعْلَمُ ...كَانُوْا عَامِلِيْنَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کی اولاد کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ زیادہ بہتر جانتا ہے کہ انہوں نے کیا عمل کرنے تھے۔

•••——•••——•••

...طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - ابوبکر بن ابومیسرہ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' ...حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

...قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - محمد بن سلمہ واسطی - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ...ہے۔

...ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر خیاط - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر ...حسن اشنانی کے حوالے سے' ان کی سند کے ساتھ' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

...سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ ...اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا

امام ابوحنیفہ نے - منصور - ابراہیم نخعی - مسروق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

...روایت: لَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ ...وَسَلَّمَ اِذَا اَتَى الْمَرِيْضَ يَدْعُوْ لَهٗ يَقُوْلُ: ...اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ اِكْفِ ...اَنْتَ الْكَافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ ...سَقَمًا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی بیمار کے پاس جاتے تو اس کے لئے دعا کرتے ہوئے یہ پڑھا کرتے تھے:

''اے لوگوں کے پروردگار تو تکلیف کو دور کر دے تو شفاء عطا کر دے تو ہی شفاء عطا کرنے والا ہے اسے تو کفایت کر دے تو ہی کفایت کرنے والا ہے۔ شفاء صرف وہی ہے جو تو نے عطا کی ہو ایسی شفاء عطا کر دے جو خرابی کو بالکل بھی نہ رہنے دے۔''

•••——•••——•••

...ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - فضل بن عباس رازی - اسحاق بن بہلول - ولید بن قاسم کے حوالے سے' ...ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

...اخرجه احمد 45/6-وابن سعد في " الطبقات" 210/2-ومسلم(2191)-وابن ماجة (1619)- والطيالسي ...والبيهقي في "السنن الكبرى"381/3-وفي " شعب الايمان" (9201) .

(**222**)- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متنِ روایت: اِنْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَلْقَتَيْنِ

امام ابوحنیفہ نے -ہیثم- عامر شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں' مکہ مکرمہ میں چاند دو ٹکڑے ہو گیا تھا۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوعباس بن عقدہ- یعقوب بن یوسف بن زیاد- ہارون بن سباع -حسن بن علوان کلبی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوسعد احمد بن عبدالجبار -علی بن ابوعلی بصری - ابوقاسم بن ثلاج - ابوعباس بن عقدہ - یعقوب بن یوسف بن زیاد- ہارون بن سباع -حسن بن علوان کلبی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**223**)- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ:

متنِ روایت: اَتَتْ اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِبْنَا اَخِيْكَ هٰذَانِ اَخَافُ عَلَيْهِمَا الْعَيْنَ فَاَسْتَرْقِيْ لَهُمَا فَقَالَ نَعَمْ وَاِنَّهٗ لَوْ كَانَ شَيْءٌ يَسْبِقُ الْقَدْرَ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ

امام ابوحنیفہ نے -عبداللہ بن ابوزیاد- ابونجیح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں انہوں نے عرض کی آپ کے ان دو بھتیجوں کو نظر لگ جانے کا اندیشہ رہتا ہے تو آپ ان دونوں کو دم کر دیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔ اگر کوئی چیز تقدیر کے لکھے پر سبقت لے جا سکتی تو نظر لگنا اس پر سبقت لے جاتا۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوسعد بن عبدالجبار صیرفی - قاضی ابوقاسم تنوخی - ابوقاسم بن ثلاج - ابوعباس بن عقدہ -محمد بن زکریا فقیہ -ابوعلی حمصی -بقیہ -عمرو بن عیسیٰ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - قاضی ابونصر احمد بن نصر بن اشکاب -عبداللہ بن طاہر قزوینی -اسماعیل بن توبہ قزوینی -محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطالب بن یوسف -ابومحمد جوہری -ابوبکر ابہری -ابوعروبہ حرانی -ان کے دادا -محمد بن حسن شیبانی کے

(222) اخرجه الطحاوی فی " شرح مشكل الآثار "1/302-واحمد1/447-والبخاری (4864)-ومسلم(2800)(45)-والبيهقی فی " دلائل النبوة "2/265-وابويعلی (5070)

(223) قد تقدم فی(156) .

حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

224- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ (وَ) بَیَانِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ جَرِیْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِیَّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: اِنَّکُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّکُمْ عَزَّ وَجَلَّ کَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ لَیْلَةَ الْبَدْرِ لَا تَضَامُّوْنَ فِیْ رُؤْیَتِهٖ فَلَا تُغْلَبُوْا عَنْ صَلٰوةٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا

قَالَ حَمَّادُ بْنُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ یَعْنِیْ بِهٖ الْغَدَاةَ وَالْعَشِیَّ

امام ابوحنیفہ نے - اسماعیل بن ابوخالد (اور) بیان بشر - قیس بن حازم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

عنقریب تم اپنے پروردگار کی اس طرح زیارت کرو گے جس طرح تم چودھویں کے چاند کو دیکھ رہے ہو' جسے دیکھنے میں تمہیں کوئی رکاوٹ نہیں آ رہی ہے' تو تم اس بات کا دھیان رکھنا کہ تم سورج نکلنے سے پہلے کی نماز اور اس کے غروب ہونے سے پہلے کی نماز کے حوالے سے مغلوب نہ ہو جاؤ۔

امام ابوحنیفہ کے صاحبزادے حماد بیان کرتے ہیں: اس سے مراد صبح اور شام کی نمازیں ہیں۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن علی بن محمد خطیب - محمد بن احمد خطیب - علی بن ربیعہ - حسن بن رشیق - محمد بن حفص - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت - ابومظفر ہناد بن ابراہیم نسفی - ابوقاسم علی بن احمد بن محمد بن حسن حرانی - محمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب حارثی - ابوعبداللہ محمد بن خزیمہ بن حسان بن عیسیٰ - رجاء بن عبداللہ نہشلی - شقیق بن ابراہیم بلخی - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

225- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ مُوْسٰی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ اَنَّهٗ قَالَ :

متنِ روایت: آیَةُ الْقَدْرِ فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلِمَهَا مَنْ شَاءَ وَجَهِلَهَا مَنْ شَاءَ وَهِیَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی : اِنَّکُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ اَنْتُمْ لَهَا وَارِدُوْنَ۞

امام ابوحنیفہ نے - موسیٰ بن ابوکثیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن عبدالعزیز فرماتے ہیں:

تقدیر کے حکم سے متعلق آیت اللہ کی کتاب میں موجود ہے جو چاہے اس کا علم حاصل کر لے اور جو چاہے وہ اس سے ناواقف رہے وہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''بے شک تم لوگ اور جسے تم لوگ اللہ کو چھوڑ کر جس کی تم

224- اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في " مسند الامام" (30)- وابن حبان (7442)- وابو داؤد (4729) في السنة: باب الرؤية- وعبد الله بن احمد في " السنة" (220)- والطبراني في " الكبير" (2227)

عبادت کرتے ہو وہ جہنم کا ایندھن ہے اور تم جہنم پہ وارد ہو گے۔

وَقَوْلُهٗ تَعَالٰی: ﴿اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِيْنَ﴾

اور اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے: ''بے شک تم لوگ اور اللہ کو چھوڑ کر تم جس کی عبادت کرتے ہو، تم سب (کسی کو اللہ تعالیٰ کے خلاف) گمراہ نہیں کر سکتے ہو۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(226)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِالْمَلِكِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِيءٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اِنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ذُوْحَسْرَةٍ وَنَدَامَةٍ

امام ابوحنیفہ نے - اسماعیل بن عبدالملک - ابوصالح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک قیامت کا دن حسرت اور ندامت کا دن ہو گا۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - ابوعبداللہ محمد بن احمد طالقانی - ابوجعفر محمد بن قاسم - ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(227)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِالْمَلِكِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِيءٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَنْ عَلِمَ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَغْفِرُ لَهٗ فَهُوَ مَغْفُوْرٌ لَهٗ

امام ابوحنیفہ نے - اسماعیل بن عبدالملک - ابوصالح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص یہ جان لے (یعنی اس کا یقین رکھے) اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دے گا، تو ایسے شخص کی بخشش ہو جاتی ہے۔''

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - ابوعبداللہ محمد بن احمد طالقانی - ابوجعفر محمد بن قاسم - ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - ابوعبداللہ محمد بن احمد طالقانی - ابوجعفر محمد بن قاسم - ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ جیسا کہ ابومحمد بخاری نے اس کو نقل کیا ہے، البتہ انہوں

(227) اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام" (188) و (449)- واصل الحديث رواه ابن حبان (622)- واحمد 296/2- والحاكم فى " المستدرك" 242/4 عن ابى هريرة

نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

من علم الله من قلبه انه يطمع منه التجاوز عنه غفر له

''جو شخص (یقین) قلب کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے بارے میں علم رکھتا ہو اور وہ اللہ تعالیٰ سے یہ امید بھی رکھتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس سے درگزر فرمائے گا' تو اس کی مغفرت ہو جائے گی''۔

228- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ اَبِيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمْ يُنْزِلْ دَاءً اِلَّا وَاَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً فَعَلَيْكُمْ بِاَلْبَانِ الْبَقَرِ فَاِنَّهَا تَقُمُّ مِنْ كُلِّ الشَّجَرِ

امام ابوحنیفہ نے -علی بن اقمر- ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے جو بھی بیماری نازل کی ہے' اس کے لئے شفاء بھی نازل کی ہے' تو تم پر گائے کا دودھ استعمال کرنا لازم ہے' کیونکہ وہ ہر طرح کے درخت سے چرتی ہے۔''

••• ——— ••• ——— •••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوعلی سلیمان بن محمد بن اسماعیل خزاعی- محمد بن حفص -عبدالعظیم بن حبیب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

229- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ اَبِى الزَّعْرَاءِ مِنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

متن روایت: لَيَخْرُجَنَّ بِشَفَاعَتِى مِنْ اَهْلِ الْاِيْمَانِ مِنَ النَّارِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى فِيْهَا اَحَدٌ اِلَّا اَهْلُ هٰذِهِ الْآيَةِ ﴿مَا سَلَكَكُمْ فِىْ سَقَرَ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ﴾ اِلٰى قَوْلِهٖ ﴿فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِيْنَ﴾

امام ابوحنیفہ نے -سلمہ بن کہیل -حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' کے شاگردوں میں سے ایک' ابوزعراء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''میری شفاعت کی وجہ سے ضرور کچھ اہل ایمان جہنم سے نکلیں گے یہاں تک کہ جہنم میں کوئی ایسا شخص باقی نہیں رہے گا۔ (جو ایمان رکھتا ہو) صرف وہ لوگ رہ جائیں گے جو اس آیت کے حکم میں داخل ہیں (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''تمہیں کون سی چیز جہنم میں لے کر آئی تھی؟ تو وہ جواب دینگے ہم نماز نہیں پڑھتے تھے۔'' یہ آیت یہاں تک ہے: ''تو انہیں شفاعت کرنے والوں کی شفاعت فائدہ نہیں دے گی۔''

---

228- اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام" (442)-وابن حبان (6075)-وابو القاسم البغوى فى " الجعديات " (2165) والطحاوى فى " شرح معانى الآثار " 326/4 من عبد الله بن مسعود

229- اخرجه احمد 454/1-والبيهقى فى " البعث والنشور "-وابو يعلى (5338)-وابن ابى عاصم فى " السنة " (834)-وابن [illegible] (74[illegible]) نحوه .

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - اسماعیل بن بشر بلخی - ابوعصمہ عاصم بن عبداللہ - اسماعیل بن یحییٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - حمزہ بن حبیب زیات عجلی کی تحریر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ - سلمہ بن کہیل - ابوزعراء سے روایت کی ہے:

(عن) عبد الله بن مسعود رضی الله عنه قال يعذب الله تعالى قوماً من اهل الايمان ثم يخرجهم بشفاعة محمد صلى الله عليه وآله وسلم حتى لا يبقى الا من ذكره الله تعالى (ما سلككم في سقر قالوا لم نك من المصلين) الى قوله (فما تنفعهم شفاعة الشافعين)

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ اہل ایمان سے تعلق رکھنے والے (بہت سے) افراد کو عذاب دے گا' پھر وہ انہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کی وجہ سے انہیں (جہنم سے) نکالے گا' یہاں تک کہ (جہنم میں) صرف وہی لوگ رہ جائیں گے' جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے (قرآن مجید میں ان الفاظ میں کیا ہے:)

''وہ دریافت کریں گے: کون سی چیز تمہیں جہنم میں لے آئی؟ وہ جواب دیں گے: ہم نماز نہیں پڑھتے تھے''

یہ آیت یہاں تک ہے: ''شفاعت کرنے والوں کی شفاعت انہیں فائدہ نہیں دے گی''

انہوں نے یہ روایت انہی الفاظ میں - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - احمد بن عبداللہ بن بہلول - اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ کی تحریر کے حوالے سے - ان کے والد اور قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن سعید بن کراس ترمذی - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن ربیع - عقبہ بن مکرم - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت بدر بن ہیثم حضرمی - ابوکریب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت علی بن حسین کشی - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن خزیمہ بلخی (اور) رجاء بن سوید' ان دونوں نے - عمر بن نوح - سالم بن سلام کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبید بن شریح - عیسیٰ بن احمد - مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی - حسین بن علی کی تحریر کے حوالے سے - یحییٰ بن حسن - زیاد بن حسن بن فرات - ان کے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے' امام

ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حماد بن ذی نون - ابراہیم بن سلیمان زیات (اور) شداد بن حکیم - امام زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق سمسار - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبداللہ بن ابراہیم بخاری - حسن بن نضر - عیسیٰ بن موسیٰ - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن عبداللہ مسروقی - انہوں نے اپنے دادا کی تحریر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبداللہ سعدی - حسن بن عثمان - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حماد بن احمد مروزی - ولید بن حماد - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ان کے چچا سعید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابومقاتل - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

یہ روایت حافظ طلحہ بن محمد نے اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد بن مقاتل - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے، تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**يعذب الله تعالى قوماً ثم يخرجهم بشفاعة محمد صلى الله عليه و آله وسلم**

''اللہ تعالیٰ (کئی) لوگوں کو عذاب دے گا اور پھر انہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کی وجہ سے (جہنم سے) نکال دے گا''

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابومحمد عبدالرحمٰن رملی - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوغنایم محمد بن علی بن حسین - ابوحسن محمد بن احمد بن محمد بن زرقویہ - احمد بن محمد - سعید عجلی - محمد بن العلاء - عبدالحمید حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد حسن بن علی فارسی - حافظ محمد بن مظفر نے امام ابوحنیفہ تک اپنی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابوبکر احمد ابن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - اپنے والد محمد خالد کلاعی - انہوں نے اپنے والد خالد - محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**230**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ یَزِیْدَ بْنِ صُهَیْبِ الْفَقِیْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ :

متنِ روایت: یُخْرِجُ اللّٰهُ تَعَالٰی مِنَ النَّارِ مِنْ اَهْلِ الْاِیْمَانِ بِشَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ یَزِیْدُ بْنُ صُهَیْبٍ فَقُلْتُ لِجَابِرٍ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَقُوْلُ ﴿وَمَا هُمْ بِخَارِجِیْنَ مِنَ النَّارِ﴾ فَقَالَ جَابِرٌ اِقْرَاْ مَا قَبْلَهَا ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا﴾ اِنَّمَا هِیَ لِلْكُفَّارِ

امام ابوحنیفہ نے - یزید بن صہیب فقیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان سے تعلق رکھنے والے افراد کو جہنم سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کی وجہ سے باہر نکال دے گا۔

یزید بن صہیب ) نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا اللہ تعالیٰ نے تو یہ ارشاد فرمایا ہے:

"وہ لوگ جہنم سے نہیں نکلیں گے" تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس آیت سے پہلے والے حصے کو بھی تلاوت کرو

"بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا۔" (یعنی یہ حکم کافروں کے بارے میں ہے )

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - یحییٰ بن اسماعیل بن حسن ہمدانی - وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا حسن بن عثمان کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے - مخلد بن عمر قاضی بخارا - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبدالصمد بن فضل - خلف بن ایوب - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - عبدالوہاب بن حماد بن حارث - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - نضر بن محمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - حسین بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن علی سرخسی - عبدان بن وہب بن زمعہ (اور) حامد بن آدم - عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت اپنے والد محمد بن یعقوب (اور) سعید بن ذاکر' ان دونوں نے - احمد بن زہیر - عبداللہ بن یزید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی - وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حمزہ بن حبیب زیات کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے - یہ روایت امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن قدامہ بن سیار زاہد - یحییٰ بن موسیٰ - ابوسعید صاغانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

اور انہوں نے یہ روایت بدر بن ہیثم بن خلف حضرمی (اور) محمد بن قدامہ بن سیار' ان دونوں نے - ابوکریب محمد بن العلاء - عبدالحمید حمانی کے حوالے سے' مسعر اور امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسین بن علی - وہ وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حسین بن علی کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے - یحییٰ بن حسن - زیاد بن حسن بن فرات - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقلکی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابومقاتل بزاز سے' بغداد میں ''درب ابوہریرہ'' میں (سنی تھی) - (یہ روایت) محمد بن شوکر - قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

اور انہوں نے یہ روایت سہل بن بشر کندی - فتح بن عمرو - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن مسروق کے حوالے سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے - امام ابوحنیفہ نے ہمیں حدیث بیان کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - امام محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

**یخرج الله تعالى قوماً من النار بشفاعة محمد صلى الله عليه وآله وسلم فيوتى بهم نهراً يقال له نهر الحيوان فيغتسلون فيه غسل الثعارير ثم يدخلون الجنة فيسمون الجهنميون ثم يطلبون الى الله تعالى فيذهب عنهم ذلك الاسم**

''اللہ تعالیٰ (کئی) لوگوں کو' حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کی وجہ سے جہنم سے نکال دے گا' ان لوگوں کو ایک نہر کے پاس لایا جائے گا' جس کا نام ''نہر حیوان'' کہا جاتا ہے' وہ لوگ اس میں غسل کریں گے جس طرح ثعاریر (نامی پودے کو) دھویا جاتا ہے' پھر وہ لوگ جنت میں داخل ہو جائیں گے' تو ان کو جہنمیوں کا نام دیا جائے گا' پھر وہ لوگ اللہ تعالیٰ سے یہ درخواست کریں گے' تو اللہ تعالیٰ ان کا یہ نام ختم کروا دے گا''

انہوں نے یہ روایت عباد بن زید بن عبدالرحمٰن ہروی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - خالد بن ہیاج - حماد بن ابوحنیفہ اور مسعودی کے حوالے سے نقل کی ہے:

یزید الفقیر قال کنت اری رای الخوارج فسالت اصحاب النبی صلی الله علیه و آله وسلم فاخبرونی عن النبی صلی الله علیه و آله وسلم بخلاف ما کنت اقول فانقذنی الله تعالی بذلک

یزید فقیر بیان کرتے ہیں: میں پہلے خوارج کے نظریات رکھتا تھا' میں نے نبی اکرم ﷺ کے اصحاب سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے مجھے جو بتایا وہ اس کے برخلاف تھا جو میرے نظریات تھے' تو اللہ تعالیٰ نے اس وجہ سے مجھے ان (خارجی نظریات) سے بچا لیا۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - فاطمہ بنت محمد بن حبیب - ان کے چچا حمزہ بن حبیب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - محمود بن علی - عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوسعود احمد بن علی بن محمد - ابوطاہر محمد بن احمد ابن ابوصقر - ابوحسن علی بن زید بن علی بن ربیعہ - حسن بن رشیق - ابوعبداللہ محمد بن جعفر بن محمد بن عبدالملک طالقانی - صالح بن محمد ترمذی - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطالب بن یوسف - ابومحمد جوہری - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ حرانی - ان کے دادا عمرو بن ابوعمرو - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے اس کو الآثار میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اپنے والد محمد بن خالد بن خلی - ان کے والد خالد بن خلی - محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

**(231)** - سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ امام ابوحنیفہ نے - محمد بن سائب کلبی کے حوالے سے

(231) اخرجه الحصكفي في " مسند الامام " ( 512 ) - والبيهقي في " شعب الايمان " ( 7140 ) - والطبراني في " الكبير " ( 480 ) - واورده الهيثمي في " مجمع الزوائد " 101/7

السائب الكلبي (عن) ابن عباس رضي الله عنهما
روايت: إنّ وحشيًّا لمّا قتل حمزة مكث
زمانًا ثمّ وقع في قلبه الإسلام فأرسل إلى رسول
الله صلّى الله عليه وآله وسلّم يعلمه أنّه وقع في
قلبه الإسلام وقد سمعتك تقول عن الله تعالى
(والّذين لا يدعون مع الله إلهًا آخر ولا يقتلون
النّفس الّتي حرّم الله) الآية وإنّي قد فعلتهنّ جميعًا
فهل من رخصة قال فنزل جبرئيل عليه السّلام
فقال يا محمّد قل له (إلّا من تاب وآمن وعمل
صالحًا) الآية قال فأرسل رسول الله صلّى الله
عليه وآله وسلّم بهذه الآية فقال وحشيّ إنّ في
هذه الآية شروطًا وأخشى أن لا أفي بها ولا أطيق
أن أعمل عملًا صالحًا أم لا فهل عندك شيء ألين
من هذا يا محمّد قال فنزل جبرئيل بهذه الآية
(إنّ الله لا يغفر أن يشرك به ويغفر ما دون ذلك
لمن يشاء) قال فكتب رسول الله صلّى الله عليه
وآله وسلّم بهذه الآية وبعث بها إلى وحشيّ فلمّا
قرئت عليه قال إنّه يقول ويغفر ما دون ذلك لمن
يشاء وأنا لا أدري لعلّي أن لا أكون في مشيئته أن
يشاء لي المغفرة فلو كانت الآية ويغفر ما دون
ذلك ولم يقل لمن يشاء كان ذلك فهل عندك
أوسع من ذلك يا محمّد قال فنزل جبرئيل بهذه
الآية (قل يا عبادي الّذين أسرفوا على أنفسهم لا
تقنطوا من رحمة الله إنّ الله يغفر الذّنوب جميعًا
إنّه هو الغفور الرّحيم) قال فكتب رسول الله
صلّى الله عليه وآله وسلّم وبعث بها إلى وحشيّ

حضرت عبداللہ بن عباس سے یہ روایت نقل کی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں جب وحشی نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا' تو وہ ایک طویل عرصے تک ایسے ہی رہا' پھر اس کے دل میں اسلام قبول کرنے کا خیال آ گیا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیغام بھیجا تاکہ آپ کو یہ اطلاع دے کہ اس کے دل میں اسلام قبول کرنے کا خیال آ گیا ہے۔ (اس نے یہ کہا) میں نے یہ سنا کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نقل کیا ہے:

''وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور معبود کی عبادت نہیں کرتے ہیں اور کسی ایسی جان کو قتل نہیں کرتے ہیں' جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہو۔'' (وحشی نے کہا) میں نے تو یہ دونوں کام کئے ہوئے ہیں' تو کیا کوئی رخصت ہے؟

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور انہوں نے یہ کہا: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اس کے سامنے یہ پڑھ دیں:

''ماسوائے اس شخص کے جو توبہ کرے اور ایمان لے آئے اور نیک عمل کرے۔'' راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت انہیں بھجوا دی' تو وحشی نے کہا: اس آیت میں شرائط پائی جاتی ہیں مجھے یہ اندیشہ ہے کہ میں انہیں پورا نہیں کر سکوں گا اور میں اس بات کے بارے میں بھی نہیں جانتا کہ میں کوئی نیک عمل کر سکتا ہوں یا نہیں کر سکتا۔ تو اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ کے پاس اس سے زیادہ آسان کوئی چیز ہے؟ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام یہ آیت لے کر نازل ہوئے:

''بے شک اللہ تعالیٰ اس چیز کی مغفرت نہیں کرے گا کہ کسی کو اس کا شریک ٹھہرایا جائے' اس کے علاوہ جس کی چاہے گا مغفرت کر دے گا۔''

فَلَمَّا قُرِئَتْ عَلَيْهِ قَالَ اَمَّا هٰذِهٖ فَنَعَمْ ثُمَّ اَرْسَلَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ قَدْ اَسْلَمْتُ فَاْذَنْ لِىْ فِىْ لِقَائِكَ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ وَارِ عَنِّىْ وَجْهَكَ فَاِنِّىْ لَا اَسْتَطِيْعُ اَنْ اَمْلَاَ عَيْنِىْ مِنْ قَاتِلِ عَمِّىْ حَمْزَةَ قَالَ فَسَكَتَ وَحْشِىٌّ حَتّٰى كَتَبَ مُسَيْلَمَةُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ مُسَيْلَمَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِلٰى مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ اَشْرَكْتَ فِى الْاَرْضِ فَلِىَ نِصْفُ الْاَرْضِ وَلِقُرَيْشٍ نِصْفُهَا غَيْرَ اَنَّ قُرَيْشًا قَوْمٌ يَعْتَدُوْنَ قَالَ فَقَدِمَ بِكِتَابِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ فَلَمَّا قُرِئَ الْكِتَابُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لِلرَّسُوْلَيْنِ لَوْلَا اَنَّكُمَا رَسُوْلَانِ لَقَتَلْتُكُمَا ثُمَّ دَعَا عَلِيًّا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ اُكْتُبْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِلٰى مُسَيْلَمَةَ الْكَذَّابِ اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَاءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ فَبَلَغَ وَحْشِيًّا مَا كَتَبَ مُسَيْلَمَةُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَخْرَجَ الْمِرَاقَ الَّذِىْ قَتَلَ بِهٖ حَمْزَةَ فَصَقَلَهٗ وَهَمَّ بِقَتْلِ مُسَيْلَمَةَ فَلَمْ يَزَلْ عَلٰى عَزْمِهٖ ذٰلِكَ حَتّٰى قَتَلَهٗ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت تحریر کر کے انہیں بھجوادی۔ جب ان کے سامنے یہ آیت تلاوت کی گئی تو انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ تو یہ فرما رہا ہے ”کہ وہ اس کے علاوہ جس کی چاہے گا مغفرت کردے گا“ تو مجھے تو نہیں معلوم ہوسکتا کہ میں ان لوگوں میں سے نہ ہوں، جن کے بارے میں اس نے چاہا ہے کہ وہ مغفرت کردے۔ اگر یہ آیت یہ ہوتی ”اور وہ اس کے علاوہ سب کی مغفرت کردے گا“ یہ نہ کہا ہوتا ”جس کی وہ چاہے“ پھر تو صورت حال ٹھیک تھی۔ تو اے حضرت محمد ﷺ کیا آپ کے پاس اس سے زیادہ گنجائش ہے؟ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام یہ آیت لے کر نازل ہوئے:

”تم یہ فرمادو! اے میرے وہ بندو! جنہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے، تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کی مغفرت کردے گا، بے شک وہ مغفرت کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔“

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت تحریر کروائی اور اسے وحشی کو بھجوادیا، جب یہ آیت ان کے سامنے پڑھی گئی، تو انہوں نے کہا: اب ٹھیک ہے۔ پھر انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو پیغام بھجوایا اور یہ کہا کہ میں نے اسلام قبول کرلیا ہے اور آپ مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ سے ملنے کے لئے آؤں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں پیغام بھجوایا کہ تم اپنا چہرہ مجھ سے چھپا کر رکھو، کیونکہ میں اپنے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے قاتل کو نہیں دیکھ سکتا ہوں۔

راوی بیان کرتے ہیں: تو وحشی خاموش ہوئے۔ یہاں تک کہ مسیلمہ نے نبی اکرم ﷺ کو یہ خط لکھا کہ یہ اللہ کے رسول مسیلمہ کی طرف سے اللہ کے رسول حضرت محمد ﷺ کے نام ہے۔ امابعد! زمین (حکومت) میں بھی حصہ دار ہوں، نصف

زمین میری ہوگی اور نصف قریش کی ہوگی' اگرچہ قریش ایسے لوگ ہیں' جو زیادتی کر جاتے ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: دو قاصد (دو آدمی) اس کا مکتوب لے کر نبی اکرم ﷺ کے پاس آئے' جب یہ مکتوب نبی اکرم ﷺ کے سامنے پڑھا گیا' تو آپ نے دونوں قاصدوں سے فرمایا: اگر تم دونوں قاصد نہ ہوتے' تو میں تم دونوں کو قتل کروا دیتا' پھر نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلوایا اور فرمایا: تم یہ لکھو:

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے' یہ اللہ کے رسول کی طرف سے مسیلمہ کذاب کے نام ہے' اس شخص کو سلام ہو' جو ہدایت کی پیروی کرے' امابعد! زمین اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے' وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے انہیں اس کا وارث بنا دیتا ہے اور بہترین انجام پرہیزگاروں کے لئے ہے اور اللہ تعالیٰ حضرت محمد ﷺ پر درود نازل کرے۔''

جب وحشی کو یہ اطلاع ملی کہ مسیلمہ نے نبی اکرم ﷺ کو یہ خط لکھا ہے تو انہوں نے وہ نیزہ نکال لیا جس کے ذریعے انہوں نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا تھا اور اسے تیز کیا اور یہ ارادہ کیا کہ وہ مسیلمہ کو قتل کر دیں گے۔ اور وہ اپنے اس عزم پر برقرار رہے یہاں تک کہ جنگِ یمامہ کے موقع پر انہوں نے مسیلمہ کو قتل کر دیا۔

••• ——— ••• ——— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوعبداللہ رجاء بن سوید نسفی - ابوغالب جبرئیل بن سہل سمرقندی - محمد بن حمید سمرقندی - جعفر بن عون کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن احمد بن سعید - موسیٰ بن عمر بن محمد بن عمران سمرقندی - ابوسلیمان محمد بن حمید - جعفر بن عون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

232- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِی الضُّحٰی (عَنِ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن سائب - ابوضحیٰ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ

اللہ عَنْہُمَا :

متنِ روایت: فِیْ قَوْلِ اللہِ تَعَالٰی (آلمر) اَنَا اَللّٰہُ اَعْلَمُ وَاَرٰی

کے فرمان ''آلمر'' کے بارے میں یہ فرماتے ہیں: اس سے مراد یہ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ ہوں' میں علم بھی رکھتا ہوں اور میں دیکھ بھی رہا ہوں۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوسعود احمد بن علی بن محمد -محمد بن احمد خطیب -علی بن ربیعہ -حسن بن رشیق -محمد حفص -صالح بن محمد -حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

**(233)**- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ عَبْدِ اللہِ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ عَبْدِ اللہِ بْنِ عَمْرٍو :

امام ابوحنیفہ نے -عبداللہ بن ابوزیاد- ابونجیح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّ اَسْمَاءَ بِنْتَ عُمَیْسٍ اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لَھَا مِنْ اَبِیْ بَکْرٍ وَابْنٍ لَھَا مِنْ جَعْفَرَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللہِ اِنِّیْ اَخَافُ عَلَیْھِمَا الْعَیْنَ فَارْقِھِمَا قَالَ نَعَمْ اِذْ لَوْ کَانَ شَیْءٌ یَسْبِقُ الْقَدْرَ لَسَبَقَتْہُ الْعَیْنُ

''سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اپنے ایک صاحبزادے اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے ایک صاحبزادے کو ساتھ لے کر حاضر ہوئیں انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ان دونوں کو نظر لگنے کا ڈر رہتا ہے آپ انہیں دم کر دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ٹھیک ہے اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت لے جا سکتی ہوتی' تو نظر لگنا اس پر سبقت لے جاتا۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابراہیم بن محمد بن شہاب -عبداللہ بن عبدالرحمٰن واقدی' مولیٰ مہدی نے اپنے والد کے حوالے سے- محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوطالب بن یوسف -ابومحمد جوہری -ابوبکر ابہری -ابوعروبہ حرانی- انہوں نے اپنے دادا -محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(234)**- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ عَلْقَمَۃَ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے -علقمہ بن مرثد کے حوالے سے یہ روایت

(232) اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام "(502)-والطبرى فى " التفسير " 67/1 فى تفسير اول البقرة-وابن كثير فى " التفسير " 36/1

(233) قد تقدم فى (223) .

(234) اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام "(2)-وابن حبان (168)-ومسلم (8)-وابوداؤد (4695) فى السنة: باب فى القدر- والترمذى (2610) فى الايمان: باب ماجاء فى وصف جبرئيل للنبى صلى الله عليه وسلم الاسلام والايمان .

عَنْ يَحْيىٰ بْنِ يَعْمَرٍ قَالَ:

روایت: بَيْنَمَا اَنَا مَعَ صَاحِبٍ لِيْ بِمَدِيْنَةِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذْ بَصُرْنَا بِعَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ فَقُلْتُ لِصَاحِبِيْ هَلْ لَكَ اَنْ تَاْتِيَهُ فَنَسْاَلَهُ عَنِ الْقَدْرِ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ دَعْنِيْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَنَا الَّذِيْ اَسْاَلُهُ فَاِنَّهُ اَعْرَفُ بِيْ مِنْكَ قَالَ فَانْتَهَيْنَا اِلٰى عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ فَسَلَّمْنَا عَلَيْهِ وَقَعَدْنَا اِلَيْهِ فَقُلْنَا لَهُ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنَّا نَتَقَلَّبُ فِيْ هٰذِهِ الْاَرْضِ فَرُبَّمَا قَدِمْنَا الْبَلْدَةَ بِهَا قَوْمٌ يَقُوْلُوْنَ لَا قَدْرَ فَبِمَا نَرُدُّ عَلَيْهِمْ فَقَالَ اَبْلِغْهُمْ اِنِّيْ مِنْهُمْ بَرِيْءٌ وَلَوْ اَنِّيْ وَجَدْتُّ اَعْوَانًا لَجَاهَدْتُهُمْ ثُمَّ اَنْشَاَ يُحَدِّثُنَا قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ رَهْطٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ اِذْ اَقْبَلَ شَابٌّ جَمِيْلٌ اَبْيَضُ حَسَنُ اللِّمَّةِ طَيِّبُ الرِّيْحِ عَلَيْهِ ثِيَابٌ بِيْضٌ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ قَالَ فَرَدَّ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَرَدَدْنَا مَعَهُ فَقَالَ اَدْنُوْ يَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ اُدْنُ فَدَنَا دَنْوَةً اَوْ دَنْوَتَيْنِ ثُمَّ قَامَ مُوَقِّرًا لَهُ ثُمَّ قَالَ اَدْنُوْ يَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ اُدْنُ فَدَنَا حَتّٰى اَلْصَقَ رُكْبَتَيْهِ بِرُكْبَتَيْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِيْمَانِ فَقَالَ اَلْاِيْمَانُ اَنْ تُؤْمِنَ بِاللهِ وَمَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَلِقَائِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللهِ تَعَالٰى فَقَالَ صَدَقْتَ فَتَعَجَّبْنَا مِنْ تَصْدِيْقِهٖ لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَوْلِهٖ صَدَقْتَ كَاَنَّهُ يَعْلَمُ ثُمَّ قَالَ فَاَخْبِرْنِيْ عَنْ شَرَائِعِ الْاِسْلَامِ مَا هِيَ قَالَ اِقَامُ

نقل کی ہے: یحییٰ بن یعمر بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ میں اپنے ساتھی کے ساتھ مدینہ منورہ میں موجود تھا ہم نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا میں نے اپنے ساتھی سے کہا: کیا تم اس بات میں دلچسپی رکھتے ہو کہ ہم ان کے پاس جائیں اور ان سے تقدیر کے بارے میں سوال کریں۔ اس نے کہا ٹھیک ہے۔ میں نے کہا: پھر تم مجھے موقع دینا کہ میں ان سے سوال کروں گا کیونکہ وہ تمہاری بہ نسبت مجھ سے زیادہ واقف ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس پہنچے ہم نے انہیں سلام کیا اور ہم ان کے پاس بیٹھ گئے ہم نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن ہم مختلف علاقوں میں آتے جاتے رہتے ہیں بعض اوقات ہم کسی شہر میں آتے ہیں تو وہاں ایسے لوگ ہوتے ہیں جو یہ کہتے ہیں تقدیر کی کوئی حقیقت نہیں ہے تو ہم انہیں کیا جواب دیں۔ تو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم ان لوگوں کو یہ پیغام پہنچا دینا کہ ان سے لاتعلق ہوں اور اگر مجھے مددگار مل گئے تو میں ان لوگوں کے ساتھ جہاد کروں گا۔ پھر انہوں نے ہمیں حدیث بیان کرنا شروع کی تو بتایا:

ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب آپ کے ساتھ موجود تھے اس دوران ایک نوجوان آیا جو خوب صورت سفید رنگت کا تھا اس کے بال خوب صورت تھے اس کی خوشبو پاکیزہ تھی۔ اس نے سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ اس نے کہا: السلام علیک یا رسول اللہ السلام و علیکم۔ راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے جواب دیا ہم نے بھی اسے جواب دیا۔ اس نے کہا: یا رسول اللہ کیا میں قریب ہو جاؤں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قریب ہو جاؤ تو وہ کچھ قریب ہوا پھر اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کا اظہار کرتے ہوئے یہ عرض کی: یا رسول اللہ کیا میں اور قریب ہو جاؤں۔

الصَّلَاةِ وَاِيْتَاءُ الزَّكٰوةِ وَحَجُّ الْبَيْتِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ وَالْاِغْتِسَالُ مِنَ الْجَنَابَةِ قَالَ صَدَقْتَ فَتَعَجَّبْنَا مِنْ قَوْلِهٖ صَدَقْتَ قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ عَنِ الْاِحْسَانِ مَا هُوَ قَالَ الْاِحْسَانُ اَنْ تَعْمَلَ لِلّٰهِ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ قَالَ فَاِذَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ فَاَنَا مُحْسِنٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ صَدَقْتَ قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ عَنِ السَّاعَةِ مَتٰى هِيَ قَالَ مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ وَلٰكِنْ لَهَا اَشْرَاطًا فَهِيَ مِنَ الْخَمْسِ الَّتِیْ اِسْتَاْثَرَ اللّٰهُ تَعَالٰی بِهَا فَقَالَ (اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ)

قَالَ صَدَقْتَ ثُمَّ انْصَرَفَ وَنَحْنُ نَرَاهُ اِذْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلَیَّ بِالرَّجُلِ فَقُمْنَا فِیْ اَثَرِهٖ فَمَا نَدْرِیْ اَيْنَ تَوَجَّهَ وَلَا رَاَيْنَا لَهٗ شَيْئًا فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ هٰذَا جِبْرَئِيْلُ اَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ مَعَالِمَ دِيْنِكُمْ وَاللّٰهِ مَا اَتَانِیْ فِیْ صُوْرَةٍ اِلَّا وَاَنَا اَعْرِفُهٗ فِيْهَا اِلَّا هٰذِهِ الصُّوْرَةِ

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم قریب ہو جاؤ تو وہ قریب ہو گیا۔ یہاں تک کہ اس نے اپنے گھٹنے نبی اکرم ﷺ کے گھٹنوں کے ساتھ ملا لئے اس نے کہا: مجھے ایمان کے بارے میں بتائیے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایمان یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر، اس کی بارگاہ میں حاضری پر، قیامت کے دن پر اور اچھی یا بری تقدیر کے اللہ تعالیٰ کی طرف سے طے ہونے پر اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھو۔ اس نے کہا: آپ نے ٹھیک کہا ہے۔ تو ہمیں اس کی نبی اکرم ﷺ کی بات کی تصدیق کرنے پر اور یہ کہنے پر کہ آپ نے ٹھیک کہا ہے پر حیرانگی ہوئی گویا کہ وہ شخص (اس) سوال کا جواب جانتا تھا۔ تو اس نے کہا: مجھے اسلام کے احکام کے بارے میں بتائیے کہ وہ کیا ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، بیت اللہ کا حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا اور غسل جنابت کرنا۔ اس نے کہا: آپ نے ٹھیک کہا ہے تو ہمیں اس کے یہ کہنے پر حیرت ہوئی کہ آپ نے ٹھیک کہا ہے۔

راوی کہتے ہیں پھر اس شخص نے کہا کہ آپ مجھے احسان کے بارے میں بتائیے کہ وہ کیا ہوتا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: احسان یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے لئے یوں عمل کرو جیسے تم اسے دیکھ رہے ہو اور اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے اس نے دریافت کیا: اگر میں ایسا کر لیتا ہوں تو میں احسان کرنے والا شمار ہوں گا؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ اس نے کہا: آپ نے ٹھیک کہا ہے۔ پھر اس نے کہا کہ مجھے قیامت کے بارے میں بتائیے کہ وہ کب آئے گی؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس بارے میں جس سے سوال کیا گیا ہے وہ سوال کرنے والے سے زیادہ علم نہیں رکھتا۔ البتہ اس کی کچھ مخصوص نشانیاں ہیں اور یہ ان پانچ چیزوں میں شامل ہے جن کے بارے میں

اللہ تعالیٰ ترجیحی طریقہ اختیار فرمایا ہے اور یہ ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ کے پاس قیامت کا علم ہے اور وہ بارش کو نازل کرتا ہے اور وہ جانتا ہے کہ رحم میں کیا ہے اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ کل اسے کس صورتِ حال کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ اسے کون سی سرزمین پر موت آئے گی' بے شک اللہ تعالیٰ ہی علم رکھنے والا اور خبر رکھنے والا ہے۔''

اس شخص نے کہا: آپ نے سچ فرمایا ہے۔ پھر وہ چلا گیا۔ ہم اسے دیکھتے رہے' نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس شخص کو میرے پاس لے کر آؤ' ہم اٹھ کر اس کے پیچھے گئے' لیکن ہمیں پتہ ہی نہیں چلا کہ وہ کس طرف گیا ہے' اور ہم نے اس کے حوالے سے کوئی چیز نہیں دیکھی' ہم نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ جبرائیل علیہ السلام تھے' تمہارے پاس اس لئے آئے تھے تاکہ تمہیں تمہارے دین کے بنیادی امور کے بارے میں تعلیم دیں۔ اللہ کی قسم یہ میرے پاس جس بھی شکل میں آئے' میں نے انہیں پہچان لیا' البتہ اس شکل وصورت کا معاملہ مختلف ہے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- صالح بن احمد بن ابومقاتل -احمد بن محمد بن عمر' ان دونوں نے -شعیب بن ایوب صیرفی -مصعب بن مقدام- داؤد طائی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی -عبداللہ بن محمد بن احمد بن نوح -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- خالد بن سلیمان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حمزہ بن حبیب زیات کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے منقول ہے' جس کے الفاظ اور مضمون قریب' قریب ہیں۔

انہوں نے یہ روایت عباس بن عزیز قطان مروزی -علی بن حشرم ومحمد بن حرب' ان دونوں نے -فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عباس بن عزیز -علی بن سلیمان رازی -حکیم بن زید سے نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ سے ایمان کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے ہمیں یہ حدیث بیان کی۔

انہوں نے یہ روایت ابوسہل محمد بن عبداللہ بن سہل - موسیٰ بن نصر رازی - بشار بن قیراط کے حوالے سے بھی' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن قدامہ بن سیار - لیث بن مساور - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے بھی' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت زکریا بن یحییٰ و محمد بن عبدالرحمٰن اصفہانی - احمد بن رستہ - حکم بن ایوب - امام زفر کے حوالے سے بھی امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق سمسار بخاری - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے بھی' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - منذر بن محمد - حسین بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے بھی' امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسین بزاز بلخی - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے بھی' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن زید بن ابوخالد بخاری - حسن بن عمر - شقیق - امام ابویوسف کے حوالے سے بھی' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے بھی' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد نے - حسن بن علی سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت حسین بن علی کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے: (یہ روایت) - یحییٰ بن حسین - زیاد بن حسن - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے بھی امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد نے - عبداللہ بن مستورد - عقبہ بن مکرم - یونس بن بکیر کے حوالے سے بھی' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - علی بن مہتدی - عمرو بن زرارہ - ابوشہاب مسروح بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے بھی' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے بھی امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا سعید بن ابوجہم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن منصور صغانی - انہوں نے اپنے دادا ابوسعید - ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت زکریا بن حارث نیشاپوری - یحییٰ بن جنید قشیری - محمد بن سعید - ہیاج بن بسطام کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت زکریا بن یحییٰ - یحییٰ بن جنید - محمد بن سعید ہروی - ابومعاویہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعباس احمد ابن عبدالرحمٰن بن خالد رازی قلانسی - عبداللہ بن جراح قہستانی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔: تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**دخلنا مسجد رسول فوجدنا ابن عمر قاعداً فی ناحیه و کان معی صاحب لی حدیث بتمامه**

''ہم مسجد نبوی میں داخل ہوئے' تو ہم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو ایک کونے میں بیٹھے ہوئے پایا' میرے ساتھ میرا ایک دوست بھی تھا'' اس کے بعد مکمل حدیث ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اسحاق بن محمد بن مروان نے اپنے والد کے حوالے سے - مصعب بن مقدام کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: حمزہ زیات اور ایک جماعت نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطالب بن یوسف - ابومحمد جوہری - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی - ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب - ابوبکر محمد بن بکیر مقری - قاضی عمر بن احمد بن عمر بن محمد - ابوعلی حسن حاتم بن شرف بن نوح ازدی - موسیٰ بن نصر - بشار بن قیراط کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - انہوں نے اپنے والد محمد بن خالد بن خلی - انہوں نے اپنے والد خالد بن خلی - محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(235)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے -علقمہ بن مرثد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابن بریدہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُمْ تَذَاكَرُوا الشُّؤْمَ عِنْدَهُ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ اَلشُّؤْمُ فِي ثَلَاثٍ اَلدَّارِ وَالْمَرْاَةِ وَالْفَرَسُ فَشُؤْمُ الدَّارِ اَنْ تَكُوْنَ ضَيِّقَةً لَهَا جِيْرَانُ سُوْءٍ وَشُؤْمُ الْفَرَسِ اَنْ يَكُوْنَ جَمُوْحًا يَمْنَعُ ظَهْرَهُ وَشُؤْمُ الْمَرْاَةِ اَنْ تَكُوْنَ عَاقِرًا

ایک مرتبہ لوگ نبی اکرم ﷺ کے پاس نحوست کا ذکر کر رہے تھے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نحوست تین چیزوں میں ہوتی ہے' گھر میں، عورت میں یا گھوڑے میں۔ گھر کی نحوست یہ ہوتی ہے کہ وہ تنگ ہو' یا اس کے پڑوسی برے ہوں' گھوڑے کی نحوست یہ ہوتی ہے کہ وہ سرکش ہو اور اپنی پشت پر سوار نہ ہونے دے اور عورت کی نحوست یہ ہوتی ہے کہ وہ بانجھ ہو۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سہل بن ماہان ترمذی - صالح بن ماہان ترمذی' انہوں نے یہ روایت حسن بن سفیان نسوی - جمعہ بن عبداللہ' ان دونوں نے - ابومقاتل حفص بن سلیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت علی بن حسن بن عبدہ بخاری - حفص بن عمر ربعی اور نصر بن مغیرہ بخاری' ان دونوں نے - عیسیٰ بن موسیٰ - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔' تاہم انہوں نے (اس کی سند میں) علقمہ سے آگے کی کا ذکر نہیں کیا۔

انہوں نے یہ روایت زکریا بن یحییٰ اصفہانی - احمد بن سلیمان بن یوسف - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - نعمان بن عبدالسلام کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

وشؤم المراة ان تكون سيئة الخلق عاقراً

''عورت کی نحوست یہ ہے کہ اس کا اخلاق برا ہو' اور وہ بانجھ ہو''

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - حسن صاحب شناسی - اسماعیل بن بشر - صالح بن محمد ترمذی - ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: یہ حدیث ''مضطرب'' ہے' یہ علقمہ - ابن بریدہ - ان کے والد کے حوالے سے - نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے' اور یہ علقمہ کے حوالے سے (مرسل روایت کے طور پر بھی) منقول ہے۔

(236)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد - ابن بریدہ - ان کے

(235) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في "مسند الامام" (264)-واخرجه البخاري (2858) في الجهاد-وابوداؤد (3922)- ومسلم (2225) في السلام-والبغوي في "الشرح السنة" (2237)-واحمد 2/126 من حديث عبد الله بن عمر

عَنْ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

روایت: اِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ وَهُوَ عَلٰى طَائِفَةٍ مِنَ الْخَيْرِ قَالَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لِمَلَائِكَتِهٖ اُكْتُبُوْا لِعَبْدِيْ مِثْلَ اَجْرِ مَا كَانَ يَعْمَلُ وَهُوَ صَحِيْحٌ مَعَ اَجْرِ الْبَلَاءِ

والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''جب آدمی بیمار ہو جائے اور وہ (صحت کے دوران) کئی قسم کی بھلائیاں کرتا ہو' تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے: میرے بندے کے لئے اسی کی مانند اجر لکھو' جو یہ پہلے عمل کیا کرتا تھا' جب یہ تندرست ہوتا تھا اور اس کے ساتھ آزمائش (کا سامنا کرنے) کا بھی اجر نوٹ کرو''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن حسن بزاز بلخی - بشر بن ولید - یحییٰ بن اسماعیل ہمدانی - محمد بن سماعہ اور عبدالصمد بن فضل - ... بن ایوب' ان سب نے - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ ... اس میں یہ الفاظ نہیں ہیں: مع اجر البلاء (آزمائش کے اجر کے ہمراہ)

انہوں نے یہ روایت محمد بن اشرس نیشاپوری سلمی - جارود بن یزید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن منصور بن نصر نے اپنے والد کے حوالے سے - ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی - بشر بن ولید - وسیم بن جمیل کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ اس میں یہ الفاظ ہیں: مع اجر البلاء (آزمائش کے اجر کے ہمراہ)

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن ... ت علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - سماعہ بن محمد بن سماعہ - انہوں نے اپنے والد - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

... اخرج احمد 410/4- وابن ابی شیبة 230/3- والبخاری (2996)-

-- وابو نعیم فی '' تاریخ اصفهان '' 60/1 عن ابی موسی الاشعری یقول: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: '' اذامرض العبد ... کتب له من الاجر مثل ما کان یعمل مقیما صحیحا'' (237) اخرجه ابن حبان (7459)- وابن ابی شیبة 470/11- ... (2546) فی صفة الجنة: باب ماجاء فی وصف اهل الجنة- والحاکم فی '' المستدرك '' 81/1- والطحاوی فی '' شرح ... الآثار '' (336) .

محمد بن خسرو نے بھی یہ روایت اپنی ''مسند'' میں ابوعبداللہ محمد بن احمد معروف بہ غنجار کی ''تاریخ بخارا'' کے حوالے سے- ابو سہل بن عثمان بن سعید- طاہر بن محمد بن حمویہ-عبداللہ بن محمد قزوینی-محمد بن سماعہ-امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(237)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهِ اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَكُوْنُوْا رُبْعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ اَهْلِ الْجَنَّةِ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَكُوْنُوْا نِصْفَ اَهْلِ الْجَنَّةِ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اَبْشِرُوْا فَاِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِائَةُ صَفٍّ وَاُمَّتِيْ مِنْ ذٰلِكَ ثَمَانُوْنَ صَفًّا

امام ابوحنیفہ نے-علقمہ بن مرثد- ابن بریدہ-ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

نبی اکرم ﷺ نے اپنے اصحاب سے فرمایا: کیاتم لوگ اس بات پر راضی ہو کہ تم اہل جنت کا ایک چوتھائی حصہ ہو؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیاتم لوگ اس بات پر راضی ہو کہ تم اہل جنت کا ایک تہائی حصہ ہو؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیاتم اس بات پر راضی ہو کہ تم اہل جنت کا نصف ہو؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم یہ خوشخبری قبول کرو کہ اہل جنت کی 120 صفیں ہوں گی اور ان میں سے میری امت کی 80 صفیں ہوں گی۔

•••——•••——•••

امام ابومحمد بخاری نے یہ روایت-محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی-عمر بن حمید-علی بن غراب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(238)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوْتُ لَهُ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ اِلَّا اَدْخَلَهُ اللهُ الْجَنَّةَ فَقَالَ عُمَرُ اَوِ اثْنَانِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَوِ اثْنَانِ

امام ابوحنیفہ نے-علقمہ بن مرثد- ابن بریدہ-ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''جس بھی مسلمان کے تین بچے فوت ہو جائیں' تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے گا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اگر دو ہوں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر دو ہوں (تو بھی یہی اجر وثواب حاصل ہوگا)

(238) اخرجه الحافظ صدرالدين الحصكفي في "مسندالامام" (185)-والحاكم في "المستدرك" 384/1-والبزار (875)-والهيثمي في "مجمع الزوائد" 8/3

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوقاسم صفار بلخی - محمد بن قاسم بلخی - سلیمان بن احمد بن عیسیٰ واسطی - مروان جزری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

239 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اِذَا وُضِعَ الْمُؤْمِنُ فِیْ قَبْرِهٖ اَتَاهُ مَلَكٌ فَاَجْلَسَهٗ فَقَالَ مَنْ رَبُّكَ قَالَ اَللّٰهُ تَعَالٰی قَالَ مَنْ نَبِيُّكَ قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ وَمَا دِيْنُكَ قَالَ اَلْاِسْلَامُ قَالَ فَيُفْسَحُ لَهٗ فِیْ قَبْرِهٖ وَيَرٰى مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ فَاِذَا كَانَ كَافِرًا اَجْلَسَهٗ مَلَكٌ فَقَالَ مَنْ رَبُّكَ قَالَ هَا كَالْمُضِلِّ شَيْئًا قَالَ مَنْ نَبِيُّكَ فَيَقُوْلُ هَا كَالْمُضِلِّ شَيْئًا فَيَقُوْلُ مَا دِيْنُكَ فَيَقُوْلُ هَا كَالْمُضِلِّ شَيْئًا فَيُضَيَّقُ عَلَيْهِ قَبْرُهٗ وَيَرٰى مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ فَيَضْرِبُهٗ ضَرْبَةً يَسْمَعُهٗ كُلُّ شَیْءٍ اِلَّا الثَّقَلَيْنِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ ثُمَّ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْآيَةَ

﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِی الْآخِرَةِ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاءُ﴾

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد - ایک (نامعلوم) شخص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب مومن کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے' تو ایک فرشتہ اس کے پاس آتا ہے اور اسے بٹھالیتا ہے اور دریافت کرتا ہے: تمہارا پروردگار کون ہے؟ تو وہ جواب دیتا ہے: اللہ تعالیٰ۔ فرشتہ دریافت کرتا ہے: تمہارے نبی کون ہیں؟ وہ جواب دیتا ہے: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ فرشتہ دریافت کرتا ہے: تمہارا دین کیا ہے؟ وہ جواب دیتا ہے: اسلام۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: تو اس شخص کی قبر کو کشادہ کر دیا جاتا ہے اور وہ جنت میں اپنے ٹھکانے کو دیکھ لیتا ہے' جب میت کافر کی ہو' تو فرشتہ اسے بٹھا کر دریافت کرتا ہے: تمہارا پروردگار کون ہے؟ وہ شخص کہتا ہے: ہائے افسوس یعنی اس شخص کی طرح کہتا ہے جس کی کوئی چیز گم گئی ہو۔ فرشتہ دریافت کرتا ہے: تمہارے نبی کون ہیں؟ وہ جواب دیتا ہے: ہائے افسوس' یعنی ایسے شخص کی مانند جواب دیتا ہے' جس کی کوئی چیز کھوگئی ہو' فرشتہ دریافت کرتا ہے: تمہارا دین کیا ہے؟ وہ شخص جواب دیتا ہے: ہائے افسوس' یعنی ایسے شخص کی مانند جواب دیتا ہے' جیسے اس کی کوئی چیز کھوگئی ہو تو اس کافر کی قبر کو اس کے لئے تنگ کر دیا جاتا ہے اور وہ جہنم میں اپنے ٹھکانے کو دیکھ لیتا ہے' پھر فرشتہ اس پر ایسی ضرب لگاتا ہے کہ اس کی چیخ کی آواز دو گروہوں' یعنی انسان اور جنات کے علاوہ' ہر چیز سنتی ہے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی:

---

اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفي في "مسند الامام" (194)-والبخاري (1369)-ومسلم (2871)-وابو داؤد وعبد الرزاق (6737)-واحمد 296/4

''اللہ تعالیٰ ایمان لانے والوں کو ثابت قول پر ثابت قدم
رکھتا ہے' دنیاوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی' اور اللہ تعالیٰ
ظالم لوگوں کو گمراہ رہنے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہ کرتا
ہے۔''

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت -عبداللہ بن محمد بن علی حافظ بلخی -سعید اور نخیل - ابو مطیع کے حوالے سے' امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابو عباس فضل بن بسام بخاری - محمد بن فضل بن سہل - ابو یحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔' جو ان الفاظ تک ہے: وما دينك قال الاسلام.

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی -جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت اسماعیل بن حماد کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے: (یہ روایت) انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن ہمام شیرازی -محمد بن یزید مخمس - عامر بن فرات کے حوالے سے' امام ابو حنیفہ سے روایت کی ہے' علقمہ بن مرثد - سعد بن عبادہ - ایک صحابی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: (یعنی پہلی روایت کے الفاظ کی مانند ہے۔)

ابو محمد بخاری فرماتے ہیں: یہی درست ہے' اعمش اور شعبہ نے اس روایت کو -علقمہ بن مرثد - سعد بن عبادہ کے حوالے سے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے' لیکن امام ابو حنیفہ نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ (کا نام) ذکر نہیں کیا اور یہ روایت کیے ہیں: سعد بن عبادہ - ایک صحابی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابو عبداللہ محمد بن مخلد - احمد بن محمد بن جہم بلخی - محمد بن فضل بلخی - ابو مطیع بلخی کے حوالے سے امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے - (وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت) علقمہ بن مرثد نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید -جعفر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے -عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابو عبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابو الفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابو علی - ابو عبداللہ دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - منذر بن محمد بن مروان نے اپنے والد کے حوالے سے -عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - منذر - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

248- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) قَالَ:

متنِ روایت: كُنَّا مَعَ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عِنْدَ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ فَسَاَلَهُ عَلْقَمَةُ فَقَالَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اِنَّ بِبَلَدِنَا اَقْوَامًا لَا يُثْبِتُوْنَ لِاَنْفُسِهِمُ الْاِيْمَانَ يَكْرَهُوْنَ اَنْ يَقُوْلُوْا اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ فَقَالَ وَمَا لَهُمْ لَا يَقُوْلُوْنَ ذٰلِكَ قَالَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّا اِذَا قُلْنَا ذٰلِكَ وَاَثْبَتْنَا لِاَنْفُسِنَا الْاِيْمَانَ جَعَلْنَا اَنْفُسَنَا مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ هٰذَا مِنْ خَدْعِ الشَّيْطَانِ وَحَبَائِلِهِ وَحِيَلِهِ اَلْجَاَهُمْ اِلٰى اَنْ دَفَعُوْا عَنْ اَنْفُسِهِمْ اَعْظَمَ مِنَّةِ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَهُوَ الْاِسْلَامُ وَخَالَفُوْا سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُثْبِتُوْنَ الْاِيْمَانَ لِاَنْفُسِهِمْ وَيَذْكُرُوْنَ ذٰلِكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقُلْ لَهُمْ يَقُوْلُوْا اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ وَلَا يَقُوْلُوْا اِنَّا مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَوْ عَذَّبَ اَهْلَ سَمَاوَاتِهٖ وَاَهْلَ اَرْضِهٖ لَعَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ فَقَالَ لَهُ عَلْقَمَةُ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَوْ عَذَّبَ الْمَلَائِكَةَ الَّذِيْنَ لَا يَعْصُوْنَهُ طَرْفَةَ عَيْنٍ عَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ هٰذَا عِنْدَنَا عَظِيْمٌ فَكَيْفَ يُعْرَفُ هٰذَا فَقَالَ يَا ابْنَ اَخِيْ مِنْ هٰذَا ضَلَّ اَهْلُ الْقَدْرِ فَاِيَّاكَ اَنْ تَقُوْلَ بِقَوْلِهِمْ فَاِنَّهُمْ اَعْدَاءُ اللّٰهِ الرَّادُّوْنَ عَلَيْهِ اَلَيْسَ يَقُوْلُ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: ہم علقمہ بن مرثد کے ساتھ عطا بن ابی رباح کے پاس موجود تھے علقمہ نے ان سے سوال کیا اور کہا: اے ابومحمد! ہمارے علاقے میں کچھ لوگ ہیں جو اپنے لئے ایمان کا اثبات نہیں کرتے ہیں اور اس بات کو مکروہ قرار دیتے ہیں کہ وہ یہ کہیں کہ ہم مومن ہیں۔ تو عطاء نے دریافت کیا: وہ لوگ ایسا کیوں نہیں کہتے ہیں؟ علقمہ نے جواب دیا: وہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگر ہم یہ بات کہیں گے تو ہم اپنے لئے ایمان کو ثابت کر دیں گے تو گویا ہم اپنے آپ کو جنتی قرار دیں گے۔ تو عطاء نے کہا: سبحان اللہ! یہ شیطان کا دھوکہ، فریب اور حیلہ ہے جو ان لوگوں کو اس بات کی طرف لے گیا ہے کہ وہ اپنے آپ سے ایک ایسی چیز کو پرے کر دیں جو اللہ تعالیٰ کا ان پر سب سے بڑا احسان ہے اور وہ اسلام ہے۔ اور یہ لوگ اللہ کے رسول کی سنت کی بھی خلاف ورزی کرتے ہیں کیونکہ میں نے نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کو دیکھا ہے کہ وہ اپنے لئے ایمان کا اثبات کرتے تھے اور یہ بات نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے بھی ذکر کرتے تھے۔ (پھر عطاء نے کہا:) تم ان لوگوں سے یہ کہہ دو کہ وہ یہ کہیں کہ ہم مومن ہیں البتہ وہ یہ نہ کہیں کہ ہم جنتی ہیں کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ تمام آسمان والوں اور تمام زمین والوں کو عذاب دے تو وہ انہیں ایسی حالت میں عذاب دے گا کہ وہ ان پر ظلم کرنے والا نہیں ہوگا تو علقمہ نے ان سے کہا: اے ابومحمد! اگر اللہ تعالیٰ ان فرشتوں کو عذاب دے جنہوں نے پلک جھپکنے کے برابر بھی اس کی نافرمانی نہیں کی ہے تو کیا وہ ان کو عذاب دیتے ہوئے ان پر

248- اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (377) بالفاظ اخر- واخرجه ابن ماجة (77) في المقدمة- وابوداؤد في السنة- واحمد 185/5 عن ابن الديلمي.

اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لِنَبِيِّهٖ (قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ فَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ اَجْمَعِيْنَ) فَقَالَ لَهٗ عَلْقَمَةُ اِشْرَحْ لَنَا يَا اَبَا مُحَمَّدٍ شَرْحًا يُذْهِبُ عَنْ قُلُوْبِنَا هٰذِهِ الشُّبْهَةَ فَقَالَ اَلَيْسَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى دَلَّ الْمَلَائِكَةَ عَلٰى تِلْكَ الطَّاعَةِ وَاَلْهَمَهُمْ اِيَّاهَا وَعَزَمَ لَهُمْ عَلَيْهَا وَصَبَرَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ وَهٰذِهٖ نِعَمٌ اَنْعَمَ اللهُ تَعَالٰى بِهَا عَلَيْهِمْ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَلَوْ طَالَبَهُمْ بِشُكْرِ هٰذِهِ النِّعَمِ مَا قَدَرُوْا عَلَيْهَا وَقَصَرُوْا وَكَانَ لَهٗ اَنْ يُعَذِّبَهُمْ بِتَقْصِيْرِ الشُّكْرِ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ

ظلم کرنے والا نہیں ہوگا' عطاء نے جواب دیا: جی ہاں' علقمہ نے کہا: ہمارے نزدیک یہ بہت بڑی بات ہے' اس کی وضاحت کیسے ہوسکتی ہے؟ تو عطاء نے کہا: اے میرے بھتیجے! اسی وجہ سے قدریہ فرقے کے لوگ گمراہی کا شکار ہوئے۔ تو تم ان کے قول کے مطابق قول کہنے سے اجتناب کرو' کیونکہ وہ لوگ اللہ کے دشمن ہیں' جو اللہ کی بات کو مسترد کرتے ہیں' کہ اللہ تعالیٰ نے یہ بات اپنے نبی سے ارشاد فرمائی ہے:

''تم یہ فرما دو کہ اللہ تعالیٰ کے لئے حجت بالغہ ہے اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا۔''

علقمہ نے ان سے کہا: اے ابومحمد! آپ ہمارے سامنے اس کی ایسی وضاحت کیجئے کہ ہمارے دلوں سے شبہات کو ختم کر دے' تو عطاء نے کہا: اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی رہنمائی اس بات کی طرف نہیں کی ہے کہ وہ اس طرح اطاعت کریں اور یہ انہیں الہام نہیں کی ہے اور انہیں اس چیز پر پختہ نہیں کیا ہے انہیں اس چیز کے ساتھ متعلق نہیں کیا ہے علقمہ نے جواب دیا: جی ہاں! تو عطاء نے کہا: یہ وہ نعمتیں ہیں' جو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو دی ہیں' علقمہ نے جواب دیا: جی ہاں۔ عطاء نے کہا: تو اگر اللہ تعالیٰ ان لوگوں سے ان نعمتوں کے شکر کا مطالبہ کرے تو وہ اس کا شکر ادا کرنے پر قدرت نہیں رکھیں گے اور اس میں کوتاہی کا شکار ہو جائیں گے۔ تو اللہ تعالیٰ کو اس بات کا حق حاصل ہوگا کہ شکر میں کمی کی وجہ سے انہیں عذاب دے اور ایسی صورت میں وہ ان پر ظلم کرنے والا نہیں ہوگا۔''

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محبوب بن یعقوب ''مفسر بخاری'' - حسن بن یزید - حماد بن قریش - نوح بن ابومریم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے اس کو کتاب ''الآثار'' میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

241- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

امام ابوحنیفہ نے-عبدالعزیز بن رفیع-مصعب بن سعد بن ابووقاص-ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

متنِ روایت: مَا مِنْ نَفْسٍ اِلَّا وَقَدْ كَتَبَ اللّٰهُ مَخْرَجَهَا وَمَدْخَلَهَا وَمَا هِىَ لَاقِيَةٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَفِيْمَ الْعَمَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِعْمَلُوْا وَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ اِمَّا اَهْلُ الشَّقَاءِ فَيُسَّرُوْا لِعَمَلِ اَهْلِ الشَّقَاءِ وَاَمَّا اَهْلُ السَّعَادَةِ فَيُسَّرُوْا لِعَمَلِ اَهْلِ السَّعَادَةِ فَقَالَ الْاَنْصَارِىُّ الْآنَ حَقَّ الْعَمَلُ

''ہر جان کے لئے اللہ تعالیٰ نے نکلنے کا راستہ داخل ہونے کا راستہ اور جس صورتِ حال کا اس نے سامنا کیا ہے وہ سب چیزیں تحریر کردی ہیں' انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ! پھر عمل کیوں کیا جائے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ عمل کرو' کیونکہ ہر ایک کے لئے وہ چیز آسان کردی جاتی ہے' جس کے لئے اسے پیدا کیا گیا ہو' جہاں تک بدبخت لوگوں کا تعلق ہے' تو ان کے لئے بدبخت لوگوں کے سے اعمال کو آسان کردیا جاتا ہے اور جہاں تک سعادت مندوں کا تعلق ہے' تو ان کے لئے سعادت مندوں کے سے اعمال کو آسان کردیا جاتا ہے۔ تو اس انصاری نے کہا: اب عمل کی حقیقت ثابت ہوگئی ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل ہروی - محمود بن خداش طالقانی - اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

احمد بن محمد بن سہل ترمذی نے بھی اس کو - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

من كان من اهل الجنة يسر لعمل اهل الجنة ومن كان من اهل النار يسر لعمل اهل النار

جو شخص جنتی ہوگا اس کے لئے اہل جنت کا سا عمل آسان کردیا جائے گا اور جو جہنمی ہوگا اس کے لئے اہل جہنم کا سا عمل آسان کردیا جائے گا۔

انہوں نے یہ روایت زکریا بن یحییٰ اصفہانی - احمد بن محمد بن رشتہ - محمد بن مغیرہ - حکم - زفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

241- اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار "(386)-وابن ابى عاصم فى " السنة" 76/1

اورانہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حمزہ بن حبیب زیات کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے' کہ یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سےمنقول ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - جعفر بن محمد بن موسیٰ - ابوفروہ نے اپنے والد کے حوالے سے - سابق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن محمد بن یزید بن ابوعوام - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد - انہوں نے اپنے چچا سعید بن ابوجہم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد - ایوب بن ہانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - قاسم بن عبداللہ بن عامر بن زرارہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - شقیق بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - حسین بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبداللہ بن محمد بن موسیٰ سعدی اور محمد ابن رضوان' ان دونوں نے - حسن بن عثمان - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن عبداللہ بن محمد بن مسروق سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا کی تحریر میں یہ روایت پائی ہیکہ یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے

انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے - احمد بن زہیر - مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن ابورمیح - یحییٰ بن خالد - ابوسعد صغانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - محمود بن خداش - اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ صاحب فرماتے ہیں: حمزہ زیات' حماد بن ابوحنیفہ' امام زفر' حسن بن زیاد' صالح بن محمد' سابق' ایوب بن ہانی' سفیان بن عمرو' مصعب بن راشد' اور اسد بن عمرو نے اس روایت کو' امام ابوحنیفہ سے نقلکیا ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ حسین بن حسین انطا کی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد

حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن محمد ابن سلیمان-محمد بن مصفی-بقیہ-عمرو بن عبسہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوجعفر طحاوی-رجاء بن زکریا-نصر بن حریش-اسماعیل بن موسیٰ بن ملیحان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعثمان سعید بن ہاشم-عبدالرحمٰن بن ابراہیم-شعیب بن اسحاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوالفضل بن خیرون-ابوعلی بن شاذان-ابونصر بن اشکاب-عبداللہ بن طاہر-اسماعیل بن توبہ قزوینی-محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطالب بن یوسف-ابومحمد جوہری-ابوبکر ابہری-ابوعروبہ حرانی-انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے-محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی-ابومحمد جوہری-حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے مذکور سند کے ساتھ ''امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت-قاضی ہناد بن ابراہیم-قاسم بن عبید اللہ بن عبداللہ-ابوطالب محمد بن احمد بن اسحاق بن بہلول-عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن واقد-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے ''الآثار'' میں اس کو نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-اپنے والد محمد بن خالد بن خلی-انہوں نے اپنے خالد بن خلی-محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

محمد بن حسن نے اسے اپنے ''نسخہ'' میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

242- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے-عبدالعزیز بن رفیع-عبداللہ بن ابوقتادہ-ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ

''تم لوگ زمانے کو برا نہ کہو کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی زمانہ ہے''۔

242- اخرجه الحافظ صدرالدين الحصكفي في" مسندالامام" (480)-واحمد /299و 311-والهيثمي في " مجمع الزوائد" 71/8- وابن عدي في" الكامل" 42/6

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -صالح بن ابومسیح - ابراہیم - حسن - نعیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**243**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رَفِيْعٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے -عبدالعزیز بن رفیع - مصعب بن سعد -ان کے والد حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ قَالَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا) قَالَ الشَّفَاعَةُ

''عنقریب تمہارا پروردگار تمہیں مقامِ محمود پر فائز کرے گا۔''
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اس سے مراد شفاعت ہے۔

•••—•••—•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -محمد بن محمد بن سلیمان - سوادہ بن علی - احمد بن حارث - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ہناد بن ابراہیم - ابوطالب یحییٰ بن علی بن طیب - ابوسعد اسماعیل بن احمد بن ابوبکر محمد بن جعفر - ابوبکر محمد بن محمود واسطی - ابوحسین سوادہ بن علی - احمد بن حارث بن علی - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**244**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ اَبِي الْمُخَارِقِ (عَنْ) طَاوُسٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -عبدالکریم بن ابومخارق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: طاؤس بیان کرتے ہیں:

متن روایت: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى ابْنِ عُمَرَ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَرَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَكْسِرُوْنَ اَغْلَاقَنَا وَيَنْقُبُوْنَ بُيُوْتَنَا وَيُغِيْرُوْنَ عَلٰى اَمْتِعَتِنَا اَكَفَرُوْا قَالَ لَا قَالَ اَرَاَيْتَ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَتَاَوَّلُوْنَ عَلَيْنَا وَيَسْفِكُوْنَ دِمَاءَ نَا اَكَفَرُوْا قَالَ لَا حَتّٰى يَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ شَيْئًا وَاَنَا اَنْظُرُ اِلٰى اِصْبَعِ ابْنِ عُمَرَ وَهُوَ

ایک شخص حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور ان سے سوال کرتے ہوئے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے کہ جولوگ ہمارے تالوں کوتوڑ لیتے ہیں ہمارے گھروں میں نقب لگاتے ہیں، ہمارے سامان پرلوٹ مار کرتے ہیں' کیا وہ کفر کے مرتکب ہوتے ہیں؟ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے جواب دیا: جی نہیں۔ اس شخص نے کہا: ان لوگوں

(243) قال السيوطى فى'' الدر المنثور'' 325/5:

-- واخرج ابن مردويه عن سعد بن ابى وقاص قال: سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن المقام المحمود فقال: ''هو الشفاعة'' .

(244) اخرجه الحافظ صدرالدين الحصكفى فى'' مسندالامام'' (9)-والترمذى (2637) فى الايمان: باب ما جاء فيمن رمى اخاه بالكفر مرفوعاً-بمعناه-

-- واخرجه احمد 112/2 مرفوعاً مختصراً''من قال لاخيه: ياكافر-فقد باء بها احدهما'' .

تحریکھا وھو یقول سُنَّۃُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ

کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جو قرآن کی اپنی تاویل بیان کرتے ہیں اور اس کی بنیاد پر ہمارے خون بہا دیتے ہیں' کیا وہ کفر کے مرتکب ہوتے ہیں؟ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے جواب دیا: جی نہیں! جب تک وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے (اس وقت تک وہ کافر نہیں ہوں گے) راوی کہتے ہیں: میں اس وقت بھی گویا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی انگلی کو دیکھ رہا ہوں' جسے وہ حرکت دے رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت یہی ہے۔ (کہ ایسے لوگوں کو کافر قرار نہ دیا جائے)

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح کی تحریر کے حوالے سے - یحییٰ بن خالد مہلبی - ابومعاذ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابومحمد بخاری کہتے ہیں: ایک جماعت نے اس کو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ پر ''موقوف'' روایت کے طور پر بھی نقل کیا ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن حبیش - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - عبداللہ بن احمد بن اسد اصفہانی - احمد بن رشتہ - محمد بن مغیرہ - حکم بن ایوب - زفر بن ہذیل کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(245) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) (عَنِ) الْھَیْثَمِ الصَّیْرَفِیِّ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: لَا یُؤْمِنُ بِالْقَدْرِ عَبْدٌ حَتّٰی یُؤْمِنَ بِالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم صیرفی - عامر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بندہ اس وقت تک تقدیر پر کامل ایمان رکھنے والا شمار نہیں ہوتا ہے' جب تک وہ (بندہ) اچھی اور بری ہر قسم کی تقدیر پر ایمان نہیں رکھتا ہے''

(245) اخرجه احمد 1/97- وابن ابی عاصم فی" السنة" (887)- والبزار (904)- والطیالسی (106)- والترمذی (2145) .

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- عبداللہ بن ابراہیم بن قتیبہ- حسن بن سہل- مصعب بن سلام کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(246)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: يُدْرَسُ الْاِسْلَامُ كَمَا يُدْرَسُ وَشْيُ الثَّوْبِ وَلَا يَبْقٰى شَىْءٌ اِلَّا شَيْخٌ كَبِيْرٌ اَوْ عَجُوْزٌ فَانِيَةٌ تَقُوْلَ كَانَ قَبْلَنَا قَوْمٌ وَيَقُوْلُوْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَهُمْ لَا يُصَلُّوْنَ وَلَا يَصُوْمُوْنَ وَلَا يَحَجُّوْنَ وَلَا يَتَصَدَّقُوْنَ قَالَ فَقَالَ صِلَةُ بْنُ زُفَرَ فَمَا تُغْنِيْ عَنْهُمْ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَهُمْ لَا يُصَلُّوْنَ وَلَا يَصُوْمُوْنَ وَلَا يَحُجُّوْنَ وَلَا يَتَصَدَّقُوْنَ فَقَالَ يَا صِلَةُ يَنْجُوْنَ بِهَا مِنَ النَّارِ ثُمَّ قَالَ الثَّانِيَةَ يَمُدُّ بِهَا صَوْتَهُ يَا صِلَةُ يَنْجُوْنَ بِهَا مِنَ النَّار

امام ابوحنیفہ نے- ابومالک اشجعی- ربعی بن حراش کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''اسلام اس طرح ختم ہو جائے گا' جس طرح پھٹا پرانا کپڑا ختم ہو جاتا ہے اور کوئی چیز باقی نہیں رہے گی' صرف ایک بوڑھا مرد یا بوڑھی عورت باقی رہ جائیں گے' جو یہ کہیں گے: ہم سے پہلے کچھ لوگ ہوا کرتے تھے' جو لا الٰہ الا اللہ پڑھا کرتے تھے وہ لوگ نہ تو کوئی نماز پڑھتے ہوں گے' نہ روزے رکھتے ہوں گے' نہ حج کرتے ہوں گے' نہ صدقہ دیتے ہوں گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: تو صلہ بن زفر نے کہا: اے ابوعبداللہ! لا الٰہ الا اللہ پڑھنے کا انہیں کیا فائدہ ہوگا' جبکہ وہ لوگ نہ تو نماز پڑھتے ہوں گے' نہ روزے رکھتے ہوں گے' نہ حج کرتے ہوں گے' نہ صدقہ دیتے ہوں گے؟ تو انہوں نے فرمایا: اے صلہ! وہ لوگ اس کی وجہ سے جہنم سے نجات پا جائیں گے۔

پھر انہوں نے دوسری مرتبہ اپنی آواز کو کھینچ کر یہ فرمایا: اے صلہ! وہ لوگ اس کی وجہ سے جہنم سے نجات پا جائیں گے۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن علی بن محمد- ابوطاہر محمد بن احمد بن ابوصقر- ابوحسین علی بن علی- حسن بن رشیق- ابوعبداللہ محمد بن حفص بن عبدالملک طالقانی- صالح بن محمد ترمذی- حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(247)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

(246) اخرجه ابن ماجة (449) فی الفتن: باب ذهاب القرآن والعلم- والحاكم فی " المستدرك" 587/4- والخطيب فی " تاريخ بغداد" 400/1

متن روایت: كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ وَيُنَصِّرَانِهٖ وَيُمَجِّسَانِهٖ قِيْلَ فَمَنْ مَاتَ صَغِيْرًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ

"ہر پیدا ہونے والا بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے' لیکن اس کے ماں باپ اسے یہودی یا عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں' عرض کی گئی: یا رسول اللہ! جو بچہ بچپن میں فوت ہوتا ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ زیادہ بہتر جانتا ہے کہ انہوں نے کیا عمل کرنے تھے؟

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن لیث بلخی المعروف بہ "ثوری" - محمد بن یونس - مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(248) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزٍ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: يَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَخْتَلِفُوْنَ اِلَى الْقُبُوْرِ فَيَضَعُوْنَ بُطُوْنَهُمْ عَلَيْهَا وَيَقُوْلُوْنَ وَدِدْنَا اَنَّا كُنَّا صَاحِبُ هٰذَا الْقَبْرِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَكُوْنُ هٰذَا قَالَ لِشِدَّةِ الزَّمَانِ وَكَثْرَةِ الْبَلَايَا وَالْفِتَنِ

"لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ جب وہ قبرستان جائیں گے اور اپنا پیٹ قبر پر رکھ کر یہ کہیں گے کہ ہماری یہ خواہش ہے کہ ہم اس قبر والے کی جگہ (اس میں دفن ہوتے) عرض کی گئی: یا رسول اللہ! ایسا کیوں ہوگا؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: زمانے کی شدت' آزمائشوں اور فتنوں کی کثرت کی وجہ سے ایسا ہوگا۔"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن لیث - محمد بن یونس - مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(249) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - عطیہ عوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

---

(247) اخرجه ابن حبان (128) -والبخارى (1358) -واحمد 393/2 -ومسلم (2658) -والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 162/2

(248) اخرجه الحافظ صدر الدين الحصكفى فى "مسند الامام" (501) -وابن حبان (6707) -ومالك فى "الموطأ" 241/1 فى الجنائز -واحمد 236/2 -والبخارى (7115) فى الفتن: باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل.....

(249) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (504) -والترمذى (3127) باب ومن سورة الحجر -والطبرانى فى "الاوسط" (7847) -والبخارى فى "التاريخ الكبير" 354/7 (1529) -والخطيب فى "تاريخ بغداد" 191/3

متن روایت: اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ ثُمَّ قَرَاَ:

﴿اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ﴾

اَیِ الْمُتَفَرِّسِيْنَ

''مومن کی فراست سے بچو' کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور کی مدد سے دیکھتا ہے''

پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی:

''بیشک اس میں متوسمین کے لیے نشانیاں ہیں''

(یہاں متوسمین سے مراد) فراست والے لوگ ہیں۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوسعود احمد بن علی بن محمد خطیب- محمد بن احمد خطیب- علی بن ربیعہ- حسن بن رشیق- محمد بن جعفر- صالح بن محمد- حماد کے حوالے سے- انہوں نے اپنے والد امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(**250**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ الشِّفَاءَ فِيْ اَرْبَعَةٍ اَلْحَبَّةُ السَّوْدَاءُ وَالْحَجَامَةُ وَالْعَسَلُ وَمَاءُ السَّمَاءِ

امام ابوحنیفہ نے- عبداللہ بن دینار کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بیشک اللہ تعالیٰ نے چار چیزوں میں شفاء رکھی ہے کلونجی' پچھنے لگوانا' شہد اور آسمان (یعنی بارش) کا پانی''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- ابوسعید کی تحریر کے حوالے سے- یوسف بن بہلول- فرج بن بیان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**251**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَمْرٍو الْجَرَشِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: مِنَ الْمَنِّ الْكَمْاَةُ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِّلْعَيْنِ

امام ابوحنیفہ نے- عبدالملک بن عمیر- عمرو جرشی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: - حضرت سعید بن زید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''من (وسلویٰ) کا ایک جزء کھنبی ہے اس کا پانی آنکھ کے لیے شفاء ہے''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- ابوقاسم صفار- محمد بن قاسم بلخی- سلیمان بن احمد بن عیسیٰ واسطی- مروان جزری کے حوالے سے

(250) اخرجه الحافظ صدرالدين الحصكفى فى" مسندالامام" (443) .

(251) اخرجه الحافظ صدرالدين الحصكفى فى" مسندالامام" (444)- وابو يعلى (961)- ومسلم (2049) (162) فى الاشربة باب فضل الكمأة ومداواة العين بها- واحمد 187/1

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

252)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيْدٍ عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے- یعلی بن عطاء- عمارہ بن حدید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا

''اے اللہ! میری امت کے صبح کے کاموں میں برکت رکھ دے''

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوبکر محمد بن حسن ہمدانی- عروہ بن عبداللہ بن یعقوب- مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت حاتم بن اسماعیل سے نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- مبارک بن عبدالجبار صیرفی- ابومحمد فارسی- حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن خیرون- ابوبکر حافظ مقری- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر اشنانی- حسن بن عباس مقری رازی- یعقوب ابن احمد بن حمید بن کاسب- حاتم بن اسماعیل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی اس کو امام ابوحنیفہ تک اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

253)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ شَيْخٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے- ایک (نامعلوم) شیخ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُوْنَ) قَالَ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِهٖ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں فرماتے ہیں: (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

''جو لوگ اس کے مطابق فیصلہ نہیں دیتے' جو اللہ نے نازل کیا ہے' تو یہی لوگ کافر ہیں''

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یعنی جو لوگ اس پر ایمان نہیں رکھتے ہیں۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ابوبکر خیاط- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر

252) اخرجه ابن حبان (4755)- واحمد 417/3- وابن ابی شيبة 516/12- وسعيد بن منصور (2382)- وابوداؤد (2606) فی الجهاد: باب فی الابتكار فی السفر

اشنانی - حسین بن عمرو بن ابواحوص - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے اس کو امام ابوحنیفہ تک اسی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

**(254)** - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

متن روایت: فَنَاءُ اُمَّتِیْ بِالطَّعْنِ وَالطَّاعُوْنِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلطَّعْنُ قَدْ عَرَفْنَاهُ فَمَا الطَّاعُوْنُ قَالَ وَخْزُ اَعْدَائِكُمْ مِنَ الْجِنِّ وَفِیْ كُلِّ شَهَادَةٌ

امام ابوحنیفہ نے - زیاد بن علاقہ - یزید بن حارث کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

''میری امت طعن (زخمی ہونے) اور طاعون کے نتیجے میں فنا ہوگی' عرض کی گئی: یارسول اللہ! طعن (زخمی ہونے) کا تو ہمیں پتہ ہے' یہ طاعون کیا چیز ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے دشمن جنات کی مار (یا ضرب) ہے اور دونوں میں سے ہر صورت میں (مرنے والے) کو شہادت نصیب ہوتی ہے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد قیراطی - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

وفي كل شهداء ''دونوں صورتوں میں (مرنے والے) شہید ہونگے''

ابومحمد کہتے ہیں: امام محمد بن حسن کی روایت میں (ایک راوی کا نام) ''یزید بن حارث'' کی جگہ ''عبداللہ بن حارث'' منقول ہے' ایک جماعت نے (راوی کا یہ نام نقل کرنے میں) امام محمد کی متابعت کی ہے۔

ان میں سے ایک حمزہ ہیں - محمد بن احمد بن محمد نے یہ روایت فاطمہ بنت محمد - انہوں نے اپنے والد سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حمزہ بن حبیب کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے ہمیں حدیث بیان کی ہے۔

ان میں سے ایک حسن بن فرات ہیں - احمد بن محمد بیان کرتے ہیں: میں نے حسین بن علی کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یحییٰ بن حسن نے یہ روایت - زیاد بن حسن - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک امام ابویوسف اور اسد بن عمرو ہیں - احمد بن محمد نے یہ روایت - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد سے

(254) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" 268- واحمد4/395- والطيالسي (534) وقد تقدم

کی ہے۔

ان میں سے ایک مقری ہیں- صالح بن محمد اسدی نے یہ روایت -علی بن حسن داریجردی- مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک ایوب بن ہانی (اور) حسن بن زیاد ہیں- احمد بن محمد نے یہ روایت- منذر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ایوب (بن ہانی) حسن (بن زیاد) کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک سعید بن ابوجہم ہیں- احمد نے یہ روایت- منذر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- انہوں نے اپنے چچا سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک سابق بربری ہیں- احمد بن محمد نے یہ روایت- جعفر بن موسیٰ- بوفروہ- سابق (بربری) کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک یونس بن بکیر ہیں- احمد بن محمد نے یہ روایت- منذر بن محمد- انہوں نے اپنے والد (محمد)- یونس بن بکیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

ان میں سے ایک محمد بن مسروق ہیں- احمد بن محمد نے یہ روایت- محمد بن عبداللہ مسروقی سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں میں نے اپنے دادا کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے ہمیں اس کی خبر دی ہے۔

ابومحمد بخاری بیان کرتے ہیں: زیاد بن علاقہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے درمیان موجود اس ''راوی'' کے نام کے بارے میں پہلے لوگ بھی اضطراب کا شکار رہے ہیں:

عبدالرحمٰن بن مہدی کہتے ہیں: یہ روایت سفیان ثوری - زیاد بن علاقہ - ایک (نامعلوم) شخص کے حوالے سے- حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

یعلی بن عبید کہتے ہیں: یہ سفیان ثوری - زیاد بن علاقہ - ان کی قوم کے ایک (نامعلوم) شخص کے حوالے سے- حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

اسماعیل بن زکریا کہتے ہیں: یہ روایت سفیان ثوری - زیاد بن علاقہ - یزید بن حارث کے حوالے سے - حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

زائدہ بن قدامہ اور شیبان بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں: یہ روایت سفیان ثوری - زیاد بن علاقہ - ان کی قوم کے کچھ (نامعلوم) افراد کے حوالے سے- حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

یحییٰ بن بکیر نے بغداد میں یہ روایت بیان کی: یہ روایت ابوبکر نہشلی - زیاد بن علاقہ - قطبہ بن مالک کے حوالے سے- حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

جبکہ یحییٰ (بن بکیر) نے کوفہ میں جو روایت بیان کی اس کے مطابق: یہ روایت- زیاد بن علاقہ - اسامہ بن شریک

(اور) قطبہ بن مالک کے حوالے سے - حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

حجاج ابن ارطا کہتے ہیں: یہ روایت زیاد بن علاقہ - کردوس بن عباس کے حوالے سے - حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

ابویحییٰ حمانی (اور) محمد بن زیاد بن علاقہ نے یہ روایت امام ابوحنیفہ کے حوالے سے - زیاد بن علاقہ - یزید بن حارث کے حوالے سے - حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

جبکہ ایک جماعت نے اس روایت کو جیسا کہ نے ذکر کیا ہے امام ابوحنیفہ سے - زیاد بن علاقہ - عبداللہ بن حارث کے حوالے سے - حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: تو اس بات کا احتمال موجود ہے: کہ زیاد بن علاقہ نے ان سب افراد سے اس روایت کو سنا ہو اور انہوں نے ان میں سے کسی ایک کا ذکر کر دیا ہو اور کبھی ان سب کا ذکر کیا ہو باقی اللہ بہتر جانتا ہے یا پھر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ انہوں نے ان حضرات میں سے کسی ایک سے اس روایت کو سنا ہو اور پھر اس روایت کو نقل کرتے ہوئے ''راوی'' کے نام کے بارے میں شبہ لاحق ہو گیا ہو۔

پھر (ابومحمد) بخاری کہتے ہیں: میرے نزدیک صحیح یہ ہے کہ یہ روایت یزید بن حارث کے حوالے سے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کیونکہ محمد بن زیاد بن علاقہ نے امام ابوحنیفہ کے حوالے سے زیاد بن علاقہ سے اسی طرح نقل کی ہے اور زیاد کے صاحبزادے (محمد بن زیاد بن علاقہ) دوسروں کی بہ نسبت اپنے والد کی سند سے زیادہ واقفیت رکھتے ہوں گے اللہ بہتر جانتا ہے۔

اسماعیل بن زکریا کے حوالے سے اس کو نقل کرنے میں سفیان ثوری نے امام ابوحنیفہ کا ساتھ دیا ہے جبکہ شداد بن سلیمان نے بھی اس روایت کو زیاد بن علاقہ کے حوالے سے یزید بن حارث سے نقل کیا ہے۔

ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: ہم نے باقی روایات کو چھوڑ کر صرف اس کو جو صحیح قرار دیا ہے اس کی دلیل یہ ہے احمد بن محمد بن عبداللہ بن اسماعیل بن ابوحکم - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابوحذیفہ ثعلبی کے حوالے سے نقل کیا ہے: محمد بن زیاد بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد سے دریافت کیا: امام ابوحنیفہ نے آپ کے حوالے سے طاعون سے متعلق یہ حدیث روایت کی ہے تو ایک شخص نے ان سے (یعنی میرے والد زیاد بن علاقہ سے) دریافت کیا: یزید بن حارث کون ہے؟ یہ مجھے معلوم نہیں ہے انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے! یزید بن حارث ہمارے ساتھی تھے وہ فتح قادسیہ میں ہمارے ساتھ شریک تھے ان کا گھر یہ ہے انہوں نے اس گھر کی طرف اشارہ کر کے یہ کہا۔

(ابومحمد بخاری کہتے ہیں:) اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے: زیاد بن علاقہ کے پاس جو روایت تھی وہ یزید بن حارث سے منقول تھی اور اس سے یہ بات بھی ثابت ہو جاتی ہے کہ حفظ اور اتقان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ دوسرے محدثین پر فوقیت رکھتے تھے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - شعیب بن ایوب صریفینی - ابویحیٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - حسن بن حسین انطا کی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان - ابونصر بن اشکاب بخاری - عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری - ابوظفر ہناد بن ابراہیم - ابوقاسم عبیداللہ بن عبیداللہ بن حسین نقیب - ابوطالب محمد بن اسحاق بن بہلول قاضی تنوخی - عبیداللہ بن عبدالرحمٰن بن واقد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن احمد بن حنبل - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اپنے والد محمد بن خالد - انہوں نے اپنے والد خالد - محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اپنے نسخہ میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

۔ سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

امام ابوحنیفہ نے - زیاد بن علاقہ - عبداللہ بن حارث کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اِنَّ السَّقَطَ لَيَكُوْنُ مُحْبَنْطِئاً عَلٰی بَابِ الْجَنَّةِ فَيُقَالَ لَهٗ اُدْخُلْ فَيَقُوْلُ لَا اِلَّا وَوَالِدَیْ مَعِیْ

''(دنیا میں) مردہ پیدا ہونے والا بچہ' جنت کے دروازے پر رک جائے گا' اس سے کہا جائے گا: اندر داخل ہو جاؤ! تو وہ کہے گا: جی نہیں! جب تک میرے ماں باپ ساتھ نہیں ہونگے (میں جنت میں داخل نہیں ہوں گا)''

اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار"( 407)-والحصكفي في" مسند الامام"(186)-وعبدالرزاق ( 10343) في باب نكاح الابكار والمرأة العقيم عن رجل من اهل الشام بنحوه

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - جعفر بن احمد - عمران - ابوکریب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے اور انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(256) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِی صَالِحٍ:

امام ابوحنیفہ نے - عاصم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابوصالح اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں فرماتے ہیں: (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

متن روایت: فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی (لَابِثِيْنَ فِيْهَا اَحْقَابًا) اَلْحَقَبُ ثَمَانُوْنَ سَنَةً مِنْهَا سِتَّةُ اَيَّامٍ عَدَدِ اَيَّامِ الدُّنْيَا كُلِّهَا

"وہ اس میں کئی حقب تک رہیں گے"

(ابوصالح کہتے ہیں:) ایک "حقب" 80 سال کا ہوگا جس میں سے چھ دن دنیا کے تمام ایام جتنے ہوں گے۔

•••—•••—•••

ابوعبداللہ ابن خسرو نے یہ روایت - احمد بن علی بن محمد - ابوطاہر محمد بن احمد بن ابوصقر - ابوحسین علی بن ربیعہ بن علی - حسن بن رشیق - ابوعبداللہ محمد بن حفص بن عبدالملک بن عبدالرحمٰن طالقانی - صالح بن محمد ترمذی - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(257) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ اَبِيْهِ اَبِیْ مُوْسٰی عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوبردہ بن ابوموسیٰ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ان کے والد حضرت ابوموسیٰ عامر بن عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اُمَّتِیْ اُمَّةٌ مَرْحُوْمَةٌ عَذَابُهَا بِاَيْدِيْهَا فِی الدُّنْيَا

"میری امت امت مرحومہ ہے اس کا عذاب دنیا میں اس کے سامنے آجائے گا"

•••—•••—•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - احمد بن حازم - عون بن جعفر معلم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد قیراطی - محمد بن ساریہ تمیمی - عون بن جعفر معلم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے

(256) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (515)

(257) اخرجه ابو يعلى (7277) - واحمد 410/4 - وابوداؤد (4278) في الفتن: باب مايرجى في القتل - والطبراني (969) - والحاكم في "المستدرك" 444/4 - وقد تقدم

...ہے۔

...محمد نے اپنی روایت میں القتل و الزلازل کے الفاظ زائد نقل کیے ہیں۔

...ابوبکر محمد بن عبد الباقی نے یہ روایت - ابوحسین بزاز المعروف بہ "ابن باقر" - ابوبکر محمد بن علی بن محمد بن نصر دیباجی - ...یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن بہلول - محمد بن جعفر عبسی کے حوالے سے نقل کی ہے تاہم انہوں نے اس کے آخر میں یہ الفاظ ...کیے ہیں:

...كان يوم القيامة اعطى كل رجل منهم يهودياً او نصرانياً فيقال هذا فداء ك من نار

"جب قیامت کا دن ہوگا تو ان (مسلمانوں) میں سے ہر ایک کو ایک یہودی یا عیسائی دیا جائے گا اور یہ کہا جائے ...جہنم (سے بچاؤ) کے لیے تمہارا فدیہ ہے"۔

## ...الثَّالِثُ فِي الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا وَالتَّاسِّيْ بِاَخْلَاقِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

## تیسری فصل: دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنے، نبی اکرم ﷺ کے اخلاق کی پیروی کرنا

...- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادِ بْنِ ...سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ:

...متنِ روایت: اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ...عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ...فِيْ شَكَاةٍ شَكَاهَا فَاِذَا هُوَ عَلٰى عَبَاءَةٍ قُطْوَانِيَّةٍ ...قِطْعَةٍ مِنْ صُوْفٍ حَشْوُهَا الْاِذْخِرِ فَقَالَ بِاَبِيْ ...وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كِسْرٰى وَقَيْصَرُ عَلٰى ...الدِّيْبَاجِ وَاَنْتَ عَلٰى هٰذِهٖ فَقَالَ يَا عُمَرُ اَمَا تَرْضٰى ...اَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ ثُمَّ اِنَّ عُمَرَ مَسَّهُ ...فَاِذَا هُوَ شَدِيْدُ الْحُمّٰى فَقَالَ تَحُمُّ هٰكَذَا وَاَنْتَ ...رَسُوْلُ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ) فَقَالَ اِنَّ ...هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَلَاءً نَبِيُّهَا ثُمَّ الْخَيْرُ فَالْخَيْرُ ...كَذٰلِكَ كَانَتْ الْاَنْبِيَاءُ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ ...وَالْاُمَمُ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: اسود بیان کرتے ہیں:

"ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی اکرم ﷺ اس وقت بیمار تھے آپ ﷺ نے قطوانی عباء پہنی ہوئی تھی اور آپ کا بچھونا اونی تھا جس میں اذخر (گھاس) بھری ہوئی تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں قیصر و کسریٰ تو دیباج پر ہوتے ہیں اور آپ اس پر ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عمر! کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ انہیں دنیا ملی ہے اور ہمیں آخرت ملے گی پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کو چھوا تو آپ ﷺ کو شدید بخار تھا انہوں نے عرض کی: آپ کو اس طرح (اتنا شدید) بخار ہوتا ہے حالانکہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس امت میں انبیاء کرام کو سب سے زیادہ شدید آزمائش کا سامنا کرنا پڑتا ہے پھر درجہ بدرجہ

...اخرجه الحصكفي في " مسند الامام" (485) - وابو يعلى (164) - ومسلم (1479) في الطلاق: باب في الايلاء واعتزل ...واحمد 33/1 - والبخاري (89) في العلم: باب التفاوت في العلم

نیک لوگوں کو (زیادہ شدید آزمائش کا سامنا کرنا پڑتا ہے) ہم سے
پہلے کے انبیاء اور امتوں کا بھی یہی معاملہ تھا۔

...—...—...

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسمید ع بخاری بابدیزی - میتب بن اسحاق - عیسیٰ بن موسیٰ - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت سہل بن خلف بن وردان قطان بخاری - اسحاق ابن حمزہ سے بھی نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن زیاد رازی - محمد بن امیہ ان دونوں نے - عیسیٰ بن موسیٰ غنجار - امام ابویوسف کے حوالے سے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی ابوحسین عمر اشنانی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - حسین بن شاکر - عمر - عیسیٰ بن موسیٰ - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - شیخ ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی حسن بن احمد بن باقلانی - ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف بن محمد علاف - قاضی عمر اشنانی - حسین بن شاکر کے حوالے سے مذکورہ سند کے ساتھ ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ کے حوالے سے روایت کی ہے' جس میں روایت کے الفاظ مسه فاذا هو شديد الحمى سے روایت کے آخر تک کے الفاظ ہیں۔

(**259**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَسْوَدٍ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متنِ روایت: مَا شَبِعْنَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِنْ خُبْزٍ مُتَتَابِعًا حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَا زَالَتِ الدُّنْيَا عَلَيْنَا كَدِرَةٌ عَسِرَةٌ حَتّٰى فَارَقَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَارَقَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلدُّنْيَا صُبَّتْ عَلَيْنَا

''حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا سے رخصت ہو جانے تک ہم نے کبھی بھی مسلسل تین دن تک سیر ہو کر روٹی نہیں کھائی' حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا سے رخصت ہو جانے تک' دنیا ہمارے لیے گدلی اور تنگی والی رہی' لیکن جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے رخصت ہو گئے' تو دنیا گویا ہم پر انڈیل دی گئی۔

...—...—...

(259) اخرجه احمد 128 -والبخاری (5442) -ومسلم (2975) (31) -والبیهقی فی " دلائل النبوة " 347/1

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن ابوصالح - احمد بن یعقوب بن مروان - شقیق - ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن نصر ہروی - ابوعلی حسن - ابوحسن بن علی صالحی - ابومطیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

ما شبع آل محمد ثلاثة ایام من خبز البر

"حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں نے کبھی مسلسل تین دن سیر ہو کر روٹی نہیں کھائی"

حافظ محمد ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے غنجار کی "تاریخ بخارا" میں یہ روایت پائی ہے- ابومحمد سہل بن عثمان بن سعید نے اس کو- طاہر بن محمد بن حمویہ - عبداللہ بن محمد قوہی رازی - عمرو بن محمد عبقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - انہوں نے اپنے والد محمد بن خالد - انہوں نے اپنے والد خالد بن خلی - محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

261- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ یُعْرَفُ بِاللَّیْلِ اِذَا اَقْبَلَ اِلَی الْمَسْجِدِ بِرِیْحِ الطِّیْبِ

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے وقت تشریف لاتے تھے تو (اندھیرے میں بھی) اپنی خوشبو کی وجہ سے پہچان لئے جاتے تھے۔"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوبکر عبداللہ بن محمد قاضی حبال رازی - یعقوب بن یوسف بن دینار - عبید بن آدم بن ابوایاس - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - اسماعیل بن ابراہیم جو بیت المقدس کے قاضی ہیں - ابراہیم بن طہمان خراسانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

262- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن ابورباح کے حوالے سے یہ

---

260- اخرجه الحصكفی فی "مسندالامام" (359)-واخرجه البیهقی فی "دلائل النبوة" 256/1-واحمد 161/4-والبخاری فی التاریخ الكبیر"317 من حدیث جابر بن عبدالله

261- اخرجه الحصكفی فی "مسندالامام" (430)-واخرجه البیهقی فی "شعب الایمان" (2659)-والحافظ ابن حجر فی "المطالب العالیة"(2197) من عبد الله بن عمر رضی الله عنهما

رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:
متن روایت: كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَلَنْسُوَةٌ شَامِيَةٌ بَيْضَاءُ

روایت نقل کی ہے: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:
''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک سفید شامی ٹوپی تھی''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-قبیصہ بن فضل-زکریا بن یحییٰ بن حارث-محمد بن ایوب-ابواسامہ عبداللہ بن محمد حلبی-مخلد بن مخلد-ابوقتادہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(262)-سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ حَدَّثَنِیْ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ:
متن روایت: خَرَجْتُ مَعَ اَبِیْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَنَا غُلَامٌ فَلَقِيَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فُلَانَةُ تَدْعُوْكَ فَمَضٰى

امام ابوحنیفہ نے-عاصم بن کلیب کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے: انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے مجھے یہ حدیث بیان کی:
''میں اپنے والد کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' میں ان دنوں لڑکا تھا' ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! فلاں خاتون آپ کو بلا رہی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے''

•••——•••——•••

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت-احمد بن محمد برقی قاضی-ابوسلمہ موسیٰ بن اسماعیل-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوالفضل بن خیرون-ان کے ماموں ابوعلی-ابوعبداللہ بن دوست علاف-قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے نقل کی ہے۔

(263)-سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:
متن روایت: اَلْكَافِرُ يَاْكُلُ فِیْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ وَالْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ فِیْ مِعًا وَاحِدٍ

امام ابوحنیفہ نے-نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مسلمان ایک آنت میں کھاتا ہے''

•••——•••——•••

(263) اخرجه الطحاوی فی'' شرح مشكل الآثار'' (2003)-والطيالسی (1834)-وابو عوانة 428/5-وابن حبان (5238)-والطبرانی فی'' الاوسط'' (1634)-وابو نعيم فی'' تاريخ اصفهان'' 153/2

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - نجیح بن ابراہیم قرشی - محمد بن اسحاق بلخی - شداد بن حکیم - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

264) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) قَالَ دَاوُدَ الطَّائِيُّ مَنْ عَلِمَ وَعَمِلَ اَوْرَثَهُ اللّٰهُ عِلْمَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ثُمَّ قَالَ حَدَّثَنِيْ دَاوُدَ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: اَعْقَلُ النَّاسِ اَتْرَكُهُمْ لِلدُّنْيَا

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: داؤد طائی فرماتے ہیں: ''جو شخص علم حاصل کر کے عمل کر لے اللہ تعالیٰ اس کو اس چیز کا بھی علم عطا فرما دیتا ہے جو اس کو معلوم نہیں ہوتی''۔

پھر انہوں نے بتایا: داؤد نے - عمر بن ابوزائدہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے بڑا عقلمند وہ ہو جو دنیا کو سب سے زیادہ ترک کردے''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابن عقدہ - عبداللہ بن احمد بن بہلول - اسماعیل بن حماد - محمد بن سلیمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

265) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهِبٍ الْقُرَشِيِّ:

متن روایت: اَنَّ اُمَّ سَلْمَةَ بِنْتَ اَبِيْ اُمَيَّةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَتَتْ بِمَشَاقَةٍ مِنْ شَعْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَخْضُوْبًا بِالْحِنَّاءِ

امام ابوحنیفہ نے - عبداللہ بن موہب قرشی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا ایک شیشی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ بال لے کر آئیں اُن پر مہندی لگی ہوئی تھی''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن مخلد - حسین بن علویہ عطار - اسماعیل بن عیاش (اور) اسماعیل بن عیسیٰ عطار ان دونوں نے - داؤد بن زبرقان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ کہتے ہیں: یہ روایت حماد بن ابوحنیفہ - قاسم بن معن - سابق - حسن بن زیاد - ابویوسف - یونس - محمد بن حسن - اسد بن

264) - اخرج احمد في "الزهد" 71/6: 200عن عائشة قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "الدنيا دار من لا دار له ومال من لا مال له ولها يجمع من لاعقل له".

265) اخرجه احمد 296/6 -وابن سعد في "الطبقات" 437/1 -والبخاري (5896) -والطبراني في "الكبير" -والبيهقي في "دلائل النبوة" 235/1

عمر-اور محمد بن عبداللہ مسروقی نے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوالفضل بن خیرون-ابوعلی بن شاذان-قاضی ابونصر بن اشکاب-ابراہیم بن محمد بن علی-ادریس بن ابراہیم-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**266**)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: اَوَّلُ مَنْ ضَرَبَ الدَّنَانِیْرَ تُبَّعٌ وَهُوَ اَسْعَدُ الْاَكْبَرُ وَاَوَّلُ مَنْ ضَرَبَ الدَّرَاهِمَ تُبَّعُ الْاَصْغَرُ وَاَوَّلُ مَنْ ضَرَبَ الْفُلُوْسَ وَاَدَارَهَا عَلٰی النَّاسِ نَمْرُوْدُ بْنُ كِنْعَانَ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد فرماتے ہیں:

''سب سے پہلے ''تبع'' نے دینار بنوائے تھے وہ اسعد اکبر ہے سب سے پہلے ''تبع اصغر'' نے درہم بنوائے تھے اور سب سے پہلے (دوسری دھاتوں کے) سکے نمرود بن کنعان نے بنوا کر انہیں لوگوں کے درمیان رائج کیا تھا''۔

•••———•••———•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-احمد بن علی بن محمد خطیب-محمد بن احمد خطیب-علی ابن ربیعہ-حسن بن رشیق-محمد بن محمد بن جعفر-صالح بن محمد-حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**267**)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ ابْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَنَّهٗ اِسْتَاذَنَ فِیْ زِیَارَةِ قَبْرِ اُمِّهٖ فَاَذِنَ لَهٗ فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقَ مَعَهُ الْمُسْلِمُوْنَ حَتّٰی اِنْتَهَوْا اِلٰی قَرِیْبٍ مِنَ الْقَبْرِ فَمَكَثَ الْمُسْلِمُوْنَ وَمَضَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَی الْقَبْرِ فَمَكَثَ طَوِیْلًا ثُمَّ اِشْتَدَّ بُكَاؤُهٗ حَتّٰی ظَنَنَّا اَنَّهٗ لَا یَسْكُتُ فَاَقْبَلَ وَهُوَ یَبْكِیْ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ مَا اَبْكَاكَ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ قَالَ اِسْتَاذَنْتُ رَبِّیْ فِیْ زِیَارَةِ قَبْرِ اُمِّیْ فَاَذِنَ لِیْ فَاسْتَاذَنْتُهٗ فِی الشَّفَاعَةِ فَاَبٰی فَبَكَیْتُ رَحْمَةً لَهَا وَبَكَی الْمُسْلِمُوْنَ رَحْمَةً لَهَا

امام ابوحنیفہ نے-علقمہ بن مرثد-ابن بریدہ-ان کے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کرنے کی اجازت مانگی تو آپ کو اجازت مل گئی آپ (اپنی والدہ کی قبر پر) تشریف لے گئے آپ کے ساتھ کچھ مسلمان بھی گئے یہاں تک کہ قبر کے قریب پہنچ کر مسلمان ٹھہر گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قبر کے پاس تشریف لے گئے آپ رضی اللہ عنہ خاصی دیر وہاں ٹھہرے رہے پھر آپ کی گریہ وزاری شدید ہوگئی یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش نہیں ہونگے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم روتے ہوئے (واپس) تشریف لائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ کیوں

(267) اخرجه ابن حبان (981)-وابن ماجة (1571) فی الجنائز: باب ماجاء فی زیارة القبور-والبیهقی فی "السنن" 76/4-وابن ابی شیبة 343/3-ومسلم (976) (108).

رہے ہیں؟ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنے پروردگار سے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کرنے کی اجازت مانگی تو اس نے مجھے اجازت دیدی، میں نے اس سے شفاعت کی اجازت مانگی تو وہ اس نے نہیں دی، تو میں ان (یعنی اپنی والدہ) کے لیے رحمت کی وجہ سے رو پڑا، (راوی کہتے ہیں:) تو اُن کے لیے رحمت کی وجہ سے (نبی اکرم ﷺ کے ساتھ جانے والے) مسلمان بھی رونے لگے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -عبدالصمد بن فضل (اور) اسماعیل بن بشر، ان دونوں نے -مکی بن ابراہیم کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعلی عبداللہ بن محمد بن علی بلخی - یحییٰ بن موسیٰ -عبدالعزیز بن خلد کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن قدامہ -حسن بن حماد -حسن بن زیاد کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوغنائم محمد بن احمد بن محمد بن ابوعثمان -ابوحسن بن زرقویہ -ابوسہل بن زیاد -محمد بن عثمان بن محمد -انہوں نے اپنے چچا قاسم -ابومعاویہ ضریر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے، مختصر طور پر روایت کی ہے (جس کے الفاظ درج ذیل ہیں:)

انه زار قبر امه ثم قال استاذنت ربی فی زیارتها فاذن لی واستاذنته فی الاستغفار لها فلم یاذن لی

نبی اکرم ﷺ نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے پروردگار سے ان کی زیارت کی اجازت مانگی تو اس نے مجھے اجازت دیدی، پھر میں نے اس سے، ان کے لیے استغفار کی اجازت مانگی تو وہ اس نے مجھے نہیں دی۔

انہوں نے یہ روایت، مکمل طور پر، طویل روایت کے طور پر -ابوالقاسم بن احمد بن عمر -عبداللہ بن حسن خلال -ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف -عمر بن حسن بن علی بن مالک -اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر -مکی بن ابراہیم کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(268) -سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ امام ابوحنیفہ نے -عبداللہ بن دینار کے حوالے سے یہ

(268) اخرجه الحصكفی فی" مسندالامام" ( 459)-وابن السنی فی" عمل الیوم واللیلة": 74 'باب مایقول للرجل اذا ...ه-واورده الهیثمی فی" مجمع الزوائد" 9/20

دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ:
متن روایت: اَنَّ رَجُلاً نَادٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَالنَّبِيُّ فِيْ مَنْزِلِهٖ فَقَالَ لَهٗ لَبَّيْكَ ثُمَّ نَادَاهُ فَقَالَ لَهٗ لَبَّيْكَ ثُمَّ نَادَاهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ لَبَّيْكَ قَدْ جِئْتُكَ فَخَرَجَ اِلَيْهِ

روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے بلند آواز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت گھر میں موجود تھے تو آپ نے اس کو جواب دیا: میں یہاں ہوں اس نے پھر آپ کو پکارا تو آپ نے فرمایا: میں یہاں ہوں" اس نے تیسری مرتبہ آپ کو پکارا تو آپ نے فرمایا: میں یہاں ہوں میں تمہارے پاس آتا ہوں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے آئے"۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید کی تحریر کے حوالے سے - موسیٰ بن بہلول - محمد بن مروان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(269) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:
متن روایت: اِنَّمَا النَّاسُ كَاِبِلٍ مِائَةٍ لَا تَكَادُ تَجِدُ فِيْهَا رَاحِلَةً

امام ابوحنیفہ نے - (ابن شہاب) زہری - سالم بن عبداللہ بن عمر - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:
"لوگ ایسے 100 اونٹوں کی طرح ہیں جن میں سے تمہیں سواری کے لیے کوئی بھی نہیں ملے گا"

•••——•••——•••

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوطالب ابن عبدالقادر بن یوسف - ابومحمد فارسی - ابوعباس محمد بن نصر - احمد بن محمد بن مکرم شاہد - ابوبکر یزوب بن ابراہیم بن عیسیٰ بزار - علی بن مسلم - وہیب بن جریر - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - نعمان بن ثابت یعنی امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

# اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِي الْفَضَائِلِ

## چوتھی فصل: فضائل کے بارے میں ہے

(270) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے

(269) اخرجه الطحاوی فی" شرح مشکل الآثار" 201/2 - وابن حبان (5797) - واحمد 122/2 - والبخاری (6498) - والطبرانی فی" الکبیر" (13105) - وابن ماجة (3990) فی الفتن: باب من ترجی له السلامة من الفتن

(270) اخرجه الحصکفی فی" مسند الامام" (381) - واحمد 138/6 - والطبرانی فی" الکبیر" من طریق ابی حنیفة - وذکره المتقی الهندی فی" الکنز" - وابن کثیر فی" البدایة" 92/8

...راهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا
...ت قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:
...روایت: اِنِّیْ لَيُهَوَّنُ عَلَیَّ الْمَوْتُ اِنِّیْ رَاَيْتُكِ
...جتی فِی الْجَنَّةِ

یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:

''اب میرے لیے موت آسان ہوگئی ہے کیونکہ میں نے تمہیں جنت میں اپنی بیوی دیکھ لیا ہے''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -محمد بن منذر بن بکر شمی - سریج بن یونس - صالح بن محمد - ابوربیع سلیمان بن داود ...ـل -عباس بن عزیز قطان - اسحاق ابن اسرائیل (اور) ابوخیثمہ زہیر بن حرب (اور) محمد بن مہاجر -محمد بن عبداللہ بن اسحاق ...(اور) یحییٰ بن محمد بن صاعد ان دونوں نے -حسین بن حسن (اور) محمد بن منذر بن سعید ہروی - سعد بن محمد ہروی -علی بن معبد ...ـن محمد کوفی -محمد بن داؤد بن سلیمان رازی -سعید بن عنبسہ (اور) احمد بن محمد - حارث بن محمد بن یحییٰ بن ایوب (اور) صالح ...ـن احمد بن ابومقاتل بن ہشام قصیر کے حوالے سے ان سب نے - ابومعاویہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن صالح -نمر بن یحییٰ - اسامہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حمدان بن ذی نون -مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ تاہم انہوں ...ـاس کی سند میں) ابراہیم (نخعی) سے آگے کسی راوی کا ذکر نہیں کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - سری بن یحییٰ (اور) احمد بن عبدالرحیم ان دونوں نے - ابونعیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ ...ـماد - ابراہیم کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

...هون علی الموت لانی رایت عائشة فی الجنة

''...میرے لیے موت آسان ہوگئی ہے کیونکہ میں نے عائشہ کو جنت میں دیکھ لیا ہے''

حافظ طلحہ بن محمد بقا نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد -محمد بن ہشام قصیر - ابومعاویہ محمد بن خازم ضریر کوفی کے ...ـے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت - شیخ احمد بن عبدالجبار صیرفی - قاضی ابوقاسم تنوخی - ابوقاسم ثلاج - ابوعباس بن عقدہ -محمد بن ...ـن سلیمان رازی -سعید بن عنبسہ رازی خراز - ابومعاویہ ضریر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت مذکورہ سند کے ساتھ - ابن عقدہ - سری بن یحییٰ - ابونعیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی

انہوں نے یہ روایت شیخ ابوغنائم محمد بن علی بن حسن بن ابوعثان -محمد بن احمد بن زرقویہ - ابوسلیمان احمد بن محمد بن زیاد رازی - ...ـن اسحاق -عبداللہ بن عمر جعفی - ابومعاویہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوسعد احمد بن عبدالجبار - قاضی ابوقاسم تنوخی - ابوقاسم بن ثلاج - ابوعباس بن عقدہ -محمود بن داؤد بن

سلیمان رازی - سعد بن عنبسہ - ابومعاویہ ضریر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اپنے والد ابوطاہر عبدالباقی بن محمد بن عبداللہ - ابو طاہر - ابوطیب بن عفان - یحییٰ بن صاعد - حسین بن حسن مروزی - ابومعاویہ ضریر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں ایک اور مقام پر - ابومنصور عبدالمحسن بن عبداللہ - حسین بن جعفر سلمانی - ابوعبداللہ عبداللہ بن محمد - محمد بن ہارون - محمد بن ہشام مروزی - ابومعاویہ ضریر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**271**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْهَيْثَمِ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِ رَحِمَهُ اللهُ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: كَانَ سِتَّةٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَتَذَاكَرُوْنَ الْفِقْهَ مِنْهُمْ عَلِيُّ بْنُ اَبِى طَالِبٍ وَاَبُو مُوْسٰى عَلٰى حِدَةٍ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَزَيْدٌ وَابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللهُ عَنْهُمْ

''چھ صحابہ کرام فقہی مسائل کے بارے میں گفت و شنید کرتے تھے ان میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری ایک طرف تھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر، حضرت زید رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (ایک طرف تھے۔)

•••———•••———•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے نقلکیا ہے

(**272**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ عائشہ صدیقہ بیان کرتی ہیں:

متن روایت: لَمَّا اُغْمِىَ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ حَصِرٌ وَهُوَ يَكْرَهُ اَنْ يَقُوْمَ مَقَامَكَ فَقَالَ اِفْعَلُوْا مَا آمُرُكُمْ بِهٖ

''جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر بیہوشی طاری ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھا دے، عرض کی گئی: یا رسول اللہ! حضرت ابوبکر ایک نرم دل آدمی ہیں وہ آپ کی جگہ کھڑے ہونے کو نا پسند کریں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو میں تمہیں کہہ رہا ہوں وہ کرو!''

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - احمد بن عبیداللہ بن ادریس بن صباح ضبی - خالد بن یحییٰ مقری - ابو

(271) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار" (876) فى الادب: باب فضائل الصحابة

(272) اخرجه البخارى (713) - ومسلم (418) .

کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

بخاری نے بھی یہ روایت اس سند کے ساتھ نقل کی ہے تاہم انہوں نے اس کے آخر میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

یا صویحبات یوسف ''اے حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ والی خواتین ( کی طرح کی خواتین )''

273- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ قَالَ:

متن روایت: اَتَيْتُهُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَقَعَدْتُ اِلَيْهِ فَقَالَ لَا تَقْعُدْ اِلَيْنَا يَا اَخَا الْعِرَاقِ فَاِنَّكُمْ قَدْ نُهِيْتُمْ عَنِ الْقُعُوْدِ اِلَيْنَا قَالَ فَقُلْتُ لَهُ يَرْحَمُكَ اللهُ هَلْ شَهِدَ عَلِيٌّ مَوْتَ عُمَرَ فَقَالَ سُبْحَانَ اللهِ اَوَلَيْسَ الْقَائِلُ مَا اَحَدٌ مِنَ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَلْقَى اللهَ بِصَحِيْفَتِهٖ مِنْ هٰذَا الْمُسَجّٰى ثُمَّ زَوَّجَهُ بِنْتَهُ لَوْلَا اَنَّهُ رَآهُ اَهْلًا لَمَا كَانَ يُزَوِّجُهَا اِيَّاهُ وَكَانَتْ اَشْرَفُ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ جَدُّهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبُوْهَا عَلِيٌّ ذُوْ الشَّرَفِ الْمُنِيْفِ وَالْمَنْقَبَةِ فِي الْاِسْلَامِ وَاُمُّهَا فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَخُوْهَا الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَجَدَّتُهَا خَدِيْجَةُ قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فَقُلْتُ اِنَّكَ لَا تَتَبَرَّاُ مِنْهُمَا وَعِنْدَنَا مَنْ يَتَبَرَّاُ مِنْهُمَا فَلَوْ كَتَبْتَ اِلَيْهِمْ كِتَابًا فَقَالَ اَنْتَ اَقْرَبُ اِلَيَّ مِنْهُمْ قَدْ اَمَرْتُكَ اَنْ لَا تَجْلِسَ اِلَيَّ فَلَمْ تُطِعْنِيْ فَكَيْفَ يُطِيْعُوْنِيْ

امام ابوحنیفہ نے - امام ابوجعفر محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب رضوان اللہ علیہم اجمعین (یعنی امام باقر رحمۃ اللہ علیہ) کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے:

میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے انہیں سلام کیا تو انہوں نے فرمایا: اے عراق سے تعلق رکھنے والے شخص تم ہمارے پاس نہ بیٹھو کیونکہ تم لوگوں کو ہمارے پاس بیٹھنے سے منع کیا گیا ہے امام ابوحنیفہ کہتے ہیں: میں نے ان سے دریافت کیا: کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے انتقال کے وقت موجود تھے؟ انہوں نے فرمایا: سبحان اللہ! انہوں نے ہی تو یہ کہا تھا: لوگوں میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جو میرے نزدیک اس چادر میں ڈھانپے ہوئے شخص سے اس حوالے سے زیادہ محبوب ہو کہ میں اس جیسے نامہ اعمال کے ساتھ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوؤں پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی ایک صاحبزادی کی شادی بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کی تھی اگر حضرت علی رضی اللہ عنہ انہیں اس کا اہل نہ سمجھتے تو اس صاحبزادی کی شادی ان کے ساتھ نہ کرتے حالانکہ وہ صاحبزادی اس وقت دنیا کی معزز ترین خاتون تھیں جن کے نانا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے ان کے والد حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے جو اسلام میں بلند مرتبہ اور حیثیت کے مالک تھے ان صحبزادی کی والدہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا تھیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی ہیں ان صاحبزادی کے بھائی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ تھے جو نوجوانانِ جنت کے سردار ہیں ان صاحبزادی

273- اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (515) وعبد الرزاق (12057) في الطلاق: باب عدة المتوفى عنها زوجها وابن ابي شيبة 188/5 في الطلاق: باب من رخص للمتوفى عنها زوجها ان تخرج وسعيد بن منصور (1350) والبيهقي في "السنن الكبرى" 436/7

کی نانی سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا تھیں۔

امام ابوحنیفہ کہتے ہیں: میں نے اُن سے کہا: آپ ان دونوں (یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ) سے برائت کا اظہار نہیں کرتے ہیں حالانکہ ہمارے ہاں (عراق میں) ایسے لوگ ہیں جو ان دونوں سے برائت کا اظہار کرتے ہیں اگر آپ انہیں کوئی تحریر لکھ دیں (تو مناسب ہوگا) امام باقر نے فرمایا: تم ان لوگوں کی بہ نسبت میرے زیادہ قریب ہو میں نے تمہیں یہ ہدایت کی کہ تم میرے پاس نہ بیٹھو' لیکن تم نے میری بات نہیں مانی' تو وہ لوگ میری بات کیسے مانیں گے؟''

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوبکر احمد بن محمد بن حسن بن موسیٰ - ہارون اشنانی - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت - ابوحسین محمد بن احمد بن محمد بن حسنون - ابوحسن علی بن عمر بن محمد - ابو بکر بن قاسم بن ہاشم - اصرم بن حوشب - عبدالرحمٰن بن عبدربہ یشکری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے مختصر طور پر نقل کیا ہے۔

(**274**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) قَالَ سَمِعْتُ حَمَّادًا يَقُوْلُ:

متنِ روایت: كُنْتُ اِذَا نَظَرْتُ اِلَى اِبْرَاهِيْمَ فَكُلُّ مَنْ رَاٰى هَدْيَهُ فَكَانَ هَدْيُهُ هَدْيُ عَلْقَمَةَ وَيَقُوْلُ مَنْ رَاٰى هَدْيَ عَلْقَمَةَ فَكَانَ هَدْيُهُ هَدْيُ عَبْدِ اللهِ وَيَقُوْلُ مَنْ رَاٰى هَدْيَ عَبْدِ اللهِ فَكَانَ هَدْيُهُ هَدْيُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: میں نے حماد کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

''میں ابراہیم نخعی کو دیکھا کرتا تھا' جس نے بھی ان کی سیرت کو دیکھا' تو ان کی سیرت بالکل علقمہ کی سیرت کی مانند تھی وہ فرماتے ہیں: جس نے علقمہ کی سیرت کو دیکھا تو ان کی سیرت بالکل حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی سیرت کی مانند تھی جس شخص نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی سیرت کو دیکھا وہ یہ کہے گا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی سیرت بالکل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کی مانند تھی''

(274) اخرجه الحصكفي في " مسندالامام" ( 388)-وابن حبان ( 7063)-وابن سعد في " الطبقات" 154/3-والطبراني (426)-واحمد 395/5-والبخاري ( 3762) في فضائل الصحابة: باب مناقب عبد الله بن مسعود-والنسائي في " فضائل الصحابة" (161)

امام بخاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - عبداللہ بن احمد بن بہلول سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: روایت میرے دادا اسماعیل بن حماد کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے: (یہ روایت) حسن بن ثابت نے امام زفر سے روایت بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ کو سنا: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حماد کو سنا۔

سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ جَعْفَرَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمْ اَجْمَعِیْنَ:

امام ابوحنیفہ نے - امام ابوجعفر محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہم (یعنی امام باقر رحمۃ اللہ علیہ) کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: اَنَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ لَمَّا رَاٰی عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ وَاللهِ مَا اَحَدٌ مِنَ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ اَلْقَی اللهَ بِصَحِیْفَتِهٖ مِنْ هٰذَا الْمُسَجّٰی

''حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا جنازہ دیکھا تو یہ فرمایا: لوگوں میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جو میرے نزدیک اس چادر میں ڈھانپے ہوئے شخص سے' اس حوالے سے زیادہ محبوب ہو کہ میں اس جیسے نامہ اعمال کے ساتھ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوؤں''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - حسن بن علی بن عفان - حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعبداللہ بن مخلد - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں الفاظ مختلف نقل کیے ہیں' (جو درج ذیل ہیں:)

ان امیر المؤمنین علی بن ابو طالب دخل علی امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی الله عنهما وهو مسجی فقال رحمة الله علی ابی حفص ورضوانه تالله لقد اکد من بعده واتعب من تلاه والله ما احد من خلق الله سبحانه وتعالی احب الی من ان القی الله تعالی بصحیفته من هذا المسجی ثم خرج ودموعه تتحادر

امیر المؤمنین حضرت علی بن ابو طالب' حضرت عمر بن خطاب (کی میت) کے پاس تشریف لائے۔ انہیں اس وقت ڈھانپ دیا گیا تھا حضرت علی نے کہا: اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی رضامندی حضرت ابوحفص (یعنی حضرت عمر) پر نازل ہو۔ انہوں نے اپنے بعد والوں کو پابند کر دیا ہے اور پیچھے آنے والوں کو مشکل کا شکار کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے کوئی بھی مجھے ان سے زیادہ اس حوالے سے محبوب نہیں ہے کہ میں اس شخص جیسا نامہ اعمال لے کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوں۔ پھر وہ باہر نکلے تو ان کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

اخرجه احمد 109/1 - وعمر بن شبة فی "تاریخ المدینة" 938/3 - وابن سعد فی "الطبقات" 370/3

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - قاضی ابونصر بن عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسن علی بن حسین بن ایوب - قاضی ابوالعلاء محمد بن علی بن احمد - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - ابوعلی بشر بن موسیٰ بن صالح اسدی - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطالب بن یوسف - ابومحمد فارسی - ابوعباس محمد بن نصر بن احمد بن محمد بن مکرم - عبدالرحمٰن بن ہارون - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے

(**276**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ :

متن روایت: اَنَّ اَبَا مُوْسٰى الْاَشْعَرِیَّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَا تَسْاَلُوْنِیْ مَا دَامَ هٰذَا الْحِبْرُ فِيْكُمْ يَعْنِیْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تک یہ عالم تمہارے درمیان موجود ہیں تم لوگ مجھ سے (کسی مسئلہ کے بارے میں) دریافت نہ کرو!

ان کی مراد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تھے۔

•••———•••———•••

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت - محمد بن سلیمان بن حارث واسطی - عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(**277**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِیْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِیِّ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِیِّ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ :

متن روایت: اُعْطِيْتُ سَبْعًا لَمْ يُعْطَهَا اَحَدٌ مِنْ نِسَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كُنْتُ مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ نَفْسًا وَاَبًا وَتَزَوَّجَنِیْ بِكْرًا وَلَمْ يَتَزَوَّجْ بِكْرًا غَيْرِیْ وَكَانَ لِیْ يَوْمَانِ وَلَيْلَتَانِ

امام ابوحنیفہ نے - سلیمان بن ابوسلیمان - ابواسحاق - عامر شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

مجھے سات خصوصیات عطا کی گئی ہیں جو نبی اکرم کی ازواج میں سے اور کسی خاتون کو عطا نہیں کی گئی اور میرے والد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ محبوب تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف میرے ساتھ میرے کنوارے

(276) اخرجه الطحاوی فی '' شرح معانی الآثار '' 392/4 - واحمد 464/1 - والطیالسی (375) - وسعید بن منصور فی (28) - والبخاری (6736) - والطبرانی فی '' الکبیر '' (9871) - والبیهقی فی '' السنن الکبریٰ '' 229/6

(277) اخرجه الحصکفی فی '' مسندالامام '' (382) - وابن حبان (7116) مختصراً - وابن سعد فی '' الطبقات '' 51/8 - فی '' الکبیر '' 23(75) من طریق ابی حنیفة - والحاکم فی '' المستدرک '' 10/4 - وابو یعلی (4626) .

...يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ وَانْزِلَ عُذْرِیْ مِنَ السَّمَاءِ وَكَادَ ... فِيَّ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ قَالَتْ وَقُبِضَ رَسُوْلُ اللهِ ... عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَيْتِیْ وَفِیْ يَوْمِیْ ... سَحْرِیْ وَنَحْرِیْ

عالم میں شادی کی تھی آپ ﷺ نے میرے علاوہ اور کسی کنواری خاتون کے ساتھ شادی نہیں کی' نبی اکرم ﷺ میرے ساتھ دو دن اور دو راتیں ٹھہرتے تھے اور دیگر تمام ازواج کے ساتھ ایک دن ٹھہرتے تھے' میرے بے گناہ ہونے کا حکم آسمان سے نازل ہوا تھا' قریب تھا کہ میرے حوالے سے کچھ لوگ ہلاکت کا شکار ہو جاتے' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم ﷺ کا وصال میرے گھر میں' میری باری کے مخصوص دن میں میرے سینے اور گردن کے درمیان (میرے ساتھ لگ کر) ہوا۔

•••——•••——•••

... طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوعباس بن عقدہ - فضل بن عباس بن سعد - یحییٰ بن غیلان راسبی - عبداللہ ... کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

... - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَحْيٰى بْنِ ... عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ ... صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

... : بُشِّرَتْ خَدِيْجَةُ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ لَا ... فِيْهَا وَلَا نَصَبَ

امام ابوحنیفہ نے - یحییٰ بن سعید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

"خدیجہ کو جنت میں ایک ایسے گھر کی بشارت دی گئی' جس میں کوئی شور اور پریشانی نہیں ہوگی"

•••——•••——•••

... محمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن منذر بن بکر بلخی - سریج بن یونس - عبیدہ بن حمید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے ... ہے۔

... - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ ... عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

... : بُعِثَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ ... عَلٰى رَاْسِ اَرْبَعِيْنَ فَاَقَامَ بِمَكَّةَ عَشْرًا ... عَشْرًا وَمَاتَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ وَمَا

امام ابوحنیفہ نے - یحییٰ بن سعید حضرمی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: "نبی اکرم ﷺ کو چالیس برس کی عمر میں مبعوث کیا گیا' آپ ﷺ دس برس مکہ میں مقیم رہے اور دس برس مدینہ میں مقیم رہے' جب آپ کا وصال ہوا' اس وقت آپ ﷺ کے سر

... اخرجه الحصكفی فی" مسندالامام" (380)-واخرجه ابن حبان (7004)-وابن ابی شيبة 133/12- ومسلم (2433) ... 355-وفی " الفضائل" (1577)-والطبرانی فی" الكبير" 11/23 من حديث ابن ابی اوفی؟

... اخرجه الحصكفی فی" مسندالامام" (356)-ومسلم (2348) (114)-وعبد الرزاق (6782) .

فِيْ رَاْسِهٖ عَشْرٌ مِنْ شَعْرَةٍ بَيْضَاءَ

مبارک میں دس سفید بال بھی نہیں تھے"

•••—— •••—— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد قیراطی بغدادی - حسن بن سلام - سعید بن محمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(**280**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُوْدِ عَنْ زِرٍّ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ :

متن روایت: اَنَّهٗ وَجَدَ قُمْلَةً فِي الْمَسْجِدِ فَدَفَنَهَا فِي الْحِصٰى ثُمَّ تَلَا قَوْلَهٗ تَعَالٰى :

﴿اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا﴾

امام ابوحنیفہ نے - عاصم بن ابونجود - زر کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں: "انہوں نے نماز کے دوران ایک جوؤں پکڑی اور اس دفن کر دیا' پھر انہوں نے یہ (آیت) پڑھی:

"کیا ہم نے زمین کو زندہ اور مرحومین (دونوں اقسام) کے لیے سمیٹ لینے والی (چیز) نہیں بنایا ہے"

•••—— •••—— •••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - اسحاق بن محمد بن مروان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - حسن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**281**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ بْنِ الْاَجْدَعِ وَهُوَ اَخُوْ مَسْرُوْقِ بْنِ الْاَجْدَعِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :

متن روایت: مَا اَخْرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رُكْبَتَهٗ بَيْنَ يَدَيْ جَلِيْسٍ لَهٗ قَطُّ وَلَا نَاوَلَ اَحَدًا يَدَهٗ قَطُّ فَتَرَكَهَا حَتّٰى يَكُوْنَ هُوَ الَّذِيْ يَدَعُهَا وَمَا جَلَسَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَحَدٌ قَطُّ فَقَامَ حَتّٰى يَقُوْمَ وَمَا وَجَدْتُ شَيْئًا قَطُّ اَطْيَبَ مِنْ رِيْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

☆ امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر - یہ مسروق بن اجدع کے بھائی ہیں' انہوں نے اپنے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک بیان کرتے ہیں:

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی پاس بیٹھے ہوئے کے سامنے اپنے گھٹنے سے کپڑا نہیں ہٹایا' اور نہ ہی کسی شخص کا ہاتھ پکڑ کر اس کو چھوڑا' یہاں تک کہ دوسرا شخص خود ہی اپنا ہاتھ چھوڑتا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے ساتھ بیٹھتے' تو خود بیٹھے رہتے تھے' یہاں تک کہ دوسرا شخص خود ہی اٹھ جاتا' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ کوئی خوشبو نہیں پائی"

(280) اخرجه الطبري في " التفسير " 237/-والبيهقي في " السنن الكبرى " 294/2-وعبد الرزاق(1747) .

(281) اخرجه الحصكفي في " مسندالامام " ( 361)-وابن حبان( 6303)-والبخاري ( 3561) في المناقب: باب صفة النبي صلى الله عليه وسلم --ومسلم( 2330) (82) في الفضائل: باب طيب رائحة النبي صلى الله عليه وسلم ولين مسه--والبيهقي في " دلائل النبوة " 254/1

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوالفضل مہدی بن اشکاب بخاری (اور) حمدان بن حازم بخاری - عبداللہ بن ابوشیبہ - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابواسامہ زید بن یحییٰ فقیہ بلخی - اسحاق بن اسرائیل - عبدالرزاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن یعقوب بن زیاد - عقبہ بن مکرم عمی - یونس بن بکیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - عبداللہ بن احمد بن بہلول سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا اسماعیل بن حماد کی تحریر میں ہے میں نے اس میں پڑھا ہے (وہ بیان کرتے ہیں:) میرے والد اور قاسم بن معن نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن محمد اسدی - ابوشیبہ (اور) ابراہیم بن عبداللہ ہروی ان دونوں نے - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ اس میں یہ الفاظ ہیں:

**کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اذا صافح احد لا یترك یدہ الا ان یکون ھو الذی یترکہ**

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے ساتھ مصافحہ کرتے تھے تو اس کا ہاتھ نہیں چھوڑتے تھے۔ یہاں تک کہ دوسرا شخص خود ہی اپنا ہاتھ کھینچ لیتا تھا۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - ابراہیم بن عبداللہ بن ابوشیبہ - حسن عوفی - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حسن بن سفیان - ابوبکر بن ابوشیبہ - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے تیسری قسم کے الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے: (جو درج ذیل ہیں:)

**ما جلس الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم احد فقام حتی یقوم**

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے ساتھ تشریف فرما ہوتے تھے تو اس وقت تک نہیں اٹھتے تھے جب تک دوسرا شخص نہیں اٹھ جاتا تھا۔

انہوں نے یہ روایت ان الفاظ میں - احمد بن محمد - ابوشیبہ - حسن عوفی - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن حسن بزاز - احمد بن عبدالرحمٰن - محمد بن مغیرہ - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسن بن قاسم بجلی - محمد بن عبداللہ بن صالح - اسماعیل بن ابوزیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے چوتھی قسم کے الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے (جو درج ذیل ہیں:)

ما مسست بیدی خزاً ولا حریراً الین من کف رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله وسلم

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی سے زیادہ نرم کسی ریشم کو نہیں چھوا ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسن بن قاسم - محمد بن عبداللہ بن صالح - اسماعیل بن ابوزیاد - ابوزیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے پانچویں قسم کے الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے (جو درج ذیل ہیں:)

ما قام الی رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله وسلم احد فی حاجة فانصرف حتی یکون هو المنصرف

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی شخص کسی کام کے سلسلے میں حاضر ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے چھوڑ کر نہیں جاتے تھے وہ شخص خود ہی جاتا تھا۔

انہوں نے یہ روایت اسی سند کے ساتھ چھٹی قسم کے الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے (جو درج ذیل ہیں:)

ما رؤی رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله وسلم بادیاً رکبتیه بین یدی جلیس له قط

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی ساتھ بیٹھے ہوئے کسی شخص کے سامنے گھٹنے کھول کر بیٹھے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - ابوشیبہ ابراہیم ابن عبداللہ بن ابوشیبہ - حسن عوفی - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے پانچویں قسم کے الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے (جو درج ذیل ہیں:)

ما وجدت ریحاً اطیب من ریح رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله وسلم

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ کوئی خوشبو نہیں پائی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح ابن احمد - حسن بن عرفہ - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

ما نهض رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله وسلم عن جلیس له قط ولا مد یده من مصافح حتی یکون هو الذی یترکها

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کبھی بھی ساتھ بیٹھے ہوئے کسی شخص کو چھوڑ کر نہیں اٹھ جاتے تھے اور جب بھی کوئی شخص آپ سے مصافحہ کرتا تو آپ اپنا ہاتھ نہیں کھینچتے تھے یہاں تک کہ دوسرا شخص آپ کا ہاتھ چھوڑ دیتا تھا۔

انہوں نے اس کو دوسرے لفظوں میں بھی نقل کیا ہے: (جو درج ذیل ہیں:)

ما وجدت ریحاً اطیب من ریح رسول اللہ صلی اللہ علیه و آله وسلم

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ کوئی خوشبو نہیں پائی ہے۔

احمد بن محمد بن سعید نے یہ روایت - احمد بن عبد کریم - عقبہ بن مکرم - یونس بن بکیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز - داؤد بن رشید - عباد بن عوام کے حوالے سے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' جو بالکل پہلی روایت کے الفاظ کی مانند ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - حسن بن قاسم بجلی - محمد بن عبداللہ بن صالح - اسماعیل بن ابوزیاد کے حوالے سے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' جو چوتھی روایت کے الفاظ کی مانند ہے۔

ما مسست بیدی خزاً ولا حریراً الین من کف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی سے زیادہ نرم کوئی ریشم نہیں پایا ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوطالب محمد بن علی بن فتح معروف با بن عشاری سے اجازت کے طور پر' - ابوعبداللہ بن حسین بن محمد بن سلیمان کاتب - ابوقاسم عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز بغوی - داؤد بن رشید خوارزمی - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوغنائم محمد بن علی بن حسن - ابوحسن محمد بن احمد بن زرقویہ - احمد بن محمد بن زیاد - محمد بن عثمان بن حمید بن زارع - زکریا بن یحییٰ واسطی - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

وہ بیان کرتے ہیں: محمد بن احمد بن زیاد نے اس کو - محمد بن عثمان بن محمد - محمد بن عقبہ بن مکرم - یونس بن بکیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد فارسی - حافظ محمد بن مظفر سے' انہوں نے' اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسین صیرفی - ابوحسن فارسی - محمد بن مظفر - احمد بن محمد بن سعد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک اپنی سند کے ہمراہ نقل کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوسعید احمد بن عبدالجبار - ابوقاسم بن علی بن محسن سے اذن کے طور پر - ابن ثلاج - ابن عقدہ - حسن بن قاسم بجلی - محمد بن عبداللہ بن صالح - اسماعیل بن ابوزیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

| | |
|---|---|
| 282 - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ مَسْرُوْقٍ: | امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم نخعی بن محمد بن منتشر - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: |
| متنِ روایت: اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنْ خُلُقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ | مسروق نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کے بارے میں دریافت کیا' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے |

282- اخرجه الحصکفی فی " مسندالامام" ( 362)-ومسلم(736) (141) فی صلاة المسافرین:باب جامع صلاة اللیل- وابوداؤد(1342) فی الصلاة:باب فی صلاة اللیل-وعبد الرزاق(4714)-وابن حبان(2551)

اَمَا تَقْرَأُ الْقُرْآنَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى ﴿اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ﴾

فرمایا: کیا تم نے قرآن نہیں پڑھا؟ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "بیشک تم عظیم اخلاق کے مالک ہو"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - حسن بن قاسم - محمد بن عبداللہ بن صالح - اسماعیل بن ابوزیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن محمد بن سعید - حسن بن قاسم - محمد بن عبداللہ بن صالح - اسماعیل بن ابوزیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے ابومحمد بخاری نے اس کو نقل کیا ہے۔

اشنانی نے یہ روایت - حسن بن قاسم تمار - محمد بن عبداللہ بن صالح - اسماعیل بن ابوزیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل ابن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ دوست علاف - قاضی عمر اشنانی سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل فرمایا ہے۔

(**283**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم نخعی بن محمد بن منتشر - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: كَانَ اِذَا حَدَّثَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَ حَدَّثَتْنِي الصِّدِّيْقَةُ بِنْتُ الصِّدِّيْقِ الْمُبَرَّاَةُ حَبِيْبَةُ حَبِيْبِ اللّٰهِ تَعَالٰى

مسروق جب سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے حدیث بیان کرتے تھے تو یہ کہتے تھے: سیّدہ صدیقہ بنت صدیق نے مجھے حدیث بیان کی، جن کی برائت (کا حکم قرآن میں نازل ہوا) جو اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب شخصیت ہیں۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن عبداللہ بن سہل (اور) ابراہیم بن منصور - علی بن خشرم - فضل بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - یحییٰ بن اسماعیل حریری - حسین بن اسماعیل - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابوحسن فارسی - محمد بن مظفر - حسین - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن سعید - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(283) اخرجه الحصكفي في "مسندالامام" (384)- انظر الطبقات لابن سعد 8/51. 53- وابا نعيم 2/44- والاصابة لابن حجر 4/360- ترجمة (704)- والاستيعاب لابن عبد البر في ترجمة عائشة رضي الله عنها .

امام محمد بن حسن نے اس کو "کتاب الآثار" میں" امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(284)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ:

متن روایت: اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ رَاٰى مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ خِفَّةً فَاسْتَاْذَنَهُ اِلٰى اِمْرَاَتِهٖ اِبْنَةِ خَارِجَةَ وَكَانَتْ فِيْ حَوَايِطِ الْاَنْصَارِ وَكَانَ ذٰلِكَ رَاحَةَ الْمَوْتِ وَهُوَ لَا يَشْعُرُ فَاَذِنَ لَهٗ ثُمَّ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ فَاَصْبَحَ يَرَى النَّاسَ يَتَرَامَسُوْنَ فَاَمَرَ اَبُوْ بَكْرٍ غُلَامًا يَسْتَمِعُ ثُمَّ يُخْبِرُهٗ فَقَالَ اِسْمَعُهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَاتَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاشْتَدَّ اَبُوْ بَكْرٍ وَهُوَ يَقُوْلُ وَاقَطَعَ ظَهْرَاهُ فَمَا بَلَغَ اَبُوْ بَكْرٍ الْمَسْجِدَ حَتّٰى ظَنُّوا اَنَّهٗ لَا يَبْلُغُ وَاَرْجَفَ الْمُنَافِقُوْنَ فَقَالُوْا لَوْ كَانَ مُحَمَّدٌ نَبِيًّا لَمْ يَمُتْ فَقَالَ عُمَرُ لَا اَسْمَعُ رَجُلًا يَقُوْلُ مَاتَ مُحَمَّدٌ اِلَّا ضَرَبْتُهٗ بِالسَّيْفِ فَكَفُّوْا لِذٰلِكَ فَلَمَّا جَاءَ اَبُوْ بَكْرٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مُسَجًّى كَشَفَ الثَّوْبَ ثُمَّ جَعَلَ يَلْثِمُهٗ وَيَقُوْلُ مَا كَانَ اللهُ لِيُذِيْقَكَ الْمَوْتَ مَرَّتَيْنِ اِنَّكَ اَكْرَمُ عَلَى اللهِ مِنْ ذٰلِكَ ثُمَّ خَرَجَ اَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَاِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ رَبَّ مُحَمَّدٍ فَاِنَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ (وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى اَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَضُرَّ اللهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِي اللهُ الشَّاكِرِيْنَ) قَالَ عُمَرُ

امام ابوحنیفہ نے -یزید بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت میں بہتری محسوس کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی اہلیہ بنت خارجہ کے ہاں جانے کی اجازت لی وہ خاتون انصار کے ایک محلے میں رہتی تھیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو یہ اندازہ نہیں ہوا کہ یہ وصال سے پہلے کی راحت ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دیدی' پھر اسی رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا' اگلے دن لوگوں میں بے چینی ظاہر ہونا شروع ہوئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے غلام سے کہا: وہ خبر سن کر آئے اور انہیں بتائے' غلام نے آ کر بتایا: میں نے ان لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا ہے' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بہت غمگین ہو گئے اور بولے: ہائے کمر ٹوٹ گئی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ابھی مسجد نہیں پہنچے تھے لوگوں کو یہ اندازہ تھا کو وہ جلدی نہیں آپائیں گے' منافقین نے کہنا شروع کر دیا: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اگر واقعی نبی ہوتے تو ان کا انتقال نہ ہوتا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: میں نے جس شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو گیا ہے تو میں اس کی گردن اڑا دوں گا' تو وہ لوگ یہ کہنے سے رک گئے' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کپڑے کے ذریعے ڈھانپ دیا گیا تھا' انہوں نے کپڑا ہٹا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ دیا اور بولے: اللہ تعالیٰ آپ کو موت کا ذائقہ دو مرتبہ نہیں چکھائے گا' آپ اس کی بارگاہ میں اس سے زیادہ معزز ہیں' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے اور بولے: جو شخص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کرتا تھا' تو ان کا انتقال ہو گیا ہے' اور

284) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (366)- والتفصيل في التعليق على مسند الامام.

رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاللّٰهِ لَكَاَنَّهَا لَمْ تُقْرَأْ قَبْلَهَا قَطُّ فَقَالَ النَّاسُ مِثْلَ مَقَالَةِ اَبِی بَكْرٍ مِنْ كَلَامِهٖ وَقِرَاءَ تِهٖ قَالَ وَمَاتَ لَيْلَةَ الْاِثْنَيْنِ فَمَكَثَ لَيْلَتَئِذٍ وَيَوْمَئِذٍ وَلَيْلَةَ الثُّلَاثَاءِ وَدُفِنَ يَوْمَ الثَّلَاثَاءِ وَكَانَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَاَوْسُ بْنُ خَوْلِيٍّ يَصُبَّانِ الْمَاءَ وَعَلِيٌّ وَالْفَضْلُ يُغَسِّلَانِهٖ

جوشخص حضرت محمد ﷺ کے ربّ کی عبادت کرتا ہے تو (ربّ) زندہ ہے اسے کبھی موت نہیں آئے گی (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

''محمد صرف رسول ہیں ان سے پہلے بھی رسول گزر چکے ہیں اگر ان کا انتقال ہو جاتا ہے یا وہ قتل ہو جاتے ہیں تو کیا تم ایڑیوں کے بل پھر جاؤ گے جوشخص ایڑیوں کے بل پھر جائے گا اللہ تعالیٰ کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا اور عنقریب اللہ تعالیٰ شکر کرنے والوں کو جزاء عطا کرے گا''

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اللہ کی قسم! یوں محسوس ہوا جیسے یہ آیت اس سے پہلے کبھی پڑھی ہی نہیں گئی ہے تو لوگوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بات اور ان کی تلاوت کی ہوئی آیت کو دہرانا شروع کر دیا نبی اکرم ﷺ کا وصال پیر کی رات ہوا تھا اس رات اس سے اگلے دن اور اگلی رات آپ کا جسم شریف یوں ہی رہا منگل کے دن آپ ﷺ کو دفن کر دیا حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ اور حضرت اوس بن خولی رضی اللہ عنہ پانی ڈال رہے تھے جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کو غسل دے رہے تھے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی - محمد بن امیہ ساوی - سہل بن بشر کندی - بجیر بن نصر (اور) کثیر بن شاذویہ - ابراہیم (اور) عمرو جو محمد بن حسین کے صاحبزادے ہیں - انہوں نے اپنے والد سے (اور) سہل بن خلف بن زنجویہ بخاری (اور) محمد بن رجاء بخاری ان دونوں نے - اسحاق بن حمزہ - ان سب حضرات نے عیسیٰ بن موسیٰ تمی - ابویوسف تمیمی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن صالح بن سعید بن مرداس ترمذی - صالح بن محمد بن سعید - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- صالح بن محمد بن سعید ترمذی- صالح بن محمد- حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ابوبکر خیاط- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر بن حسن اشنانی- ابوالفضل جعفر بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

285- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ (وَ) رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ (وَ) عُثْمَانَ بْنِ زَائِدَةَ عَنْ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے- ہیثم کے حوالے سے- حضرت انس بن مالک (اور) ربیعہ بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے- حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ (اور) عثمان بن زائدہ- زبیر بن عدی کے حوالے سے- حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قُبِضَ وَهُوَ اِبْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ سَنَةً -وَقُبِضَ اَبُوْ بَكْرٍ وَهُوَ اِبْنُ ثَلَاثٍ وَّسِتِّيْنَ وَقُبِضَ عُمَرُ وَهُوَ اِبْنُ ثَلَاثٍ وَّسِتِّيْنَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال 63 برس کی عمر میں ہوا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال 63 برس کی عمر میں ہوا' اور جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو وہ بھی 63 برس کے تھے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- زکریا بن یحییٰ بن حارث نیشاپوری کی تحریر (اور) احمد بن عبداللہ بن زیاد بغدادی' ان دونوں نے- محمد بن خلیل بصری- ابوعبداللہ صخر بن عثمان- سفیان ثوری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعباس بن عقدہ- عبداللہ بن محمد بن یعقوب' یہ ابومحمد بخاری ہیں' انہوں نے یہ روایت- احمد بن عبداللہ بن زیاد بغدادی- محمد بن خلیل بصری- صخر بن عثمان- سفیان ثوری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابومظفر ہناد بن ابراہیم نسفی- محمد بن احمد بن محمد غنجار حافظ- محمد بن حسین ابوعمرو بغدادی- شبیب بن عاصم بن محمد شروانی- ابوعبداللہ صخر بن عثمان بجستانی حداد- سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

286- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ:

امام ابوحنیفہ نے- عون بن عبداللہ- شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ایک شخص کی مجھ سے ملاقات ہوئی اس نے مجھ سے کہا:

285- اخرجه الحصكفي في "مسندالامام" (356)- ومسلم (2348) (114) في الفضائل: باب كم سن رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم قبض- وعبد الرزاق (6782).

قَالَ لَقِيَنِیْ رَجُلٌ فَقَالَ اَقْرَاَنِیْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ آيَةَ كَذَا وَاَقْرَاَنِيْهَا غَيْرُهُ بِغَيْرِ قِرَاءَتِهٖ فَقُلْتُ لَهٗ اِقْرَا كَمَا اَقْرَاَكَ عُمَرُ فَاِنَّهٗ كَانَ اَقْرَاَنَا لِكِتَابِ اللّٰهِ وَاَفْقَهَنَا فِیْ دِيْنِ اللّٰهِ وَاَعْرَفَنَا بِاللّٰهِ وَاللّٰهِ لَوْ اَنَّ دَابَّةً اَحَبَّتْ عُمَرَ لَاَحْبَبْتُهَا وَتَاللّٰهِ لَقَدْ خِفْتُ رَبِّیْ مِنْ مُحَبَّتِیْ لِعُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے فلاں آیت اس طرح پڑھائی تھی جبکہ فلاں صاحب نے مجھے وہ آیت اس سے کچھ مختلف طریقے سے پڑھائی ہے' تو میں نے اس سے کہا: تم اس کو اسی طرح پڑھو جس طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پڑھائی ہے' کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی کتاب کے ہم میں سب سے بڑے عالم تھے' اور اللہ کے دین کی سب سے زیادہ سمجھ بوجھ رکھنے والے تھے اور اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ معرفت رکھنے والے تھے' اللہ کی قسم! اگر کوئی جانور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے محبت رکھتا ہو' تو میں اس جانور سے بھی محبت رکھوں گا' اللہ کی قسم! حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ اپنی محبت کے حوالے سے مجھے اللہ تعالیٰ سے ڈر لگتا ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن مخلد - عبداللہ بن جارود - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(287) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: لَا يَتَحَوَّلُ الرَّجُلُ مِنْ قِرَاءَةٍ اِلٰى قِرَاءَةٍ

''آدمی ایک قرائت سے دوسری قرائت کی طرف منتقل نہیں ہوگا''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن نے اس کو کتاب الآثار میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' پھر انہوں نے یہ کہا ہے: یعنی حرف ''عبداللہ'' اور حرف ''زید'' وغیرہ

(288) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متنِ روایت: اَنَّهٗ كَانَ يُقْرِئُ رَجُلًا اَعْجَمِيًّا اِنَّ شَجَرَةَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الْاَثِيْمِ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَقُوْلُ اِنَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ایک عجمی شخص کو یہ آیت پڑھا رہے تھے: اِنَّ شَجَرَةَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الْاَثِيْمِ جبکہ وہ

(287) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار" (273) فى الجنائز: باب قراءة القرآن

(288) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار" ( 274) فى الجنائز: باب قراءة القرآن-وعبد الرزاق ( 5985) فى فضائل القرآن: باب تعاهد القرآن ونسيانه-وابو عبيد كما فى " الاتقان فى علوم القرآن" 168/1

شَجَرَةَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الْيَتِيْمِ فَلَمَّا اَعْيَاهُ قَالَ لَهُ اَمَا تُحْسِنُ اَنْ تَقُوْلَ طَعَامَ الْفَاجِرِ قَالَ عَبْدُ اللهِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اَنَّ الْخَطَاَ فِي الْقُرْآنِ لَيْسَ اَنْ تَقْرَاَ بَعْضَهُ فِيْ بَعْضٍ يَقُوْلُ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ كَذٰلِكَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلٰكِنِ الْخَطَاَ اَنْ تَقْرَاَ آيَةَ الْعَذَابِ آيَةَ الرَّحْمَةِ وَآيَةَ الرَّحْمَةِ آيَةَ الْعَذَابِ وَاَنْ تَزِيْدَ فِيْ كِتَابِ اللهِ مَا لَيْسَ فِيْهِ

پڑھ رہا تھا: اِنَّ شَجَرَةَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الْيَتِيْمِ جب اس نے انہیں تھکا دیا تو انہوں نے فرمایا: کیا تم ٹھیک طرح سے طعام الفاجر نہیں کہہ سکتے؟ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قرآن میں غلطی یہ نہیں ہے کہ تم اس کے ایک حصے کی جگہ دوسرا پڑھ لو تم الغفور الرحیم اور العزیز الحکیم کو الغفور الحکیم اور العزیز الرحیم پڑھ لو کیونکہ اللہ تعالیٰ ایسا ہی ہے بلکہ غلطی یہ ہے کہ تم عذاب والی آیت کو رحمت والی یا رحمت والی آیت کو عذاب والی آیت کر کے پڑھو یا اللہ کی کتاب میں اس بات کا اضافہ کر دو جو اس میں نہیں ہے"۔

•••———•••———•••

امام محمد بن حسن نے اس کو کتاب الآثار میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(280)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے ۔ہیثم ۔عکرمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهُ اِسْتَاذَنَ عَلٰى عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا فَاَرْسَلَتْ اِلَيْهِ اِنِّيْ اَجِدُ غَمًّا وَكَرْبًا فَانْصَرِفْ فَقَالَ لِلرَّسُوْلِ مَا اَنَا بِالَّذِيْ يَنْصَرِفُ حَتّٰى اَدْخُلَ فَرَجَعَ الرَّسُوْلُ فَاَخْبَرَهَا بِذٰلِكَ فَاَذِنَتْ لَهُ فَقَالَتْ اِنِّيْ اَجِدُ غَمًّا وَكَرْبًا وَاِنِّيْ مُشْفِقَةٌ مِمَّا اَخَافُ اَنْ يَهْجُمَ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهَا ابْنُ عَبَّاسٍ اَبْشِرِيْ فَوَاللهِ لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَائِشَةُ زَوْجَتِيْ فِي الْجَنَّةِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَكْرَمُ عَلَى اللهِ اَنْ يُزَوِّجَهُ جَمْرَةً مِنْ جَمْرِ جَهَنَّمَ فَقَالَتْ فَرَّجْتَ عَنِّيْ فَرَّجَ اللهُ عَنْكَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی تو انہوں نے فرمایا: اس وقت میں غمگین بھی ہوں اور پریشان بھی آپ واپس چلے جائیں تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے قاصد سے کہا: میں ان کی خدمت میں حاضر ہوئے بغیر واپس نہیں جاؤں گا' قاصد واپس آیا اور اس نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس بارے میں بتایا' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں اجازت دیدی' انہوں نے فرمایا: مجھے غم اور پریشانی لاحق ہے اور مجھے یہ اندیشہ بھی ہے کہ کہیں مجھ پر قریب الموت ہونے کی کیفیت طاری نہ ہو جائے' (اس لیے میں اجازت نہیں دے رہی تھی) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے ان کی خدمت میں عرض کی: آپ یہ خوشخبری قبول کریں' اللہ کی

أخرجه الحصكفي في "مسندالامام" (385)-وابن حبان (7108)-وابو نعيم في "الحلية" 45/2-واحمد [illegible]-والحاكم في "المستدرك" 4/8-9-والبخاري (4753)

قسم! میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''عائشہ جنت میں میری بیوی ہوگی'' اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں نبی اکرم ﷺ کا جو مقام ہے وہ اس بات کا تقاضا نہیں کرتا کہ اللہ تعالیٰ نبی اکرم ﷺ کی شادی جہنم کے کسی انگارے کے ساتھ کروا دے' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: تم نے میری پریشانی ختم کی ہے اللہ تعالیٰ تمہاری پریشانیاں ختم کرے''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن قدامہ بن سیار-لیث بن مساور- امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوعباس بن عقدہ-عبداللہ بن محمد بن اسماعیل ابن زیاد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**290**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ:

متن روایت: مَا كَذَبْتُ مُنْذُ اَسْلَمْتُ اِلَّا وَاحِدَةً كُنْتُ اُرَحِّلُ لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَاُتِيَ بِرَحَّالٍ مِنَ الطَّائِفِ فَقَالَ اَيُّ الرِّحَالِ اَحَبُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ فَقُلْتُ الطَّائِفَةَ الْمَكِّيَةَ وَكَانَ يَكْرَهُهَا فَلَمَّا رَحَّلَهَا لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَاُتِيَ بِهَا قَالَ مَنْ رَحَّلَ لَنَا هٰذِهِ الرَّاحِلَةِ قَالُوْا رَحَّالُكَ الَّذِىْ اَتَيْتَ بِهٖ مِنَ الطَّائِفِ فَقَالَ رُدُّوْا الرَّاحِلَةَ اِلٰى ابْنِ مَسْعُوْدٍ

امام ابوحنیفہ نے -ہیثم - امام شعبی - مسروق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب سے میں نے اسلام قبول کیا ہے اس کے بعد میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا ہے' صرف ایک مرتبہ کا معاملہ مختلف ہے' میں پہلے نبی اکرم ﷺ کے لیے پالان تیار کیا کرتا تھا' ایک مرتبہ طائف سے تعلق رکھنے والا ایک پالان تیار کرنے والا آپ کی خدمت میں حاضر ہوا (تو یہ خدمت اسے سونپ دی گئی) اس نے دریافت کیا: نبی اکرم ﷺ کون سی قسم کا پالان پسند کرتے ہیں؟ میں نے جواب دیا: مکی والا' حالانکہ نبی اکرم ﷺ اس کو ناپسند کرتے تھے' جب اس نے نبی اکرم ﷺ کے لیے وہ پالان تیار کیا اور وہ پالان نبی اکرم ﷺ کے پاس لایا گیا: تو آپ ﷺ نے دریافت کیا: یہ پالان کس نے تیار کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کی: اس پالان تیار کرنے والے شخص

(290) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى" الآثار" ( 870)-والحصكفى فى" مسند الامام" ( 377)-وابو يعلى( 5268 ) من طريق ابى حنيفة-والطبرانى فى" الكبير" (10366) من طريق ابى حنيفة ايضاً .

جو جو طائف سے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا ہے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پالان تیار کرنے کی خدمت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو واپس دیدو!''

...—...—...

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن ابراہیم بن زیاد درازی - ابوربیع زہرانی - یعقوب بن ابراہیم ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت زید بن یحییٰ ابواسامہ فقیہ - اسحاق بن ابواسرائیل - ابومعاویہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - محمد بن ولید بن ابان عقیلی - ابوربیع - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابن عقدہ - محمد بن ولید بن ابان عقیلی - ابوربیع - یعقوب بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

291 - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ:

متنِ روایت: مَا كَذَبْتُ مُنْذُ اَسْلَمْتُ اِلَّا كِذْبَةً وَاحِدَةً كُنْتُ اُرَحِّلُ لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاُتِيَ بِرَحَّالٍ فَسَاَلَنِيْ اَيُّ رَحْلٍ اَحَبُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ الطَّائِفَةَ الْمَكِّيَّةَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَكْرَهُهَا فَسَاَلَ مَنْ رَحَّلَ لَنَا هٰذِهٖ فَقَالُوْا رَحَّالُكَ فَقَالَ اَيْنَ ابْنُ اُمِّ عَبْدٍ فَلْيُرَحِّلْ لَنَا

امام ابوحنیفہ نے - معن بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

جب سے میں نے اسلام قبول کیا ہے اس کے بعد صرف ایک مرتبہ غلط بیانی کی ہے پہلے میں نبی اکرم ﷺ کے لیے پالان تیار کیا کرتا تھا پھر ایک پالان تیار کرنے والے شخص کو لایا گیا اس نے مجھ سے دریافت کیا: نبی اکرم ﷺ کون سی قسم کا پالان پسند کرتے ہیں؟ میں نے جواب دیا: مکی والا حالانکہ نبی اکرم ﷺ اس کو ناپسند کرتے تھے آپ نے دریافت کیا: یہ پالان کس نے تیار کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کی: آپ کے پالان تیار کرنے والے (نئے شخص) نے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابن ام عبد ہی ہمارے لیے پالان تیار کیا کرے۔

...—...—...

291) قد تقدم .

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حاتم بن محمد ترمذی - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ البتہ اس کے آخر میں یہ کہا ہے:

فاعيدت الى راحلة "تو پالان تیار کرنے کی خدمت واپس ان کے پاس آ گئی"

انہوں نے یہ روایت بدر بن ہیثم حضرمی - ابوکریب محمد بن علاء - ابومعاویہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

قال رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم من صاحب هذه الراحلة قالوا الطائفى قال لا حاجة به

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کہ اس پالان کو تیار کس نے کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کی: طائف والے شخص نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی ضرورت نہیں ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن سعید ہروی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت یحییٰ بن اسماعیل بن حسن بن عثمان - انہوں نے اپنے دادا حسن بن عثمان - مخلد بن عمرو - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن احمد ہروی - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوحسن احمد بن اسحاق - عبداللہ بن عبداللہ بخاری - عمر بن محمد بن حسن - عیسیٰ بن موسیٰ معروف بغنجار - یعقوب یعنی امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن خسرو - ابوطالب بن یوسف - ابومحمد جوہری - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ حرانی - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

292- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ :

متن روایت: فِيَّ سَبْعُ خِصَالٍ لَيْسَتْ فِيْ وَاحِدَةٍ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَنِيْ وَاَنَا بِكْرٌ وَلَمْ يَتَزَوَّجْ اَحَدًا مِنْ نِسَائِهٖ بِكْرًا غَيْرِيْ وَاَرَانِيْ لَهُ جِبْرِيْلُ وَلَمْ يَرَهُ اَحَدًا مِنْ نِسَائِهٖ غَيْرِيْ وَنَزَلَ جِبْرِيْلُ بِصُوْرَتِيْ وَلَمْ يَنْزِلْ بِصُوْرَةِ اَحَدٍ مِنْ نِسَائِهٖ غَيْرِيْ وَكُنْتُ مِنْ اَحَبِّهِنَّ اِلَيْهِ نَفْسًا وَوَالِدًا وَكَانَ جِبْرِيْلُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ بِالْوَحْيِ وَاَنَا مَعَهُ فِيْ شِعَارِهٖ وَلَمْ يَكُنْ يَاتِيْهِ وَهُوَ مَعَ اَحَدٍ مِنْ اَزْوَاجِهٖ وَنَزَلَ فِيَّ آيَاتٌ مِنَ الْقُرْآنِ كَادَ يَهْلِكُ فِيَّ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ وَمَاتَ فِيْ لَيْلَتِيْ وَيَوْمِيْ وَتَوَفّٰى بَيْنَ سَحْرِيْ وَنَحْرِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ نے -عون بن عبداللہ بن عتبہ- عامر شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

میرے اندر سات خصوصیات ہیں جو نبی اکرم ﷺ کی کسی اور زوجہ محترمہ میں نہیں ہیں' جب نبی اکرم ﷺ نے میرے ساتھ شادی کی تو میں کنواری تھی' آپ ﷺ نے میرے علاوہ اور کسی کنواری خاتون کے ساتھ شادی نہیں کی' نبی اکرم ﷺ نے مجھے حضرت جبرائیل علیہ السلام دکھائے' میرے علاوہ اور کسی بھی زوجہ محترمہ نے انہیں نہیں دیکھا' حضرت جبرائیل علیہ السلام میری تصویر لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے وہ میرے علاوہ آپ ﷺ کی کسی اور زوجہ محترمہ کی تصویر لے کر نہیں آئے' میں اپنی ذات اور اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب تھی' جب میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ لحاف میں ہوتی تھی تو حضرت جبرائیل علیہ السلام وحی لے کر نازل ہو جاتے تھے جب نبی اکرم ﷺ اپنی کسی اور زوجہ محترمہ کے ساتھ ہوتے تھے تو حضرت جبرائیل نازل نہیں ہوتے تھے' میرے بارے میں قرآن پاک کی آیات نازل ہوئی تھیں' قریب تھا کہ میری وجہ سے کچھ لوگ ہلاکت کا شکار ہو جاتے' نبی اکرم ﷺ کا وصال میری باری کے مخصوص دن میں میرے سینے اور گردن کے درمیان (میرے ساتھ لگ کر ہوا)''

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق سمسار - ابراہیم بن یوسف' سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - محمد بن سعید عوفی - انہوں نے اپنے والد' ان دونوں نے - امام ابو یوسف کے حوالے

292- قد تقدم في ( 277) .

سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

قالت كان فی سبع خصال لم تكن فی احد من ازواجه اتاه جبريل بصورتی ولم ياته بصورة احد من ازواجه غیری وكنت من احبهن اليه نفساً ووالداً ونزل فی آيات من القرآن كاد يهلك فی فئام من الناس وتوفی فی ليلتی وفی يومی وفی بيتی وبين سحری ونحری

وہ بیان کرتی ہیں: میرے اندر سات ایسی خصوصیات ہیں جو نبی اکرم ﷺ کی کسی اور زوجہ محترمہ میں نہیں ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حضرت جبرائیل میری تصویر لے کر آئے تھے وہ میرے علاوہ نبی اکرم ﷺ کی کسی اور زوجہ محترمہ کی تصویر لے کر نہیں آئے۔ میں اپنی ذات اور والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب تھی۔ میرے بارے میں قرآن مجید میں کچھ آیات نازل ہوئیں۔ قریب تھا کہ میرے حوالے سے کچھ لوگ ہلاکت کا شکار ہو جاتے۔ نبی اکرم ﷺ کا وصال میری باری کے مخصوص دن میں میرے سینے اور گردن کے درمیان (میرے ساتھ لگ کر) ہوا۔

انہوں نے یہ روایت عبدالصمد بن فضل - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے مکمل طور پر پہلی والی روایت کے الفاظ کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - محمد بن سعید - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن میسرہ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - انہوں نے اپنے والد محمد بن خالد بن خلی - انہوں نے اپنے والد خالد بن خلی - محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(293)** - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - عون بن عبداللہ بن عتبہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهُ كَانَ اِذَا دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بَيْتَهُ اَرْسَلَ وَالِدَتَهُ اُمَّ عَبْدٍ تَدْخُلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيْ

جب نبی اکرم ﷺ گھر تشریف لاتے تھے تو وہ اپنی والدہ سیدہ ام عبد رضی اللہ عنہا کو نبی اکرم ﷺ کے ہاں بھیج دیتے تھے وہ نبی اکرم ﷺ کے گھر جا کر نبی اکرم ﷺ کے معمولات

(293) قد تقدم فی (274).

تَنْظُرُ اِلٰی هَدْيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَدَلِّهٖ وَسَمْتِهٖ فَتُخْبِرُهُ بِذٰلِكَ فَيَتَشَبَّهُ بِهٖ

شریف اور طور طریقوں کا جائزہ لیتی رہتی تھیں اور حضرت عبداللہ کو آ کر اس بارے میں بتاتی تھیں تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان کو اختیار کرنے کی کوشش کرتے تھے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - یحییٰ بن اسماعیل - ولید بن حماد - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی

294 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ:

متن روایت: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ كَانَ صَاحِبَ حَصِيْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ نے - عون بن عبداللہ بن عتبہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چٹائی اٹھایا کرتے تھے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - یحییٰ بن اسماعیل - ولید بن حماد - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی

295 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ جَامِعِ بْنِ اَبِيْ رَاشِدٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ:

متن روایت: لَمَّا طُعِنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَمَرَ صُهَيْبًا فَجَمَعَ لَهُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَنْ يَكُوْنَ اَكْثَرَ دَاخِلٍ عَلَى الْاَنْصَارِ فَلَمَّا تَكَامَلُوْا لَدَيْهِ حَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَصَلّٰى عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اَيُّهَا النَّاسُ قَدْ حَمَلْتُ اَمْرَكُمْ عَلٰى سِتَّةٍ قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ وَقَدْ اَجَّلْتُهُمْ ثَلَاثًا يَخْتَارُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ وَلِلْاُمَّةِ فَاِنِ اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلٰى

امام ابوحنیفہ نے - جامع بن ابوراشد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: زیاد بن جبیر بیان کرتے ہیں:

جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا تو انہوں نے حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کی کہ وہ مسلمانوں کو ان کے پاس اکٹھا کریں اور ان میں زیادہ تعداد انصار کی ہونی چاہیے جب وہ لوگ ان کے پاس اکٹھے ہو گئے تو انہیں نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا اور بولے: اے لوگو! میں نے تمہارا معاملہ چھ افراد کے سپرد کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وصال کے وقت ان حضرات سے رراضی تھے میں نے انہیں تین دن کی مہلت دی ہے کہ یہ لوگ اپنی لیے اور امت کے لیے (کسی کو

294- اخرجه الحصكفي في " مسند الامام" ( 376)-وابن سعد في " الطبقات" 113/3-وابو نعيم في " الحلية" 126/1-والبخاري (3287) في بدء الخلق-وابن حبان (6331) .

295- اخرجه ابن حبان ( 2091)-ومسلم ( 567)-والبيهقي في " السنن الكبرىٰ" 224/6-والطيالسي: 11-وابن سعد في " الطبقات" 335/3

اَحِدِهِمْ وَاَبٰى وَاحِدٌ مِنهُمْ اَنْ يُّبَايِعَ فَكُوْنُوْا عَلَيْهِ وَاِنِ اشْتَجَرُوْا فَكُوْنُوْا فِیْ فِئَةِ ابْنِ عَوْفٍ ثُمَّ مَاتَ مِنْ يَوْمِهٖ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

خلیفہ) چن لیں اگر یہ لوگ کسی ایک شخص پر متفق ہو ... اور ان میں سے کوئی ایک انکار کردے تو تم لوگ اس کے ... ہو جانا' اور اگر ان لوگوں کے درمیان اختلاف ہو جائے تو ... عبدالرحمٰن بن عوف کے ساتھ ہونا'' پھر اسی دن حضرت عمر ... انتقال ہو گیا۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - یعقوب بن احمد بن صباح وراق - احمد بن محمد بن ... علی بن مجاہد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**296**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ:

امام ابوحنیفہ نے - عون بن عبداللہ - انہوں نے اپنے ... کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے ... یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ صَاحِبُ عَصَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

''وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عصا بردار تھے''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - یحییٰ بن اسماعیل - ولید بن حماد - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ... انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تک' اپنی سند کے ساتھ یہ روایت نقل کی ہے:

انه كان صاحب رداء رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم

وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر اٹھانے والے تھے۔

اسی سند کے ساتھ' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی گئی ہے:

انه كان صاحب الراحلة لرسول الله صلى الله عليه و آله وسلم

وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پالان تیار کرنے والے تھے۔

اسی سند کے ساتھ' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی گئی ہے:

انه كان صاحب سواك رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم وصاحب الميضاة وصاحب النعلين

وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسواک رکھنے والے تھے۔ آپ کے وضو کا پانی رکھنے والے تھے اور آپ کے جوتے اٹھانے والے تھے۔

(296) قد تقدم في (294) .

(297)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِىءٍ قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے- اسماعیل بن عبدالملک - ابوصالح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:

متن روایت: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ لِيَكُوْنَ شِعَارُكَ الْعِلْمُ وَالْقُرْآنُ

''اے عائشہ! تمہارا اشعار علم اور قرآن ہونا چاہیے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد - محمد بن احمد - ابوجعفر محمد بن قاسم طائکانی - ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد کے حوالے سے مکمل طور پر اسی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(298)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِىءٍ:

امام ابوحنیفہ نے- اسماعیل بن عبدالملک - ابوصالح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَظَرَ اِلٰى عَلِيٍّ ذَاتَ يَوْمٍ فَرَآهُ جَائِعًا فَقَالَ لَهُ يَا عَلِيُّ مَا اَجَاعَكَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ لَمْ اَشْبَعْ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ

ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو آپ کو محسوس ہوا کہ وہ بھوکے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے علی! تم کب سے بھوکے ہو؟ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے اتنے دنوں سے سیر ہو کر کھانا نہیں کھایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جنت کی خوشخبری قبول کرو!

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن ابراہیم - محمد بن قاسم - ابومقاتل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

طلحہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید کے حوالے سے تقریباً ابومحمد بخاری کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے، تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

قال له رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ابشر بشهادة الدنيا وسعادة العقبى

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دنیا میں شہادت کی اور آخرت میں سعادت کی خوشخبری قبول کرو!

(299)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى التَّيْمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے- عبدالاعلیٰ تیمی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

(297) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (34) .

(298) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (371) .

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ اَنْ يَقْرَاَ سُوْرَةَ الْفَرَائِضِ يَعْنِىْ سُوْرَةَ النِّسَاءِ فَفَعَلَ فَلَمَّا بَلَغَ قَوْلَهُ تَعَالٰى (فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَاءِ شَهِيْدًا) غَلَبَ عَلَيْهِ الْبُكَاءُ فَقَالَ لَهُ اَمْسِكْ ثُمَّ قَالَ لَهُ اَعِدْ فَلَمَّا بَلَغَهَا اشْتَدَّ بُكَاؤُهُ حَتّٰى فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثًا

نبی اکرم ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ وہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے سورہ فرائض یعنی سورہ نساء کی تلاوت کریں انہوں نے ایسا ہی کیا' جب وہ اس آیت پر پہنچے

''اس وقت کیا عالم ہوگا جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ لے کر آئیں گے اور تمہیں ان سب پر گواہ بنا کر لے آئیں گے''

تو نبی اکرم ﷺ رونے لگے' آپ نے ان سے فرمایا: رک جاؤ! پھر آپ ﷺ نے ان سے کہا: اسے دوبارہ پڑھو' جب وہ اس مقام پر پہنچے تو نبی اکرم ﷺ زیادہ شدت سے رونے لگے' حتیٰ کہ ایسا تین مرتبہ ہوا۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - قاسم بن محمد - محمد بن محمد - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابو عبد اللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - قاسم بن محمد دلال - ابو بلال اشعری - امام ابو یوسف کے حوالے سے' امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے' اس روایت کو امام ابو حنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے

(**300**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ اَبِى الزَّعْرَاءِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابو حنیفہ نے - سلمہ بن کہیل - ابوزعراء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اِقْتَدُوْا بِالَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِىْ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرَ

''میرے بعد ان دو افراد' ابوبکر اور عمر' کی پیروی کرنا''

•••——•••——•••

(299) اخرجه ابن حبان (735)—ومسلم (800) فی صلاة المسافرين: باب فضل استماع القرآن—والطبرانی فی "الكبير" (8461)—واحمد 380/1—والبخاری (4582) فی التفسير .

(300) اخرجه الحصكفی فی " مسند الامام" (367)—والترمذی (3805) فی مناقب عبدالله بن مسعود—والحاكم فی " المستدرك" 76/3—والبغوی فی " شرح السنة" 195/7 (3789)—والطبرانی فی " الكبير" (8426) .

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابوریمح کی تحریر کے حوالے سے - محمد بن عمرو وراق - خالد بن نزار کے حوالے سے نقل کی ہے یحیٰی بن نصر بن حاجب بیان کرتے ہیں:

**دخلت علی ابو حنیفة فی بیت مملو کتباً فقلت له ما هذه قال هذه احادیث کلها ما حدثت بها الا الیسیر الذی ینتفع به فقلت له حدثنی ببعضها فاملی علی حدثنا سلمة بن کهیل الحدیث**

میں امام ابوحنیفہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ان کا گھر تحریروں سے بھرا ہوا تھا۔ میں نے دریافت کیا: یہ سب کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: یہ تمام احادیث ہیں۔ میں نے ان میں سے صرف چند احادیث روایت کی ہیں۔ جن کے ذریعے نفع حاصل کیا جائے (یحیٰی بن نصر کہتے ہیں) میں نے ان سے کہا: آپ ان میں سے کوئی حدیث میرے سامنے بھی بیان کریں تو انہوں نے سلمہ بن کہیل کے حوالے سے یہ حدیث مجھے سنائی۔

301- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ سَلَمَةَ بْنِ کُهَیْلٍ عَنْ حَبَّةَ بْنِ جُوَیْنٍ الْعَرَنِیِّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ:

متن روایت: اَنَا اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ وَصَلّٰی مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ نے - سلمہ بن کہیل - حبہ بن جوین عرنی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:

''میں اسلام قبول کرنے والا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھنے والا' پہلا شخص ہوں''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن ہمام بن خلف شیرازی - حسن - عامر بن فرات کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

302- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) قَالَ:

متن روایت: جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَفْقَهُ مَنْ رَاَیْتُ وَلَقَدْ بَعَثَ اِلٰی اَبِیْ جَعْفَرَ الْمَنْصُوْرِ اَنَّ النَّاسَ قَدْ فُتِنُوْا بِجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ فَهَیِّءْ لَهٗ مَسَائِلَ شِدَادًا فَلَخَصْتُ اَرْبَعِیْنَ مَسْئَلَةً وَبَعَثْتُ بِهَا اِلَی الْمَنْصُوْرِ بِالْحِیْرَةِ ثُمَّ اَبْرَدَ اِلَیَّ فَوَافَیْتُهٗ عَلٰی سَرِیْرِهٖ وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ یَمِیْنِهٖ فَتَدَاخَلَنِیْ مِنْ جَعْفَرَ هَیْبَةٌ لَمْ اَجِدْهَا مِنَ الْمَنْصُوْرِ فَاَجْلَسَنِیْ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلٰی

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں:

میں نے جتنے بھی لوگ دیکھے ہیں امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ ان میں سب سے بڑے فقیہہ تھے' ایک مرتبہ ابوجعفر منصور نے مجھے پیغام بھیجا کہ لوگ امام جعفر صادق کے حوالے سے آزمائش کا شکار ہیں تو تم میرے لئے کچھ مشکل مسائل تیار کرو۔ میں نے چالیس مسائل تیار کیے اور انہیں حیرہ میں منصور کو بھجوا دیا۔ پھر اس نے مجھے اپنے پاس بلوایا جب میں وہاں پہنچا تو وہ اپنے پلنگ پر بیٹھا تھا۔ امام جعفر صادق اٹھ کر دائیں طرف بیٹھے ہوئے تھے۔

301) اخرجه الحصکفی فی " مسند الامام" ( 370)-وابن سعد فی " الطبقات" 15/3-والترمذی ( 3735 )فی المناقب-والبیهقی فی "السنن الکبرٰی" 207/6-والحاکم فی " المستدرک" 136/3

جَعْفَرَ قَائِلاً يَا اَبَا عَبْدِ اللهِ هٰذَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ فَقَالَ نَعَمْ اَعْرِفُهُ ثُمَّ قَالَ الْمَنْصُوْرُ سَلْهُ مَا بَدَا لَكَ يَا اَبَا حَنِيْفَةَ فَجَعَلْتُ اَسْاَلُهُ وَيُجِيْبُ الْاِجَابَةَ الْحَسَنَةَ وَيُفْحِمُ حَتّٰى اَجَابَ عَنْ اَرْبَعِيْنَ مَسْئَلَةً فَرَاَيْتُهُ اَعْلَمَ النَّاسِ بِاخْتِلَافِ الْفُقَهَاءِ فَلِذٰلِكَ اَحْكَمُ اَنَّهُ اَفْقَهُ مَنْ رَاَيْتُ

مجھے امام جعفر صادق کا اتنا رعب محسوس ہوا کہ منصور کا اتنا رعب محسوس نہیں ہوا تھا۔ منصور نے مجھے بیٹھنے کیلئے کہا اور پھر امام جعفر صادق کی طرف متوجہ ہو کر بولا: اے ابوعبداللہ! یہ ابوحنیفہ ہے انہوں نے فرمایا جی ہاں! میں اسے جانتا ہوں۔ پھر منصور نے کہا اے ابوحنیفہ تم ان سے جو چاہو سوال کرو۔ تو میں ان سے سوالات کرنے شروع کیے انہوں نے مجھے اس کے عمدہ جوابات دیے یہاں تک کہ انہوں نے 40 سوالات کے جوابات دے دیے تو میں نے دیکھا کہ وہ فقہاء کے اختلاف کے سب سے بڑے عالم ہیں۔ اسی لئے میں نے یہ فیصلہ دیا کہ میں نے جتنے بھی افراد دیکھے ہیں وہ ان میں سب سے بڑے فقیہ تھے۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - جعفر بن محمد بن حسین حازمی - ابونجیح ابراہیم بن محمد بن حسین - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**303**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

متنِ روایت: كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ مَسْرُوْقِ بْنِ الْاَجْدَعِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ان کے والد بیان کرتے ہیں:

مسروق بن اجدع کی انگوٹھی میں یہ نقش تھا:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن عبید بن عتبہ - حسین بن عبدالاوّل - ابوخالد احمر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**304**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

متنِ روایت: قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ لِرَجُلٍ اِقْرَا الْحَجَرَ قَالَ اَوَلَيْسَتْ مَعَكَ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لَيْسَ لِيْ مِثْلَ صَوْتِكَ

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ان کے والد بیان کرتے ہیں:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے فرمایا: تم سورۃ حجر پڑھو اس نے کہا: کیا آپ کو یہ نہیں آتی ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا: آتی ہے لیکن میری آواز تمہاری آواز جیسی (خوبصورت) نہیں ہے۔

(303) اخرجه ابن ابی شيبة 270/8 فی اللباس :نقش الخاتم وما جاء فيه

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - احمد بن محمد بن عبداللہ - خالد بن یوسف بن خالد سمتی - انہوں نے اپنے والد یوسف بن خالد سمتی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوسعد احمد بن عبدالجبار - علی بن ابوعلی - ابوقاسم بن ثلاج - ابوعباس احمد بن محمد بن عقدہ - احمد بن محمد بن عبداللہ - خالد بن یوسف بن خالد سمتی - انہوں نے اپنے والد یوسف بن خالد سمتی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

305- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَسْرُوْقٍ اَنَّهُ قَالَ حَدَّثَتْنِي الصِّدِّيْقَةُ بِنْتُ الصِّدِّيْقِ حَبِيْبَةُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: اَلْاِسْتِغْفَارُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: مسروق بیان کرتے ہیں:

سیّدہ صدیقہ رضی اللہ عنہا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب شخصیت ہیں' وہ فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: استغفار جہنم سے بچاؤ کے لئے ڈھال ہے۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - اسحاق بن ابراہیم - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابوسلیمان جوزجانی - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - حسین بن حسین انطاکی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

306- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّهُ خَطَبَ النَّاسَ الْكُوْفَةَ حِيْنَ اسْتَعْمَلَهُ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ مَا اَلَوْنَا عَنْ اَعْلَاهَا فِرْقًا

امام ابوحنیفہ نے - عبدالملک بن عمیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کوفہ کا گورنر مقرر کیا تو انہوں نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے یہ فرمایا: ہم کسی ڈر کی وجہ سے بڑے لوگوں سے کوئی کوتاہی نہیں کریں گے۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

(305) اخرجہ الحصکفی فی'' مسند الامام'' (384)- وابن سعد فی'' الطبقات'' /1-51-53- وابو نعیم 44/2

(307)- سندروایت: (اَبُـوْ حَـنِـيْـفَةَ) عَـنْ الْهَيْثَمِ وَرَبِيْعَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّ رَسُـوْلَ اللّٰهِ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قُبِضَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ وَقُبِضَ اَبُوْ بَكْرٍ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ وَقُبِضَ عُمَرُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ

امام ابوحنیفہ نے- ہیثم اور ربیعہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو آپ کی عمر 63 سال تھی۔ جب حضرت ابوبکر کا انتقال ہوا تو ان کی عمر بھی 63 سال تھی۔ جب حضرت عمر کا انتقال ہوا تو ان کی عمر بھی 63 سال تھی۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- زکریاء بن یحییٰ نیشاپوری- احمد بن عبداللہ ابن زیاد بغدادی- محمد بن محمد بن خلیل بصری- عبداللہ بن صخر- سفیان ثوری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(308)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اِيَاسٍ عَنْ اَبِىْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ قَالَ:

متن روایت: لَـمَّا خَرَجَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ نَـحْوَ الْمَدِيْنَةِ قُلْتُ اَوْصِنِىْ فَقَالَ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَلُـزُوْمِ الْـجَـمَـاعَةِ فَـاِنَّ اللّٰهَ تَـعَـالٰى لَنْ يَجْمَعَ اُمَّةَ مُـحَـمَّـدٍ عَـلٰى ضَلَالَةٍ وَاصْبِرْ حَتّٰى تَسْتَرِيْحَ بَرًّا وَتُسْتَرَاحَ مِنْ فَاجِرٍ

امام ابوحنیفہ نے- عبدالملک بن ایاس کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابوعمرو شیبانی بیان کرتے ہیں:

جب حضرت عبداللہ بن مسعود مدینہ منورہ جانے لگے تو میں نے کہا آپ مجھے کوئی نصیحت کیجئے۔ انہوں نے فرمایا: تم پر اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا اور مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رہنا لازم ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو گمراہی پر اکٹھا نہیں کرے گا اور تم اس وقت تک صبر سے کام لینا جب تک نیک ہونے کے عالم میں (دنیا کی پریشانیوں سے) راحت حاصل نہیں کر لیتے یا کسی گناہ گار (اور ظالم حکمران) سے راحت نصیب نہیں ہو جاتی۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد- عبداللہ بن احمد بن بہلول- انہوں نے اپنے دادا اسماعیل بن حماد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(309)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ زَيْدٍ

امام ابوحنیفہ نے- عبدالملک بن عمیر- عمرو بن حریث کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ

(307) اخرجه الحصكفى فى '' مسند الامام '' (356) وقد تقدم

(308) اخرجه الحاكم فى '' المستدرك '' 200/1- والشهاب فى '' المسند '' (2166)- والترمذى (2167) من حديث عبد الله بن عمر مرفوعا

...ی اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ...قَالَ:

نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

...روایت: عَشَرَةٌ فِی الْجَنَّةِ اَبُوْ بَكْرٍ فِی الْجَنَّةِ ...عُمَرُ فِی الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ فِی الْجَنَّةِ وَعَلِیٌّ فِی ...الْجَنَّةِ وَطَلْحَةُ فِی الْجَنَّةِ وَالزُّبَيْرُ فِی الْجَنَّةِ وَسَعْدٌ فِی الْجَنَّةِ وَسَعِيْدٌ فِی الْجَنَّةِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِی الْجَنَّةِ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ فِی الْجَنَّةِ فَقِيْلَ لَهُ ...تَ فَبَكٰی

دس لوگ جنت میں ہوں گے (یعنی یہ جنتی ہیں) ابوبکر جنتی ہے عمر جنتی ہے عثمان جنتی ہے علی جنتی ہے طلحہ جنتی ہے زبیر جنتی ہے سعد جنتی ہے سعید جنتی ہے عبدالرحمان بن عوف جنتی ہے اور ابوعبیدہ جنتی ہے۔ آپ کی خدمت میں عرض کی گئی۔ آپ بھی؟ تو آپ رو پڑے۔

•••——•••——•••

حافظ ابن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں۔علی بن حسین بن احمد حرانی - ابویقظان عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسلم -عبداللہ ...کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک ابن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن ...نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

...-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطِيَّةَ ...الْعَوْفِیِّ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ ...رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے -عطیہ عوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

...روایت: اِنَّ اَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى لَيَرَاهُمْ مَنْ ...اَسْفَلَ مِنْهُمْ كَمَا يَرَى الْكَوْكَبَ الدُّرِّیَّ فِیْ اُفُقِ ...السَّمَاءِ وَاَنَّ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ وَاَنْعَمَا

(جنت میں) بلند درجات کے لوگوں کو نیچے کے درجات والے یوں دیکھیں گے جیسے دنیا میں آسمان کے افق میں چمکنے والے کسی ستارے کو دیکھا جاتا ہے اور ابوبکر اور عمر ان (بلند درجات والوں) میں سے ہیں اور یہ دونوں اچھے بندے ہیں۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبد ...دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - حسن ابن عباس - محمد بن حنفیہ طریفی - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ ...سے روایت کی ہے۔

...اخرجه ابوداؤد (4649) - والترمذی (3748) - والحاكم فی "المستدرك" 316/3 - والمتقی الهندی فی "الكنز" ...(...).

...اخرجه الخطیب فی "تاريخ بغداد" 195/3 - و 64/4 - و 123/12 - والحافظ الذهبی فی "تذكرة الحفاظ" 484/2

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(**311**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُوْسٰى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَمَّنْ حَدَّثَهُ :

متن روایت: اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْصَرَهُمْ يُهَلِّلُوْنَ وَيُكَبِّرُوْنَ فَقَالَ هِىَ هِىَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَقَالَ لَهُ مَا هِىَ قَالَ كَلِمَةُ التَّقْوٰى وَكَانُوْا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا

امام ابوحنیفہ نے- موسیٰ بن ابوکثیر- ایک شخص ... انہیں یہ بات بیان کی اس کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ...

حضرت عمر بن خطاب نے لوگوں کو لا الہ الا اللہ اور ... پڑھتے ہوئے دیکھا تو بولے رب کعبہ کی قسم! یہی ہے ... کسی نے ان سے دریافت کیا یہ کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا ... کا کلمہ۔ اور یہ لوگ اس کے حقدار بھی ہے اور اس کے ... ہیں۔

•••——•••——•••

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت- منذر بن محمد بن منذر نے اپنے والد کے حوالے سے- عبداللہ بن زبیر کے حوالے ... امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی- ... بن دوست علاف- قاضی عمر بن حسن اشنانی کے حوالے سے ان کی سند کے ساتھ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**312**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِىِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

متن روایت: اِقْتَدُوْا بِالَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِىْ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرَ اِهْتَدُوْا بِهَدْىِ عَمَّارٍ وَتَمَسَّكُوْا بِعَهْدِ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ

امام ابوحنیفہ نے- عبدالملک بن عمیر- ربعی بن حراش ... حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت حذیفہ بن یمان ... روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

میرے بعد ان دو افراد کی پیروی کرنا۔ ابوبکر اور عمر ... عمار کے طریقے سے رہنمائی حاصل کرنا اور ام عبد ... صاحبزادے یعنی حضرت عبداللہ بن مسعود) کے عہد کو ... سے پکڑ کے رکھنا۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- صالح بن ابورمیح- ابوعبداللہ فضل بن محمد واسطی- عبدالقدوس بن عبدالقاہر- ابو... حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(312) اخرجه الحصكفى فى" مسندالامام" ( 368)- وابن حبان- والترمذى ( 3663) فى المناقب: باب فى مناقب ... وعمر- وابن سعد فى" الطبقات" 334/2- واحمد 399/5

312- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بن عُمَیْرٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے -عبدالملک بن عمیر-ایک شامی شخص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ قَالَ اِنِّیْ مُکَاثِرٌ بِکُمُ الْاُمَمَ

میں دوسری امتوں کے سامنے تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -احمد بن محمد بن سعید ہمدانی' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اس روایت کوحمزہ بن حبیب کی تحریر میں پڑھا ہے' یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد -حسن بن علی سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت حسین بن علی کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے: (یہ روایت) یحییٰ بن حسن نے -زیاد بن حسن -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد -منذر بن محمد -حسین بن محمد -امام ابویوسف (اور) اسد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد -محمد بن احمد بن عبدالملک -احمد بن اسحاق بن یوسف -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد -منذر بن محمد -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ایوب بن ہانی (اور) حسن بن زیاد کے حوالے سے امام بوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان -محمد بن سلام -محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد -ابراہیم بن عیسیٰ رازی -سخنو یہ بن شبیب -ابومطیع کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد -منذر بن محمد -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -یونس بن بکیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد -منذر بن محمد -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -انہوں نے اپنے چچا -انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -احمد بن محمد بن سعید -حسن بن سلام -عیسیٰ بن ابان -محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

انی مکاثر بکم الامم یوم القیامة فلا تضلوا

میں قیامت کے دن تمہاری کثرت پر دوسری امتوں کے سامنے فخر کروں گا تو تم لوگ گمراہ نہ ہو جانا۔

حافظ صاحب فرماتے ہیں: امام ابو یوسف حسن بن زیاد اسحاق ازرق اور حکم بن عبداللہ نے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(**314**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ الشَّعْبِیِّ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

متن روایت: لَقَدْ كُنَّ فِیَّ خِلَالٌ سَبْعٌ لَمْ تَكُنْ لِاَحَدٍ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كُنْتُ اَحَبُّهُنَّ اِلَیْهِ اَبًا وَاَحَبُّهُنَّ اِلَیْهِ نَفْسًا وَتَزَوَّجَنِی بِكْرًا وَمَا تَزَوَّجَ بِكْرًا غَیْرِیْ وَمَا تَزَوَّجَنِیْ حَتّٰی اَتَاهُ جِبْرَئِیْلُ بِصُوْرَتِیْ وَلَقَدْ رَاَیْتُ جِبْرَئِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَمَا رَآهُ اَحَدٌ مِنَ النِّسَاءِ غَیْرِیْ وَلَقَدْ كَانَ یَاتِیْهِ جِبْرَئِیْلُ وَاَنَا مَعَهُ فِیْ شِعَارٍ وَلَقَدْ نَزَلَ فِیْ عُذْرِیْ كَادَ اَنْ یَهْلِكَ فِیَّ فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ وَلَقَدْ قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ لَیْلَتِیْ وَیَوْمِیْ وَبَیْنَ سِحْرِیْ وَنَحْرِیْ

امام ابوحنیفہ نے- شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

میرے اندر سات خصوصیات ہیں جو نبی اکرم ﷺ کی کسی اور زوجہ محترمہ میں نہیں ہیں۔ میرے والد نبی اکرم ﷺ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب تھے اور میں نبی اکرم ﷺ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہوں۔ جب نبی اکرم ﷺ نے میرے ساتھ شادی کی تو میں کنواری تھی۔ آپ نے میرے علاوہ کسی اور کنواری خاتون کے ساتھ شادی نہیں کی۔ آپ نے میرے ساتھ اس وقت تک شادی نہیں کی جب تک حضرت جبرائیل آپ کے پاس میری تصویر لے کے نہیں آئے۔ میں نے حضرت جبرائیل کو دیکھا ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی ازواج میں سے اور کسی نے بھی انہیں نہیں دیکھا ہے۔ جب میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ لحاف میں ہوتی تھی تو بھی حضرت جبرائیل آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے تھے۔ میرے بے گناہ ہونے کے بارے میں (قرآن میں آیتیں) نازل ہوئیں۔ قریب تھا کہ میری وجہ سے کئی لوگ ہلاکت کا شکار ہو جاتے۔ نبی اکرم ﷺ کا وصال میری باری کے مخصوص دن میں میرے سینے اور گردن کے درمیان (میرے ساتھ لگ کر) ہوا۔

•••———•••———•••

امام ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن منذر بن سعید ہروی اور دیگر کئی حضرات کے حوالے سے- محمد بن عیسیٰ- محمد بن فضل بن عطیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- فضل بن عباس بن سعید- یحییٰ بن غیلان راسبی- عبداللہ

(314) قد تقدم فی (292)

...ع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ:

روایت: قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لِنِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَضَّلَنِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِعَشْرِ خِصَالٍ وَلَا فَخْرَ كُنْتُ اَحَبَّ نِسَائِهٖ اِلَيْهِ وَكَانَ اَبِيْ اَحَبَّ اَصْحَابِهٖ اِلَيْهِ وَلَمْ يَعْرِفْ بِكْرًا غَيْرِيْ وَتَزَوَّجَنِيْ لِسَبْعٍ وَبَنٰى بِيْ لِتِسْعٍ وَنَزَلَ فِيْ عُذْرِيْ مِنَ السَّمَاءِ وَكَانَ يُطَافُ بِهٖ فِيْ مَرَضِهٖ بَيْنَ نِسَائِهٖ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا يَشُقُّ عَلَيَّ اِنْ رَاَيْتُنَّ اَنْ تَاْذَنَّ لِيْ اَكُوْنَ فِيْ بَيْتِ عَائِشَةَ فَقَالَتْ اُمُّ سَلْمَةَ اَذِنَّا فَكَانَ اٰخِرُ زَادِهٖ مِنَ الدُّنْيَا اُتِيَ بِسِوَاكٍ فَقَالَ اُنْكُثِيْهِ يَا عَائِشَةُ فَفَعَلْتُ ثُمَّ اَسْتَاكُ بِهٖ فَجَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَ رِيْقِيْ وَرِيْقِهٖ وَقَبَضَهُ اللّٰهُ بَيْنَ سَحْرِيْ وَنَحْرِيْ وَدُفِنَ فِيْ بَيْتِيْ

امام ابوحنیفہ نے -عبدالملک بن عمیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے آپ پر دس حوالوں سے فضیلت دی ہے۔اور یہ بات میں فخر کے طور پر نہیں کہہ رہی (بلکہ اظہار نعمت کے لئے بیان کر رہی ہوں) میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام ازواج میں سے آپ کو سب سے زیادہ محبوب ہوں اور میرے والد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام اصحاب سے زیادہ آپ کو محبوب تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے علاوہ کسی اور کنواری خاتون کے ساتھ شادی نہیں کی۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ساتھ شادی کی تو میری عمر سات سال تھی اور جب میری رخصتی ہوئی تو میری عمر نو سال تھی۔ میری بے گناہی کے بارے میں آسمان سے حکم نازل ہوا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیماری کے دوران تمام ازواج کے پاس تشریف لے جاتے رہے۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا: میرے لئے یہ بات مشقت کا باعث ہے۔ اگر تم خواتین مناسب سمجھو تو مجھے عائشہ کے گھر میں رہنے دو۔ تو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ٹھیک ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کی جو آخری چیز استعمال کی وہ مسواک تھی۔ وہ آپ کی خدمت میں پیش کی گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! اسے نرم کر دو۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے استعمال کیا تو یوں اللہ تعالیٰ نے میرے لعاب اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب کو جمع کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے میرے سینے اور گردن کے درمیان (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ لگے ہوئے تھے اس وقت) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کو قبض کیا اور آپ کو میرے حجرے میں دفن کیا گیا۔

---

تقدم وهو حديث سابقه

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں-محمد بن مخلد-قیس بن مسلم-حامد بن آدم-اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(**316**)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دَثَّارٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متن روایت: كَانَ لِي عَلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ فَقَضَانِيْ وَزَادَنِيْ

امام ابوحنیفہ نے-محارب بن دثار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا قرض واپس کرنا تھا تو وہ آپ نے مجھے ادا کیا اور مزید رقم بھی عطا کی۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-صالح بن ابورمیح-ابوبکر احمد بن داؤد سمنانی-ابواصبغ عبدالعزیز بن یحییٰ-محمد بن سلمہ حرانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(**317**)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: كُنَّا إِذَا اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَعَدْنَا حَيْثُ اِنْتَهٰى بِنَا الْمَجْلِسُ

امام ابوحنیفہ نے-سماک بن حرب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے تو وہاں بیٹھ جاتے تھے جہاں محفل کے آخر میں گنجائش ہوتی تھی۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-صالح بن ابورمیح سے ان کی تحریر کے حوالے سے-ابوجعفر محمد بن حسن بن ہارون موصلی-عبد الغفار بن عبداللہ موصلی-علی بن مسہر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**318**)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) قَالَ:

متن روایت: رَاَيْتُ فِي النَّوْمِ كَاَنِّي اَنْبُشُ قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلْتُ اِلَى ابْنِ سِيْرِيْنَ اَسْاَلُهُ فَقَالَ هٰذَا رَجُلٌ يَنْبُشُ عِلْمَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: میں نے خواب دیکھا کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کھود رہا ہوں۔ میں نے ابن سیرین کو پیغام بھیجا اور ان سے (اس کی تعبیر) کے بارے میں دریافت کیا۔ تو انہوں نے فرمایا: یہ (خواب دیکھنے والا) شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کو پھیلائے گا۔

•••——•••——•••

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت-داؤد بن یحییٰ-اسماعیل بن بہرام-اسباط بن محمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(317) اخرجه الحصكفي في "المسند الامام" (468)-وابن حبان (6433)-وابو يعلى (7453)-والطبراني في "الكبير" (1951)-واحمد 98/5-والبخاري في "الادب المفرد" (1141)

(319)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ زِیَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - زیاد بن علاقہ - عبداللہ بن حارث کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اِنِّیْ مُکَاثِرٌ بِکُمُ الْاُمَمَ

"میں دوسری امتوں کے سامنے تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد - محمد بن احمد بن ہارون - ابن ابوغسان - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(320)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِی النَّجُوْدِ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ - عاصم بن ابونجود - زر بن حبیش کے حوالے سے - حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ اَخَذَ قُمْلَةً فِی الصَّلَاةِ فَدَفَنَهَا ثُمَّ قَالَ (اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ کِفَاتًا اَحْیَاءً وَاَمْوَاتًا)

انہوں نے نماز کے دوران ایک جوؤں پکڑی اور اسے دفن کردیا۔ پھر انہوں نے یہ آیت پڑھی:

"کیا ہم نے زمین کو زندہ اور مرحومین کے لئے سمیٹ دینے والی چیز نہیں بنایا ہے۔"

•••——•••——•••

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل ابن خیرون - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب قاضی - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(321)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ جَامِعِ بْنِ رَاشِدٍ عَنِ الْمُنْذِرِ الثَّوْرِیِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِیَّةِ:

امام ابوحنیفہ نے - جامع بن راشد - منذر ثوری - محمد بن حنفیہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللهُ عَنْهُ سُئِلَ عَنْ قَوْلِهٖ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے

(319) اخرج ابن حبان ( 5985)-واحمد 349/4-والحمیدی ( 779)-والطبرانی فی" الکبیر" (7415) عن الصنابح عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال:" انی فرطکم علی الحوض وانی مکاثر بکم الامم فلا تقتتلن بعدی"

(320) اخرجه االبیهقی فی" السنن الکبریٰ" 294/2-وعبد الرزاق( 1741) فی الصلاة: باب القملة فی المسجد تقتل-وابن ابی شیبة 145/2 (7489) .

(321)-- قال السیوطی فی" الدر المنثور" 410/4: واخرج ابن جریروابن المنذر وابن ابی حاتم والطبرانی فی" الاوسط" وابو الشیخ عن محمد بن علی بن ابی طالب قال: قلت لابی: ان الناس یزعمون فی قول الله:(ویتلوه شاهد منه)انك انت التالی قال وددت انی اناهو ولکنه لسان محمد صلی الله علیه وسلم .

عَزَّ وَجَلَّ (اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِنْهُ لِسَانُهٗ لِسَانٌ عَرَبِیٌّ وَهُوَ الشَّاهِدُ مِنْهُ

میں دریافت کیا گیا: ''جو شخص اپنے پروردگار کی طرف سے واضح دلیل پر ہو''۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: واضح دلیل اس کے پروردگار کی طرف سے ہوگی اور اس کی طرف سے مقرر کردہ گواہ اس کی تلاوت کرے گا۔ اس کی زبان عربی زبان ہے اور وہ اس کی طرف سے گواہ ہے۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی - حسن بن قاسم بن حسین بجلی - محمد بن عبداللہ بن صالح - اسماعیل بن ابوزیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

# اَلْبَابُ الرَّابِعُ فِیْ الطَّهَارَةِ

# چوتھا باب: طہارت کے بارے میں روایات

وَاَنَّهٗ يَشْتَمِلُ عَلٰى فُصُوْلٍ خَمْسَةٍ

یہ پانچ فصول پر مشتمل ہے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ كَيْفِيَّةِ الْوُضُوْءِ وَالتَّيَمُّمِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ فِيْمَا يُوْجِبُ الْوُضُوْءَ وَالتَّيَمُّمَ وَاَحْكَامُ الْحَدَثِ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِيْمَا يُوْجِبُ الْغُسْلَ وَاَحْكَامَ الْجَنَابَةِ

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِیْ الْمِيَاهِ وَالنَّجَاسَاتِ

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِیْ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَغَيْرِهِمَا

پہلی فصل: وضواور تیمّم کا طریقہ

دوسری فصل: جو چیزیں وضواور تیمّم کو لازم کرتی ہیں' نیز حدث کے احکام

تیسری فصل: جو چیزیں غسل کو واجب کرتی ہیں' نیز جنابت کے احکام

چوتھی فصل: (مختلف اقسام کے) پانیوں اور نجاستوں کے احکام

پانچویں فصل: موزوں اور دیگر چیزوں پر مسح کرنے کے احکام

# اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ کَیْفِیَّۃِ الْوُضُوْءِ وَالتَّیَمُّمِ

## پہلی فصل: وضواور تیمّم کا طریقہ

(**322**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ حُمْرَانَ مَوْلٰی عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ:

امام ابوحنیفہ نے- عطاء بن ابی رباح - حمران مولی حضرت عثمان بن عفان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متنِ روایت: اَنَّ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ تَوَضَّا ثَلاثًا ثَلاثًا وَقَالَ ھٰکَذَا رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَتَوَضَّاُ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے تین، تین مرتبہ وضو کیا اور پھر بولے: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - یعقوب بن یوسف ضبی - ابوجنادہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن محمد بن سعید - یعقوب بن یوسف ضبی - ابوجنادہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**323**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ الْاَسْوَدِ بْنِ یَزِیْدَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: اسود بن یزید بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: رَاَیْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ تَوَضَّاَ وُضُوْءَ ہٗ کُلَّہٗ مَرَّتَیْنِ مَرَّتَیْنِ

میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے پورا وضو دو، دو مرتبہ کیا۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن نے اس کو کتاب الآثار میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے مفصل طور پر روایت کیا ہے

فقال توضا فغسل یدیه اثنتین واستنشق مثنی وغسل وجهه مثنی وغسل ذراعیه مثنی ومسح

(322) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (51)-وابن حبان (1058)-ومسلم(226) فی الطهارة-والبیهقی فی "السنن الکبری" کم الوضوء من غسل؟ وابن ابی شیبة 10/1 فی الطهارات:باب فی الوضوء کم هو؟

واسه مثنى وغسل رجليه مثنى قال حماد والواحدة تجزى اذا اسبغت قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابى حنيفة

وہ بیان کرتے ہیں انہوں نے وضو کرتے ہوئے دونوں ہاتھ دومرتبہ دھوئے اور دومرتبہ کلی کی۔ اپنے چہرے کو دومرتبہ دھویا' بازو دومرتبہ دھوئے۔ اپنے سر پر دومرتبہ مسح کیا اور اپنے دونوں پاؤں دومرتبہ دھوئے۔ حماد فرماتے ہیں: ایک مرتبہ بھی جائز ہے جب کہ تم نے اچھی طرح پانی بہایا ہو۔ امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

حسن بن زیاد نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے

324- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِغْسَلْ مُقَدَّمَ اُذُنَيْكَ مَعَ الْوَجْهِ وَامْسَحْ مُؤَخَّرَ اُذُنَيْكِ مَعَ الرَّاْسِ

''تم اپنے کان کے آگے والے حصے کو چہرے کے ساتھ دھوؤ اور اس کے پیچھے والے حصے پر سر کے ساتھ مسح کرو''۔

•••——•••——•••

ثم قال محمد قال ابو حنيفة رضى الله عنه بلغنا ان النبى صلى الله عليه وآله وسلم قال الاذنان من الراس فيعجبنا ان نمسح مقدمهما مع الوجه ومؤخرهما مع الراس قال محمد وبه ناخذ

پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں ہم تک یہ روایت پہنچی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: دونوں کان سر کا حصہ ہیں۔ ہمیں یہ روایت اچھی لگی تو ہم ان کے آگے والے حصے کا چہرے کے ساتھ مسح کرتے ہیں اور پیچھے والے حصے کا سر کے ساتھ مسح کرتے ہیں۔

امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

325- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِيِّ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ- عبداللہ بن عمر عمری- نافع کے حوالے سے- حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رَاَيْتُكَ تَتَوَضَّأُ فِي النِّعَالِ السِّبْتِيَّةِ فَقَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ

ایک صاحب نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ ''سبتی'' جوتے میں ہی وضو کر لیتے ہیں' تو انہوں

324- اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار" (2) فى الطهارة: باب الوضوء-والترمذى 55/1 فى الطهارة: باب ما جاء ان الاذنين من الراس-وعبد الرزاق (36) .

325- اخرجه الطحاوى فى " شرح معانى الآثار " 184/2-وابن حبان ( 3763)-والبخارى ( 166) فى الوضوء-وابو الشيخ فى " اخلاق النبى صلى الله عليه وسلم ": 36-والبيهقى فى " السنن الكبرى " 31/5

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

نے جواب دیا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

•••——•••——•••

طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- اسماعیل بن فضل بلخی- محمد بن جعفر- موسیٰ بلخی- محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ کہتے ہیں: اسماعیل بن حماد نے اس کو امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) (عن) عبد الله بن عمر (عن) سعيد بن ابو سعيد المقبرى وذكر الحديث فى احرامه ووضوئه فى النعال واستلامه الركن اليمانى وتلوينه لحيته بالصفرة وقوله رايت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يفعل ذلك كله

یہ روایت انہوں نے عبداللہ بن عمر کے حوالے سے سعید بن ابوسعید مقبری سے نقل کی ہے۔ انہوں نے ان کے احرام باندھنے جوتوں سمیت وضو کرنے رکن یمانی کا استلام کرنے داڑھی پر زرد رنگ کا خضاب لگانے کا ذکر کیا ہے اور ان کے یہ الفاظ ذکر کیے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ سب کام کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

(**326**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُزَاحِمِ بْنِ زُفَرَ التَّيْمِيِّ الْكُوْفِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ يُفْتِيْ بِالْوُضُوْءِ مِنَ الْمِطْهَرَةِ

امام ابوحنیفہ نے- مزاحم بن زفر تیمی کوفی کے حوالے سے شعبی کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے: وہ یہ فتویٰ دیتے تھے لوٹے کے ذریعے وضو کیا جا سکتا ہے۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعباس بن عقدہ- اسماعیل بن حماد- انہوں نے اپنے والد اور اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اس کو نقل کیا ہے۔

(**327**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: وَيْلٌ لِلْعَرَاقِيْبِ مِنَ النَّارِ فَاِذَا غَسَلْتُمْ

امام ابوحنیفہ نے- محارب بن دثار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''(کچھ) ایڑیوں کے لئے جہنم کی بربادی ہے جب

(326) اخرجه ابن حبان(1088)-واحمد 409/4-وابن ابى شيبة 26/1-

-- ومسلم (242) (29) كان ابوهريرة يأتى على الناس وهم يتوضؤون عند المطهرة فيقول لهم: اسبغوا الوضوء بارك الله فيكم فانى سمعت ابا القاسم صلى الله عليه وسلم -يقول:" ويل للاعقاب من النار" .

(327) اخرجه الطحاوى فى" شرح معانى الآثار" 38/1-واحمد 164/2-وابن خزيمة (161)-والبيهقى فى " السنن الكبرى" 69/1-من حديث عبد الله بن عمرو

حکم فَبَلِّغُوْا بِالْمَاءِ اُصُوْلَ الْعَرَاقِیْبِ

(وضو کرتے ہوئے) اپنے پاؤں دھوؤ' تو ایڑیوں کی جڑوں تک پانی پہنچاؤ''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد - محمد بن احمد بن عبداللہ فراء طالقانی - ابوجعفر محمد بن قاسم - عبدالعزیز بن خالد کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - محمد بن احمد بن عبداللہ طالقانی - ابوجعفر محمد بن قاسم طایکانی - عبدالعزیز بن خالد کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

328- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّ الْمُشْرِكِیْنَ كَانُوْا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَقُوْا الْمُسْلِمِیْنَ فَقَالُوْا نَرٰى اَنَّ صَاحِبَكُمْ یُعَلِّمُكُمْ كَیْفَ تَاْتُوْنَ الْخَلَاءَ اِسْتِهْزَاءً بِهِمْ فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ نَعَمْ فَسَاَلُوْهُمْ فَقَالُوْا اَمَرَنَا اَنْ لَا نَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ بِفُرُوْجِنَا وَلَا نَسْتَنْجِیْ بِاَیْمَانِنَا وَلَا نَسْتَنْجِیْ بِعَظْمٍ وَلَا رَجِیْعٍ وَاَنْ نَسْتَنْجِیْ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں مشرکین جب مسلمانوں سے ملتے تھے' تو یہ کہا کرتے تھے: ہم یہ دیکھتے ہیں کہ تمہارے آقا تمہیں اس بات کی بھی تعلیم دیتے ہیں کہ تم لوگوں کو بیت الخلاء کیسے جانا چاہیے۔ وہ مسلمانوں کا مذاق اڑانے کے طور پر یہ بات کہتے تھے۔ تو مسلمان جواب دیتے تھے: جی ہاں! مشرکین نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا' تو مسلمانوں نے بتایا کہ انہوں نے ہمیں یہ حکم دیا ہے کہ ہم (قضائے حاجت کرتے ہوئے) قبلہ کی طرف رخ نہ کریں اور دائیں ہاتھ کے ذریعے استنجا نہ کریں اور ہڈی یا مینگنی کے ذریعے استنجا نہ کریں اور ہم تین پتھروں کے ذریعے استنجاء کریں۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن حسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبهذا ناخذ والغسل بالماء فی الاستنجاء احب الینا

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' پانی کے ذریعے استنجاء کرنا ہمارے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے۔

328- اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (38)- ومسلم(262) فی الطهارة: باب الاستطابة- والترمذی (16) فی الطهارة: باب الاستنجاء بالحجارة- واحمد 437/5

(**329**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ ابْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ:

امام ابوحنیفہ نے-علقمہ بن مرثد-ابن بریدہ-ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ مَرَّةً مَرَّةً

''نبی اکرم ﷺ نے ایک، ایک مرتبہ وضو کیا''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-صالح بن احمد-شعیب بن ایوب-ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**330**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ اَبِی رَوَّادٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-عبدالعزیز بن ابورواد-نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كَانَ تَیَمُّمُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ضَرْبَتَیْنِ ضَرْبَةٌ لِلْوَجْهِ وَضَرْبَةٌ لِلْیَدَیْنِ اِلَی الْمِرْفَقَیْنِ

''نبی اکرم ﷺ نے تیمم کرتے ہوئے دو ضربیں لگائیں ایک ضرب چہرے کے لئے تھی اور ایک ضرب کہنیوں تک دونوں بازوؤں کے لئے تھی۔

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابواسحاق ابراہیم بن احمد بن عبداللہ قزوینی-یوسف بن موسیٰ مروزی-موسیٰ بن سعید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-مبارک بن عبدالجبار صیرفی-ابومحمد حسن بن محمد جوہری-محمد بن مظفر-ابواسحاق ابراہیم بن احمد بن عبداللہ قاضی قزوین-یوسف بن موسیٰ مروزی-ابوبکر موسیٰ بن سعید کے حوالے سے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**331**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان-ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

(329) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (52)-والطبراني في "الاوسط" 397/4 (3674)-وقد ذكره الهيثمي في "الزوائد" 231/1 .

(330) اخرجه مالك في "الموطأ" 56/1 (122)-والحاكم في "المستدرك" 287/1-والبيهقي في "السنن" 207/1-والطبراني في "الكبير" (13366) .

(331) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (31) في الطهارة: باب التيمم-وعبدالرزاق (822) في الطهارة: التيمم من ضربة؟- وابن ابي شيبة 159/1 في الطهارات: باب في التيمم كم هو؟

متن روایت: فِیْ التَّیَمُّمِ قَالَ تَضَعُ رَاحَتَیْكَ فِی الصَّعِیْدِ فَتَمْسَحُ وَجْهَكَ ثُمَّ تَضَعُهُمَا الثَّانِیَةَ تَنْفُضُهُمَا فَتَمْسَحُ یَدَیْكَ وَذِرَاعَیْكَ اِلَی الْمِرْفَقَیْنِ

''تم اپنی ہتھیلیاں مٹی پر رکھواور پھر اپنے چہرے کا مسح کرلو پھر تم دوسری مرتبہ انہیں مٹی پر رکھوٗان پر پھونک مارواور پھراس کے ذریعے اپنے ہاتھوں اور کہنیوں تک بازوؤں کا مسح کرلو۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال وبه ناخذ ونری مع ذلك ان ینفض یدیه فی کل مرة من قبل ان یمسح وجهه وذراعیه وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر انہوں نے یہ کہا ہے: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہر مرتبہ اپنے چہرے اور بازو پر مسح کرنے سے پہلے ہاتھوں پر پھونک مارے گا۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

332- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے-ابراہیم نخعی کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مَرَّ بِرَجُلٍ یَغْسِلُ ذَكَرَهُ فَقَالَ وَیْحَكَ اِنَّ هٰذَا لَیْسَ عَلَیْكَ

''حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ کا گزر ایک شخص کے پاس سے ہوا جو اپنی شرم گاہ کو دھورہا تھا' تو انہوں نے کہا: تمہارا ستیاناس ہو' تم پر یہ لازم نہیں ہے۔

•••——•••——•••

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت-ابراہیم بن عبدالرحیم-ہوذہ بن خلیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی باقلانی -ابوعبداللہ بن دوست علاف-قاضی عمر بن حسن اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد وغسله احب الینا اذا بال وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے' امام محمد فرماتے ہیں: پیشاب کرنے کے بعد اس (شرمگاہ) کو دھولینا ہمارے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

333- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے

332) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (24) فی الطهارة: باب الوضوء من مس الذکر .

اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: سے - حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ فِيْ غُسْلِ الْيَدَيْنِ بِدْعَةٌ وَنِعْمَتِ الْبِدْعَةُ

دونوں ہاتھ دھونے کے بارے میں وہ فرماتے ہیں' بدعت ہے' لیکن یہ اچھی بدعت ہے۔

•••——•••——•••

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - احمد بن محمد بن عبدالجبار صیرفی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - جنادہ بن مسلم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی سے' انہوں نے' اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(**334**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ خَالِدِ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ - خالد بن علقمہ - عبد خیر کے حوالے سے - حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ دَعَا بِمَاءٍ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا وَتَمَضْمَضَ ثَلَاثًا وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ ثَلَاثًا وَغَسَلَ قَدَمَيْهِ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ هٰذَا وُضُوْءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

انہوں نے ایک مرتبہ پانی منگوایا اور دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوئے پھر تین مرتبہ کلی کی اور پھر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا پھر اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر دونوں بازوؤں کو تین مرتبہ دھویا پھر سر کا تین مرتبہ مسح کیا اور پھر دونوں پاؤں تین مرتبہ دھوئے پھر یہ فرمایا: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو ہے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن ذی نون (اور) اسماعیل بن بشر - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی - یحییٰ بن موسیٰ - ابومطیع حکم بن عبداللہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن علی بن طرخان (اور) محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی' ان دونوں نے - علی بن میمون عطار (اور) ... بن مقاتل زنجی - محمد بن عبداللہ بن عمار (اور) محمد بن عبداللہ سمنانی - محمد بن عبداللہ بن عمار' ان دونوں نے - معافی بن عمران کے

(334) اخرجه الحصكفي في " مسند الامام" ( 49)- وابن حبان (1056)- وابوداؤد ( 112) في الطهارة- والنسائي 67/1- والبيهقي في " السنن الكبرى " 48/1- والطحاوي في " شرح معاني الآثار" 35/1

حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح بخاری - محمد بن خالد واقفی - سعید بن مسلمہ بن ہشام بن عبدالملک بن مروان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت یحییٰ بن اسماعیل بن حسن بن عثمان بخاری - انہوں نے اپنے دادا حسن بن عثمان - عبداللہ بن ولید مدنی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عباس بن عزیز قطان مروزی - محمد بن حمید رازی - ابراہیم بن مختار کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن علی سرخسی - خارجہ بن مصعب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت مغیث بن بدیل - خارجہ کے صاحبزادے - خارجہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

ومسح براسه مرة واحدة ''انہوں نے اپنے سر پر ایک مرتبہ مسح کیا''

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - عبیدہ بن شاہ بن عبید - اسماعیل بن عبداللہ بن سعید مقری - علی بن مصعب جو خارجہ بن مصعب کے بھائی ہیں - خارجہ بن مصعب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**ومسح براسه مرة وغسل قدميه ثم قال هذا وضوء رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم**

''انہوں نے اپنے سر پر ایک مرتبہ مسح کیا' پھر دونوں پاؤں دھوئے اور ارشاد فرمایا: یہ نبی اکرم ﷺ کا وضو (کا طریقہ) ہے''

انہوں نے یہ روایت محمد بن اشرس سلمی - جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**ثم انه اخذ الماء بيديه ومسح بهما راسه مرة واحدة ثم غسل قدميه ثلاثاً ثم غرف بكفه فشربه ثم قال من سره ان ينظر الى طهور رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فهذا طهوره**

پھر انہوں نے دونوں ہاتھوں میں پانی لیا اور دونوں ہاتھوں کے ذریعے اپنے سر پر ایک مرتبہ مسح کیا۔ پھر انہوں نے دونوں پاؤں تین مرتبہ دھوئے پھر چلو میں پانی لے کر اسے پی لیا اور بولے: جو شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ نبی اکرم ﷺ کے وضو کے طریقے کو دیکھے تو اسے اس وضو کو دیکھ لینا چاہئے۔

انہوں نے یہ روایت ہارون بن ہشام کندی - ابوحفص محمد بن حفص بخاری - اسد بن عمرو بجلی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**ثم اخذ ماء بكفيه فصبه على صلعته فتحدر عنها وغسل رجليه ثلاثاً ثم قال من سره ان ينظر الى**

وضوء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کاملاً فلینظر الی ھذا

پھر انہوں نے دونوں ہتھیلیوں میں پانی لے کر اسے اپنے سر کے آگے والے حصے پر انڈیلا تو وہاں سے پانی کے قطرے بہے پھر انہوں نے دونوں پاؤں تین مرتبہ دھوئے اور بولے: جو شخص یہ چاہتا ہوں کہ وہ نبی اکرم ﷺ کے مکمل وضو کو دیکھے تو وہ اس کو دیکھ لے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابومقاتل - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

مسح براسه ثلاثاً آپ نے اپنے سر پر تین مرتبہ مسح کیا۔

ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: ایک جماعت نے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس روایت کو نقلکیا ہے۔

(ان میں سے ایک) اسحاق ازرق ہیں - جیسا کہ ہمیں اس کی خبر دی - محمد بن ربیع نے - اسماعیل بن ہود واسطی - اسحاق ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

(ان میں سے ایک) عبدالحمید حمانی ہیں -- جیسا کہ ہمیں اس کی خبر دی - احمد بن محمد نے - جعفر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - عبدالحمید حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

(ان میں سے ایک) ابو یوسف ہیں جنہوں نے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

(ان میں سے ایک) حسن بن زیاد ہیں -- جیسا کہ ہمیں اس کی خبر دی - سہل بن بشر نے - فتح بن عمر - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ اس روایت کو نقل کیا ہے۔

(ان میں سے ایک) حسن بن فرات -- جیسا کہ ہمیں اس کی خبر دی - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی نے - وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حسین بن علی کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے - یحییٰ بن حسین - زیاد بن حسن بن فرات - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

(ان میں سے ایک) سعید بن ابوجہم ہیں - جیسا کہ ہمیں اس کی خبر دی - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی نے - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس روایت کو نقل کیا ہے

(ان میں سے ایک) ایوب بن ہانی ہیں - جیسا کہ ہمیں اس کی خبر دی - احمد بن محمد نے - انہوں نے اپنے والد محمد - منذر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ اس روایت کو نقل کیا ہے۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - عبداللہ بن احمد بن بہلول سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا اسماعیل بن حماد کی تحریر میں ہے میں نے اس میں پڑھا ہے (وہ بیان کرتے ہیں:) میرے والد نے امام ابوحنیفہ سے روایت کو نقل کیا ہے انہوں نے خالد بن علقمہ - عبد خیر کے حوالے سے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات

ہے۔

انه توضا ثلاثاً ثلاثاً وقال هذا وضوء رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم

انہوں نے تین تین مرتبہ وضو کیا اور پھر بولے: یہ نبی اکرم ﷺ کا وضو ہے۔

شیخ ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: جن حضرات نے اس روایت میں یہ بات نقل کی ہے کہ انہوں نے تین مرتبہ مسح کیا تھا' تو اس کا مفہوم یہ ہوگا' کہ انہوں نے اپنے سر کے اگلے حصے پر ہاتھ رکھے' پھر انہیں سر کے پچھلے حصے تک لے کر گئے' پھر انہیں سر کے اگلے حصے تک لے کر آئے' تو راوی یہ سمجھا کہ یہ تین مرتبہ ہو گیا' حالانکہ یہ ایک ہی مرتبہ ہے' کیا آپ نے یہ ملاحظہ نہیں فرمایا ہے؟ کہ جارود بن یزید' خارجہ بن مصعب اور اسد بن عمرو نے یہی بات بیان کی ہے' کہ مسح ایک ہی مرتبہ تھا۔

لیکن اصحاب رسول کی ایک جماعت نے یہ بات نقل کی ہے: کہ نبی اکرم ﷺ نے تین مرتبہ مسح فرمایا ہے۔

ان صحابہ کرام میں' حضرت عثمان بن عفان' حضرت علی بن ابوطالب اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔

اس کا مفہوم وہ ہو سکتا ہے کہ جو ہم نے ذکر کیا ہے' البتہ یہ ہو سکتا کہ آپ نے تین مرتبہ پانی لیا تھا' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

شیخ ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: شعبہ نے اس میں ایک بڑی غلطی کی ہے' انہوں نے اس کو- مالک بن عرفطہ- عبدخیر کے حوالے سے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے' تو انہوں نے (اس کی سند میں راوی کا نام) خالد کی جگہ مالک' (اور اس کے باپ کا نام) علقمہ کی جگہ عرفطہ نقل کر دیا۔

اگر یہ غلطی امام ابوحنیفہ سے سرزد ہوئی ہوتی' تو ان لوگوں نے ان کی نسبت معرفت حدیث میں قلت اور جہالت کی طرف کرنی تھی' اور خود ان ہی لوگوں نے اس طرح کی روایت نقل کی ہے' یہ صرف ان میں پرہیزگاری کی کمی اور نفسانی خواہشات کی پیروی کا نتیجہ ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- اسحاق بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- مصعب بن مقدام کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔' (اور) صالح بن احمد- ابراہیم بن عثمان- علی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد- محمد بن شوکہ- قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت علی بن محمد بن عبید- علی بن عبدالملک- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن حامد- حسن بن محمد بن حسن رازی- موسیٰ بن نصر- ابومطیع حکم بن عبداللہ بلخی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

335- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ خَالِدِ بْنِ                امام ابوحنیفہ- خالد بن علقمہ- عبدخیر کے حوالے سے یہ

(335) قد تقدم- وهو حديث سابقه .

عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: روایت نقل کی ہے: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَمَسَحَ بِرَاْسِهٖ ثَلَاثًا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین، تین مرتبہ وضو کرتے تھے اور اپنے سر پر بھی تین مرتبہ مسح کرتے تھے۔

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسن محمد بن ابراہیم بن احمد - ابوعبداللہ محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے پہلے والے الفاظ کے ہمراہ' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' کہ انہوں نے اپنی سند کے ساتھ اس کو نقل کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت حسین - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد اور ابراہیم بن جراح - امام ابویوسف کے حوالے سے ابوحنیفہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے اپنی سند کے ساتھ اس کو نقل کیا ہے۔

انـه تـوضـا ثـلاثـاً ثلاثاً ثم قال من احب ان ينظر الى وضوء رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فلينظر الى وضوئى هذا

انہوں نے تین تین مرتبہ وضو کیا اور پھر بولے: جو شخص یہ چاہتا ہوں کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کو دیکھے تو اسے میرے اس وضو کو دیکھ لینا چاہیے۔

انہوں نے یہ روایت ابوبکر قاسم بن عیسیٰ عصار سے دمشق میں - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب - انہوں نے اپنے شعیب بن اسحاق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ صاحب فرماتے ہیں: عبد خیر سے اس روایت کو زائدہ' شریک' ابوعوانہ' جعفر بن حارث نے نقل کیا ہے' ان سب نے اس کو عبد خیر سے نقل کیا اور پھر انہوں نے ان حضرات کے طرق نقل کیے ہیں۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد حسن بن علی - حافظ بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک' ان کی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن علی بن محمد خطیب - علی بن ربیعہ - حسن بن رشیق - جعفر بن محمد - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب - ابوعلی حسن بن شاذان - عبدالباقی بن قانع مرزوق قاضی - احمد بن محمد بن مقاتل - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابومطیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(336)**- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْحَارِثِ بْنِ امام ابوحنیفہ نے - حارث بن عبدالرحمٰن - ضحاک بن

(336) قد تقدم .

الرَّحْمٰنِ عَنْ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ
طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ :
روایت: اَنَّهُ دَعَا بِمَاءٍ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلَاثًا ثُمَّ
مَضْمَضَ ثَلَاثًا ثُمَّ اسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا وَغَسَلَ وَجْهَهُ
ثَلَاثًا وَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا وَاَخَذَ كَفًّا مِنَ الْمَاءِ
فَصَبَّهُ عَلٰى صَلْعَتِهٖ حَتّٰى تَحَادَرَ الْمَاءُ مِنْ رَاْسِهٖ
وَغَسَلَ قَدَمَيْهِ ثُمَّ قَالَ هٰذَا وُضُوْءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

کے حوالے سے - حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

ایک مرتبہ انہوں نے پانی منگوایا' اس کے ذریعے دونوں ہاتھ تین مرتبہ دھوئے' پھر تین مرتبہ کلی کی پھر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا' اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' دونوں بازوؤں کو تین مرتبہ دھویا' پھر ہتھیلی میں پانی لے کر اسے اپنی پیشانی پر بہایا' یہاں تک کہ وہ پانی ان کے سر کے نیچے چھلک آیا' پھر انہوں نے دونوں پاؤں دھوئے پھر بولے: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو ہے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح - محمد بن غالب واقفی - سعید بن مسلمہ بن ہشام بن عبدالملک بن مروان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - احمد بن خازم - عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

ثم اخذ بكفه اليمنى ماء فوضعه على راسه حتى جعل يتحدر عليه ثم غسل رجليه ثلاثاً

پھر انہوں نے اپنی دائیں ہتھیلی میں پانی لیا۔ اسے اپنے سر پر رکھا یہاں تک کہ ان پر اس کے قطرے پھسل آئے۔ پھر انہوں نے دونوں پاؤں تین مرتبہ دھوئے۔

انہوں نے یہ روایت ابواحمد بن یاسین بن نضر نیشاپوری - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ہارون بن ہشام کسائی - ابوحفص - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزار - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن احمد بن عبدالملک - احمد بن داؤد - اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابومقاتل - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ عبدالحمید حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت - اپنے والد اور سعید بن ذاکر ان دونوں نے - احمد بن زہیر - مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ

سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید- صالح بن منصور بن نصر صغانی- انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے- ابومق... کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت حسین بن علی کی تحریر ... پڑھی ہے

- یہ یحییٰ بن حسن بن زیاد نے- حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت علی بن حسن- محمد بن عبید ہمدانی - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن اشرس سلمی- جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے مختصر طور پر روایت کی ہے۔

**ان علی بن ابی طالب رضی الله عنه توضا ثلاثاً ثلاثاً**

حضرت علی بن ابوطالب نے تین تین مرتبہ وضو کیا۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوحسن علی بن محمد بن عبید- علی بن عبد ربہ- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی- ابوعبد اللہ ... دوست علاف- قاضی عمر بن حسن اشنانی- قاسم بن زکریا- احمد بن عثمان بن حکیم- عبید اللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ ... سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے

(**337**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ ثَقِيْفٍ يُقَالُ لَهُ الْحَكَمُ اَوْ ابْنُ الْحَكَمِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

متن روایت: تَوَضَّاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَخَذَ حُفْنَةً مِنْ مَّاءٍ فَنَضَحَهُ فِيْ مَوَاضِعَ طُهُوْرِهٖ

امام ابوحنیفہ نے- منصور بن معتمر- مجاہد- ثقیف قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک شخص جس کا نام حکم یا شاید ابن حکم تھا ... کے حوالے سے اس کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرتے ہوئے چلو میں پانی لیا اسے طہارت کے مقامات پر چھڑک دیا۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن قدامہ بن سیار زاہد بلخی- لیث بن مساور- اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(337) اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام " ( 54)- وابو داؤد (166) فى الطهارة- والنسائى 86/1 فى الطهارة: باب النضح ... ماجة (461)- والبيهقى فى " السنن الكبرى " 161/1- والحاكم فى " المستدرك " 171/1- واحمد 179/4

338- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ الزَّرَّادِ عَنْ تَمَامٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: اَنَّ نَاسًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ دَخَلُوْا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَالِیْ اَرَاکُمْ قُلْحًا اِسْتَاکُوْا فَلَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰی اُمَّتِیْ لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ کُلِّ صَلٰوةٍ

امام ابوحنیفہ نے -ابوحسن علی بن حسین زراد - تمام - حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کچھ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں تم لوگوں نے مسواک نہیں کی ہے تم لوگ مسواک کرو' کیونکہ اگر مجھے اپنی امت کے مشقت کا شکار ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا' تو میں انہیں ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن اسحاق بن عثمان بخاری - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت قاسم بن عباد -محمد بن شوکہ (اور) محمد بن رضوان -محمد بن سلام' ان دونوں نے -محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے اس میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

مالی اراکم تدخلون علی قلحاً

کیا وجہ ہے کہ میں تمہیں دیکھ رہا ہوں تم لوگ مسواک کیے بغیر آ گئے ہو۔

انہوں نے یہ روایت حماد بن احمد مروزی - ولید بن حماد -حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن بشر - مقاتل بن ابراہیم -نوح بن ابومریم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم انہوں نے اس کے آخر میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

او عند کل وضوء ''یا ہر وضو کے ساتھ''

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -انہوں نے اپنے والد محمد بن خالد بن خلی -انہوں نے اپنے والد خالد بن خلی -محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -علی بن محمد بن عبید -محمد بن علی -سعید بن سلیمان -محمد بن حسن شیبانی کے حوالے

---

338- اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" (41)-والحصكفي في" مسندالامام" (48)

- وهذا الحديث في الاصل حديث العباس بن عبد المطلب:" كانوا يدخلون على النبي صلى الله عليه وسلم "-ورواه البيهقي (6710)-والهيثمي في" زوائد ابي يعلى" (122)-والبخاري في"التاريخ الكبير" 157/2-والحاكم في" المستدرك

سے امام ابوحنیفہ کے حوالے سے - ابوعلی جعفر بن محمد بن عبداللہ بن علی صیقل - تمام بن مسکین کے حوالے سے - حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت - ابن عقدہ - محمد بن حسن - احمد بن عبدالرحمٰن - حکم - زفر - امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے - ابوحسن زراد سے روایت کی ہے۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: حسن بن زیاد نے یہ روایت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے - ابویعلیٰ - تمام کے حوالے سے حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

عبداللہ بن زبیر نے یہ روایت امام ابوحنیفہ کے حوالے سے - ابوحسن زراد - تمام کے حوالے سے - حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ نے یہ روایت - محمد بن مخلد - محمد بن فضل - سعید بن سلیمان - محمد بن سلیمان - محمد بن حسن شیبانی - امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے - تمام کے حوالے سے - حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابومحمد یحییٰ بن محمد بن صاعد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن مظفر نے یہ روایت امام ابوحنیفہ کی سند کے علاوہ بھی ایک جماعت کے حوالے سے نقل کی ہے' ان میں سے بعض حضرات نے اس کو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ان کے والد سے' جبکہ بعض حضرات نے اس کو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے اور ان کے والد کا ذکر نہیں کیا ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت - یحییٰ بن اسماعیل جریری - حسن بن اسماعیل جریری - علی بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابن خسرو - ابوطالب بن یوسف - ابومحمد جوہری - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ حرانی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن حسن شیبانی - امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے - ابوعلی - تمام کے حوالے سے - حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' شاید یہی صیقل ہو۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد والسواك عندنا سنة لا ينبغی ان يترك

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے۔ انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہمارے نزدیک مسواک ایک ایسی سنت ہے جس کو ترک کرنا مناسب نہیں ہے

339- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: يَسْتَاكُ الْمُحْرِمُ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

مرد یا عورت احرام کی حالت میں مسواک کرسکتے ہیں۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن ابي حنيفة رضي الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابي حنيفة رضي الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

340- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيْدٍ الثَّوْرِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :

امام ابوحنیفہ نے-سفیان بن سعید ثوری-زید بن اسلم-عطاء بن یسار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ مَرَّةً مَرَّةً

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ایک مرتبہ وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

•••——•••——•••

حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی-ابوفرج حسین بن علی بن عبداللہ-ابوحفص عمر بن احمد بن عثمان-یعقوب بن حسن خلال سے بصرہ میں-شعیب بن ایوب-ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

341- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: تَمْسَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى رَاْسِهَا عَلٰى شَعْرِهَا وَلَا يُجْزِيْهَا اَنْ تَمْسَحَ عَلٰى خِمَارِهَا

''عورت اپنے سر کے بالوں پر مسح کرے گی اس کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اپنی اوڑھنی پر مسح کرلے''۔

339- اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" (42) في الطهارة: باب السواك

340- اخرجه الطحاوي في" شرح معاني الآثار" 29/1-وابن حبان (1095)-وابوداؤد (138) في الطهارة: باب الوضوء مرة والترمذي (42) في الطهارة: باب ماجاء في الوضوء مرة .

341- اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" (43) في الطهارة: باب وضوء المرأة ومسح الخمار-وابن ابي شيبة 25/1 الطهارات: باب في المرأة تمسح على خمارها .

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن نے اس کو کتاب الآثار میں نقل کیا ہے انہوں نے یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(342)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے۔حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: لَا یُجْزِئُ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَمْسَحَ عَلٰی صُدْغَیْهَا حَتّٰی تَمْسَحَ بِرَاْسِهَا کَمَا یَمْسَحُ الرَّجُلُ

''عورت کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اپنی کنپٹیوں پر مسح کرلے جب تک وہ مرد کی طرح سر پر مسح نہیں کرتی''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد واما نحن فنقول اذا مسحت موضع الشعر فمسحت من ذلك مقدار ثلاثة اصابع اجزاها واحب الینا ان تمسح کما یمسح الرجل وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن نے اس کو ''کتاب الآثار'' میں نقل کیا ہے انہوں نے یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: البتہ ہم یہ کہتے ہیں: جب اس نے بالوں کی جگہ پر مسح کرتے ہوئے تین انگلیوں کے برابر جگہ پر مسح کرلے تو یہ اس کے لیے جائز ہوگا البتہ ہمارے نزدیک زیادہ پسندیدہ یہ ہے کہ عورت بھی اسی طرح مسح کرے جس طرح مرد مسح کرتا ہے امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(343)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَزِیْدَ الْعَطَّارِ عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ عَتَّابٍ عَنْ اَبِیْهِ:

امام ابوحنیفہ نے۔محمد بن یزید عطار۔مجمع بن عتاب کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ رَاٰی عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ تَوَضَّاَ فَحَرَّكَ خَاتِمَهٗ

انہوں نے حضرت علی ابن ابوطالب کو دیکھا انہوں نے وضو کرتے ہوئے اپنی انگوٹھی کو حرکت دی۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں۔احمد بن محمد بن سعید۔محمد بن عبید بن عتبہ۔محمد بن ہشام۔خالد بن عبد اللہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

(342) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" (43) فی الطهارة: باب وضوء المرأة ومسح الخمار-وقد تقدم

(343) اخرجه البیهقی فی " السنن الکبریٰ" 57/1 فی الطهارة: باب تحریك الخاتم فی الاصبع عند غسل الیدین .

# اَلْفَصْلُ الثَّانِیُ فِیْمَا یُوْجِبُ الْوُضُوْءَ وَالتَّیَمُّمَ وَاَحْکَامَ الْحَدَثِ

## دوسری فصل: جو چیزیں وضو اور تیمّم کو لازم کرتی ہیں' نیز حدث کے احکام

344- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ (رَبَاحٍ عَنِ) ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ:

(متن) روایت: لَیْسَ فِی الْقُبْلَةِ وُضُوْءٌ

امام ابوحنیفہ نے-عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''بوسہ لینے سے وضو لازم نہیں ہوتا''۔

•••———•••———•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوعبید قاسم بن خالد-ابونعیم فضل بن دکین کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم بن عبداللہ (اور) علی بن ابراہیم' ان دونوں نے-یزید بن ہارون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

345- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِی (الزُّبَیْرِ) عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

(متن) روایت: اَکَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ (مَرَقَةً) بِلَحْمٍ ثُمَّ صَلّٰی وَلَمْ یَتَوَضَّأْ

امام ابوحنیفہ نے-ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گوشت کے ساتھ شوربہ کھایا' پھر آپ نے نماز ادا کرلی اور ازسرِ نو وضو نہیں کیا۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-صالح بن احمد قیراطی-احمد بن خالد بن عمرو حمصی-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-عیسیٰ (بن)-ابیض بن اغر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

346- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ:

(متن) روایت: سَاَلْتُ اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الرَّجُلِ یَذْبَحُ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد نے یہ بات بیان کی ہے: میں نے ابراہیم نخعی سے ایسے شخص کے بارے میں

---

344- اخرجه عبد الرزاق (505) فی الطهارة: باب الوضوء من القبلة واللمس والمباشرة-وابن ابی شيبة 44/1 فی الطهارات: باب من قال: ليس فی القبلة وضوء .

345- اخرجه الحصكفی فی " مسند الامام " (47)-وابو يعلى (1963)-واحمد 304/3-وعبد الرزاق (639)-وابوداؤد (191) فی الطهارة: باب فی ترك الوضوء مماسة النار-والبيهقی فی " السنن الكبرى " 156/1

346- اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی " الآثار " (158) فی الصلاة: باب مايعاد من الصلاة وما يكره منها-وابن ابی شيبة 200 فی الطهارات: باب الرجل يذبح أيتوضأ من ذلك ام لا؟-عبدالرزاق 125/1 فی الطهارة: باب مس اللحم النیء والدم

شَـاةً وَهُوَ عَلٰى وُضُوْءٍ فَيُصِيْبُ الدَّمَ عَلٰى يَدِهٖ قَالَ يَغْسِلُ مَا يُصِيْبُهٗ وَلَا يَعِيْدُ الْوُضُوْءَ

دریافت کیا' جو باوضو حالت میں بکری کو ذبح کرتا ہے' تو بکری کا خون اس کے ہاتھ پر لگ جاتا ہے۔ تو انہوں نے جواب دیا جس جگہ پر خون لگا ہے' وہ اس جگہ کو دھولے گا' اس کے لئے وضو دہرانا لازم نہیں ہے۔

•••——•••——••••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(347)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: فِي الرَّجُلِ يَتَوَضَّأُ فَيَمْسَحُ وَجْهَهٗ بِالثَّوْبِ قَالَ لَا بَاسَ بِهٖ ثُمَّ قَالَ اَرَاَيْتَ لَوِ اغْتَسَلَ فِيْ لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ يَقُوْمُ حَتّٰى يَجُفَّ

جو شخص وضو کرے اور پھر اپنے کپڑے کو چہرے سے پونچھ لے' اس کے بارے میں ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: اس میں کوئی حرج نہیں ہے' پھر انہوں نے فرمایا: اگر اس شخص نے کسی ٹھنڈی رات میں غسل کیا ہو' تو کیا وہ اتنی دیر کھڑا رہے گا' جب تک اس کا جسم خشک نہیں ہوتا۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةثم قال محمد وبه ناخذ ولا نری بذلك باساً وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' تو انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(348)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: فِي الرَّجُلِ يَقُصُّ اَظْفَارَهٗ اَوْ يَاخُذُ مِنْ شَعْرِهٖ قَالَ يَمُرُّ عَلَيْهِ الْمَاءَ

''وہ شخص جو اپنے ناخن تراشتا ہے' یا اپنے بال کاٹتا ہے' اس کے بارے میں ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: وہ اس جگہ پر پانی بہا دے گا۔

---

(347) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" (39) فی الطهارة: باب مسح الوجه بالمندیل وقص الشارب-وعبدالرزاق (707) فی الطهارة: باب المسح بالمندیل-وابن ابی شیبة 150/1 فی الطهارات: باب من کره المندیل

(348) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" (40) فی الطهارة: باب مسح الوجه بالمندیل وقص الشارب-وعبدالرزاق (463) فی الطهارة: باب قص الشارب-وابن ابی شیبة 53/1 فی الطهارات: باب من قال: یعد الوضوء

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةرضی الله عنه ثم قال محمد وسمعت ابا حنیفة یقول ربما قصصت اظفاری واخذت من شعری ولم اصبه بالماء حتی اصلی ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابویوسف وحسن البصری رحمهما الله تعالی

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ پھر امام محمد فرماتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: بعض اوقات میں اپنے ناخن تراشتا ہوں' یا بال تراشتا ہوں اور پھر ان پر پانی استعمال کیے بغیر نماز ادا کر لیتا ہوں' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابو یوسف اور حسن بصری بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

349- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شُرَحْبِيْلٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: لَيْسَ فِيْمَا مَسَّتِ النَّارُ وُضُوْءٌ

امام ابوحنیفہ نے-عبدالرحمٰن بن شرحبیل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد وضو لازم نہیں ہوتا۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوعباس-یعقوب بن یوسف بن زیاد-اسماعیل بن علیان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

350- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

متن روایت: اِذَا قَلَسْتَ مَلَا فِيْكَ فَاَعِدْ وُضُوْئَكَ وَاِنْ كَانَ اَقَلَّ مِنْ مَلَا فِيْكَ فَلَا تُعِدْ وُضُوْءَ كَ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''جب تمہیں منہ بھر کر قے آجائے' تو تم وضو کو دہراؤ گے' اور جب منہ بھرنے سے کم قے آئے' تو تم وضو کو نہیں دہراؤ گے''۔

•••——•••——•••

(اخرجه)الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةرضی الله عنه ثم قال محمد وهو قول ابی حنیفة وبه ناخذ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' تو انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے اور ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

351- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے-سلیمان بن یسار کے حوالے سے یہ

350- اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" (20)-وعبد الرزاق (520) فی الطهارة: باب الوضوء من القیء والقلس-وابن ابی شیبة 40/1 فی الطهارات: باب فی القلس الوضوء .

يَسَارٍ عَنْ أُمِّ سَلْمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ:

متن روایت: اَنَّهُ كَانَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ نِسَاءَهُ فِي رَمَضَانَ وَمَا يُجَدِّدُ وُضُوءًا

روایت نقل کی ہے: ام المومنین سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں اپنی ازواج کا بوسہ لے لیتے تھے اور وضو کی تجدید نہیں فرماتے تھے۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید بصری - حارث - علی بن منصور جرجانی - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(352) - سند روایت: (اَبُو حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِيْ رَجُلٍ يَقْدِمُ مِنْ سَفَرٍ فَتَقَبَّلَهُ عَمَّتُهُ اَوْ خَالَتُهُ اَوْ اِمْرَاَةٌ مِمَّنْ يَحْرُمُ عَلَيْهِ نِكَاحُهَا قَالَ لَا يَجِبُ عَلَيْهِ الْوُضُوْءُ اِذَا قَبَّلَ مَنْ يَحْرُمُ عَلَيْهِ نِكَاحُهَا فَاَمَّا اِذَا قَبَّلَ مَنْ يَحِلُّ لَهُ نِكَاحُهَا وَجَبَ عَلَيْهِ الْوُضُوْءُ وَهُوَ بِمَنْزِلَةِ حَدَثٍ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو شخص سفر سے واپس آئے اور پھر اس کی پھوپھی یا اس کی خالہ یا کوئی ایسی عورت جس کے ساتھ نکاح کرنا اس کے لئے حرام ہو اس کا بوسہ لے، تو ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: جب کوئی ایسی عورت آدمی کا بوسہ لے جس کے ساتھ نکاح کرنا اس کے لئے حرام ہو تو ایسی صورت میں آدمی پر وضو لازمی نہیں ہوگا، لیکن اگر کوئی ایسی عورت اس کا بوسہ لے لیتی ہے، جس کے ساتھ نکاح کرنا اس کے لئے جائز ہو تو اس پر وضو کرنا لازم ہوگا اور یہ "حدث" کے مترادف ہوگی۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابوحنيفة ثم قال وهو قول ابراهيم ولسنا ناخذ به ولا نرى فى القبلة وضوا على حال الا ان يمذى فيجب للمذى عليه الوضوء وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے، پھر انہوں نے فرمایا: ابراہیم نخعی کا بھی یہی قول ہے، البتہ ہم اس کو اختیار نہیں کرتے ہیں، ہمارے نزدیک بوسہ لینے کی صورت میں، کسی بھی صورت میں وضو لازم نہیں ہوتا، البتہ اگر (بوسہ لینے سے) آدمی کی مذی خارج ہو جائے، تو مذی کی وجہ سے اس پر وضو لازم ہوگا، امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(351) اخرجه ابن جرير الطبرى فى "التفسير" 108/4 (9638)-والعثمانى فى "اعلاء السنن" 158/1(130) .

(352) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار" (21) فى الطهارة:باب ماينقض الوضوء من القبلة والقلس-وعبدالرزاق (502) فى الطهارة:باب الوضوء من القبلة

353)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطِیَّةَ بْنِ رَزْقِ الْھَمْدَانِیِّ الْکُوْفِیِّ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ یَزِیْدَ التَّیْمِیِّ عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ:

امام ابوحنیفہ نے-عطیہ بن روق ہمدانی کوفی - ابراہیم بن یزید تیمی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ام المؤمنین سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ کَانَ یَتَوَضَّاُ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ یُقَبِّلُنِیْ وَلَا یُحْدِثُ وَضُوْءً

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے وضو کرتے تھے اور پھر میرا بوسہ لے لیتے تھے اور وضو دوبارہ نہیں کرتے تھے۔

•••———•••———•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - محمد بن جارود - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت - احمد بن محمد بن حسین - ہارون بن موسیٰ اشنانی - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

354)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ (وَعَنْ) سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ اَنَّ اَصْحَابَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد کے حوالے سے ابراہیم نخعی اور سعید بن جبیر سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: کَانَ یَقْرَاُ اَحَدُھُمْ جُزْءَهٗ مِنَ الْقُرْآنِ وَھُوَ عَلٰی غَیْرِ وُضُوْءٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کوئی شخص قرآن میں اپنے معمول کے مطابق حصے کی تلاوت کر لیتا تھا' حالانکہ وہ اس وقت وضو کے بغیر ہوتا تھا۔

•••———•••———•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة قال محمد وبه ناخذ لا نری به باساً وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

355)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

---

353) اخرجه الدار قطنی فی " السنن" فی الطهارة: ما ینقض الوضوء- والبیهقی فی " الخلافیات" 28/1

354) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" (278) فی الجنائز: باب القراء ة فی الحمام والجنب- وعبد الرزاق (1316) فی الطهارة: باب القراء ة علی غیر وضوء- وابن ابی شیبة 103/1 فی الطهارات: باب فی الرجل یقرأ القرآن وهو غیر طاهر- والبیهقی فی " السنن الکبری" 90/1 فی الطهارة: باب قراء ة بعد الحدیث .

متن روایت: اَرْبَعَةٌ لَا يَقْرَؤُنَ الْقُرْآنَ الْآيَةَ اَوْ نَحْوَهَا اَلْجُنُبُ وَالَّذِیْ عَلَى الْغَائِطِ وَالَّذِیْ يُجَامِعُ وَفِی الْحَمَّامِ

کیا لوگ قرآن کی تلاوت نہیں کر سکتے؟ خواہ ایک آیت یا اس کے جتنا حصہ ہو' جنبی شخص وہ شخص جو بیت الخلاء میں موجود ہو' وہ شخص جو صحبت کرر ہا ہو اور وہ شخص جو حمام میں موجود ہو۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**356**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ هِشَامٍ عَنْ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے- ہشام- (ابن شہاب) زہری- عروہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ وَلَا يُجَدِّدُ وُضُوْءًا وَيُصَلِّیْ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ بوسہ لے لیتے تھے اور وضو کی تجدید کیے بغیر نماز ادا کر لیتے تھے۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعباس احمد بن محمد بن سعید- منذر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- انہوں نے اپنے چچا- حسین بن سعید- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**357**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِی الرَّجُلِ يَبُوْلُ وَمَعَهُ شَیْءٌ مِنَ الدَّرَاهِمِ فِيْهَا كِتَابٌ يَعْنِی الْقُرْآنَ فَكَرِهَهُ وَقَالَ يَكُوْنُ فِیْ هُمْيَانٍ اَوْ فِیْ مَصْرُوْرَةٍ اَحْسَنُ

جو شخص پیشاب کرنے لگے اور اس کے پاس دراہم موجود ہوں' جن پر قرآن مجید (کے الفاظ تحریر ہو) تو ابراہیم نخعی نے اسے مکروہ قرار دیا ہے' وہ فرماتے ہیں: اگر وہ درہم (رقم رکھنے والی) تھیلی میں' یا اس طرح کی کسی چیز میں لپٹے ہوں' تو یہ زیادہ بہتر ہے۔

•••——•••——•••

(355) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی " الآثار" (282) فی الجنائز: باب القراءة فی الحمام والجنب- وابن ابی شيبة 114/1 فی الطهارات: باب الرجل يذكر الله وهو علی الخلاء او هو يجامع .

(356) اخرجه ابن ابی شيبة (485) فی الطهارات: باب من قال: ليس فی القبلة وضوء- وابن ماجة (502)- واسحاق بن راهويه فی المسند" 99/2 (23)- واحمد 210/6- وابوداؤد (181) .

(357) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی " الآثار" (36) فی الطهارة: باب ابواب البهائم وغيرها- وعبد الرزاق (1341) فی الطهارة: باب مس المصحف والدراهم التی فيها القرآن- وابن ابی شيبة 113/1 فی الطهارات: باب فی الرجل يدخل الخلاء ومعه الدراهم .

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة ویکره ان یاخذها وفیها القرآن بیده

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے اور یہ مکروہ ہے کہ آدمی اپنے ہاتھ کے ذریعے اس کو پکڑے جبکہ اس میں قرآن موجود ہو۔

(358)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ صَبِيْحٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ فِي الصَّلَاةِ فَاَقْبَلَ اَعْمٰى يُرِيْدُ الصَّلَاةَ فَوَقَعَ فِيْ زُبْيَةٍ فَضَحِكَ بَعْضُ الْقَوْمِ حَتّٰى قَهْقَهَ فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ قَهْقَهَ فَلْيُعِدِ الْوُضُوْءَ وَالصَّلَاةَ

امام ابوحنیفہ نے- منصور بن زاذان - حسن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت معبد بن صبیح رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا رہے تھے کہ اسی دوران ایک نابینا شخص آیا وہ نماز میں شریک ہونا چاہتا تھا لیکن وہ ایک گڑھے میں گر گیا تو بعض لوگ ہنس پڑے یہاں تک کہ انہوں نے قہقہہ لگا لیا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے قہقہہ لگایا ہے وہ وضو اور نماز کو دہرائے گا۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- صالح بن احمد- شعیب بن ایوب- ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ- اسماعیل بن محمد- مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ کہتے ہیں: اسد بن عمرو نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے معبد سے روایت کی ہے۔

ابن عقدہ نے یہ روایت- محمود بن علی- مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ کے حوالے سے- منصور- حسن- کے حوالے سے (معبد) سے روایت کی ہے پھر حافظ نے یہ کہا ہے: یہ حضرت معقل سے بھی روایت کی گئی ہے لیکن یہ غلط ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر- مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن بکیر بن خالد- عبداللہ بن عمر بن ابان- اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

358- اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" (164) في الصلاة: باب القهقهة في الصلاة وما يكره فيها- والدار قطني في " السنن" 166/1 (167)- وعبد الرزاق (3760) في الصلاة: باب الضحك والتبسم في الصلاة .

ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی -ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر بن حسن اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

ابن خسرو نے ہی یہ روایت -ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بن خنیس-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں اسے نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے

**(359)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِىْ الرَّجُلِ يُقَهْقِهُ فِى الصَّلَاةِ قَالَ يُعِيْدُ الْوُضُوْءَ وَالصَّلَاةَ وَيَسْتَغْفِرُ فَاِنَّهُ اَشَدُّ الْحَدَثِ

جو شخص نماز کے دوران قہقہہ لگاتا ہے وہ وضو اور نماز کو دہرائے گا اور استغفار پڑھے گا' کیونکہ یہ شدید ترین حدث ہے

•••——•••——•••

(اخرجه) محمد بن حسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رحمه الله

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں اس کو نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**(360)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: فِىْ الْمَرِيْضِ لَا يَسْتَطِيْعُ الْغُسْلَ مِنَ الْجَنَابَةِ اَوِ الْحَيْضِ قَالَ يَتَيَمَّمُ

جو بیمار شخص جنابت یا حیض کے بعد غسل کرنے کی استطاعت نہ رکھتا ہو اس کے بارے میں ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: وہ تیمم کرلے گا۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر

(359) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (165) فی الصلاة: باب القهقهة فی الصلاة وما یکره فیها- وعبد الرزاق (3764) فی الصلاة: باب الضحك والتبسم فی الصلاة- وابن ابی شیبة 2/388 فی الصلاة: باب من كان یعید الصلاة والوضوء (360) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (28) فی الطهارة: باب الوضوء لمن به قروح

فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

361)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ عُتْبَةَ قَاضِي الْيَمَامَةِ عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلَقٍ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ:

امام ابوحنیفہ نے-ایوب بن عتبہ' قاضی یمامہ- قیس بن طلق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ان کے والد نے انہیں یہ بات بتائی ہے:

متن روایت: اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ آلـه وسلم عَنْ مَسِّ الذَّكَرِ يُتَوَضَّأُ مِنْهُ فَقَالَ هَلْ هُوَ اِلَّا بُضْعَةٌ مِنْ جَسَدِكَ

ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا کہ کیا شرمگاہ کو چھونے کے بعد وضو کرنا لازم ہوتا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ صرف تمہارے جسم کا ایک حصہ ہے۔

•••———•••———•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-علی بن احمد بن سلیمان-محمد بن حجاج حضرمی-علی بن معبد-محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو- مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد فارسی - حافظ محمد بن مظفر نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

362)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: فِيْ مَسِّ الذَّكَرِ اَنَّهُ قَالَ مَا اُبَالِيْ اَتَيْ مَسَسْتُهُ اَمْ طَرَفَ اَنْفِيْ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ شرمگاہ کو چھونے کے بارے میں یہ فرماتے ہیں: میں اس بات کی پروا نہیں کرتا کہ میں نے اس کو چھولیا ہے' یا اپنی ناک کے کنارے کو چھولیا ہے۔

•••———•••———•••

(اخرجه) الامام محمد ابن حسن فى الآثار فرواه عن ابوحنيفة رضى الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں اسے نقل کیا ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے؟ پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

363)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ

---

361) اخرجه الطحاوى فى '' شرح معانى الآثار'' 75/1-واحمد 23/4-وعبد الرزاق (426)-وابن ماجة (483)-وابن الجارود فى ''المنتقى'' (20)-وابونعيم فى '' الحلية'' 103/7-وفى ''تاريخ اصفهان'' 352/2

362) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى '' الآثار'' (22) فى الطهارة: باب الوضوء من مس الذكر-وفى ''الموطأ (36)-وابن ابى شيبة 165/1 فى الطهارات: باب من كان لايرى فيه الوضوء-وعبدالرزاق (428) فى الطهارة: باب الوضوء من مس الذكر .

اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ سُئِلَ عَنِ الْوُضُوْءِ مِنْ مَسِّ الذَّكَرِ فَقَالَ اِنْ كَانَ نَجَسًا فَاقْطَعْهُ

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے شرمگاہ کو چھونے کے بعد وضو (کے لازم ہونے) کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: اگر یہ نجس ہے تو تم اس کو کاٹ دو۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

(364)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی کھڑے ہوکر پیشاب کرنے والے شخص کے بارے میں یہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِي الرَّجُلِ يَبُوْلُ قَائِمًا قَالَ اِنْتَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِلٰى سُبَاطَةِ قَوْمٍ وَمَعَهُ اَصْحَابُهُ فَتَفَحَّجَ ثُمَّ بَالَ قَائِمًا فَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِهٖ حَتّٰى رَاَيْنَا تَفَحُّجَهُ اِشْفَاقًا مِنَ الْبَوْلِ

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک جگہ کچرے کے ڈھیر پر تشریف لائے' آپ کے ساتھ آپ کے اصحاب بھی تھے' تو آپ نے وہاں کھڑے ہوکر پیشاب کیا' آپ کے ایک صحابی بیان کرتے ہیں: ہم نے یہ دیکھا کہ آپ نے پیشاب کے قطروں سے بچنے کے لئے اپنی ٹانگوں کو کشادہ کیا ہوا تھا۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(365)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- عدی بن ثابت- سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے دودھ پیئے

(363) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" (23) في الطهارة: باب الوضوء من مس الذكر- وفي " الموطأ" (19)- وعبد الرزاق (430) في الطهارة: باب الوضوء من مس الذكر- وابن ابي شيبة 164/1 في الطهارة: باب من كان لايرى فيه الوضوء.

(364) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" (37) في الطهارة: باب ابوال البهائم وغيرها- ومسلم (273) في الطهارة: باب المسح على الخفين- وابوداؤد (23) في الطهارة: باب البول قائماً.

(365) اخرجه الحصكفي في" مسند الامام" (46)- وابويعلى (2418)- واحمد 223/1- والبخاري (5609) في الاشربة: باب شرب اللبن- وابن ماجة (498) في الطهارة: باب المضمضة من شرب اللبن- والبيهقي في" السنن الكبرى" 159/1

وَآلِهٖ وَسَلَّمَ شَرِبَ لَبَنًا فَتَمَضْمَضَ وَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

کے بعد کلی کی اور نماز ادا کرلی اور دوبارہ وضو نہیں کیا۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابو رمیح - یحیٰی بن خالد بن مہلب - محمد بن منتشر - ابو سعید صغانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

366)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ دَاوٗدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ شُرَحْبِيْلَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ نے - داؤد بن عبدالرحمٰن - شرحبیل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ اَكَلَ عِنْدَهُمْ لَحْمًا مَشْوِيًّا ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ وَفَمِهٖ ثُمَّ صَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے ہاں بھنا ہوا گوشت کھایا پھر دونوں ہاتھ اور منہ کو دھولیا پھر نماز ادا کرلی اور دوبارہ وضو نہیں کیا۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابو محمد جوہری - ابو حسین محمد بن مظفر - ابو سعید احمد بن محمد ابن عصمہ بن وکیع - وہ کہتے ہیں: میں نے اپنے والد کی تحریر میں یہ پڑھا ہے: احمد بن خضر - حماد بن احمد - محمد بن ابو جبلہ - ابو عمرو نعیم بن عمرو مروزی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - جعفر بن محمد بن مروان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن محمد بن ابو کثیر قاضی - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری - قاضی ابو قاسم علی بن حسن تنوخی - ابوحسن احمد بن یوسف ازرق - انہوں نے اپنے چچا اسماعیل بن یعقوب بن اسحاق بن بہلول - اسماعیل بن محمد بن ابو کثیر قاضی - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

367)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ عَلِيٍّ عَنْ شُرَحْبِيْلَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ :

امام ابوحنیفہ نے - ابوعلی - شرحبیل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ قَالَ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِىْ بَيْتِىْ فَاَتَيْتُهٗ بِلَحْمٍ قَدْ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں میرے گھر تشریف لائے، میں آپ کی خدمت میں بھنا ہوا گوشت لے کر آیا، آپ نے اسے

366) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني فى " الآثار" (17) فى الطهارة: باب الوضوء مما غيرت النار - والطبراني فى " الكبير" 445/24 - واورده الهيثمي فى " مجمع الزوائد" 254/1

367) قد تقدم - وهو حديث سابقه .

شُوِیَ فَطَعِمَ مِنْهُ فَدَعَا بِمَاءٍ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَصَلّٰى وَلَمْ يُحْدِثْ وُضُوْءًا

کھایا' پھر پانی منگوا کر دونوں ہاتھوں کو دھویا' پھر کلی کی اور نماز ادا کر لی اور دوبارہ وضو نہیں کیا۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوطالب بن یوسف- ابومحمد جوہری- ابوبکر ابہری- ابوعروبہ حرانی- انہوں نے اپنے دادا عمرو بن ابوعمرو- محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے -عبدالرحمٰن بن زاذان- شرحبیل سے روایت کی ہے۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے انہوں نے اس روایت کو ابوعلی کے حوالے سے شرحبیلسے نقل کیا ہے' اور دوسری مرتبہ عبدالرحمٰن بن زاذان کے حوالے سے شرحبیل سے نقل کیا ہے

(**368**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ شَيْبَةَ بْنِ الْمُسَاوِرِ قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: شیبہ بن مساور فرماتے ہیں:

متنِ روایت: كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ عَدِيّ بْنِ اَرْطَاةَ اِذْ سُئِلَ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ اَنَتَوَضَّأُ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَزَنِيُّ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى عَمَّتِهٖ صَفِيَّةَ اِبْنَةَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَرَّبَتْ لَهٗ مِنْ كَتِفٍ بَارِدٍ فَطَعِمَ مِنْهَا وَلَمْ يُحْدِثْ وُضُوْءًا

میں عدی بن ارطاۃ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' اس دوران حسن بصری سے سوال کیا گیا: کیا ہم آگ پر پکی ہوئی چیز کو کھانے کے بعد وضو کریں گے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! تو بکر بن عبداللہ مزنی نے کہا: نبی اکرم ﷺ اپنی پھوپھی سیدہ صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے' انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے کندھے کا گوشت پیش کیا' نبی اکرم ﷺ نے اس کو کھالیا اور آپ ﷺ نے دوبارہ وضو نہیں کیا۔

•••——•••——•••

(اخرجه) محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة رضی الله عنه ثم قال محمد بن الحسن وبقول بكر ابن عبد الله المزنی ناخذ وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم بکر بن عبداللہ مزنی کے قول کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**369**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَحْيٰى بْنِ

امام ابوحنیفہ نے- یحییٰ بن عبداللہ تیمی - ابوماجد حنفی کے

(368) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی " الآثار" ( 18) فی الطهارة: باب الوضوء مما غيرت النار- وابويعلى ( 7215) -والطبرانی فی" الكبير" 321/24(808)- واورده الهيثمی فی" مجمع الزوائد" 253/1

عَبْدِ اللهِ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْ مَاجِدِ الْحَنَفِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: بَيْنَمَا نَحْنُ قُعُوْدٌ فِي الْمَسْجِدِ مَعَ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اِذْ اَقْبَلُوْا بِجُفْنَةٍ وَقُلَّةٍ مِنْ مَّاءٍ مِنْ بَابِ الْفِيْلِ نَحْوَنَا فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اِنِّيْ لَاَرَاكُمْ تَرَادُوْنَ بِهٰذِهٖ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اَجَلْ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَادَبَةٌ كَانَتْ فِي الْحَيِّ فَوُضِعَتْ فَطَعِمَ مِنْهَا وَشَرِبَ مِنَ الْمَاءِ ثُمَّ صَبَّ عَلٰى يَدَيْهِ فَغَسَلَهُمَا وَمَسَحَ وَجْهَهٗ وَذِرَاعَيْهِ بِبَلِّ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ هٰذَا وُضُوْءُ مَنْ لَمْ يُحْدِثْ

حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ ہم مسجد میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران "باب الفیل" کی طرف سے ہماری طرف ایک پیالہ اور پانی کا گھڑا آیا تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں کہ تم اس کی وجہ سے الجھن کا شکار ہوئے ہو حاضرین میں سے ایک صاحب نے کہا: جی ہاں! اے ابوعبدالرحمٰن! یہ دستر خوان ہے جو قبیلے کا ہوتا ہے اسے وہاں رکھا گیا انہوں نے اس میں سے کچھ کھایا اور پانی کو پیا' پھر اپنے دونوں ہاتھوں پر پانی ڈال کر ان کو دھولیا' اپنے چہرے اور کلائیوں کو ہاتھ کی نرمی کے ذریعے پونچھ لیا اور پھر فرمایا: جس شخص کا وضو نہ ٹوٹا ہو' یہ اس کا وضو ہے۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه وبه ناخذ ولا باس بالوضوء فی المسجد اذا کان من غیر قذر

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی قول ہے اور ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' مسجد میں وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے' جبکہ وہ (مسجد میں) گندگی (پھیلانے کا) باعث نہ ہو۔

370- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: لَوْ اَتَيْتُ بِجَفْنَةٍ مِنْ خُبْزٍ وَلَحْمٍ فَاَكَلْتُ مِنْهُ حَتّٰى اَشْبَعَ ثُمَّ اَتَيْتُ بِعُسٍّ مِنْ لَبَنٍ

امام ابوحنیفہ نے -عمرو بن مرہ- سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

اگر میرے پاس روٹی اور گوشت کا پیالہ لایا جائے اور میں اس میں سے کھاؤں' یہاں تک کہ میں سیر ہو جاؤں' پھر میرے

369) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (19) فی الطهارة: باب الوضوء مماغیرت النار-وعبد الرزاق (650) فی الطهارة: باب من قال: لایتوضأ ممامست النار-وابن ابی شیبة 49/1 فی الطهارة: باب من کان لا یتوضأ مما مست النار-والطبرانی فی (9234).

370) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (16) فی الطهارة: باب الوضوء مما غیرت النار-وقد تقدم فی (365).

فَشَرِبْتُ مِنْهُ حَتّٰى اَتَضَلَّعَ وَاَنَا عَلٰى وُضُوْءٍ لَمْ اُبَالِ اَنْ لَا اَمَسَّ مَاءً

پاس دودھ کا پیالہ لایا جائے اور میں اس میں سے پی لوں یہاں تک کہ سیراب ہو جاؤں اور میں اس وقت وضو کی حالت میں ہوں، تو اگر بعد میں، میں پانی کو نہیں چھوتا (یعنی دوبارہ وضو نہیں کرتا) تو بھی میں اس کی کوئی پرواہ نہیں کروں گا۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم ابن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن خنیس - محمد بن شجاع بلخی - حسن بن زیاد کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابو حنیفة ثم قال محمد وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه وبه ناخذ ولا وضوء مما غیرت النار انما الوضوء مما خرج ولیس مما دخل

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے، انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے، پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی قول ہے اور ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں، آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو لازم نہیں ہوتا ہے، وضو (جسم سے کوئی چیز) باہر نکلنے پر لازم ہوتا ہے، اندر داخل ہونے پر لازم نہیں ہوتا ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(**371**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِیْ رَوْقٍ عَطِيَّةَ بْنِ الْحَارِثِ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَزِيْدَ التَّيْمِيِّ عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ:

متنِ روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَوَضَّاُ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ يُقَبِّلُ وَلَا يُجَدِّدُ وُضُوْءًا

امام ابوحنیفہ نے - ابو روق عطیہ بن حارث ہمدانی - ابراہیم بن یزید تیمی کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کیا ہے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے وضو کرتے تھے، پھر (اپنی زوجہ محترمہ کا) بوسہ لے لیتے تھے، لیکن وضو کی تجدید نہیں کرتے تھے۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر - احمد بن محمد بن حسن - ہارون بن موسیٰ اشنانی - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت - ابوقاسم یوسف بن محمد ہمدانی سے اذن کے طور پر - عبدالواحد بن محمد بن عبداللہ بن مہدی فارسی - ابوعبداللہ محمد بن مخلد عطار - محمد بن جارود - یحییٰ بن نصر کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(371) قد تقدم فی (353)

372- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ الْعَرْزَمِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے -محمد بن عبید اللہ بن ابوسلیمان عرزمی - عمرو بن شعیب -انہوں نے اپنے والد -اور دادا کے حوالے سے- سیّدہ زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے- سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّلَاةِ فَمَرَّ بِهَا فَقَبَّلَهَا فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا' پھر آپ نماز کے لئے تشریف لے جانے لگے' آپ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس سے گزرے' تو آپ نے ان کا بوسہ لیا' پھر آپ نے نماز ادا کی اور دوبارہ وضو نہیں کیا۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -احمد بن عقدہ- داؤد بن بہرام بن زبرقان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید- قاسم بن عبداللہ بن عامر بن زرارہ- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عبداللہ بن وہب حضرمی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

قالت عائشه كان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يتوضا ثم يقبل ثم يصلى ولم يتوضا

''سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (بعض اوقات) وضو کر لینے کے بعد' (ان کا) بوسہ لے لیتے تھے' اور پھر از سر نو وضو کیے بغیر نماز ادا کر لیتے تھے''۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت- صالح بن مقاتل- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- داؤد بن زبرقان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسن بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

373- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادٍ وَقِيْلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زَاذَانَ وَهُوَ الصَّحِيْحُ عَنْ شُرَحْبِيْلٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -عبدالرحمٰن بن زیاد (اور ایک قول کے مطابق) عبدالرحمٰن بن زاذان (اور یہی صحیح ہے) -شرحبیل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

372- اخرجه ابن ابى شيبة 44/1 فى الطهارة: من قال: ليس فى القبلة وضوء- واسحاق بن راهويه فى " المسند" 99/2 -واحمد 210/6- وابوداؤد (181)- والترمذى (86)- والدار قطنى 137/(15) .

373- قد تقدم فى (366)

متن روایت: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ زَائِرًا فَاَتَيْتُهٗ بِلَحْمٍ مَشْوِيٍّ فَاَكَلَ مِنْهُ ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

نبی اکرم ﷺ میرے ہاں ملنے کے لئے تشریف لائے میں نے بھنا ہوا گوشت آپ کی خدمت میں پیش کیا' آپ نے اسے کھالیا پھر دونوں ہاتھوں کو دھولیا اور دوبارہ وضو نہیں کیا۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن ابو مقاتل - ابراہیم بن عثمان بلخی - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن عبداللہ - ابو عاصم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(374) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شُرَحْبِيْلٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَنَّهٗ اَكَلَ لَحْمًا مَشْوِيًّا ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ وَفَمِهٖ وَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

امام ابوحنیفہ نے - داؤد بن عبد الرحمٰن بن شرحبیل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

نبی اکرم ﷺ نے بھنا ہوا گوشت کھایا' پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اور منہ دھو لئے اور نماز ادا کر لی اور دوبارہ وضو نہیں کیا۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابو عباس احمد بن محمد بن سعید - محمد بن حسن - احمد بن عبد الرحمٰن - حکم - زفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - ابراہیم بن عثمان بلخی - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فاتیتہ بلحم مشوی فاکل ثم دعا بماء فغسل کفیہ ثم تمضمض ولم یحدث وضوءًا

''نبی اکرم ﷺ میرے ہاں تشریف لائے' میں نے بھنا ہوا گوشت آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا' آپ ﷺ نے اسے تناول فرمایا' پھر آپ ﷺ نے پانی منگوا کر اپنے دونوں ہاتھ دھوئے' پھر کلی کی' البتہ آپ نے از سر نو وضو نہیں کیا''

حافظ کہتے ہیں: امام ابو یوسف نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت کیا ہے۔

مقری نے ان کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرتے ہوئے یہ کہا ہے: یہ عبد الرحمٰن بن داؤد سے منقول ہے' البتہ پہلی روایت درست ہے۔

(374) قد تقدم فی (366)

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -علی بن احمد بن سلیمان -محمد بن حجاج -علی بن معبد -محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: یہ شرحبیل بن سعد سے منقول ہے' انہوں نے اس میں نہ تو عبدالرحمٰن کا ذکر کیا ہے' نہ ہی ان کے صاحبزادے داؤد کا ذکر کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز -عباس بن محمد -عبدالصمد بن نعمان -ابوجعفر رازی -شرحبیل بن سعد کے حوالے سے' حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے (جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام ہیں)

دخل على النبى صلى الله عليه و آله وسلم وقد اهدى لنا شاة فناولته الذراع فاكل ثم دعا بماء فمضمض وغسل باطراف اصابعه ثم صلى ثم دخل علينا ذات يوم وعندنا لحم بارد فاكل ثم صلى ولم يصب ماءً

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے' ہمیں ایک بکری تحفے کے طور پر دی گئی تھی' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دستی پیش کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے تناول فرمایا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوا کر کلی کی' اپنی انگلیوں کے کنارے دھوئے' پھر (از سرنو وضو کیے بغیر) نماز ادا کی' پھر ایک دن آپ ہمارے ہاں تشریف لائے' تو ہمارے ہاں ٹھنڈا گوشت موجود تھا' آپ نے اس کو کھا کر' پھر نماز ادا کی' آپ نے پانی استعمال نہیں کیا' (یعنی از سرنو وضو نہیں دیا)''۔

ابن مظفر کہتے ہیں: سماک بن حرب نے اس کو شرحبیل سے نقل کیا ہے' انہوں نے یہ روایت حسین بن حسین انطاکی -احمد بن عبداللہ کندی -علی بن معبد -محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ کے حوالے سے -ابوعلی -شرحبیل کے حوالے سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے:

قال دخل على رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم فاتيته بلحم قد شوى الحديث

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے' میں نے بھنا ہوا گوشت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا''......الحدیث

انہوں نے یہ روایت ابوسعید احمد بن محمد بن عطیہ بن وکیع سے روایت کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ صاحب حج کے لیے جاتے ہوئے' یا حج کے موقعہ پر) ہمارے ہاں تشریف لائے' انہوں نے بتایا: میں نے اپنے والد کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے: احمد حضرمی نے یہ روایت -حماد بن احمد -محمد بن ابوتمیلہ -ابوعمرو بن نعیم بن عمرو مروزی -امام ابوحنیفہ -داؤد بن عبدالرحمٰن -شرحبیل کے حوالے سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عمر بن احمد بن ہارون عطار -اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر -مکی بن ابراہیم -امام ابوحنیفہ -عبدالرحمٰن بن داؤد -شرحبیل کے حوالے سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -مبارک بن عبدالجبار صیرفی -ابومحمد جوہری -حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی اسناد کے ساتھ نقل کی ہے۔

(375)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ شَيْبَةِ بْنِ الْمُسْتَوْرِدِ وَيُقَالُ ابْنُ الْمُسَاوِرِ الْبَصَرِيِّ عَنْ بَكْرِبْنِ عَبْدِ اللهِ الْمُزَنِيِّ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا فَطَعِمَ مِنْ كَتِفٍ بَارِدٍ ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يُحْدِثْ وُضُوْءًا

امام ابوحنیفہ نے-شیبہ بن مستورد (اور ایک قول کے مطابق) ابن مساور بصری-بکر بن عبداللہ مزنی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے ہاں تشریف لائے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کندھے کا گوشت کھایا، پھر آپ نے نماز ادا کی اور دوبارہ وضو نہیں کیا۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں-احمد بن محمد بن سعید-محمد بن علی بن عبید بن زید ہروی-خالد بن مقاتل- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت-منذر بن محمد-حسین بن محمد بن علی ازدی-امام ابویوسف اور اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں-ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بن حنیس بغوی-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقلکیا ہے

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِيْمَا يُوْجِبُ الْغُسْلَ وَاَحْكَامُ الْجَنَابَةِ

## تیسری فصل: جو چیزیں غسل کو واجب کرتی ہیں، اور جنابت کے احکام

(376)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِيِّ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا:

متن روایت: اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رَاَيْتُكَ تَتَوَضَّأُ فِي النِّعَالِ السِّبْتِيَّةِ فَقَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

امام ابوحنیفہ نے-عبداللہ بن عمر عمری-نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

ایک صاحب نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ سبتی جوتے پہن کر ہی وضو کر لیتے ہیں، انہوں نے جواب دیا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے

(375) اخرجه ابن ابی شیبة 50/1 فی الطهارة: من كان لا يتوضأ مما مست النار-وابو يعلى (4432) (4449)-واحمد 161/6-والبيهقی فی "السنن الكبرى" 154/1

(376) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (325) فی الحج: باب المناسك-باب الاحرام والتلبية-والبخاری (5) فی اللباس: باب النعال السبتية وغيرها-ومسلم (1187) فی الحج: باب الاهلال من حيث تبعث به الراحلة

ہوئے دیکھا ہے۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - اسماعیل بن فضل بلخی - محمد بن جعفر بن موسیٰ بلخی - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ کہتے ہیں: اسماعیل بن حماد نے اس کو' امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔' کہ یہ روایت عبداللہ بن عمر (عمری نامی راوی) کے حوالے سے' سعید بن ابوسعید مقبری سے منقول ہے' پھر انہوں نے اس روایت میں ان کے تلبیہ (شروع کرنے) ' جوتوں سمیت وضو کر لینے' رکن یمانی کا استلام کرنے' اور داڑھی پر زرد رنگ کا خضاب لگانے کا ذکر کیا ہے' اور ان کے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

رایت رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یفعل ذلك کله

''میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ سب کام کرتے ہوئے دیکھا ہے''

377- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَامِرِ بْنِ السِّمْطِ عَنْ اَبِى الْعَرِيْفِ عَنْ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

متن روایت: قَالَ [لَا] يَقْرَاُ الْجُنُبُ مِنَ الْقُرْآنِ حَرْفًا وَاحِدًا

امام ابوحنیفہ نے - عامر بن سمط - ابوعریف - حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

'' جنبی شخص' قرآن کے ایک حرف کی بھی تلاوت نہیں کرے گا''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن عبداللہ بن سالم - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - سعید بن حکیم ابوزید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

378- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - عمرو بن شعیب - ان کے والد اور دادا کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

377- اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار" (279) فى الجنائز: باب القراء ة فى الحمام والجنب- وابو داؤد 57 فى الطهارة: باب فى الجنب يقرأ القرآن- والترمذى 273/1 فى الطهارة: باب ماجاء فى الرجل يقرأ القرآن على كل حال مالم يكن جنباً .

378- اخرجه ابن ماجة (611)- وابن ابى شيبة 89/1- واحمد 178/2- والخطيب فى" تاريخ بغداد" 311/1- والمرتضى الزبيدى فى" عقود الجواهر المنيفة" 67/1

متن روایت: اَنَّهٗ قَالَ مِمَّا یُوْجِبُ الْغُسْلَ اِلْتِقَاءُ الْخِتَانَیْنِ وَغَیْبُوْبَةُ الْحَشْفَةِ اَنْزَلَ اَوْ لَمْ یُنْزِلْ

آپ فرماتے ہیں: شرم گاہوں کا مل جانا اور حشفہ کا غائب ہو جانا غسل کو واجب کر دیتا ہے۔ خواہ انزال ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابن عقدہ - عبداللہ بن محمد بن یعقوب حارثی - ابراہیم بن یحییٰ نیشاپوری - جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ - ابن ابومیسرہ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(379)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ (عَنِ) الشَّعْبِیِّ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - عون بن عبداللہ - امام شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ قَالَ یُوْجِبُ الصِّدَاقَ وَیَهْدِمُ الثَّلَاثَ وَیُوْجِبُ الْعِدَّةَ وَلَا یُوْجِبُ صَاعًا مِنَ الْمَاءِ

''ایک چیز مہر کو لازم کر دیتی ہے تین طلاقوں کو کالعدم کر دیتی ہے عدت کو لازم کر دیتی ہے تو کیا وہ ایک صاع پانی کو لازم نہیں کرے گی''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةرضی الله عنه قال محمد رحمه الله تعالی یعنی اذا التقی الختانان وجب الغسل انزل او لم ینزل وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه .

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: یعنی جب شرمگاہیں مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے خواہ انزال ہو یا نہ ہو امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(380)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَرْبَعَةٌ لَا یَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ الْآیَةَ اَوْ نَحْوَهَا اَلْجُنُبُ وَالَّذِیْ عَلَی الْغَائِطِ وَالَّذِیْ یُجَامِعُ وَفِی الْحَمَّامِ

''چار قسم کے لوگ قرآن کی ایک آیت یا اس کی مانند (کسی بڑی آیت کے الفاظ کی) تلاوت نہیں کر سکتے۔ جنبی شخص وہ شخص جو بیت الخلا میں ہو وہ شخص جو صحبت کر

(379) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" (47) فی الطهارة: باب الغسل من الجنابة- وعبد الرزاق (942) فی الطهارة: باب ما یوجب الغسل -وابن ابی شیبة 86/1 فی الطهارات: باب من قال: اذا التقی الختانان فقد وجب الغسل

(380) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" (282) فی الجنائز: باب القراءة فی الحمام والجنب- وابن ابی شیبة 114/1 فی الطهارة: باب الرجل یذکر الله وهو علی الخلاء- وقد تقدم

ہو اور وہ شخص جو حمام میں ہو"۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

381)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اُذْكُرِ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ فِي الْحَمَّامِ وَفِیْ غَیْرِهٖ اِذَا عَطَسْتَ

تم ہر حال میں اللہ کا ذکر کرو گے جب تمہیں چھینک آئے خواہ تم حمام میں موجود ہو یا اس کے علاوہ کہیں اور ہو۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

382)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِیْعِیِّ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے -ابواسحاق سبیعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یُصِیْبُ مِنْ اَهْلِهٖ مِنْ اَوَّلِ اللَّیْلِ فَیَنَامُ وَلَا یُصِیْبُ مَاءً فَاِنِ اسْتَیْقَظَ مِنْ آخِرِ اللَّیْلِ اَعَادَ وَاغْتَسَلَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے ابتدائی حصے میں اپنی اہلیہ کے ساتھ وظیفۂ زوجیت ادا کرنے کے بعد سو جاتے تھے اور آپ پانی استعمال نہیں کرتے تھے (یعنی غسل نہیں کرتے تھے) پھر رات کے آخری حصے میں آپ بیدار ہو کر دوبارہ یہ عمل کرتے تھے اور پھر وضو کرتے تھے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن رضوان -محمد بن سلام -محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

381) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (283) فی الطهارة: باب القراءة فی الحمام والجنب -وابن ابی شیبة 114/1 فی الطهارات: باب الرجل یعطس وهو علی الخلاء

382) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (56) -وفی "الآثار" (46) فی الطهارة: باب الغسل من الجنابة -وابو داؤد (228) فی الطهارة: باب فی الجنب یؤخر الغسل -والترمذی (118) فی الطهارة: باب فی الجنب ینام کهیئته لا یمس ماءً- واحمد 107/6

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبداللہ بن سہل (اور) علی بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخسی (اور) عمرو بن عاصم مروزی (اور) ابراہیم بن منصور (اور) محمد بن یوسف' سے نقل کی ہے' یہ سب حضرات بیان کرتے ہیں: (یہ روایت) علی بن خشرم نے-عیسیٰ بن یونس کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت یحییٰ بن محمد بن صاعد (اور) محمد بن منذر بن سعید ہروی (اور) عبداللہ بن عبید اللہ شیبانی سے نقل کی ہے' یہ سب حضرات بیان کرتے ہیں: (یہ روایت)-ابراہیم بن مرزوق نے-معاذ بن فضالہ-یحییٰ بن ایوب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن بشر-شداد بن حکیم-زفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز-بشر بن ولید-امام ابو یوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن قدامہ-عبداللہ بن عمر-اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حماد بن احمد-ولید بن حماد-حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی-عیسیٰ بن احمد-علی بن عاصم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن اسحاق بن ابراہیم-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-مغیث بن بدیل-خارجہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی (اور) علی بن حسن بن عبدہ' ان دونوں نے-حسین بن حریث-فضل بن موسیٰ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت-عبدالصمد بن فضل-عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن نصر بن سلیمان ہروی-احمد بن مصعب-اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد-حسن بن علی سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت حسین بن علی کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے: (یہ روایت) یحییٰ بن بشر نے-زیاد بن حسن-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد-منذر بن محمد-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-انہوں نے اپنے چچا حسین بن سعید بن ابوجہم-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد قیراطی-محمد بن شوکہ-قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد-محمود بن خداش-علی بن یزید صدائی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد ابن عبداللہ مسروقی سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا کی تحریر میں ہے میں نے اس میں پڑھا ہے: وہ بیان کرتے ہیں: یہ حدیث ابوحنیفہ نے ہمیں بیان کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں اسی مضمون میں - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - عبیداللہ بن جریر بن جبلہ عتکی (اور) مسلم بن احمد - فضل بن ابوطالب (اور) احمد بن محمد بن یوسف (اور) احمد بن محمد بن سعید ان دونوں نے - محمد بن موسیٰ ان سب نے معاذ بن فضالہ - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - محمود بن خداش - علی بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن مخلد - احمد بن عبیداللہ حمیری - اسحاق ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوعروبہ حسین ابن محمد بن مودود حرانی - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعبداللہ احمد بن ابراہیم بن خلاد عسکری - محمد بن محبوب - عبداللہ بن محمد - حارث بن نبہان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے دوسرے الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسین احمد بن محمد بن حارث بن عبدالوارث سے مصر میں - ابراہیم بن مرزوق - معاذ بن فضالہ - یحییٰ بن ایوب کے حوالے سے موسیٰ بن عقبہ اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوطاہر احمد بن حسن بن احمد باقلانی - ابوعلی حسن بن احمد ابن ابراہیم بن شاذان - ابوبکر احمد بن سلیمان - یحییٰ بن جعفر - علی بن عاصم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - احمد بن جعفر بن نصر حمانی - ادریس بن ابراہیم - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - مبارک بن محمد بن منصور - ابوبکر محمد بن احمد بن عبدالواحد - حسین بن عمر بن محمد حربی - حافظ محمد بن مظفر - ابوعروبہ حسین بن محمد بن مودود اور ان کے بھائی فضل - انہوں نے اپنے دادا عمرو بن حصین - امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة قال محمد وبه ناخذ ولا باس

اذا اصاب الرجل من اهله ان ينام قبل ان يغتسل او يتوضا وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' اس میں کوئی حرج نہیں ہے' کہ آدمی اپنی بیوی کے ساتھ وظیفہ زوجیت ادا کرنے کے بعد غسل یا وضو کیے بغیر سو جائے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

حسن بن زیاد نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقلکیا ہے

امام محمد نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**383**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدِ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ عُمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ :

امام ابوحنیفہ نے- یحییٰ بن سعید انصاری - عمرہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

متن روایت: كَانَتْ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُعَالِجُوْنَ اَرْضَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ فَكَانَ الرَّجُلُ يَرُوْحُ اِلَى الْجُمُعَةِ وَقَدْ عَرِقَ وَتَلَطَّخَ بِالطِّيْنِ فَكَانَ يُقَالُ مَنْ رَاحَ اِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اپنی زمین پر خود کام کاج کیا کرتے تھے' تو جب کوئی شخص جمعہ کی نماز ادا کرنے کے لئے آتا تو اسے پسینہ بھی آیا ہوا ہوتا تھا اور وہ مٹی میں بھی لتھڑا ہوا ہوتا تھا' تو یہ کہا جاتا: جو شخص جمعہ کی ادائیگی کے لئے آئے' اسے غسل کر لینا چاہیے۔

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- محمد بن ابراہیم بن احمد بغوی - ابوعبداللہ محمد بن شجاع بلخی - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن سعید حرانی - ابوفروہ یزید بن محمد بن یزید بن سنان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- سرح بن عبداللہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت یحییٰ بن صاعد- شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن نصر بن طالب - احمد بن حسن بن احمد بن مختار - عبداللہ بن محمد بن رستم - ابوہاشم محمد بن حنفیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**384**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

(383) اخرجه الطحاوى فى " شرح معانى الآثار" 117/1 -وابن حبان ( 1236) -وعبد الرزاق ( 5315) -وابن ابى شيبة 95/2 -واحمد 62/6 -والبخارى (903) -ومسلم (847) -والبيهقى فى " السنن الكبرىٰ" 189/3

کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ هُوَ وَبَعْضُ اَزْوَاجِهٖ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ يَتَنَازِعَانِ الْغُسْلَ جَمِيْعًا

نبی اکرم ﷺ اور آپ کی زوجہ محترمہ ایک برتن سے غسل کرتے تھے اور یہ دونوں اس برتن سے اکٹھے پانی حاصل کرتے تھے۔

•••—— •••—— •••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوطالب بن یوسف- ابومحمد جوہری- ابوبکر ابہری- ابوعروبہ حرانی- انہوں نے اپنے دادا عمرو بن ابوعمرو- محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثارفرواه عن ابى حنيفةثم قال محمد وبه ناخذ لا نرى باساً بغسل المراة مع الرجل بدات قبله او بدا قبلها وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے۔ انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے کہ بیوی شوہر کے ساتھ غسل کرلے خواہ عورت نے مرد سے پہلے غسل شروع کیا ہو یا مرد نے اس سے پہلے شروع کیا ہو امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**385**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا :

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے- حضرت عمر بن خطاب (اور) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ نقل کیا ہے: یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُمَا قَالَا فِیْ الْحَائِضِ اِذَا انْقَطَعَ دَمُهَا فَهِيَ حَائِضٌ مَا لَمْ تَغْتَسِلْ

ان دونوں حضرات کا یہ کہنا ہے کہ حیض والی عورت کا خون جب منقطع ہو جائے تو جب تک وہ غسل نہیں کرتی اس وقت تک وہ حیض کی حالت میں شمار ہوگی۔

•••—— •••—— •••

حافظ ابوعبداللہ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن- عبدالرحمٰن بن عمر- محمد

(384) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار" ( 48) فى الطهارة: باب غسل الرجل والمرأة من اناء واحد-والبخارى فى الاعتصام: باب ماذكر النبى صلى الله عليه وسلم -ومسلم (319) فى الحيض: باب القدر المستحب من الماء فى غسل الجنابة-واحمد 189/6

(385) اخرجه ابن حبان ( 1357)-وعبدالرزاق ( 1257)-واحمد 173/6-وابن الجارود ( 102)-والبغوى فى" شرح السنة" (320)-وابو داؤد(261) .

بن ابراہیم بغوی-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(386)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ اَسْوَدٍ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی-اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا نَاوِلِیْنِیْ الْخُمْرَةَ فَقَالَتْ اِنِّیْ حَائِضٌ فَقَالَ اِنَّ حَیْضَتَكِ لَیْسَتْ فِیْ یَدِكِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم مجھے چادر پکڑا دو انہوں نے عرض کی: میں حیض کی حالت میں ہوں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا حیض تمہارے ہاتھ نہیں ہے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-عبداللہ بن محمد بن یعقوب-احمد بن ابوصالح-یعقوب بن اسحاق ابن ابواسرائیل-بشر بن ولید-ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(387)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا :

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّهَا كَانَتْ تَغْسِلُ رَاْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهِیَ حَائِضٌ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ یُخْرِجُ اِلَیْهَا رَاْسَهٗ مِنْ نَافِذَةِ الْمَسْجِدِ

وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سر دھودیا کرتی تھیں، حالانکہ وہ اس وقت حیض کی حالت میں ہوتی تھیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت اعتکاف کئے ہوتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کی کھڑکی سے اپنا سر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف بڑھادیتے تھے۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں-اسحاق بن محمد بن مروان نے اپنے والد کے حوالے سے- مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں-ابوغنائم محمد بن علی بن ابوعثمان-ابوحسن محمد بن احمد بن محمد بن زرقویہ-ابوسہل احمد بن محمد بن زیاد قطان-بشر بن موسیٰ-ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابوحنیفة ثم قال محمد وبهذا ناخذ لا

(387) اخرجه ابن حبان ( 1359)-ومالك فی" الموطأ" 60/1-والبخاری ( 295) فی الحیض-والدارمی 246/1-وابوعوانة 312/1-والبیهقی فی" السنن الكبریٰ" 186/1-واحمد 99/6

نری به باساً وهو قول ابی حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

381)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی- ایک نامعلوم شخص (کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:)-حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَدَّ يَدَهُ اِلَيْهِ فَدَفَعَهَا عَنْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَالَكَ فَقَالَ اِنِّىْ جُنُبٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَرِنَا يَدَكَ فَاِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يَنْجُسُ

(ایک مرتبہ) اپنا دستِ مبارک ان کی طرف بڑھایا' تو وہ پیچھے ہٹ گئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جنابت کی حالت میں ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنا ہاتھ مجھے دکھاؤ' مومن نجس نہیں ہوتا ہے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-محمد بن حسن بزاز بلخی- ہلال بن یحییٰ- یوسف بن خالد سمتی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح بخاری- احمد بن حرب موصلی- قاسم بن یزید- ان کے ایک ساتھی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت جیہان بن ابوحسن فرغانی-محمد بن جعفر کوفی- کثیر بن ہشام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ کے حوالے سے حماد-ابراہیم نخعی- ہمام کے حوالے سے-حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم رازی- حسن بن حکم-محمد بن یزید واسطی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن-عبدالرحمٰن بن محمد بن ابراہیم بغوی-محمد بن شجاع بلخی-حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثارفرواه عن ابى حنيفةرضى الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ لا نرى به باساً ولا بمصافحة الجنب باساً وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

---

اخرجه محمد بن الحسن الشيباني فى " الآثار" ( 27) فى الطهارة:باب مالا ينجسه شىء-مسلم ( 372) فى الحيض:باب الدليل على ان المسلم لا ينجس-وابو داؤد (230) فى الطهارة:باب فى الجنب يصافح-وابن حبان(1255) .

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں' جنبی شخص کے ساتھ مصافحہ کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(389)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

متن روایت: اِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانُ وَجَبَ الْغُسْلُ اَنْزَلَ اَوْ لَمْ يُنْزِلْ

جب شرمگاہیں مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے' انزال ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔

•••——•••——•••

امام حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد- عبداللہ بن حسن- عبدالرحمن -محمد بن ابراہیم بغوی- محمد بن شجاع بلخی- حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(390)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے- نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: مَنْ جَاءَ اِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ

'' جو شخص جمعہ کی ادائیگی کے لئے آئے اسے غسل کر لینا چاہئے''۔

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- محمد بن مخلد بن حفص- عبدوس بن بشر رازی- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی- ابوقاسم علی بن احمد بن محمد بن بشر نے املاء کے طور پر- ابوعمر و عبدالواحد بن محمد بن عبداللہ بن جہیر فارسی- ابوعبداللہ بن محمد بن مخلد بن حفص- عبدوس بن بشر- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے

(389) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" ( 45) في الطهارة: باب الغسل من الجنابة- والترمذي (...) الطهارة: باب ما جاء اذا التقى الختانان وجب الغسل: وابن ماجة (608) في الطهارة: باب ماجاء في وجوب الغسل- واحمد ...

(390) اخرجه احمد 4/2- والطبراني في " الكبير" ( 13392)- والخطيب في " تاريخ بغداد" 300/5- ومسلم (844) ... حبان (1224)- وابو نعيم في " الحلية" 266/7- والبيهقي في " السنن الكبرى" 297/1

ہے۔

(391)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی- اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّا وُضُوْءَهٗ لِلصَّلٰوةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنابت کی حالت میں سونے کا ارادہ کرتے تھے تو نماز کے وضو کی طرح وضو کر لیتے تھے۔

•••——•••——•••

امام ابومحمد بخاری نے یہ روایت-احمد بن محمد بن سعید ہمدانی-احمد بن محمد بن عبداللہ-امیہ بن حارث-مروان بن سالم جزری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(392)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ قُمَيْرًا اِمْرَاَةَ مَسْرُوْقٍ سَاَلَتْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَاَمَرَتْهَا بِمِثْلِ مَقَالَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ

مسروق کی اہلیہ قمیر نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس خاتون کو وہی ہدایت کی' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے استحاضہ کا شکار عورت کے بارے میں ارشاد فرمائی تھی۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-احمد بن محمد بن سعید ہمدانی-احمد بن عبداللہ بن زیاد-خالد-عمر بن ابوعثمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(393)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَنْ الْاَعْمَشِ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ:

امام ابوحنیفہ نے-اعمش سلیمان بن مہران-حبیب بن ابوثابت-عروہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِيْ حُبَيْشٍ قَالَتْ يَا

فاطمہ بنت ابوحبیش نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے استحاضہ

(391) قد تقدم فی (382)

(392) اخرجه ابوداؤد (300) فی الطهارة: باب من قال: تغتسل من طهر الی طهر-وعبدالرزاق (1170) فی الطهارة: باب المستحاضة-والمتقی الهندی فی "الكنز" (3129).

(393) اخرجه ابن حبان (1348)-وابوداؤد (286) فی الطهارة: والبيهقی فی "السنن الكبرى" 325/1-والطحاوی فی "شرح مشكل الآثار" 306/3-والحاكم فی "المستدرك" 174/1

رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَسْتَحَاضُ اَفَاَدَعُ الصَّلَاةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّمَا ذٰلِكَ عِرْقٌ وَلَيْسَ بِحَيْضٍ فَاِذَا اَقْبَلَتْ اَيَّامُ عَادَتِكَ فَدَعِي الصَّلَاةَ ثُمَّ اغْتَسِلِيْ ثُمَّ تَوَضَّئِيْ لِكُلِّ صَلٰوةٍ قُلْتُ وَاِنْ قَطَرَ الدَّمُ قَالَ وَاِنْ قَطَرَ عَلَى الْحَصِيْرِ

کی شکایت ہے تو کیا میں نماز کو ترک کر دوں؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ ایک اور رگ کا خون ہے یہ حیض نہیں ہے۔ جب تمہارے عادت کے مخصوص ایام آ جائیں تو (ان کے دوران) نماز کو ترک کر دو پھر غسل کر کے ہر نماز کے لئے وضو کر لیا کرو میں نے دریافت کیا: اگرچہ خون ٹپک رہا ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی ہاں اگرچہ وہ چٹائی پر ٹپک رہا ہو۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - عبداللہ بن محمد بن یعقوب - علی بن فرزدق - محمد بن محمد بن سیار - بشر بن یحییٰ - خالد بن صبیح - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن سعید - عبداللہ - علی بن فرزدق - نضر بن محمد - بشر بن یحییٰ - سہل بن مزاحم - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(394)** - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ (اَخْبَرَنِيْ) مَنْ سَمِعَ اُمَّ سُلَيْمٍ:

متن روایت: اَنَّهَا سَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْاَةِ تَرٰى مَا يَرَى الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَغْتَسِلُ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: مجھے اس شخص نے یہ بات بتائی ہے: جس نے سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کو بیان کرتے ہوئے سنا: انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے ایک خاتون کے بارے میں دریافت کیا، جو وہی چیز دیکھتی ہے جو مرد دیکھتا ہے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ غسل کرے گی۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - علی بن حسن بن سعید - عمرو بن حمید - نوح بن دراج کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوطالب بن یوسف - ابو محمد جوہری - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ حرانی - انہوں نے اپنے دادا عمرو بن ابوعمرو - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

(394) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الموطأ" (81) - وفی "الآثار" (57) فی الطهارة: باب المرأة تری فی المنام مثل الرجل - ومسلم (311) فی الحیض: باب وجوب الغسل علی المرأة - والدارمی (770) فی الطهارة: باب فی المرأة تری فی منامها

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

395- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ عتبة عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِى كَثِيْرٍ عَنْ اَبِى سَلْمَةَ ابْنِ عبد الرَّحْمٰنِ عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ بِنْتِ اَبِى سُفْيَانَ رَضِىَ الله عَنهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے - ایوب بن عتبہ - یحییٰ بن ابوکثیر - ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام حبیبہ بنت ابوسفیان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُسْتَحَاضَةِ فَقَالَ تَغْتَسِلُ غُسْلاً ثم تجتنبُ اَيَّامَ اَقْرَائِهَا وَتَتَوَضَّأُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ وَتُصَلِّىْ

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے استحاضہ والی عورت کے بارے میں دریافت کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کے حیض کے مخصوص ایام گزر جائیں گے' تو وہ غسل کرے گی اور پھر ہر نماز کے وقت وضو کر کے نماز پڑھ لیا کرے گی۔

•••——•••——•••

امام حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - علی بن احمد بن سلیمان - محمد بن حجاج - علی بن معبد - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد فارسی - محمد بن مظفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة (عن) رجل (عن) ابوسلمة بن عبد الرحمن بن عوف ثم قال محمد وبه ناخذ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ کے حوالے سے - ایک (نامعلوم شخص) - ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف سے نقل کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

396- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ هِشَامِ بْنِ عروة عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے - ہشام بن عروہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

395- اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار" (50) فى الطهارة: باب المستحاضة والحائض - وعبد الرزاق (1177) فى الحيض باب فى المستحاضة - ومسلم (333) فى الحيض: باب المستاحضة وغسلها وصلاتها - والترمذى (125) فى الطهارة: باب ما جاء فى المستحاضة .

396- قد تقدم فى (393)

متن روایت: اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتِ اَبِي حُبَيْشٍ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَحِيْضُ الشَّهْرَ وَالشَّهْرَيْنِ فَقَالَ لَهَا اِنَّمَا عِرْقٌ هُوَ فَاِذَا اَقْبَلَتْ حَيْضَتُكَ فَذَرِيْ الصَّلَاةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْتَسِلِيْ لِطُهْرِكَ ثُمَّ تَوَضِّئِيْ لِكُلِّ صَلٰوةٍ وَصَلِّيْ

فاطمہ بنت ابوحبیش نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے (بعض اوقات) ایک مہینے یا دو مہینے تک مسلسل حیض آتا رہتا ہے (درمیان میں طہر نہیں آتا ہے) تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: یہ کسی دوسری رگ کا مواد ہے' جب تمہارا حیض آئے تو تم نماز کو ترک کردو اور جب وہ رخصت ہوجائے' تو تم اپنے طہر کے لئے غسل کرو اور پھر ہر نماز کے لئے وضو کرکے نماز ادا کرو۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعبداللہ محمد بن مخلد- سلیمان بن توبہ ہمدانی- ابونعیم فضل بن دکین کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد- محمد بن اشکاب- ابونعیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن مخلد- عبدالرحمٰن بن ازہر- عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون- ابونصر بن اشکاب قاضی- ابو... ابراہیم بن محمد بن علی- ابویونس ادریس بن ابراہیم مقانعی- حسن ابن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

**(397)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِيْ الْمُسْتَحَاضَةِ اَنَّهَا تَتْرُكُ الظُّهْرَ حَتّٰى اِذَا كَانَ فِيْ آخِرِ الْوَقْتِ اِغْتَسَلَتْ ثُمَّ صَلَّتْ الظُّهْرَ ثُمَّ صَلَّتْ الْعَصْرَ ثُمَّ تَمْكُثُ حَتّٰى اِذَا دَخَلَ وَقْتُ الْمَغْرِبِ تَرَكَتِ الصَّلَاةَ حَتّٰى اِذَا كَانَ آخِرُ وَقْتِهَا اِغْتَسَلَتْ وَصَلَّتِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ حَتّٰى تَفْرُغَ

استحاضہ والی عورت ظہر کی نماز ادا نہیں کرے گی یہاں تک کہ جب اس کا آخری وقت آئے گا' تو وہ غسل کرکے ظہر ادا کرلے گی اور پھر عصر کی نماز ادا کرلے گی' پھر وہ اسی طرح رہے گی' یہاں تک کہ مغرب کا وقت شروع ہوجائے گا تو نماز ادا نہیں کرے گی' جب مغرب کا آخری وقت آئے گا تو غسل کرکے مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کرلے گی۔

•••——•••——•••

(397) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (49) في الطهارة: باب المستحاضة والحائض- وعبد الرزاق (...) الحيض: باب المستحاضة- وابن ابي شيبة 127/1 في الطهارات: باب المستحاضة كيف تصنع؟- والدارمي 225/1 (...)

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةرضی الله عنه ثم قال محمد ولسنا ناخذ بهذا وانما ناخذ بالحدیث الآخر انها تتوضا لوقت کل صلوة وتصلی الی آخر الوقت الآخر ولیس علیها الا غسل واحد حتی تمضی ایام اقرائها وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ نہیں دیتے ہیں' ہم دوسری حدیث کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' کہ ایسی عورت ہر نماز کے لیے وضو کرے گی اور آخری وقت میں نماز ادا کرے گی' اس پر صرف ایک مرتبہ غسل کرنا لازم ہوگا' جب تک اس کے طہر کے مخصوص ایام گزر نہیں جاتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

[illegible]- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ:

متن روایت: اِذَا حَاضَتِ الْمَرْاَةُ فِیْ وَقْتِ الصَّلَاةِ فَلَیْسَ عَلَیْهَا اَنْ تَقْضِیَ تِلْكَ الصَّلَاةَ وَاِنْ طَهُرَتْ فِیْ وَقْتِ الصَّلَاةِ فَلْتُصَلِّ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جب کسی عورت کو نماز کے وقت میں حیض آ جائے تو اب اس پر اُس نماز کی قضا کرنا لازم نہیں ہوگا اور جب کوئی عورت نماز کے وقت میں پاک ہو جائے' تو وہ اس نماز کو ادا کرے گی۔

•••——•••——•••

(اخرجه)الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

[illegible]- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ:

متن روایت: اِذَا اَجْنَبَتِ الْمَرْاَةُ ثُمَّ حَاضَتْ فَلَیْسَ عَلَیْهَا غُسْلٌ فَاِنَّ مَا بِهَا مِنَ الْحَیْضِ اَشَدُّ مِمَّا بِهَا مِنَ الْجَنَابَةِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جب عورت کو جنابت لاحق ہو اور پھر اسے حیض بھی آ جائے' تو اب اس پر غسل کرنا لازم نہیں ہو گا' کیونکہ اسے جو چیز (یعنی جوناپاکی) حیض کے حوالے سے لاحق ہوئی' وہ اس سے زیادہ شدید نہیں ہے' جو جنابت کی وجہ سے اسے لاحق ہوئی ہے۔

---

[illegible] اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" ( 51) فی الطهارة:باب الحائض فی صلاتها–والدارمی ( 887) فی الطهارة: باب المرأة تطهر عند الصلاة او تحیض .

[illegible] اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" ( 52) فی الطهارة:باب الحائض فی صلاتها–والدارمی فی "السنن" (968) [illegible] 248/1 فی الطهارة:باب المرأة تجنب ثم تحیض–وابن ابی شیبة 76/1

(اخرجه) الامام محمد بن حسن فی الآثار فرواه عن ابو حنيفة ثم قال وبه ناخذ وهو قول ابی حنيفة لا غسل عليها حتى تطهر من حيضها فتغتسل غسلاً واحداً لهما جميعاً

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں نقل کیا ہے۔انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے' پھرانہوں نے کہا ہے: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' ایسی عورت پر غسل کرنا اس وقت تک لازم نہیں ہوگا جب تک وہ حیض سے پاک نہیں ہوجاتی' (حیض سے پاک ہونے پر) وہ ان دونوں (یعنی جنابت اور حیض) کے لیے ایک ساتھ غسل لے گی۔

(**400**)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: اِذَا طَهُرَتِ الْمَرْاَةُ فِیْ وَقْتِ الصَّلَاةِ وَلَمْ تَغْتَسِلْ حَتّٰی ذَهَبَ الْوَقْتُ بَعْدُ اَنْ تَكُوْنَ مَشْغُوْلَةً فِیْ غُسْلِهَا فَلَیْسَ عَلَیْهَا قَضَاءٌ

جب عورت نماز کے وقت ناپاک ہو جائے اور اس نے غسل نہ کیا ہو اور اس کے غسل میں مشغول ہونے کے دوران نماز کا وقت رخصت ہوجائے' تو اب اس پر قضا لازم نہیں ہوگی۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنيفةرضی الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ اذا انقطع الدم فی وقت لا تقدر علی ان تغتسل فيه حتی يمضی الوقت فليس عليها اعادة تلك الصلاة وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد نے اس کو کتاب الآثار میں' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' اگر اس عورت کو خون کی آمد اس وقت منقطع ہوتی ہے' کہ اگر وہ غسل کرتی ہے' تو اس وقت کی نماز کا وقت رخصت ہوجائے گا' تو اس پر اس نماز کی قضا لازم نہیں ہوگی' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**401**)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عُثْمَانَ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ عَجْرَدٍ قَالَتْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا :

امام ابوحنیفہ نے-عثمان بن راشد کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ بنت عجرد رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

متنِ روایت: اِذَا اغْتَسَلَ الْجُنُبُ وَنَسِیَ الْمَضْمَضَةُ وَالْاِسْتِنْشَاقُ فَلْیُعِدِ الْوُضُوْءَ بِالْمَضْمَضَةِ وَالْاِسْتِنْشَاقِ

جب جنبی شخص غسل کرتے ہوئے کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا بھول جائے تو وہ کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کے ہمراہ دوبارہ وضو کرلے گا۔

(400) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی " الآثار" (53) فی الطهارة: باب الحائض فی صلاتها

(401) اخرجه الدار قطنی فی " السنن" 404/5 فی الطهارة: المضمضة والاستنشاق فی غسل الجنابة-والمنذری فی 379/1 (361)-وعلقه البيهقی فی "السنن الكبریٰ" 179/1

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن مخلد - علی بن ابراہیم واسطی - یزید بن ہارون کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن ابراہیم بن محمد - ابوعبداللہ محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - دو بزرگوں یعنیا بوطاہر احمد بن حسین بن احمد کرخی (اور) ابوالمعالی ثابت بن منذر بن ابراہیم مقری' ان دونوں نے - ابوحسن بن حسین بن عباس - قاضی ابوحسن عیسیٰ بن حامد قنبیطی - احمد بن خالد سلفی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عکرمہ - ابیض بن اغر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک' ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

402 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبَانٍ عَنْ اَبِی نَضْرَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: مَنِ اغْتَسَلَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنْ لَمْ یَغْتَسِلْ فَبِهَا وَنِعْمَتْ

امام ابوحنیفہ نے - ابان - ابونضرہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص جمعہ کے دن غسل کرتا ہے' تو یہ اچھی بات ہے اور جو غسل نہیں کرتا' تو یہ بھی کافی ہے اور اچھا ہے''۔

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - شریف ابوعلی محمد بن محمد بن عبدالعزیز مہتدی - ابوحسن محمد بن محمد بن احمد نسفی - عبداللہ بن احمد بن مالک بیع - محمد بن نوح - علی بن حرب - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

402- اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی'' الآثار'' (71) فی الصلاة: باب الغسل یوم الجمعة والعیدین - وعبد الرزاق (5313) فی الجمعة: باب الغسل یوم الجمعة - والطحاوی فی''شرح معانی الآثار'' 119/1

(403)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِي الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالَ اِنِ اغْتَسَلْتَ فَحَسَنٌ وَاِنْ تَرَكْتَهُ فَحَسَنٌ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ نے جمعہ کے دن غسل کرنے کے بارے میں یہ فرمایا ہے: اگر تم غسل کر لیتے ہو تو یہ اچھا ہے اور اگر تم اسے ترک کر دیتے ہو تو یہ بھی اچھا ہے۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(404)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ:

متن روایت: رَاَيْتُ اِبْرَاهِيْمَ يَخْرُجُ اِلَى الْعِيْدَيْنِ وَلَا يَغْتَسِلُ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد بیان کرتے ہیں: میں نے ابراہیم نخعی کو دیکھا ہے کہ وہ (بعض اوقات) عید کی نماز ادا کرنے کے لئے تشریف لے جاتے تھے اور غسل نہیں کرتے تھے۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة رضى الله عنه ثم قال محمد اذا اغتسلت للجمعة والعيدين فحسن وان تركته فلا باس

امام محمد بن حسن نے "الآثار" میں اس کو نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: اگر تم جمعہ اور عیدین کے لیے غسل کرو تو یہ عمدہ ہے لیکن اگر تم اس کو ترک کر دیتے ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(405)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

متن روایت: كُنَّا نَاْتِي الْعِيْدَيْنِ وَمَا نَغْتَسِلُ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ہم (بعض اوقات) عید کی نماز ادا کرنے کے لئے جاتے تھے اور غسل نہیں کرتے تھے۔

•••——•••——•••

امام محمد نے اس کو کتاب الآثار میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(406)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ حُذَيْفَةَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ

(403) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار " (68) فى الصلاة: باب الغسل يوم الجمعة والعيدين-وفى " الموطا" 47

(404) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار " (69) فى الصلاة: باب الغسل يوم الجمعة والعيدين

(405) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار " (70) فى الصلاة: باب الغسل يوم الجمعة والعيدين-وفى " الموطا" 47

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ لِاِمْرَاَتِهِ وَهِيَ تَغْتَسِلُ خَلِّلِيْهِ بِالْمَاءِ يَعْنِي الشَّعْرَ لَا تَتَخَلَّلَهُ نَارٌ قَلِيْلَةٌ اِتَّقِي عَلَيْكَ

اہلیہ سے کہا' جو غسل کرنے لگی تھیں' کہ تم پانی کے ذریعے خلال کرنا' یعنی اپنے بالوں کا خلال کرنا' ورنہ آگ ان کا خلال کرے گی' اس لئے تم اُس سے بچنے کی کوشش کرو۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن حبیش - محمد بن شجاع بلخی - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

407) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :

امام ابوحنیفہ نے - محمد بن عمرو بن شعیب - حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں' یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ سَائِلاً سَاَلَهُ اَلَا يُوْجِبُ الْمَاءَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا الْمَاءَ فَقَالَ اِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانِ وَغَابَتِ الْحَشْفَةُ وَجَبَ الْغُسْلُ اَنْزَلَ اَوْ لَمْ يُنْزِلْ

ایک سائل نے آپ سے سوال کیا: یارسول اللہ! کیا پانی (یعنی غسل) صرف پانی (یعنی انزال) کے ذریعے لازم ہوتا ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب شرمگاہیں مل جائیں اور حشفہ غائب ہو جائے' تو غسل واجب ہو جاتا ہے' خواہ انزال ہوا ہو' یا نہ ہوا ہو۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ ابن مظفر - احمد بن نصر بن طالب - ابوحسن احمد بن محیا - عبداللہ بن محمد بن رستم - ابوہشام محمد بن حفص کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

408) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ الْعَرْزَمِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ :

امام ابوحنیفہ نے - محمد بن عبداللہ بن ابوسلیمان عرزمی - عمرو بن شعیب - انہوں نے اپنے والد اور دادا کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُوْجِبُ الْغُسْلَ غَيْرُ الْمَاءِ قَالَ نَعَمْ اِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانِ وَتَوَارَى الْحَشْفَةُ اَنْزَلَ اَوْ لَمْ يُنْزِلْ

ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا پانی (انزال) کے علاوہ بھی غسل واجب ہوتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں! جب شرمگاہیں مل جائیں اور حشفہ غائب ہو جائے'

406) اخرجه احمد 178/2 - وابن ابی شیبة 84/1 - ومن طريقه ابن ماجة (611) والخطيب فی "تاريخ بغداد" 311/1 - والزبيدی فی "عقود الجواهر" 67/1 من حديث عبد الله بن عمرو

خواہ انزال ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- صالح بن احمد-شعیب بن ایوب- ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن نصر بن طالب- ابوحسن احمد بن محیا- عبداللہ بن محمد بن رستم- ابوہشام محمد بن حفص کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت-جعفر بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابن خسرو بلخی نے یہ روایت- ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی باقلانی- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

**(409)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اَبِی خَالِدِ الْاَحْمَسِیِّ الْبَجَلِیِّ عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اِمْرَاَةِ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا:

متن روایت: اَنَّهَا اَمَرَتِ الْمُسْتَحَاضَةَ اَنْ تَدَعَ الصَّلَاةَ اَیَّامَ حَیْضِهَا وَاَنْ تَتَوَضَّأَ لِکُلِّ صَلٰوةٍ بَعْدَ اَنْ تَغْتَسِلَ لِکُلِّ طُهْرٍ

امام ابوحنیفہ نے-اسماعیل بن ابوخالد احمسی بجلی- عامر شعبی- مسروق کی اہلیہ کے حوالے سے'سیدہ عائشہ صدیقہ کے بارے میں'یہ روایت نقل کی ہے:

انہوں نے استحاضہ والی عورت کو یہ حکم دیا کہ وہ حیض کے مخصوص ایام کے دوران نماز کو ترک کئے رکھے گی اور ہر طہر کے لئے غسل کرنے کے بعد'ہر نماز کے لئے وضو کرلیا کرے گی۔

•••——•••——•••

حافظ ابن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید-جعفر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-حسن بن زیاد کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر بن حسن اشنانی -جعفر بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ابویحییٰ عبدالحمید حمانی کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک'اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

**(410)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے

(408) وقد تقدم-وهو حديث سابقه

(409) قد تقدم فی (392) .

(410) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی" الآثار" (54) فی الطهارة: باب النفساء والحبلی تری الدم

…ہیمَ قَالَ :

…روایت: اَلنُّفَسَاءُ اِذَا لَمْ يَكُنْ لَهَا وَقْتٌ قَعَدَتْ …قْتَ نِسَائِهَا

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

نفاس والی عورت کی جب کوئی متعین عادت نہ ہو تو وہ دیگر خواتین کے وقت کے حساب سے بیٹھی رہے گی (یعنی اُتنے دن نفاس میں گزارے گی)

•••——•••——•••

**(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابن حنيفة ثم قال محمد ولسنا ناخذ بهذا ولكنها نفساء ما بينها وبين اربعين يوماً فاذا زادت على ذلك اغتسلت وتوضات لوقت كل صلوة وصلت وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه**

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے، پھر امام محمد …ماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ نہیں دیتے ہیں نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس دن ہے جب (خون کی آمد) اس کے …بھی ہو تو وہ عورت (مستحاضہ شمار ہوگی، وہ) غسل کرلے گی اور ہر نماز کے لیے وضو کرلیا کرے گی اور نماز ادا کرے گی امام ابوحنیفہ کا …بھی یہی قول ہے

(41…)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ …هِيْمَ قَالَ :

…روایت: اِذَا رَاَتِ الْحُبْلٰى الدَّمَ فَلَيْسَتْ …حَائِضٍ فَلْتُصَلِّ وَلْتَصُمْ وَلْيَاتِهَا زَوْجُهَا وَتَصْنَعُ مَا …نَعُ الطَّاهِرُ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جب حاملہ عورت کو جب خون نظر آئے تو وہ حائضہ شمار نہیں ہوگی، وہ نماز پڑھے گی اور روزہ رکھے گی اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت بھی کرسکے گا اور وہ عورت ہر وہ کام کرسکتی ہے جو کوئی پاک عورت کرسکتی ہے۔

•••——•••——•••

**(اخرجه) الامام محمد بن الحسن رحمه الله تعالى فى الآثار فرواه عن ابو حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه**

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو کتاب الآثار میں نقل کیا ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے، پھر …محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(41…)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ …هِيْمَ قَالَ :

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

---

(…) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى" الآثار" (55) فى الطهارة: باب النفساء والحبلى ترى الدم-والدارمى فى" السنن" 183… (941) فى الطهارة: باب اذا اختلطت على المرأة أيام حيضها .

متن روایت: اَلْحُبْلٰى تُصَلِّىْ اَبَدًا مَا لَمْ تَضَعْ وَاِنْ رَاَتِ الدَّمَ لِاَنَّ دَمَ الْحُبْلٰى لَا يَكُوْنُ حَيْضًا وَاِنْ اَوْصَتْ وَهِىَ تُطَلَّقُ ثُمَّ مَاتَتْ فَوَصِيَّتُهَا مِنَ الثُّلُثِ

حاملہ عورت ہمیشہ نماز ادا کرتی رہے گی جب تک وہ بچے کو جنم نہیں دیتی' خواہ درمیان میں اُسے خون بھی نظر آ جائے' کیونکہ حاملہ کا نکلنے والا خون حیض نہیں ہوتا ہے اور اگر حاملہ عورت وصیت کرے اور اسے طلاق بھی ہو چکی ہو اور پھر اس کا انتقال ہو جائے' تو اس کی وصیت ایک تہائی حصے میں سے نافذ ہوگی۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**(413)**- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِىْ عَيَّاشٍ الْبَصْرِىِّ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- ابان بن ابوعیاش بصری - ابونضرہ - حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں' یہ روایت نقل کی ہے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنِ اقْتَصَرَ عَلَى الْوُضُوْءِ فَلَا حَرَجَ

''جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے' تو یہ اچھی بات ہے' جو وضو پر اکتفاء کرلے' تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- علی بن محمد بن عبید- اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر- مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعبداللہ محمد بن مخلد- اسماعیل- مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید- احمد بن مقاتل (اور) اسحاق بن سہل رازی' ان دونوں نے- ادریس بن ابراہیم- حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(414)**- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِىْ

امام ابوحنیفہ نے- ابان بن ابوعیاش کے حوالے سے

(412) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (56) فی الطهارة: باب النفساء والحبلی تری الدم- والدارمی فی السنن" 183/1 (945) فی الطهارة: باب اذا اختلطت علی المرأة ایام حیضها .

(413) اخرجه عبدالرزاق (5313) فی الجمعة: باب الغسل یوم الجمعة والطیب والسواك- وعبد بن حمید (1077)- والبزار (629 کشف الاستار)- والهیثمی فی "مجمع الزوائد" 175/2

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ : مَنْ تَوَضَّاَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَبِهَا وَنِعْمَتْ وَمَنِ اغْتَسَلَ فَهُوَ اَفْضَلُ

روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص جمعہ کے دن وضو کرے' تو یہ کافی ہے اور ٹھیک ہے' لیکن جو شخص غسل کرے' تو یہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

•••———•••———•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوغنائم محمد بن علی بن حسن - ابوحسن محمد بن احمد بن محمد بن زرقویہ - ابوسہل محمد بن احمد بن زیاد - اسماعیل - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' اسی مضمون میں نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل احمد بن خیرون - ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن تو بہ قزوینی - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**من اغتسل يوم الجمعة فقد احسن ومن لم يغتسل فبها ونعمت**

''جو شخص جمعہ کے دن غسل کرلے تو یہ عمدہ ہے' اور جو غسل نہ کرے تو یہ بھی کافی ہے اور ٹھیک ہے''

انہوں نے یہ روایت احمد بن خیرون - ابن شاذان - ابونصر بن اشکاب - احمد بن جعفر - ادریس بن ابراہیم - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے' انہوں نے اپنی سند کے ساتھ (یہ روایت نقل کی ہے:)

**انه قال عليه الصلاة والسلام من توضا يوم الجمعة فبها ونعمت ومن اغتسل فالغسل افضل**

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص جمعہ کے دن (جمعہ کی نماز کے لیے' صرف) وضو کرلے' تو یہ بھی کافی ہے اور ٹھیک ہے' لیکن جو غسل کرے تو غسل زیادہ فضیلت رکھتا ہے''

انہوں نے یہ روایت عبدالملک بن عبدالقاہر - ابوحسن بن قشیش - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ حرانی - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - محمد بن حسن - امام ابوحنیفہ کے حوالے سے - ابان - حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے' انہی طرق سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت امام ابوحنیفہ - ابان - ابونضرہ کے حوالے سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کی ہے۔

ابن خسرو کہتے ہیں: کثیر سری احمد نے ہمیں حدیث بیان کی: ابوقاسم عبداللہ بن حسین بن محمد نے - ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف - محمد بن عبداللہ بن عتاب - اسماعیل بن ابوکثیر قاضی - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے: ابان نے - ابونضرہ کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے:

**قال عليه الصلاة والسلام من اغتسل يوم الجمعة فقد احسن ومن لم يغتسل فبها ونعمت**

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص جمعہ کے دن (جمعہ کی نماز کے لیے) غسل کرلے تو یہ عمدہ ہے' اور جو غسل نہ کرے تو یہ بھی کافی ہے اور ٹھیک ہے''

(414)- اخرجه الطحاوی فی'' شرح معانی الآثار'' 119/1- وابو یعلی (4082)- والطیالسی 143/1 (685)- والبزار 301/1 (628)- واورده الهیثمی فی'' مجمع الزوائد'' 175/2

# اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِیْ الْمِیَاهِ وَالنَّجَاسَاتِ

## چوتھی فصل: پانیوں اور نجاستوں کا بیان

(415)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةِ رَضِیَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: بِئْسَ الْبَیْتُ الْحَمَّامُ بَیْتٌ لَا یُسْتَرُ وَمَاءٌ لَا یُطَهِّرُ

امام ابوحنیفہ نے- عطاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''برا گھر حمام ہے' جو ایک ایسا گھر ہے' جس میں پردہ نہیں ہوتا اور ایسا پانی نہیں ہوتا' جو پاک ہو (یا پاک کرنے والا ہو)

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- صالح ترمذی- خضر بن ابان ہاشمی- مصعب بن مقدام کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(416)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: لَا یَبُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ فِی الْمَاءِ الدَّائِمِ ثُمَّ یَتَوَضَّأُ مِنْهُ

امام ابوحنیفہ نے- ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کوئی بھی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں ہرگز پیشاب نہ کرے کہ بعد میں وہ اُس سے وضو بھی کرلے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن منذر بن سعید ہروی- احمد بن عبداللہ کندی- ابراہیم بن جراح- امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت- عبیداللہ بن بکیر تمار- ابوبلال اشعری- امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل احمد ابن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی- ابوعبداللہ دوست علاف- قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک' ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(415) اخرجه الحصكفی فی '' مسند الامام'' (75)-والبیهقی فی '' شعب الایمان'' (7772) -والدیلمی فی'' مسند الفردوس'' (2149).

(416) اخرجه الحصكفی فی '' مسند الامام'' (42)-ومسلم (281)-وابن ماجة (343) فی الطهارة: باب النهی عن البول فی الراكد-واحمد 341/3-والبیهقی فی '' السنن الكبری'' 97/1--والطحاوی فی'' شرح معانی الآثار'' 141/1

(417)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم بن حبیب - محمد بن سیرین کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ يُّبَالَ فِى الْمَاءِ الدَّائِمِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کیا جائے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - علی بن محمد بن عثمان - ضرار - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت بن عقدہ - علی بن محمد بن سعید عوفی - امام ابویوسف - امام ابوحنیفہ - ہیثم - عامر کے حوالے سے - حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(418)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا كَانَ الدَّمُ قَدْرَ الدِّرْهَمِ اَوِ الْبَوْلِ اَوْ غَيْرِهٖ فَاَعِدْ صَلَاتَكَ وَاِنْ كَانَ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ فَامْضِ عَلٰى صَلَاتِكَ

''جب خون یا پیشاب یا کوئی اور نجاست درہم کی مقدار میں لگی ہوئی ہو (اور تم نے اس کپڑے میں نماز ادا کرلی ہو) تو تم اپنی نماز کو دہراؤ گے' لیکن اگر اس سے کم مقدار میں ہو' تو تم اپنی نماز کو جاری رکھو گے۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابو حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ يجزيه حتى يكون اكثر من قدر الدرهم الكبير المثقال فاذا كان كذلك لم تجز صلاته وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' یہ اس کے لیے اس وقت تک جائز ہوگا' جب تک وہ (نجاست) ایک مثقال والے بڑے درہم کی مقدار جتنی نہیں ہوتی' جب وہ اتنی ہو' تو (اس کے ہمراہ) آدمی کی نماز جائز نہیں ہوگی۔

(417) اخرجه الحصكفى فى" مسند الامام" (43)-والطحاوى فى" شرح معانى الآثار" 14/1-وابن حبان (1251)-والنسائى 49/1 فى الطهارة:باب الماء الدائم-واحمد 492/2-وابن ابى شيبة 141/1-وعبد الرزاق (300)-وابو عوانة 286/1

(418) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى" الآثار" (147) فى الصلاة:باب مايعاد من الصلاة وما يكره منها-وابن ابى شيبة 392/1 فى الصلاة:باب فى الرجل وفى ثوبه او جسده دم .

امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**419**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا:

متنِ روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ ذَاتَ يَوْمٍ فَجَاءَ تْ الْهِرَّةُ فَشَرِبَتْ مِنَ الْاِنَاءِ فَتَوَضَّاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْهُ وَشَرِبَ مَا بَقِيَ

امام ابوحنیفہ نے- شعبی - مسروق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا' اِسی دوران ایک بلی آئی اور (پانی کے) برتن میں سے پینے لگی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس پانی کے ذریعے وضو بھی کر لیا اور جو پانی بچا تھا' اُسے پی بھی لیا۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن منکدر- سعید ہروی- احمد بن عبداللہ کندی- ابراہیم بن جراح- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(**420**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبِ الْبَكْرِيِّ عَنْ عِكْرَمَةَ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متنِ روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَرَّ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ لِسَوْدَةَ فَقَالَ مَا عَلٰى اَهْلِهَا لَوْ اِنْتَفَعُوْا بِاِهَابِهَا قَالَ فَسَلَخُوْا جِلْدَ تِلْكَ الشَّاةِ فَجَعَلُوْهُ سِقَاءً افِي الْبَيْتِ حَتّٰى صَارَ شِنًّا

امام ابوحنیفہ نے- سماک بن حرب بکری - عکرمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر سیّدہ سودہ رضی اللہ عنہا کی مری ہوئی بکری کے پاس سے ہوا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کے مالکان اگر اس کی کھال کے ذریعے نفع حاصل کرتے تو انہیں کوئی حرج نہ ہوتا۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو اُن لوگوں نے اُس کی کھال اتاری اور اس کے ذریعے گھر میں ایک مشکیزہ بنایا (اور وہ اتنا استعمال کیا) کہ وہ پرانا ہو گیا (یعنی پرانا ہونے تک لوگ اُسے استعمال کرتے رہے)

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - محمد بن موسیٰ بن ابراہیم - اسماعیل بن یحییٰ - لیث بن حماد - ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

419) اخرجه الحصكفي في" مسند الامام" (44)-وابو يعلى (4951)-والبزار 144/1 (275)-والطحاوي في" شرح معاني الآثار" 19/1 في الطهارة:باب سؤر الهر-وابو داؤد (76) في الطهارة:باب سؤر الهرة .

(420) اخرجه الحصكفي في" مسند الامام" (79)-وابو يعلى (2334)-واحمد 327/1-والبيهقي في" السنن الكبرى" في الطهارة-وابن حبان (1281)-والطحاوي في" شرح معاني الآثار" 471/1

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن موسیٰ بن ابراہیم - اسماعیل بن یحییٰ - لیث بن حماد - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ صاحب کہتے ہیں: ابن اخشید نے اس روایت کو - ابن کاس - احمد بن حازم - ابوغرزہ - عبید بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے

421) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: اَيُّمَا اِهَابٌ دُبِغَ فَقَدْ طَهُرَ

امام ابوحنیفہ نے - سماک - عکرمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس بھی کھال کی دباغت کر لی جائے' وہ (دباغت کی وجہ سے) پاک ہو جاتی ہے۔

*** —— *** —— ***

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد قیراطی - اسماعیل بن یحییٰ - لیث بن حماد - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

422) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

متن روایت: اَنَّهٗ قَالَ ذَكَاةُ كُلِّ مِسْكٍ دِبَاغُهٗ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''ہر کھال کو پاک کرنے کا طریقہ اس کی دباغت ہے''۔

*** —— *** —— ***

**(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه**

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی نے یہ روایت - اپنے والد محمد - انہوں نے اپنے والد خالد بن خلی - محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

423) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے - ابراہیم

421) اخرجه الحصکفی فی " مسند الامام" (78) - والطحاوی " شرح معانی الآثار" 469/2 - وفی " شرح مشکل الآثار" 262/4 - وابن حبان (1287) - والبغوی فی " شرح السنة" (303) - ومالك فی " الموطأ" (17) فی الصید - والشافعی 23/1

422) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" (865) فی اللباس: باب لباس جلود الثعالب ودباغ الجلد عن عمر

اِبْرَاهِيمَ: نخعی کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّهُ رَاٰى عَلٰى حَمَّادٍ قَلَنْسُوَةَ ثَعَالِبَ وَكَانَ لَا يَرٰى بَاْسًا بِجُلُوْدِ النَّمِرِ

ایک مرتبہ انہوں نے حماد کے سر پر ثعالب (لومڑی) کی (کھال کی) بنی ہوئی ٹوپی دیکھی' وہ چیتے کی کھال (کو پہننے) میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

•••—•••—•••

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں اس روایت کو نقل کیا ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

(**424**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: كُلُّ شَيْءٍ مَنَعَ الْجِلْدَ مِنَ الْفَسَادِ فَهُوَ دَبَاغٌ

ہر وہ چیز جو کھال کو خراب ہونے سے بچالے' وہ دباغت (شمار) ہوتی ہے۔

•••—•••—•••

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں اس روایت کو نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**425**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: اِذَا اَصَابَ ثَوْبَكَ مِنَ الدَّمِ قَدْرَ الدِّرْهَمِ اَوْ اَقَلَّ اَجْزَاَكَ اَنْ تُصَلِّيَ فِيْهِ وَاِنْ كَانَ اَكْثَرَ مِنْ قَدْرِ الدِّرْهَمِ لَمْ يُجْزِئْكَ اَنْ تُصَلِّيَ فِيْهِ حَتّٰى تَغْسِلَهُ

جب تمہارے کپڑے پر درہم کی مقدار میں' یا اس سے کم خون لگ جائے' تو تمہارے لئے اس کپڑے میں نماز ادا کرنا جائز ہے' لیکن اگر وہ درہم کی مقدار سے زیادہ ہو' تو تمہارے لئے اس کپڑے میں نماز ادا کرنا' اس وقت تک جائز نہیں ہوگا' جب تک تم اسے دھو نہیں لیتے ہو''۔

•••—•••—•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن

(423) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار" (864) في اللباس: باب لباس جلود الثعالب ودباغ الجلد- وابن ابي شيبة (4909) في العقيقة: باب في لبس القلانس- وابن سعد في" الطبقات" 280/6

(424) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار" (866) في اللباس: باب لباس جلود الثعالب ودباغ الجلد- وعبد الرزاق 64/1 (194) في الطهارة: باب جلود الميتة اذا دبغت- وابن ابي شيبة 381/8 (4836) في العقيقة: باب في الفراء من جلود الميتة اذا دبغت- وابن سعد في" الطبقات" 281/6

(425) قد تقدم في (418) نحوه .

ابراہیم بن حبیس - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

425)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - ہمام بن حارث کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: لَقَدْ كُنْتُ اُفْرِكُهُ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے اُسے کھرچ دیا کرتی تھی۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن عیسیٰ رازی - فضل بن عباس - یحییٰ بن غیلان - عبداللہ بن زریع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبداللہ بن علی - احمد بن یعقوب - ابوسعید صغانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ تاہم انہوں نے اس کے آغاز میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

ان عائشة رضى الله عنها اضافت رجلاً وارسلت اليه ملحفة فالتحف بها بالليل فاصابته جنابة فغسل الملحفة كلها فبلغ عائشة فقالت ما اراد بغسل الملحفة انما كان يجزئه ان يفركه لقد كنت افركه عن ثوب رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ثم يصلى فيه

''سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک شخص کو مہمان کے طور پر ٹھہرایا' انہوں نے اس کو ایک لحاف بھجوایا' جو اس نے رات کو اوڑھ لیا' رات کے وقت اس کو جنابت لاحق ہوگئی' (جس کا نشان اس لحاف پر لگا) تو اس نے پورا لحاف دھو دیا' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس کی اطلاع ملی تو انہوں نے فرمایا: اس نے لحاف کو دھویا کیوں ہے؟ اس کے لیے اتنا ہی کافی تھا' کہ وہ اس سے (جنابت کے نشان کو) کھرچ دیتا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے اس کو کھرچ دیتی تھی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی کپڑے میں نماز ادا کر لیتے تھے''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں پہلے والے الفاظ کے ساتھ - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - قاضی ابوحسین بن مہتدی باللہ - ابوقاسم عبداللہ بن محمد بن جنادہ - ابوحسن محمد ابن عبداللہ - فضل بن عباس تستری - یحییٰ بن غیلان - عبداللہ بن زریع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

425) اخرجه الحصكفي في " مسند الامام" ( 76)-والطحاوي في " شرح معاني الآثار" 48/1-ومسلم ( 288) (...)-والترمذي ( 116)-وابو داؤد ( 371)-وابن ماجة ( 537)-واحمد 125/6-والبيهقي في " السنن الكبرى" 417/2 في الصلاة

(427)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِيْ السِّنَّوْرِ تَشْرَبُ مِنَ الْاِنَاءِ قَالَ هِيَ مِنْ اَهْلِ الْبَيْتِ لَا بَاْسَ بِاَنْ يَشْرِبَ فَضْلَهَا فَسَاَلَهُ اَيَتَطَهَّرُ بِفَضْلِهَا لِلصَّلٰوةِ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَرْخَصَ الْمَاءَ وَلَمْ يَامُرْهُ وَلَمْ يَنْهِهٖ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

اگر بلی کسی برتن میں سے پی لے تو اس کے بارے میں یہ فرماتے ہیں: یہ گھر میں آنے جانے والوں میں سے ہے اس کے بچائے ہوئے پانی کو پینے میں کوئی حرج نہیں ہے' سائل نے اُن سے سوال کیا: اُس کے بچائے ہوئے پانی کے ذریعے نماز کے لئے طہارت (وضو) حاصل کی جاسکتی ہے' انہوں نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے پانی کے بارے میں رخصت دی ہے نہ اس کے بارے میں کوئی حکم دیا ہے' اور نہ ہی اس سے منع کیا ہے۔

•••——•••——•••

(اخرجه)الامام محمد بن الحسن فی کتاب الآثار فرواه عن ابوحنیفة ثم قال محمد قال الامام ابوحنیفة غیره احب الی وان توضا به اجزاه قال محمد وکذلك شرب غیره احب الی وان توضا به اجزاه قال محمد وبقول ابی حنیفة ناخذ

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں' اس روایت کو نقل کیا ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: اس کے علاوہ دوسرا پانی میرے نزدیک زیادہ محبوب ہوگا البتہ اگر آدمی اس کے ساتھ وضو کر لیتا ہے تو یہ اس کے لیے جائز ہوگا' امام محمد فرماتے ہیں: اسی طرح اس کی بجائے کسی اور پانی کو پی لینا میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے' اور اگر آدمی اس کے ذریعے وضو کر لے تو یہ اس کے لیے جائز ہوگا' امام محمد فرماتے ہیں: ہم امام ابوحنیفہ کے قول کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

(428)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: لَا خَيْرَ فِيْ سُؤْرِ الْبَغْلِ وَالْحِمَارِ وَلَا يُتَوَضَّاُ بِسُؤْرِ الْبَغْلِ وَالْحِمَارِ وَيُتَوَضَّاُ بِسُؤْرِ الْفَرَسِ وَالْبِرْذَوْنِ وَالشَّاةِ وَالْبَعِيْرِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''خچر اور گدھے کے جوٹھے میں کوئی بھلائی نہیں ہے اور گدھے کے جوٹھے کے ذریعے وضو نہیں کیا جائے گا گھوڑے، برذون (ترکی گھوڑے)، بکری اور اونٹ کے جوٹھے کے ذریعے وضو کیا جاسکتا ہے۔

(427) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی'' الآثار'' (6) فی الطهارة: باب مایجزی من الوضوء -وعبد الرزاق (...) الطهارة: باب سؤر الدواب-وابن ابی شیبة 31/1 فی الطهارات: باب من رخص فی الوضوء بسؤر الهر .

(428) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی'' الآثار'' (7)-وعبد الرزاق (366) فی الطهارة: باب سؤر الدواب-وابن ابی شیبة 30/1 فی الطهارات: باب فی الوضوء بسؤر الحمار والکلب من کرهه .

اخرجه محمد فی الآثار فرواه عن ابو حنیفة وقال وبهذا كله ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں اس روایت کو نقل کیا ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس سب کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

429-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْهَيْثَمِ الصَّرَّافِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم صراف - محمد بن سیرین کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ يُّبَالَ فِی الْمَاءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يُغْتَسَلُ مِنْهُ اَوْ يُتَوَضَّأُ

نبی اکرم ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے کہ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کیا جائے اور پھر اس سے غسل کر لیا جائے یا اس سے وضو کیا جائے۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد ابن ابو مقاتل بزاز ہروی - محمد بن عثمان بن ابراہیم کوفی - ضرار - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

430-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ عَنْ الْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - بصرہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حسن بصری فرماتے ہیں:

متن روایت: لَا بَاْسَ بِبَوْلِ كُلِّ ذَاتِ كَرِشٍ

جگالی کرنے والے کسی بھی (جانور) کے پیشاب میں کوئی حرج نہیں ہے۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد كان ابو حنیفة یكرهه ویقول ان وقع فی وضوء افسد الوضوء وان اصاب الثوب منه شیء كثیر ثم صلی فیه اعاد الصلاة ثم قال محمد واما انا فلا اری به باساً لا یفسد ماءً ولا وضوءً ولا ثوباً

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ اس کو مکروہ قرار دیتے ہیں وہ فرماتے ہیں: اگر یہ وضو کے پانی میں گر جائے تو یہ پانی کو فاسد کر دے گا اور اگر اس کی زیادہ مقدار کپڑے پر لگ جائے اور آدمی اس کپڑے میں نماز ادا کر لے تو وہ اس نماز کو دہرائے گا پھر امام محمد

429) قد تقدم فی (417) .

430) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" (33) فی الطهارة: باب ابوال البهائم وغیرها—وعبد الرزاق (1483) فی الطهارة: باب ابوال الدواب وروثها—وابن ابی شیبة 115/1 فی الطهارات: باب فی بول البعیر والشاة یصیب الثوب .

فرماتے ہیں: البتہ میں اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتا ہوں' نہ تو یہ پانی کو فاسد کرتا ہے' نہ وضو (کے پانی) کو اور نہ ہی کپڑے کو (خراب کرتا ہے)۔

(431)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: فِيْ الرَّجُلِ يُصِيْبُ ثَوْبَهُ بَوْلُ الصَّبِيِّ قَالَ اِذَا لَمْ يَكُنْ اَكَلَ وَشَرِبَ اَجْزَاكَ اَنْ تُصِبَّ عَلَيْهِ الْمَاءَ صَبًّا

''جس شخص کے کپڑے پر بچے کا پیشاب لگ جاتا ہے' اس کے بارے میں وہ یہ فرماتے ہیں: جب وہ بچہ کچھ کھاتا' پیتا نہ ہو' تو تمہارے لئے یہ جائز ہو گا کہ تم اس جگہ پر کچھ پانی بہا دو۔

•••——•••——•••

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال واحب الینا ان یغسله غسلاً وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر فرماتے ہیں: ہمارے نزدیک زیادہ پسندیدہ یہ ہے کہ آدمی اس کو دھو لے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(432)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبٍ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- ہیثم بن حبیب- شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

متن روایت: اَرْبَعٌ لَا يُنَجِّسُهُنَّ شَيْءٌ اَلْمَاءُ وَالْاَرْضُ وَالثَّوْبُ وَالْجَسَدُ

چار چیزیں ایسی ہیں' جنہیں کوئی چیز نجس نہیں کرتی ہے: پانی، زمین، کپڑا' اور جسم۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- محمد بن مخلد- بشر بن موسیٰ- ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعلی حسین بن علی بن ایوب- قاضی ابوالعلاء محمد بن علی بن یعقوب واسطی- ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان- بشر بن موسیٰ- ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد

(431) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (35) في الطهارة: باب ابواب البهائم وغيرها .

(432) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (25) في الطهارة: باب مالاينجسه شيء- وعبد الرزاق (309) في الطهارة: باب الماء يمسه الجنب او يدخله- وابن ابي شيبة 173/1 في الطهارات: باب في مجالسة الجنب- والبيهقي في "السنن الكبرى" 267/1- والبغوي في "شرح السنة" 31/2

وتفسير ذلك عندنا ان ذلك اذا اصابه القذر فغسل ذلك عنه فلم يحمل قذراً وانما المعنى فى الماء عندنا اذا كان كثيراً او جارياً انه لا يحمل خبثاً والله اعلم

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے۔انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہمارے نزدیک اس کی وضاحت یہ ہے: (زمین، کپڑے اور جسم کا حکم یہ ہے) کہ جب ان پر نجاست لگ جائے پھر اس کو پانی کے ذریعے دھولیا جائے تو وہ نجس نہیں رہتے ہیں، جبکہ ہمارے نزدیک پانی کا حکم یہ ہے: جب وہ زیادہ ہو، یا بہہ رہا ہو تو وہ نجس نہیں ہوتا ہے، باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

# اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِيْ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَغَيْرِهِمَا

# پانچویں فصل: موزوں اور دیگر چیزوں پر مسح کرنے کا بیان

433- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متن روایت: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ فِى السَّفَرِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَلَمْ يُوَقِّتْ

امام ابوحنیفہ نے-عبد اللہ بن دینار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سفر کے دوران موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے، آپ نے اس کی کوئی مدت متعین نہیں کی ہے۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید - سلیمان بن عبید اللہ - مروان بن معاویہ فزاری کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

434- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمَرَةَ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِىءٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: يَمْسَحُ الْمُسَافِرُ عَلَى الْخُفَّيْنِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَلَيَالِيْهِنَّ وَالْمُقِيْمُ يَوْمًا وَلَيْلَةً

امام ابوحنیفہ نے-حکم بن عتیبہ - قاسم بن مخیمرہ - شریح بن ہانی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مسافر شخص تین دن اور تین راتوں تک موزوں پر مسح کرے گا اور مقیم شخص ایک دن اور ایک رات تک کرے گا''۔

---

433- اخرجه الحصكفى فى" مسند الامام" (64)-والدار قطنى 196(12)-وعبد الرزاق (763) و(804)-والبيهقى فى" السنن الكبرى" 280/1-موقوفاً على ابن عمر رضى الله عنهما

434- اخرجه الحصكفى فى" مسند الامام" (55)-وابن حبان (1322)-وابن خزيمة (195)-وابن شيبة 177/1 فى الطهارة واحمد 113/1-ومسلم (276) فى الطهارة-وابو عوانة 361/1-والبيهقى فى" السنن الكبرى" 272/1

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن منذر بن سعید ہروی - احمد بن عبداللہ کندی - ابراہیم بن جراح - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن منذر بن بکر بلخی - ابراہیم بن یوسف کوفی (اور) محمد بن یزید - مسیّب بن اسحاق - افلح بن محمد (اور) احمد بن محمد - احمد بن عبداللہ بن زیاد - ایوب بن سلیمان (-) عبداللہ بن احمد طواویسی - محمد بن کامل ان سب نے - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

ان شريح بن هانى قال سالت عائشة رضى الله عنها ايمسح على الخفين فقالت ائت علياً فاساله فانه كان يسافر مع النبى صلى الله عليه وآله وسلم قال شريح فاتيت علياً فسالته فقال ......الحديث

شریح بن ہانی بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: کیا موزوں پر مسح کیا جاسکتا ہے؟ انہوں نے فرمایا: تم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس جا کر ان سے (اس بارے میں) دریافت کرو' کیونکہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کرتے رہے ہیں' شریح بیان کرتے ہیں: میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے سوال کیا...... (الحدیث)

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبدالرحمٰن اصفہانی سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: ابوحامد احمد بن رستہ کے سامنے یہ روایت پڑھی گئی اور میں اس وقت وہاں موجود تھا' - یہ روایت محمد بن مغیرہ نے - حکم بن ایوب - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد قیراطی - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبداللہ - ابراہیم بن مسعدہ - ابومقاتل کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - عبدالوہاب بن عبدالرحمٰن بن شیبہ سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا شیبہ بن عبدالرحمٰن بن اسحاق کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے (وہ بیان کرتے ہیں:) امام ابوحنیفہ نے ہمیں حدیث بیان کی' یہ روایت اسد بن عمرو کی نقل کردہ روایت کی مانند ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے' مکمل حدیث کے طور پر نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - عبدالرحمٰن بن یوسف - احمد بن خلف - قاسم بن حکم - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعبداللہ احمد بن حسین کرخی - حسین بن شبیب مؤذن - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ

سے روایت کی ہے۔

435)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْحُكْمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ :

متنِ روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

امام ابوحنیفہ نے ۔حکم بن عتیبہ ۔ابن ابولیلیٰ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت بلال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موزوں پر مسح کیا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت ۔صالح بن ابورمیح ۔ابوبکر محمد بن خلف بن ایوب ۔انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے ۔اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

436)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

متنِ روایت: اَنَّهُ قَالَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ لِلْمُقِيْمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ وَلِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ وَلَيَالِيْهِنَّ لَا يَنْزِعُ خُفَّيْهِ اِنْ شَاءَ اِذَا لَبِسَهُمَا وَهُوَ مُتَوَضِّئٌ

امام ابوحنیفہ نے ۔حماد بن ابوسلیمان ۔ابراہیم نخعی ۔ابوعبد اللہ جدلی ۔حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: مقیم کے لئے اس کی مدت ایک دن اور ایک رات ہے اور مسافر کے لئے تین دن اور تین راتیں ہے اگر وہ چاہے تو اس دوران وہ موزے نہ اتارے بشرطیکہ جب اُس نے موزے پہنے ہوں اُس وقت وہ باوضو حالت میں ہو۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت ۔عبدالصمد بن فضل (اور) حمدان بن ذی نون بلخی (اور) احید بن حسین یمانی سے ان سب نے ۔مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابومحمد بخاری بیان کرتے ہیں: مکی (بن ابراہیم) فرماتے ہیں: سعید بن ابوعروبہ نے ۔ابومعشر کے حوالے سے ۔ابراہیم نخعی سے اس کی مانند روایت ہمیں بیان کی ہے۔

بخاری نے یہ روایت ۔ابوسعید فراء ۔علی بن مصعب ۔خارجہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

435- اخرجه ابن ابی شیبة 22/1 فی الطهارة: من كان یری المسح علی العمامة-ومسلم 231/1 (84)-والطبرانی (1080)-واحمد 12/6-والنسائی فی" الصغری" ( 104)-والبزار فی " المسند" ( 1358)-وابن خزیمة (185)-والبیهقی فی" السنن الکبری" 61/1

436- اخرجه الحصکفی فی " مسند الامام" (65)-والطحاوی فی" شرح معانی الآثار" 81/1-وابن خزیمة (1332)-والطبرانی فی" الکبیر" (3757)-والحمیدی (437)-واحمد 213/5-وابو عوانة 262/1

انہوں نے یہ روایت ایوب بن اسحاق سرخسی - ابواسحاق بن ابراہیم - مغیث بن بدیل - خارجہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن ابوصالح بلخی - احمد بن یعقوب بلخی - اصرم بن حوشب ہمدانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد اصفہانی - اسحاق بن ابراہیم بن صالح اصفہانی - محمد بن منصور کرمانی - حسان بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ اور ابراہیم صائغ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانیسے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابومحمد جوہری - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - قاضی ابوحسین بن مہتدی باللہ - ابوقاسم عبیداللہ بن احمد بن علی صیدلانی - ابوبکر عبد اللہ بن محمد نیشاپوری - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**437**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ:

متن روایت: اَنَّهُ رَاَى جَرِيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ فَسَاَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَصْنَعُهُ وَاِنَّمَا صَحِبْتُهُ بَعْدَ نُزُوْلِ سُوْرَةِ الْمَائِدَةِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ہمام بن حارث بیان کرتے ہیں:

انہوں نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے وضو کرتے ہوئے موزوں پر مسح کرلیا' ہمام نے اُن سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے اور میں سورۂ مائدہ نازل ہونے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔

••• ——— ••• ——— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن منذر بن سعید ہمدانی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - عبدالکریم - دارقطنی - قاضی حسین بن حسین انطاکی - ابوعلی احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ - حماد - ابراہیم کے حوالے

(437) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (12)-والحصكفي في "مسند الامام" (58) و(59)-وابن حبان (1335)-وعبد الرزاق (756)-والحميدي (797)-والطيالسي 55/1-وابن ابي شيبة 176/1-واحمد 358/4-والبخاري (382) في الصلاة: باب الصلاة في الخفاف

سے اس شخص سے روایت کی ہے، جس نے حضرت جریر (بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ) کو دیکھا تھا۔

438)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ الشَّعْبِيِّ عَنْ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَّةٌ ضَيِّقَةُ الْكُمَّيْنِ فَاَخْرَجَ يَدَيْهِ مِنْ تَحْتِهَا فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کے جسم پر شامی جبہ تھا جس کی آستینیں تنگ تھیں تو آپ نے نیچے کی طرف سے بازو باہر نکالے اور وضو کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے موزوں پر مسح کیا۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل - حسن بن محمد صباح زعفرانی - اسد بن عمرو کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن احمد - حسن بن صباح - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے، تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**وضات رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وعليه جبة شامية ضيقة الكمين فاخرج يديه من جنبها فتوضا ومسح على خفيه**

"میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کروایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تنگ آستینوں والا جبہ پہنا ہوا تھا، تو آپ نے اس کے پہلو میں سے انہیں (یعنی بازو) باہر نکال کر وضو کیا، اور آپ نے (اس وضو میں) اپنے موزوں پر مسح کیا"۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوسعید محمد بن عبدالملک بن عبدالقاہر - ابوحسن علی بن محمد بن حسن - ابوبکر محمد بن عبداللہ ابہری - ابوعروبہ حسن بن محمد حرانی - انہوں نے اپنے دادا عمرو بن ابوعمرو - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے، اسی مفہوم میں، روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسین مبارک بن عبدالجبار - ابومحمد حسن جوہری - حافظ محمد بن مظفر - ابوحسن علی بن احمد بن سلیمان - محمد بن حجاج - علی بن معبد - محمد بن حسن کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابومظفر ہناد بن نسفی - ابوحسین محمد بن حسین بن محمد قطان - ابوعمرو عثمان بن احمد بن عبداللہ بن سماک - حسن بن سلام - عیسیٰ بن ابان - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے

438) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (11) في الطهارة: باب المسح على الخفين - والحصكفي في "مسند الامام" (60) - والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 83/1 في الطهارة: باب المسح على الخفين - والبيهقي في "السنن الكبرى" 1/92 - وابوداؤد (149) في الطهارة: باب المسح على الخفين .

روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابوبکر خطیب بغدادی - حسین بن عمر بن برہان غزال - عثمان بن احمد دقاق - حسین بن سلام - عیسیٰ بن ابان بن صدقہ - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ - حماد - شعبی - ابراہیم - مغیرہ بن شعبہ - انہوں نے اپنے والد حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

(**439**)- <u>سندروایت</u>: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبِ الصَّيْرَفِيِّ عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِيِّ عَنْ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم بن حبیب صیرفی - عامر شعبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

<u>متن روایت</u>: اَنَّهٗ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَّةٌ ضَيِّقَةُ الْكُمَّيْنِ فَاَخْرَجَ يَدَيْهِ مِنْ اَسْفَلِ جُبَّتِهٖ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں پر مسح کیا' آپ نے شامی جبہ پہنا ہوا تھا' جس کی آستینیں تنگ تھیں' تو آپ نے جبے کے نیچے سے دونوں بازو باہر نکالے (اور انہیں دھویا)

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - حسین بن ایوب - یحییٰ بن محمد بن علی - انہوں نے اپنے نانا محمد بن ابراہیم - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے

ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالمعالی ثابت بن بندار - حسن بن حسین بن عباس بغالی - محمد بن حسن بن یقطینی - یحییٰ بن علی بن محمد بن ہاشم - ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم بن ابوسکینہ - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**440**)- <u>سندروایت</u>: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللهِ الْجَدَلِيِّ عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - ابوعبداللہ جدلی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

<u>متن روایت</u>: اَنَّهٗ قَالَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ

موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

(439) قد تقدم —وهو حديث سابقه .

(440) قد تقدم في (436) .

لِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ وَلِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ فرمایا ہے: مقیم کے لئے اس کی مدت ایک دن اور ایک رات ہے جبکہ مسافر کے لئے تین دن اور تین راتیں ہیں۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - زکریا بن یحییٰ بن کثیر اصفہانی - احمد بن عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن مغیرہ - حکم - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بلخی - عبیداللہ بن یعیش - یونس بن بکیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - یوسف بن موسیٰ - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب بن اسحاق - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم اس کے آخر میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

لا ينزع خفيه اذا لبسهما وهما طاهران

''موزوں کو (وضو کرتے ہوئے) اتارا نہیں جائے گا' جبکہ آدمی نے باوضو حالت میں انہیں پہنا ہو''۔

انہوں نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - عبداللہ بن احمد بن بہلول سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا اسماعیل بن حماد کی تحریر میں ہے میں نے اس میں پڑھا ہے (وہ بیان کرتے ہیں:) میرے والد اور قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

اسماعیل بن حماد بیان کرتے ہیں: محمد بن ابان اور روح بن مسافر نے حماد کے حوالے سے بالکل اسی کی مانند روایت مجھے بیان کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حمزہ نیشاپوری - حماد بن حکیم طالقانی - خلف بن یاسین زیات کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابومقاتل - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ عبدالحمید حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید کوفی - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن ابورمیح سے ان کی تحریر کے حوالے سے - حسن بن علی حداد - زید بن حباب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوغنائم محمد بن علی بن حسین بن ابوعثمان - ابوحسن محمد بن احمد بن محمد بن زرقویہ - ابوسہل احمد بن محمد بن زیاد - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن زیاد تک اسی سند کے ساتھ اسماعیل - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے

روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار - ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن خیرون - ابوطالب محمد بن حسن بن احمد - ابوبکر بن مالک قطیعی - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوطالب محمد بن علی بن فتح عشاری - ابوبکر احمد بن ابراہیم بن شاذان - ابوعبداللہ محمد بن علی بن اسماعیل حافظ ایلی - اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر قاضی - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب - حسن بن حسین بغالی - عبیداللہ بن محمد بن احمد بزاز - محمد بن محمد - ابویعقوب اسحاق بن ابراہیم بن صالح اصفہانی - محمد بن منصور - حسان بن ابراہیم کرمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**441**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ الشَّعْبِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِي مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ عَنْ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّهٗ خَرَجَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ فَلَمْ يَنْزَعْهُمَا ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - شعبی - ابراہیم بن ابوموسیٰ اشعری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرتے ہوئے موزوں پر مسح کیا، آپ نے انہیں اُتارا نہیں اور پھر آپ نے کھڑے ہو کر نماز ادا کی۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - یوسف بن موسیٰ - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب بن اسحاق - انہوں نے اپنے دادا شعیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد - انہوں نے اپنے چچا سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے، لیکن دوسرے لفظوں میں نقل کی ہے۔

عن المغيرة انه خرج مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فى سفر فانطلق نبى الله صلى الله عليه وآله وسلم فقضى حاجته ثم رجع وعليه جبة له رومية ضيقة الكمين فرفعها رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من ضيق كميها وكنت اصب يعنى على رسول الله صلى الله عليه وآله

(441) قد تقدم فى (438).

وسلم الماء فتوضا وضوء ه للصلوة ومسح علی خفیه ولم ینزعهما

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (ایک طرف) تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قضائے حاجت کی' پھر آپ واپس تشریف لائے' آپ نے تنگ آستینوں والا ایک رومی جبہ پہنا ہوا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی آستینوں کی تنگی کی وجہ سے اس کو اوپر کیا (اور اس کے نیچے سے بازو دھونے کے لیے باہر نکالے) میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے پانی انڈیلتا رہا' آپ نے نماز کے وضو کا سا وضو کیا' اور موزوں پر مسح کر لیا' آپ نے ان (موزوں) کو اتارا نہیں۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - یوسف بن موسیٰ - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد - انہوں نے اپنے دادا شعیب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' جو دوسری روایت کے الفاظ کی مانند ہے' تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

اصب الماء علیه من اداوة

میں برتن میں سے آپ کے لیے پانی انڈیلتا رہا۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم اس کے آخر میں انہوں نے یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

ثم تقدم وصلی

''پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی''

انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن بشر - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔' مکی نے حماد کا ذکر نہیں کیا بلکہ یہ کہا ہے: امام ابوحنیفہ نے شعبی کے حوالے سے ہمیں حدیث بیان کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن محمد اسدی - ابوعلی ختویہ بن مرزبان مولیٰ بنی ہاشم - مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن یوسف سمنانی - عمار بن خالد - محمد بن ربیعہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے مختصر طور پر نقل کی ہے' (جس کے الفاظ یہ ہیں:)

ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم توضا ومسح علی خفیه

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرتے ہوئے' موزوں پر مسح کیا''۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوطالب بن یوسف - ابومحمد جوہری - ابوبکر ابہری - ابوعروبہ حسن بن محمد حرانی - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے' اسی مفہوم میں روایت کی ہے۔

442)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ

سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ:
متن روایت: اِخْتَلَفَ عَبْدُ اللهِ بْنِ عُمَرَ وَسَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ سَعْدٌ اَمْسَحُ وَقَالَ عَبْدُ اللهِ مَا يُعْجِبُنِيْ وَقَالَ سَعْدٌ اَمْسَحُ فَاجْتَمَعَا عِنْدَ عُمَرَ فَقَالَ عُمَرُ عَمُّكَ اَفْقَهُ مِنْكَ سُنَّةً

روایت نقل کی ہے: سالم بن عبداللہ بن عمر بیان کرتے ہیں
ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے درمیان موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں اختلاف ہوگیا' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تو مسح کرتا ہوں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے یہ پسند نہیں ہے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: لیکن میں تو مسح کرتا ہوں' یہ دونوں جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس اکٹھے ہوئے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے) فرمایا: تمہارے چچا (حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) سنت کا تم سے زیادہ علم رکھتے ہیں۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا - انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**443**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي ضَرَارٍ قَالَ:
متن روایت: صَحِبْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِيْ سَفَرٍ فَاَتَتْ عَلَيْهِ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ وَلَيَالِيْهِنَّ لَا يَنْزِعُ خُفَّيْهِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - محمد بن عمرو بن حارث کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: عمرو بن حارث بن ابوضرار بیان کرتے ہیں:
میں ایک سفر میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا' تو انہوں نے تین دن اور تین راتوں تک موزے نہیں اتارے۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(442) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار " ( 8)-والحصكفي في "مسند الامام ( 63)-واحمد 15/1-والبيهقي في "السنن الكبرى" 269/1-والبخاري ( 202) باب المسح على الخفين-والنسائي 82/1 باب المسح على الخفين-وابن ماجه (546) باب المسح على الخفين-والطبراني في " الكبير " (86)-وعبد الرزاق (760) .

(443) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار " ( 13) في الطهارة:باب المسح على الخفين-والطحاوي في " شرح الآثار" 84/1 في الطهارة:باب المسح على الخفين كم هو؟وعبد الرزاق ( 800) في الطهارة:باب كم يمسح على الخفين؟والبيهقي في " السنن الكبرى " 277/1-والطبراني في "الكبير " (9241) .

444)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ :

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے ابراہیم نخعی کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ کَانَ یَمْسَحُ عَلَی الْخُفَّیْنِ

''وہ موزوں پر مسح کرلیا کرتے تھے۔''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

445)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی الْجَهْمِ الْقَرَشِیِّ الْعَوْفِیِّ الْکُوْفِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوبکر عبداللہ بن ابوجہم قرشی عوفی کوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

رَاَیْتُ سَعْدًا یَمْسَحُ فَقُلْتُ مَا هٰذَا فَقَالَ سَلْ عُمَرَ فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذٰلِکَ

میں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو (موزوں پر) مسح کرتے ہوئے دیکھا' تو میں نے دریافت کیا: یہ کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: تم حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کرنا' میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ بن حسین کرخی - حسن بن شبیب - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے'

حافظ صاحب کہتے ہیں: محمد بن حسن اور اسد بن عمرو نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن نے اس کو ''الآثار'' میں' اور اپنے نسخہ میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

446)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ :

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد - سلیمان بن بریدہ - ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

---

444) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی" الآثار" (14) فی الطهارة: باب المسح علی الخفین - وعبد الرزاق (780) فی الطهارة: باب المسح علی الجوربین - وابن ابی شیبة 190/1 فی الطهارات: باب المسح علی الجرموقین .

445) قد تقدم فی (442) .

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَصَلّٰى خَمْسَ صَلَوَاتٍ

نبی اکرم ﷺ نے وضو کرتے ہوئے موزوں پر مسح کیا (اس وضو کے ساتھ) پانچ نمازیں ادا کیں۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح سے ان کی تحریر کے حوالے سے - حم بن نوح - ابویحیٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**447**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا تَوَضَّاَ الرَّجُلُ يَمْسَحُ عَلٰى خُفَّيْهِ ثُمَّ يَخْلَعُهُمَا فَاِنَّمَا يَغْسِلُ رِجْلَيْهِ

جب کوئی شخص وضو کرتے ہوئے موزوں پر مسح کرے انہیں اتار لے تو اب وہ اپنے پاؤں دھوئے گا۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوغنائم محمد بن علی - ابوحسن محمد بن احمد بن زرقویہ - ابوسہل بن زیاد - حامد بن خلیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**448**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ:

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد - ابن بریدہ - ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ صَلّٰى خَمْسَ صَلَوَاتٍ بِوُضُوْءٍ

نبی اکرم ﷺ نے فتح مکہ کے دن پانچ نمازیں ایک وضو کے ساتھ ادا کی تھیں (اور اُس وضو میں) آپ نے موزوں

(446) اخرجه الحصكفی فی '' مسند الامام'' (56) - والطحاوی فی '' شرح معانی الآثار'' 41/1 - ومسلم (277) - واحمد 351/5 - وابوداؤد (172) - والترمذی (61) - وابن ماجة (510) - وابن ابی شیبة 177/1 (9) - والبیهقی فی '' السنن الكبری'' 162/1

(447) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی '' الآثار'' (15) فی الطهارة: باب المسح علی الخفین - وعبد الرزاق (812) فی الطهارة: باب نزع الخفین - وابن ابی شیبة 187/1 فی الطهارة: باب فی الرجل یمسح علی خفیه ثم یخلعهما - والبیهقی فی '' الكبریٰ'' 290/1

(448) قد تقدم فی (446).

وَاحِدٍ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ مَا رَاَيْنَاكَ صَنَعْتَ هٰذَا قَبْلَ الْيَوْمِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَمَدًا صَنَعْتُهُ يَا عُمَرُ

مسح کیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی: آج سے پہلے ہم نے آپ کو ایسا کرتے ہوئے نہیں دیکھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر! میں نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ عبدالحمید حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

449)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ :

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: فِي الرَّجُلِ اِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ قَالَ يَمْسَحُ عَلَى الْجَبَائِرِ

جو شخص غسل جنابت ادا کرنے لگے' اس کے بارے میں ابراہیم نخعی یہ فرماتے ہیں: وہ پٹی پر مسح کرے گا۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة قال محمد رحمه الله وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة وان كان يخاف من مسحه علی الجبائر ترك ان شاء واجزاه وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' اگر اس کو پٹی پر مسح کرنے سے (زخم کے خراب ہو جانے کا) اندیشہ ہو' تو اگر وہ چاہے تو اس کو ترک کر دے' یہ اس کے لیے جائز ہوگا' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

450)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ اَبِي الْمُخَارِقِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَنْ سَمِعَ جَرِيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيَّ:

امام ابوحنیفہ نے - عبدالکریم بن ابومخارق - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: مجھے اس شخص نے یہ روایت بیان کی ہے: جس نے حضرت جریر بن عبد اللہ بجلی رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے:

متن روایت: يَقُوْلُ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سورۂ مائدہ نازل ہونے کے

449) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی" الآثار" (30) فی الطهارة: باب الوضوء لمن به قروح -وعبد الرزاق (622) فی الطهارة: باب المسح علی العصائب والجروح -وابن ابی شيبة 1361 فی الطهارة: باب فی المسح علی الجبائر -والبيهقی فی" السنن الكبری" 229/1

450) قد تقدم فی (437) .

عَـلَيْـهِ وَآلِـهٖ وَسَـلَّـمَ يَـمْـسَـحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَمَا اُنْزِلَتْ سُوْرَةُ الْمَائِدَةِ

بعد موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابواسامہ زید بن یحییٰ فقیہ بلخی - حسن بن عمر بن شقیق - نوح بن دراج کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوعبداللہ احمد بن حسین کرخی - حسین بن شبیب مؤذن - امام قاضی ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - احمد ابن سلیمان بن عمر عطار - بشر بن ولید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم

اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

وكان اسلامی بعد نزول المائدة

میں نے سورہ مائدہ نازل ہونے کے بعد اسلام قبول کیا تھا۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: زفر ابیض ابن اغر اور عبداللہ بن زبیر نے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

**(451)** - سند روایت: (اَبُـوْ حَـنِـيْـفَةَ) عَـنِ الْهَيْـثَمِ الـصَّـوَّافِ عَـنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم صواف - (ابن شہاب) زہری - عروہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں پر مسح کیا۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن عبداللہ - عبداللہ بن محمد جو محمد بن ابراہیم بن ابوسکینہ کے بھانجے ہیں - انہوں نے اپنے چچا محمد بن ابراہیم - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - اپنے والد ابوطاہر عبدالباقی بن محمد بن عبداللہ - ابوحسن علی بن عبدالعزیز طاہری - ابوجعفر محمد بن حسن بن علی بن محمد یقطینی - ابوعباس یحییٰ بن علی بن محمد بن ہاشم - ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم بن ابوسکینہ - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

(451) قد تقدم فی (438) .

452)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقِ الثَّوْرِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللهِ الْجَدَلِيِّ عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ :

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ وَلَيَالِيْهِنَّ وَلِلْمُقِيْمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

امام ابوحنیفہ نے -سعید بن مسروق ثوری - ابراہیم تیمی - عمرو بن میمون - ابوعبداللہ جدلی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے موزوں پر مسح کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مسافر کے لئے اس کی مدت تین دن اور تین راتیں ہے اور مقیم کے لئے ایک دن اور ایک رات ہے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح سے ان کی تحریر کے حوالے سے - ابوعلی حسن بن علی حداد - زید بن حباب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

453)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ هِشَامِ بْنِ عَائِذِ بْنِ نَصِيْبٍ الْاَسَدِيِّ الْكُوْفِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ يَدْخُلُ الْحَمَّامَ وَعَلَيْهِ خُفَّاهُ ثُمَّ يَخْرُجُ فَيَمْسَحُ عَلَيْهِمَا

امام ابوحنیفہ نے - ہشام بن عائذ بن نصیب اسدی کوفی کے حوالے سے ابراہیم نخعی کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

وہ حمام میں داخل ہوئے انہوں نے موزے پہنے ہوئے تھے جب وہ باہر آئے تو انہوں نے اُن پر مسح کرلیا۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - حسن بن جعفر بن مدرار - انہوں نے اپنے چچا - خارجہ بن مصعب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

454)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِي الْجَهْمِ عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

متن روایت: قَدِمْتُ عَلٰى غَزْوٍ فِيْ الْعِرَاقِ فَاِذَا سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقُلْنَا لَهٗ مَا هٰذَا فَقَالَ يَا ابْنَ عُمَرَ اِذَا قَدِمْتَ عَلٰى اَبِيْكَ فَسَلْهُ عَنْ ذٰلِكَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَاَتَيْتُهٗ فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ

امام ابوحنیفہ نے - ابوبکر بن ابوجہم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

میں ایک جنگ میں حصہ لینے کے لئے عراق آیا تو وہاں حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہم نے ان سے دریافت کیا: یہ کیا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: اے ابن عمر! جب تم اپنے والد کے پاس جاؤ گے تو اُن سے اس بارے میں دریافت کرنا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے

---

452- قد تقدم فی (436) .

453- اخرجه ابن ابی شیبة 482/1 فی الطهارة: باب المسح علی الخفین

454- قد تقدم فی (442) .

فَمَسَحْنَا

ہیں: جب میں اُن کے پاس آیا اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے' تو ہم بھی (وضو کرتے ہوئے موزوں پر) مسح کر لیتے ہیں۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوعبداللہ محمد بن منذر راعمش بلخی - ابراہیم بن یوسف - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد اصفہانی - احمد بن رستہ - محمد بن مغیرہ - حکم بن ایوب - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن منصور بن نصر صغانی - ابوسعید صغانی اور ابومقاتل سمرقندی سے نقل کی ہے' تاہم اس کے آخر میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**قال عمر عمك افقه منك راينا رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم يمسح فمسحنا**

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے چچا (دینی احکام کے بارے میں) تم سے زیادہ سمجھ بوجھ رکھتے ہیں' ہم نے نبی اکرم ﷺ کو (موزوں پر) مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے' تو ہم بھی مسح کرتے ہیں۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوطالب بن یوسف - ابومحمد جوہری - ابوبکر محمد بن عبداللہ ابہری - ابوعروبہ حرانی - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

**(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فى كتاب الآثار فرواه عن ابى حنيفة**

**(واخرجه) رحمه الله ايضاً فى نسخته فرواه (عن) الامام ابو حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابن حنيفة رضى الله عنه وعنا به وعن جميع المسلمين آمين**

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں' اس روایت کو نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اسے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔۔ پھر امام محمد فرماتے ہیں: اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

# اَلْبَابُ الْخَامِسُ فِیْ الصَّلَاةِ

# پانچواں باب: نماز کے بارے میں روایات

وَاَنَّهٗ یَشْتَمِلُ عَلٰی سَبْعَةِ فُصُوْلٍ

یہ سات فصول پر مشتمل ہے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ مَوَاقِیْتِ الصَّلَاةِ وَالْقِبْلَةِ وَفِیْ الْاَذَانِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ فِیْ الْقِرَاءَةِ وَالْقُنُوْتِ وَاِخْفَاءِ الْبَسْمَلَةِ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِیْ تَرْكِ رَفْعِ الْیَدَیْنِ عِنْدَ الرُّكُوْعِ وَرَفْعِ الرَّاْسِ وَمَا یُفْسِدُ الصَّلَاةَ وَسَتْرِ الْعَوْرَةِ

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِیْ الْجُمُعَةِ وَالْعِیْدَیْنِ وَالسُّنَنِ وَالنَّوَافِلِ

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِیْ هَیْئَتِهَا وَالشَّكِّ فِیْهَا وَشَرَائِطِ وُجُوْبِهَا

اَلْفَصْلُ السَّادِسُ فِیْ الْجَمَاعَةِ وَآدَابِ الْاِمَامِ وَمَا یُكْرَهُ فِیْ الْمَسْجِدِ

اَلْفَصْلُ السَّابِعُ فِیْ الْجَنَائِزِ

پہلی فصل نماز کے اوقات، قبلہ اور اذان کے بارے میں ہے۔

دوسری فصل قرأت، قنوت اور بسم اللہ کو پست آواز میں پڑھنے کے بارے میں ہے۔

تیسری فصل رکوع میں جاتے ہوئے اور سر اٹھاتے ہوئے رفع یدین نہ کرنے کے بارے میں ہے اور جو چیزیں نماز کو فاسد کر دیتی ہیں اور ستر عورت کے بارے میں ہے۔

چوتھی فصل جمعہ، عیدین، سنتوں اور نوافل کے بارے میں ہے۔

پانچویں فصل اس کی ہیئت، اس میں شک ہو جانے، اس کے وجوب کی شرائط کے بارے میں ہے۔

چھٹی فصل جماعت، امام کے آداب اور مسجد میں جو چیزیں مکروہ ہیں ان کے بارے میں ہے۔

ساتویں فصل جنائز کے بارے میں ہے۔

# اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ مَوَاقِیْتِ الصَّلَاةِ وَالْقِبْلَةِ وَفِی الْاَذَانِ

## پہلی فصل: نماز کے اوقات، قبلہ اور اذان کا بیان

(455)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهٗ عَنْ وَقْتِ الصَّلَاةِ فَاَمَرَهٗ اَنْ یَحْضُرَ الصَّلَوَاتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَمَرَ بَلَالاً اَنْ یَبْکُرَ بِالصَّلَوَاتِ کُلِّهِنَّ ثُمَّ اَمَرَهٗ فِی الْیَوْمِ الثَّانِیْ اَنْ یُؤَخِّرَ الصَّلَوَاتِ کُلَّهَا ثُمَّ قَالَ اَیْنَ السَّائِلُ عَنِ الْوَقْتِ وَقْتُ الصَّلَوَاتِ مَا بَیْنَ هٰذَیْنِ الْوَقْتَیْنِ

امام ابوحنیفہ نے حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے نماز کے وقت کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے اسے یہ ہدایت کی کہ وہ تمام نمازیں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ادا کرے پھر آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ تمام نمازوں کے لئے جلدی کریں دوسرے دن آپ نے انہیں حکم دیا کہ وہ تمام نمازیں تاخیر سے ادا کریں پھر آپ نے ارشاد فرمایا: (نمازوں کے) وقت کے بارے میں سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ ان دو اوقات کے درمیان میں نمازوں کا وقت ہوتا ہے۔''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ والمغرب وغیرها فی هذا سواء الا انه یکره تاخیرها اذا غابت الشمس وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' اس حوالے سے مغرب اور دیگر نمازوں کا حکم ایک جیسا ہے' تاہم (ایک حوالے سے مغرب کا حکم مختلف ہے) کہ جب سورج غروب ہو جائے تو اس میں تاخیر مکروہ ہے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(455) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی''الآثار'' (65) فی الصلاة :باب مواقیت الصلاة-ومسلم (613) فی المساجد ومواضع الصلاة: باب اوقات الخمس-وابو داؤد (395) فی الصلاة:باب فی المواقیت الصلاة-والترمذی(115) فی الصلاة-وابن ماجة(667) فی الصلاة:مواقیت الصلاة-واحمد 349/5

456)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَبْرِدُوْا بِالظُّهْرِ فَاِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

''ظہر کی نماز کو ٹھنڈا کر کے ادا کرو' کیونکہ گرمی کی شدت جہنم کی تپش کا حصہ ہے۔''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةثم قال محمد یؤخر الظهر فی الصیف حتی یبرد بها ویصلی فی الشتاء حین تزول الشمس وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: گرمی کے موسم میں آدمی ظہر کی نماز کو اتنا مؤخر کرے گا' کہ اس کو ٹھنڈے وقت میں ادا کرے' جبکہ سردیوں میں' آدمی اس کو سورج ڈھل جانے کے (بعد' تاخیر کے بغیر' جلدی) ادا کرلے گا' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

457)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے -حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ نَظَرَ اِلَى الشَّمْسِ حِيْنَ غَرَبَتْ قَالَ هٰذَا حِيْنَ دَلَكَتْ

''جب سورج غروب ہوا تو انہوں نے سورج کی طرف دیکھا اور فرمایا: یہ وہ وقت ہے' جس میں یہ ڈوب جاتا ہے۔''

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

458)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - ابوعبد اللہ جدلی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كُنَّا نُصَلِّيْ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ فِيْ مِقْدَارِ لَيْلَتَيْنِ مِنَ الْهِلَالِ

''ہم عصر کی نماز ادا کرتے تھے' جب کہ سورج اتنی مقدار میں ہوتا تھا' جتنا دوسری رات کا چاند ہوتا ہے۔''

456) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في''الآثار'' (62) في الصلاة: باب مواقيت السلاة-وابن ابی شيبة1/325 فی الصلوات:باب من كان يبرد بحق-والبزار (369)-واورده الهيثمي في ''مجمع الزوائد'' 1/306

457) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في''الآثار'' (67) في الصلاة:باب مواقيت الصلاة

458) اخرجه عبد الرزاق (2089) في الصلاة:باب وقت العصر-وابن ابی شيبة (3310) في الصلوات:من كان يؤخر العصر يرى تاخيرها-والماردينی في''الجوهر النقی'' 1/114

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

ابن خسرو نے یہ روایت - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر خیاط - ابوعبداللہ بن دوست علاف - عمر بن حسن اشنانی - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی اشنانی نے اس کو امام ابوحنیفہ تک اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(**459**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: لَمْ يَجْتَمِعْ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ آلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى شَيْءٍ كَاِجْتِمَاعِهِمْ عَلَى التَّنْوِيْرِ فِي الْفَجْرِ وَالتَّعْجِيْلِ فِي الْمَغْرِب

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کا کسی بھی چیز پر اس طرح اتفاق نہیں ہوا' جتنا اس بات پر ہوا کہ فجر کی نماز روشنی میں ادا کرنی چاہیے اور مغرب کی نماز جلدی ادا کرنی چاہیے۔''

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع بلخی - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**460**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّهٗ اَمَّ اَصْحَابَهٗ فِيْ بَيْتِهٖ فَصَلّٰى بِهِمْ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَّلَا اِقَامَةٍ وَقَالَ اِقَامَةُ النَّاسِ تُجْزِئُ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر میں اپنے ساتھیوں کی امامت کی' تو اذان اور اقامت کے بغیر انہیں نماز پڑھائی اور فرمایا: لوگوں نے (مسجد میں) جو اقامت کہی تھی' وہی کفایت کر جائے گی۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

---

(459)-- ...قلت وقد اخرج احمد 415/5 -والشاشی فی" المسند" (1129)-والطبرانی فی " الکبیر " (4058)عن ابی ایوب الانصاری قال: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول:"بادروا بصلاة المغرب قبل طلوع النجم" .

(460) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی"الآثار" (133)-وعبد الرزاق (1961) و (1962) فی الصلاة:باب الرجل یصلی فی المصر بغیر اقامة-والبیهقی فی " السنن الکبری" 406/1-وابن ابی شیبة 220/1 فی الاذان:من کان یقول:یجزئه ان یصلی بغیر اذان -ومسلم 378/1 (26)-وابن خزیمة (1636) .

(461)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ لَا بَاْسَ اَنْ يُّؤَذِّنَ الْمُؤَذِّنُ وَهُوَ عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ

''اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ مؤذن بے وضو حالت میں اذان دیدے۔''

•••——•••——•••

(اخرجه) محمد فى الآثارفرواه عن ابى حنيفةثم قال محمد وبهذا ناخذ لا نرى بذلك باساً ويكره ان يؤذن جنباً وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں اس روایت کونقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں البتہ یہ مکروہ ہے کہ کوئی شخص جنابت کی حالت میں اذان دے امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(462)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ فِى الْمُؤَذِّنِ يَتَكَلَّمُ فِىْ اَذَانِهٖ قَالَ لَا آمُرُهُ وَلَا اَنْهَاهُ

ایسے مؤذن کے بارے میں ابراہیم نخعی فرماتے ہیں جو اذان کے دوران کلام کر لیتا ہے کہ نہ تو میں تمہیں اس کا حکم دیتا ہوں اور نہ ہی اس سے منع کرتا ہوں۔''

قَالَ مُحَمَّدٌ وَاَمَّا نَحْنُ نَرٰى اَنْ لَا يَفْعَلَ فَاِنْ فَعَلَ لَمْ يَنْقُضْ ذٰلِكَ اَذَانَهٗ

امام محمد فرماتے ہیں: جہاں تک ہماری بات ہے تو ہم یہ سمجھتے ہیں: کہ وہ ایسا نہیں کرے گا اگر وہ ایسا کر دیتا ہے تو اس کی اذان نہیں ٹوٹے گی۔

(امام محمد کا یہ قول یہاں آنا تو نہیں چاہیے مگر مطبوعہ کتاب میں اسی جگہ ہے شاید ناسخ سے سہو ہو گیا ہو۔)

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں اس روایت کونقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(463)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ

---

(461) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار" ( 58) فى الصلاة:باب الاذان-وعبد الرزاق ( 1801) فى الصلاة:باب الاذان على غير وضوء-وابن ابى شيبة 211/1 فى الطهارات:باب المؤذن يؤذن وهو على غير وضوء-والبغوى فى" شرح السنة" 267/2 باب التثويب .

(462) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار" ( 59) فى الصلاة:باب الاذان-وعبد الرزاق ( 1809) فى الصلاة:باب الكلام فى ظهرانى الاذان-وابن ابى شيبة212/1 فى الطهارات:باب من كرنه الكلام فى الاذان .

(463) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار" (60) فى الصلاة : باب الاذان .

اِبْرَاهِيْمَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قَالَ:
متنِ روایت: سَاَلْتُهُ عَنِ التَّثْوِيْبِ فَقَالَ هُوَ مِمَّا اَحْدَثَهُ النَّاسُ وَهُوَ حَسَنٌ مِمَّا اَحْدَثُوْا وَذَكَرَ اَنَّ تَثْوِيْبَهُمْ كَانَ حِيْنَ يَفْرَغُ الْمُؤَذِّنُ مِنْ اَذَانِهٖ اَنَّ الصَّلٰوةَ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ مَرَّتَيْنِ

روایت نقل کی ہے:
''میں نے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے تثویب کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: یہ وہ چیز ہے جسے لوگوں نے بعد میں ایجاد کیا ہے' لوگوں نے جو چیزیں بعد میں ایجاد کی ہیں' یہ ان میں سب سے بہتر ہے' انہوں نے یہ بات بھی ذکر کی کہ تثویب اس وقت کہی جائے گی' جب مؤذن اذان دے کر فارغ ہو جائے گا' اور اس میں دو مرتبہ یہ کہا جائے گا: نماز' نیند سے بہتر ہے۔''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وهو قول ابی حنیفة وبه ناخذ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے اور ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

(**464**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:
متنِ روایت: اَلْاَذَانُ وَالْاِقَامَةُ مَثْنٰى مَثْنٰى

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
''اذان اور اقامت کے کلمات دو' دو مرتبہ کہے جائیں گے۔''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**465**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے

---

(464) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (62) فی الصلاة: باب الاذان - وعبد الرزاق (1790) فی الصلاة: باب الاذان - والدار قطنی (34) فی الصلاة: باب ذکر الاقامة واختلاف الروایات فیها - وابن ابی شیبة 206/1 فی الاذان والاقامة: من کان یشفع الاقامة - والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 134/1 فی الصلاة: باب الاقامة کیف هی؟

(465) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (44) فی الصلاة: باب الاذان - وابن ابی شیبة 222/1 فی الاذان والاقامة: فی النساء من قال: لیس علیهن اذان ولا اقامة .

ابراهيم انه قال: روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ اَذَانٌ وَلَا اِقَامَةٌ "خواتین پر اذان دینا اور اقامت کہنا لازم نہیں ہے۔"

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

466)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ: امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: كَانَ آخِرُ اَذَانِ بِلَالٍ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ "حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی اذان کے آخری کلمات اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ ہوتے تھے۔"

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

467)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِى الْغَادِيَةِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: امام ابوحنیفہ نے- عبدالملک بن عمیر- ابوغادیہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهُ كَانَ يَضْرِبُ عَلَى الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ "حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ عصر کی نماز کے بعد نماز ادا کرنے پر لوگوں کی پٹائی کرتے تھے۔"

•••——•••——•••

466) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (61) فی الصلاة: باب الاذان- والنسائی (649) فی الاذان: باب آخر الاذان- وعبد الرزاق (1777) فی الصلاة: باب بدء الاذان- والدار قطنی (44) فی الصلاة: باب ذکر الاقامة واختلاف الروايات فيه.

467) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (153) فی الصلاة: باب مایعاد من الصلاة وما یکره منها- وابن ابی شيبة 350/2 فی الصلوات: من قال: لاصلاة بعد الفجر .

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - علی بن محمد حافظ - احمد بن حرب - ہوذہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسحاق بن محمد بن مروان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل ابن خیرون - ابوعلی بن شاذان - قاضی ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے۔ انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

حسن ابن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(**468**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: مَا نَدِمْتُ عَلٰى شَيْءٍ مَا نَدِمْتُ عَلَى الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اَنْ لَا اَكُوْنَ سَاَلْتُ لَهُمَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْاَذَانَ قَالَ وَلُحُوْمُ الْمُؤَذِّنِيْنَ حَرَامٌ عَلَى النَّارِ وَقَالَ لَوْ اَنَّ الْمَلَائِكَةَ كَانَتْ فِي الْاَرْضِ لَغَلَبُوا النَّاسَ عَلَى الْاَذَانِ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''مجھے کسی بھی چیز پر ندامت نہیں ہوتی، جتنی اس بات پر ندامت ہوتی ہے، جو حسن اور حسین کے حوالے سے ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اُن دونوں کے لئے اذان کی اجازت کیوں نہیں لی، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اذان دینے والے کا گوشت جہنم کی آگ پر حرام ہوگا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اگر فرشتے زمین پر رہتے ہوتے تو وہ اذان دینے کے حوالے سے لوگوں پر غالب آجاتے۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن ابوبکر بن محمد بن سلیمان المعروف بہ غنجار تاریخ بخارا کے حوالے سے - خلف بن محمد بن اسماعیل - محمد بن یعقوب بن حارث - ابوابراہیم اسحاق بن عبداللہ - حسن بن حماد - مخلد بن عمر - ابومزاحم بخاری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**469**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوسفیان طلحہ بن نافع کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

(468) اخرجه الطبرانی فی "الاوسط" 305/7 (7563) - والهيثمی فی "مجمع الزوائد" 326/1 - وفی "مجمع البحرين" فی الصلاة: فصل الاذان.

(469) اخرجه الطيالسی (2576) - وعبد بن حميد 205/1 (1458).

متنِ روایت: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَيُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ قَالَ اَلصَّلَاةُ فِيْ مَوَاقِيْتِهَا

''نبی اکرم ﷺ سے سوال کیا گیا: کون سا عمل زیادہ فضیلت رکھتا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نماز کو اس کے مخصوص وقت پر ادا کرنا۔''

•••—•••—•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - حاتم بن احمد بن نور بن خطاب ترمذی - جارود بن معاذ - ابومعاویہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

470)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: عَرَّسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَيْلَةً فَقَالَ مَنْ يَحْرُسُنَا اللَّيْلَةَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ شَابٌّ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْرُسُكُمْ فَحَرَسَهُمْ حَتّٰى اِذَا كَانَ مَعَ الصُّبْحِ غَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ فَمَا اسْتَيْقَظَ اِلَّا بِحَرِّ الشَّمْسِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَتَوَضَّاَ وَتَوَضَّاَ اَصْحَابُهٗ وَاَمَرَ الْمُؤَذِّنَ فَاَذَّنَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ اُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى الْفَجْرَ بِاَصْحَابِهٖ فَجَهَرَ فِيْهَا بِالْقِرَاءَةِ كَمَا كَانَ يُصَلِّيْ بِهِمْ فِيْ وَقْتِهَا

''ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے رات کے آخری پہر میں پڑاؤ کیا تو ارشاد فرمایا: آج رات کون ہماری پہرہ داری کرے گا؟ انصار سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کی پہرہ داری کروں گا' اس شخص نے ان کے لئے پہرہ داری شروع کی (یعنی صبح صادق کے وقت کا انتظار کرنے لگا) لیکن صبح صادق سے کچھ دیر پہلے اس کی بھی آنکھ لگ گئی' تو لوگوں کی آنکھ سورج کی تپش کی وجہ سے کھلی' نبی اکرم ﷺ اٹھے آپ نے وضو کیا آپ کے ساتھیوں نے بھی وضو کیا پھر آپ نے مؤذن کو حکم دیا تو اس نے اذان دی پھر آپ نے دو رکعت (سنتیں) ادا کیں پھر نماز کے لئے اقامت کہی گئی تو نبی اکرم ﷺ نے ساتھیوں کو فجر کی نماز پڑھائی جس میں آپ نے بلند آواز میں قرأت کی' جس طرح آپ ﷺ اُس نماز کو اُن لوگوں کو اس کے مخصوص وقت میں پڑھایا کرتے تھے۔''

•••—•••—•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن ابي حنيفة ثم قال محمد رحمه الله تعالى وبه ناخذ

470) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (170) في الصلاة: باب النوم قبل الصلاة - وابن حبان (2069) - وابن ماجه (697) - والبيهقي في "دلائل النبوة" 272/4 - وابوداؤد (435) في الصلاة: باب في من نام عن الصلاة او نسيها - وابو عوانة 253/2 - والترمذي (3163).

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

(**471**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: مَا يَسُرُّنِيْ صَلَاةُ الرَّجُلِ حِيْنَ تَحْمَرُّ الشَّمْسُ

''مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ آدمی اس وقت نماز ادا کرے' جب سورج سرخ ہو چکا ہو (یعنی ڈوبنے کے قریب ہو)

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة تکره الصلاة تلك الساعة الا ان تفوته العصر من یومه ذلك فیصلیها تلك الساعة فاما غیرها من الصلوات المکتوبات والتطوع فلا ینبغی ان یفعل

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' اس گھڑی میں نماز ادا کرنا مکروہ ہے' البتہ اگر اس دن کی عصر کی نماز ادا نہ کی ہوئی ہو' تو آدمی اُس کو اِس گھڑی میں ادا کرسکتا ہے' لیکن اس کے علاوہ اور کوئی بھی فرض یا نفل نماز اس وقت میں ادا نہیں کی جانی چاہیے۔

(**472**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ شَيْبَانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ بُرَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- شیبان- یحییٰ بن ابوکثیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ فَاتَتْهُ الْعَصْرُ (فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ)

''جس شخص کی عصر کی نماز رہ جائے تو گویا کہ اس کے اہل خانہ اور مال برباد ہو جائے''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- احمد بن محمد ہمدانی- جعفر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عصمہ بن عبداللہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہی روایت' اسی سند کے ساتھ دوسرے الفاظ میں نقل کی ہے: (جو یہ ہیں:)

قال بكروا بصلوة العصر — ''عصر کی نماز جلدی ادا کرلو''

(471) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (155) فی الصلاة: باب مایعادمن الصلاة ومایکره منها .

(472) اخرجه الحصکفی فی '' مسند الامام'' (88)-وابن حبان (1463)-وابن ابی شیبة 342/1-واحمد 361/5-وابن ماجه (694) فی الصلاة: باب میقات الصلاة فی الغیم-والبیهقی فی'' السنن الکبری'' 444/1-والبخاری (553) .

انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن بشر- مقاتل بن ابراہیم-نوح بن ابومریم امام ابوحنیفہکے حوالے سے-انہوں نے شیبان-یحییٰ بن ابوکثیر سے روایت کی ہے -حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

**قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم بکروا بصلوة العصر فی یوم الغیم فان من فاتته صلوة العصر حتی تغرب الشمس فقد حبط عمله**

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ابر آلود دن میں عصر کی نماز جلدی ادا کرلو' کیونکہ جس شخص کی عصر کی نماز رہ گئی ہو اور سورج غروب ہو جائے' تو اس کا عمل ضائع ہو جاتا ہے''

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوعباس احمد بن محمد بن سعید-جعفر بن محمد-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-عصمہ بن عبداللہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے اس کے آغاز میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

**بادروا بصلاة العصر**

''عصر کی نماز جلدی ادا کرلو''۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- شیخ ابوسعید احمد بن عبدالجبار- قاضی ابوقاسم تنوخی- ابوقاسم بن ثلاج- ابوعباس بن عقدہ-جعفر بن محمد بن مروان-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-عصمہ بن عبداللہ بن سالم اسدی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے' مکمل طور پر روایت کی ہے۔

**473**-سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

اَدْرَکْتُ اَصْحَابَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یُؤَخِّرُوْنَ الْعَصْرَ اِلٰی آخِرِ الْوَقْتِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اصحاب کو پایا ہے کہ وہ عصر کی نماز کو آخری وقت تک مؤخر کر کے ادا کرتے تھے۔''

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی -ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان-ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان-بشر بن موسیٰ-عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ ما لم تتغیر الشمس وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه**

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام

(473) اخرجه عبد الرزاق (2042) و (2043) فی الصلاة: باب المواقیت

-- قلت: وقد اخرجه احمد 289/6 -وابن ابی شیبة 323/1 -والترمذی (162)-وابو یعلی (6992)-قالت ام سلمة: کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اشد تعجیلاً للظهر منکم وانتم اشد تعجیلاً للعصر منه

محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں، بشرطیکہ سورج متغیر نہ ہوا ہو، امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**474**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ:

متنِ روایت: اَنَّ رَجُلاً مِنَ الْاَنْصَارِ مَرَّ بِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَآهُ حَزِيْنًا وَكَانَ الرَّجُلُ ذَا طَعَامٍ يُجْتَمَعُ اِلَيْهِ فَانْطَلَقَ حَزِيْنًا لِمَا رَاٰى مِنْ حُزْنِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَتَرَكَ طَعَامَهُ وَمَا كَانَ يُجْتَمَعُ اِلَيْهِ وَدَخَلَ مَسْجِدَهُ يُصَلِّيْ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ اِذْ نَعَسَ فَاَتَاهُ آتٍ فِي النَّوْمِ فَقَالَ هَلْ عَلِمْتَ مَا حَزَنَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا قَالَ فَهُوَ لِهٰذَا النَّاقُوْسِ فَاْتِهٖ فَمُرْهُ اَنْ يَّاْمُرَ بِلَالًا اَنْ يُّؤَذِّنَ فَعَلَّمَهُ الْاَذَانَ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ مَرَّتَيْنِ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مَرَّتَيْنِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ مَرَّتَيْنِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ مَرَّتَيْنِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ مَرَّتَيْنِ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ ثُمَّ عَلَّمَهُ الْاِقَامَةَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَقَالَ فِيْ آخِرِهٖ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ اَللهُ اَكْبَرُ اَللهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ كَاَذَانِ النَّاسِ وَاِقَامَتِهِمْ فَاَقْبَلَ الْاَنْصَارِيُّ فَقَعَدَ عَلٰى بَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَمَرَّ اَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ اِسْتَاْذِنْ لِيْ فَدَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ وَقَدْ رَاٰى مِثْلَ ذٰلِكَ فَاَخْبَرَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ اسْتَاْذَنَ لِلْاَنْصَارِيِّ فَدَخَلَ وَاَخْبَرَ بِالَّذِيْ رَاٰى فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَدْ اَخْبَرَنَا اَبُوْ

امام ابوحنیفہ نے -علقمہ بن مرثد - ابن بریدہ - اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم ﷺ کے پاس سے گزرا اس نے نبی اکرم ﷺ کو پریشان دیکھا اس شخص کے پاس بہت اناج تھا، جب اس نے نبی اکرم ﷺ کو پریشان دیکھا تو وہ بھی پریشانی کے عالم میں (اپنے گھر) چلا گیا اور اس نے کھانا پینا ترک کر دیا، لوگوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا ترک کر دیا، پھر وہ مسجد میں آیا اور نماز ادا کی اسی دوران اسے اونگھ آ گئی، تو خواب میں کوئی شخص اس کے پاس آیا اور اس نے دریافت کیا: کیا تم جانتے ہو نبی اکرم ﷺ کس وجہ سے پریشان ہیں؟ اس شخص نے جواب دیا: جی نہیں۔ خواب والے شخص نے کہا: وہ اس ناقوس کی وجہ سے پریشان ہیں تم ان کے پاس جاؤ اور ان سے یہ کہو: وہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیں کہ وہ اذان دیں، پھر اس (خواب والے) شخص نے اس (صحابی کو) کو اذان کی تعلیم دی: اللہ اکبر اللہ اکبر دو مرتبہ کہنا ہے اشہد ان لا الٰہ الا اللہ دو مرتبہ کہنا ہے، اشہد ان محمدا رسول اللہ دو مرتبہ کہنا ہے، حی علی الصلوٰۃ دو مرتبہ کہنا ہے حی علی الفلاح دو مرتبہ کہنا ہے پھر اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ کہنا ہے، پھر اس نے اقامت کے کلمات کی تعلیم اسی کی مانند دی اور اس کے آخر میں قد قامت الصلوٰۃ قد قامت الصلوٰۃ کے کلمات کہے، پھر اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ کہا۔ یہ وہی طریقہ ہے، جو اذان اور اقامت کے حوالے سے لوگوں میں آج کل رائج ہے، پھر وہ انصاری شخص آیا اور نبی اکرم ﷺ کے دروازے پر بیٹھ گیا، وہاں سے حضرت ابوبکر

(474) اخرجه الطبراني في "الاوسط" 293/2 (2020)- واورده الهيثمي في "مجمع الزوائد" 238/1- وفي "مجمع البحرين" (624) في الصلاة: باب بدء الاذان.

بِمِثْلِ ذٰلِكَ فَاَمَرَ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِذٰلِكَ

کا گزر ہوا تو اس نے کہا: آپ میرے لئے بھی اندر آنے کی اجازت لے لیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اندر تشریف لے گئے انہوں نے بھی ایسا ہی خواب دیکھا تھا' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا پھر انہوں نے انصاری کے لئے اجازت لی۔ انصاری اندر گیا اور اس نے جو خواب دیکھا تھا وہ بتایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر نے بھی اسی کی مانند ہمیں بتایا ہے' تو آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ اس کے مطابق اذان دیں۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح -احمد بن نصر عتکی -ابومقاتل کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت علی بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخسی - خارجہ بن مصعب بن خارجہ -مغیث بن بدیل ابن بنت خارجہ بن مصعب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن قدامہ بن سیار زاہد بلخی -عبداللہ بن عمر بن ابان - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت مثنی بن محمد مروزی -یعلی بن حمزہ -بشر بن یحییٰ -نضر بن محمد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی -جعفر بن محمد -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت اسماعیل بن حماد کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے: (یہ روایت) -امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -صالح بن احمد -شعیب بن ایوب -ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعباس بن عقدہ - داؤد بن یحییٰ - ابوکریب - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روا. ... تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

فمر بـه ابـوبكر فقال له الانصاري استاذن لي على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فه

فدخل عليه فاخبره بذلك قال ابوبكر قد رايت مثل ذلك يا رسول الله

''حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس کے پاس سے گزرے تو اس انصاری نے ان سے کہا: آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میرے لیے بھی اندر آنے کی اجازت دلوا دیں انہوں نے ایسا ہی کیا وہ اندر گیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے بھی اس کی مانند خواب دیکھا ہے''۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابومحمد عبداللہ بن علی بن عبداللہ- ابوبکر بن بشران- ابوحسن علی بن عمر دارقطنی - ابراہیم بن محمد بن ابراہیم معدل- حسن بن محمد بن داؤد- ابراہیم بن علی بن عبدالجبار- حسین بن حسن بن عطیہ عوفی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوغنائم - ابن زرقویہ- ابوسہل- ابوبکر بن موسیٰ بن اسحاق- محمد بن علاء- اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(475)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِى عَبْدِ اللهِ الْجَدَلِيِّ عَنْ اَبِى مَسْعُوْدِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: اَوْتَرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَوَّلَ اللَّيْلِ وَاَوْسَطِهٖ وَآخِرِهٖ لِكَىْ يَكُوْنُ وَاسِعًا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اَىُّ ذٰلِكَ اَخَذُوْا بِهٖ كَانَ صَوَابًا غَيْرَ اَنَّ مَنْ طَمَعَ فِىْ قِيَامِ اللَّيْلِ فَلْيَجْعَلْ وِتْرَهُ آخِرَ اللَّيْلِ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی- ابوعبداللہ جدلی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے ابتدائی حصے میں بھی اور درمیانے حصے میں بھی اور آخری حصے میں (یعنی ہر حصے میں) وتر ادا کر لیتے تھے تاکہ مسلمانوں کے لئے زیادہ گنجائش ہو وہ اس میں سے جس کو بھی اختیار کریں گے وہ درست ہوگا' البتہ جو شخص رات کے وقت نوافل ادا کرنے کا خواہش مند ہو تو اسے وتر رات کے آخری حصے میں ادا کرنے چاہئیں۔''

•••—•••—•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن اشرس سلمی نیشاپوری- حفص بن عبداللہ (اور) عبداللہ بن محمد بن علی- احمد بن حفص بن عبداللہ (اور) قطن بن ابراہیم ان دونوں نے- حفص بن عبداللہ (اور) احمد بن محمد شرقی - احمد بن حفص بن عبداللہ نے اپنے والد کے حوالے سے- ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوبکر بن داؤد سجزی (اور) علی بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخسی ان دونوں نے- احمد بن حفص بن عبداللہ- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(475) اخرجه الحصكفي في" مسند الامام" (160)-وابن ابى شيبة 287/2 باب فيمن اخر الوتر-واحمد 129/4-215/5-والطبرانى فى" الكبير" 224/17-وفى "الاوسط" 10/2 (686)-والطيالسى 86(616) .

انہوں نے یہ روایت محمد بن اشرس سلمی - جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت زکریا بن یحییٰ بن کثیر اصفہانی - احمد بن رستہ - محمد بن مغیرہ - حکم - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعثمان سعید بن ذاکر بخاری - سعد بن جناح بخاری - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابومقاتل ہروی سے بغداد میں ''درب ابوہریرہ'' میں - محمد بن شوکہ - قاسم ابن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر - امام ابوحنیفہ کے حوالے سے - حماد - ابراہیم - ابوعبداللہ جدلی - حضرت عقبہ بن عمر وابومسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - محمد بن شوکہ مؤدب - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - محمد بن اسحاق نیشاپوری - احمد بن حفص - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

476- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

متن روایت: اَنَّهٗ قَالَ فِیْ الرَّجُلِ عَلَیْهِ الصَّلَوَاتُ قَالَ لَا یُصَلِّیْ حَتّٰی یَقْضِیْ مَا عَلَیْهِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ نے ایسے شخص کے بارے میں فرمایا ہے: جس کے ذمے کئی نمازیں لازم ہوں کہ وہ شخص اس وقت تک نماز ادا نہیں کرے گا' جب تک وہ اپنے ذمے لازم نمازوں کی قضاء ادا نہیں کر لیتا''

•••—— •••—— •••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابومحمد بن آبنوسی - ابوبکر بن بشران - علی بن عمر دارقطنی - علی بن عبداللہ بن مبشر - حسن بن مکرم - علی بن عاصم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(قال) ابن خسرو وقال علی یعنی ابن عاصم فحدثت ابا حنیفة (عن) هشام (عن) الحسن انه قال

476- اخرجه عبد الرزاق (2258) فی الصلاة: باب الرجل یأتی الجماعة - والطحاوی فی'' شرح معانی الآثار'' 270/1

يقضى ما عليه فان حضرت صلوة مكتوبة فصلاها فى آخر وقتها ثم يقضى ما عليه ولا يفرط فى شيء قال فترك ابو حنيفة قول ابراهيم واخذ بقول الحسن رحمهم الله تعالى

ابن خسرو بیان کرتے ہیں: علی بن عاصم فرماتے ہیں: میں نے ہشام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ کو حسن کے بارے میں یہ روایت بیان کی: کہ وہ یہ فرماتے ہیں: وہ اپنے ذمہ لازم نمازوں کی قضا کرے گا اس دوران اگر فرض نماز کا وقت ہو جائے تو وہ اسے آخری وقت میں ادا کرے گا' پھر وہ اپنے ذمہ لازم قضا نمازیں پڑھے گا' اور کسی (اس وقت کی فرض نماز کی ادائیگی میں) کوتاہی نہیں کرے گا' راوی بیان کرتے ہیں: تو امام ابوحنیفہ نے ابراہیم نخعی کا قول ترک کر دیا' اور حسن بصری کا قول اختیار کرلیا۔

(**477**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ:

متن روایت: سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الصَّلَاةِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ فَنَهَانِيْ عَنْهَا وَقَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ لَمْ يُصَلُّوْهَا

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد بیان کرتے ہیں: میں نے ابراہیم نخعی سے مغرب کی نماز سے پہلے (نفل) نماز ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے مجھے اس سے منع کر دیا اور فرمایا: نبی اکرم ﷺ، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ نماز ادا نہیں کرتے تھے۔"

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ اذا غابت الشمس فلا صلاة على جنازة ولا غيرها قبل صلاة المغرب

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' جب سورج غروب ہو جائے تو مغرب کی نماز سے پہلے نماز جنازہ یا اور کوئی بھی نماز ادا نہیں کی جائے گی۔

(**478**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ:

متن روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ مِثْلَ مَا يَقُوْلُ الْمُؤَذِّنُ

امام ابوحنیفہ نے عبداللہ بن دینار کا یہ بیان نقل کیا ہے: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: ''جب مؤذن اذان دیتا تھا' تو نبی اکرم ﷺ اسی کی طرح کلمات کہتے تھے' جو مؤذن کہتا تھا (یعنی آپ ﷺ اذان کا جواب دیتے تھے)''

(477) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (146) في الصلاة: باب ما يعاد من الصلاة -وعبد الرزاق (2985) في الصلاة: باب الركعتين قبل المغرب -والمتقى الهندى فى " الكنز" (4126) .

(478)- - ...وقد اخرج احمد 168/2 -ومسلم (384) -وابوداؤد (523) -والطحاوى فى " شرح معانى الآثار" 143/1 -وابن حبان (1690) -والبيهقى فى " السنن الكبرىٰ" 409/1 -عن عبد الله بن عمرو انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اذا سمعتم مؤذناً فقولوا مثل مايقول"

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید بن جعفر نجیری - موسیٰ بن بہلول - محمد بن صلت کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

479)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

متن روایت: اَلْوِتْرُ اَوَّلَ اللَّيْلِ مَسْخَطَةٌ لِلشَّيْطَانِ وَاَكْلُ السُّحُوْرِ مَرْضَاةٌ لِلرَّحْمٰنِ

امام ابوحنیفہ نے - عبداللہ بن دینار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''رات کے ابتدائی حصے میں وتر ادا کرنا' شیطان کی ناراضگی کا باعث ہوتا ہے اور سحری کھانا ''رحمان'' کی رضامندی کا باعث ہوتا ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید - ابوجعفر محمد بن اسماعیل - سالم مولی بنی ہاشم - محمد بن بشر عبدی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

480)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَسْفِرُوْا بِصَلَاةِ الْفَجْرِ فَاِنَّهٗ اَعْظَمُ لِلثَّوَابِ

امام ابوحنیفہ نے - عبداللہ بن دینار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''فجر کی نماز کو روشنی میں ادا کرو' کیونکہ اس کا ثواب زیادہ ہوتا ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید - یحیٰی بن فروخ - محمد بن مروان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

481)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْخَطَمِيِّ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - ابواسحاق سبیعی - عبداللہ بن یزید خطمی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

---

479)-- ...اخرجه ابن ابی شيبة 288/2 واحمد-272/5-والطبرانی فی "الكبير" 679/17-عن ابن مسعود قال من كل الليل قد اوتر رسول الله صلى الله عليه وسلم :من اوله ووسطه وآخره فانتهى وتره الى السحر .

480) اخرجه احمد 135/2-عن ابی الربيع قال: كنت مع ابن عمر......فقلت له: انی اصلی معك الصبح ثم التفت فلا اری وجه جليسی ثم احياناً تسفر ؟قال: كذلك رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلی واحببت ان اصليها كما رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يصليها .

481) اخرجه ابن ابی شيبة289/1-واحمد 418/5-والطيالسی ( 590)-والنسائی ( 4023)-والدارمی ( 1883)-والبخاری 1414)-وابن حبان (3858)-وابن ماجة (3020) .

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِجَمْعٍ بِاَذَانٍ وَّاِقَامَةٍ وَّاحِدَةٍ

''نبی اکرم ﷺ نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ہی اذان اور ایک ہی اقامت کے ساتھ ادا کی تھیں۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن منذر بن سعید ہروی - احمد بن عبداللہ کندی -علی بن معبد بن شداد عبدی -محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -محمد بن منذر -احمد بن عبداللہ کندی -علی بن معبد بن شداد عبدی -محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے، تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**فاتته صلاة المغرب والعشاء فجمع بينهما باذان واقامة واحدة**

''ان کی عصر اور مغرب کی نمازیں فوت ہو گئیں تو انہوں نے ان دونوں کو ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ ایک ساتھ ادا کیا''۔

حافظ صاحب فرماتے ہیں: ابواسحاق (نامی راوی سے) یہ حدیث ثابت نہیں ہے۔

(**482**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے -ابواسحاق سبیعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: قَالَتْ لَمْ يَكُنْ بَيْنَ اَذَانِ بِلَالٍ وَّابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ اِلَّا قَدْرَ مَا يَنْزِلُ هٰذَا وَيَصْعَدُ هٰذَا

''حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کی اذانوں کے درمیان صرف اتنا فرق ہوتا تھا کہ ایک صاحب اتر رہے ہوتے تھے اور دوسرے اوپر چڑھ رہے ہوتے تھے۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابن عقدہ -عبدالواحد بن حماد -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -عبد الحکم بن میسرہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**483**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ جَابِرِ بْنِ يَزِيْدَ الْجُعْفِيِّ الْكُوْفِيِّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

امام ابوحنیفہ نے -ابوعبداللہ جابر بن یزید جعفی کوفی - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْعَلُ وِتْرَهٗ آخِرَ صَلَاتِهٖ لَيْلًا وَيَقْنُتُ فِيْهِ

''نبی اکرم ﷺ اپنے وتر کو رات کی نماز کا آخری حصہ بناتے تھے اور اس میں دعائے قنوت پڑھتے تھے۔''

---

(482) اخرجه الطحاوی فی'' شرح معانی الآثار'' 138/1-واحمد 44/6-وابن خزیمة (403) و (1932)-واسحاق بن راهویه(943)-والبخاری (622)-ومسلم (1092) (38)-والبیهقی فی'' السنن الکبری''381/1

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابن عقدہ احمد بن محمد بن سعید- عبداللہ بن ابراہیم بن قتیبہ- ابن نمیر- عبداللہ بن حماد- قاسم بن اسماعیل اور قاسم بن معنکے حوالے سے نقل کی ہے:

- قالا سمعنا ابا حنيفة يقول ما سالت جابر الجعفی عن مسئلة قط الا اورد فيها حديثاً ولقد سالته عن وتر رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم فقال حدثنی نافع عن ابن عمر الحديث

یہ دونوں حضرات بیان کرتے ہیں: ہم نے امام ابوحنیفہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: میں نے جابر جعفی سے جو بھی مسئلہ دریافت کیا' تو اس نے اس بارے میں کوئی حدیث بیان کر دی' میں نے اس سے نبی اکرم ﷺ کے وتر کے بارے میں دریافت کیا' تو اس نے بتایا: نافع نے حضرت عبداللہ کے حوالے سے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے......الحدیث

حافظ صاحب بیان کرتے ہیں: ابن عقدہ- ابن حازم- ابوغسان کے حوالے سے زہیر کا یہ بیان نقل کیا ہے: جب جابر بن یزید یہ کہہ دیں: اس نے مجھے حدیث بیان کی' یا میں نے (اپنے استاد کو یہ بیان کرتے ہوئے) سنا' تو تم اس کو یقینی سمجھو' کیونکہ جابر میرے نزدیک سب سے زیادہ سچے شخص ہیں۔

484)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: اِذَا جَعَلْتَ الْمَشْرِقَ عَنْ يَسَارِكَ وَالْمَغْرِبَ عَنْ يَمِيْنِكَ فَمَا بَيْنَهُمَا قِبْلَةُ اَهْلِ الْعِرَاقِ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سعید بن جبیر فرماتے ہیں:

''جب تم مشرق کو اپنے بائیں طرف کر دو اور مغرب کو دائیں طرف کر دو' تو اس کے درمیان والا حصہ اہل عراق کا قبلہ ہو گا''

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن خلال- عبدالرحمٰن بن عمر- محمد بن ابراہیم بن حبیش- محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

485)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ قَزْعَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے- عبدالملک بن عمیر- قزعہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

(484) اخرجه احمد 20/2- وابو داؤد (1438)- وابو عوانة 310/2- والبخاری (998)- ومسلم (751) - والمروزی فی " قيام الليل" 131- والبغوی فی" شرح السنة" (965) .

(485) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی"الآثار" (149) فی الصلاة: باب مايعد من الصلاة وما يكره منها- والطحاوی فی" شرح مشكل الآثار" 242/1- وابن حبان (1617)- واحمد 34/3- والبخاری (1197) فی فضل الصلاة فی مسجد مكة والمدينة- ومسلم (827) فی الحج: باب سفر المرأة مع محرم الی حج وغيره- والبيهقی فی" السنن الكبرى" 452/2 .

متنِ روایت: لَا صَلٰوةَ بَعْدَ الْغَدَاةِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَلَا صَلٰوةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسُ وَلَا يُصَامُ هٰذَانِ الْيَوْمَانِ اَلْاَضْحٰى وَالْفِطْرِ وَلَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدٍ اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ وَالْمَسْجِدُ الْاَقْصٰى وَمَسْجِدِىْ هٰذَا وَلَا تُسَافِرُ اِمْرَاَةٌ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ اِلَّا مَعَ ذِىْ رِحْمٍ مِحْرَمٍ

''صبح کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے تک کوئی نماز نہیں کی جائے گی اور عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک کوئی نماز ادا نہیں کی جائے گی اور دو دنوں میں روزہ نہیں رکھا جائے گا' عید الضحیٰ کا دن اور عید الفطر کا دن' اور سفر صرف تین مساجد کی طرف کیا جائے گا' مسجد حرام، مسجد اقصیٰ اور میری یہ مسجد- اللہ تعالیٰ اور آخرت پر یقین رکھنے والی کوئی بھی عورت سفر پر نہیں جائے گی' البتہ اس کا محرم رشتہ دار ساتھ ہو (تو پھر اس کی اجازت ہے)''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - عبدالصمد بن فضل (اور) اسماعیل بن بشر' ان دونوں نے - شداد بن حکیم - زفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق سمسار - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - حسین بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت یحییٰ بن اسماعیل - حسن بن عثمان - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت سہل بن بشر - فتح بن عمرو - احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد - ابن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن احمد بن عبدالملک - احمد بن داؤد - اسحاق بن یوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ - ابوغالب رافقی - سعید بن مسلمہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد قیراطی - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی حافظ - شعیب بن لیث - ہارون بن ہاشم - یوسف بن واقد - علاء بن حصین

حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - احمد بن علی بن زیاد لخمی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابوقرہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن یحییٰ - احمد بن عبداللہ بن بہلول سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا (اسماعیل بن حماد) کی تحریر میں ہے میں نے اس میں پڑھا ہے (وہ بیان کرتے ہیں:) میرے والد اور قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسن بن علی سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت حسین بن علی کی تحریر میں ہے میں نے اس میں پڑھا ہے: (یہ روایت) - زیاد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبداللہ اصفہانی - احمد بن سلیمان بن یوسف - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - نعمان بن عبدالسلام اصفہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے مختصر طور پر روایت کی ہے (جس کے الفاظ یہ ہیں:)

لا یصام یومان "ان دودنوں میں روزہ نہ رکھا جائے"

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن عبداللہ مسروقی - ان کے دادا کی تحریر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ - عیسیٰ بن احمد - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت جعفر بن شعیب شاشی - محمد بن یوسف - ابوقرہ موسیٰ بن طارق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم بن زیاد - روح بن فرج - محمد بن زبرقان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - احمد بن علی - عمر بن علی - صباح بن محارب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن ابومقاتل - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح - عمار بن خالد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان الفاظ تک ہے:

لا تسافر امراة

"عورت سفر نہ کرے"

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد- شعیب بن ایوب- ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے (تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:)

النهي عن الصلاة والصوم

''نماز اور روزے سے متعلق ممانعت ہے''

انہوں نے یہ روایت اسحاق بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- مصعب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح- محمد بن شوکہ- قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' مکمل حدیث روایت کی ہے۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: حمزہ' زفر' حسن بن زیاد' قاسم بن حکم' ابویوسف' ایوب بن ہانی' اسد بن عمرو' منذر' ابواسحاق محمد بن حسن' علاء بن حصین' ابوقرہ' قاسم بن معن' یوسف بن بندار' سعید بن مسلمہ' عبداللہ بن یزید مقری (اور) نضر بن محمد نے اسے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔۔

محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- حسین بن حسین انطاکی- احمد بن عبداللہ کندی- علی بن معبد- محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حسین بن قاسم- محمد بن موسیٰ دولابی- عباد بن صہیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے' اسی مفہوم کی روایت کی نقل ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن نصر بن طالب- احمد بن حسن بن محیا- عبداللہ بن محمد بن رستم- محمد بن حفص کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ابوعلی بن شاذان- قاضی ابونصر ابن اشکاب- عبداللہ بن طاہر- اسماعیل بن توبہ قزوینی- امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے' لیکن انہوں نے اس کا صرف ابتدائی حصہ ان کلمات تک نقل کیا ہے:

حتى تطلع الشمس

''یہاں تک کہ سورج نکل آئے''

باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

# اَلْفَصْلُ الثَّانِیُ فِی الْقِرَاءَ ۃِ وَالْقُنُوْتِ وَاِخْفَاءِ الْبَسْمِلَۃِ

## دوسری فصل: قرأت کرنے، قنوت پڑھنے اور بسم اللہ کو پست آواز میں پڑھنے کا بیان

(486)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ:

متنِ روایت: نَادٰی مُنَادِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ بِالْمَدِیْنَۃِ لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِقِرَاءَ ۃٍ وَلَوْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ

امام ابوحنیفہ نے- عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی نے مدینہ منورہ میں یہ اعلان کیا کہ قرأت کے بغیر نماز درست نہیں ہوتی' خواہ سورۂ فاتحہ ہی پڑھ لی جائے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن منذر ہروی- احمد بن محمد کندی- نعیم بن حماد- عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابن عقدہ- اسحاق ابن ابراہیم بن حاتم انباری- احمد بن عبداللہ بن محمد کوفی- عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔' تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

لا صلوۃ الا بقراء ۃ بفاتحۃ الکتاب وقال مرۃ بقراء ۃ ولو بفاتحۃ الکتاب

''سورۂ فاتحہ کی تلاوت کے بغیر نماز نہیں ہوتی' (ایک مرتبہ انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:) قرأت کے بغیر (نماز نہیں ہوتی) خواہ سورہ فاتحہ ہی ہو''

محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- حسین بن حسین (اور) احمد بن علی بن سعید' ان دونوں نے- احمد بن عبداللہ کندی- نعیم بن حماد- عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- مبارک بن عبدالجبار صیرفی- ابومحمد جوہری- حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت- ابوبکر خطیب- قاضی ابوعبداللہ صیمری- عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن عبداللہ حلی- ابوعباس احمد بن محمد بن سعید- اسحاق بن ابراہیم بن حاتم انباری- احمد بن عبداللہ بن محمد کوفی' جو انبار میں ہمارے پاس سے گزرے تھے- نعیم بن حماد- عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(487)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ

امام ابوحنیفہ نے- ابراہیم بن محمد بن منتشر- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عبدالرحمٰن بن زیاد حنظلی کے حوالے

(486) اخرجہ الطحاوی فی" شرح معانی الآثار" 208/1- واحمد 308/2- والبیہقی فی" القراء ۃ خلف الامام" (12)- وابو داؤد (820).

زِيَادٍ الْحَنْظَلِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

متنِ روایت: لَا صَلَاةَ اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَمَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ بَعْدَهَا

سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''سورۃ فاتحہ کے بغیر اور اس کے بعد قرآن کے کچھ حصے کی تلاوت کے بغیر، نماز درست نہیں ہوتی۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - عبداللہ بن ابراہیم بن قتیبہ - علاء - محمد بن حسان طائی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**488**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: اَنَّ نَاسًا مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ اَتَوْا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ لَمْ يَاْتُوْهُ اِلَّا لِيَسْاَلُوْهُ عَنْ اِفْتِتَاحِ الصَّلَاةِ فَقَامَ عُمَرُ فَافْتَتَحَ الصَّلَاةَ وَهُمْ خَلْفَهُ ثُمَّ جَهَرَ فَقَالَ:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

امام ابوحنیفہ - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے - حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

''اہل بصرہ سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، وہ صرف اس لئے ان کے پاس آئے تھے، تاکہ ان سے دریافت کریں کہ نماز کے آغاز میں کیا پڑھا جائے؟ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے نماز شروع کی وہ لوگ ان کے پیچھے کھڑے ہوگئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بلند آواز میں پڑھنا شروع کیا اور یہ پڑھا:

''تو ہر عیب سے پاک ہے اے اللہ! حمد تیرے لئے مخصوص ہے تیرا اسم برکت والا ہے تیری بزرگی بلند و برتر ہے تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن ابي حنيفة رضي الله عنهم قال محمد رحمه الله وبهذا ناخذ في افتتاح الصلاة ولكن لا نرى ان يجهر بذلك الامام ولا من خلفه وانما جهر بذلك عمر ليعلمهم ما سالوه عنه وكذلك بلغنا عن ابراهيم النخعي وهو قول ابي حنيفة رضي الله عنه

---

(487)- - ......قلت: وقد اخرج ابن ابي شيبة 373/1 في الصلاة: باب من رخص في القراءة خلف الامام...... قال: سألت عمر بن الخطاب عن القراءة خلف الامام؟ فقال لي: اقرأ. قلت: وان كنت خلفك؟ قال: وان كنت خلفي. قلت: وان قرأت؟ قال: وان قرأت

(488) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (72) في الصلاة: باب افتتاح الصلاة - والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 198/1 في الصلاة: باب مايقال في الصلاة بعد تكبيرة الاحرام - والحاكم في "المستدرك" 235/1

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔
پھر امام محمد فرماتے ہیں: نماز کے آغاز کے بارے میں ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' لیکن ہم یہ نہیں سمجھتے ہیں' کہ امام یا مقتدی اس کو بلند آواز میں پڑھیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو بلند آواز میں اس لیے پڑھا تھا' تاکہ وہ لوگوں کو اس چیز کی تعلیم دیں جس کے بارے میں لوگوں نے ان سے دریافت کیا تھا' ابراہیم نخعی کے بارے میں بھی اسی طرح کی روایت ہم تک پہنچی ہے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

489)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: لَمْ يَقْرَاْ عَلْقَمَةُ خَلْفَ الْاِمَامِ حَرْفًا لَا فِيْمَا يَجْهَرُ فِيْهِ بِالْقِرَاءَةِ وَلَا فِيْمَا لَا يُجْهَرُ فِيْهِ وَلَا قَرَاَ فِي الْاُخْرَيَيْنِ بِاُمِّ الْكِتَابِ وَلَا غَيْرِهَا خَلْفَ الْاِمَامِ وَلَا اَصْحَابُ عَبْدِ اللّٰهِ جَمِيْعًا

''علقمہ' امام کے پیچھے ایک حرف بھی نہیں پڑھتے تھے' اس نماز میں بھی' جس میں امام بلند آواز میں قرأت کرتا تھا اور اس نماز میں بھی' جس میں امام بلند آواز میں قرأت نہیں کرتا تھا' اسی طرح وہ امام کے پیچھے آخری دو رکعت میں' نہ تو سورۃ فاتحہ پڑھتے تھے' اور نہ ہی کچھ اور پڑھتے تھے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے تمام شاگرد بھی اسے نہیں پڑھا کرتے تھے۔

•••———•••———•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوحسین مبارک بن عبدالجبار- ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان- ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان- بشر بن موسیٰ- مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ لا نری القراءة خلف الامام فی شیء من الصلاة لا فيما يجهر بها ولا فيما لا يجهر بها

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' ہم امام کے پیچھے' کسی بھی نماز میں (مقتدی کی) قرأت کے قائل نہیں ہیں' نہ تو ان نمازوں میں جن میں بلند آواز میں قرأت کی جاتی ہے' اور نہ ہی ان نمازوں میں جن میں پست آواز میں قرأت کی جاتی ہے۔

490)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

489) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (84) في الصلاة: باب القراءة خلف الامام- وعبد الرزاق (2658) في الصلاة: باب كيف القراءة في الصلاة- ومحمد في "الموطأ" 62 (120) باب القراءة خلف الامام.

490) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (85) في الصلاة: باب القراءة خلف الامام- وعبد الرزاق (2660) في الصلاة: باب كيف القراءة في الصلاة؟ وابن ابي شيبة 372/1 في الصلوات: باب من كان يقول: يسبح في الآخرتين ولا يقرأ.

متن روایت: لَا يُزَادُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُخْرَيَيْنِ عَلٰى فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

''آخری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے علاوہ کچھ اور نہیں پڑھا جائے گا۔''

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(491)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ :

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمْ يَقْرَأْ خَلْفَ الْاِمَامِ لَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ وَلَا فِيْ غَيْرِهِمَا

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ امام کے پیچھے تلاوت نہیں کیا کرتے تھے نہ ہی پہلی دو رکعت میں کرتے تھے اور نہ ہی آخری میں کرتے تھے۔''

•••——•••——•••

ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(492)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: مَا قَنَتَ اَبُوْ بَكْرٍ وَلَا عُمَرُ وَلَا عُثْمَانُ وَلَا عَلِيٌّ حَتّٰى حَارَبَ اَهْلَ الشَّامِ فَكَانَ يَقْنُتُ

''حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی نے کبھی قنوت نازلہ نہیں پڑھی یہاں تک کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اہل شام کے ساتھ جنگ کی تو وہ قنوت نازلہ پڑھا کرتے تھے۔''

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - ابوعلی بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(493)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

(491) اخرجه ابن ابی شيبة 372/1 فی الصلاة: باب من كان يقول: سبح فی الاخرين ولاتقرأ .

(492)-- اخرج الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 249/1-واحمد 472/3-والترمذی (402)-وابن ماجة (1241)-والطبرانی فی "الكبير" (8178) عن ابی مالك قال: قلت لابی: یاابت! انك قد صليت خلف رسول الله صلی الله عليه وسلم وابی بكر و عمر وعثمان وعلی هاهنا بالكوفة قريباً من خمس سنين اكانوا يقنتون؟ قال: ای بنی امحدث .

متن روایت: حَدَّثَنِیْ مَنْ صَلّٰی اِلٰی جَانِبِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ مِنْ حِرْصِهٖ عَلٰی اَنْ یَّسْمَعَ صَوْتَهٗ فَلَمْ یَسْمَعْ غَیْرَ اَنَّهٗ سَمِعَ یَقُوْلُ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا یُرَدِّدُهَا مِرَارًا فَظَنَّ الرَّجُلُ اَنَّهٗ یَقْرَاُ فِیْ طٰهٰ

''مجھے اس شخص نے یہ بات بتائی ہے: جس نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پہلو میں نماز ادا کی تھی اور وہ اس بات کا خواہش مند تھا کہ وہ اُن کی آواز سنے' تو اس نے ان کی آواز میں یہی سنا کہ وہ کہہ رہے تھے ''اے میرے پروردگار تو میرے علم میں اضافہ کر'' وہ ان کلمات کو بار بار دہرا رہے تھے تو اِس سے اُس شخص نے یہ اندازہ لگایا کہ وہ سورۃ طٰہٰ کی تلاوت کر رہے تھے۔''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وهذا كله فی صلوة النهار ولا نری باساً ان یقف الرجل علی الشیء من القرآن مثل هذا یدعو لنفسه فی التطوع واما المكتوبة فلا

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: یہ سب کچھ دن کی نماز میں تھا' ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں کہ آدمی دن کی نماز میں' قرآن کی تلاوت کے دوران اس طرح کے کسی مقام پر ٹھہر کر اپنے لیے دعا کرے' لیکن یہ نفل نماز میں ہوگا' فرض نماز میں نہیں۔

494)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ آمُرَ بِجَمْعِ حَزْمٍ مِنْ حَطَبٍ وَاُقَدِّمُ رَجُلًا یُصَلِّیْ بِالنَّاسِ ثُمَّ اَتَتَبَّعُ الَّذِیْنَ یُخَالِفُوْنَ وَلَا یَحْضُرُوْنَ الْجَمَاعَةَ فَاُحَرِّقُ عَلَیْهِمْ بُیُوْتَهُمْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں نے یہ ارادہ کیا کہ میں لکڑیوں کا گٹھا جمع کرنے کا حکم دوں' پھر کسی شخص کو آگے کروں' جو لوگوں کو نماز پڑھا دے اور پھر میں ان لوگوں کے پیچھے جاؤں' جو نماز باجماعت میں شریک نہیں ہوئے ہیں اور اُن کے گھروں کو آگ لگا دوں۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسین علی بن محمد بن عبید - جعفر بن محمد بن کفاک - عبداللہ بن یحییٰ مروزی -

---

493- اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (77) فی الصلاة: باب الجهر بالقراء ة - وابن ابی شیبة 363/1 فی الصلوات: باب فی قراء ة النهار كیف هی فی الصلاة؟ والطبرانی فی "الكبیر" (9390).

494- اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 168/1 فی الصلاة: باب الصلاة الوسطی ای الصلوات؟ وابن خزیمة 1740 (1853) - والحاكم فی "المستدرك" 430/1 - والبیهقی فی "السنن الكبری" 56/3

اسماعیل بن یحیٰی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**495**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ مَیْمُوْنَ بْنِ سِیَاهٍ عَنْ الْحَسَنِ الْبَصَرِیّ:

متنِ روایت: اَنَّهٗ سَاَلَهٗ سَائِلٌ اَقْرَاُ خَمْسَ مِائَةِ آیَةٍ فِیْ کُلِّ رَکْعَةٍ فَتَعَجَّبَ وَقَالَ سُبْحَانَ اللهِ مَنْ یُطِیْقُ هٰذَا قَالَ الرَّجُلُ اَنَا اُطِیْقُهٗ قَالَ اِنَّ اَحَبَّ الصَّلَاةِ اِلَی اللهِ تَعَالٰی طُوْلُ الْقُنُوْتِ

امام ابوحنیفہ- میمون بن سیاہ کے حوالے سے- حسن بصری کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

''ایک شخص نے اُن سے سوال کیا: کیا میں ہر رکعت میں پانچ سو آیات پڑھ سکتا ہوں؟ تو وہ اس بات پر حیران ہوئے بولے سبحان اللہ! کون اس کی طاقت رکھتا ہے؟ اس شخص نے میں اس کی طاقت رکھتا ہوں' تو حسن بصری نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ پسندیدہ نماز وہ ہے' جس میں طویل قیام ہے''

•••——•••——•••

(اخرجہ) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواہ عن ابی حنیفة رضی اللہ عنہ ثم قال محمد طول القیام فی صلاۃ التطوع احب الینا من کثرۃ الرکوع والسجود وھو قول ابی حنیفة

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: نفل نماز میں' رکوع وسجود کی کثرت بہ نسبت طویل قیام کرنا ہمارے نزدیک زیادہ محبوب ہے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**496**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: اَنَّهٗ قَالَ مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ فِیْ اَقَلِّ مِنْ ثَلَاثٍ فَکَاَنَّهٗ لَمْ یَقْرَاْ

امام ابوحنیفہ نے- ابومحمد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''جو شخص تین دن سے کم میں پورا قرآن پڑھ لیتا ہے گویا اس نے اُسے پڑھا ہی نہیں ہے۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابن عقدہ- قاسم بن محمد- ابوبلال- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**497**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متنِ روایت: رَمَقْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ

امام ابوحنیفہ نے- نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''میں چالیس دن تک (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ

(495) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (188) فی الصلاۃ: باب تخفیف الصلاۃ

(496) اخرجه ابن ابی شیبة 243/2 (8593) فی القرآن فی کم یختم؟ وعبد الرزاق (5946)- والطبرانی فی "الکبیر" (8701)- والبیهقی فی "السنن الکبری" 396/2 بعضه.

وَسَلَّمَ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا اَوْ شَهْرًا فَسَمِعْتُهُ يَقْرَأُ فِي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ

ہیں) ایک ماہ تک' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا جائزہ لیتا رہا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی دو رکعت سنتوں میں' سورۃ کافرون اور سورۃ اخلاص کی تلاوت کیا کرتے تھے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -عباس بن عزیز -علی بن سلیمان -سلم بن سالم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوعباس بن عقدہ -عبداللہ بن محمد بن یعقوب -عباس بن عزیز قطان -علی بن سلیمان -سلم بن سالم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(498)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ طَرِيْفِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

امام ابوحنیفہ نے -ابوسفیان طریف بن شہاب- ابونضرہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْوُضُوْءُ مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ وَالتَّكْبِيْرُ تَحْرِيْمُهَا وَالتَّسْلِيْمُ تَحْلِيْلُهَا وَفِيْ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ تَسْلِيْمٌ وَلَا تُجْزِءُ صَلٰوةٌ اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَمَعَهَا غَيْرُهَا

''وضو نماز کی کنجی ہے' تکبیر کے ذریعے یہ شروع ہوتی ہے اور سلام پھیرنے پر یہ ختم ہوتی ہے' ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیرا جائے گا اور فاتحہ اور اس کے ساتھ (کسی دوسری سورۃ یا آیت) کی تلاوت کے بغیر نماز درست نہیں ہوتی ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -عبدالصمد بن فضل -عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔
انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے -سفیان بن عبدحکم -مقری سے نقل کی ہے: تاہم انہوں نے اس کے آخر میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

قال المقرى قلت لابى حنيفة فما معنى فى كل ركعتين فسلم قال يعنى فتشهد قال المقرى صدق

''مقری بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ سے دریافت کیا: اس کا مطلب کیا ہوگا' تم ہر دو رکعات کے بعد سلام کرو؟ تو انہوں نے جواب دیا: یعنی تم تشہد پڑھو''۔

---

(497) اخرجه ابن حبان (2459)-واحمد 94/2-والترمذى(417) فى الصلاة:باب ماجاء فى تخفيف ركعتى الفجر-وابن ماجة (1149) فى اقامة الصلاة:باب ماجاء فيما يقرأ فى الركعتين قبل الفجر-وعبد الرزاق (4790) .

(498) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار" (4) فى الطهارة:باب الوضوء-والترمذى (238) فى الصلاة:باب ما جاء فى تحريم الصلاة وتحليلها-والدار قطنى 359/1 فى الصلاة:باب مفتاح الصلاة-والبيهقى فى"السنن الكبرىٰ" 180/2

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبید اللہ - محمد بن ابراہیم صائغ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ تاہم ان الفاظ تک ہے: انہوں نے ٹھیک کہا ہے۔

انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے - احمد بن زہیر - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبدالصمد بن فضل اور محمد بن منصور اور اسماعیل بن بشر (یہ دونوں بلخی ہیں) اور احید بن حسین بامیانی کے حوالے سے اور ان سب نے - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن اشرس سلمی نیشاپوری - جارود بن یزید سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عباس بن عزیز قطان مروزی - نوح بن انس (اور) علی بن سلیمان (یہ دونوں رازی ہیں) - مہران بن محمد رازی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں

وفي كل ركعتين تسليمة يعني التطوع

''ہر دو رکعات کے بعد سلام پھیرا جائے گا یعنی نفل نماز میں ایسا ہوگا''۔

انہوں نے یہ روایت عبدالصمد بن فضل اور ابراہیم بن بشر ان دونوں نے - شداد بن حکیم - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابراہیم بن علی بن حسن ترمذی - احمد بن حجاج ترمذی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابواسامہ زید بن یحییٰ - احمد بن یعقوب - عبدالعزیز بن خالد ترمذی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن منصور بن نصر صغانی - حم بن نوح - عبدالعزیز بن خالد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن یزید بن ابوخالد - حسن بن صالح - ابوسعید صغانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن صالح بن محمد - محمد بن سہل خطیب - حسن بن سلیمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ہارون بن ہشام - احمد بن حفص - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی - منذر بن محمد - حسین بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن علی بن شاذی سرخسی - عبدان (اور) وہب بن زمعہ (اور) محمود بن دالان مروزی (اور) عبداللہ

بن محمد طواویسی ان سب نے - حامد بن آدم (اور) محمد بن صالح ترمذی (اور) محمد بن حمدویہ بن سنجار مروزی ان دونوں نے - سوید بن نصر ان سب نے - عبداللہ بن مبارک کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن ہمام خفاف - محمد بن یزید مخمش - حفص بن عبداللہ - کنانہ بن جبلہ اور ابراہیم بن طہمان ان سب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن صالح - ابراہیم بن ہاشم - جعفر بن عون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت قبیصہ بن فضل طبری - احمد بن یونس ضبی - جعفر بن عون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی - محمد بن حنیفہ - حسن بن جبلہ - سعید بن صلت کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن احمد بن عبدالملک - احمد بن اسحاق ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزار - بشر بن ولید - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت سہل بن بشر - فتح بن عمرو - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - جعفر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - عبدالحمید حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے محمد بن مسروق کی تحریر میں پڑھا ہے: امام ابوحنیفہ نے ہمیں (یہ) حدیث بیان کی۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا - انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن علی بن سلیمان مروزی (اور) احید ابن عمر (اور) ابراہیم بن منصور ان سب نے - محمد بن علی بن حسین بن سفیان - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوسلیمان شعرانی - محمد بن سلیمان مروزی - محمد بن ہمدانی - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت سری بن عصام بخاری - حماد بن آدم - بشار بن قیراط کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد کوفی - ابراہیم بن اسحاق زہری - محمد بن یعلی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حسن بن سفیان نسوی - یزید بن صالح یشکری - حفص بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

لا صلوة الا بفاتحة الكتاب ومعها غيرها

''سورہ فاتحہ اور اس کے ہمراہ (کسی سورت یا آیات کی تلاوت) کے بغیر نماز نہیں ہوتی''

انہوں نے یہ روایت محمد بن منذر بن سعید ہروی - احمد بن عبداللہ بن محمد کندی - ابراہیم بن جراح قاضی مصر - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

لا صلوة لمن لا يقرا فيها بفاتحة الكتاب او غيرها

''اس کی نماز نہیں ہوتی جس نے سورہ فاتحہ اور اس کے ہمراہ (کسی سورت یا آیات کی تلاوت) نہ کی ہو''

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح - محمد بن غالب رافعی - سعید بن مسلمہ بن ہشام بن عبدالملک بن مروان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - عبداللہ بن محمد بن یزید حنفی - عبداللہ بن معاویہ - حارث بن نبہان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

مفتاح الصلاة الطهور وتحريمها التكبير وتحليلها التسليم وفي كل ركعتين فسلم ولا تصح صلوة الا بفاتحة الكتاب ومعها غيرها

''وضو نماز کی کنجی ہے تکبیر کے ذریعے یہ شروع ہوتی ہے اور سلام پھیر کر یہ ختم ہوتی ہے ہر دو رکعات کے بعد سلام پھیر دو اور نماز صرف ''سورہ فاتحہ اور اس کے ہمراہ (کسی سورت یا آیات کی تلاوت) کے ساتھ ہی ہوتی ہے''

انہوں نے یہ روایت پہلے الفاظ کے ساتھ - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - ابراہیم بن اسحاق زہری - محمد بن یعلی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطیب ابراہیم بن شہاب - عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن واقد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن مخلد - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن ابراہیم - ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبدالرحمٰن ابوحسین - اسماعیل بن ابوکثیر - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوقاسم حسن بن بشر بن داؤد بجلی - ابراہیم بن اسحاق - محمد بن یعلی سلمی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعمرو احمد بن خلف "معروف بہ ابن ابی اخیل" - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن حسن دینوری - ہارون بن موسیٰ - یحییٰ بن نصر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوغنائم محمد بن علی بن محمد - ابوحسن محمد بن احمد بن محمد بن زرقویہ - ابوسہل احمد بن محمد بن زیاد قطان - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر سے - انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابوحسین محمد بن احمد بن حسنون - قاضی ابوحسن علی بن محمد بن اسحاق بن یزید - ابومحمد اسماعیل بن محمد بن قبیصہ - قطن بن ابراہیم بن سعید - حفص بن عبداللہ - ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی کتاب الآثار فرواه عن ابی حنیفة باللفظ الاول ثم قال محمد رحمه الله وان قرا بام الکتاب وحدها فقد اساء ویجزیه انشاء الله ثم قال محمد رحمه الله وبلغنا (عن) ابن عباس انه سئل عن القرآن فی الصلاة فقال هو امامك فان شئت فاقلل منه وان شئت فاکثر وهو قول ابی حنیفة رحمه الله

امام محمد بن حسن نے "الآثار" میں اس روایت کو نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے پہلی روایت کے الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: اگر وہ صرف سورہ فاتحہ ہی کی تلاوت کرلے تو اس نے برا کیا لیکن اگر اللہ نے چاہا تو اس کی نماز ہوجائے گی پھر امام محمد فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہم تک یہ روایت پہنچی ہے:

"ان سے نماز میں قرآن کی تلاوت کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: وہ تمہارا امام ہے تم چاہو تو اس میں سے تھوڑی (تلاوت کرلو) اور اگر تم چاہو تو اس میں سے زیادہ (تلاوت کرلو۔)"

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا بھی یہی قول ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے ان الفاظ تک روایت کیا ہے:

فسلم ای تشهد ''تو تم سلام کرو یعنی تشہد پڑھو''

(499)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِىْ عَيَّاشٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ اُمِّ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

متنِ روایت: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَنَتَ فِى الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ

امام ابوحنیفہ نے- ابان بن ابوعیاش- ابراہیم نخعی- علقمہ- حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ (بن مسعود رضی اللہ عنہ) کی والدہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ وتر میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- عبداللہ بن احمد بن ابومیسرہ- ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ اور احمد بن حازم ان دونوں نے- عبیداللہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز- انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے- احمد بن منیع- یزید بن ہارون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ کے حوالے سے- ابان بن ابوعیاش- ابراہیم نخعی- علقمہ سے روایت کی ہے- حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

بعثت بامی فباتت عند زوجات النبی صلی الله علیه و آله وسلم لتنظر متی یقنت فاخبرت انه یقنت فی وتره قبل الرکوع

''میں اپنی والدہ کو بھجواتا تھا تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے ہاں رات کے وقت ٹھہر جاتی تھیں تاکہ وہ اس بات کا جائزہ لیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کب قنوت پڑھتے ہیں؟ تو (میری والدہ نے بتایا:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھتے تھے''

حافظ صاحب کہتے ہیں: یہ حدیث ''حسن'' ہے ایک جماعت نے اس کو ابان بن ابوعیاش سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابومحمد عبداللہ بن علی بن عبداللہ انصاری- محمد بن احمد نرسی- ابوحسین عبدالوہاب کلابی- ابوحسن احمد بن عمیر- عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب بن اسحاق- انہوں نے اپنے دادا شعیب بن اسحاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(499) اخرجه الدار قطنی 31/2 فی الوتر: باب ما یقرأ فی رکعات الوتر- والبیهقی فی'' السنن الکبری'' 41/3 فی الصلاة قال: یقنت فی الوتر قبل الرکوع- وابن ابی شیبة 302/2 فی الصلاة: باب فی القنوت قبل الرکوع اوبعده.

انہوں نے یہ روایت ابوقاسم بن احمد بن محمد بن ابوقاسم - ابوعبداللہ عمر بن حسین - حسن بن سلام - عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(500) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِی سُفْیَانَ طَرِیْفِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِی نَضْرَةَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ عَنْ اَبِیْهِ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوسفیان طریف بن شہاب - ابونضرہ - یزید بن عبد اللہ بن مغفل کے حوالے سے ان کے والد کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّهُ صَلّٰی خَلْفَ اِمَامٍ فَجَهَرَ بِبِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ یَا عَبْدَ اللهِ اِحْبِسْ عَنَّا نَغْمَتَكَ هٰذِهٖ فَاِنِّیْ صَلَّیْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَخَلْفَ اَبِی بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ فَلَمْ اَسْمَعْهُمْ یَجْهَرُوْنَ بِهَا

”ایک مرتبہ انہوں نے امام کے پیچھے نماز ادا کی تو امام نے بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بلند آواز میں پڑھ لی جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو انہوں نے فرمایا: اے اللہ کے بندے! تم اپنا یہ نغمہ ہمیں نہ سناؤ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ادا کی ہے حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان کے پیچھے نماز ادا کی ہے لیکن میں نے انہیں بلند آواز میں اس کو پڑھتے نہیں سنا ہے۔“

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة (عن) ابوسفیان (عن) یزید (عن) ابیه ثم قال محمد وبه ناخذ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ”الآثار“ میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ - ابوسفیان - یزید - انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - حسن بن سفیان - عقبہ بن مکرم - یونس بن بکیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت زکریا بن یحییٰ اصفہانی - احمد بن عبدالرحمٰن - محمد بن مغیرہ - حکم - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت علی بن محمد سمسار - عمار بن خالد - اسحاق ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

---

500) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (81) فی الصلاة: باب الجهر ب بسم الله الرحمٰن الرحیم - والترمذی (244) فی الصلاة: باب ما جاء فی ترك الجهر ب بسم الله الرحمن الرحیم - وابن ماجة (815) فی اقامة الصلاة: باب افتتاح القراء ة - وعبد الرزاق (2600) - والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 202/1 - وابن ابی شیبة 409/1

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - حسین بن محمد - امام ابو یوسف اور اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن عبداللہ مسروقی' سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میں نے اپنے دادا کی تحریر میں پائی ہے کہ یہ امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: ان حضرات نے اس کو امام ابوحنیفہ - ابوسفیان - یزید بن عبداللہ بن مغفل سے روایت کی ہے۔

جبکہ ایک جماعت نے امام ابوحنیفہ - ابوسفیان - یزید بن عبداللہ بن مغفل - عبداللہ بن مغفل سے روایت کی ہے' اور یہ درست ہے' کیونکہ یہ روایت عبداللہ بن مغفل سے منقول ہونے کے حوالے سے مشہور ہے۔

ایک جماعت نے اس روایت کو جریری سعید بن ایاس - قیس بن عبایہ - عبداللہ بن مغفل کے صاحبزادے کے حوالے سے ان کے والد (عبداللہ بن مغفل) سے روایت کی ہے۔

بخاری بیان کرتے ہیں: صالح بن احمد بن ابومقاتل بزاز نے بغداد میں ہمیں یہ روایت بیان کی: محمد بن عبید بن ثعلبہ حمانی نے - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' اس کو روایت کیا ہے' انہوں نے اس کو - ابوسفیان - یزید بن عبداللہ بن مغفل - ان کے والد (عبداللہ بن مغفل) سے روایت کی ہے:

**انہ صلی خلف امام فجھر ببسم اللہ الرحمن الرحیم فناداہ یا عبد اللہ انی صلیت خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وابی بکر وعمر وعثمان فلم اسمع احداً منھم یجھر بھا**

''انہوں نے امام کے پیچھے نماز ادا کی' امام نے بلند آواز میں بسم اللہ شریف پڑھنی شروع کی تو انہوں نے بلند آواز میں اسے پکارا: اے اللہ کے بندے! میں نے نبی اکرم ﷺ' حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نمازیں ادا کی ہیں' میں نے ان حضرات میں سے کسی کو' اس کو بلند آواز میں پڑھتے ہوئے نہیں سنا''

بخاری کہتے ہیں: احمد بن محمد نے اس روایت کو - ابراہیم بن اسحاق زہری - جعفر بن عون - محمد بن عبد بن حمید کشی - جعفر بن عون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے

بخاری نے یہ روایت - اپنے والد اور اسحاق بن احمد - عمر بن حفص - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

اور انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد اور منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا - انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت - احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسن بن علی سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت حسین بن علی کی تحریر میں ہے

نے اس میں پڑھا ہے: (یہ روایت) یحییٰ - زیاد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی حافظ اور عبداللہ بن عبید اللہ - عیسیٰ - مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اپنے والد اور سعید بن ذاکر' ان دونوں نے - احمد بن کثیر - مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبدالصمد بن فضل اور اسماعیل بن بشر' ان دونوں نے - شداد بن حکیم - زفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔' تاہم انہوں نے عثمان کا ذکر نہیں کیا۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی حافظ - احمد بن یعقوب - عبدالعزیز بن خالد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - محمد بن ثعلبہ حمانی - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطیب ابراہیم بن شہاب - ابوشبیل عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن واقد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسن محمد بن ابراہیم بن احمد - ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوقاسم بن عیسیٰ عصار نے دمشق میں - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد - انہوں نے اپنے دادا شعیب بن اسحاق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

اور انہوں نے یہ روایت حسین بن حسین انطاکی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت یحییٰ بن صاعد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن نصر بن طالب - احمد بن محیا - احمد بن محمد بن رستم - محمد بن حفص کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

ابن خسرو کہتے ہیں: درست یہ ہے کہ یہ یزید بن عبداللہ بن مغفل سے منقول ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(501)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: لَمْ يَجْهَرْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَا اَبُوْ بَكْرٍ وَلَا عُمَرُ وَلَا عُثْمَانُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ يَعْنِيْ بِالتَّسْمِيَةِ

امام ابوحنیفہ نے - ایک شخص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان بلند آواز میں اسے نہیں پڑھا کرتے تھے' ان کی مراد ''بسم اللہ'' شریف تھی۔''

•••——•••——•••

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر بن خیاط - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - محمد بن احمد بن نصر - ابراہیم بن عبدالحمید - یحییٰ بن یمان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت - محمد بن احمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(502)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

متن روایت: قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي الرَّجُلِ يَجْهَرُ بِبِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَنَّهَا اَعْرَابِيَّةٌ وَكَانَ لَا يَجْهَرُ بِهَا هُوَ وَلَا اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ایسے شخص کے بارے میں فرماتے ہیں: جو بلند آواز میں بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتا ہو کہ یہ شخص دیہاتی ہے' حضرت عبداللہ خود اور ان اصحاب میں سے کوئی ایک بھی اسے بلند آواز میں نہیں پڑھتا تھا۔''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(503)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

---

(501) اخرجه الطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' 202/1 - وابن ابی شیبة 410/1 - ومالك فی ''الموطأ'' 81/1 (30) - والبیهقی فی السنن الکبریٰ'' 51/2 - وعبدالرزاق (2598) - وابو یعلی (3081) - وابن حبان (1798) .

(502) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (82) فی الصلاة: باب الجهر ب بسم الله الرحمن الرحیم - وعبد الرزاق (2605) - وابن ابی شیبة 410/1 - والطحاوی فی '' شرح معانی الآثار '' 204/1 - والبزار (252) کلهم من قول عبد الله بن عباس

متن روایت: اَرْبَعٌ يُخَافِتُ بِهِنَّ الْإِمَامُ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَ التَّعَوُّذُ مِنَ الشَّيْطَانِ وَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَآمِيْنَ

''چار چیزیں ایسی ہیں، جنہیں امام پست آواز میں پڑھے گا'سبحانك اللهم، اعوذ بالله، بِسْمِ اللّٰهِ اور آمین۔''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

504)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ وَعُثْمَانُ لَا يَجْهَرُوْنَ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان بلند آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نہیں پڑھتے تھے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -عبدالرحیم بن عبداللہ بن اسحاق سمنانی - محمد بن فرج خطیب بغدادی - اسحاق بن بشر خراسانی -ابوحذیفہ بخاری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت - ابوبکر خطیب بغدادی - ابوقاسم ازہری - ابونصر محمد بن احمد ابن محمد بن موسیٰ بن جعفر ملاحمی - عبداللہ بن محمد بن یعقوب - عبدالرحیم بن عبداللہ بن اسحاق سمنانی - محمد بن فرج بغدادی - ابوجعفر قزوینی - اسحاق بن بشر قرشی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

505)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِیْ عَيَّاشٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابان بن ابوعیاش - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: رَمَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

''میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وتر کی نماز کا بغور جائزہ لیا' تو

503) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی ''الآثار'' (83) -وعبد الرزاق (2596) و (2597) فی الصلاة: باب ما يخفی الامام -وابن ابی شيبة 360/1 (4136) .

504) قد تقدم فی (501) .

505) قد تقدم فی (499) .

وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْوِتْرِ فَرَأَيْتُهُ قَنَتَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ

میں نے آپ ﷺ کو دیکھا کہ آپ رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھتے تھے۔“

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ”مسند“ میں - ابوعباس بن عقدہ - احمد بن مقاتل رازی - یعقوب بن اسحاق - ہشام - عبدالکریم بن عبداللہ جرجانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ”مسند“ میں - ابوسعد احمد بن عبدالجبار - علی بن ابوعلی - ابوقاسم بن ثلاج - ابوعباس بن عقدہ - احمد بن محمد بن مقاتل - یعقوب بن اسحاق - ہشام - عبدالکریم بن عبداللہ جرجانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(506)**- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متنِ روایت: اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَمَّ اَصْحَابَهٗ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ فَقَرَاَ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى بِقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ وَفِي الثَّانِيَةِ بِلِاِيْلَافِ قُرَيْشٍ

”حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں کو فجر کی نماز پڑھائی تو انہوں نے پہلی رکعت میں سورۃ کافرون کی اور دوسری رکعت میں سورۃ قریش کی تلاوت کی۔“

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ ونراه مجزياً ولكنا نستحب للامام اذا صلى الصبح وهو مقيم ان يطيل فيها القراءة وان يقرا فى كل ركعة سورة تكون عشرين آية فصاعداً سوى فاتحة الكتاب ويطيل الاولى على الثانية

امام محمد بن حسن نے ”الآثار“ میں اس روایت کو نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں ہم اسے جائز سمجھتے ہیں لیکن ہم امام کے لیے یہ بات مستحب سمجھتے ہیں کہ جب وہ مقیم ہونے کے دوران صبح کی نماز پڑھا رہا ہو تو وہ اس میں طویل قرأت کرے اور وہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے علاوہ کوئی ایسی سورت کی تلاوت کرے جو بیس یا اس سے زیادہ آیات پر مشتمل ہو نیز وہ دوسری رکعت کی بہ نسبت پہلی رکعت طویل ادا کرے۔

**(507)**- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - عدی بن ثابت کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

(506) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (189) فى الصلاة: باب تخفيف الصلاة.

(507) اخرجه ابن ابى شيبة 359/1 فى الصلاة: باب ما يقرأ به فى العشاء الآخرة. ومسلم 339/1 (177)-والبخارى (767)-وابو داؤد (1214)-والترمذى (310)-وابن ماجة (834)-والخطيب فى "تاريخ بغداد" 333/11

متن روایت: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ فَقَرَاَ بِالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ

''میں نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ عشاء کی نماز ادا کی' تو آپ نے اس میں سورۂ والتین والزیتون کی تلاوت کی۔''

•••—— •••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - عباد بن زید - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - خالد بن ہیاج بن بسطام - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

508- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) اَبِى سُفْيَانَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوسفیان - یزید بن عبداللہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ صَلّٰى خَلْفَ اِمَامٍ فَجَهَرَ بِبِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ يَا عَبْدَ اللهِ اِنِّىْ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبِىْ بَكْرٍ وَعُمَرَ فَلَمْ اَسْمَعْهُمْ يَجْهَرُوْنَ بِبِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

''حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے امام کے پیچھے نماز ادا کی' تو امام نے بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بلند آواز میں پڑھ لی' جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو انہوں نے فرمایا: اے اللہ کے بندے! میں نے نبی اکرم ﷺ کے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز ادا کی ہے' میں نے ان حضرات کو بلند آواز میں بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے ہوئے نہیں سنا ہے۔''

•••—— •••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - علی بن محمد بن عبید - ابراہیم بن اسحاق قاضی - جعفر بن عون حریثی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

509- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الصَّلْتِ بْنِ بَهْرَامٍ عَنْ حُوْطٍ عَنْ اَبِى الشَّعْثَاءِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

امام ابوحنیفہ نے - صلت بن بہرام - حوط - ابوشعثاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اُنْبِئْتُ اَنَّ اِمَامَكُمْ يَقُوْمُ فِىْ آخِرِ الرَّكْعَةِ مِنَ الْفَجْرِ لَا تَالِىْ لِلْقُرْآنِ وَلَا رَاكِعٌ فَلَا يَفْعَلْ

''مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ تمہارا امام فجر کی دوسری رکعت میں کھڑا ہوتا ہے' حالانکہ اس دوران وہ نہ تو قرآن کی تلاوت کر رہا ہوتا ہے اور نہ ہی رکوع میں جاتا ہے' تو اُسے ایسا نہیں کرنا چاہیے۔''

•••—— •••——•••

508) قد تقدم فی (501) .

509) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (215) فی الصلاة: باب القنوت فی الصلاة - وعبد الرزاق (4954) - وابن ابی شيبة 309/2 - من كان لا يقنت فی الفجر - والطحاوی فی " شرح معانی الآثار" 242/1

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- احمد بن محمد بن سعید- جعفر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عبد اللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(510)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِي عَيَّاشٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- ابان بن ابوعیاش- ابراہیم نخعی- علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: لَمْ يَقْنُتْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْفَجْرِ قَطُّ اِلَّا شَهْرًا وَّاحِدًا لِاَنَّهٗ حَارَبَ حَيًّا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَنَتَ يَدْعُوْ عَلَيْهِمْ

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز میں کبھی قنوت نازلہ نہیں پڑھی صرف ایک ماہ تک آپ نے ایسا کیا تھا جب آپ مشرکین کے ایک قبیلے کے خلاف جنگ کر رہے تھے تو آپ نے قنوت نازلہ پڑھتے ہوئے ان کے لئے دعائے ضرر کی تھی۔"

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- احمد بن محمد- سفیان- مالک کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- ابوقاسم بن احمد- ابوقاسم عبد اللہ بن حسن- ابوعبد اللہ- عمر- محمد بن عبد اللہ بن سلیمان- ابوسری مالک بن فدیک کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(511)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ بِلَالِ بْنِ مِرْدَاسِ الْفَزَارِيِّ عَنْ وَهَبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ:

امام ابوحنیفہ نے- بلال بن مرداس فزاری- وہب بن کیسان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمُ التَّشَهُّدَ وَالتَّكْبِيْرَ رُكُوْعًا وَسُجُوْدًا كَمَا يُعَلِّمُهُمُ السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو تشہد کی رکوع اور سجدے میں جاتے ہوئے تکبیر کہنے کی تعلیم اس طرح دیا کرتے تھے جس طرح لوگوں کو قرآن کی کسی سورت کی تعلیم دیا کرتے تھے۔"

•••——•••——•••

(510) اخرجه الطحاوی فی" شرح معانی الآثار" 244/1-وابن حبان (1973)-واحمد 116/3-والبخاری (1003) فی الوتر: باب القنوت قبل الركوع وبعده-ومسلم (677) فی المساجد: باب استحباب القنوت فی جميع الصلوات-وابو عوانة 186/2-والبيهقی فی" السنن الكبرى" 244/2

(511) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی"الآثار" (78)-والحاكم فی" المستدرك" 399/1-والنسائی فی"المجتبى" نوع آخرمن التشهد-وابن ماجة (902) باب ما جاء فی التشهد-والنسائی فی" السنن الكبرى" 253/1-والبيهقی فی"السنن الكبرى" 141/2

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت - صالح بن احمد - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعبداللہ محمد بن مخلد - محمد بن سلیمان - ابو ہریرہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن مخلد - حمشاذ - سہل بن عمار - عبداللہ بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - حسن بن محمد بن شعیب - محمد بن عمران ہمدانی - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد فارسی - محمد بن مظفر - حسین بن حسین - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

512- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ التَّشَهُّدَ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اِلٰى عَبْدِهٖ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ تَدْعُوْ بِمَا اَحْبَبْتَ

امام ابوحنیفہ نے - سلیمان بن مہران اعمش - ابراہیم نخعی - علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تشہد کے کلمات کی تعلیم دی تھی:

''ہر طرح کی زبانی، جسمانی اور مالی عبادات اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہیں'' یہ کلمات یہاں تک ہیں ''اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں'' پھر تم جو چاہو وہ دعا کرو۔''

••• ——— ••• ——— •••

حافظ محمد بن مظفر نے اپنی ''مسند'' میں - ابوحسن محمد بن احمد بن ہیثم بن صالح تیمی - عبدالرحمٰن بن خالد بن نجیح - انہوں نے اپنے والد خالد بن نجیح - محمد بن محمد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

(عن) الضحاك بن مسافر مولى سليمان بن عبد الملك قال صليت الى جنب ابى حنيفة فسمعني اتشهد فقال لي يا شامي حدثني سليمان بن مهران الاعمش ......الحديث

ضحاک بن مسافر' جو سلیمان بن عبدالملک کا غلام ہے' وہ بیان کرتا ہے: میں نے امام ابوحنیفہ کے پہلو میں نماز ادا کی' انہوں نے مجھے تشہد پڑھتے ہوئے سنا' تو مجھ سے فرمایا: اے شامی! سلیمان بن مہران اعمش نے مجھے حدیث بیان کی ہے......الحدیث

512- اخرجه الطحاوى فى" شرح معانى الآثار " 257-واحمد 422/1-وابو داؤد (970) فى الصلاة:باب التشهد-والدار قطنى 353-والطبرانى فى"الكبير" (9925)-والطيالسى (275) .

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - عبدالوہاب بن محمد بن منصور - ابوبکر محمد بن احمد بن عبدالواحد - علی بن عمر بن محمد حربی - ابوحسین محمد بن مظفر حافظ - ابوحسن محمد بن احمد بن ہیثم بن صالح تیمی مقری - عبدالرحمٰن بن خالد بن نجیح - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن محمد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

(عن) الضحاك بن مسافر مولى سليمان بن عبد الملك قال صليت بجنب ابو حنيفة ......الحديث

•••——•••——•••

ضحاک بن مسافر جو سلیمان بن عبد الملک کا غلام ہے وہ بیان کرتا ہے: میں نے امام ابوحنیفہ کے پہلو میں نماز ادا کی......الحديث

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

**(513)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ بِلَالٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

امام ابوحنیفہ نے - بلال - وہب بن کیسان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ كَبِّرُوْا كُلَّمَا رَكَعْتُمْ وَسَجَدْتُّمْ وَرَفَعْتُمْ قَالَ وَكَانَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ کہا کرتے تھے جب بھی تم رکوع میں جاؤ یا سجدے میں جاؤ یا (رکوع یا سجدے سے) اٹھو تو تکبیر کہو۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تشہد کے کلمات کی تعلیم اس طرح دیتے تھے جس طرح قرآن کی کسی سورۃ کی تعلیم دیتے تھے۔''

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن حسین خثعمی - ابوکریب - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد فارسی - حافظ محمد بن مظفر - محمد بن محمد بن سلیمان - ابراہیم بن یوسف صیرفی - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(513) قد تقدم في (511) .

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(514)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ:

متن روایت: قُلْتُ اَقُوْلُ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ قَالَ قُلْ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حماد بیان کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا: کیا میں یوں پڑھ سکتا ہوں؟ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ التحیات لِلّٰہ تو ابراہیم نخعی نے فرمایا: تم یہ پڑھو التحیات للّٰہ والصلوٰات۔"

••• —— ••• —— •••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ لا نری انه یزاد فی التشهد ولا ینقص منه حرف واحد وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں ہم یہ (درست) نہیں سمجھتے ہیں کہ تشہد کے کلمات میں کسی ایک حرف کا اضافہ یا کمی کی جائے امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(515)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ:

متن روایت: كَانُوْا يَتَشَهَّدُوْنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُوْنَ فِىْ تَشَهُّدِهِمْ اَلسَّلَامُ عَلَى اللهِ فَانْصَرَفَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَاَقْبَلَ عَلَيْهِمْ بِوَجْهِهٖ فَقَالَ لَهُمْ لَا تَقُوْلُوْا اَلسَّلَامُ عَلَى اللهِ فَاِنَّ اللهَ هُوَ السَّلَامُ لٰكِنْ قُوْلُوْا اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: "نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں لوگ تشہد پڑھا کرتے تھے تو وہ تشہد میں یہ کہتے تھے: اللہ تعالیٰ کو سلام ہو۔ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ختم کی اور لوگوں کی طرف رخ کر کے ان سے فرمایا: تم لوگ یہ نہ کہو کہ اللہ تعالیٰ پر سلام ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ تو خود سلامتی عطا کرنے والا ہے بلکہ تم یہ کہو: ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے تمام نیک بندوں پر سلام ہو۔"

••• —— ••• —— •••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة قال محمد وبه ناخذ وهو قول

(514) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (79) فی الصلاة: باب التشهد-

(515) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (80) فی الصلاة: باب التشهد- والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 263/1- والبخاری (1202) فی العمل فی الصلاة- والطبرانی فی "الکبیر" (9903)- وابن ابی شیبة 291/1- وابو عوانة 229/3- والبیهقی فی "السنن الکبری" 138/2

ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**(516)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْحَسَنِ بْنِ الْحُرِّ عَنْ الْقَاسِمِ بْنِ الْمُخَيْمَرَةِ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِيَدِهٖ فَعَلَّمَهُ التَّشَهُّدَ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ اِلٰى قَوْلِهٖ عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ ثُمَّ قَالَ لَهُ اِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ فَقَدْ تَمَّتْ صَلَاتُكَ فَاِنْ شِئْتَ اَنْ تَقُوْمَ فَقُمْ وَاِلَّا فَاقْعُدْ

امام ابوحنیفہ نے-حسن بن حر- قاسم بن مخیمرہ- علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم ﷺ نے ان کا ہاتھ پکڑ کر انہیں تشہد کے کلمات کی تعلیم دی (جو یہ ہیں)

''ہر طرح کی جسمانی، زبانی اور مالی عبادات اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہیں اے نبی! آپ پر سلام ہو اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اس کی برکتیں نازل ہوں۔'' یہ کلمات یہاں تک ہیں ''اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔''

پھر نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: ''جب تم یہ پڑھ لو گے تو تمہاری نماز مکمل ہو جائے گی (اس کے بعد) اگر تم چاہو تو اُٹھ جاؤ ورنہ بیٹھے رہو۔''

...—...—...

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید- حسن بن سلام- معلی بن منصور- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔-

حافظ ابن خسرو نے اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن زاہر بن طاہر شحامی - ابومحمد علی بن اسحاق جزری - ابونصر نعمان بن محمد -ابوجعفر احمد بن عمران- حسن ابن سلام- معلی بن منصور- امام ابویوسف - امام ابوحنیفہ- حسن بن حر کے حوالے سے یہ روایت ہے:

(عن) القاسم بن المخيمرة قال اخذ علقمة بيدى فحدثنى ان عبد الله ابن مسعود اخذ بيده وحدثه ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اخذ بيد عبد الله بن مسعود فعلمه التشهد التحيات لله والصلوات والطيبات ......الحديث

قاسم بن مخیمرہ بیان کرتے ہیں: علقمہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور انہوں نے مجھے حدیث بیان کی: کہ حضرت عبداللہ بن مسعود

(516) قد تقدم—وهو حديث سابقه .

نے ان کا ہاتھ پکڑ کر انہیں یہ حدیث بیان کی: نبی اکرم ﷺ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر انہیں تشہد (کے کلمات کی) تعلیم دی:

التحیات للہ والصلوات والطیبات ......الحدیث

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - محمد بن اسرائیل جوہری - معلّی بن منصور - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

ابن خسرو نے یہ روایت - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(517) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: يُعْطٰى قَارِءُ الْقُرْاٰنِ بِكُلِّ حَرْفٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ فَالْاَلِفُ حَرْفٌ وَاللَّامُ حَرْفٌ وَالْمِيْمُ حَرْفٌ

امام ابوحنیفہ نے - عاصم - ابواحوص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

"قرآن کی تلاوت کرنے والے شخص کو ہر حرف کے عوض میں دس نیکیاں ملیں گی "الف" ایک حرف ہے "لام" ایک اور "میم" ایک حرف ہے۔"

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابن عقدہ - فاطمہ - انہوں نے اپنے چچا - حمزہ بن حبیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

اسد بن عمرو (اور) ابو یوسف (اور) حسن بن زیاد رحمہم اللہ تعالیٰ نے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(518) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِيَاضِ الْاَشْعَرِيِّ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ:

متنِ روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِيْ "صٓ"

امام ابوحنیفہ نے - سماک بن حرب - عیاض اشعری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"نبی اکرم ﷺ نے سورۃ ص میں سجدہ تلاوت کیا تھا۔"

•••——•••——•••

(517) اخرجه الترمذی (2910) -والدارمی (3308)-والطبرانی فی "الكبير" (8646)-وعبد الرزاق (5993) .

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابو رمیح - محمد بن یونس - محمد بن فرج مولیٰ بنی ہاشم - محمد بن زبرقان اہوازی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(519)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ زِیَادِ بْنِ عِلَاقَۃَ عَنْ قُطْبَۃَ بْنِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - زیاد بن علاقہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت قطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَقْرَاُ فِیْ اِحْدٰی رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ (وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَّھَا طَلْعٌ نَّضِیْدٌ)

''میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فجر کی ایک رکعت میں یہ آیت تلاوت کرتے ہوئے سنا ہے: ''اور کھجور کے لمبے درخت جن کے خوشے تہہ در تہہ ہوتے ہیں''

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - قاسم بن عبداللہ بن عامر - محمد بن بشر بزاز - محمد بن مغیرہ ثقفی جن کا تعلق آل ابوعقیل سے ہے' ان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ اور مسعر بن کدام سے نقل کیے ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد - قاسم بن عبداللہ بن عامر بن زرارہ - محمد بن بشر بزاز - محمد بن مغیرہ ثقفی - مسعر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - قاسم بن عبداللہ بن عامر بن زرارہ - محمد بن بشر - محمد بن مغیرہ ثقفی' جن کا تعلق آل ابوعقیل سے ہے' ان کے حوالے سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ اور مسعر بن کدام کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا۔

ابوعبداللہ حسین بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابو محمد حسن بن علی فارسی - محمد بن حافظ نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوسعد احمد بن عبدالجبار - قاضی ابوقاسم تنوخی - ابوقاسم بن ثلاج - ابوعباس بن عقدہ - قاسم بن عبداللہ بن عامر - محمد بن بشر - محمد بن مغیرہ ثقفی' جن کا تعلق آل ابوعقیل سے ہے' ان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ اور مسعر بن کدام سے ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابوبکر خطیب بغدادی - حسن بن محمد خلال - محمد بن موسیٰ حافظ - احمد بن محمد بن - قاسم بن عبداللہ بن عامر بن زرارہ - محمد بن بشر مدائنی - محمد بن مغیرہ - مسعر بن کدام کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے کی ہے۔

**(520)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: اسود بیان کرتے ہیں:

---

(519) اخرجه ابن حبان (1814)-والدارمی 297/1-والطبرانی فی "الکبیر" -وابو داؤد الطیالسی (1256)-وابن ابی شیبة 353/1-وعبد الرزاق (2719)-والحمیدی (825)-ومسلم (457)-والترمذی (306) فی الصلاة:باب القراءة فی صلاة

متنِ روایت: صَحِبْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ سَنَتَيْنِ فَلَمْ اَرَهُ قَانِتًا فِي الْفَجْرِ

''میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ دو سال رہا ہوں لیکن میں نے انہیں فجر کی نماز میں قنوت نازلہ پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا۔''

•••——•••——•••

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(521) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ لَمْ يَقْنُتْ اِلَّا اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا يَدْعُوْ عَلٰى عُصَيَّةَ وَذَكْوَانَ ثُمَّ لَمْ يَقْنُتْ اِلٰى اَنْ مَاتَ

امام ابوحنیفہ نے - عطیہ عوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف چالیس دن قنوت نازلہ پڑھی تھی جس میں آپ نے عصیہ اور ذکوان نامی (قبائل) کے خلاف دعائے ضرر کی تھی، پھر آپ نے اس کے بعد وصال فرمانے تک قنوت نازلہ نہیں پڑھی۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید - یحییٰ بن فروخ نجرانی - محمد بن بشر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(522) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ:

متنِ روایت: مَا قَنَتَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِي الْفَجْرِ حَتّٰى لَحِقَ بِاللهِ عَزَّ وَجَلَّ

امام ابوحنیفہ نے - حماد - ابراہیم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: علقمہ بیان کرتے ہیں:

''حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فجر کی نماز میں کبھی قنوت نازلہ نہیں پڑھی، یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔''

•••——•••——•••

(520) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (217) في الصلاة: باب القنوت في الصلاة - وعبد الرزاق (4947) في الصلاة: باب القنوت - وابن ابي شيبة 308/2 في الصلاة: باب من لا يقنت في الفجر - والطحاوي في " شرح معاني الآثار "250/1

(521) -- اخرج الطحاوي في " شرح معاني الآثار " 243/1 - والبيهقي في " السنن الكبرى " 213/2 - والبزار ا : 268 (555) - وابو يعلى (5029) عن عبد الله قال: قنت رسول الله صلى الله عليه وسلم شهراً يدعو على عصية و ذكوان فلما ظهر عليهم ترك القنوت

(522) اخرجه ابن ابي شيبة 308/2 من كان لا يقنت في الفجر - وابن ماجة (1241) - والطبراني في " الكبير " (8179) - واحمد 472/3 - والترمذي (۴۰۲-۴۰۳) - والنسائي (۲۶۷) .

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - ابو علی بشر بن موسیٰ - ابو عبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

ابن خسرو نے یہ روایت - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابو علی باقلانی - ابو عبداللہ بن دوست علاف - قاضی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(**523**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ:

متنِ روایت: اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَقْنُتُ اِذَا حَارَبَ وَيَتْرُكُهُ اِذَا لَمْ يُحَارِبْ

امام ابوحنیفہ نے - عبدالملک بن میسرہ کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: زید بن وہب بیان کرتے ہیں:

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جب جنگ کرتے تھے تو قنوت نازلہ پڑھتے تھے اور جب جنگ نہیں کرتے تھے تو اسے ترک کر دیتے تھے۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن احمد بن نعیم مروزی - بشر بن ولید - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابو عبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابو سعد احمد بن عبدالجبار - قاضی ابو قاسم تنوخی - ابو عمر ثلاج - ابو عباس بن عقدہ - عمر بن حفص (اور) محمد بن اسحاق بن موسیٰ مروزی - ابراہیم بن احمد بلخی - ابو مطیع - شریک بن عبداللہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**524**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: اَنَّهُ كَانَ يَقْنُتُ السَّنَةَ كُلَّهَا فِي الْوِتْرِ قَبْلَ اَنْ يَرْكَعَ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابو سلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت نقل کی ہے:

''وہ پورا سال وتر کی نماز میں رکوع میں جانے سے پہلے دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے۔''

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابو قاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(524) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (212) في الصلاة: باب القنوت في الصلاة - وعبد الرزاق (... الصلاة: باب القنوت - وابن ابي شيبة 2/305-306 في الصلوات: باب من قال القنوت في النصف من رمضان - والطحاوي في شرح معاني الآثار" 1/253 - والطبراني في "الكبير" (9432) .

(525)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا :

متن روایت: اَنَّهُ قَرَاَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَوْلَهُ تَعَالٰى (اَللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِنْ ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَشَيْبَةً) فَرَدَّ عَلَيْهِ وَقَالَ قُلْ " مِنْ بَعْدِ ضُعْفٍ"

امام ابوحنیفہ نے-عطیہ عوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان تلاوت کیا:

''وہی وہ ذات ہے جس نے تمہیں کمزوری سے پیدا کیا اور کمزوری کے بعد قوت دی' قوت کے بعد پھر کمزوری اور بڑھاپا دے دیا۔''

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تصحیح کرتے ہوئے فرمایا: تم یہ پڑھو: '' مِنْ بَعْدِ ضُعْفٍ''(یعنی''ض'' پر پیش پڑھو)

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-صالح بن احمد ہروی-محمد بن معاویہ انماطی-حسین بن حسن بن عطیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(526)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُوْسٰى بْنِ اَبِىْ عَائِشَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: مَنْ كَانَ لَهُ اِمَامٌ فَقِرَاءَةُ الْاِمَامِ لَهُ قِرَاءَةٌ

امام ابوحنیفہ نے-موسیٰ بن ابوعائشہ-عبداللہ بن شداد بن الہاد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس شخص کا امام ہو' تو امام کی قرأت ہی اس کی قرأت کے لئے کافی ہوگی''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-ابوسلیمان محمد بن منصور بن داؤد بلخی-عمرو بن عون واسطی-امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔۔

انہوں نے یہ روایت محمد عمرو بن موجہ مروزی-یحییٰ بن ایوب مقابری-اسحاق بن یوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ

(525) اخرجه الطحاوى فى" شرح مشكل الآثار" (3132)-واحمد 58/2-والترمذى (2936)-وابو داؤد (3978)-والحاكم فى "المستدرك" 247/2-والطبرانى فى" الصغير" (1128) .

(526) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" ( 86) فى الصلاة: باب القراءة خلف الامام-وفى " الموطأ" 61 (117) -والطحاوى فى" شرح معانى الآثار" 217/1-وابن ماجة ( 850) فى اقامة الصلاة: باب اذا قرأ الامام فانصتوا-والدار قطنى 323/1 فى الصلاة: من كان له امام فقراءة الامام له قراءة-وعبد الرزاق (2797) .

سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بغداد میں ''درب ابو ہریرہ'' میں (بیان کی تھی اور) عبداللہ بن شریح' ان دونوں نے محمد بن منصور طوسی - اسحاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے (اور) محمد بن نصر - احمد بن مصعب - اسحاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوعبداللہ محمد بن عقیل - علی بن اشکاب - اسحاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے (اور) عباس بن عزیز قطان - علی بن خشرم - اسحاق بن یوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسحاق بن خلف - محمد بن یزید - فضل بن عبدالعزیز - اسحاق بن یوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔' البتہ اسحاق (بن یوسف) کی روایت میں یہ الفاظ ہیں:

من كان له امام فان قراء ته له قراء ة

''جس کا امام ہو تو امام کی قرأت ہی اس کی قرأت ہوگی''

ابومحمد بخاری نے یہ روایت' پہلے الفاظ کے ہمراہ' ایک جماعت سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک عمرو بن محمد عنقزی ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: محمد بن سعید بزاز نے اس روایت کو - علی بن حسین ذہلی - عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک جعفر بن عون ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: حاتم بن موسیٰ خوارزمی نے اس روایت کو - اسحاق بن قاسم - جعفر بن عون کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک خارجہ بن مصعب ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: احمد بن محمد بن سعید نے اس روایت کو - عبداللہ بن احمد بن بلخی - خارجہ بن مصعب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک خالد بن سلیمان ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: عبداللہ بن محمد بن علی حافظ بلخی نے اس روایت کو - یحییٰ بن موسیٰ - خالد بن سلیمان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک خلف بن یاسین زیات ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: احمد بن محمد بن سعید کوفی نے اس روایت کو - حسن بن حماد بن حکیم - خلف بن یاسین زیات کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ان میں سے ایک عبداللہ بن زبیر ہیں' وہ بیان کرتے ہیں: احمد بن محمد نے اس روایت کو - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت داؤد بن ابوعوام سے نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میرے والد مجھے اٹھا کر یحییٰ بن نصر بن حاجب کے پاس لے کر گئے میں چھوٹا بچہ تھا' تو میں نے حدیث میں اپنی علامت دیکھی' انہوں نے بیان کیا: امام ابوحنیفہ نے ہمیں یہ حدیث بیان کی ہے۔

اورانہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی - ابواصبغ حرانی - عبدالعزیز بن یحییٰ - عبداللہ بن وہب - لیث - امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - احمد بن محمد طلحی - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ صاحب کہتے ہیں: حمزہ (اور) حسن بن زیاد (اور) ابویوسف (اور) اسد بن عمرو (اور) اسحاق ازرق (اور) عبداللہ بن یزید مقری (اور) محمد بن حسن (اور) فضل بن موسیٰ سینانی (اور) عبداللہ بن زبیر (اور) محمد بن مسروق (اور) حسن بن عمارہ (اور) خارجہ بن مصعب نے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر - ابوقاسم سعید بن احمد فقیہ - محمود بن محمد مروزی - حامد بن آدم - فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابوالفضل حسین بن علی بن عبیداللہ طناجیری - ابوحفص عمر بن احمد بن شاہین - احمد بن قاسم بن ریان - مقدام بن داؤد - انہوں نے اپنے چچا سعید بن تلید - عبداللہ بن وہب - لیث ابن سعد - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابن خسرو کہتے ہیں: یہ روایت لیث بن سعد نے امام ابویوسف سے نقل کی ہے' حالانکہ لیث کا انتقال امام ابویوسف سے چھ سال پہلے ہوگیا تھا' ان کا انتقال 175 ہجری میں ہوا تھا۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

527 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُوْسٰی ابْنِ اَبِیْ عَائِشَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِبْنِ الْهَادِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - موسیٰ بن ابوعائشہ - عبداللہ بن شداد بن الہاد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَجُلًا قَرَاَ خَلْفَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِی الظُّهْرِ اَوْ فِی الْعَصْرِ وَاَوْمٰی اِلَيْهِ رَجُلٌ فَنَهَاهُ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ اَتَنْهَانِیْ اَنْ اَقْرَاَ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَتَذَاكَرَا ذٰلِكَ حَتّٰی سَمِعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

''ظہر یا شاید عصر کی نماز میں' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تلاوت کی' تو دوسرے شخص نے اسے اشارہ کر کے اس سے منع کیا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی' تو اس شخص نے کہا: کیا تم مجھے اللہ کے رسول کے پیچھے تلاوت کرنے سے منع کر رہے تھے ان دونوں کے درمیان بات چیت شروع ہوئی' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ان کی آواز سنی تو ارشاد فرمایا:

527) قد تقدم -وهو حديث سابقه .

وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی خَلْفَ الْاِمَامِ فَقِرَاءَ ةُ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَاءَةٌ "جو شخص امام کے پیچھے نماز ادا کر رہا ہو تو امام کی قرأت بھی اس کی قرأت کے لئے کافی ہوگی۔"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن محمد اسدی (اور) عبداللہ بن محمد بلخی (اور) محمد بن صالح ترمذی (اور) عبداللہ بن عبید اللہ بن شریح بخاری' ان سب نے - احمد بن عبدالرحمٰن بن وہب - عبداللہ بن وہب - لیث بن سعد - امام ابویوسف بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابومقاتل بزاز - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق بن عثمان سمسار بخاری - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوسعید سلیمان بن داؤد ہروی - احمد بن عبداللہ ہروی - محمد بن فضل ابن عطیہ (اور) سلیمان بن مسلم بن نافع خشاب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح - ابویونس ادریس ابن ابراہیم رازی - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت سہل بن بشر کندی - فتح بن عمرو - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبدالصمد بن فضل (اور) احید بن حسین (اور) محمد بن منصور' ان سب نے - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبدالصمد بن فضل - عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت زکریا بن یحییٰ اصفانی - احمد بن رستہ - محمد بن مغیرہ - حکم سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبدالصمد بن فضل اور اسماعیل بن بشر' ان دونوں نے - زفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت سعید بن سلیمان - شداد بن سعید - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن ابومقاتل - ابراہیم بن عثمان بلخی - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت - ابراہیم بن احمد بغوی - محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے

روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حسین بن حسین انطا کی - احمد بن عبداللہ کندی -علی بن معبد -محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابومحمد عبداللہ بن محمد دمشقی - سعید بن محمد بن عبدالرحمٰن - شعیب بن لیث - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت سعید بن احمد فقیہ -محمود بن محمد مروزی - حامد بن آدم -فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت - ابوغنائم محمد بن علی بن ابوعثمان - ابوحسن محمد بن احمد بن محمد بن زرقویہ - ابوسہل بن زیاد قطان - اسماعیل بن محمد -مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -شریف ابوغنائم عبدالصمد بن علی بن مامون - ابوحسن علی بن عمر دارقطنی - ابوبکر عبداللہ بن محمد بن زیاد - احمد بن عبدالرحمٰن بن وہب - انہوں نے اپنے چچا -لیث بن سعد - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔۔

انہوں نے یہ روایت ابوبکر خطیب بغدادی - ابوقاسم عبداللہ بن عبداللہ بن حسین حفار - ابوطالب محمد بن احمد بن اسحاق بن بہلول -عبیداللہ واقدی - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

521- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ موسٰی بْنِ اَبِیْ عَائِشَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَدَّادِبْنِ الْهَادِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -موسیٰ بن ابوعائشہ -عبداللہ بن شداد بن الہاد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: صَلّٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے ایک شخص

521- قد تقدم .

وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ فَقَرَاَ رَجُلٌ خَلْفَهُ فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قَالَ اَيُّكُمْ قَرَاَ خَلْفِيْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ رَجُلٌ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ فَقَالَ مَنْ صَلّٰى خَلْفَ الْاِمَامِ فَاِنَّ قِرَاءَةَ الْاِمَامِ لَهُ قِرَاءَةٌ

نے آپ کے پیچھے تلاوت کی جب نبی اکرم ﷺ نے نماز مکمل کی تو آپ نے فرمایا: تم میں سے کس نے میرے پیچھے تلاوت کی تھی؟ یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی: تو ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص امام کے پیچھے نماز ادا کر رہا ہو تو امام کی قرأت ہی اس کی قرأت شمار ہوتی ہے۔‘‘

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوبکر محمد بن ہمام سبزواری - ایوب بن حسن - حفص بن عبداللہ - کنانہ بن جبلہ اور بیان کے بسطام ان دونوں کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت قبیصہ بن فضل طبری - احمد بن علی بن موسیٰ طرسوسی - عبید بن حمید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**529**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ:

متن روایت: اِقْرَاْ خَلْفَ الْاِمَامِ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَلَا تَقْرَاْ فِيْمَا سِوٰى ذٰلِكَ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سعید بن جبیر فرماتے ہیں:

’’تم ظہر اور عصر کی نماز میں امام کے پیچھے تلاوت کرو ان دو کے علاوہ نمازوں میں تلاوت نہ کرو۔‘‘

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن ابو حنيفة ثم قال محمد لا ينبغي ان يقرأ خلف الامام في شيء من الصلوات

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ’’الآثار‘‘ میں نقل کی ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام کے پیچھے کسی بھی نماز میں قرأت کرنا مناسب نہیں ہے۔

(**530**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِي الْاِمَامِ يَغْلُطُ بِالْاٰيَةِ قَالَ يَقْرَاُ الَّتِيْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

’’جب امام کوئی ایک آیت غلط پڑھ جاتا ہے تو ...

(529) اخرجه محمدبن الحسن الشيباني في "الآثار" (87) في الصلاة: باب القراءة خلف الامام- وابن ابي شيبة ... الصلاة: باب من كان يقرأ في الاولين بفاتحة الكتاب وسورة وفي الاخريين بفاتحة الكتاب .

(530) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (88) في الصلاة: باب القراءة خلف الامام- وعبد الرزاق (... الصلاة: باب تلقينه الامام .

...هَا فَإِنْ لَمْ يَفْعَلْ قَرَأَ سُوْرَةً غَيْرَهَا فَإِنْ لَمْ يَفْعَلْ ...رْكَعُ إِذَا كَانَ قَدْ قَرَأَ ثَلَاثَ آيَاتٍ أَوْ نَحْوِهَا فَإِنْ ...يَفْعَلْ فَافْتَتِحْ عَلَيْهِ فَهُوَ مُسِيءٌ

فرماتے ہیں کہ وہ اس کے بعد والی آیت کی تلاوت کرے گا اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو کوئی اور سورۃ پڑھ لے گا اگر وہ ایسا بھی نہیں کرتا تو رکوع میں چلا جائے گا تو اگر تو وہ تین آیات یا اس کی مانند تلاوت کر چکا ہو تو ٹھیک ہے اگر اس نے ایسا نہیں کیا' تو وہ غلطی کرنے والا ہے' تم اسے لقمہ دے دو۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابو حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

...-سندروایت: (أَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الصَّلْتِ بْنِ ...امٍ عَنْ حُوْطٍ عَنْ أَبِي الشَّعْثَاءِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ ...يَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے -صلت بن بہرام - حوط - ابوشعثاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ابوشعثاء سے فرمایا:

...روایت: أَنَّهُ قَالَ لِأَبِي الشَّعْثَاءِ إِنَّ إِمَامَكُمْ فِيْ ...يَقُوْمُ فِيْ آخِرِ رَكْعَةٍ مِنَ الْفَجْرِ لَا يَقْرَأُ وَلَا ...كَعُ

قرأت کے بعد تمہارا امام فجر کی آخری رکعت میں کھڑا ہوتا ہے' (اس دوران) وہ نہ تو تلاوت کرتا ہے اور نہ ہی رکوع میں جاتا ہے (ایسا نہیں کرنا چاہئے)

•••——•••——•••

...ضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - ابوقاسم محمد بن دلال - ابوبلال اشعری - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی ... - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا

...-سندروایت: (أَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ أَبِي الْحَسَنِ ...سَى بْنِ أَبِي عَائِشَةَ عَنْ أَبِي الْوَلِيْدِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ ...عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوحسن موسیٰ بن ابوعائشہ - ابوولید عبد اللہ بن شداد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

---

... قد تقدم فی (509) .

... قد تقدم فی (526) .

متن روایت: اِنْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فَقَالَ مَنْ قَرَاَ مِنْكُمْ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) فَسَكَتَ الْقَوْمُ حَتّٰى سَاَلَ عَنْ ذٰلِكَ مِرَارًا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ فَقَالَ لَقَدْ رَاَيْتُكَ تُنَازِعُنِيْ اَوْ تُخَالِجُنِي الْقُرْآنَ

''نبی اکرم ﷺ ظہر یا شاید عصر کی نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ نے دریافت کیا تم میں سے کس نے سورۃ الاعلیٰ کی تلاوت کی تھی تو لوگ خاموش رہے۔ آپ نے کئی مرتبہ یہ سوال کیا تو حاضرین میں سے ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے بارے میں میری یہ رائے ہے کہ تم قرآن (کی تلاوت) کے حوالے سے میرا مقابلہ کرر ہے تھے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-عبدالصمد بن فضل (اور) حمدان بن ذی نون (اور) اسماعیل بن بشر' ان سب نے-مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی-محمد بن حرب مروزی-فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بزاز-شعیب بن ایوب-ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حسن بن سفیان-عقبہ بن مکرم-یونس بن بکیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بلخی (اور) محمد بن زکریا استر بادی' ان دونوں نے-احمد بن عبدالرحمٰن بن وہب-انہوں نے اپنے چچا عبداللہ بن وہب-لیث بن سعد-امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی-محمد بن احمد-عبدالملک-احمد-اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد-محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت اسی طرح میرے دادا محمد بن مسروق کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے: (وہ بیان کرتے ہیں:) امام ابوحنیفہ نے ہمیں یہ حدیث بیان کی۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد-جعفر بن محمد-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-عبداللہ ابن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت-عبداللہ بن یزید حرانی-خضر بن محمد-مروان بن اسحاق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز-حسن بن محمد بن ربیعہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت رجاء بن سوید - ابوطالب جبرئیل بن سہل سمرقندی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ہارون بن ہشام - ابوحفص احمد بن حفص - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - عبداللہ بن محمد دمشقی - سعید بن محمد بن عبدالرحمٰن بن صفوان - شعیب بن لیث - انہوں نے اپنے والد - لیث بن سعد - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - شریف ابوغنائم عبدالصمد - علی بن مامون - حافظ علی بن عمر دارقطنی - عبداللہ بن محمد بن زیاد نیشاپوری - احمد بن عبدالرحمٰن بن وہب - انہوں نے اپنے چچا - لیث بن سعد - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نَضْلَةَ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ رَضِىَ اللّٰهُ

امام ابوحنیفہ - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - عبید بن نضلہ کے حوالے سے - حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

روایت: اَنَّهُ صَلّٰى صَلٰوةً فَخَفَّفَهَا وَاَكْثَرَ السُّجُوْدَ وَالرُّكُوْعَ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ اَنْتَ صَاحِبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تُصَلِّىْ هٰذِهِ الصَّلَاةَ فَقَالَ لَهُ اَبُوْ ذَرٍّ لَمْ اُتِمَّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ قَالَ بَلٰى قَالَ فَاِنِّىْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَجَدَ سَجْدَةً رَفَعَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهَا دَرَجَةً فِى الْجَنَّةِ فَاَحْبَبْتُ اَنْ يُرْفَعَ لِىْ دَرَجَاتٌ اَوْ يُكْتَبَ لِىْ

''انہوں نے ایک نماز ادا کرتے ہوئے اسے مختصر ادا کیا لیکن اس میں سجدے اور رکوع بکثرت (یعنی طویل) کئے جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو ایک صاحب نے ان سے کہا: آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں اور پھر اس طرح نماز ادا کرتے ہیں؟ تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: کیا میں نے رکوع اور سجدے مکمل ادا نہیں کئے ہیں؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص ایک مرتبہ سجدہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ

اخرجه الحصكفى فى '' مسند الامام'' (80)-والطحاوى فى '' شرح معانى الآثار'' 476/1-واحمد 148/5-والبخارى فى '' التاريخ الكبير'' 430/7-والبيهقى فى '' السنن الكبرى'' 10/3 فى الصلاة: من استحب الاكثار فى الركوع والسجود-وعبد الرزاق (3562)-والدارمى فى '' السنن '' 405/1-والبزار فى '' المسند'' (3903) .

سے جنت میں اس کے ایک درجے کو بلند کر دیتا ہے' تو میں نے
اس بات کو پسند کیا کہ میرے درجات بلند ہوں (راوی کو شک
ہے شاید یہ الفاظ ہیں) میرے درجات نوٹ کیے جائیں۔

•••—•••—•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - ابراہیم بن عمرو ہمدانی - ابو عباس بن یزید - مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابو حنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن بشر - مقاتل بن ابراہیم - نوح بن ابو مریم کے حوالے سے امام ابو حنیفہ سے روایت کی ہے۔ تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: یہ حماد اور ابراہیم نخعی کے حوالے سے اس شخص سے منقول ہے جس نے انہیں (ابراہیم نخعی کو) یہ بات بیان کی:

انه مر بابی ذر بالربذة وهو يصلي صلوة خفيفة يكثر فيها الركوع والسجود...... الحديث

''وہ ربذہ میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے تو (انہیں دیکھا) کہ وہ مختصر (قیام والی) نماز ادا کر رہے تھے لیکن اس میں بکثرت رکوع و سجود کر رہے تھے''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبد الجبار صیرفی - ابو منصور محمد بن محمد بن عثمان - ابو بکر احمد بن حمدان قطیعی - بشر بن موسیٰ - ابو عبد الرحمن مقری کے حوالے سے امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت - بشر بن موسیٰ اسدی - ابو عبد الرحمن مغربی کے حوالے سے امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**534**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ قَالَ:

متن روایت: كَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَحُذَيْفَةُ وَاَبُوْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ وَغَيْرُهُمْ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِجْتَمَعُوْا فِيْ مَنْزِلٍ وَاُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ تَقَدَّمْ يَا فُلَانُ لِصَاحِبِ الْمَنْزِلِ فَاَبٰى فَقَالُوْا لِعَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ تَقَدَّمْ اَنْتَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

امام ابو حنیفہ نے - حماد بن ابو سلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابو وائل بیان کرتے ہیں:

''ایک مرتبہ حضرت عبد اللہ بن مسعود، حضرت حذیفہ، حضرت ابو موسیٰ اشعری اور دیگر صحابہ کرام ایک گھر میں اکٹھے ہوئے نماز کے لئے اقامت کہی گئی' سب حضرات یہی کہنے لگے کہ اے فلاں تم آگے ہو یعنی انہوں نے گھر کے مالک سے کہا کہ تم ایسا کرو' اس نے انکار کر دیا تو انہوں نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابو عبد الرحمن! آپ آگے بڑھیں

(534) اخرجه الحصكفي في" مسند الامام" (123) - وابو يعلى (5232) - واحمد 386/1 - والطيالسي (362) - و... (366) - وابو داؤد (995) - والحاكم في" المستدرك" 269/1 - عن عبد الله - قال: كان رسول الله صلى الله عليه ... الركعتين كانه على الجمر قلت: حتى يقوم؟ قال: حتى يقوم .

تَقَدَّمَ فَصَلّٰی بِهِمْ صَلٰوةً خَفِيْفَةً وَجِيْزَةً اَتَمَّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ الْقَوْمُ لَقَدْ حَفِظَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ صَلَاةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

آگے بڑھے، انہوں نے ان لوگوں کو مختصر لیکن مکمل نماز پڑھائی، جس میں رکوع اور سجدے مکمل کیے تھے، جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے، تو لوگوں نے کہا: ابوعبدالرحمٰن کو نبی اکرم ﷺ کی نماز کا طریقہ صحیح یاد ہے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - اسماعیل بن بشر - مقاتل بن ابراہیم - نوح بن ابومریم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - قاسم بن محمد دلال - ابوبلال اشعری - امام ابویوسف کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ محمد بن یوسف علاف - قاضی عمر اشنانی سے - انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک، اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم - ایک (نامعلوم) شخص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ سَهِرَا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ قَالَ فَخَرَجْنَا وَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَمَرُّوْا بِابْنِ مَسْعُوْدٍ وَهُوَ يَقْرَاُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَقْرَاَ الْقُرْآنَ كَمَا نَزَلَ فَلْيَقْرَاْهُ عَلٰى قِرَاءَةِ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ ثُمَّ يَقُوْلُ لَهُ سَلْ تُعْطَهْ فَاَتَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ لِيُبَشِّرَاهُ فَسَبَقَ اَبُوْ بَكْرٍ عُمَرَ اِلَيْهِ فَبَشَّرَهُ وَاَخْبَرَهُ بِمَا دَعَا لَهُ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فِيْ دُعَائِهٖ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ اِيْمَانًا لَا يَرْتَدُّ وَنَعِيْمًا لَا

''ایک مرتبہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ رات دیر تک، نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت کرتے رہے، وہ بیان کرتے ہیں: جب ہم روانہ ہوئے، تو نبی اکرم ﷺ بھی باہر تشریف لائے، ان حضرات کا گزر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس سے ہوا، جو تلاوت کر رہے تھے، تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص یہ چاہتا ہو، وہ قرآن کی اُسی طرح تلاوت کرے جس طرح یہ نازل ہوا ہے، تو اسے چاہئے کہ وہ قرآن کو'' ابن ام عبد'' کی قرأت کے مطابق تلاوت کرے، پھر نبی اکرم ﷺ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ فرمانا شروع کیا: تم مانگو تمہیں دیا جائے گا، تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت

اخرجه الحصكفي في " مسندالامام" (374)-وابن حبان (7067)-وابو يعلى (16)-واحمد 445/1-والطبراني في " (8417)-والطيالسي (334)-وابو نعيم في " الحلية" 127/1-واحمد في " فضائل الصحابة" (1554)-وابن ماجة (138) باب في فضائل اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم

يَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ فِي اَعْلٰى جَنَّةِ الْخُلْدِ

عمر رضی اللہ عنہ انہیں خوش خبری سنانے کے لئے ان کے پاس ۔۔۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے ان کے پاس ۔۔۔ گئے انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو خوش خبری ۔۔۔ اور انہیں اس بارے میں بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ۔۔۔ ہے تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنی دعا میں یہ کہا ۔۔۔

''اے اللہ! میں تجھ سے ایسے ایمان کا سوال کرتا ہوں جو ۔۔۔ ارتداد کا شکار نہ ہو اور ایسی نعمت کا سوال کرتا ہوں جو ختم ۔۔۔ جنت الخلد کے بالائی درجات میں تیرے نبی کے ساتھ کا ۔۔۔ کرتا ہوں۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن ۔۔۔ حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت زکریا بن یحییٰ اصفہانی - احمد بن عبدالرحمٰن - محمد بن مغیرہ - حکم بن ایوب - زفر کے حوالے سے ۔۔۔ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے البتہ انہوں نے ہیثم اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے درمیان میں کسی شخص کا ذکر نہیں کیا۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - اسماعیل بن حماد کی تحریر کے حوالے سے - امام ابویوسف کے حوالے سے ۔۔۔ ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - محمد بن حسن بن یزید - احمد بن عبدالرحمٰن - محمد بن ۔۔۔ بن ایوب - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے ۔۔۔ ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(536)** - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ. قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - قاسم بن عبدالرحمٰن کے حوالے ۔۔۔ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود ۔۔۔ ہیں:

متن روایت: عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

''اللہ کے رسول نے ہمیں خطبہ نکاح کی تعلیم ۔۔۔

(536) اخرجه الطحاوی فی'' شرح مشکل الآثار'' 4/1-واحمد 392/1-والطیالسی (338)-والدارمی 142/2 ۔۔۔ (5257)-والشاشی (917)-والطبرانی فی'' الکبیر'' (10080)-والحاکم فی'' المستدرک'' 182/2-والبیہقی فی'' الکبریٰ'' 146/7

وَآلِہٖ وَسَلَّمَ خُطْبَةَ النِّكَاحِ يَعْنِيْ التَّشَهُّدَ

تشہد کے کلمات کی تعلیم دی تھی۔"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابراہیم بن مخلد ضریر سجزی - اسحاق بن ابواسرائیل (اور) محمد بن علی بن مہدی عطار - ابواسباط یعقوب بن ابراہیم' ان دونوں نے - ابویحییٰ عبدالحمید حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - احمد بن محمد بن طریف (اور) محمد بن علی کندی (اور) عبداللہ بن محمد کنانی - ابواسباط یعقوب بن ابراہیم - ابویحییٰ - عبدالحمید حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

537)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: لَمْ يَقْنُتْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فِيْ الْفَجْرِ اِلَّا شَهْرًا حَارَبَ حَيًّا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَنَتَ يَدْعُوْ

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز میں صرف ایک ماہ تک قنوت نازلہ پڑھی تھی' آپ مشرکین کے ایک قبیلے کے خلاف جنگ کر رہے تھے' تو آپ نے قنوت نازلہ پڑھتے ہوئے (ان کے خلاف) دعا کی تھی۔"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن منذر بن سعید ہروی - احمد بن عبداللہ کندی - ابراہیم بن جراح - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی سے - انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

538)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے - عمر بن ذر ہمدانی - انہوں نے اپنے والد - سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ سَجْدَةِ "صٓ" سَجَدَهَا دَاوُدُ تَوْبَةً

"انہوں نے "سورۃ ص" میں موجود سجدہ تلاوت کے بارے میں یہ کہا ہے: (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا

537) قد تقدم فی(510) .

538) اخرجه محمدبن الحسن الشیبانی فی " الآثار" (211) فی الصلاة:باب السجود فی صٓ-والنسائی 159/2 فی الافتتاح:باب سجود القرآن-السجود فی (صٓ)-وعبد الرزاق (5870) فی فضائل القرآن:باب کم فی القرآن من سجدة-والطبرانی فی "الکبیر" (8717) .

وَنَسْجُدُهَا نَحْنُ شُكْرًا

ہے:) حضرت داؤد علیہ السلام نے توبہ کے طور پر یہ سجدہ کیا تھا اور ہم شکر کے طور پر یہ سجدہ کرتے ہیں۔"

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوحسن علی بن محمد بن عبید - محمد بن احمد بن عبید نیشاپوری - ابوجعفر محمد بن حجاج مصری حضرمی - علی بن معبد - امام محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ - محمد بن یحییٰ ابوسعید رہاوی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - حسن بن حرب - محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کی ہے۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: ایک جماعت نے اس کو "کتاب الآثار" میں امام محمد بن حسن کے حوالے سے "ابن ذر" سے نقل کیا ہے اور امام ابوحنیفہ کا ذکر نہیں کیا۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - محمد بن احمد نیشاپوری - محمد بن محمد بن حجاج - علی بن معبد - امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی سے ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(**539**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ شَقِيْقِ بْنِ سَلْمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَى اللهِ اَلسَّلَامُ عَلٰى جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ فَاَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِوَجْهِهٖ فَقَالَ اِنَّ اللهَ هُوَ السَّلَامُ فَاِذَا تَشَهَّدَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - ابووائل شقیق بن سلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"پہلے جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ادا کرتے تھے تو یہ کہا کرتے تھے: اللہ تعالیٰ پر سلام ہو' حضرت جبرائیل پر سلام ہو' حضرت میکائیل پر سلام ہو' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری طرف رخ کیا اور ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ تو خود سلام کرنے والا ہے' جب تم تشہد پڑھو' تو یہ پڑھو:

"ہر طرح کی زبانی، جسمانی اور مالی عبادات اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہیں' اے نبی! آپ پر سلام ہو' آپ پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں نازل ہوں' ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں پر سلام ہو' میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ

(539) قد تقدم فی (516) .

سوا اور کوئی معبود نہیں اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمدؐ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - زکریا بن یحییٰ اصفہانی - احمد بن عبدالرحمٰن - محمد بن مغیرہ - حکم - زفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبدالصمد بن فضل (اور) اسماعیل بن بشر' ان دونوں نے - شداد - زفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - داؤد بن یحییٰ - عبدالرحمٰن بن فضل بن موفق - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق بن عثمان سمسار - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی حافظ - احمد بن یعقوب بلخی - عبدالعزیز بن خالد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی - اسماعیل بن ہود واسطی - اسحاق بن یوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - منذر بن محمد - حسین بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - بہلول بن اسحاق بن بہلول - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبدالرحمٰن اصفہانی - منصور کرمانی - حسان بن ابراہیم - امام ابوحنیفہ اور ابراہیم صائغ کے حوالے سے - حماد - شقیق بن سلمہ ابووائل کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے:

قال كنا اذا صلينا مع النبى صلى الله عليه وآله وسلم نقول اذا جلسنا فى آخر الصلاة السلام على الله السلام على رسول الله وعلى ملائكته نسميهم من الملائكة فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقولوا كذا وقولوا التحيات لله والصلوات والطيبات

جب ہم پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرتے تھے تو جب ہم نماز کے آخر میں (تشہد میں) بیٹھتے تو یہ پڑھتے: اللہ پر سلام ہو' اللہ کے رسول پر سلام ہو' اور اس کے فرشتوں پر سلام ہو' ہم ان فرشتوں کا نام بھی لیتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد

فرمایا: تم یوں نہ پڑھو بلکہ یہ پڑھو: التحیات للّٰہ والصلوات والطیبات

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ احمد بن حسین کرخی - حسن بن شبیب - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' حافظ ابن مظفر کہتے ہیں: ابوعباس بن عقدہ نے یہ روایت مجھ سے (سن کر) نوٹ کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم بن حنیس - محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' اس سے زیادہ طویل روایت کے طور پر نقل کی ہے' انہوں نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے:

كانوا يتشهدون فى عهد رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فيقولون السلام على الله فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم لا تقولوا السلام على الله ان الله هو السلام ولكن قولوا السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں وہ لوگ تشہد میں یہ پڑھتے تھے: ''اللہ تعالیٰ پر سلام ہو'' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ یہ نہ پڑھو: ''اللہ تعالیٰ پر سلام ہو'' کیونکہ اللہ تعالیٰ تو خود سلامتی عطا کرنے والا ہے' بلکہ تم لوگ یہ پڑھو: ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے تمام نیک بندوں پر سلام ہو''

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد حسن بن علی فارسی - ابوحسین محمد بن مظفر

کے حوالے سے' مذکورہ بالا دونوں اسناد کے ساتھ' دونوں قسم کے الفاظ کے ہمراہ نقل کیا ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالوہاب بن محمد بن منصور - ابوبکر محمد بن احمد بن عبدالواحد - علی بن عمر بن محمد حربی - ابوحسین محمد بن مظفر حافظ - ابوعبداللہ احمد بن حسین بن احمد کرخی - حسن بن شبیب مؤدب - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ہناد بن ابراہیم - ابوحسین محمد بن حسین بن فضل قطان - ابوعمرو عثمان بن احمد بن عبداللہ بن احمد بن حماد - سفیان - عبدالرحمٰن بن فضل بن موفق - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**540**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادِ الْحَنْظَلِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: اَنَّهٗ قَالَ لَا صَلٰوةَ اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَمَعَهَا شَيْءٌ

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر - انہوں نے اپنے والد - عبدالرحمٰن بن زیاد حنظلی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''سورۃ فاتحہ اور اس کے ساتھ کچھ (یعنی قرآن کے کسی حصے کی تلاوت) کے بغیر نماز نہیں ہوتی ہے۔''

(540) قد تقدم فی (488) .

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوسعید بن ابوقاسم بن احمد- قاضی علی بن ابوعلی بصری- ابوقاسم محمد بن ثلاج- ابوعباس بن عقدہ- عبداللہ بن ابراہیم بن قتیبہ- علاء بن عمرو محمد بن حسان طائی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابن خسرو نے ابن عقدہ تک اسی سند کے حوالے سے' محمد بن عبداللہ بن سوید- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو نقل کیا ہے

541)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْم بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- ابراہیم بن محمد بن منتشر- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: كَانَ نَقْشُ خَاتِمِ مَسْرُوْقٍ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

''مسروق کی انگوٹھی پر یہ نقش تھا بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ .

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوسعید بن ابوقاسم بن احمد- قاضی علی بن ابوعلی بصری- ابوقاسم محمد بن ثلاج- ابوعباس بن عقدہ- محمد بن عبید- حسین بن عبداول- ابوخالد احمر- سلیمان بن حیان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

542)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی- علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَمْ يَقْنُتْ فِى الْفَجْرِ قَطُّ اِلَّا شَهْرًا وَّاحِدًا لَمْ يُرَ قَبْلَ ذٰلِكَ وَلَا بَعْدَهٗ وَاِنَّمَا قَنَتَ فِيْ ذٰلِكَ الشَّهْرِ يَدْعُوْ عَلٰى نَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز میں کبھی قنوت نازلہ نہیں پڑھی صرف ایک ماہ تک آپ نے اسے پڑھا تھا' نہ تو اس سے پہلے اور نہ ہی اس کے بعد' آپ کو اسے پڑھتے ہوئے دیکھا گیا' اس ایک مہینے میں بھی آپ نے مشرکین سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کے خلاف دعائے ضرر کی تھی۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- عبداللہ بن محمد بن علی بلخی- احمد بن یعقوب- ابوسعد صغانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

541- اخرجه ابن ابی شيبة 270/8 فی اللباس: نقش الخاتم و ما جاء فيه .

542- قد تقدم فی (510) .

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت - ابوحسن برقی - بشر بن ولید کندی - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

**(543)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: علقمہ فرماتے ہیں:

متن روایت: لَوْ اَخْبَرْتُكَ اَنِّيْ رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَسْجُدَانِ فِيْ (اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ) اَمَّا الْيَقِيْنُ فَاَحَدُهُمَا [اَوْ اَحَدُهُمَا]

"اگر میں تمہیں بتاؤں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو سورۃ انشقاق میں سجدۂ تلاوت کرتے ہوئے دیکھا ہے تو ان دونوں حضرات میں سے کسی ایک کے بارے میں یہ بات یقینی ہوگی۔"

...——...——...

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(544)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ عَنِ الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابو اسحاق سبیعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يُخْفِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پست آواز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے۔"

...——...——...

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - عبداللہ بن غنام - حفص بن غیاث اور عاصم بن یوسف - قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(545)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - ابواسحاق کے حوالے سے یہ روایت کی ہے: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تشہد کے کلمات کی تعلیم دیا کرتے

(543) -- اخرج ابن حبان (2761)-ومالك في" الموطأ" 205/1 في القرآن: باب ما جاء في سجود القرآن-ومسلم (578) في المساجد: باب سجود التلاوة-والبخاري (1074) في سجود القرآن-وابو داؤد (1408) في الصلاة: ابن خزيمة (955) عن ابي هريرة انه قرأ بهم: (اذا السماء انشقت) فسجد فيهافلما انصرف اخبرهم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم سجد فيها

(545) اخرجه الحصكفي في" مسند الامام" (118) .

كَانَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ

دیتے تھے جس طرح قرآن کی کسی سورۃ کی تعلیم دیتے تھے۔''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح سے ان کی تحریر کے حوالے سے - عبداللہ بن غنام - عاصم بن یوسف - قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(546) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ عَنْ بِلَالٍ عَنْ وَهَبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :

متن روایت: اَنَّهُ كَانَ يُعَلِّمُنَا التَّكْبِيْرَ كُلَّمَا سَجَدْنَا وَرَفَعْنَا كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنَ

امام ابوحنیفہ نے - زید بن ابوانیسہ - بلال - وہب بن کیسان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر مرتبہ سجدے میں جاتے ہوئے اور اٹھتے ہوئے تکبیر کہنے کی تعلیم ہمیں یوں دیا کرتے تھے جس طرح قرآن کی کسی سورت کی تعلیم دیتے تھے۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس - محمد بن مزاحم مقری - ابیض بن اغر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد کہتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے یہ روایت زید (بن ابوانیسہ نامی راوی) کے ذکر کے بغیر بلال نامی راوی سے بھی نقل کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت - یحییٰ بن اسماعیل جریری - حسن بن اسماعیل جریری - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(547) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

متن روایت: كُنْتُ مَعَ عَلْقَمَةَ فَافْتَتَحْتُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ وَاَنَا مَعَهُ فِي الْمَحْمَلِ فَتَلَوْتُ السَّجْدَةَ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

''میں علقمہ کے ساتھ تھا' میں نے سورۂ فرقان پڑھنی شروع کی' میں اُن کے ساتھ ایک ہی محمل میں تھا' میں نے آیت سجدہ

(546) اخرجه الطبراني في "الاوسط" 227/2 (1816) - وابن ابي شيبة 240/1 في الصلاة: من كان يتم التكبير ولا ينقصه في كل رفع وخفض .

الَّتِیْ فِیْهَا فَتَهَيَّاْتُ لِلنُّزُوْلِ فَقَالَ اِلٰى اَيْنَ يَا ابْنَ الْاَخِ قُلْتُ اُنْزِلُ فَاَسْجُدُ قَالَ اَلْاِیْمَاءُ یُجْزِیْكَ

تلاوت کی اور سواری سے نیچے اترنے کے لئے تیار ہوا تو انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! تم کہاں جانے لگے ہو؟ میں نے کہا: میں نیچے اتر کر سجدہ تلاوت کروں گا' تو انہوں نے فرمایا: (سجدے کا) اشارہ کر دینا' تمہارے لئے کفایت کر جائے گا۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔ باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِیْ تَرْكِ رَفْعِ الْيَدَيْنِ عِنْدَ الرُّكُوْعِ وَرَفْعِ الرَّاْسِ وَمَا يُفْسِدُ الصَّلَاةَ وَسَتْرِ الْعَوْرَةِ

تیسری فصل: رکوع (میں جاتے ہوئے' اور اس سے) سر اٹھاتے ہوئے' رفع یدین نہ کرنا' کون سی چیز نماز کو فاسد کر دیتی ہے؟ نیز ''ستر عورۃ'' (کے احکام)

(**548**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ:

متن روایت: اَنَّهُ اَمَّهُمْ فِیْ قَمِيْصٍ وَمَعَهُ فَضْلُ ثِيَابِهِ يُعَرِّفُنَا سُنَّةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ - عطاء کے حوالے سے - حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

''انہوں نے (صرف) ایک قمیص پہن کر اُن لوگوں کی امامت کروائی' حالانکہ ان کے پاس مزید کپڑے موجود تھے (دراصل) ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی پہچان کروا رہے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن منذر ہروی - سعد بن محمد بیروتی - علی بن معبد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' اسی مضمون کے ساتھ - ابوعبداللہ محمد بن مخلد (اور) ابن عقدہ' ان دونوں نے - بشر بن موسیٰ مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - حسین بن قاسم - محمد بن موسیٰ - عباد بن صہیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' عطاء فرماتے ہیں:

(548) اخرجه البيهقی فی " السنن الكبرى " 237/2 - والطحاوی فی " شرح معانی الآثار " 379/1 فی الصلاة: باب الصلاة فی الثوب الواحد - واحمد 293/3 - ومسلم (518) - وابن خزيمة (762) - وابو عونة 62/2 - والبيهقی فی " السنن الكبرى " 2/.. مرفوعاً .

رایت جابراً یصلی فی قمیص ضیق لیس علیه ثوب

''میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو ایک تنگ قمیص میں نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے'ان کے جسم پر (اس کے علاوہ اور کوئی) کپڑا نہیں تھا''۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

قاضی ابوبکر عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابومحمد جوہری - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

549)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ :

امام ابوحنیفہ - عطاء بن یسار کے حوالے سے - حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ اَمَّهُمْ فِیْ قَمِیْصٍ لَیْسَ عَلَیْهِ اِزَارٌ وَلَا رِدَاءٌ لِیُعَلِّمَنَا اَنَّهُ لَا بَأْسَ بِالصَّلَاةِ فِیْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ

انہوں نے (صرف) ایک قمیص پہن کر اُن لوگوں کی امامت کروائی' اُن کے جسم پر اور کوئی تہبند یا چادر وغیرہ نہیں تھے' تاکہ وہ ہمیں اس بات کی تعلیم دیں کہ صرف ایک کپڑے میں نماز ادا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

••• ——— ••• ——— •••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابن عقدہ - قاسم بن محمد - محمد بن محمد - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: ان کی حدیث' یعنی امام صاحب کا اُن سے روایت کرنا محل نظر ہے۔

550)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ :

امام ابوحنیفہ نے - ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلّٰی فِیْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ مُتَوَشِّحًا بِهٖ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ لِاَبِی الزُّبَیْرِ غَیْرَ الْمَکْتُوْبَةِ قَالَ الْمَکْتُوْبَةُ وَغَیْرُ الْمَکْتُوْبَةِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کپڑے میں نماز ادا کی' جس کو آپ نے ''توشیح'' کے طور پر لپیٹا ہوا تھا''

حاضرین میں سے کسی نے ابوزبیر (نامی راوی) سے دریافت کیا' یہ غیرفرض (یعنی نفل) نماز میں ہوا تھا؟ تو انہوں نے

549) قد تقدم - وهو حديث سابقه

550) قد تقدم .

جواب دیا: فرض نماز اور غیر فرض نماز (دونوں میں آپ ﷺ نے ایسا کیا ہے۔)

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - وکیع بن محمد بن رزمہ نیشاپوری - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - بشر بن حذیفہ مروزی - حفص بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید سے اسی طرح نقل کی ہے جس طرح (ابومحمد) بخاری نے اس کو نقل کیا ہے' تاہم حافظ صاحب یہ کہتے ہیں: درست یہ ہے کہ (یہ روایت) حفص بن عبدالرحمٰن نے ابوخیثمہ زہیر بن معاویہ سے نقل کی ہے' کیونکہ یہ روایت زہیر نامی راوی کی نقل کردہ ہے' البتہ وکیع کی اصل میں اسی طرح منقول ہے۔

(**551**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ - ابوزبیر کے حوالے سے نقل کرتے ہیں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ اَنْ يَدْخُلَ الْحَمَّامَ اِلَّا بِمِيْزَرٍ وَمَنْ لَمْ يَسْتُرْ عَوْرَتَهُ مِنَ النَّاسِ كَانَ فِى لَعْنَةِ اللهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ

''اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والے کسی بھی شخص کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ تہبند کے بغیر حمام میں داخل ہو' جو شخص اپنی شرمگاہ کو لوگوں سے چھپاتا نہیں ہے اس پر اللہ تعالیٰ' تمام فرشتوں اور ساری مخلوق کی لعنت ہوتی ہے''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل (انہوں نے بغداد میں ''درب ابوہریرہ'' یعنی ابوہریرہ نامی گلی کے پھاٹک میں یہ حدیث سنی تھی) - محمد بن سلام - حسن بن شبیب کے حوالے سے - امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(**552**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ - حماد کے حوالے سے نقل کرتے ہیں - ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ اِذَا قَامَتِ الْمَرْاَةُ اِلٰى جَنْبِ رَجُلٍ وَهُمَا يُصَلِّيَانِ صَلٰوةً وَّاحِدَةً فَسَدَتْ عَلَيْهِ

''جب کوئی عورت کسی مرد کے پہلو میں کھڑی ہو جائے اور وہ دونوں (مرد وعورت) ایک ہی (باجماعت) نماز ادا کر رہے

(551) اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام" (465)-وابو يعلى (1925)-والترمذى (2801) فى الادب: باب ماجاء فى دخول الحمام-واحمد 339/3-والحاكم فى " المستدرك" 162/1 و288/4-والنسائى 198/1 فى الغسل: باب الرخصة فى دخول الحمام .

(552) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى " الآثار" (138) فى الصلاة: باب ما يقطع الصلاة .

ہوں، تو عورت، مرد کی نماز کو فاسد کر دے گی''۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے - امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے، انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقلکیا ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

553- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ - حماد کے حوالے سے نقل کرتے ہیں - ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

متنِ روایت: فِي الرَّجُلِ يُصَلِّي الْعَصْرَ فَيَتَذَكَّرُ اَنَّهُ لَمْ يُصَلِّ الظُّهْرَ قَالَ صَلَاتُهُ فَاسِدَةٌ يَبْدَاُ بِالظُّهْرِ ثُمَّ يُصَلِّي الْعَصْرَ

''جو شخص عصر کی نماز ادا کر رہا ہو اور پھر اس کو یاد آ جائے کہ اس نے تو ظہر کی نماز ادا ہی نہیں کی ہے، تو اس کی (عصر کی) نماز فاسد ہو گی، وہ پہلے ظہر کی نماز ادا کرے گا اور پھر عصر کی نماز ادا کرے گا''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ الا فى خصلة واحدة ان خاف فوت صلاة العصر ان بدا بالظهر مضى على العصر ثم صلى الظهر اذا غابت الشمس

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے، انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے، پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں، البتہ ایک صورت کا معاملہ مختلف ہے، اگر آدمی کو یہ اندیشہ ہو کہ اس نے اگر ظہر کی نماز پڑھنی شروع کر دی تو اس کی عصر کی نماز رہ جائے گی (جس کا وہ وقت ہے) تو (ایسی صورت میں آدمی) عصر کی نماز کو جاری رکھے گا، اور ظہر کی نماز سورج غروب ہو جانے کے بعد ادا کرے گا۔

554- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُوْدِ عَنْ اَبِي رَزِيْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

امام ابوحنیفہ - عاصم بن ابونجود - ابورزین کے حوالے سے - حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

---

553) اخرجه محمدبن الحسن الشيبانى فى " الآثار" (162) فى الصلاة:باب القهقهة فى الصلاة وما يكره فيها—وابن ابى شيبة 67/2 فى الصلوات:باب الرجل يذكر صلاة عليه وهو فى اخرى .

554) اخرجه محمد الحسن الشيبانى فى " الآثار" ( 157) فى الصلاة:باب مايعاد من الصلاة وما يكره منها—وعبدالرزاق 447/1 فى الصلاة:باب القملة فى المسجد تقتل—وابن ابى شيبة 328/2 فى الصلوات:باب الرجل يجد القملة فى المسجد—والبيهقى فى" السنن الكبرى" 294/2—وقد تقدم .

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

متنِ روایت: اَنَّہٗ اَخَذَ قُمْلَۃً فِی الصَّلاۃِ فَدَفَنَھَا ثُمَّ قَالَ ﴿اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ کِفَاتًا اَحْیَاءً وَّاَمْوَاتًا﴾

''انہوں نے نماز کے دوران ایک جوؤں پکڑی اور اسے دفن کردیا' پھرانہوں نے یہ (آیت) پڑھی:

''کیا ہم نے زمین کو زندہ اور مرحومین (دونوں اقسام) کے لیے سمیٹ لینے والی چیز نہیں بنایا ہے''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة لا نری بقتل القملة ودفنها فی الصلاة باساً

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' ہم نماز کے دوران جوؤں کو ماردینے یا ان کو دفن کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**555**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ اَبِیْ زُرْعَۃَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

امام ابوحنیفہ- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی- ابوزرعہ بن عمرو بن جریر بن عبداللہ کے حوالے سے- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متنِ روایت: فِی الرَّجُلِ یَجِدُ الْبَلَلَ فِیْ طَرَفِ ذَکَرِہٖ وَھُوَ فِی الصَّلَاۃِ قَالَ یَضَعُ کَفَّیْہِ عَلَی الْاَرْضِ وَالْحَصٰی فَیَمْسَحُ وَجْھَہٗ وَیَدَیْہِ ثُمَّ یُصَلِّیْ قَالَ حَمَّادٌ قُلْتُ لِاِبْرَاھِیْمَ کَیْفَ تَفْعَلُ اَنْتَ قَالَ اِذَا وَجَدْتُ ذٰلِکَ فَاِنِّیْ اُعِیْدُ الْوُضُوْءَ وَالصَّلَاۃَ وَھُوَ اَوْثَقُ فِیْ نَفْسِیْ

''ایسا شخص جس کو اپنی شرمگاہ کے کنارے پر تری محسوس ہوتی ہے اور وہ اس وقت نماز ادا کر رہا ہو' تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ اپنی دونوں ہتھیلیاں زمین یا کنکریوں پر رکھے گا' اور پھر اپنے چہرے اور دونوں ہاتھوں کا مسح کر کے نماز ادا کرلے گا''

حماد بیان کرتے ہیں: میں نے ابراہیم نخعی سے دریافت کیا: (ایسی صورتحال میں) آپ کیا کریں گے؟ انہوں نے جواب دیا: میں تو اگر یہ صورتحال پاؤں تو وضو اور نماز کو دہراؤں گا' کیونکہ مجھے اسی طرح مکمل اطمینان ہوگا''

•••——•••——•••

(555) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی '' الآثار'' ( 159)-فی الصلاة:باب مایعاد من الصلاة وما یکره منها-وابن ابی شیبة 430/2 فی الصلوات:باب الرجل یجد البلل وهو یصلی .

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة قال محمد واما نحن فنری ان یمضی علی صلاته ولا یعید ولا یضرب بیدیه علی الارض ولا یمسح وجهه ولا یدیه حتی یستیقن ان ذلك خرج منه بعد الوضوء فاذا استیقن ذلك اعاد الوضوء وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس بات کے قائل ہیں: وہ شخص اپنی نماز جاری رکھے گا' وہ اس کو نہیں دہرائے گا' نہ ہی زمین پر دونوں ہاتھ مارے گا' نہ ہی چہرے یا بازوؤں پر مسح کرے گا' جب تک اس کو یقین نہیں ہو جاتا کہ وضو کے بعد اس کے جسم سے کچھ نکلا ہے' جب اس کو اس بات کا یقین ہوگا تو وہ وضو کو دہرائے گا' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

556)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متن روایت: اِذَا وَجَدْتَ شَيْئًا مِنَ الْبَلَّةِ فَانْضَحْهُ وَمَا يَلِيْهِ مِنْ ثَوْبِكَ بِالْمَاءِ ثُمَّ قُلْ هُوَ مِنَ الْمَاءِ

امام ابوحنیفہ-حماد بن ابوسلیمان-سعید بن جبیر کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''جب تمہیں تری محسوس ہو' تو تم اپنے کپڑے پر اس جگہ اور اس کے آس پاس پانی چھڑک لو! اور پھر یہ سمجھو کہ یہ پانی ہی ہے''

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ اذا کثر ذلك من الانسان وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' بشرطیکہ آدمی کو اس صورتحال کا کثرت سے سامنا ہو' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

557)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: لَا بَاْسَ اَنْ يُّغَطِّيَ الرَّجُلُ رَاْسَهُ فِيْ

امام ابوحنیفہ-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

''اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ آدمی نماز کے دوران اپنے

556) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (160) فی الصلاة: باب مایعادمن الصلاة وما یکره منها-وعبد الرزاق 151/1 فی الطهارة: باب قطر البول ونضح الفرج اذا وجد بللاً-وابن ابی شیبة 430/2 فی الصلوات: باب الرجل یجد البلة وهو یصلی .

557) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (161) فی الصلاة: باب القهقهة فی الصلاة وما یکره فیها-وعبدالرزاق 4036) فی الصلاة: باب الرجل یصلی وهو متلثم-وابن ابی شیبة 346/2 فی الصلوات: باب فی تغطیة الفم فی الصلاة .

الصَّلَاةِ مَا لَمْ يُغَطِّ فَاهُ وَيَكْرَهُ اَنْ يُّغَطِّيَ فَاهُ وَيَكْرَهُ اَيْضًا اَنْ يُّغَطِّيَ اَنْفَهُ

سر کو ڈھانپ لے جبکہ اس نے اپنے منہ کو نہ ڈھانپا ہوا اس کا اپنے منہ کو ڈھانپ لینا مکروہ ہے اس کا اپنی ناک کو ڈھانپ لینا بھی مکروہ ہے''۔

•••—— ••• —— •••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے:

(سفيان بن عيينة) قال اجتمع ابو حنيفة والاوزاعى فى دار الحناطين بمكة فقال الاوزاعى لابى حنيفة ما بالكم لا ترفعون ايديكم فى الصلاة عند الركوع وعند الرفع منه فقال ابو حنيفة لانه لم يصح عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فى ذلك شىء فقال كيف لم يصح وقد حدثنى الزهرى (عن) سالم (عن) ابيه (عن) رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم انه كان يرفع يديه اذا افتتح الصلاة وعند الركوع وعند الرفع منه فقال له ابو حنيفة وحدثنا حماد (عن) ابراهيم (عن) علقمة والاسود (عن) عبد الله بن مسعود رضى الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم كان لا يرفع يديه الا عند افتتاح الصلاة ثم لا يعود لشىء من ذلك فقال الاوزاعى احدثك (عن) الزهرى (عن) سالم (عن) انهوں نے اپنے والد (عن) النبى صلى الله عليه وآله وسلم وتقول حدثنى حماد (عن) ابراهيم فقال له ابو حنيفة كان حماد افقه من الزهرى وكان ابراهيم افقه من سالم وعلقمة ليس بدون ابن عمر فى الفقه وان كانت لابن عمر صحبة له فضل الصحبة والاسود له فضل كثير - وعبد الله عبد الله بن مسعود له فضل كثير فى الفقه والقراءة وحق الصحبة من صغره عند النبى صلى الله عليه وآله وسلم على عبد الله بن عمر فسكت الاوزاعى

سفیان بن عیینہ بیان کرتے ہیں: (ایک مرتبہ) امام ابوحنیفہ اور امام اوزاعی' مکہ میں' دار الحناطین (یعنی مُردوں پر مخصوص قسم کی خوشبو لگانے والوں کے محلّہ) میں اکٹھے ہوئے' تو امام اوزاعی نے امام ابوحنیفہ سے کہا: کیا وجہ ہے کہ آپ لوگ نماز میں' رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھنے پر رفع یدین نہیں کرتے؟ تو امام ابوحنیفہ نے جواب دیا: اس کی وجہ یہ ہے کہ اس بارے میں' نبی اکرم ﷺ سے مستند طور پر کچھ بھی منقول نہیں ہے' امام اوزاعی نے کہا: مستند طور پر کیسے منقول نہیں ہے؟ جبکہ زہری نے - سالم - ان کے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے - نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے:

''نبی اکرم ﷺ نماز کے آغاز میں' رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھنے پر رفع یدین کرتے تھے''

امام ابوحنیفہ نے ان سے کہا:

حماد نے - ابراہیم نخعی - علقمہ اور اسود - حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''نبی اکرم ﷺ صرف نماز کے آغاز میں رفع یدین کرتے تھے' پھر نماز میں دوبارہ ایسا نہیں کرتے تھے''

امام اوزاعی نے کہا: میں نے آپ کو- زہری- سالم- ان کے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کے بارے میں حدیث سنائی' اور آپ نے حماد- ابراہیم نخعی کے حوالے سے روایت سنا دی۔

امام ابوحنیفہ نے فرمایا: حماد- زہری سے بڑے فقیہ ہیں' ابراہیم (نخعی)- سالم سے بڑے فقیہ ہیں' علقمہ- فقہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کم نہیں ہیں' لیکن کیونکہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ صحابی ہیں' تو انہیں صحابی ہونے کے حوالے سے فضیلت حاصل ہے' اسود کو بھی بہت فضیلت حاصل ہے' رہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ- تو انہیں فقہ اور قرات میں بہت فضیلت حاصل ہے اور صحابی ہونے کے حوالے سے' وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ پر اس حوالے سے فضیلت رکھتے ہیں' کہ وہ کم سنی سے ہی' نبی اکرم ﷺ کے ساتھ رہے ہیں' تو (یہ سن کر) امام اوزاعی خاموش ہو گئے۔

ابومحمد بخاری نے یہ (مذکورہ بالا) روایت- محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی- سلیمان شاذکونی کے حوالے سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے سفیان بن عیینہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: (ایک مرتبہ) امام ابوحنیفہ اور امام اوزاعی اکٹھے ہوئے (اس کے بعد حسبِ سابق روایت ہے)

**558**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفِ الْيَامِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: لَا تُرْفَعُ الْاَيْدِيْ اِلَّا فِيْ سَبْعِ مَوَاطِنَ فِيْ اِفْتِتَاحِ الصَّلَاةِ وَفِي الْعِيْدَيْنِ وَعِنْدَ اِسْتِلَامِ الْحَجَرِ وَعَلَى الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَبِجَمْعٍ وَعِنْدَ رَمْيِ الْجِمَارِ

امام ابوحنیفہ- طلحہ بن مصرف یامی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''صرف سات مواقع پر رفع یدین کیا جائے گا: نماز کے آغاز میں' عیدین (کی نماز میں اضافی تکبیریں کہتے ہوئے)' حجر اسود کا استلام کرتے ہوئے' صفا اور مروہ پر' مزدلفہ میں' اور رمی جمرات کے وقت''۔

•••———•••———•••

ابوعبداللہ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن خلال- عبدالرحمٰن بن عمر- محمد بن ابراہیم بغوی- محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیے

---

نوٹ: ''جامع المسانید'' کے مطبوعہ نسخہ میں' یہ روایت اسی طرح رقم الحدیث: 557 کے تحت حاشیہ میں نقل ہوئی ہے' جو شاید ناقل یا محقق اور تصحیح کنندہ کا سہو ہے' کیونکہ رقم الحدیث: 557 کے مضمون کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے' یہ روایت رقم الحدیث: 558 کے مضمون سے تعلق رکھتی ہے۔ (مترجم عفی عنہ)

558)-- ......واما حديث ابن عمر فرواه ابن حبان (1861)- ومالك في" الموطأ" 75/1- والبخاري (735)- وابو داؤد (742)- والطحاوي في" شرح معاني الآثار" 223/1-

-- واما حديث عبد الله بن مسعود فرواه ابو يعلى (5039)- واحمد 388/1- وابو داؤد (748)- والترمذي (257)- والبيهقي 78/3

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(559)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: لَاتُرْفَعُ الْاَیْدِیُ فِیْ شَیْءٍ مِنْ صَلَاتِكَ بَعْدَ الْمَرَّةِ الْاُوْلٰی

امام ابوحنیفہ-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''پہلی تکبیر کے بعد نماز میں کسی بھی (موقعہ پر) رفع یدین نہیں کیا جائے گا''

•••—•••—•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(560)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: فِیْ الرَّجُلِ یَدْخُلُ عَلٰی صَاحِبِهٖ فَیُسَلِّمُ وَهُوَ یُصَلِّیْ قَالَ اَلَیْسَ یَقُوْلُ اِذَا تَشَهَّدَ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِیْنَ فَقَدْ رَدَّ عَلَیْهِ

امام ابوحنیفہ-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

''جب کوئی شخص کسی کے پاس جائے اور سلام کرے وہ (دوسرا شخص) نماز ادا کر رہا ہو (تو نماز ادا کرنے والا) جواب کیسے دے گا؟ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:) کیا وہ تشہد نہیں پڑھے گا؟

اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِیْنَ

''ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے تمام نیک بندوں پر سلام ہو'' اس نے (سلام کا) جواب دیدیا۔

•••—•••—•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ لا یرد السلام ولا یعجبنا ان یسلم الرجل علیه وهو یصلی

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(559) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (73) فی الصلاة: باب افتتاح الصلاة ورفع الایدی-وفی (106)-وعبد الرزاق (2533) فی الصلاة: باب تکبیرة الافتتاح ورفع الیدین .

(560) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (184) فی الصلاة: باب من یسلم علی قوم فی الخطبة-و (3603) فی الصلاة: باب السلام فی الصلاة-وابن ابی شیبة فی الصلوات: باب من کان یرد ویشیر بیده او برأسه

فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' وہ سلام کا جواب نہیں دے گا' اور ہمیں یہ بھی پسند نہیں ہے کہ جب وہ شخص نماز ادا کر رہا ہو تو کوئی اسے سلام کرے۔

-سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:

متنِ روایت: فِي الرَّجُلِ يَجْلِسُ خَلْفَ الْاِمَامِ قَدْرَ التَّشَهُّدِ ثُمَّ يَنْصَرِفُ قَبْلَ اَنْ يُّسَلِّمَ الْاِمَامُ قَالَ لَا يُجْزِيْهِ

''جو شخص امام کے پیچھے (نماز ادا کرتے ہوئے) تشہد کی مقدار میں بیٹھا رہے' اور پھر امام کے سلام پھیرنے سے پہلے وہ اُٹھ جائے' تو (ابراہیم نخعی) فرماتے ہیں: اس کے لیے یہ جائز نہیں ہے۔''

•••———•••———•••

وقال عطاء بن ابی رباح اذا جلس قدر التشهد اجزاه قال ابوحنیفة قولی هو قول عطاء

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبقول عطاء ناخذ نحن ایضاً

عطاء بن ابورباح کہتے ہیں: جب وہ شخص تشہد کی مقدار میں بیٹھا رہے' تو یہ اس کے لیے جائز ہوگا (کہ وہ امام کے سلام سے پہلے اٹھ جائے)' امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: میرا قول بھی عطاء کے قول کی مانند ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم بھی عطاء کے قول کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

-سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے-(ابن شہاب) زہری-سعید بن میتب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيُصَلِّي الرَّجُلُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ فَقَالَ اَوَكُلُّكُمْ يَجِدُ ثَوْبَيْنِ

''ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرتے ہوئے عرض کی: کیا کوئی شخص ایک کپڑے میں نماز ادا کر سکتا ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم میں سے ہر ایک کو دو کپڑے دستیاب ہوتے ہیں؟''

---

اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار " (185) فی الصلاة: باب من یسلم علی قوم فی الخطبة او الصلاة-وابن ابی شیبة ...

اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 379/1-وابن حبان (2295)-ومالک فی الموطأ 140/1-والبخاری (358) فی الصلاة: باب الصلاة فی الثوب الواحد-ومسلم (515) فی الصلاة: باب الصلاة فی ثوب واحد-وابو داؤد (625) فی الصلاة: باب جماع اثواب ما یصلی فیه .

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - قاضی ہناد بن ابراہیم - قاضی ابوحسن محمد بن حسن بن محمد بن ہمام - ابوبکر احمد بن عبدان - احمد بن سمعان بن عبداللہ اور محمد بن موسیٰ بن ابراہیم حارثی - اسحاق بن ابراہیم بن شاذان - انہوں نے اپنے دادا سعید بن صلت کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(563)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِي الْعَطُوْفِ الْجَرَّاحِ بْنِ الْمِنْهَالِ الشَّامِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوعطوف جراح بن منہال شامی (ابن شہاب) زہری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سعید بن مسیّب بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً سَاَلَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَيُصَلِّيْ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ قَالَ اَوَ كُلُّكُمْ يَجِدُ ثَوْبَيْنِ

''ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: کیا وہ ایک کپڑے میں نماز ادا کرسکتا ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم میں سے ہر ایک کو دو کپڑے دستیاب ہوتے ہیں؟''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - محمد بن جارود - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوعباس بن عقدہ - فتح بن محمد - ابوبلال - امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(564)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ :

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: اسود بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ اَوَّلِ التَّكْبِيْرِ ثُمَّ لَا يَعُوْدُ اِلٰى شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ وَيَاْثُرُ ذٰلِكَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ صرف پہلی تکبیر کے ساتھ رفع یدین کرتے تھے پھر دوبارہ ان میں سے (کسی بھی تکبیر کے ساتھ رفع یدین نہیں) کرتے تھے اور وہ (اس طریقے کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نقل کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - رجاء بن عبداللہ نہشلی - شقیق بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(565)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: اسود بن یزید بیان کرتے ہیں:

(563) قد تقدم-وهو حديث سابقه .

(564) اخرجه الطحاوی فی" شرح معانی الآثار" 224/1-واحمد 388/1-وابن ابی شیبة 236/1-وابو داؤد (748)-والترمذی (257) -وابو یعلی (5040)-والبیهقی فی"السنن الکبرى" 78/2

روایت: اَنَّـهٗ سَاَلَ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا عَمَّا یَقْطَعُ الصَّلَاةَ فَقَالَتْ اَمَّا اَنْـتُمْ یَا اَهْلَ الْعِرَاقِ تَزْعُمُوْنَ اَنَّ الْحِمَارَ وَالْكَلْبَ وَالْمَرْاَةَ وَالسِّنَّوْرَ یَقْطَعُوْنَ الصَّلَاةَ فَقَرَنْتُمُوْنَا بِهِمْ اِدْرَاْ مَا اسْتَطَعْتَ فَاِنَّهٗ لَا یَقْطَعُ صَلَاتَكَ شَیْءٌ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ وَاَنَا نَائِمَةٌ اِلٰی جَنْبِهٖ عَلَیْهِ ثَوْبٌ جَانِبُهٗ عَلَیَّ

انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: کون سی چیز نماز کو توڑ دیتی ہے؟ تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے اہل عراق! تم لوگ یہ سمجھتے ہو' گدھا' کتا' عورت یا بلّی (نمازی کے آگے سے گزر کر) نماز کو توڑ دیتے ہیں' تم نے ہم (خواتین) کو ان (جانوروں) کے ساتھ ملا دیا ہے' تم سے جہاں تک ہو سکے' تم (اپنے آگے سے گزرنے والے کو) روکنے کی کوشش کرو' لیکن کوئی بھی چیز (نمازی کے آگے سے گزر کر) نماز کو توڑتی نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (رات کے وقت' نفل) نماز ادا کر رہے ہوتے تھے اور میں آپ کے پہلو میں سو رہی ہوتی تھی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر جو کپڑا ہوتا تھا' اس کا کچھ حصہ مجھ پر بھی ہوتا تھا''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن منذر بن سعید ہروی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن ابورمیح - ابراہیم بن حسین کسائی ہمدانی - عبداللہ بن صالح بن - لیث بن سعد - عبداللہ بن سوار کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' انہوں نے روایت کا یہ والا آخری حصہ نقل کیا ہے:

قالت كان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يصلي وانا نائمة الى جنبه وعليه ثوب جانبه علي

وہ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (رات کے وقت' نفل) نماز ادا کر رہے ہوتے تھے اور میں آپ کے پہلو میں سو رہی ہوتی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر جو کپڑا ہوتا تھا' اس کا کچھ حصہ مجھ پر بھی ہوتا تھا''

ابن عبداللہ بن عبیداللہ نے - عیسیٰ بن عثمان بن صالح - حرملہ بن یحییٰ - عبداللہ بن وہب - لیث بن سعد - عبداللہ بن سوار کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ - یحییٰ بن عثمان بن صالح - عبداللہ بن صالح بن محمد جہنی - لیث بن سعد - احوص بن ... کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن قدامہ زاہد بلخی اور ابوزید عمران بن فربنام - ابوعصمہ سعد بن معاذ' ان دونوں نے - یحییٰ بن اکثم -

اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (141) في الصلاة: باب مايقطع الصلاة - وعبد الرزاق (2365) في الصلاة: باب ما يقطع الصلاة - وابن حبان (2342) - واحمد 148/6 - والبخاري (382) في الصلاة: باب الصلاة على ... والبيهقي في "السنن الكبرى" 264/2 - والبغوي في "شرح السنة" (545).

عبداللہ بن صالح -لیث بن سعد- احوص بن حکیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یصلی وانا معترضۃ بینہ وبین القبلۃ

''نبی اکرم ﷺ (رات کے وقت' نفل) نماز ادا کر رہے ہوتے تھے اور میں آپ ﷺ کے اور قبلہ کے درمیان میں (لیٹی) ہوتی تھی''

ابومحمد بخاری بیان کرتے ہیں: ابوعصمہ سعد بن معاذ نے یحییٰ بن اکثم کے حوالے سے' سفیان بن عیینہ کا یہ بیان نقل کیا ہے: ایک نیک شخص نے ہمیں یہ روایت بیان کی: ہمارے پاس اس سے زیادہ خوبصورت وضع قطع کا کوئی شخص کبھی نہیں آیا' (اس کا نام) احوص بن حکیم تھا' وہ بیان کرتے ہیں:

انہ رای انس بن مالک یطوف بین الصفا والمروۃ علی حمارہ

انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ اپنے گدھے پر' صفا و مروہ کے درمیان چکر لگا رہے تھے

یحییٰ بن اکثم بیان کرتے ہیں: ابن عیینہ کی احوص کے حوالے سے نقل کردہ یہ روایت ہم نے اس لیے ذکر کی ہے' تاکہ اس کے ذریعے ان کی عظمت شان اور فضیلت واضح ہو' کہ انہوں نے بعض صحابہ کرام سے ملاقات کی ہوئی ہے' اور پھر بھی انہیں نے امام ابوحنیفہ سے روایت نقل کی ہیں۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابومحمد عبداللہ بن علی بن عبداللہ وکیل - ابوحسین محمد بن احمد - ابوحسین عبدالوہاب بن حسین کلابی - ابوحسین احمد بن عمیر بن یوسف - ابوبکر عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب بن اسحاق - انہوں نے اپنے دادا شعیب بن اسحاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(واخرجہ) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواہ عن ابی حنیفۃ ثم قال محمد وبقول عائشۃ ناخذ وھو قول ابی حنیفۃ رضی اللہ عنہ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں' ہم سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے قول کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**(566)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ:

متن روایت: سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الرَّجُلِ يُصَلِّيْ فِيْ جَانِبِ الْمَسْجِدِ الشَّرْقِيِّ وَالْمَرْاَةُ فِي الْجَانِبِ الْغَرْبِيِّ فَكَرِهَ ذٰلِكَ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ فِيْ مَكَانٍ يَكُوْنُ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ قَدْرَ مُؤَخَّرَةِ الرَّحْلِ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد بیان کرتے ہیں: ''میں نے ابراہیم نخعی سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا: جو مسجد کے مشرقی کنارے میں نماز ادا کر رہا ہے' اور اس وقت کوئی عورت مسجد کے مغربی کنارے میں ہے (اور مرد کے آگے سے گزرتی ہے؟) تو انہوں نے اس کو ناپسند قرار دیا' البتہ اگر مرد اور عورت کے درمیان میں پالان کے

(566) اخرجہ محمد بن الحسن الشیبانی فی '' الآثار'' (140) فی الصلاۃ: باب مایقطع الصلاۃ.

لکڑی جتنی کوئی چیز (سترہ کے طور پر) موجود ہو تو حکم مختلف ہوگا (یعنی پھر یہ مکروہ نہیں ہوگا)"

•••——•••——•••

(اخرجه)الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةثم قال محمد وبه ناخذ اذا کانا فی صلوة واحدة یصلیان بامام واحد

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں (یہ حکم اس وقت ہے) جب وہ دونوں ایک ہی امام کی اقتداء میں ایک ہی نماز ادا کر رہے ہوں۔

**567**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا بَیْنَ السُّرَّةِ اِلَى الرُّكْبَةِ عَوْرَةٌ

"ناف اور گھٹنے کی درمیانی جگہ عورة (یعنی واجب الستر چیز) ہے"

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید بن جعفر سے ان کی تحریر کے حوالے سے - امام ابویوسف یعقوب بن یوسف احمرانی - روح بن عبادہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے:

غیر انه ذکر فیه عن ابراهیم عن الاسود قال قال عبد الله ما بین السرة الی الرکبة عورة

"تاہم انہوں نے اس میں یہ ذکر کیا ہے: یہ ابراہیم کے حوالے سے اسود سے منقول ہے: حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ناف اور گھٹنے کی درمیانی جگہ عورة (یعنی واجب الستر چیز) ہے"۔

**568**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ وَاَنَا نَائِمَةٌ اِلٰى جَنْبِهٖ وَعَلَیْهِ ثَوْبٌ

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (رات کے وقت نفل) نماز ادا کر رہے ہوتے تھے اور میں آپ کے پہلو میں سو رہی ہوتی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم

---

567) اخرجه الحصکفی فی" مسند الامام" (181)

-- قلت: وقد اخرج احمد2/187-والبیهقی فی" السنن الکبریٰ" 2/229-وابوداؤد (496) من حدیث عبد الله بن عمرو

568) قد تقدم فی(565) .

جَانِبُهُ عَلَيَّ — پر جو کپڑا ہوتا تھا' اس کا کچھ حصہ مجھ پر بھی ہوتا تھا''

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوطالب بن یوسف- ابومحمد جوہری- ابوبکر ابہری- ابوعروہ حرانی- انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے-محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے

انہوں نے یہ روایت ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بغوی-محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة لا نری به باساً وكذلك لو صلت الی جنبه وهی فی صلوة غیر صلوته انما تفسد علیه اذا صلت الی جنبه وهما فی صلوة واحدة تاتم به او امهما غیره وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں اسی طرح اگر عورت مرد کے پہلو میں نماز ادا کرے لیکن اس کی نماز مرد کی نماز سے مختلف ہو' تو بھی عورت مرد کی نماز فاسد کردے گی' جب وہ اس کے پہلو میں نماز ادا کرے گی' خواہ وہ دونوں ایک ہی نماز ادا کر رہے ہوں' جس میں عورت مرد کی اقتداء کر رہی ہو' یا پھر کوئی اور شخص ان دونوں کی امامت کر رہا ہو' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی اشنانی نے یہ روایت- ابواسماعیل محمد بن اسماعیل ترمذی- ابوصالح عبداللہ بن صالح-لیث بن سعد-احوص بن حکیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**569**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ: — امام ابوحنیفہ-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے-ابراہیم نخعی کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ فِيْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ اَعْرَابِيٌّ لَمْ يُصَلِّ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلَاةً — ''انہوں نے حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ کہا ہے: وہ ایک دیہاتی تھے' انہوں نے اس سے پہلے

(569)-- اماحدیث وائل بن حجر فاخرجه ابن حبان (1945)-والبخاری فی "قرة العینین برفع الیدین فی الصلاة" 19-وابن ماجه (912) فی اقامة الصلاة: باب الاشارة فی التشهد-عن وائل بن حجر فی حدیث طویل ...فلما ركع رفع یدیه ... واما حدیث عبدالله بن مسعود فاخرجه ابن ابی شیبة 236/1 فی الصلاة: باب من كان یرفع یدیه فی اول تكبیرة ثم لا یعود-واحمد 388/1-وابوداؤد (748)-والترمذی (257)-وقد تقدم .

قَبْلَهَا قَطُّ فَهُوَ اَعْلَمُ مِنْ عَبْدِ اللهِ وَاَصْحَابِهٖ حَفِظَ وَلَمْ يَحْفُظُوْا يَعْنِيْ رَفْعَ الْيَدَيْنِ عِنْدَ الرُّكُوْعِ

نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں کوئی نماز ادا نہیں کی تھی' تو کیا وہ حضرت عبداللہ (بن مسعود رضی اللہ عنہ) اور ان کے ساتھیوں سے زیادہ علم رکھتے ہوں گے' اور انہیں (یعنی حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم ﷺ کی نماز کا طریقہ) صحیح یاد ہوگا اور اُن لوگوں (یعنی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں) کو صحیح یاد نہیں ہوگا' (راوی کہتے ہیں:) یعنی رکوع میں جاتے ہوئے رفع یدین کرنا (سنت ہے یا نہیں ہے؟)''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمود بن علی بن عبید اللہ ہروی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - صلت بن حجاج کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابراہیم بن عمرو بن محمد ہمدانی - محمد بن عبید - قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(570)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

متنِ روایت: ذُكِرَ عِنْدَهٗ حَدِيْثُ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ اَنَّهٗ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَفَعَ يَدَيْهِ عِنْدَ الرُّكُوْعِ وَعِنْدَ السُّجُوْدِ فَقَالَ اِعْرَابِيٌّ لَا يَعْرِفُ شَرَائِعَ الْاِسْلَامِ لَمْ يُصَلِّ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَّا صَلٰوةً وَّاحِدَةً وَقَدْ حَدَّثَنِيْ مَنْ لَا اُحْصِيْ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّهٗ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ بَدْءِ الصَّلَاةِ فَقَطْ وَحَكَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَعَبْدُ اللهِ عَالِمٌ بِشَرَائِعِ الْاِسْلَامِ وَحُدُوْدِهٖ مُتَفَقِّدٌ اَحْوَالَ رَسُوْلِ

امام ابوحنیفہ - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے - ابراہیم نخعی کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

''اُن کے سامنے (رفع یدین کے بارے میں) حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ حدیث ذکر کی گئی' کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو رکوع میں' اور سجدے میں جاتے ہوئے رفع یدین کرتے ہوئے دیکھا ہے' تو ابراہیم نخعی نے کہا: وہ (یعنی حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ) ایک دیہاتی تھے' وہ شرعی احکام سے زیادہ واقف بھی نہیں تھے' انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں صرف ایک نماز ادا کی تھی' اور (علقمہ یا اسود نے) بے شمار مرتبہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مجھے یہ بات بیان کی ہے کہ وہ صرف نماز کے آغاز میں ہی رفع یدین کرتے

570) قد تقدم-وهو حديث سابقه .

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مُلَازِمٌ لَهُ فِي إِقَامَتِهٖ وَأَسْفَارِهٖ وَقَدْ صَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا لَا يُحْصٰى

تھے اور اس (طریقہ کو) نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے بیان کرتے تھے۔

(ابراہیم نخعی فرماتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اسلام کے شرعی احکام کے عالم تھے وہ نبی اکرم ﷺ کے احوال کی جستجو میں رہتے تھے آپ ﷺ کے مقیم ہونے یا سفر کرنے کے دوران آپ ﷺ کے ساتھ رہتے تھے اور انہوں نے بے شمار مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے''

(**571**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے -(ابن شہاب) زہری- سعید بن مسیب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ يُصَلِّي الرَّجُلُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا كُلُّكُمْ يَجِدُ ثَوْبَيْنِ

''ایک شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آدمی ایک کپڑے میں نماز ادا کر سکتا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم سب کو دو کپڑے دستیاب نہیں ہوتے ہیں''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری یہ روایت -جعفر بن محمد شاشی اور ابوحسین محمد بن صالح بن عبداللہ طبری- محمد بن یوسف کے حوالے سے نقل کرتے ہیں- ابوقرہ نے- ابن جریج- زہری- ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے نقل کیا ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

ان رجلاً قال للنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا رسول اللہ یصلی الرجل فی الثوب الواحد فقال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اولکلکم ثوبان

''ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آدمی ایک کپڑے میں نماز ادا کر سکتا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم سب کو دو کپڑے دستیاب ہوتے ہیں؟''

ابوقرہ بیان کرتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے - زہری - سعید بن مسیب - حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اسی طرح نقل کیا ہے: تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

قال ما کلکم یجد ثوبین

''تم سب کو دو کپڑے دستیاب نہیں ہوتے ہیں''

انہوں نے یہ روایت زید بن یحییٰ ابواسامہ بلخی اور عبداللہ بن محمد بلخی - احمد بن یعقوب - عبدالعزیز بن خالد کے حوالے سے

(571) قد تقدم فی (562) .

ابوحنیفہ سے نقل کی ہے' تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

لیس کلکم یجد ثوبین

''تم سب کو دو کپڑے دستیاب نہیں ہوتے ہیں''

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد کوفی - محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مسروق سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا محمد بن مسروق کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے- امام ابوحنیفہ نے - زہری - سعید بن مسیّب کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے:

ان سائلاً ساله ایصلی فی الثوب الواحد قال ما کلکم یجد ثوبین

''ایک شخص نے آپ سے دریافت کیا: کیا وہ ایک کپڑے میں نماز ادا کرسکتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سب کو دو کپڑے دستیاب نہیں ہوتے ہیں''۔

انہوں نے اس کو مرفوع حدیث کے طور پر نقل نہیں کیا ہے۔

ابومحمد (بخاری) کہتے ہیں: وہ بعض اوقات ان کے اور زہری کے درمیان ایک اور شخص کا ذکر کرتے ہیں' اور بعض اوقات جراح بن منہال کا ذکر کرتے ہیں۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ بن مخلد - عبیداللہ بن کثیر - حسن بن صالح بن ابوداھی - موسیٰ بن طارق - ابن جریج اور امام ابوحنیفہ - زہری - ابوسلمہ کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوحسین محمد بن احمد بن موسیٰ اہوازی - ابواحمد حسین بن عبداللہ بن سعید عسکری - عبداللہ بن اسحاق - اسحاق بن ابراہیم نہشلی - سعید بن صلت کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مسروق کندی سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا محمد بن مسروق کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے - یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

572- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَمَّ الْقَوْمَ فِیْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ وَقَدْ خَالَفَ بَیْنَ طَرَفَیْهِ وَثِیَابُهُ عَلَی الْمِشْجَبِ لَوْ شَاءَ لَتَنَاوَلَ مِنْهَا ثَوْبًا

''حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک کپڑا پہن کر لوگوں کی امامت کی' جس کے کنارے انہوں نے مخالف سمت میں (کندھوں پر) ڈالے ہوئے تھے' حالانکہ اُن کے اضافی کپڑے کھونٹی پر لٹکے ہوئے تھے' اگر وہ چاہتے تو اُن میں سے ایک اور

572- قد تقدم فی (548) .

کپڑا لے سکتے تھے"۔

••• ——— ••• ——— •••

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت - قاسم بن محمد دلال - ابوبلال اشعری - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل احمد بن حسن ابن خیرون - ابوبکر محمد بن علی بن محمد خیاط - ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن خسرو - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

**(573)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ عُلِّقَ فِىْ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَتْرٌ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ وَاَبْطَاَ عَلَيْهِ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ اَتَاهُ فَقَالَ مَا اَبْطَاَ بِكَ عَنِّىْ قَالَ اِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلَا تَمَاثِيْلُ فَامِطِ السَّتْرَ وَاقْطَعْ رُؤُسَ التَّمَاثِيْلَ وَاَخْرِجُوْا هٰذَا الْجَرْوَ

امام ابوحنیفہ نے - ابواسحاق سبیعی - عاصم بن ضمرہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں ایک پردہ دیکھا جس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں، حضرت جبرائیل علیہ السلام کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنے میں تاخیر ہوگئی جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں میرے پاس آنے میں تاخیر کیوں ہوگئی؟ تو انہوں نے کہا: ہم (فرشتے) ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے ہیں، جس میں کوئی کتا یا تصویر موجود ہو تو آپ اس پردے کو ہٹا دیں، تصویروں کے سر کاٹ دیں اور کتے کے پلّے کو باہر نکال دیں"۔

••• ——— ••• ——— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن احمد بن محمد بن احمد بن محمد - ابوجابر - علی بن حسن - حفص بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے

(573) اخرجه ابن حبان ( 5854)-واحمد 305/2-وابو داؤد ( 4158) فى اللباس: باب فى الصور-والترمذى ( ) الادب: باب ما جاء ان الملائكة لا تدخل بيتاً فيه صورة ولا كلب-البيهقى 270/7 من حديث ابى هريرة .

سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے انہوں نے - ابواسحاق - ایک (نامعلوم) شخص کے حوالے سے اس کو نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اسماعیل بن حماد کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے- یہ امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے منقول ہے انہوں نے اس کو- ابواسحاق کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند نقل کیا ہے۔

574)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَنَّهٗ عَلَّقَ فِیْ بَيْتِهٖ سِتْرٌ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ فَاَبْطَا عَنْهُ جِبْرَئِيْلُ ثُمَّ اَتَاهُ فَقَالَ لَهٗ يَا جِبْرَئِيْلُ مَا الَّذِیْ اَبْطَاكَ عَنِّیْ فَقَالَ اِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَّلَا تَمَاثِيْلُ فَامِطِ السِّتْرَ وَاقْطَعْ رُؤُسَ التَّمَاثِيْلِ الَّتِیْ فِيْهِ وَاَخْرِجْ هٰذَا الْجَرْوَ مِنْ مَنْزِلِكَ فَفَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كُلَّ ذٰلِكَ

امام ابوحنیفہ نے - ابواسحاق سبیعی کے حوالے سے - نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

''آپ ﷺ نے گھر میں ایک پردہ لٹکایا جس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں حضرت جبرائیل علیہ السلام کو آپ کے پاس آنے میں تاخیر ہوگئی (جب وہ آئے) تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے دریافت کیا: تمہیں میرے پاس آنے میں تاخیر کیوں ہو گئی؟ تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: ہم (فرشتے) کسی ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے ہیں جس میں کوئی کتا یا تصویر موجود ہو آپ پردے کو اتار دیں اس میں موجود تصاویر کے سر کاٹ دیں اور اس کتے کے پلّے کو گھر سے باہر نکال دیں تو نبی اکرم ﷺ نے یہ سب کام کیے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبد اللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

575)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ:

متن روایت: اَنَّ جَابِرًا اَمَّهُمْ فِیْ قَمِيْصٍ وَّاحِدٍ لَيْسَ عَلَيْهِ غَيْرُهٗ قَالَ وَلَا اَرَاهُ اَرَادَ بِذٰلِكَ اِلَّا اَنَّهٗ لَا بَاْسَ بِالصَّلَاةِ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن یسار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ایک قمیص پہن کر ان لوگوں کی امامت کی ان کے جسم پر اس (قمیص) کے علاوہ اور کچھ نہیں تھا۔

(راوی کہتے ہیں:) میرا خیال ہے انہوں نے ایسا اس لیے

574) قد تقدم - وهو حديث سابقه .

575) قد تقدم فی (548) .

کیا تھا کہ وہ یہ بتانا چاہ رہے تھے کہ ایک کپڑے میں نماز ادا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - محمد بن بطحا - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

## اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِی الْجُمُعَةِ وَالْعِیْدَیْنِ وَالسُّنَنِ وَالنَّوَافِلِ

## چوتھی فصل: جمعہ عیدین سنتوں اورنوافل کا بیان

(**576**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَیْرٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - عبدالملک بن عمیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متنِ روایت: رَاَیْتُ الْمُغِیْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ یَخْطُبُ عَلٰی رَاحِلَتِهٖ بَعْدَ الصَّلَاةِ یَوْمَ الْعِیْدِ

''میں نے حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کو عید کے دن نماز کے بعد اپنی سواری پر (بیٹھ کر) خطبہ دیتے ہوئے دیکھا ہے''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - عبداللہ بن محمد بن نوح - شداد بن حکیم - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**577**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنْ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن ابی رباح - عبید بن عمیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متنِ روایت: مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰی شَیْءٍ مِنَ النَّوَافِلِ اَشَدُّ مُعَاهَدَةً مِنْهُ عَلٰی رَكْعَتَیِ الْفَجْرِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی بھی (نفل) نماز کی فجر کی دو سنتوں سے زیادہ اہتمام کے ساتھ پابندی نہیں کرتے تھے''

---

(576) -- اخرج ابن حبان (2825)-وابو یعلی (1182)-وابن خزیمة (1445)عن ابی سعید الخدری :ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطب یوم العید علی راحلته .

(577) اخرجه الطحاوی فی" شرح معانی الآثار" 299/1-وابن حبان ( 2456)-واحمد43/6-والبخاری ( 1169)-ومسلم (724) (94)-وابو داؤد (1245) .

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح ترمذی - فضل بن محمد بن ابراہیم - علی بن زیاد بلخی - موسیٰ بن طارق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن زرعہ بن شداد - انہوں نے اپنے دادا شداد - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن خلاف - قاضی اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ یُكَبِّرُ فِی الصَّلَوَاتِ اَیَّامَ التَّشْرِیْقِ یَبْدَاُ بِالتَّكْبِیْرِ فِیْ دُبُرِ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ یَوْمَ عَرَفَةَ اِلٰی صَلٰوةِ الْعَصْرِ مِنَ الْغَدِ یَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ یَقْطَعُ وَكَانَ تَكْبِیْرُهٗ:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ایام تشریق کے دوران تمام نمازوں کے بعد تکبیر پڑھا کرتے تھے وہ عرفہ کے دن فجر کی نماز کے بعد یہ عمل شروع کرتے تھے اور قربانی کے دن کے اگلے دن عصر کی نماز کے بعد تک اسے پڑھتے تھے پھر اسے منقطع (یعنی ختم) کر دیتے تھے ان کی تکبیر کے یہ کلمات ہوتے تھے:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

''اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی بھی معبود نہیں ہے اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اور ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ ہی کے لیے مخصوص ہے''

••• ——— ••• ——— •••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - حافظ ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَیُّوْبَ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے - ایوب بن عائذ - محمد بن کعب قرظی کے

---

اخرجه ابن ابی شیبة 165/2 فی الصلوات: التكبیر من ای یوم هو؟ والی ای ساعة؟ - والطبرانی فی '' الكبیر '' والزیلعی فی '' نصب الرایة '' 223/2

عَائِذٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبِ الْقُرَظِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

متنِ روایت: اَنَّهُ قَالَ اَرْبَعَةٌ لَا جُمُعَةَ عَلَيْهِمُ الْمَرْاَةُ وَالْعَبْدُ وَالْمَرِيْضُ وَالْمُسَافِرُ

حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''چار لوگوں پر جمعہ لازم نہیں ہوتا' عورت' غلام' بیمار' مسافر''

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوغنائم محمد بن علی بن حسن - ابوحسین محمد بن احمد بن زرقویہ - احمد بن محمد بن زیاد - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے اس کو - ابن خیرون - ابن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفة(عن) غیلان وایوب بن عائذ کلاهما (عن) محمد بن کعب القرظی ثم قال محمد قال ابوحنیفة فان فعلوا ذلك اجزاهم

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ - غیلان' ایوب بن عائذ دونوں نے - محمد بن کعب قرظی کے حوالے سے نقل کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: اگر وہ ایسا کر لیتے ہیں تو یہ اُن کے لیے جائز ہوگا۔

(**580**) - سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متنِ روایت: اَلْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلٰى مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جمعہ کے دن' اس شخص پر غسل کرنا واجب ہے جو جمعہ (کی نماز کی ادائیگی) کے لیے آئے''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - قبیصہ - زکریا بن یحییٰ - احمد بن عبداللہ بن زیاد - محمد بن خلید بصری - حماد بن یحییٰ ابح کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(579) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار" ( 201) فی الصلاة: باب صلاة الجمعة والخطبة-والبیهقی فی الکبرٰی" 183/3-وابن ابی شیبة 109/2فی الصلوات:باب لا تجب علیه جمعة -وعبد الرزاق 172/3 (5200) فی من لا یجب علیه الجمعة .

(580) اخرجه ابن ابی شیبة 93/2 فی الصلاة: فی غسل الجمعة-والنسائی ( 1680)-ومالك فی" الموطا" 102/1 -ومسلم 579/2 (877)

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - عبداللہ بن محمد بن یعقوب حارثی بخاری - قبیصہ - زکریا - محمد بن خلید بصری - حماد بن یحییٰ ابح کے حوالے سے - منصور بن معتمر' محمد بن سوقہ اور امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

روایت: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

''جو جمعہ (کی نماز کی ادائیگی) کے لیے آئے' اسے غسل کر لینا چاہیے''۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد - عبدوس بن بشر - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد تمیمی منکدری - محمد بن سعید عوفی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعد عوفی - عمر بن مدرک - مکی ابن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - عبدوس بن بشر بن شعیب رازی - امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد فارسی - حافظ محمد بن مظفر - ابوعبداللہ محمد بن مخلد بن جعفر - عبدوس بن بشر رازی - امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو کہتے ہیں: میں نے حافظ المعروف بہ غنجار کی ''تاریخ بخارا'' میں یہ پڑھا ہے: یہ روایت خلف بن محمد بن عیسیٰ - علی بن ابراہیم بن اسماعیل کندی - علی بن مسلم طوسی - امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابوبکر خطیب بغدادی - احمد بن محمد عتیقی - علی بن محمد بن لؤلؤ - ابوبکر محمد بن فروہ - عمر بن مدرک - مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں:

قد تقدم - وهو حديث سابقه .

اخرجه الحصكفي في " مسند الامام" (182) - واحمد 2/6 - والبخاري (1187) - ومسلم (777) - والنسائي في " ... 197/3

اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

متن روایت: صَلُّوْا فِيْ بُيُوْتِكُمْ وَلَا تَجْعَلُوْهَا قُبُوْرًا

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: "تم لوگ اپنے گھروں میں نماز ادا کرو اور انہیں قبرستان نہ بناؤ"۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - علان بن یعقوب علاف - عیسیٰ بن عبدالرحمٰن ربعی - یحییٰ بن عنبسہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(583) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متن روایت: سَأَلْتُ بِلَالًا اَيْنَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ وَكَمْ صَلّٰى قَالَ رَكْعَتَيْنِ مِمَّا يَلِي الْعُمُوْدَ

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

"میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: نبی اکرم ﷺ نے خانہ کعبہ کے اندر کہاں نماز ادا کی تھی؟ اور کتنی (رکعات) ادا کی تھیں؟ تو انہوں نے جواب دیا: دو رکعت ستون کے ساتھ ادا کی تھیں"۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - خضر بن ابان ہاشمی سے کوفہ میں - ابوسعید ہیثم بن محفوظ ہندی - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(584) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: اَلسُّكُوْتُ فِي الْعِيْدَيْنِ اِذَا خَطَبَ الْاِمَامُ مِثْلَ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"عیدین کے موقعہ پر جب امام خطبہ دے رہا ہو تو جمعہ کے دن کی مانند اس وقت بھی خاموش رہنا (لازم) ہے"۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(585) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے

(583) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (184) - والبخاري (468) في الصلوات: باب الابواب والغلق للكعبة والمساجد - ومسلم (1329) في الحج - وابو داؤد (2023) في المناسك: باب دخول الكعبة - وابن حبان (3204).

(584) -- اخرج ابن ابي شيبة 124/2 في الصلاة: في الكلام اذا صعد الامام المنبر وخطب - عن ابراهيم - قال: قلت لعلقمة: يكره الكلام يوم الجمعة؟ قال: اذاصعد الامام المنبر و اذا خطب الامام و اذا تكلم الامام.

...راہیم اَنَّہٗ قَالَ:

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَلسَّلَامُ یَقْطَعُ مَا بَیْنَ الصَّلَاتَیْنِ

''سلام (پھیرنا) دونمازوں کے درمیان حد فاصل ہوتا ہے''۔

•••——•••——•••

اخرجه الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةقال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

586)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ ...ہِیْمَ عَنْ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

امام ابوحنیفہ- حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے- حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں::

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً اِسْتَقْرَاہُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ ...لْاِمَامُ یَخْطُبُ فَسَکَتَ عَنْہُ فَلَمَّا انْصَرَفَ عَنِ ...لْجُمُعَةِ قَالَ لَہٗ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَمَّا اَنَّ ...حَظَّکَ مِنَ الْجُمُعَةِ مَا سَاَلْتَ عَنْہُ

''ایک شخص نے جمعہ کے دن اُن سے قرآن کی کسی آیت کے بارے میں دریافت کیا' امام اس وقت خطبہ دے رہا تھا' تو انہوں نے اس شخص کو کوئی جواب نہیں دیا' جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس شخص سے فرمایا: جمعہ میں سے تمہارا حصہ صرف وہ ہے' جس کے بارے میں تم نے سوال کیا تھا''۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر- محمد بن ...ہیم بغوی- محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

5..)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ ...ئِبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- عطاء بن سائب- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما

---

585) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (109) فی الصلاة: باب تسلیم الامام وسجوده- وعبد الرزاق (3603) فی ...لاة: باب السلام فی الصلاة- وابن ابی شیبة 74/2 فی الصلاة: باب من کان یرد ویشیر بیده او برأسه .

586) اخرجه الطبرانی فی ''الکبیر'' 308/9 (9542)

-- و اخرج الهیثمی فی'' مجمع الزوائد'' 186/2 عن عبد الله قال: ''کفی لغواً ان تقول لصاحبك انصت اذا خرج الامام فی ...

متنِ روایت: اِنْكَسَفَتِ الشَّمْسُ يَوْمَ مَاتَ اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّاسُ اِنْكَسَفَتِ الشَّمْسُ لِمَوْتِ اِبْرَاهِيْمَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَطَالَ الْقِيَامَ حَتّٰى ظَنُّوْا اَنَّهٗ لَا يَرْكَعُ ثُمَّ رَكَعَ وَكَانَ رُكُوْعُهٗ قَدْرَ قِيَامِهٖ ثُمَّ سَجَدَ فَكَانَ سُجُوْدُهٗ قَدْرَ رُكُوْعِهٖ ثُمَّ جَلَسَ فَكَانَ جُلُوْسُهٗ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ قَدْرَ سُجُوْدِهٖ ثُمَّ صَلَّى الرَّكْعَةَ الثَّانِيَةَ فَفَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ حَتّٰى اِذَا كَانَتِ السَّجْدَةُ الْاٰخِيْرَةُ بَكٰى فَاشْتَدَّ بُكَاؤُهٗ فَسَمِعْنَاهُ وَهُوَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَلَمْ تَعِدْنِيْ اَلَّا تُعَذِّبَهُمْ وَاَنَا فِيْهِمْ ثُمَّ جَلَسَ فَتَشَهَّدَ ثُمَّ انْصَرَفَ عَلَيْهِمْ بِوَجْهِهٖ ثُمَّ قَالَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَيْنِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى لَا تَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهٖ فَاِذَا كَانَ ذٰلِكَ فَعَلَيْكُمْ بِالصَّلَاةِ وَلَقَدْ رَاَيْتُنِيْ اُدْنِيْتُ مِنَ الْجَنَّةِ حَتّٰى لَوْ شِئْتُ اَنْ اَتَنَاوَلَ غُصْنًا مِنْ اَغْصَانِهَا فَعَلْتُ وَلَقَدْ رَاَيْتُنِيْ اُدْنِيْتُ مِنَ النَّارِ حَتّٰى جَعَلْتُ اَتَّقِيْ لَهَبَهَا عَلَيَّ وَعَلَيْكُمْ وَلَقَدْ رَاَيْتُ فِيْهَا سَارِقَ بُدْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُعَذَّبُ بِالنَّارِ وَلَقَدْ رَاَيْتُ فِيْهَا عَبْدَ بَنِيْ دَعْدَعٍ سَارِقَ الْحَاجِّ بِمِحْجَنِهٖ وَلَقَدْ رَاَيْتُ فِيْهَا امْرَاَةً طَوِيْلَةً اَدْمَاءَ حِمْيَرِيَّةً تُعَذَّبُ فِيْ هِرَّةٍ رَبَطَتْهَا فَلَمْ تُطْعِمْهَا وَلَمْ تَسْقِهَا وَلَمْ تَدَعْهَا تَاْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ

بیان کرتے ہیں:

''جس دن نبی اکرم ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا' اس دن سورج گرہن ہو گیا' تو لوگوں نے کہا: حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کے انتقال کی وجہ سے سورج گرہن ہوا ہے' نبی اکرم ﷺ (نماز ادا کرنے کے لیے) کھڑے ہوئے' آپ نے اتنا طویل قیام کیا' کہ لوگوں نے یہ گمان کیا کہ آپ ﷺ رکوع میں نہیں جائیں گے' پھر آپ ﷺ رکوع میں چلے گئے تو آپ ﷺ کا رکوع بھی آپ ﷺ کے قیام جتنا (طویل) تھا' پھر آپ ﷺ سجدے میں گئے تو آپ ﷺ کے سجدے بھی آپ ﷺ کے رکوع جتنے (طویل) تھے' جب آپ ﷺ دو سجدوں کے درمیان بیٹھے تھے' تو وہ بیٹھنا بھی آپ ﷺ کے سجدے جتنا (طویل) تھا' پھر آپ ﷺ نے دوسری رکعت ادا کی' تو اس کو بھی اسی طرح ادا کیا' یہاں تک کہ جب آپ ﷺ آخری سجدے میں تھے تو آپ ﷺ رونے لگے' آپ ﷺ بہت روئے' ہم نے آپ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا:

''اے اللہ! کیا تو نے میرے ساتھ یہ وعدہ نہیں کیا ہے' کہ جب تک میں ان کے درمیان موجود ہوں' تو ان کو عذاب نہیں دے گا''

پھر آپ بیٹھ گئے' آپ ﷺ نے تشہد پڑھا' (نماز کا سلام پھیرنے کے بعد) آپ ﷺ نے لوگوں کی طرف رُخ کیا اور ارشاد فرمایا:

''بیشک سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی دو نشانیاں ہیں' یہ کسی کے مرنے یا جینے کی وجہ سے گرہن نہیں ہوتے ہیں' جب ایسی (یعنی گرہن کی) صورتحال ہو' تو تم پر نماز ادا کرنا لازم ہے' ابھی میں نے خود کو دیکھا کہ میں جنت کے قریب ہوا' یہاں تک کہ اگر میں اس کی

ٹہنیوں میں سے کسی ٹہنی کو پکڑنا چاہتا' تو ایسا کر سکتا تھا' پھر میں نے خود کو دیکھا کہ میں جہنم کے قریب ہوا' تو میں نے اس کے شعلوں سے خود کو اور تم لوگوں کو بچانے کی کوشش کی' میں نے اس (جہنم) میں' اللہ کے رسول کے اونٹوں کو چوری کرنے والے شخص کو دیکھا اسے جہنم میں عذاب دیا جا رہا تھا' میں نے اس میں بنی دعدع کے غلام کو دیکھا' جو اپنی چھڑی کے ذریعے حاجیوں کی چیزیں چرا لیتا تھا' میں نے اس میں ایک طویل القامت' گندمی رنگت کی مالک' ایک حمیری عورت کو دیکھا' جس کو ایک بلّی کی وجہ سے عذاب دیا جا رہا تھا' اس عورت نے اُس بلّی کو باندھ دیا تھا' اور اسے کچھ کھانے یا پینے کے لیے بھی نہیں دیا' اور اس کو چھوڑا بھی نہیں کہ وہ خود ہی کچھ کھا لیتی' (یہاں تک کہ وہ بلّی مر گئی)"۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن اشرس سلمی- جارود بن یزید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت علی بن محمد سمسار -عبداللہ بن عمر جعفی - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن ابواحمد ہروی -عمار بن خالد تمار- اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن صالح طبری -محمد بن یوسف زبیدی- ابوقرہ موسیٰ بن طارق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی (اور) عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح -عیسیٰ بن احمد- مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد -بشر بن موسیٰ- مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حمدان بن ذی نون -ابراہیم بن سلیمان- زفر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔' اس کے معنوی اعتبار سے قریب ہیں' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

---

اخرجه احمد 109/2-وابن حبان (2828)-والبخاری (1042) فی الکسوف: باب الصلاة فی کسوف الشمس-ومسلم فی الکسوف:باب ذکر النداء بصلاة الکسوف-والطبرانی فی" الکبیر" (13095)-والحاکم فی" المستدرک" 331/1

سارق الحاج بمحجنه و كان اذا خفى له شيء ذهب به و اذا رؤى قال انما تعلق بمحجنى

''حاجیوں (کے سامان) کو اپنی چھڑی سے چوری کرنے والے (کو دیکھا) جب اس کی حرکت پوشیدہ رہتی تو وہ اس چیز کو لے جاتا اور جب اس کی حرکت پکڑی جاتی تو وہ کہتا: یہ میری چھڑی کے ساتھ پھنس گئی تھی''

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - یوسف بن موسیٰ - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب بن اسحاق - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت داؤد بن ابوعوام - عبدالرحمٰن بن علقمہ مروزی - ابراہیم بن عبدالرحمٰن خوارزمی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

اور انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز - بشر بن ولید اور محمد بن محمد اشعری - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن - محمد بن حرب - اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت سہل بن بشر کندی - فتح بن عمرو - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت یحییٰ بن اسماعیل ہمدانی - ولید بن حماد انہوں نے اپنے دادا حسن بن عثمان ان دونوں نے - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حسین بن علی کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے یحییٰ بن حسن - زیاد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - حسن بن فرات کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا - انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مسروق سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے

اپنے دادا محمد بن مسروق کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے- یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے

انہوں نے یہ روایت اسحاق بن خلف - عمر بن حفص - یحییٰ بن نضر بن حاجب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن ابومقاتل - عمار بن خالد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عثمان بن سعد بن نوفل - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوحسن علی بن حسن بن ایوب - قاضی ابوالعلاء محمد بن علی بن احمد بن یعقوب - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوغنائم محمد بن علی بن حسن بن ابوعثمان - ابوحسن محمد بن احمد بن محمد بن زرقویہ - ابوسہل احمد بن محمد بن زیاد قطان - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(588)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهُ كَانَ فِیْ مَسْجِدِ الْكُوْفَةِ وَمَعَهُ حُذَيْفَةُ وَاَبُوْ مُوْسٰی حَتّٰی خَرَجَ عَلَيْهِمُ الْوَلِيْدُ ابْنُ عُقْبَةَ وَهُوَ اَمِيْرُ الْكُوْفَةِ فَقَالَ غَدًا عِيْدُكُمْ فَكَيْفَ اَصْنَعُ فَقَالُوْا اَخْبِرْهُ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَاَمَرَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنْ يُّصَلِّیَ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَّلَا اِقَامَةٍ وَاَنْ يُّكَبِّرَ فِی الْاُوْلٰی خَمْسًا وَفِی الْاٰخِرَةِ اَرْبَعًا وَيُوَالِیَ بَيْنَ الْقِرَاءَ تَيْنِ وَيَخْطُبُ بَعْدَ الصَّلَاةِ عَلٰی رَاحِلَتِهٖ

"ایک مرتبہ وہ کوفہ کی مسجد میں موجود تھے ان کے ساتھ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بھی تھے ولید بن عقبہ ان حضرات کے پاس آیا وہ ان دنوں کوفہ کا امیر تھا اس نے کہا: کل عید ہے تو مجھے کیا کرنا ہوگا؟ تو ان حضرات نے (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے) کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ اس کو اس بارے میں بتائیں تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اُسے یہ ہدایت کی: وہ اذان اور اقامت کے بغیر نماز ادا کرے پہلی رکعت میں پانچ مرتبہ تکبیر کہے اور دوسری رکعت میں چار مرتبہ کہے دو قرأتوں کے درمیان تسلسل رکھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد اپنی سواری پر (بیٹھ کر) خطبہ دے"

••• —— ••• —— •••

588) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" ( 204) في الصلاة: باب صلاة العيدين-وعبد الرزاق ( 5687) في الصلاة: باب التكبير في الصلاة يوم العيد-وابن ابي شيبة 173/2 في الصلاة: باب في التكبير في العيدين-والطبراني في " الكبير" ( 9514) 350/9 .

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مسروق سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا محمد بن مسروق کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے' یہ امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

ابن خسرو نے یہ روایت - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی' انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

ابن خسرو نے یہ روایت - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ ولا باس بان یخطب قائماً ان لم یکن علی راحلته وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ اگر وہ سواری پر سوار نہ ہو تو کھڑا ہو کر خطبہ دیدے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**589**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: كَانَتِ الصَّلَاةُ فِي الْعِيْدَيْنِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ يَقِفُ الْاِمَامُ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ بَعْدَ الصَّلَاةِ وَيُصَلِّيْ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَّلَا اِقَامَةٍ

''عیدین کی نماز' خطبہ سے پہلی ادا کی جاتی تھی' پھر نماز کے بعد امام اپنی سواری پر وقوف کر کے (خطبہ دیتا تھا) وہ اذان اور اقامت کے بغیر نماز ادا کرتا تھا''

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**590**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اِنْكَسَفَتِ الشَّمْسُ يَوْمَ مَاتَ اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

''جس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا' اس دن سورج گرہن ہوگیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

(589) اخرج ابن حبان (2826)-واحمد 92/2-وابن خزیمة (1443)-والبخاری (957) فی العیدین: باب المشی والرکوب الی العید بغیر اذان ولا اقامة-ومسلم (888) فی صلاة العیدین-والترمذی (531) فی العیدین: باب صلاة العیدین قبل الخطبة

(590) اخرجه ابن خزیمة 309/2 (1372)-والنسائی فی "السنن الکبری" 195/1-والبیهقی فی "السنن الکبری" 341/3-والطبرانی فی "الکبیر" 94/10 (10065)-والبزار (259/1) 9260

فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ فَقَالَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آیَتَانِ مِنْ آیَاتِ اللّٰہِ لَا یَنْکَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَیَاتِہٖ فَاِذَا رَاَیْتُمْ ذٰلِکَ فَصَلُّوْا وَاحْمَدُوْا اللّٰہَ وَکَبِّرُوْہُ وَسَبِّحُوْہُ حَتّٰی یَنْجَلِیَ ثُمَّ نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ

کھڑے ہو کر لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

''بیشک سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی دو نشانیاں ہیں' یہ کسی کی موت یا زندگی کی وجہ سے گرہن نہیں ہوتے ہیں' جب تم اس (گرہن) کو دیکھو تو نماز ادا کرو' اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرو' اس کی کبریائی کا اعتراف کرو' اس کی پاکی بیان کرو' جب تک وہ روشن نہ ہو جائے (یعنی گرہن ختم نہ ہو جائے)''

اس کے بعد' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (منبر سے) نیچے اترے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعات نماز پڑھائی''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن اسحاق بن عثمان سمسار بخاری - محمد بن یزید نیشاپوری معروف بہ محمش - عامر بن فرات نسوی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

591)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا:

امام ابوحنیفہ نے - عدی بن ثابت - سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ خَرَجَ یَوْمَ الْعِیْدِ اِلَی الْمُصَلّٰی فَلَمْ یُصَلِّ قَبْلَ الْعِیْدِ وَلَا بَعْدَھَا

''عید کے دن' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید گاہ تشریف لے گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عید کی نماز سے پہلے' یا اس کے بعد کوئی (نفل) نماز ادا نہیں کی''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - عباد بن یزید ہروی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - خالد بن ہیاج بن بسطام - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

592)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ سُھَیْلِ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے - سہیل بن ابوصالح - انہوں نے اپنے

591) اخرجہ ابن حبان (2818)-واحمد 340/1-وابن ابی شیبۃ 177/2-والبخاری (964) فی العیدین:باب الخطبۃ بعد العید-ومسلم (884) (13) فی العیدین:باب ترک الصلاۃ قبل العید وبعدھا-وابوداؤد (1159) فی الصلاۃ:باب ما جاء لا صلاۃ قبل العید ولا بعدھا"۔

592) اخرجہ الطحاوی فی" شرح معانی الآثار" 336/1-وابن حبان (2480)-وعبد الرزاق (5529)-والحمیدی (976)-والدارمی 370/1-ومسلم (881) (69)-والترمذی (523) فی الصلاۃ:باب ما جاء فی الصلاۃ قبل الجمعۃ وبعدھا-والبیہقی فی" السنن الکبری" 240/3

اَبِی صَالِحٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: مَنْ كَانَ مُصَلِّیًا یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَلْیُصَلِّ اَرْبَعًا قَبْلَهَا وَاَرْبَعًا بَعْدَهَا

والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس نے جمعہ کے دن (جمعہ کی نماز کے ساتھ) کوئی (نفل) نماز ادا کرنی ہو تو وہ چار رکعات اس سے پہلے اور چار رکعات اس کے بعد ادا کرے''۔

•••—•••—•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ہناد بن ابراہیم بن محمد نسفی- ابوحسن علی بن احمد بن حسن بن محمد بن نعیم- احمد بن عبدان بن فرج- عبداللہ بن سلمہ بن شاہین- محمد بن منصور سلمی- حسین بن ولید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(593)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْكَرِیْمِ عَنْ اُمِّ عَطِیَّةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ:

متن روایت: كَانَ یُرَخِّصُ لِلنِّسَاءِ فِی الْخُرُوْجِ یَوْمَ عِیْدِ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰی

امام ابوحنیفہ نے- عبدالکریم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''وہ (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) خواتین کو عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن نکلنے کی رخصت دیتے تھے''۔

•••—•••—•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعباس بن سعید- احمد بن حازم- عبیداللہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ صاحب کہتے ہیں: حمزہ زیات- زفر- ایوب بن ہانی- عبیداللہ بن موسیٰ- منذر اور محمد بن حسن رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے، تاہم انہوں نے اس میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

حتی ان البكرين تخرجان فی ثوب واحد وتخرج الطامث فی عرض الناس فتدعو

یہاں تک کہ دو کنواری لڑکیاں ایک ہی چادر اوڑھ کر نکلیں گی، اور حائضہ عورت لوگوں کے ساتھ دعا میں شریک ہوگی۔

(594)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ

(593) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی" الآثار" (205)- وابن حبان (2816)- واحمد 84/5- والدارمی 377/1- ومسلم (890) فی صلاة العيدين- والبخاری (324)- وابو داؤد (1138) فی الصلاة: باب خروج النساء فی العيد- وابن ماجة (1308).

(594) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی" الآثار" (182)- وعبد الرزاق (5437) فی الصلاة: باب العطاس يوم الجمعة والامام يخطب- وابن ابی شيبة 1202 فی الصلاة: باب يسلم اذا جاء والامام يخطب- والبيهقی فی" السنن الكبریٰ" 223/3

براھیم قَالَ:
متن روایت: تَرُدُّوْا السَّلَامَ وَتُشَمِّتُوْا الْعَاطِسَ وَالْاِمَامُ یَخْطُبُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
''جمعہ کے دن جب امام خطبہ دے رہا ہو (تو اس دوران) سلام کا جواب دو، چھینکنے والے کو جواب دو''۔

•••———•••———•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد ولسنا ناخذ بهذا لکنا ناخذ بحدیث سعید بن المسیب علی ما انبا سفیان بن عیینة (عن) عبد الله بن سعید بن ابو هند قال قلت لسعید بن المسیب ان فلاناً عطس والامام یخطب فشمته فلان قال مرة فلا یعودن قال محمد وبه ناخذ الخطبة بمنزلة الصلاة لا یشمت فیها العاطس ولا یرد فیها السلام وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه (عن) مخول بن راشد النهدی (عن) مسلم البطین (عن) سعید بن جبیر (عن) ابن عباس رضی الله عنهما ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم کان یقرا فی الجمعة سورة الجمعة والمنافقین

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔
پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ نہیں دیتے ہیں' ہم سعید بن میسّب کے بارے میں منقول روایت کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں: جس کو سفیان بن عیینہ نے عبداللہ بن سعید بن ابوہند سے نقل کیا ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے سعید سے کہا: فلاں کو امام کے خطبہ دینے کے دوران چھینک آ گئی' تو فلاں شخص نے اس کو چھینک کا جواب دیدیا' انہوں نے فرمایا: ایک مرتبہ (تو جو ہو گیا سو ہو گیا) وہ دوبارہ ہرگز ایسا نہ کرے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اسی روایت کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں: خطبہ نماز کے حکم میں ہوتا ہے' اس میں چھینکنے والے کو جواب نہیں دیا جا سکتا اور سلام کا جواب بھی نہیں دیا جا سکتا' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔
مخول بن راشد نہدی' مسلم بطین - سعید بن جبیر کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کیا ہے:
''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کی نماز میں سورہ جمعہ اور سورہ منافقون کی تلاوت کیا کرتے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - یعقوب بن یوسف بن زیاد - ابوجنادہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - احمد بن حسن بن سعید بن عثمان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - حصین بن مخارق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ' اور ازہر بن معبد سے روایت کی ہے۔

595- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ نَاصِحِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِی کَثِیْرٍ عَنْ اَبِی سَلَمَۃَ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے - ناصح بن عجلان - یحییٰ بن ابوکثیر - ابوسلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان

595) اخرجه ابن حبان (886).

اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ:
کرتے ہیں:

متن روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تمام امور میں استخارہ کی تعلیم اسی طرح دیا کرتے تھے جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں قرآن کی کسی سورت کی تعلیم دیتے تھے''۔

...——...——...

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- احمد بن صالح بلخی- محمد بن قاسم بلخی - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(596)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عُبَيْدَةَ بِنِ الْمُعَتِّبِ الضَّبِّيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ قَزْعَةَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ يُقَالُ لَهُ عَبْدُ الْوَهَّابِ:

امام ابوحنیفہ نے- عبیدہ بن معتب ضبی - ابراہیم نخعی- قزعہ کے حوالے سے ان کے ایک ساتھی عبدالوہاب کا یہ بیان نقل کیا ہے: انہوں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے:

متن روایت: اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا ذَرٍّ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ اَرْبَعَ رَكْعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ لَا يَفْصِلُ بَيْنَهُمَا بِتَسْلِيْمٍ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر سے پہلے چار رکعات (سنت) ادا کیا کرتے تھے آپ ان (چار رکعات) کے درمیان سلام پھیر کر فصل نہیں کرتے تھے''۔

...——...——...

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- جعفر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عبد اللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: ابوعبدالرحمٰن مقری نے یہ روایت امام ابوحنیفہ- عبیدہ- ابراہیم- قزعہ کے حوالے سے نبی اکرم سے نقل کی ہے وہ (یعنی حافظ صاحب فرماتے ہیں:) یہی درست ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر بن حسن اشنانی- جعفر بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(597)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ
امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ

(596)-- ...... واخرج ابن ابی شیبة 199/2- واحمد 239/6- ومسلم 504/1 (105)- وابو داؤد (1245) عن عائشة رضی الله عنها- قالت: کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی اربعاً قبل الظهر .

(597) اخرجه عبد الرزاق (4829) فی الصلاة: باب التطوع قبل الصلاة وبعدها

-- قلت: وقد اخرج ابن ابی شیبة 199/2- والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 335/1- والحمیدی (385)- واحمد 416/6- وابو داؤد (1264) ......قال ابو ایوب الانصاری: یارسول الله! اما اربع رکعات تواظب علیهن قبل الظهر؟ فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم: " ان ابواب الجنة تفتح عند زوال الشمس فلا ترتج حتی تقام الصلاة فاحب ان اقدم" .

...هِيمَ أَنَّهُ قَالَ:

...روایت: مَا كَانَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى ... عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَلٰى شَيْءٍ مِنَ التَّطَوُّعِ أَشَدَّ ...رَةً مِنْهُمْ عَلٰى رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ وَأَرْبَعٍ قَبْلَ ...ظُّهْرِ

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین کسی بھی نفل نماز کو اتنے زیادہ اہتمام سے ادا نہیں کرتے تھے، جتنے اہتمام سے وہ فجر سے پہلے کی دو رکعات (سنتیں) اور ظہر سے پہلے کی چار رکعات (سنتیں) ادا کرتے تھے''۔

...——...——...

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ...یم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

59...)- سند روایت: (أَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زِيَادِ بْنِ ...قَةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

...روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ ...سَلَّمَ يَقُوْمُ عَامَّةَ اللَّيْلِ فَقَالَ لَهُ أَصْحَابُهُ أَلَيْسَ قَدْ ...رَ اللهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ قَالَ أَفَلَا ...كُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا

امام ابوحنیفہ نے - زیاد بن علاقہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کا زیادہ تر حصہ نوافل ادا کرتے رہتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: کیا اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گزشتہ اور آئندہ ''ذنب'' کی مغفرت نہیں کر دی ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں''۔

...——...——...

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - قبیصہ بن فضل بن عبدالرحمٰن طبری - اسحاق بن ابراہیم فارسی - سعید بن صلت کے حوالے سے، ...حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

59...)- سند روایت: (أَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ ...نُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر - حبیب بن سالم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

...) اخرجه ابن حبان (311)-وعبد الرزاق (4746)-والحميدى (759)-واحمد 251/4-والبخارى (4836)-ومسلم ...) (80)-والبيهقى فى " السنن الكبرىٰ" 16/3-وابن ماجة (1419) فى اقامة الصلاة: باب ما جاء فى طول القيام فى ...ت.

...) اخرجه ابن ابى شيبة 142/2 فى الصلاة: من كان يستحب ان يقرأ فى الفجر يوم الجمعة بسورة فيها سجدة-ومسلم 598/2 ...والنسائى (1775)-وابوداؤد (1115)-والترمذى (533)-وابن ماجة (1281).

متن روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کَانَ یَقْرَاُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ" آلٓمٓ تَنْزِیْلُ"

''نبی اکرم ﷺ جمعہ کے دن (جمعہ کی نماز میں) سورۂ آلٓمٓ تَنْزِیْلُ'' کی تلاوت کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوغنائم محمد بن علی بن حسن-محمد بن احمد بن محمد-احمد بن محمد-محمد بن فضل بن جابر سقطی-نصر بن حریش صامت-مشمعل بن ملحان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**600**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِیْ الرَّجُلِ یَاْتِیْ الْمَسْجِدَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْاِمَامُ قَدْ جَلَسَ آخِرَ صَلَاتِہٖ قَالَ یُکَبِّرُ تَکْبِیْرَةً یَدْخُلُ مَعَهُمْ فَیَتَشَهَّدُ مَعَهُمْ فَاِذَا سَلَّمَ الْاِمَامُ قَامَ فَرَکَعَ رَکْعَتَیْنِ

''جو شخص جمعہ کے دن مسجد میں آئے اور امام اُس وقت نماز کے آخر میں (قعدہ میں) بیٹھا ہوا ہو تو وہ شخص تکبیر کہہ کر ان لوگوں کے ساتھ نماز میں شامل ہو جائے' ان کے ساتھ تشہد پڑھے' جب امام سلام پھیر دے' تو وہ شخص کھڑا ہو کر دو رکعات ادا کر لے''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد ولسنا ناخذ بهذا من ادرك من الجمعة ركعة اضاف الیها اخری ومن ادركهم جلوساً صلی اربعاً وبذلك جاءت الآثار من غیر واحد (ثم قال) محمد حدثنا ابو حنیفة اخبرنا سعید بن ابوعروبة (عن) قتادة (عن) انس بن مالك (و) حسن البصری (و) سعید بن المسیب (و) خلاس بن عمرو انهم قالوا من ادرك من الجمعة ركعة اضاف الیها اخری ومن ادركهم جلوساً صلی اربعاً قال محمد وكذلك بلغنا (عن) علقمة بن قیس (و) الاسود بن یزید وهو قول سفیان الثوری وزفر بن الهذیل وبه ناخذ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ نہیں دیتے ہیں' جو شخص جمعہ کی نماز کی ایک رکعت (جماعت کے ساتھ) پالے' وہ اس کے ساتھ دوسری رکعت کو ملا لے گا' لیکن جو شخص (تاخیر سے آئے) اور لوگوں کو (تشہد میں) بیٹھا ہوا پائے' وہ چار رکعات ادا کرے گا' اس حوالے سے کئی راویوں نے آثار نقل کیے ہیں: پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے-سعید بن ابوعروبہ-قتادہ کے حوالے سے-حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ (اور) حسن بصری (اور) سعید بن مسیب (اور) خلاس بن عمرو کے بارے میں یہ روایت

(600) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (128) فی الصلاة: باب من سبق بشیء من صلاته.

یہ حضرات فرماتے ہیں:

''جو شخص جمعہ کی نماز کی ایک رکعت (جماعت کے ساتھ) پالے وہ اس کے ساتھ دوسری رکعت کو ملا لے گا' لیکن جو شخص (تاخیر سے آئے) اور لوگوں کو (تشہد میں) بیٹھا ہوا پائے' وہ چار رکعات ادا کرے گا''

امام محمد فرماتے ہیں: علقمہ بن قیس (اور) اسود بن یزید کے بارے میں اسی طرح کی روایت ہم تک پہنچی ہے' سفیان ثوری اور زفر بن ہذیل کا بھی یہی قول ہے' ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

601)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر - انہوں نے اپنے والد - حبیب بن سالم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ يَقْرَاُ فِي الْعِيْدَيْنِ وَيَوْمَ الْجُمُعَةِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَهَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عیدین اور جمعہ (کی نمازوں) میں سورۃ الاعلیٰ اور سورۃ الغاشیہ کی تلاوت کیا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد قیراطی - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد قیراطی - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت سہل بن بشر - فتح بن عمرو - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزار - بشر بن ولید کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسن بن علی سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا حسین بن علی کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے (وہ بیان کرتے ہیں:) یحییٰ بن حسن - زیاد بن حسن - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اس کو روایت کیا ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مسروق سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے

601) قد تقدم فی (599)

دادا محمد بن مسروق کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے' یہ امام ابوحنیفہ اور سفیان سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- منذر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- انہوں نے اپنے چچا- انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- منذر بن محمد- حسین بن محمد- اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- احمد بن خالد- احمد بن داؤد- اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی- عبداللہ بن عبید اللہ' ان دونوں نے- عیسیٰ بن احمد- مقری کے حوالے سے ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' اور یہ صرف عیدین کے بارے میں ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخسی- عبداللہ بن عبدالرحمٰن مدینی- عفیف بن سالم موصلی کے حوالے سے ابوحنیفہ سے' عیدین کے بارے میں روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد قیراطی- احمد بن خالد بن عمرو حمصی- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عیسیٰ بن ابیض بن اغر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے عیدین کے بارے میں روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- صالح بن احمد- محمد بن شوکہ- قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد- احمد بن خالد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عیسیٰ بن یزید- ابیض بن اغر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسن بن ابومقاتل- شعیب بن ایوب- ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- حسن بن محمد بن سعید- محمد بن عمران ہمدانی- قاسم بن حکم کے حوالے سے ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن محمد بن سلیمان- ابوبکر اور عثمان' یہ دونوں ابوشیبہ کے صاحبزادے ہیں' ان دونوں نے- عبدالحمید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(602)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ

امام ابوحنیفہ نے- ابراہیم بن محمد بن منتشر- انہوں نے اپنے والد- حبیب بن سالم کے حوالے سے یہ روایت

(602) قد تقدم ایضاً فی (599) .

عَنِ النُّعْمَانَ بْنِ بَشِيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

ہے: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ فِي الْعِيْدَيْنِ وَالْجُمُعَةِ هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ وَسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَاِنْ جَمَعَ فِي الْعِيْدَيْنِ قَرَاَهُمَا جَمِيْعًا فِي يَوْمٍ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عیدین اور جمعہ (کی نمازوں) میں سورۃ الاعلیٰ اور سورۃ الغاشیہ کی تلاوت کیا کرتے تھے اگر عید اور جمعہ کا دن اکٹھے آجاتے تو آپ دونوں نمازوں میں انہی دونوں سورتوں کی تلاوت کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعلی حسن بن محمد بن سعید انصاری - محمد بن عمران عمرانی - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن خالد بن عمرو - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عکرمہ بن یزید الہانی - ابیض بن اغر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے حافظ صاحب کہتے ہیں: شعبہ نے اسے ابراہیم سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد حسن فارسی - محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابن مظفر تک اس سند کے ساتھ احمد بن خالد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا

انہوں نے یہ روایت احمد بن عبدالجبار صیرفی - علی بن حسن بصری سے اذن کے طور پر - ابن ثلاج - ابوعباس بن عقدہ - محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مسروق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ اور سفیان ثوری سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن احمد دمشقی - ابومحمد عبدالعزیز بن احمد کنانی (اور) ابوقاسم مسلم بن احمد کعکی ان دونوں نے - عبدالرحمٰن بن عثمان بن ابونصر - ابوحسن خیثمہ بن سلیمان بن حیدرہ قرشی - عبداللہ بن احمد بن ابومیسرہ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

۵۶۶- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - عطیہ عوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن جب منبر پر چڑھتے تھے تو

اخرجه احمد 35/2 - وعبد الرزاق (5261) - وابن ماجة (1103) - والنسائى فى "الكبرى" (1721) - وابن الجارود - والطبرانى فى "الكبير" (13296) - والبيهقى فى "السنن الكبرى" 197/3 - والبخارى (920).

وَسَلَّمَ اِذَا صَعِدَ الْمِنْبَرَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ جَلَسَ قَبْلَ الْخُطْبَةِ جَلْسَةً خَفِيْفَةً

(کھڑے ہوکر) خطبہ ارشاد فرمانے سے پہلے' تھوڑی سی دیر کے لیے اُس پر تشریف فرما ہوتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید بن جعفر سے ان کی تحریر کے حوالے سے - یحییٰ بن فروخ - عبدالوہاب بن ابراہیم خراسانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**604**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ مَا اُحِبُّ اَنِّىْ تَرَكْتُ الْوِتْرَ وَاَنَّ لِىْ مِثْلُ حُمُرِ النِّعَمِ

''مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں وتر ترک کردوں' خواہ اس کے عوض میں' مجھے سرخ اونٹوں کی مانند (دولت یا کوئی قیمتی چیز) مل جائے''۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - قاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن ابن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**605**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ هِنْدٍ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اُمِّ هَانِىءٍ بِنْتِ اَبِىْ طَالِبٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوہند حارث بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام ہانی بنت ابوطالب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ اِغْتَسَلَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ مِنْ جُفْنَةٍ فِيْهَا اَثَرُ الْعَجِيْنِ ثُمَّ صَلّٰى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن ایک ایسے برتن سے غسل کیا' جس میں آٹے کا نشان موجود تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار رکعات ادا کیں''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبید - محمد بن علی مدائنی فستقہ - احمد بن ہشام بن بہرام - انہوں نے ...

(604) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" (123)-وفي "الموطأ" (260)-وابو يوسف في "الآثار" (342)-ومحمد بن الحسن الشيباني في "الحجة على اهل المدينة" 196/1-وعبد الرزاق (4578)-وابن ابي شيبة 297/2

(605) اخرجه ابن خزيمة 119/1-وعبد الرزاق (4860)-واحمد 341/6-والطبراني في "الكبير" 426/2 (1038)-والبيهقي في " السنن الكبرى" 8/1-واورده الهيثمي في "مجمع الزوائد" 269/2

کے حوالے سے - ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل احمد بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست - قاضی عمر اشنانی - محمد بن حنیفہ - تمیم بن منتصر - اسحاق ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے، تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

ثم صلی رکعتین

"پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعات ادا کیں"

قاضی عمر اشنانی نے اسی طرح کی روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

608 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّ رَجُلاً حَدَّثَهُ:

متن روایت: اَنَّهُ سَاَلَ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ خُطْبَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ اَمَا تَقْرَاُ سُوْرَةَ الْجُمُعَةِ قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لَا اَعْلَمُ فَقَالَ فَاقْرَؤُا (وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا اِنْفَضُّوْا اِلَیْهَا وَتَرَکُوْکَ قَائِمًا) قَالَ فَالْخُطْبَةُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ قَائِمًا

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے جمعہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبہ کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے فرمایا: کیا تم نے سورہ جمعہ نہیں پڑھی ہے؟ اس شخص نے جواب دیا: پڑھی ہے، لیکن مجھے (اس سورت سے اس بارے میں) پتہ نہیں چل سکا ہے، تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم یہ پڑھو:

"اور جب انہوں نے تجارت اور دلچسپی کی چیز دیکھی، تو اس کی طرف چلے گئے اور تمہیں کھڑا ہوا چھوڑ گئے"

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) جمعہ کے دن خطبہ کھڑے ہو کر دیا جاتا ہے"۔

••• —— ••• —— •••

محمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن سعید - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - محمد بن ابراہیم بن احمد - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

608 - اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی" الآثار" (202)-وابن ابی شیبة 112/2-والطبرانی فی" الکبیر" (1003)-وابن ماجه (1108) فی اقامة الصلاة: باب ماجاء فی الخطبة یوم الجمعة .

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں -مبارک بن عبدالجبار صیرفی -ابومحمد حسن بن علی فارسی -محمد بن مظفر حافظ -محمد بن ابراہیم بن احمد -محمد بن شجاع ثلجی -حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوطالب بن یوسف -ابومحمد جوہری -ابوبکر ابہری -ابوعروبہ حرانی -انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے -محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**607**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَمَّنْ سَمِعَ اُمَّ عَطِيَّةَ تَقُوْلُ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی -ایک شخص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: جس نے سیّدہ عطیہ رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے:

متن روایت: رُخِّصَ لِلنِّسَاءِ فِی الْخُرُوْجِ اِلَی الْعِيْدَيْنِ حَتّٰی لَقَدْ كَانَتِ الْبِكْرَانُ تَخْرُجَانِ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ حَتّٰی لَقَدْ كَانَتِ الْحَائِضُ لَتَخْرُجَ فَتَجْلِسَ فِیْ عِرْضِ النَّاسِ يَدْعُوْنَ وَلَا يُصَلِّيْنَ

"خواتین کو عید کے لیے نکلنے کی رخصت دی گئی تھی یہاں تک کہ دو کنواری لڑکیاں ایک ہی چادر اوڑھ کر نکلتی تھیں یہاں تک کہ حیض والی خواتین بھی نکلتی تھیں وہ لوگوں کے ساتھ دعا میں شریک ہوتی تھیں البتہ وہ نماز ادا نہیں کرتی تھیں"۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -علی بن حسن بن سعید -عمرو بن حمید -نوح بن دراج کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**608**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ اَبِی الْمُخَارِقِ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ:

امام ابوحنیفہ نے -عبدالکریم بن ابومخارق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ يُرَخِّصُ لِلنِّسَاءِ فِی الْخُرُوْجِ فِی الْعِيْدَيْنِ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰی

"وہ خواتین کو عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی نماز کے لیے نکلنے کی اجازت دیتی تھیں"۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(607) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (205) -واحمد 84/5 -والبخاري (1652) -والنسائي 193/1 -والطبراني في "الكبير" -وابن خزيمة (1466) -والحميدي (361) -والبيهقي في "السنن الكبرى" 306/3

(608) قد تقدم في (607)

609)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ :

متن روایت: فِیْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِیْ اَیَّامٍ مَّعْدُوْدَاتٍ) قَالَ اَلْاَیَّامُ الْمَعْدُوْدَاتُ اَیَّامُ الْعَشْرِ وَالْمَعْلُوْمَاتُ اَیَّامُ النَّحْرِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''ابراہیم نخعی' اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں بیان کرتے ہیں: (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

''گنتی کے (مخصوص) دنوں میں' اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو'

ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: اَلْاَیَّامُ الْمَعْدُوْدَات سے مراد (ذوالحج کے ابتدائی) دس دن ہیں اور 'اَلْمَعْلُوْمَات' سے مراد' قربانی کے دن ہیں''۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

610)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ:

متن روایت: اَرْبَعٌ قَبْلَ الظُّهْرِ وَاَرْبَعٌ قَبْلَ الْجُمُعَةِ لَا یُفْصَلُ بَیْنَهُنَّ بِالتَّسْلِیْمِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''ظہر سے پہلے ادا کی جانے والی چار رکعات اور جمعہ سے پہلے ادا کی جانے والی چار رکعات کے درمیان میں سلام پھیر کر فصل نہیں کیا جائے گا''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

611)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنِ الْحَارِثِ بْنِ دِثَارٍ اَوْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ شَكَّ مُحَمَّدٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حارث بن دثار (یا شاید) محارب بن دثار (یہ شک امام محمد کو ہے) کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

609) اخرجه البيهقي في "معرفة السنن والآثار" 255/4 -عن عبد الله بن عباس رضی الله عنهما

610) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (110) -وابن ابی شيبة 133/2 -والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 335/1

611) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (112) -وابن ابی شيبة 343/2 فی الصلاة: باب فی اربع ركعات بعد الجمعة .

متن روایت: مَنْ صَلّٰی اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ بَعْدَ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ قَبْلَ اَنْ يَّخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاِنَّهُنَّ يَعْدِلْنَ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ مِنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

''جو شخص عشاء کی نماز کے بعد مسجد سے نکلنے سے پہلے چار رکعات ادا کر لے تو یہ شب قدر میں چار رکعات ادا کرنے کے برابر ہوگا''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(612)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -معن بن عبدالرحمٰن- قاسم بن عبدالرحمٰن -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: وَقِّرُوْا الصَّلَاةَ يَعْنِیْ السُّكُوْتَ فِيْهَا

''نماز کی توقیر کرو (راوی کہتے ہیں:) یعنی اس میں خاموشی اختیار کرو''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(613)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مِخْوَلِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ مُسْلِمِ الْبَطِيْنِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا :

امام ابوحنیفہ نے -مخول بن راشد- مسلم بطین -سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِی الْجُمُعَةِ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ وَالْمُنَافِقِيْنَ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کی نماز میں سورۂ جمعہ اور سورۂ منافقین کی تلاوت کیا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

امام حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوعباس بن عقدہ- یعقوب بن یوسف بن زیاد- ابوجنادہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(614)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ اَبِیْ اُمَيَّةَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے -عبدالکریم ابوامیہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

(612) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی" الآثار" (114)-وعبد الرزاق (3305) 2/265-وابن ابی شيبة 2/340-والطبرانی فی"الكبير" (9343)-والبيهقی فی" السنن الكبرىٰ" 2/280-وابن المبارك فی"الزهد" (1150) .

(613) اخرجه ابن ابی شيبة 2/142 فی الصلاة: باب ما يقرأ به فی صلاة الجمعة-ومسلم 2/599 (64)-وابو داؤد (1068)-والنسائی (1736) .

(614) قد تقدم فی (607) .

متنِ روایت: كَانَ يُرَخِّصُ لِلنِّسَاءِ فِي الْخُرُوْجِ فِي الْعِيْدَيْنِ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰى

''(نبی اکرم ﷺ) خواتین کو عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی نماز کے لیے نکلنے کی اجازت دیتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - عبدالصمد بن فضل (اور) اسماعیل بن بشر' ان دونوں نے - شداد بن حکیم - زفر بن ہذیل کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز بلخی - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حمزہ بن حبیب کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے' یہ امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - احمد بن حازم - عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا - انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح - عیسیٰ بن احمد - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت سہل بن بشر کندی - فتح بن عمرو (اور) محمد بن منذر - حسن بن حماد' ان دونوں نے - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

ان كانت البكران لتخرجان فى الثوب الواحد فى العيدين

عیدین کے موقع پر' دو کنواری لڑکیاں (اگر اُن کے پاس ایک ہی چادر ہو) تو وہ ایک ہی چادر (کے ذریعے پردہ کر کے) نکلیں گی''۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - احمد بن حازم - عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' اس کی مانند روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - حسین بن محمد - امام ابویوسف (اور) اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' اس کی مانند روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسی طرح - احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا -

انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے اس کی مانند روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن عبداللہ بن محمد بن مسروق سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا (محمد بن مسروق) کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے یہ امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا - انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

کانت الطامث لتخرج فتجلس فی عرض النساء وتدعو فی العیدین

حائضہ عورت بھی عید کے موقع پر نکلے گی اور وہ خواتین کے حصے میں موجود رہے گی (اگر چہ وہ نماز میں شریک نہیں ہوگی)۔

ابومحمد فرماتے ہیں: سیّدہ امّ عطیہ رضی اللہ عنہا نے اگر چہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ان روایات میں نہیں کیا لیکن ان کا یہ سارا بیان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے (زمانہ اقدس کے معمول) کے بارے میں ہی ہے یہ بات ان کی روایت سے ثابت ہے جو دیگر حوالوں سے سیّدہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی گئی ہیں ہم ان میں سے ایک روایت نقل کریں گے تاکہ آپ کو اس کا علم ہو جائے۔

عبدالصمد بن فضل اور اسماعیل بن بشر ان دونوں نے - شداد بن حکیم - ابوجعفر رازی - ہشام - حفصہ بنت سیرین کے حوالے سے نقل کیا ہے: سیّدہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

امرنا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان نخرج يوم النحر ويوم الفطر ذوات الخدور والحيض فاما الحيض فيعتزلن الصلاة ويشهدن الخير ودعوة المسلمين فقالت امراة يا رسول الله اذا كانت احدانا ليس لها جلباب قال لتلبسها اختها من جلبابها

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم (خواتین) کو یہ حکم دیا تھا کہ عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر کے موقعہ پر پردہ دار حیض والی خواتین کو بھی (عید گاہ) لے کر آئیں البتہ حیض والی خواتین نماز سے الگ رہیں گی تاہم وہ بھلائی اور مسلمانوں کی (اجتماعی) دعا میں شریک ہوں گی ایک خاتون نے عرض کی: یا رسول اللہ! اگر ہم میں سے کسی کے پاس (پردہ کرنے کے لیے) چادر نہ ہو؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی کوئی بہن اس کو اپنی چادر اوڑھنے کے لیے دیدے''

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن سعید - احمد بن حازم - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمن بن عمر بن محمد بن ابراہیم بن حبیش - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطالب بن یوسف - ابومحمد جوہری - ابوعباس محمد بن نصر بن احمد بن محمد بن مکرم شاہد - حسین بن حسن انطاکی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

615)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْهَيْثَمِ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ نَامَ وَقَامَ فَاِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ الْاَوَاخِرِ شَدَّ الْمِيْزَرَ وَاَحْيٰى اللَّيْلَ

امام ابوحنیفہ نے -ہیثم- ایک (نامعلوم) شخص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''جب رمضان کا مہینہ آتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (اس کی ابتدائی راتوں میں) کچھ دیر سوجاتے تھے اور کچھ دیر نوافل ادا کرتے تھے' لیکن جب (رمضان کا) آخری عشرہ آجاتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کمر ہمت باندھ لیتے تھے اور رات بھر عبادت کرتے رہتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -زکریا بن یحییٰ بن سیف بخاری- محمد بن فضل- مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

616)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ جَوَابِ التَّيْمِيِّ:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً سَاَلَ اَبَا مُوْسٰى اَنِّيْ خِفْتُ اَنْ اَكُوْنَ مُنَافِقًا قَالَ فَقَالَ هَلْ صَلَّيْتَ صَلَاةً وَحْدَكَ قَطُّ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَا صَلّٰى مُنَافِقٌ وَحْدَهٗ قَطُّ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: جواب تیمی بیان کرتے ہیں:

''ایک شخص نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے کہا: مجھے یہ خوف ہے کہ میں منافق ہو جاؤں گا' تو انہوں نے دریافت کیا: کیا تم نے کبھی اکیلے میں نماز ادا کی ہے؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوئی منافق کبھی اکیلے میں نماز ادا نہیں کرتا ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر اشنانی- قاسم بن محمد- ابوبلال اشعری- امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی اشنانی نے اس کو مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں اس کو نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' لیکن مفصل روایت کے طور پر نقل کیا ہے' (جس میں یہ الفاظ ہیں:)

فقال له ابوموسىٰ اما صليت قط حيث لا يراك احد الا الله قال بلى قال فان المنافق لا يصلى حيث لا يراه احد الا الله

615) اخرجه عبد الرزاق (7704)-والحميدى (187)-واسحاق بن راهويه (1440)-والبخارى (2024)-ومسلم (1174)-وابوداؤد (1376)-والنسائى فى "المجتبى" 3/217-وفى "الكبرىٰ" (1334) .

616) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (199) فى الصلاة: باب صلاة من خاف النفاق .

''تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے اس سے دریافت کیا: کیا تم نے کبھی ایسی صورتحال میں نماز ادا کی ہے؟ جہاں صرف اللہ تعالیٰ کے علاوہ تمہیں اور کوئی نہ دیکھ رہا ہو؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوئی منافق ایسی جگہ نماز ادا نہیں کر سکتا جہاں اس کو اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی نہ دیکھ رہا ہو''

(617)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِی صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِیءٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے- حارث بن عبدالرحمٰن - ابوصالح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متنِ روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّةَ وَضَعَ لَامَتَهٗ وَدَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهٗ عَلَیْهِ ثُمَّ دَعَا بِثَوْبٍ وَّاحِدٍ فَصَلّٰی فِیْهِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن اپنا جنگی لباس اتارا اور پانی منگوا کر اپنے اوپر انڈیلا (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کپڑا منگوایا اور اس کو اوڑھ کر نماز ادا کی''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - عبدالصمد بن فضل (اور) اسماعیل بن بشر ان دونوں نے - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق بن عثمان سمسار - جمعہ بن عبیداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے، تاہم انہوں نے اس کے آخر میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: متوشحاً ''توشیح کے طور پر اوڑھ کر''

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - احمد بن حسن بن سعید بن عثمان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن احمد بن عبدالملک - احمد بن داؤد دایلی - اسحاق ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے، تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

دعا بماء فاتی به فی جفنة فیها وضر العجین فاستتر بثوب فاغتسل ثم دعا بثوب فتوشح به ثم صلی رکعتین قال ابو حنیفة رضی اللہ عنه وهی الضحی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا تو وہ ایک ایسے برتن میں لایا گیا جس میں گندھے ہوئے خشک آٹے کا نشان موجود تھا، آپ نے کپڑے کے ذریعے پردہ کروا کر غسل کیا پھر آپ نے کپڑا منگوایا اور اس کو توشیح کے طور پر لپیٹ کر دو رکعات ادا کیں۔

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: یہ چاشت کی نماز تھی۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا - انہوں نے اپنے

(617) قد تقدم فی (605)

والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

فیھا اثر العجین وقال فی آخرہ صلی اربعاً او رکعتین

اس میں گندھے ہوئے آٹے کا نشان موجود تھا' اور اس روایت کے آخر میں یہ ہے: آپ ﷺ نے چار رکعات ادا کی تھیں۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق بن عثمان سمسار-محمد بن یزید-مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی بلخی (اور) عبداللہ بن عبید اللہ بن شریح' ان دونوں نے-عبداللہ ابن احمد-مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن ابومقاتل-احمد بن عبداللہ بن سوید-ابوعاصم نبیل کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-صالح بن احمد-احمد بن عبداللہ بن سوید-ابوعاصم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید-اسماعیل بن محمد بن ابوکثیر-مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوعبداللہ محمد بن مخلد-نصر بن احمد-ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-شریف ابوسعید حسن ابن حسین بن علی بن عباس-ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان-ابوحسن عبدالرحمٰن بن احمد بن سیماء مجبر-اسماعیل بن احمد تستری-مکی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ صاحب فرماتے ہیں: حارث بن عبدرحمٰن سے اس روایت کو نقل کرنے میں امام ابوحنیفہ منفرد ہیں۔

انہوں نے یہ روایت قاضی ابومسلم عبدالرحمٰن بن عمر سمنانی حنفی-ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان کے حوالے سے مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوطالب محمد بن علی بن فتح سے اذن کے طور پر-علی بن عمر حافظ-محمد بن مخلد بن حفص-ابولیث نصر بن احمد ابوسورہ مروزی-ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

611-سند روایت: امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان-ابراہیم نخعی-علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ

611- اخرجه الطبرانی فی "الکبیر" (10421)-وفی "الاوسط" 106/4 (3723)و (3724)-وفی "الصغیر" 316/1 (524)-عبدالرزاق (20210)،وابن ابی شیبة 294/1

| | |
|---|---|
| اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: | بیان کرتے ہیں: |
| متنِ روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ فِي الْاَمْرِ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ | ''نبی اکرم ﷺ ہمیں ہر معاملے میں استخارہ کرنے کی تعلیم اُسی طرح دیا کرتے تھے جس طرح آپ ﷺ ہمیں قرآن مجید کی کسی سورت کی تعلیم دیتے تھے''۔ |

•••—•••—•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی اور حارث بن اسد اسد آبادی ان دونوں نے - عمرو بن حمید قاضی سے نقل کی ہے انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز بغدادی - یحییٰ بن عثمان حربی سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابو مقاتل ہروی - قاسم بن نصر بن جبرئیل - مالک بن سلیمان حمصی ان سب نے - اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے امام ابو حنیفہ سے روایت کی ہے۔

صالح بن احمد کی نقل کردہ روایت کے الفاظ یہ ہیں:

قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا اراد احدكم امراً فليتوضا وليركع ركعتين ثم ليقل اللّٰهم انى استخيرك بعلمك واستقدرك بقدرتك واسالك من فضلك العظيم فانك تعلم ولا اعلم وتقدر ولا اقدر انك انت علام الغيوب اللّٰهم ان كان هذا الامر خيرا لى فى دينى وخيراً لى فى معيشتى وخيراً لى فى عاقبة امرى فيسره لى وبارك لى فيه

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص کوئی کام کرنے کا اردہ کرے تو وہ پہلے وضو کر کے دو رکعات ادا کرے پھر یہ پڑھے:

''اے اللہ! میں تیرے علم کے مطابق تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں اور تیری قدرت کی مدد سے تجھ سے طاقت مانگتا ہوں میں تجھ سے تیرے عظیم فضل کا سوال کرتا ہوں کیونکہ تو علم رکھتا ہے اور میں علم نہیں رکھتا ہوں تو قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا ہوں بیشک تو غیوب کا بہت زیادہ علم رکھنے والا ہے اے اللہ! اگر یہ کام میرے لیے میرے دین میں بہتر ہے میری زندگی میں بہتر ہے اور میرے معاملے کے انجام (یا آخرت) کے حوالے سے بہتر ہے تو اسے میرے لیے آسان کر دے اور میرے لیے اس میں برکت رکھ دے''۔

انہوں نے یہ روایت حارث بن اسد - عمرو بن حمید - محمد بن منذر - عمران بن بکار کلاعی حمصی - ربیع بن روح (اور) احمد بن محمد ہمدانی - اسماعیل بن فضل بلخی جو عبدالصمد کے بھائی ہیں - ابراہیم بن علاء بن ضحاک (اور) احمد بن محمد - یحییٰ بن اسماعیل - جعفر بن علی ان سب نے - اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

تاہم انہوں نے اس کے آخر میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

وان كان غيره خيراً لى فاقدر لى الخير حيث كان ثم رضنى به

''اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور صورت میرے حق میں بہتر ہے' تو بھلائی کو میرا نصیب کردے' خواہ وہ جہاں کہیں بھی ہو' اور مجھے اُس سے راضی کردے''

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن محمد - قاسم بن نصر بن جبریل - ابوانس مالک بن سلیمان حمصی - اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی - اسماعیل بن فضل بلخی - ابراہیم بن علاء بن ضحاک - اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوعبید - نصر بن محمد - عبدالوہاب بن ضحاک - اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - عبداللہ بن احمد بن حنبل - عمران بن بکار - ربیع بن روح - اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن فضل بلخی - ابراہیم بن علاء بن ضحاک - اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابن خسرو نے یہ روایت - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

678 - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِي الْهُذَيْلِ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ:

متن روایت: صَحِبْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ اِلٰى مَكَّةَ فَكَانَ يُصَلِّي التَّطَوُّعَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ فَاِذَا كَانَتْ فَرِيْضَةً اَوْ وِتْرًا نَزَلَ فَصَلَّاهُمَا

امام ابوحنیفہ نے - ابوہذیل حصین بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: مجاہد بیان کرتے ہیں:

''میں مکہ تک کے سفر میں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہا' وہ نفل نماز سواری پر ہی ادا کر لیتے تھے' خواہ اس کا رخ کسی بھی سمت میں ہو' لیکن جب انہوں نے فرض یا وتر ادا کرنے ہوتے' تو وہ سواری سے نیچے اتر کر انہیں ادا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی - احمد بن حسین ابن سعید بن عثمان نے اپنے والد کے حوالے سے - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

678- اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار"( 102)-وفي"الموطأ"83(205)-والطحاوي في" شرح معاني الآثار" 429-واحمد 4/2-ومسلم ( 700) (486- 487) في المسافرين:باب صلاة النافلة على الدابة-وعبد الرزاق ( 4518) - البيهقي(352)

انہوں نے یہ روایت ابوقاسم بن احمد بن عمر - ابوقاسم عبداللہ بن حسن - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوسعید مقری - قاضی ابوقاسم تنوخی - قاسم بن ثلاج - ابن عقدہ - احمد بن محمد بن یحییٰ - عبداللہ بن یحییٰ - محمد بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

**(620)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً سَاَلَهٗ عَنْ صَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ فَقَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فَقُلْتُ لَهٗ اَرِنِي الْمَكَانَ الَّذِي صَلّٰى فِيْهِ فَبَعَثَ مَعِيَ ابْنَهٗ فَقَالَ تَعَالِ ثُمَّ ذَهَبَ اِلَى تَحْتِ الْاُسْطُوَانَةِ بِحِيَالِ الْجِذْعَةِ

''ایک شخص نے اُن سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کے اندر چار رکعات ادا کی تھیں' (راوی کہتے ہیں:) میں نے ان سے کہا: آپ مجھے وہ جگہ دکھائیں' جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی تھی' تو انہوں نے میرے ساتھ اپنے صاحبزادے کو بھیجا' اس نے کہا: آؤ! تو وہ کھجور کے تنے کے مدمقابل موجود ستون کے نیچے آ گیا''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - منذر بن محمد - حسین بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت حماد بن ذی نون - ابراہیم بن سلیمان زیات - امام زفر رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(621)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ مُجَاهِدٍ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: مجاہد بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ صَحِبَ ابْنَ عُمَرَ مِنْ مَكَّةَ اِلَى اَنْ

''وہ مکہ سے مدینہ منورہ تک کے سفر میں' حضرت عبداللہ

(620) قد تقدم فی (583)

(621) قد تقدم فی (619)

دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَوَجْهُهٗ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ يُوْمِیُ اِيْمَاءً اِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ وَالْوِتْرُ فَاِنَّهٗ كَانَ يَنْزِلُ لَهُمَا فَسَاَلْتُ عَنْ صَلَاتِهٖ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَوَجْهُهٗ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ لِیْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ تَطَوُّعًا حَيْثُ كَانَ وَجْهُهٗ يُوْمِیُ اِيْمَاءً ا

عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہے تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سواری پر ہی (نفل) نماز اشارے کے ساتھ ادا کر لیتے تھے حالانکہ ان کا رُخ مدینہ منورہ کی طرف ہوتا تھا البتہ فرض اور وتر کا معاملہ مختلف تھا کیونکہ انہیں ادا کرنے کے لیے وہ سواری سے نیچے اترتے تھے میں نے اُن سے مدینہ منورہ کی طرف رخ کر کے سواری پر نوافل ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے مجھے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر ہی اشارے کے ساتھ نوافل ادا کر لیتے تھے خواہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رُخ کسی بھی سمت میں ہو"۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا - انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

622 - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ اَبِی الْاَغَرِّ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - علی بن اقمر - ابواغر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: مَنِ اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ وَاَيْقَظَ اَهْلَهٗ فَصَلّٰى كَتَبَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنَ الذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَالذَّاكِرَاتِ

"جو شخص رات کے وقت بیدار ہو اور اپنی بیوی کو بھی بیدار کرے اور (نفل) نماز ادا کرے تو اللہ تعالیٰ اُن (میاں بیوی) کا نام اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کرنے والے مردوں اور خواتین میں نوٹ فرما لیتا ہے"

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن محمد بن سعید - احمد بن حسن بن عبدالملک - معاذ بن موسیٰ - عافیہ بن یمن قیس اودی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

623 - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ:

امام ابوحنیفہ نے - (امام باقر) ابوجعفر محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہم کا یہ بیان نقل کیا ہے:

622- اخرجه ابن حبان (2568)-وابو داؤد (1309) فی الصلاة: باب قيام الليل-و (1451) باب الحث على قيام الليل- والنسائی فی "الكبرى" كما فی "التحفة" 331/3-والبيهقی فی "السنن الكبرى" 501/2-والحاكم فی "المستدرك" 316/1

متنِ روایت: اَنَّ صَلَاةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَتْ ثَلَاثَ عَشَرَةَ رَكْعَةً مِنْهُنَّ رَكْعَاتُ الْوِتْرِ وَرَكْعَتَا الْفَجْرِ

''نبی اکرم ﷺ کی رات کی نماز تیرہ رکعات پر مشتمل ہوتی تھی جن میں وتر کی رکعات اور فجر کی دو سنتیں بھی شامل ہوتی تھیں''۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - احمد بن محمد بن یحییٰ طلحی - ابو یحییٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسن بن علی - ابو یحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے یہ ابو جعفر (امام باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے انہوں نے اس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کیا ہے۔

ابو محمد کہتے ہیں: مقری اسحاق بن یوسف محمد بن حسن اور دیگر حضرات نے امام ابوحنیفہ سے جو روایت نقل کی ہے وہ بھی اسی مانند ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - احمد بن محمد بن یحییٰ طلحی (اور) حسین بن علی بن عفان ان دونوں نے - ابو یحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابو عبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسن علی بن حسین بن ایوب - قاضی ابوالعلاء محمد بن علی بن احمد - احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی - ابوعلی بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابو منصور بن سواق - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے

(**624**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حُصَيْنٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حصین کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متنِ روایت: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُصَلِّي التَّطَوُّعَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ اِيْمَاءً اَيْنَمَا تَوَجَّهَتْ بِهٖ فَاِذَا كَانَتِ الْفَرِيْضَةُ اَوِ الْوِتْرُ نَزَلَ فَصَلّٰى

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اپنی سواری پر ہی اشارے کے ساتھ نوافل ادا کر لیتے تھے خواہ اس کا رُخ کسی بھی سمت ہو لیکن جب انہوں نے فرض یا وتر ادا کرنے ہوتے تو وہ (سواری سے) نیچے اتر کر انہیں ادا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

(623) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في " الآثار" (101) - والبخاري (1089) في التهجد: باب كيف كانت صلاة النبي صلى الله عليه وسلم - ومسلم (737) في صلاة المسافرين - وابوداؤد (1338) - واحمد 189/6 - وابن ابي شيبة 281/1 - والبيهقي في "السنن الكبرى" 6/3 عن عائشة

(624) قد تقدم في (619)

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن رحمه الله تعالى فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

625- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبَانٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے- ابان کا یہ بیان نقل کیا ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: مَنْ تَوَضَّاَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَبِهَا وَنِعْمَتْ وَمَنْ اغْتَسَلَ فَالْغُسْلُ اَفْضَلُ

''جو شخص جمعہ کے دن (صرف) وضو کر لے تو یہ بھی کافی ہے اور اچھا ہے لیکن جو شخص غسل کرے تو غسل زیادہ فضیلت رکھتا ہے''۔

•••——•••——•••

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

626- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے- یحییٰ بن سعید انصاری- عمرہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: كَانُوْا يَرُوْحُوْنَ اِلَى الْجُمُعَةِ وَقَدْ عَرِقُوْا وَتَلَطَّخُوْا بِالطِّيْنِ فَقِيْلَ لَهُمْ مَنْ رَاحَ اِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ

''پہلے لوگ جمعہ کے لیے آتے تھے تو پسینہ میں (نہائے ہوئے) اور گرد و غبار میں اَٹے ہوئے ہوتے تھے تو ان سے یہ کہا گیا: جو شخص جمعہ (کی نماز) کے لیے آئے اسے غسل کر لینا چاہیے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن قدامہ زاہد بلخی- لیث بن مساور- اسحاق بن سلیمان رازی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن سعید کوفی سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حمزہ بن حبیب زیات کی تحریر میں یہ روایت دیکھی یہ امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن سعید بن مرداس ترمذی- محمد بن سماعہ- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے

625- قد تقدم فى (414)

626- اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام " (139)- والطحاوى فى " شرح معانى الآثار " 117/1- وابن حبان (1236)- وابو داؤد (352) فى الطهارة: باب الرخصة فى ترك الغسل يوم الجمعة- والشافعى فى "المسند" 155/1 - وعبد الرزاق (5315).

روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق سمسار - جمعہ بن عبد اللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت سہل بن بشر کندی - فتح بن عمرو - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - ابراہیم بن موسیٰ - عباس بن ابراہیم - حماد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن احمد - محمد بن عبد اللہ بن عبد الرحمٰن سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے' یہ امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسن بن حماد بن حکیم - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - خلف بن یاسین کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حفص بن محمد بن موسیٰ - ابوفروہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - سابق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسین بن عمر بن ابراہیم نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حسین بن علی کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے - یحییٰ بن حسن - زیاد بن حسن - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے' اس کو روایت کیا ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبد اللہ بن محمد بن علی - عیسیٰ بن احمد - مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد قیراطی - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم اس میں حمانی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

كان الناس عمار ارضهم وكانوا يروحون يخالطهم العرق والتراب فقال لهم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا حضرتم الجمعة ......الى آخره

"پہلے لوگ خود کھیتی باڑی کیا کرتے تھے' وہ جب (نماز جمعہ کی ادائیگی کے لیے) آتے تھے تو پسینے اور مٹی میں لتھڑے ہوئے

تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ فرمایا تھا: جب تم جمعہ کے لیے آؤ'' ......(اس کے بعد آخر تک حدیث ہے۔)

ان کے الفاظ ایک دوسرے کے قریب' قریب ہیں۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد فارسی - ابوحسین بن مظفر حافظ - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابن مظفر تک اسی سند کے ساتھ - ابوعلی محمد بن سعید حرانی - ابوفروہ یزید بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - سابق حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابن مظفر تک اسی سند کے ساتھ - محمد بن نصر بن طالب - ابوحسن احمد بن محیا - عبداللہ بن محمد بن رستم - ابوہاشم محمد بن حفص کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - ابراہیم بن موسیٰ رازی - عیسیٰ بن ابراہیم - حماد بن عمر نصیبینی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - قاضی ابویعلیٰ محمد بن حسین فراء - ابونصر احمد بن حسن بن محمد بن علی بن شاہ ... - ابونصر حیری - ابوطالب علی بن محمد بن زید حرانی - ابوفروہ یزید بن محمد بن سنان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ... کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

... - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِیْعِیِّ عَنْ الْبَرَاءِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابواسحاق سبیعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُخْفِیْ بِبِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (نماز میں تلاوت سے پہلے) پست آواز میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے''

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - عبداللہ بن غنام - حفص بن غیاث (اور) عاصم بن یوسف - قاسم بن معن' ان ... کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

... - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِیْعِیِّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابواسحاق سبیعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: عاصم بن ضمرہ بیان کرتے ہیں:

---

... قد تقدم فی (544) .

... اخرجه احمد 86/1 - وابن ابی شيبة 296/2 - والنسائی فی "الكبریٰ" (1385) - وابو يعلی (618) - والبزار (684) - ... فی "السنن الكبریٰ" 467/2 - والطيالسی (88)

متن روایت: سَأَلْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ الْوِتْرِ اَحَقٌّ هُوَ فَقَالَ اَمَّا كَحَقِّ الصَّلَاةِ فَلَا وَلٰكِنَّهُ سُنَّةٌ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ اَنْ يَّتْرُكَهُ

''میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا: کیا وتر لازم ہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا: جہاں تک (فرض) نماز کی طرح لازم ہونے کا تعلق ہے تو وہ تو نہیں ہیں، لیکن یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہیں، کسی بھی شخص کے لیے انہیں ترک کرنا مناسب نہیں ہے''۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - حفص بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**629**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حکم - مجاہد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ بَعْدَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کے بعد دو رکعات (سنتیں) ادا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید بن جعفر - حفص - یعقوب بن یوسف - محمد بن بشر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**630**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے - ابراہیم سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ لَا يَرَى التَّكْبِيْرَ عَلٰى اَحَدٍ اِلَّا عَلٰى مَنْ صَلّٰى فِيْ جَمَاعَةٍ فِيْ اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ

''ابراہیم نخعی یہ سمجھتے تھے کہ ایام تشریق میں تکبیر پڑھنا اس شخص پر لازم ہے، جس نے باجماعت نماز ادا کی ہو''۔

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت - ابوطالب سمسار - ابوحسن محمد بن جعفر بن محمد تمیمی - ابوحسن عبد...

(629) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (181)

☆☆قلت: وقد اخرج ابن حبان (245) - وعبد الرزاق (4811) - واحمد 6/2 - والبخاري (1180) في التهجد: باب الركعتين قبل الظهر - وابو داؤد (1252) في الصلاة: باب الصلاة بعد الظهر

عن ابن عمر قال: صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم وكان يصلي ركعتين قبل الظهر وركعتين بعدها وركعتين بعد المغرب وركعتين بعد العشاء الآخرة

(630) اخرجه ابن ابي شيبة 186/2 في الصلاة: باب في الرجل يصلي وحده يكبر ام لا؟

ثابت غزنوی - ابوسعید اشج - حفص بن غیاث کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

631 - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: مَنْ صَلَّى اَرْبَعًا بَعْدَ الْعِشَاءِ لَا يَفْصِلُ بَيْنَهُنَّ بِسَلَامٍ يَقْرَأُ فِيْ رَكْعَةٍ وَّاحِدَةٍ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَتَنْزِيْلُ السَّجْدَةُ وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَحٰم الدُّخَانُ وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّالِثَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَيٰس وَفِي الرَّكْعَةِ الرَّابِعَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَتَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ كُتِبَ لَهٗ كَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ وَشَفَعَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِهٖ مِمَّنْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ وَاُجِيْرَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

امام ابوحنیفہ نے - محارب بن دثار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص عشاء کے بعد چار رکعات ادا کرے اور ان کے درمیان میں سلام پھیر کر فصل نہ کرے ایک رکعت (یعنی پہلی رکعت) میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ تنزیل السجدہ پڑھے دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور حم الدخان پڑھے تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ یٰس پڑھے اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورۂ ملک پڑھے تو اس شخص کے لیے شب قدر میں نوافل ادا کرنے کا اجر و ثواب نوٹ کیا جاتا ہے اور وہ اپنے اہل خانہ میں سے ان افراد کی شفاعت کرے گا جن کے لیے جہنم واجب ہو چکی ہوگی اور اس شخص کو قبر کے عذاب سے بچا لیا جائے گا''۔

••• ——— ••• ——— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - علی بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخی - عیسیٰ بن نصر - خارجہ بن مصعب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(ابومحمد) بخاری کہتے ہیں: ایک جماعت نے یہ روایت امام ابوحنیفہ کے حوالے سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ پر موقوف روایت کے طور پر نقل کیا ہے انہوں نے اس کو مرفوع ہونے کے طور پر روایت نہیں کیا ہے ان حضرات میں حسن بن فرات (اور) ابویوسف (اور) اسد بن عمرو (اور) سعید بن ابوجہم (اور) ایوب بن ہانی (اور) حسن بن زیاد (اور) صلت ابن حجاج (اور) عبدالحمید حمانی (اور) اسحاق بن یوسف (اور) عبداللہ بن زبیر (اور) محمد بن حسن اور دیگر حضرات رحمہم اللہ تعالیٰ شامل ہیں۔

تو امام ابویوسف کہتے ہیں: جیسا کہ اسماعیل بن حماد نے امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت نقل کیے: وہ کہتے ہیں: مجھ تک یہ روایت پہنچی ہے: محارب بن دثار نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے ان حات کی نقل کردہ روایت زیادہ مختصر ہے۔ ابومحمد بخاری کہتے ہیں: عبدالعزیز بن خالد ابوعصمہ ابراہیم بن جراح نے امام ابوحنیفہ سے روایت نقل کی ہے۔

631: اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (180) .

قلت: وقد اخرجه الطبراني في "الكبير" (12240) عن ابن عباس يرفعه الى رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال:

من صلى اربع ركعات خلف العشاء الآخرة قرأ في الركعتين الاوليين (قل يا ايها الكافرون) و (قل هو الله احد) وقرأ في الركعتين الاخريين (تنزيل السجدة) و (تبارك الذي بيده الملك) كتبن له كاربع ركعات في ليلة القدر"

ایوب بن عائذ - محارب بن دثار سے نقل کرتے ہیں اس کے بعد خارجہ کی نقل کردہ روایت کی مانند طویل روایت ہے۔

ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: صالح بن ابورمیح نے مجھے لکھ کر بھیجا: محمد بن خلف بن ایوب اور محمد بن عبدالوہاب نے ہمیں حدیث بیان کی: جعفر بن عون - امام ابوحنیفہ سے روایت کرتے ہیں: محارب بن دثار نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

من صلی بعد العشاء اربع ركعات قبل ان يخرج من المسجد عدلن بمثلهن من ليلة القدر

''جو شخص عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد مسجد سے نکلنے سے پہلے چار رکعات ادا کرلے گا تو یہ اس کے لیے شب قدر میں اتنی ہی رکعات ادا کرنے کے برابر شمار ہوں گی''۔

ابومحمد بخاری کہتے ہیں: صالح بن ابورمیح نے مجھے لکھ کر بھیجا: ابوبکر بن داؤد سمنانی نے یہ روایت - عبدالعزیز بن یحییٰ ابواصبغ - محمد بن سلمہ بن حرانی - امام ابوحنیفہ کے حوالے سے - محارب بن دثار سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - حسن بن علی بن عفان - حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: امام ابویوسف اسد بن عمر صلت بن حجاج نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن حبیش - محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے مختصر طور پر روایت کی ہے: آپ نے ارشاد فرمایا ہے:

من صلى اربع ركعات بعد العشاء الآخرة قبل ان يخرج من المسجد عدلن بمثلهن من ليلة القدر

''جو شخص عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد مسجد سے نکلنے سے پہلے چار رکعات ادا کرلے گا تو یہ اس کے لیے شب قدر میں اتنی ہی رکعات ادا کرنے کے برابر شمار ہوں گی''۔

قاضی اشنانی نے اس کو امام ابوحنیفہ تک اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

# اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِیْ هَیْئَتِهَا وَالشَّكِّ فِیْهَا وَشَرَائِطِ وُجُوْبِهَا

## پانچویں فصل: نماز کا طریقہ اس میں شک ہو جانا اور اس کے وجوب کی شرائط

(632)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متن روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلّٰی قَائِمًا وَقَاعِدًا وَمُحْتَبِیًا

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر بیٹھ کر احتباء کے طور پر بیٹھ کر (ہر صورت میں) نماز ادا کر لیتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخسی - عبداللہ بن عبدالرحمٰن - ابواحمد خلف بن خلیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعلی حسین بن قاسم بن جعفر کاتب - محمد بن موسیٰ دولابی - عباد بن صہیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے - عطاء بن ابورباح - حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

صلی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قائماً وقاعداً وحافیاً ومنتعلاً وانصرف عن یمینہ وشمالہ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر بیٹھ کر ننگے پاؤں جوتا پہن کر (ہر صورت میں) نماز ادا کر لیتے تھے (اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد) دائیں یا بائیں (دونوں طرف سے) اٹھ جایا کرتے تھے''۔

ابن مظفر کہتے ہیں: انہوں نے اس کو اسی طرح روایت کیا ہے یعنی ابن صہیب نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اسی طرح نقل کیا ہے جبکہ حسن بن زیاد نے اس کو عطاء کے حوالے سے مرسل روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ ابن مظفر کے حوالے سے اسی سند کے ساتھ نقل کیا ہے جو ابھی بیان کی گئی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(633)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ:

متن روایت: اِنَّهٗ لَا بَاْسَ بِالسُّجُوْدِ عَلَی الْعَمَامَةِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''عمامہ پر سجدہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے''۔

(632) اخرجه الطبرانی فی" الکبیر" (11334)-واورده الهیثمی فی"مجمع الزوائد" 50/2

(633) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی" الآثار" (76) فی الصلاة:باب افتتاح الصلاة ورفع الایدی والسجود علی العمامة-وعبد الرزاق (1568) فی الصلاة:باب السجود علی العمامة-وابن ابی شیبة 268/1 فی الصلاة:باب من کره السجود علی کور العمامة

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن رحمه الله تعالى في الآثار فرواه عن ابي حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابي حنيفة رضي الله عنه

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**634**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَوْهَبٍ:

امام ابوحنیفہ- عثمان بن عبداللہ بن موہب کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ صَلّٰى خَلْفَ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ فَكَانَ يُكَبِّرُ كُلَّمَا سَجَدَ وَكُلَّمَا رَكَعَ

''انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کی تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہر مرتبہ سجدے اور رکوع میں جاتے ہوئے تکبیر کہی''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد في الآثار فرواه عن ابي حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابي حنيفة رضي الله عنه

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**635**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءٍ:

امام ابوحنیفہ- عطاء کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: وَقَدْ سَاَلَهُ عَنْ شَاْنِ الْاِمَامِ اِذَا قَالَ سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ اَيَقُوْلُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ قَالَ مَا عَلَيْهِ اَنْ يَّقُوْلَ ذٰلِكَ

ثُمَّ رَوٰى عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ قَالَ رَجُلٌ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ذَا الْمُتَكَلِّمُ قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

''امام ابوحنیفہ نے ان سے امام کی حالت کے بارے میں سوال کیا: کہ کیا وہ جب ''سمع اللہ لمن حمدہ'' پڑھے گا تو کیا وہ اس کے بعد ''ربنا ولک الحمد'' بھی پڑھے گا؟ تو عطا نے فرمایا: اگر وہ یہ کلمات پڑھ لیتا ہے تو اس پر کوئی حرج نہیں ہوگا۔

پھر انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی: وہ بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں نماز پڑھا رہے تھے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع سے سر مبارک اٹھایا تو ایک شخص نے یہ

(634) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (75)-وفي "الموطأ" (103)-ومسلم (392) 293/1-وعبد الرزاق (2492) في الصلاة: باب التكبير-والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 221/1-والبيهقي في "السنن الكبرى" 67/1

(635) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (107)-والطبراني في "الكبير" (13600)-وعبد الرزاق (2918)- والهيثمي في مجمع الزوائد " 123/2-والزبيدي في "عقود الجواهر" 110/1

قَالَ رَجُلٌ اَنَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ فَقَالَ وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ لَقَدْ رَاَيْتُ بِضْعَةَ عَشَرَ مَلَكًا يَبْتَدِرُوْنَ اَيُّهُمْ يَكْتُبُهَا لَكَ

کلمات پڑھے:

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا

''اے ہمارے پروردگار! ہر طرح کی حمد تیرے ہی لیے مخصوص ہے' جو زیادہ ہو' پاکیزہ ہو' برکت والی ہو''

جب نبی اکرم ﷺ نے نماز مکمل کی تو آپ ﷺ نے دریافت کیا: یہ کلمات پڑھنے والا شخص کون ہے؟ (کسی نے جواب نہیں دیا) یہ بات آپ ﷺ نے تین مرتبہ دریافت کی' تو ایک صاحب نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! وہ میں تھا' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اس ذات کی قسم! جس نے مجھے حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے' میں نے دس سے زیادہ فرشتوں کو جلدی کرتے ہوئے دیکھا' کہ اُن میں کون انہیں تمہارے لیے نوٹ کرتا ہے؟''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے -علی بن حسین بن عبدہ بخاری -عبدالوہاب بن فلیح مکی کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: ابوبقی یسع بن طلحہ بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ کو دیکھا کہ انہوں نے عطاء سے امام کے (رکوع سے) سر اٹھانے کے بارے میں دریافت کیا: اس کے بعد راوی نے پوری روایت نقل کی ہے۔

(636)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ طَاؤُسٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ اَوْ غَيْرِهِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: اَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ اَنْ يَسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ

امام ابوحنیفہ نے -طاؤس کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' یا شاید کوئی اور صحابی بیان کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کی طرف یہ وحی کی تھی کہ وہ سات ہڈیوں پر سجدہ کریں''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن صالح طبری -حسن بن ابوزید -اسماعیل بن یحییٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(636) اخرجه الطحاوی فی" شرح معانی الآثار" 256/1-وابن حبان ( 1923)-والطبرانی فی" الكبير" ( 10862)- واحمد 255/1-والبخاری (810) فی الاذان: باب السجود علی سبعة اعظم-ومسلم ( 490) فی الصلاة: باب اعضاء السجود-وابوداؤد (890) فی الصلاة: باب اعضاء السجود-والبیهقی فی" السنن الكبرىٰ" 108/2

(637)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّهُ سَاَلَهُ عَنِ الرَّجُلِ الْمَرِيْضِ يُغْمٰى عَلَيْهِ فَيَدَعُ الصَّلَاةَ فَقَالَ اِذَا كَانَ الْيَوْمَ الْوَاحِدِ فَاِنِّيْ اُحِبُّ اَنْ يَّقْضِيَهُ فَاِنْ كَانَ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُوَ فِيْ عُذْرٍ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے ابراہیم نخعی کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

''حماد نے ان سے ایسے بیمار شخص کے بارے میں دریافت کیا' جس پر بیہوشی طاری ہو جاتی ہے' تو کیا وہ نماز کو ترک کردے گا' (یا اس کی بعد میں قضا کرے گا؟) تو ابراہیم نخعی نے جواب دیا: اگر تو وہ بیہوشی صرف ایک دن کے لیے تھی' تو میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ یہ ہے کہ وہ شخص ان نمازوں کی قضا کر لے' لیکن اگر وہ اس سے زیادہ تھی' تو پھر وہ شخص ان شاء اللہ معذور شمار ہوگا''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة قال محمد اذا اغمى عليه يوماً وليلة قضى وان كان اكثر من ذلك فلا قضاء عليه وهو قول ابی حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: اگر اس پر ایک دن اور ایک رات تک بیہوشی طاری رہی ہو تو وہ (اس دوران رہ جانے والی نمازوں کی) قضا کرے گا' لیکن اگر اس سے زیادہ عرصہ بیہوشی رہی ہو تو اس پر قضا لازم نہیں ہوگی' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(638)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متن روایت: فِيْ الْمُغْمٰى عَلَيْهِ يَوْمًا وَلَيْلَةً قَالَ يَقْضِيْ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

''ایک دن اور ایک رات تک بیہوش رہنے والے شخص کے بارے میں' وہ یہ فرماتے ہیں: وہ (درمیان میں رہ جانے والی نمازوں کی) قضا کرے گا''۔

•••——•••——•••

قال محمد وبه ناخذ (اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة رضى الله عنه

(637) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی'' الآثار''(171) فی الصلاة: باب صلاة المغمى عليه- وابن ابی شيبة 269/2 فی الصلاة: باب مايعيد المغمى عليه من الصلاة

(638) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی'' الآثار''(172) فی الصلاة: باب صلاة المغمى عليه- وعبد الرزاق (4152) فی الصلاة: باب صلاة المريض على الدابة وصلاة المغمى عليه -وابن ابی شيبة 269/2 فی الصلاة: باب مايعيد المغمى عليه من الصلاة

امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

639)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: اُمِرْتُ اَنْ اَسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ وَاَنْ لَا اَكُفَّ شَعْرًا وَلَا ثَوْبًا

امام ابوحنیفہ نے - عکرمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں سات اعضاء پر سجدہ کروں' اور میں بالوں یا کپڑے کو نہ سمیٹوں''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد قیراطی - حسن بن سلام - سعید بن محمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

640)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متنِ روایت: فِي الرَّجُلِ يَشُكُّ فِي السَّجْدَةِ وَالتَّشَهُّدِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ مِنْ صَلَاتِهٖ مَا لَمْ تَكُنْ رَكْعَةً تَامَّةً يَقْضِيْ مَا شَكَّ فِيْهِ مِنْ ذٰلِكَ وَيَقْضِيْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ لِذٰلِكَ اَيْضًا فَاِنَّهُمَا يُصْلِحَانِ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى مَا كَانَ قَبْلَهُمَا مِنَ النِّسْيَانِ وَكَانَ يُقَالُ اَنَّهُمَا الْمُرْغِمَتَانِ لِلشَّيْطَانِ وَ اَنَّهٗ قَالَ لَاَنْ اَسْجُدَ لِذٰلِكَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ فِيْمَا لَمْ يَحُقَّ عَلَيَّ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَدَعَهُمَا

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جس شخص کو اپنی نماز میں سجدہ' یا تشہد' یا اُس جیسی کسی اور چیز کے بارے میں شک ہو جائے' جبکہ ایک رکعت مکمل نہ ہو' تو اس کو جس چیز کے بارے میں شک ہوا تھا' وہ اس کو ادا کرے گا اور دو مرتبہ سجدہ سہو بھی کرے گا' تو اِن سے پہلے جو بھی نسیان ہوا تھا' یہ دونوں اللہ تعالیٰ کے اِذن سے اس (کمی) کو ٹھیک کر دیں گے' ان دونوں کو ''شیطان کو رسوا کرنے والی دو چیزوں'' کا نام بھی دیا گیا ہے۔

وہ (یعنی ابراہیم نخعی) فرماتے ہیں: جب مجھ پر سجدہ سہو لازم نہ ہو رہا ہو' ایسی صورت میں' میں سجدہ سہو کر لوں' یہ مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میں اس کو ترک کر دوں''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن ابي حنيفة قال محمد وبه ناخذ وان كان

639- قد تقدم في (636)

640- اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في ''الآثار'' (173) في الصلاة: في صلاة المغمى عليه - وعبد الرزاق (3532) في

يبتلى بذلك كثيراً مضى على اكبر رايه وسجد سجدتى السهو

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' اگر وہ اکثر اس صورت حال میں مبتلا ہو جاتا ہو' تو وہ اپنے غالب گمان کے مطابق نماز جاری رکھ کر (آخر میں) سجدہ سہو کر لے گا۔

(**641**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِيْمَنْ نَسِيَ فَرِيْضَةً فَلا يَدْرِيْ اَرْبَعًا صَلّٰى اَمْ ثَلَاثًا قَالَ اِذَا كَانَ اَوَّلَ نِسْيَانِهِ اَعَادَ الصَّلَاةَ وَاِنْ كَانَ يُكْثِرُ النِّسْيَانَ تَحَرّٰى لِلصَّوَابِ فَاِنْ كَانَ اَكْبَرُ ظَنِّهِ اَنَّهُ اَتَمَّ الصَّلَاةَ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَاِنْ كَانَ اَكْبَرُ ظَنِّهِ اَنَّهُ صَلّٰى ثَلَاثًا اَضَافَ اِلَيْهَا رَابِعَةً ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جو شخص فرض نماز میں بھول جائے' اور اس کو پتہ نہ چلے کہ اس نے تین رکعات ادا کی ہیں' یا چار ادا کی ہیں' تو ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: اگر تو اس کو پہلی مرتبہ نسیان لاحق ہوا ہے' تو وہ نماز کو دہرائے گا' لیکن اگر اُس کو اکثر نسیان کا سامنا کرنا پڑتا ہو' تو وہ درست صورت کے بارے میں تحری کرے گا' اگر اس کا غالب گمان یہ ہو کہ اس کی نماز مکمل ہو چکی ہے' تو وہ سجدہ سہو کرے گا' اور اگر اس کا غالب گمان یہ ہو کہ اس نے تین رکعات ادا کی ہیں' تو وہ ان کے ساتھ چوتھی رکعت ملالے گا اور پھر سجدہ سہو کرلے گا''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثارفرواه عن ابى حنيفةثم قال محمد وبه ناخذ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

(**642**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَضْرِبُ الرَّجُلَ اِذَا رَآهُ يُتَابِعُ بَيْنَ السُّجُوْدِ فِيْ غَيْرِ سَهْوٍ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جب کسی کو سہو (لاحق ہونے) کے بغیر' مسلسل سجدہ سہو کرتے ہوئے دیکھتے تھے' تو اس کی پٹائی کیا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

(641) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار"(174) في الصلاة:باب صلاة المغمى عليه –وعبدالرزاق (3474) في الصلاة:باب السهو في الصلاة–وابن ابي شيبة 26/2 في الصلاة:في الرجل يصلي فلا يدري زاد او نقص

(642) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار"(175) في الصلاة:باب السهو في الصلاة

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد لا ینبغی ان یسجد للرکعة اکثر من سجدتین الا ان یسهو فلا یدری اسجد واحدة ام ثنتین فیمضی علی اکبر رایه وهذا کله قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: یہ مناسب نہیں ہے کہ آدمی ایک رکعت کے لیے دو سے زیادہ سجدے کرے' البتہ اگر اس کو سہو لاحق ہو جائے' اور اس کو یہ پتہ نہ چلے کہ اس نے ایک سجدہ کیا ہے؟ یا دو سجدے کیے ہیں' تو پھر وہ اپنے غالب گمان کے مطابق عمل کرے گا' (خواہ درحقیقت ایک رکعت کے لیے تین سجدے ہو جائیں) ان تمام صورتوں میں امام ابوحنیفہ کا قول بھی یہی ہے۔

643- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلْمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متنِ روایت: اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلَاتِهٖ فَلَمْ يَدْرِ ثَلَاثًا صَلّٰى اَمْ اَرْبَعًا فَلْيَتَحَرَّ فَلْيَنْظُرْ اَفْضَلَ ظَنِّهٖ فَاِنْ كَانَ اَكْثَرُ ظَنِّهٖ اَنَّهَا ثَلَاثًا قَامَ فَاَضَافَ اِلَيْهَا رَابِعَةً ثُمَّ تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَاِنْ كَانَ اَفْضَلَ ظَنِّهٖ اَنَّهٗ صَلّٰى اَرْبَعًا تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - شقیق بن سلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''جب کسی شخص کو اپنی نماز میں شک ہو جائے' اور اسے یہ پتہ نہ چلے کہ اس نے تین رکعات ادا کی ہیں' یا چار رکعات ادا کی ہیں' تو اسے تحری کرنی چاہیے' اور اس بات کا جائزہ لینا چاہیے کہ اس کا غالب گمان کیا ہے' اگر اس کا غالب گمان یہ ہو کہ اس نے تین رکعات ادا کی ہیں' تو وہ کھڑا ہو کر ان کے ساتھ چوتھی رکعت شامل کر لے' پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیرے' اور سجدہ سہو کر لے' اگر اس کا غالب گمان یہ ہو کہ اس نے چار رکعات ادا کر لی ہوئی ہیں' تو وہ تشہد پڑھ کر سلام پھیرے' اور پھر سجدہ سہو کر لے۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ الا انا نستحب له اذا کان ذلك اول ما اصابه انه یعید الصلاة وهو قول ابی حنیفة ثم قال محمد (حدثنا) مالك بن مغول (عن) عطاء بن ابی رباح انه قال یعید مرة قال محمد وبهذا ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن علیہ الرحمۃ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' البتہ ہم اس کے لیے یہ بات مستحب سمجھتے ہیں کہ اگر اس کو پہلی مرتبہ یہ صورتحال

643- اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (176) فی الصلاة: باب السهو فی الصلاة - وعبدالرزاق (3468) فی الصلاة: باب السهو فی الصلاة - وابن ابی شیبة 26/2 فی الصلاة: باب فی الرجل یصلی فلا یدری زاد او نقص

پیش آئی ہو تو وہ نماز کو دہرائے امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

پھر امام محمد فرماتے ہیں: مالک بن مخول نے - عطاء بن ابورباح کا یہ قول نقل کیا ہے: پہلی مرتبہ (اس صورتحال کا سامنا کرنے پر) وہ شخص نماز کو دہرالے گا۔

امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**644**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: اِذَا سَهَا الْاِمَامُ فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ فَاسْجُدْ مَعَهُ وَاِنْ لَمْ يَسْجُدْهُمَا فَلَيْسَ عَلَيْكَ اَنْ تَسْجُدَ.

"جب امام کو سہو لاحق ہو اور وہ سجدہ سہو کرے تو تم بھی اس کے ساتھ سجدہ سہو کرو اگر وہ سجدہ سہو نہیں کرتا تو (اس کے سہو کی وجہ سے) تم پر سجدہ سہو کرنا لازم نہیں ہوگا"۔

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**645**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّهُ قَالَ فِيْ رَجُلٍ سَجَدَ ثَلَاثَ سَجَدَاتٍ نَاسِيًا فَعَلَيْهِ سَجْدَتَا السَّهْوِ

"جو شخص بھول کر (دو کی بجائے) تین سجدے کرلے اس پر بھی سجدہ سہو لازم ہوگا"۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**646**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: اِذَا تُخَالِجُكَ اَمْرَانِ فَظُنَّ اَنَّ اَقْرَبَهُمَا اِلَى الْحَقِّ اَوْسَعُهُمَا

"جب دو صورتیں تمہارے لیے خلجان پیدا کررہی ہوں تو تم یہ سوچو کہ ان دونوں میں سے حق کے زیادہ قریب وہ صورت ہوگی جو زیادہ گنجائش والی ہو"۔

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**647**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ

---

(644) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار" (179) في الصلاة: باب السهو في الصلاة- وعبدالرزاق 316/2 في الصلاة: باب هل على من خلف الامام سهو؟ وابن ابي شيبة 39/2 في الصلاة: باب الامام يسهو فلا يسجد ما يصنع القوم؟

(645) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار" (180) في الصلاة: باب السهو في الصلاة- وابن ابي شيبة 39/2 في الصلاة: باب الامام يسهو فلا يسجدما يصنع القوم؟ وعبد الرزاق 316/2 في الصلاة: باب هل على من خلف الامام سهو؟

(646) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار" (178) في الصلاة: باب السهو في الصلاة

...قَالَ : روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

...روایت: اِذَا انْصَرَفْتَ مِنْ صَلَاتِكَ فَعَرَضَ لَكَ ...فِيْ وُضُوْءٍ اَوْ صَلَاةٍ اَوْ قِرَاءَةٍ فَلَا تَلْتَفِتْ

''جب تمہارے نماز پڑھ کر فارغ ہو جانے کے بعد' تمہیں وضو' یا نماز' یا تلاوت کے بارے میں شک لاحق ہو' تو تم (اُس کی طرف) توجہ نہ دو''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفة رضی الله عنه ثم قال محمد وبه ...خذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

...امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ ...محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

...-سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ ...رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا :

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

...روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ ...نَهٰى عَنِ الْمُجَثَّمَةِ

''نبی اکرم ﷺ نے ''مجثمہ'' سے منع کیا ہے''۔

...محمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل بزاز بغدادی - احمد بن اسحاق بن صالح - خالد بن خداش بن عجلان ...خوید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

...طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابن مخلد اور صالح بن احمد' ان دونوں نے - احمد بن اسحاق بن صالح وراق - ...خداش - خویلد صفار کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

...-سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ ...عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا :

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

...روایت: اَنَّهٗ كَانَ يُوْتِرُ اَوَّلَ اللَّيْلِ ثُمَّ يَنَامُ فَاِذَا ...آخِرِ اللَّيْلِ صَلّٰى رَكْعَةً يُرِيْدُ بِهَا نَقْضَ وِتْرِهٖ ...فَاِنْ فَرَغَ اَوْتَرَ فِيْ آخِرِ صَلٰوتِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ ...رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ رَحِمَ اللهُ ابْنَ عُمَرَ مَا

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما رات کے ابتدائی حصے میں وتر ادا کر کے سو جاتے تھے' پھر جب وہ رات کے آخری حصے میں بیدا رہوتے' تو ایک رکعت ادا کرتے' وہ اس کے ذریعے اپنے (ادا کیے ہوئے) وتر کو توڑنے کا ارادہ کرتے تھے' پھر (نوافل) ادا

---

...اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی " الآثار"(181) فی الصلاة:باب السهو فی الصلاة

...اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (406)-وابن حبان ( 5617)-واحمد 103/2-والنسائی 238/7-والدارمی ...الرزاق (8428) نحوه

...اخرجه الحصکفی فی" مسندا لامام"( 574)-والطحاوی فی " شرح معانی الآثار" 343/1 (2020) فی الصلاة:باب ...الوتر بدون هذه القصة

عِلْمُهُ بِالْوِتْرِ اَمَا اَنَّهُ يُرِيْدُ يَلْعَبُ بِصَلَاتِهِ فَاِذَا اَوْتَرَ اَحَدُكُمْ فِيْ اَوَّلِ اللَّيْلِ ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي مَثْنٰى مَثْنٰى حَتّٰى يَسْحُرَ فَاِنَّهُ يُصْبِحُ عَلٰى وِتْرِهٖ

قَالَ حَمَّادٌ سَاَلْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ فِعْلِ اَبِيْهِ فِي الْوِتْرِ فَقَالَ رَاْیٌ رَآهُ فَلَمْ يَاْلِ عَنِ الْخَيْرِ

کرتے' پھراپنی (نفل) نماز کے آخر میں وتر ادا کر لیتے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس بات کی اطلاع ملی' تو انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ' ابن عمر پر رحم کرے' وہ وتر کے بارے میں یہ جانتے ہیں' یا پھر یہ ہے کہ وہ اپنی نماز کے ساتھ کھیلنے کا ارادہ رکھتے ہیں' جب کوئی شخص رات کے ابتدائی حصے میں وتر ادا کر چکا ہو' پھر اپنی (رات کی نفل) نماز کو' صبح صادق تک دو' دو کر کے ادا کرے' تو وہ ایسی حالت میں صبح کرے گا کہ اس نے وتر ادا کیے ہوئے ہوں گے''۔

حماد بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے' عبید اللہ سے' ان کے والد کے اس طرز عمل کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے جواب دیا: یہ ان کی ذاتی رائے تھی اور انہوں نے بھلائی کے حوالے سے کوئی کوتاہی نہیں کی۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - احمد بن محمد بن عبدالرحمٰن نے اپنے والد کے حوالے سے - جنادہ بن سالم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**650**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا :

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَنَّ فِي الصَّلَاةِ اِذَا نَابَهُمْ فِيْهَا شَيْءٌ اَلتَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے بارے میں یہ سنت مقرر کی ہے کہ اس کے دوران اگر (امام کو متوجہ کرنے کی) ضرورت پیش آ جائے' تو مردوں کے لیے ''سبحان اللہ'' کہنے کا حکم ہے' خواتین کے لیے ہاتھ پر ہاتھ مارنے کا حکم ہے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - عباس بن عبدالعزیز قطان مروزی - علی بن سلیمان - حکیم بن زید کے حوالے سے' ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(650) اخرجه ابن ماجة (1036) في الصلاة: باب التسبيح للرجال في الصلاة والتصفيق للنساء

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں اسی طرح نقل کی ہے۔

-سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

روایت: اَنَّهٗ سُئِلَ كَیْفَ كَانَ النِّسَاءُ یُصَلِّیْنَ فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ كُنَّ یَتَرَبَّعْنَ ثُمَّ اُمِرْنَ اَنْ یَّحْتَفِزْنَ

"حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا گیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں خواتین کس طرح نماز ادا کیا کرتی تھیں؟ تو انہوں نے جواب دیا: پہلے وہ چار زانو بیٹھا کرتی تھیں، پھر انہیں حکم دیا گیا' کہ وہ دو زانو بیٹھیں۔"

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - قبیصہ طبری - زکریا بن یحییٰ نیشاپوری - عبداللہ بن احمد بن خالد رازی - ابوثابت زر بن نجیح - ابراہیم بن مہدی - ابوجواب احوص بن جواب - سفیان ثوری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - علی بن محمد بزاز - احمد بن محمد بن خالد - زر بن نجیح - ابراہیم بن مہدی - ابوجواب احوص بن جواب - سفیان ثوری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - اشنانی' انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

-سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

روایت: فِی الرَّجُلِ یُصَلِّیْ فِیْ یَوْمِ غَیْمٍ ثُمَّ تَطْلُعُ الشَّمْسُ وَقَدْ بَقِیَ عَلَیْهِ بَعْضُ صَلَاتِهٖ فَاِذَا هُوَ قَدْ كَانَ یُصَلِّیْ اِلٰى غَیْرِ قِبْلَةٍ قَالَ یَتَحَوَّلُ اِلَى الْقِبْلَةِ وَیَحْتَسِبُ بِمَا مَضٰى وَیُصَلِّیْ مَا بَقِیَ

"جو شخص ابر آلود دن میں (فجر کی) نماز ادا کر رہا ہو' اور پھر سورج نکل آئے' اور ابھی اس کی کچھ نماز باقی ہو' (اور یہ بھی پتہ چل جائے) کہ وہ قبلہ کی بجائے دوسری سمت میں رخ کر کے نماز ادا کر رہا تھا' (تو ابراہیم نخعی) فرماتے ہیں: وہ قبلہ کی طرف رخ کر لے گا' گزری ہوئی نماز کو شمار کرے گا' اور باقی رہ جانے والی نماز کو ادا کر لے گا"۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابو حنیفة قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رحمه الله

---

☆اخرج ابن ابی شیبة 270/1 فی الصلاة: باب فی المرأة کیف تجلس فی الصلاة؟ عن نافع قال: کن نساء ابن عمر یتربعن فی الصلاة

اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (163) فی الصلاة: باب القهقهة فی الصلاة وما یکره فیها—وابن ابی شیبة فی الصلاة: باب فی الرجل یصلی بعض صلاته لغیر القبلة من قال: یعتد بها

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے
فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**(653)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ طَرِيْفِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَلْاِنْسَانُ يَسْجُدُ عَلٰى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ جَبْهَتُهُ وَيَدَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ وَصُدُوْرُ قَدَمَيْهِ فَاِذَا سَجَدَ اَحَدُكُمْ فَلْيَضَعْ كُلَّ عُضْوٍ مَوْضِعَهُ وَاِذَا رَكَعَ فَلَا يُدَبِّحْ تَدْبِيْحَ الْحِمَارِ

امام ابوحنیفہ نے- ابوسفیان طریف بن شہاب- ابونضرہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''انسان سات اعضاء پر سجدہ کرتا ہے اس کی پیشانی دونوں ہاتھ دونوں گھٹنے پاؤں کے اگلے حصے جب کوئی شخص سجدہ کرے تو ہر عضو کو اس کی مخصوص جگہ پر رکھے اور جب رکوع کرے تو گدھے کی طرح سر نہ جھکائے۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- اسماعیل بن بشر- حماد بن قریش- عمر بن رماح کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن اشرس سلمی نیشاپوری- جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم انہوں نے اس کے آغاز میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

اذا سجد احدكم فلا يمدد صلبه فان الانسان يسجد...... الحديث

''جب کوئی شخص سجدہ کرے تو وہ اپنی پشت کو پھیلائے نہیں' کیونکہ انسان سجدہ کرتا ہے''......الحدیث

انہوں نے یہ روایت حارث بن اسد اسد آبادی- عبید اللہ بن مرزبان- عبداللہ بن اسلم بلخی- عمار بن بزیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابراہیم بن عبدوس ہمدانی- عباس بن یزید- احمد بن بشر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

نهى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان يمد الرجل صلبه فى السجود

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ آدمی سجدہ کرتے ہوئے اپنی پشت کو پھیلائے''۔

**(654)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اَبِى الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابوضحیٰ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: مسروق بیان کرتے ہیں:

(653) اخرجه البيهقى فى'' السنن الكبرى'' 85/2 فى الصلاة: باب صفة الركوع

(654) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى'' الآثار''( 106) فى الصلاة: باب تسليم الامام وسجوده- وعبد الرزاق (...)

الص...ة: باب مكث الامام بعدما يسلم- والطحاوى فى ''شرح معانى الآثار'' 270/1

متن روایت: كَانَ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اِذَا سَلَّمَ كَاَنَّهٗ عَلَى الرَّضْفِ حَتّٰى يَنْفَتِلَ

''حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جب سلام پھیرتے تھے' تو یوں لگتا جیسے وہ انگارے پر بیٹھے ہیں' یعنی وہ فوراً اُٹھ جاتے تھے''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر بن احمد - محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی - ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن رحمه الله تعالى فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں' اس روایت کو نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(655)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ قَالَ فِىْ الرَّجُلِ يُصَلِّىْ فِىْ الْمَكَانِ الضَّيِّقِ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يَّجْلِسَ عَلٰى جَانِبِهِ الْاَيْسَرِ اَوْ تَكُوْنُ بِهٖ عِلَّةٌ قَالَ فَلْيَجْلِسْ عَلٰى جَانِبِهِ الْاَيْمَنِ وَاِنْ كَانَ يَسْتَطِيْعُ الْجُلُوْسَ عَلٰى جَانِبِهِ الْاَيْسَرِ فَلْيَجْلِسْ

''جو شخص کسی تنگ جگہ پر نماز ادا کر رہا ہو' اور بائیں (ٹانگ) پر نہ بیٹھ سکتا ہو' یا اس کو کوئی تکلیف لاحق ہو' تو وہ دائیں (ٹانگ) کے بل بیٹھ جائے' لیکن اگر وہ بائیں (ٹانگ) کے بل بیٹھ سکتا ہو' تو (اُسی پر) بیٹھے''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(656)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا كَانَ لِلرَّجُلِ عِلَّةٌ جَلَسَ فِى الصَّلَاةِ كَيْفَ شَاءَ

''جب کسی شخص کو کوئی تکلیف لاحق ہو' تو وہ جیسے چاہے' نماز میں بیٹھ جائے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابوحنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ اذا كانت العلة تمنعه من الجلوس فى الصلاة على ما امر به وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

---

(655) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى" الآثار"(107) فى الصلاة: باب تسليم الامام وسجوده

(656) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى" الآثار"(108) فى الصلاة: باب تسليم الامام وسجوده

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' جب آدمی کو کوئی ایسی تکلیف لاحق ہو جس کی وجہ سے وہ نماز کے دوران اس طرح سے نہ بیٹھ نہ سکتا ہو' جس طرح اس کو حکم دیا گیا ہے (تو پھر وہ جیسے چاہے بیٹھ کر نماز ادا کر لے)' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**(657)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ طَرِيْفِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے-ابوسفیان طریف بن شہاب- ابونضرہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: لَا فَصْلَ فِى الْوِتْرِ

''وتر میں (درمیان میں' سلام پھیر کر) فصل نہیں ہوگا''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-سری بن عاصم بخاری' جوزنکر کے رہنے والے ہیں-عبداللہ بن عبدالرحمٰن مدینی-جعفر بن عون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(658)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے-ابوسفیان طلحہ بن نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما-حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَوَجَدَهٗ يُصَلِّىْ عَلٰى حَصِيْرٍ يَسْجُدُ عَلَيْهِ

''وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو چٹائی پر نماز ادا کرتے ہوئے پایا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر سجدہ کررہے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-احمد بن محمد بن حسن بن سلام دینوری-احمد بن عباد بن سعید ثقفی سراج-عیسیٰ بن یونس کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(659)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان-ابراہیم نخعی کے

(657) اخرجه الحصكفى فى " مسند الامام" (158)

☆☆قلت: وقد اخرج ابن ابى شيبة 295/2 فى الصلاة: باب من كان يوتر بثلاث او اكثر-والنسائى ( 1400)-والدار قطنى 2/32 (7)-والحاكم فى "المستدرك" 304/1-والخطيب فى "تاريخ بغداد" 284/14 عن عائشة قالت: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يسلم فى ركعتى الوتر

(658) اخرجه الحصكفى فى " مسندالامام" ( 124)-ومسلم(661) و (519) فى المساجد: باب الصلاة فى ثوب واحد-والترمذى (332) فى الصلاة: باب ما جاء فى الصلاة على الحصير-وابن ماجة ( 1029) فى اقامة الصلاة: باب الصلاة على الخمرة

ابراهیم اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَضَعُ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ اِذَا رَكَعَ وَاَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يُطَبِّقُ يَدَيْهِ بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ اِذَا رَكَعَ

قَالَ اِبْرَاهِيْمُ اَلَّذِيْ كَانَ يَصْنَعُ عَبْدُ اللّٰهِ كَانَ شَيْءٌ يُصْنَعُ فَتُرِكَ وَالَّذِيْ صَنَعَ عُمَرُ اَحَبُّ اِلَيَّ

حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جب رکوع میں جاتے تھے تو دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھتے تھے جبکہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جب رکوع میں جاتے' تو دونوں ہاتھ ملا کر انہیں گھٹنوں کے درمیان رکھتے تھے۔

ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ جو کرتے تھے' وہ پہلے کیا جاتا تھا' لیکن پھر اسے ترک کر دیا گیا' اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ جس طرح کرتے تھے' وہ (طریقہ) میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے''۔

قاضی ابوحسن عمر بن حسن اشنانی نے اس کو- محمد بن حنیفہ بن ماہان- تمیم بن منتصر- اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابن خسرو نے اس کو- ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی حسن بن احمد باقلانی- ابوعبداللہ احمد بن محمد بن دوست علاف- قاضی اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں' اس روایت کو نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

660)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ عَنِ الْحَسَنِ:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلّٰى مُحْتَبِيًا مِنْ رَمَدٍ كَانَ بِعَيْنَيْهِ

امام ابوحنیفہ نے- ابوسفیان طلحہ بن نافع- حسن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آشوب چشم کی شکایت کی وجہ سے ''احتباء'' کے طور پر بیٹھ کر نماز ادا کی تھی''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- عبداللہ بن سریج بخاری- محمود بن خداش- علی بن یزید صدائی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- اسحاق بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

---

659) ☆☆فاما حديث عبد الله بن مسعود فاخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار"(95)-وعبدالرزاق (3884) في الصلاة: باب الرجل يؤم الرجلين والمرأة-وابن ابي شيبة 245/1-والطحاوي في" شرح معاني الآثار" 229/1

☆☆واما حديث عمر بن الخطاب فاخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار"(69)-وابن ابي شيبة 244/1

660) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في" الآثار"(100) في الصلاة: باب صلاة التطوع-والحصكفي في" مسند الامام"(126)-وابن ابي شيبة 53/2 في الصلاة: باب الرجل يصلي وهو محتبي

صلی تطوعاً وھو محتب بثوبه

''نبی اکرم ﷺ نے نفل نماز ادا کی' آپ نے اپنے کپڑے کو احتباء کے طور پر لپیٹا ہوا تھا''

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ لا نری بذلك باساً وھو قول ابی حنیفة فاذا بلغ السجود حل حبوته وسجد

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' جب آدمی سجدے میں جائے گا تو اپنے ''حبوہ'' کو کھول لے گا' اور سجدہ کرے گا۔

(661)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُوْسٰى بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -موسیٰ بن مسلم- مجاہد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا هَمَمْتَ بِاِقَامَةِ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا فَاَتِمِ الصَّلَاةَ

''جب تم کسی جگہ پندرہ دن ٹھہرنے کا ارادہ کرلو تو مکمل نماز ادا کرو''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعباس بن عقدہ- مضر بن محمد- ابوجعفر رازی- احمد بن عمر- ابومطیع بلخی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(662)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی- علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فِي السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا لَا يَزِيْدُوْنَ عَلَيْهِ

''نبی اکرم ﷺ سفر کے دوران دو رکعات ادا کرتے تھے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی اس سے زیادہ (رکعات) ادا نہیں کرتے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- حاتم بن یوسف بن خطاب ترمذی- حسن بن مطیع- معاذ بن ابوجارود- ابوجارود کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(661) ☆☆......وقد اخرج ابو داؤد 10/2 (1231)-والنسائی فی "الکبری" 287/1-وابن ماجة (1076)- عن ابن عباس قال: قام رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم بمکة عام الفتح خمس عشرة یقصر الصلاة .

(662) اخرجه الحصکفی فی " مسند الامام" ( 151)-والطحاوی فی" شرح معانی الآثار" 416/1 باب صلاة المسافر- وابو یعلی (5194)-ومسلم (695) فی صلاة المسافرین: باب قصر الصلاة بمنی-وابوداؤد ( 1960) فی المناسك: باب الصلاة بمنی-واحمد 425/1-والبخاری (1084) فی تقصیر الصلاة: باب الصلاة بمنی

(663)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُوْسٰى بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متن روایت: اِذَا كُنْتَ مُسَافِرًا فَوَطَّنْتَ نَفْسَكَ عَلٰى اِقَامَةِ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا فَاَتِمَّ الصَّلَاةَ وَاِنْ كُنْتَ لَا تَدْرِيْ فَاَقْصِرْ

امام ابوحنیفہ نے- موسیٰ بن مسلم- مجاہد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''جب تم مسافر ہواور (کسی جگہ پر) پندرہ دن ٹھہرنے کا ارادہ کرلو تو مکمل نماز ادا کرو لیکن اگر تمہیں یہ پتہ نہ ہو کہ (تم نے کب وہاں سے روانہ ہوجانا ہے؟) تو قصر نماز ادا کرو''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(664)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّهُ صَلّٰى بِالنَّاسِ بِمَكَّةَ الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَالَ يَا اَهْلَ مَكَّةَ اِنَّا سَفَرٌ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مِنْ اَهْلِ الْبَلَدِ فَلْيُكْمِلْ فَاَكْمَلَ اَهْلُ الْبَلَدِ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مکہ میں ظہر کی نماز میں دو رکعات پڑھانے کے بعد سلام پھیر دیا اور فرمایا: اے اہل مکہ! ہم سفر میں ہیں تو جتنے لوگ (اس) شہر کے رہنے والے ہیں وہ مکمل نماز ادا کریں تو اہل شہر نے مکمل نماز ادا کی''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ اذا دخل المقیم فی صلاة المسافر فقصر المسافر واتم المقیم صلاته وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں جب مقیم شخص کسی مسافر کی اقتداء میں نماز ادا کرے گا تو مسافر (جو امام ہے) وہ قصر نماز ادا کرے گا جبکہ مقیم اپنی نماز کو مکمل ادا کرے گا امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(665)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ (رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ):

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

663) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (190)- وعبد الرزاق (4343) فی الصلاة: باب الرجل یخرج فی وقت الصلاة- وابن ابی شیبة 455/2 فی الصلاة باب من قال: اذا اجمع علی اقامة خمس عشرة أتمّ

664) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (191) فی الصلاة: باب الصلاة فی السفر- ومالك فی "الموطأ" 105- وعبد الرزاق (4369) فی الصلاة: باب مسافر ام مقیمین- والطحاوی فی" شرح معانی الآثار" 417/1 فی الصلاة: باب صلاة المسافر

متنِ روایت: اَنَّهُ قَالَ اِذَا دَخَلَ الْمُسَافِرُ فِيْ صَلَاةِ الْمُقِيْمِ اَكْمَلَ

''جب مسافر شخص، مقیم کی اقتداء میں نماز ادا کرے گا' تو وہ مکمل نماز ادا کرے گا''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ اذا دخل المسافر مع المقيم وجبت عليه صلاة المقيم اربعاً وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' جب مسافر شخص مقیم کی اقتداء میں نماز ادا کرے گا' تو اس پر مقیم کی نماز کی چار رکعات ادا کرنا لازم ہوگا' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**666**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: لَا يَغُرَّنَّكُمْ حَضَرُكُمْ هٰذَا عَنْ صَلَاتِكُمْ يَغِيْبُ الرَّجُلُ مِنْكُمْ فِيْ ضَيْعَتِهٖ فَيَقْصِرُ وَيَقُوْلُ اَنَا مُسَافِرٌ

''تمہارا یہ مقیم ہونا' تمہیں تمہاری نماز کے حوالے سے کسی غلط فہمی کا شکار نہ کردے' تم میں سے کوئی شخص اپنی زمین پر جاتا ہے' تو قصر نماز ادا کرنے لگتا ہے اور یہ کہتا ہے: میں تو مسافر ہوں''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ اذا كان على مسيرة اقل من ثلاثة ايام ولياليها اتم الصلاة فاذا كان على مسيرة ثلاثة ايام ولياليها فصاعداً ولم يكن له بها اهل ولم يوطن نفسه على اقامة خمسة عشر يوماً فليقصر فاذا وطن نفسه على اقامة خمسة عشر يوماً اتم الصلاة ما دام فی ضيعته فاذا خرج راجعاً الى اهله قصر الصلاة ومسيرة ثلاثة ايام ولياليها فی القصر سير الابل او مشی الاقدام وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' جب اس کے سفر کی مسافت تین دن کے سفر کی مسافت سے کم ہو تو وہ

(665) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (192) فی الصلاة: باب صلاة المسافر-وعبد الرزاق 542/2-وابن ابی شيبة 382/1 فی الصلاة: باب اذا دخل المسافر فی صلاة المقيم

(666) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (193) فی الصلاة: باب الصلاة فی السفر-وعبد الرزاق (4278) فی الصلاة: باب الصلاة فی السفر-وابن ابی شيبة 447/2 فی الصلاة: من قال: لا تقصر الصلاة الا فی السفر البعيد-والطبرانی فی "الكبير" (9455)

مکمل نماز ادا کرے گا' لیکن جب وہ تین دن کے سفر کی مسافت' یا اس سے زیادہ ہو' اور اس (قیام کی جگہ پر) اس کی بیوی (یا اہل خانہ) بھی نہ ہوں' اور اس نے وہاں پندرہ دن قیام کا ارادہ بھی نہ کیا ہو تو وہ قصر نماز ادا کرے گا' لیکن اگر وہ اس جگہ پر پندرہ دن تک مقیم رہنے کا ارادہ کر لیتا ہے' تو وہ جب تک وہاں مقیم رہے گا مکمل نماز ادا کرے گا' جب وہ وہاں سے اپنے وطن کی طرف واپسی کے لیے روانہ ہوگا تو وہ قصر نماز ادا کرنا شروع کر دے گا' قصر کی مسافت کے لیے وہ مسافت معتبر ہوگی جو اونٹوں پر سفر کر کے' یا پیدل چل کر تین دن اور تین راتوں میں طے کی جاتی ہے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**667**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ (حَمَّادٍ) عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد- ابراہیم نخعی- اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: لَمَّا مَرِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْمَرَضَ الَّذِيْ قُبِضَ فِيْهِ خُفِّفَ مِنَ الْوَجْعِ فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ قَالَ لِعَائِشَةَ مُرِيْ اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ فَاَرْسَلْتُ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكَ اَنْ تُصَلِّيْ بِالنَّاسِ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا يَا بُنَيَّتَاهُ اِنِّيْ شَيْخٌ كَبِيْرٌ رَقِيْقٌ فَاِنِّيْ مَتٰى لَا اَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَقَامِهِ اَرِقُّ لِذٰلِكَ فَاجْتَمِعِيْ اَنْتِيْ وَحَفْصَةُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَيُرْسِلُ اِلٰى عُمَرَ فَقُلْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنْتُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مُرِيْ اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ فَلَمَّا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْمُؤَذِّنَ وَهُوَ يَقُوْلُ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ارْفَعُوْنِيْ فَقَالَتْ عَائِشَةُ قَدْ اَمَرْتُ اَبَا بَكْرٍ اَنْ يُّصَلِّيَ بِالنَّاسِ وَاَنْتَ فِيْ عُذْرٍ قَالَ ارْفَعُوْنِيْ فَاِنَّهُ جُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ

''جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ بیماری لاحق ہوئی' جس میں آپ کا وصال ہوا تھا' (تو ایک دن) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو طبیعت میں بہتری محسوس ہوئی' جب نماز کا وقت ہوا' تو آپ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھا دے' انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھجوایا' کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو یہ حکم دیا ہے کہ آپ لوگوں کو نماز پڑھا دیں' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے انہیں پیغام بھجوایا: اے میری بیٹی! میں ایک بوڑھا' عمر رسیدہ' نرم مزاج شخص ہوں' جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخصوص جگہ پر نہیں دیکھوں گا تو اس وجہ سے مجھ پر رقت طاری ہو جائے گی' تم اور حفصہ دونوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اکٹھی جاؤ' (اور یہ گزارش کرو) کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ''عمر'' کو یہ پیغام بھجوا دیں' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایسا ہی کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ والی خواتین کی طرح ہو' تم ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔

جب نماز کے لیے ندا دی گئی (یعنی اذان یا اقامت کہی گئی) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مؤذن کو یہ کہتے ہوئے سنا: حی علی الصلاۃ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مجھے اٹھاؤ! سیّدہ عائشہ

667- اخرجه ابن حبان (6873)- والبخاری (713) فی الاذان: باب الرجل یأتم بالامام ویأتم الناس بالماموم- والبغوی فی "شرح السنة" (418)- والنسائی 99/2- وابن ماجة (1232)- والبیهقی فی "السنن الکبری" 304/2

فِی الصَّلَاةِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَرُفِعَ بَیْنَ اِثْنَیْنِ وَقَدَمَاهُ تَجُرَّانِ فِی الْاَرْضِ فَلَمَّا سَمِعَ اَبُوْ بَکْرٍ بِحِسِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَاَخَّرَ فَاَوْمٰی اِلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ یَسَارِ اَبِی بَکْرٍ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حِذَاءَهُ یُکَبِّرُ وَیُکَبِّرُ اَبُوْ بَکْرٍ بِتَکْبِیْرِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَیُکَبِّرُ النَّاسُ بِتَکْبِیْرِ اَبِی بَکْرٍ حَتّٰی فَرَغَ مِنَ الصَّلَاةِ وَلَمْ یُصَلِّ بِالنَّاسِ غَیْرَ تِلْکَ الصَّلَاةِ حَتّٰی قُبِضَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

نے عرض کی: میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کہہ دیا ہے کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھا دیں' آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اٹھاؤ! کیونکہ نماز میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک رکھی گئی ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دو آدمیوں کے درمیان اٹھایا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاؤں زمین پر گھسٹ رہے تھے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آہٹ سنی تو وہ پیچھے ہٹنے لگے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اشارہ کیا (کہ تم اپنی جگہ پر رہو) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بائیں طرف تشریف فرما ہوئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ بیٹھ کر تکبیر کہہ رہے تھے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تکبیر کی پیروی میں تکبیر کہہ رہے تھے اور لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تکبیر کی پیروی میں تکبیر کہہ رہے تھے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر فارغ ہو گئے' پھر اپنے وصال تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو اس کے بعد کوئی نماز نہیں پڑھائی"۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابواسامہ زید بن یحییٰ بن زید فقیہ بلخی - محمد بن قاسم - عبدالعزیز بن خالد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**668**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

متنِ روایت: کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یُوْتِرُ بِثَلَاثٍ یَقْرَاُ فِی الْاُوْلٰی بِـ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی) وَفِی الثَّانِیَةِ بِـ (قُلْ یَااَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ) وَفِی الثَّالِثَةِ بِـ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر ادا کیا کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی رکعت میں سورہ اعلیٰ' دوسری رکعت میں سورہ کافرون اور تیسری رکعت میں سورہ اخلاص کی تلاوت کیا کرتے تھے"۔

---

(668) اخرجه الحصكفى فى" مسند الامام" (156)-والطحاوى فى"شرح معانى الآثار" 285/1-وابن حبان (2432)-والحاكم فى"المستدرك" 305/1-والبيهقى فى" السنن الكبرىٰ"37/3-والدار قطنى352-والبغوى فى"شرح السنة"(973)

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن علی بن سہل مروزی -محمد بن حرب- فضل بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عباس بن عبدالعزیز قطان مروزی -محمد بن عبداللہ- فضل بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

قالت كان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقرا فى الركعة الاولى من الوتر بام الكتاب و (سبح اسم ربك الاعلى) وفى الثانية بام الكتاب و (قل يا ايها الكافرون) وفى الثالثة بام الكتاب و (قل هو الله احد)

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی پہلی رکعت میں سورہ سورہ فاتحہ اور سورہ الاعلیٰ کی' دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ الکافرون کی' اور تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص کی تلاوت کیا کرتے تھے''۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید -محمد بن تمیم بن عباد مروزی -محمد بن ابوتمیلہ -فضل بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يوتر بثلاث

''وہ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر ادا کیا کرتے تھے''۔

انہوں نے یہ روایت عباس بن عبدالعزیز قطان -محمد بن عبداللہ بن محمود- ابوتمیلہ -فضل بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے اسود کا ذکر نہیں کیا۔

**669**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: مَنْ لَمْ يُكَبِّرْ حِيْنَ يَفْتَتِحُ الصَّلاةَ فَلَيْسَ فِيْ صَلاةٍ

''جو شخص نماز شروع کرتے وقت تکبیر نہیں کہتا' وہ نماز میں (داخل) نہیں ہوتا''۔

قال محمد وبه ناخذ الا ان يكون حين كبر تكبيرة الركوع كبرها منتصباً يريد بها الدخول فى الصلاة ويجزيه ذلك وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن رحمه الله تعالى فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' البتہ اگر وہ رکوع کی تکبیر کہنے کے موقعہ پر سیدھا کھڑا ہو کر نماز میں داخل ہونے کے ارادے سے تکبیر کہتا ہے' تو یہ اس کے لیے جائز ہوگا' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

امام محمد بن حسن نے ''الآثار'' میں' اس روایت کو نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

669) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى ''الآثار'' (74) فى الصلاة: باب افتتاح الصلاة -وعبد الرزاق (2531) فى الصلاة: باب من نسى تكبيرة الاستفتاح -وابن ابى شيبة 238/1 فى الصلاة: باب الرجل ينسى تكبيرة الافتتاح

(670)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زِيَادِ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنِ الْبَرَاءِ ابْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

امام ابوحنیفہ نے-زیاد بن ابوزیاد-عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ اَوْ حَذْوَ اُذُنَيْهِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز فرماتے تھے تو دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں:) کانوں تک بلند کرتے تھے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوعباس بن عقدہ-عبداللہ بن احمد بن بہلول-انہوں نے اپنے دادا اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(671)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مِخْوَلِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ مُسْلِمِ الْبَطِيْنِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے-مخول بن راشد-مسلم بطین-سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثِ رَكْعَاتٍ يَقْرَاُ فِي الْاُوْلٰى بِـ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) وَفِي الثَّانِيَةِ بِـ (قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ) وَفِي الثَّالِثَةِ بِـ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر ادا کیا کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی رکعت میں سورہ اعلیٰ دوسری رکعت میں سورہ کافرون اور تیسری رکعت میں سورہ اخلاص کی تلاوت کیا کرتے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-احمد بن محمد بن سعید-یعقوب بن یوسف بن زیاد-ابوجنادہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(672)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ وَقْدَانَ اَبِيْ يَعْفُوْرَ الْعَبْدِيِّ عَمَّنْ حَدَّثَهٗ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

امام ابوحنیفہ نے-وقدان ابویعفور عبدی-جس شخص نے انہیں یہ روایت بیان کی: اس کے حوالے سے نقل کرتے ہیں-حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے

(670) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 224/1-وابو داؤد (752)-وابن ابی شیبة 236/1-وعبد الرزاق (2531)-والدار قطنی(22)-واحمد 301/4

(671) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الحجة علی اهل المدینة" 201/1-والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 287/1-واحمد 299/1-والترمذی (462)-وابن ابی شیبة 299/2-وابن ماجة (1172)-وابو یعلی (2555)

(672) اخرجه الحصکفی فی "المسند الامام" (154)

☆☆قال العبد الضعیف: ولعل هذا الحدیث من روایة عبد الله بن عمرو کما اختاره المرتضی الزبیدی فی "عقود الجواهر" 138/1 فی الصلاة: بیان الخبر الدال علی وجوب الوتر-والحارث بن ابی اسامة فی "المسند" 336/1-والطیالسی 299/1 (2263)-وعبد الرزاق 7/3 (4582) فی الصلاة: باب وجوب الوتر

وَآلِهٖ وَسَلَّمَ: ہیں:

متن روایت: اِنَّ اللّٰهَ زَادَكُمْ صَلَاةً وَهِيَ وِتْرٌ "اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک مزید نماز عطا کی ہے اور وہ وتر ہے"۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - عبداللہ بن محمد بن فروخ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - خارجہ بن مصعب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن یونس سرخسی - احمد بن مصعب (اور) ابوبکر محمد بن علی بن سہل مروزی - محمد بن حرب ان دونوں نے - فضل بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے جو ان الفاظ تک ہے: زَادَكُمْ صَلَاةً

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح - ابراہیم بن مسعود سمرقندی - ابومقاتل حفص بن سلام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے (تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:)

ان الله زادكم صلاة الوتر

"اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک مزید نماز "وتر" عطا کی ہے"

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - حفص بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے (تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:)

ان الله زادكم صلاة وهى الوتر فحافظوا عليها

"بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک مزید نماز عطا کی ہے وہ وتر ہیں تو تم ان کو باقاعدگی سے ادا کرنا"

انہوں نے یہ روایت اسی طرح - محمد بن صالح (اور) عبداللہ طبری - علی بن سعید بن محمد بن مسروق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق بن عثمان - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت علی بن حسن مروزی - علی بن خشرم - یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے - انہوں نے اس کو ابویعفور - یحییٰ بن ابوکثیر - (ایک نامعلوم شخص کے حوالے سے) جس نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس کو سنا ہے - وہ بیان کرتے ہیں:

قال النبى صلى الله عليه وآله وسلم ان الله زادكم صلاة هى الوتر فحافظوا عليها

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: "بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک مزید نماز عطا کی ہے وہ وتر ہیں تو تم ان کو باقاعدگی سے ادا کرنا"۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح ابن احمد - عمار بن خالد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے - انہوں نے ابویعفور - حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے - نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت نقل کی

ہے: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

ان اللہ تعالی زادکم صلاۃ الوتر فاسمعوا واطیعوا

''اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک مزید نماز ''وتر'' عطا کی ہے'تو تم اطاعت وفرمانبرداری کرو''

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ-عمرو بن حفص سلمی-محمد بن عبدالوہاب-یحییٰ بن نصر بن حاجب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے-انہوں نے ابویعفور-یحییٰ بن ابوکثیر شامی-حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال ان اللہ تعالی زادکم صلاۃ وھی الوتر فحافظوا علیھا

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ''بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک مزید نماز عطا کی ہے'وہ وتر ہیں'تو تم ان کو باقاعدگی سے ادا کرنا''

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوالفضل بن خیرون-ابوبکر خیاط مقری-ابوعبداللہ بن دوست علاف-قاضی عمر بن حسن اشنانی-علی بن محمد بن وہب-عبداللہ بن ابان-اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے'انہوں نے-ابویعفور-(ایک نامعلوم شخص کے حوالے سے)-حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کی ہے۔

قاضی اشنانی نے اس روایت کوامام ابوحنیفہ تک'اپنی مذکورہ سند کے ساتھ اسی طرح نقل کیا ہے۔

حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت-مبارک بن عبدالجبار صیرفی-قاضی ابوقاسم علی بن علی بصری-ابوقاسم بن ثلاج-ابوعباس بن عقدہ-عمر بن حفص بلخی-محمد بن عبدالوہاب مروزی-یحییٰ بن نصر بن حاجب قرشی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے'انہوں نے-ابویعفور-ابن ابوکثیر شامی سے اس کوروایت کیا ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان اللہ تعالی زادکم صلاۃ وھی الوتر فحافظوا علیھا

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ''بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک مزید نماز عطا کی ہے'وہ وتر ہیں'تو تم ان کو باقاعدگی سے ادا کرنا''

(**673**)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِی يَعْفُوْرَ عَمَّنْ حَدَّثَهٗ عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-ابویعفور-جس شخص نے انہیں یہ روایت بیان کی: اس کے حوالے سے نقل کرتے ہیں-حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كُنَّا نُطَبِّقُ ثُمَّ اُمِرْنَا بِالرُّكَبِ

''پہلے ہم (رکوع کرتے ہوئے) دونوں ہاتھ ملا کر گھٹنوں کے درمیان رکھا کرتے تھے'پھر ہمیں گھٹنے (پر ہاتھ رکھنے کا) حکم دیا گیا''۔

(673) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (106)-وابن حبان (1882)-والبخاری (790) فی الاذان: باب وضع الاكف على الركب فی الركوع-والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 230/1-والبیهقی فی "السنن الكبرىٰ" 83/2- وابو داؤد (867) فی الصلاة: باب وضع الیدین علی الركبتین-وعبد الرزاق (2953)

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - عبداللہ بن احمد بن بہلول - سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا اسماعیل بن حماد کی تحریر میں ہے میں نے اس میں پڑھا ہے (وہ بیان کرتے ہیں:) میرے والد نے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت علی بن حسن کشی - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ - ابوعصفور - ایک (نامعلوم) شخص کے حوالے سے نقل کیا ہے:

انہ رای عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اذا رکع وضع یدیہ علی رکبتیہ قال وقال سعد بن ابی وقاص کنا نطبق ثم امرنا بالرکب

اس نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ جب وہ رکوع میں گئے تو انہوں نے اپنے ہاتھ اپنے گھٹنوں پر رکھے۔
راوی بیان کرتے ہیں: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے ہم گھٹنوں کے درمیان ہاتھ رکھا کرتے تھے پھر ہمیں گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم دیا گیا۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - قاسم بن محمد - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے
انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز - بشر بن ولید - امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - جعفر بن محمد بن مروان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبدالحمید حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

674) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ اَنَّ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - عبدالملک بن میسرہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كُنَّا نُطَبِّقُ ثُمَّ اُمِرْنَا بِالرُّكَبِ

''پہلے ہم (رکوع کرتے ہوئے) دونوں ہاتھ ملا کر گھٹنوں کے درمیان رکھا کرتے تھے پھر ہمیں گھٹنوں (پر ہاتھ رکھنے کا) حکم دیا گیا''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن حمد بن سعید - عبداللہ بن احمد بن بہلول - انہوں نے اپنے دادا اسماعیل بن حماد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے'' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

675) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ آدَمَ بْنِ عَلِيٍّ بَكْرِيٍّ:

امام ابوحنیفہ نے - آدم بن علی بکری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

---

674) وقد تقدم - وهو حديث سابقة

متن روایت: اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لِیْ اِذَا سَجَدْتَ فَلَا تَفْرُشْ ذِرَاعَیْكَ اِفْتِرَاشَ السَّبُعِ وَادَّعِمْ عَلٰی رَاحَتَیْكَ وَابْدِ ضَبْعَیْكَ فَاِنَّ بِذٰلِكَ یَسْجُدُ كُلُّ عُضْوٍ مِنْكَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَنِیْ بِذٰلِكَ

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: جب سجدہ کرو' تو درندوں کی طرح اپنی کلائیاں نہ بچھاؤ' اپنی ہتھیلیاں جما کر رکھو اور اپنے پہلو کشادہ رکھو' کیونکہ اس طرح تمہارا ہر عضو سجدہ کرے گا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اسی بات کا حکم دیا ہے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - حسن بن علی بن عفان - عبدالحمید حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی - ابوعلی حسن بن علی صدائی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - علی بن عاصم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے - آدم بن علی بیان کرتے ہیں:

صليت الى جنب عبد الله بن عمر فجعلت افترش ذراعى فلما سلم الامام قال من اين انت قلت من الكوفة قال يا ابن اخى اذا سجدت فلا تفترش ذراعيك افتراش السبع

''میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں نماز ادا کی تو میں نے اپنے بازوؤں کو بچھا لیا' جب امام نے سلام پھیرا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تم کہاں کے رہنے والے ہو؟ میں نے جواب دیا: کوفہ کا' انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! جب تم سجدہ کرو' تو درندوں کی طرح اپنے بازو (زمین پر) نہ بچھاؤ!''

انہوں نے یہ روایت قاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن - عبدالرحمن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن احبیش - محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**676**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَیُّوْبَ بْنِ عَائِذٍ عَنْ بُكَیْرِ بْنِ الْاَخْنَسِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے - ایوب بن عائذ - بکیر بن اخنس - مجاہد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی فَرَضَ الصَّلَاةَ عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّكُمْ عَلَی الْمُقِیْمِ اَرْبَعًا وَعَلَی الْمُسَافِرِ شَطْرَهَا

''بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی مقیم شخص پر چار رکعات' مسافر پر اس کا نصف (یعنی دو رکعات) اور خوف کی حالت والے شخص پر ایک رکعت فرض قرار دی ہے

(675) اخرجه الحصكفى فى ''مسند الامام'' (113) - وابن حبان (1914) - وعبد الرزاق (2927) - والحاكم فى ''المستدرك'' 227/1 - وابن خزيمة (645) - واورده الهيثمى فى ''مجمع الزوائد'' 126/2

(676) اخرجه الطحاوى فى ''شرح معانى الآثار'' 309/1 - واحمد 400/2 - والبخارى فى ''القراءة خلف الامام'' (226 - 687) - وابو داؤد (1247) - وابن ماجة (1068) - وابو يعلى (2346) - والبيهقى فى ''السنن الكبرى'' 135/3

وَعَلَى الْخَائِفِ رَكْعَةٌ وَّاحِدَةٌ

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-احمد بن محمد-احمد بن عبداللہ بن صباح-محمد بن یعقوب-ابوسعد صغانی محمد بن بشر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

677)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے-عاصم بن کلیب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ يُحَاذِيْ بِهِمَا شُحْمَتَيْ اُذُنَيْهِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دونوں ہاتھ کانوں کی لَو تک بلند کیا کرتے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-جبہان بن حسن فرغانی-علی بن حکیم-فضل بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابومقاتل (اور) احمد بن محمد بن سعید ہمدانی' ان دونوں نے-عبداللہ بن حمرویہ بغلانی-محمود بن آدم-فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن سعید بن مرداس ترمذی-صالح بن محمد-حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

اورانہوں نے یہ روایت صالح بن منصور بن نصر صغانی-انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے-ابومقاتل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: یہ عبدالجبار بن وائل بن حجر-انہوں نے اپنے والد کا بیان نقل کیا ہے:

قال رايت رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم يرفع يديه عند التكبير ويسلم عن يمينه ويساره

''میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکبیر (تحریمہ) کے وقت رفع یدین کرتے دیکھا ہے' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم دائیں اور بائیں (دونوں طرف) سلام پھیرا کرتے تھے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-محمد بن مخلد-صالح بن احمد-عبداللہ بن حمدویہ بغلانی-محمود بن آدم-فضل ابن موسیٰ سینانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید-عبداللہ بن محمد فزاری-صالح بن محمد-حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' حماد بیان کرتے ہیں: میں نے عاصم بن کلیب کو سنا' انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے- حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

انه راى رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم يرفع يديه فى الصلاة حتى يحاذى شحمتى اذنيه

''انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے نماز میں دونوں ہاتھ بلند کیے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں کانوں

کی لوتک لے آئے''۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف

- قاضی عمر بن حسن اشنانی - سعید بن اسرائیل - علی بن حجر - فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(**678**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ وَائِلِ بْنِ حَجَرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا سَجَدَ وَضَعَ رُكْبَتَيْهِ قَبْلَ يَدَيْهِ وَاِذَا قَامَ رَفَعَ يَدَيْهِ قَبْلَ رُكْبَتَيْهِ

امام ابوحنیفہ نے - عاصم بن کلیب - ان کے والد - حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدے میں جاتے تھے' تو دونوں ہاتھوں سے پہلے دونوں گھٹنے (زمین پر) رکھتے تھے اور جب (سجدے سے) اٹھنے لگتے تھے' تو دونوں گھٹنوں سے پہلے دونوں ہاتھ اٹھاتے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - محمد بن احمد بن سکن ابوبکر - ہوذہ بن خلیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(**679**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ وَائِلِ بْنِ حَجَرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ فِى الصَّلَاةِ اَضْجَعَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَنَصَبَ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى

امام ابوحنیفہ نے - عاصم بن کلیب - ان کے والد - حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں بیٹھتے تھے' تو بائیں ٹانگ بچھا لیتے تھے اور دائیں پاؤں کو کھڑا کر لیتے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن منذر بن سعید ہروی - احمد بن عبداللہ کندی - محمد بن اسرائیل بلخی - ابومعاذ بلخی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**680**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَاصِمِ

امام ابوحنیفہ نے - عاصم احول کے حوالے سے یہ روایت

(677) اخرجه الحصكفى فى" مسند الامام" (95)-والطحاوى فى"شرح معانى الآثار" 196/1-ومسلم (401)-وابو داؤد (724)-والنسائى 122/2-وابن ابى شيبة 234/1-والبيهقى فى"السنن الكبرى" 25/2-وفى " معرفة السنن والآثار"(765)

(679) اخرجه الحصكفى فى"مسند الامام" (166)-والطحاوى فى"شرح معانى الآثار" 223/1-وابن حبان (1860)-والطبرانى فى"الكبير" 82/22-وابوداؤد (727) فى الصلاة:باب رفع اليدين فى الصلاة-واحمد 318/4-والبخارى فى"قرة العينين فى رفع اليدين". والدارمى 314/1-وابن الجارود (208)-والحميدى (885)-وعبد الرزاق(2522)

الاَحْوَلِ عَنْ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ:
نقل کی ہے: ابن سیرین بیان کرتے ہیں:

متن روایت: سَاَلْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَنَجْعَلُ الْمِسْكَ فِيْ حُنُوْطِ الْمَيِّتِ قَالَ اَلَيْسَ هُوَ مِنْ اَطْيَبِ طِيْبِكُمْ

''میں نے سالم بن عبداللہ سے دریافت کیا: کیا ہم میت کے حنوط میں مشک شامل کر سکتے ہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا: کیا یہ تمہاری سب سے زیادہ عمدہ خوشبو نہیں ہے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابن مخلد - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - قاضی ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت شیخ ابوحسن علی بن حسن بن ایوب بزاز - قاضی ابوالعلاء محمد بن علی بن احمد - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیادہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

681)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - جبلہ بن سحیم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: مَنْ صَلّٰى فَلَا يَفْتَرِشْ ذِرَاعَيْهِ كَافْتِرَاشِ الْكَلْبِ

''جب کوئی شخص نماز ادا کرے، تو وہ اپنی کلائیوں کو اس طرح نہ بچھائے، جس طرح کتا کلائیاں بچھاتا ہے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل - شعیب بن ایوب - مصعب بن مقدام - داؤد طائی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

682)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زُبَيْدِ بْنِ الْحَارِثِ الْيَامِيِّ عَنْ ذَرٍّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبْزٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - زبید بن حارث یامی - ذر - عبدالرحمٰن بن ابزیٰ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

---

(680) اخرجه احمد 31/3-والترمذى (992)-والحاكم فى "المستدرك" 361/1-وابوداؤد الطيالسى (2169)-والنسائى فى "المجتبى" 39/4-وفى "الكبرى" (2032)

(681) اخرجه ابن حبان (1914)-والحصكفى فى "مسند الامام" (113)-وعبد الرزاق (2927)-واورده الهيثمى فى "مجمع الزوائد" 126/2-وقد تقدم فى (667)

(682) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (157)-ومحمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (112)- والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 292/1 باب الوتر-والبغوى فى "شرح السنة" (967)-واحمد 406/3-وعبد الرزاق (4695)

متن روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کَانَ یُوْتِرُ بِثَلَاثِ رَکَعَاتٍ

''نبی اکرم ﷺ تین رکعات وتر ادا کرتے تھے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - ابومیسرہ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - محمد بن مسلمہ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(**683**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ زُبَیْدِ بْنِ الْحَارِثِ الْیَامِیِّ عَنْ ذِرٍّ اَبِیْ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - زبید بن حارث یامی - ذر ابوعمرو کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَقْرَاُ فِیْ وِتْرِہٖ بِـ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی) وَ(قُلْ یَا اَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ) وَ(قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ)

''نبی اکرم ﷺ وتر میں سورۃ الاعلیٰ' سورۃ الکافرون اور سورۃ الاخلاص کی تلاوت کیا کرتے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل ہروی - محمود بن خداش طالقانی - اسباط بن محمد قرشی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

کان یقرا فی الوتر فی الرکعۃ الاولی بـ (سبح اسم ربک الاعلی) وفی الثانیۃ (قل للذین کفروا) ھکذا فی قراء ۃ ابن مسعود وفی الثالثۃ بـ (قل ھو اللہ احد)

''نبی اکرم ﷺ وتر کی نماز کی پہلی رکعت میں سورہ الاعلیٰ' دوسری رکعت میں سورہ 'قل للذین کفروا'' حضرت عبد اللہ بن مسعود کی قرأت میں اسی طرح ہے (یہاں مراد سورہ کافرون ہے)' اور تیسری رکعت میں سورہ اخلاص کی تلاوت کیا کرتے تھے''۔

اور انہوں نے یہ روایت علی بن محمد بن عبداللہ سرخسی - خارجہ بن مصعب - مغیث بن بدیل - خارجہ بن مصعب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' جو امام محمد بن حسن کے نقل کردہ الفاظ کی مانند ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

وفی الرکعۃ الثانیۃ بـ (قل یایھا الکافرون)

(683) قد تقدم - وھو حدیث سابقہ

''دوسری رکعت میں سورہ کافرون کی تلاوت کیا کرتے تھے''۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن اشرس سلمی - جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے اسی طرح روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - عبداللہ بن احمد سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ کی تحریر میں ہے میں نے اس میں پڑھا ہے (وہ بیان کرتے ہیں:) میرے والد نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ یہ پہلی روایت کے الفاظ کی مانند ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

یوتر بثلاث ''آپ تین وتر ادا کرتے تھے''

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح - عیسیٰ بن احمد - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن ہمام سبزواری - ایوب بن حسن - عامر بن فرات نسوی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت حمدان بن ذی نون - ابراہیم بن سلیمان زیات - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ جو امام محمد بن حسن کے نقل کردہ الفاظ کی مانند ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق سمسار بلخی - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: یہ سعید بن عبدالرحمٰن بن ابزیٰ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز - بشر بن ولید - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن عبدالواحد بن حماد بن حارث - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابونضر بن محمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت حسن بن تندون فرغانی - عبدالواحد بن حماد خجندی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن منصور بن نصر صغانی - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - ابومقاتل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت سہل بن بشر کندی - فتح بن عمرو - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی - عبداللہ بن احمد بن میسرہ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: یہ عبدالرحمٰن بن ابزیٰ کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے:

ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کان یوتر بثلاث رکعات

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر ادا کیا کرتے تھے''

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن احمد سے ان کی تحریر کے حوالے سے - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: یہ زبید - ذر - عبدالرحمٰن بن ابزیٰ کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے

منقول ہے:

ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کان یقرا فی الاولی من الوتر بـ (سبح اسم ربك الاعلی) وفی الثانیة بـ (قل یایها الکافرون) وفی الثالثة بـ (قل هو الله احد)

''نبی اکرم ﷺ وتر کی نماز کی پہلی رکعت میں سورہ الاعلیٰ' دوسری رکعت میں سورہ کافرون' اور تیسری رکعت میں سورہ اخلاص کی تلاوت کیا کرتے تھے''۔

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- صالح بن احمد- محمود بن خداش- اسباط بن محمد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت اسحاق بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطیب ابراہیم بن شہاب- عبداللہ بن عبدالرحمٰن واقدی- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد کہتے ہیں: حماد' زفر' ابویوسف' اسد بن عمرو' خارجہ بن مصعب' نضر بن محمد' ابوعبدالرحمٰن مقری نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ابوعلی بن شاذان- ابونصر بن اشکاب- عبد اللہ بن طاہر قزوینی- اسماعیل بن توبہ قزوینی- امام محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطالب بن یوسف- ابومحمد جوہری- ابوبکر ابہری- ابوعروبہ حرانی- انہوں نے اپنے دادا عمرو بن ابوعمرو- امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت- قاضی بختری بن محمد بختری' جو ابوحازم قاضی کے خلیفہ ہیں- محمد بن سماعہ- امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت- قاضی ابوقاسم تنوخی سے اذن کے طور پر- طلحہ بن محمد بن جعفر- احمد بن محمد بن سعید- احمد بن محمد فقتی- علی بن مکنف فقیہ- علی بن حرملہ- امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد ان قرات هذا فهو عندنا احسن وما قرات من القرآن فی الوتر مع فاتحة الکتاب فهو حسن

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: اگر آدمی (وتر میں) ان سورتوں کی تلاوت کرتا ہے تو یہ زیادہ اچھا ہے' ورنہ وہ وتر میں سورہ فاتحہ کے ساتھ قرآن کے

جس بھی حصے کی تلاوت کرلے تو یہ اچھا ہے۔

(684)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: مَا اُحِبُّ اِنِّىْ تَرَكْتُ الْوِتْرَ بِثَلَاثٍ وَاَنَّ لِىْ حُمْرُ النِّعَمِ

''مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں تین رکعات وتر ترک کر دوں' اگرچہ مجھے اس کے عوض میں سرخ اونٹ مل رہے ہوں''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد رحمه الله وبه ناخذ الوتر ثلاث لا يفصل بينهن بسلام وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' وتر کی تین رکعات ہوتی ہیں' جن کے درمیان میں سلام پھیر کر فصل نہیں کیا جاتا' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(685)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا اَصْبَحْتَ وَلَمْ تُوْتِرْ فَلَا تُوْتِرْ

''جب صبح صادق ہو جائے اور تم نے وتر ادا نہ کیے ہوں' تو تم وتر ادا نہ کرو''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد ولسنا ناخذ بهذا يوتر على كل حال الا فى ساعة تكره فيها الصلاة حين تطلع الشمس حتى تبيض او ينتصف النهار حتى تزول الشمس او عند احمرار الشمس حتى تغيب وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ نہیں دیتے ہیں' آدمی ہر حال میں وتر ادا کرے گا' البتہ ایسا وقت نہیں ہونا چاہیے جس میں نماز ادا کرنا مکروہ ہوتا ہے' جب سورج طلوع ہوتا ہے' یہاں تک کہ وہ روشن ہو جائے' نصف النہار کے وقت' یہاں تک کہ سورج ڈھل جائے' جب سورج (غروب ہونے سے پہلے) سرخ ہوتا ہے' یہاں تک کہ وہ غروب ہو جائے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

---

(684) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (123) فى الصلاة: باب الوتر وما يقرأ فيها- وفى "الموطأ" 96(260)- باب السلام فى الوتر

(685) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (124) فى الصلاة: باب الوتر وما يقرأ فيها

(686)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

متن روایت: لَا يُصَلِّيْ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ وَلَا يَصُوْمُ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''کوئی شخص کسی دوسرے کی طرف سے نماز ادا نہیں کر سکتا اور کوئی شخص کسی دوسرے کی طرف سے روزہ نہیں رکھ سکتا''

(اخرجه)الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنيفةثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(687)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ)- دَخَلَ عَلَيَّ زَيْدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ اَبُوْ الْحُسَيْنِ الشَّهِيْدُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقِيْلَ لَهُ هٰذَا فَقِيْهُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ فَقَالَ لَهُ زَيْدٌ مَا مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ وَمَا اِفْتِتَاحُهَا وَمَا اِسْتِفْتَاحُهَا فَقَالَ مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ الطُّهُوْرُ وَافْتِتَاحُهَا التَّكْبِيْرُ وَاسْتِفْتَاحُهَا مُخْتَلَفٌ فِيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ وَنَحْنُ نَخْتَارُ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حضرت امام ابوحسین زید بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب' (جو بعد میں) شہید (کردیے گئے) وہ میرے ہاں تشریف لائے' انہیں بتایا گیا' یہ اہل کوفہ کا فقیہ ہے' امام زید رضی اللہ عنہ نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا: نماز کی کنجی کیا ہے؟ اس کا آغاز کیسے ہوتا ہے؟ اور اس کے شروع میں کیا پڑھتے ہیں؟ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا: نماز کی کنجی طہارت ہے' تکبیر کے ذریعے اس کا آغاز ہوتا ہے' اور اس کے شروع میں پڑھی جانے والی چیز کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے' بعض لوگ وجھت وجھی پڑھتے ہیں' البتہ ہم اس کو مختار سمجھتے ہیں:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

''تو ہر عیب سے پاک ہے' اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے' تیرا اسم برکت والا ہے' تیری بزرگی بلند و برتر ہے' اور تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے''۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابویوسف قزوینی کے حوالے سے نقل کی ہے' جس میں طویل کلام

---

(686) اخرجه ابو يوسف فی "الآثار" 28 (136) وفی "جامع الآثار" (425)

☆☆قلت: وقد اخرجه النسائی فی "الكبرى" (175/2) فی الصيام: باب صوم الحی عن الميت- وابن حجر فی "التلخيص الحبير" (923) عن ابن عباس قال: لايصلی احد عن احد ولا يصوم احد عن احد .

ہے جس میں امام زید بن علی رضی اللہ عنہ کا ذکر ہے آگے چل کر انہوں نے یہ بات ذکر ہے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ان کے ہاں آئے۔

(688)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے-علی بن اقمر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَرَّ بِرَجُلٍ سَادِلٍ ثَوْبَهٗ فَعَطَفَهٗ عَلَيْهِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک شخص کے پاس سے ہوا جس نے اپنے کپڑے کو لٹکایا ہوا تھا تو آپ نے وہ کپڑا اُسے اوڑھا دیا''

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن ابوصالح - محمد بن ابورجاء عبادانی - محمد بن ربیعہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن ابوصالح - محمد بن سہل بن عسکر - عبدالرزاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

سدل ثوبه فعطفه عليه

''اس نے کپڑے کو لٹکایا ہوا تھا تو آپ نے اس کو اوڑھا دیا''

انہوں نے یہ روایت جعفر بن محمد بن علی حمیری - حسین بن ابوربیع - عبدالرزاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن جو ''امالی'' کے مصنف ہیں - حسین بن محمد - محمد بن ربیعہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن ابوصالح - ابویزید بن ہشام رفاعی - ابن ادریس کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت جبہان بن حبیب فرغانی - ابواسحاق خلال - محمد بن معلیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن منذر ہروی - محمد بن مہاجر - محمد بن بشر سے نقل کی ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ سے کہا: آپ مجھے ''سدل'' سے متعلق حدیث بیان کریں انہوں نے فرمایا: ٹھیک ہے پھر انہوں نے مجھے یہ حدیث بیان کی۔

انہوں نے یہ روایت علی بن فتح بن عبداللہ عسکری - حمید بن ربیع (اور) عبداللہ بن عبید اللہ - احمد بن عیسیٰ خشاب تنیسی ان دونوں نے - ابومعاویہ ضریر کے حوالے سے ''امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن صالح - محمد بن علاء - حفص بن غیاث کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(688) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (148)-والبيهقي في "السنن الكبرى" 243/2-والطبراني في "الصغير" 317/2 (853)-وفي "الكبير" 111/22 (283)

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبداللہ بن نصر مکی - یحییٰ بن معین - وکیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبید اللہ - احمد بن محمد بن ابوبکر مقدمی بصری - ابوعلی بشر بن عبید - محمد بن حسن واسطی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبید اللہ - عیسیٰ بن احمد عسقلانی - یزید بن ہارون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت داؤد بن عوام - عبدالرحیم بن حبیب - یزید بن ہارون کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق سمسار - محمد بن زید - جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابواسحاق زکریا بن یحییٰ بخاری - محمد بن فضل - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - محمد بن عبداللہ کندی - حسین بن عبدالاوّل - عبداللہ بن نمیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبید اللہ - انہوں نے اپنے والد - ابوحسین - اسباط بن محمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت - عبداللہ بن عبید اللہ - احمد بن عیسیٰ تنیسی - احمد بن اشکاب - ابواسامہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبید اللہ - احمد بن محمد مقدمی - بشر بن عبید اللہ - امام محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن صالح بن عبداللہ طبری - علی بن سعید - محمد بن مسروق - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبید اللہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن سلام - خالد بن عبداللہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت زکریا بن حسن نسفی - احمد بن محمد بن سیار - معافی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابن جعانی - احمد بن عبید اللہ - عبدالرحمٰن بن یحییٰ - عبداللہ خزاز - سحیم، یہ محمد بن قاسم ہیں - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے انہوں نے یہ روایت علی بن اقمر پر موقوف روایت کے طور پر نقل کی ہے۔

احمد بن محمد بن سعید - علی بن عثمان - عبدالحمید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے - علی بن اقمر بیان کرتے ہیں:

ابصر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رجلاً یصلی سادلاً ثوبہ فعطفہ علیہ

''نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو ملاحظہ فرمایا کہ وہ اپنے کپڑے کو لٹکا کر نماز ادا کر رہا تھا تو آپ نے اس کو وہ اوڑھا دیا''

حافظ حسین بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-محمد بن ابراہیم بن احمد-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(واخرجہ) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواہ عن ابی حنیفۃثم قال محمد وبہ ناخذ یکرہ السدل علی القمیص وغیرہ لانہ فعل اھل الکتاب

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں قمیص یا اس کے علاوہ پر کپڑے کو لٹکانا مکروہ ہے کیونکہ یہ اہل کتاب کا طریقہ ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

ثم قال محمد وبہ ناخذ

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

(689)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ الْھَیْثَمِ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صَبِیْحٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ:

متن روایت: لَا تَقُوْلُوْا اِنْصَرَفْنَا مِنَ الصَّلَاۃِ فَاِنَّ قَوْمًا اِنْصَرَفُوْا عَنْھَا فَصَرَفَ اللّٰہُ قُلُوْبَھُمْ وَلٰکِنْ قُوْلُوْا قَضَیْنَا الصَّلَاۃَ

امام ابوحنیفہ نے-ہیثم-مسلم بن صبیح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''تم لوگ یہ نہ کہو: ہم نماز سے پھر گئے ہیں ایک قوم نماز سے پھر گئی تھی تو اللہ تعالیٰ نے اُن کے دلوں کو پھیر دیا بلکہ تم یہ کہو: ہم نے نماز ادا کر لی ہے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوعباس بن عقدہ-عبداللہ بن محمد بن نوح-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- خالد بن سلیمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-احمد بن محمد بن سعید-عبداللہ بن محمد بن نوح-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- خالد بن سلیمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-مبارک بن عبدالجبار صیرفی-ابومحمد جوہری-حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(690)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

(689) اخرجہ ابن ابی شیبۃ 382/2 فی الصلاۃ:باب:من کرہ ان یقول انصرفنا

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ كَانَ يَعْتَمِدُ بِيَمِيْنِهِ عَلٰى يَسَارِهِ وَيَتَوَاضَعُ بِذٰلِكَ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

''نبی اکرم ﷺ (نماز میں قیام کے دوران) دائیں ہاتھ کے ذریعے بائیں ہاتھ کو پکڑا کرتے تھے آپ ﷺ اس طرح اللہ تعالیٰ کے سامنے تواضع کا اظہار کرتے تھے''۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابو حسین علی بن حسین بن ایوب بزار - قاضی ابوالعلاء محمد بن علی بن یعقوب واسطی - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی - بشر بن موسیٰ - ابو عبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(691) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے - ابراہیم نخعی کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: رَاَيْتُهُ يَعْنِيْ اِبْرَاهِيْمَ يُصَلِّيْ فِي الْمَكَانِ فِيْهَا الرَّمْلُ وَالتُّرَابُ الْكَثِيْرُ فَيَمْسَحُ عَنْ وَجْهِهٖ قَبْلَ اَنْ يَنْصَرِفَ

''میں نے انہیں یعنی ابراہیم نخعی کو دیکھا وہ ایک ایسی جگہ نماز ادا کر رہے تھے جہاں بہت سی ریت اور مٹی موجود تھی تو انہوں نے نماز ختم کرنے سے پہلے اپنے چہرے کو صاف کیا''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة رضی الله عنه (ثم) قال محمد قال ابوحنيفة لا نری باساً بمسحه قبل التشهد والتسليم لان تركه يؤذی المصلی وربما يشغله عن صلاته

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: ہم تشہد یا سلام پھیرنے سے پہلے اس طرح مسح کرکے (ریت یا مٹی صاف کرنے میں) کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں کیونکہ اس کو ترک کرنے نمازی کو ایذاء دیتا ہے اور نماز میں یکسوئی کو متاثر کرتا ہے۔

(692) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سعید بن جبیر فرماتے ہیں:

متن روایت: صَلَاةُ الْقَاعِدِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ صَلَاةِ الرَّجُلِ قَائِمًا

''بیٹھ کر نماز ادا کرنے والے کو کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے والے کے مقابلے میں نصف (اجر و ثواب) ملتا تھا''۔

(690) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (120) فی الصلاة: باب الصلاة قاعداً

☆☆واخرج ابن ابی شيبة 390/1 فی الصلاة: باب وضع اليمين على الشمال - وابن ابی عاصم فی "الآحاد والمثانی" (2494) - وعبد الله بن احمد فی "زوائد المسند" 226/5 - والبيهقی فی "السنن الكبری" 29/2:

عن قبيصة بن هلب عن ابيه قال: رأيت النبی صلی الله عليه وسلم واضعاً يمينه على شماله فی الصلاة

(691) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (117) فی الصلاة: باب مسح التراب عن الوجه قبل الفراغ من الصلاة - وابن ابی شيبة 61/2 فی الصلاة: باب من رخص ان يمسح جبهته

(692) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (117) فی الصلاة: باب الصلاة قاعداً والتعمد على شیء او يصلی الی سترة

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

693)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ :

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّـهٗ قَالَ لَا یُجْزِئُ الرَّجُلُ اَنْ یُّعْرِضَ بَیْنَ یَدَیْهِ سَوْطًا وَّلَا قَصْبَةً حَتّٰی یَنْصُبَهَا نَصَبًا

''آدمی کے لیے یہ جائز نہیں' کہ وہ اپنے آگے کوئی لاٹھی' یا بانس چوڑائی کی سمت میں (بچھا کر) رکھے' جب تک وہ اس کو کھڑا نہیں کرتا ہے''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

694)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا :

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: كَانَ اِذَا سَجَدَ اِعْتَمَدَ بِمِرْفَقَیْهِ عَلٰی فَخِذَیْهِ

''حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ جب سجدہ کرتے تھے' تو وہ اپنی کہنیاں' زانو پر رکھ کر سہارا لیتے تھے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةرضی الله عنه (ثم) قال محمد ولسنا نری بذلك باساً وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

695)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ :

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ یَعْتَمِدُ بِاِحْدٰی یَدَیْهِ عَلَی الْاُخْرٰی فِی الصَّلَاةِ یَتَوَاضَعُ لِلّٰهِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے دوران ایک ہاتھ کو دوسرے پر رکھتے تھے' آپ اللہ تعالیٰ کے سامنے تواضع کا اظہار کرتے ہوئے' ایسا کرتے تھے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةقال محمد یضع بطن الكف الیمنی علی رسغه الیسری تحت السرة ویكون الرسغ فی وسط الكف

---

693- اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (118) فی الصلاة: باب الصلاة قاعداً

694- اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (119) فی الصلاة: باب الصلاة قاعداً- وابن ابی شیبة 259/1 فی الصلاة باب من رخص ان یعتمد بمرفقیه

(695) قد تقدم فی (690)

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام صاحب فرماتے ہیں: آدمی اپنی دائیں ہتھیلی کو بائیں کلائی کے جوڑ پر ناف کے نیچے رکھے گا' اس کا کلائی کا جوڑ ہتھیلی کے درمیان میں ہوگا۔

(**696**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- قاسم بن عبدالرحمٰن- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَيَسَارِهٖ بِتَسْلِيْمَتَيْنِ

''نبی اکرم ﷺ دائیں طرف اور بائیں طرف دو مرتبہ سلام پھیرا کرتے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- احمد بن محمد بن سعید ہمدانی- یعقوب بن یوسف بن زیاد ضبی- ابوجنادہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**697**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَنْصَرِفُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ

''نبی اکرم ﷺ (نماز سے فارغ ہونے کے بعد) دائیں طرف سے بھی اٹھ جایا کرتے تھے اور بائیں طرف سے بھی اُٹھ جایا کرتے تھے''۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- محمد بن ابراہیم بن احمد بن حبیش- ابوعبداللہ محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**698**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ مَسْرُوْقَ بْنَ الْاَجْدَعِ وَجُنْدُبَ الْاَزْدِيَّ اِنْتَهَيَا اِلَى الْاِمَامِ وَقَدْ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ مِنَ

''(ایک مرتبہ) مسروق بن اجدع اور جندب ازدی امام تک اس وقت پہنچے' جب وہ مغرب کی نماز کی دو رکعات ادا کرچکا

---

(696) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (121)-والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 268/1-وابن حبان (1990)-وابوداؤد (996) في الصلاة:باب في السلام-وابن ماجة (914) في الاقامة:باب التسليم-وابن خزيمة (728)-وعبدالرزاق (3130)

(697) اخرجه احمد 383/1-وابن ابي شيبة 304/1-ومسلم (707)-والنسائي في "المجتبى" 81/3-وفي "الكبرى" (1283)-وعبدالرزاق (3208)-والحميدي (127)-وابن ماجة (930)-وابو يعلى (5174)-وابن خزيمة (1714)

(698) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (131)-وعبد الرزاق (3165) في الصلاة:باب مايقرأ فيما يقضي-وابن ابي شيبة 490/2-والطبراني في "الكبير" (9370)

...مَغْرِبِ فَقَامَا لِيَقْضِيَا فَاَمَّا مَسْرُوْقٌ فَجَلَسَ فِي ... رَكْعَتَيْنِ وَاَمَّا جُنْدُبٌ فَقَامَ فِي الْاُوْلٰى وَجَلَسَ فِي ... ثَّانِيَةِ فَلَمَّا فَرَغَا اَنْكَرَ كُلٌّ مِنْهُمَا عَلٰى صَاحِبِهِ ... انْطَلَقَا اِلَى ابْنِ مَسْعُوْدٍ فَذَكَرَا لَهُ الَّذِيْ صَنَعَا ... قَالَ كِلَاكُمَا قَدْ اَحْسَنَ وَاَنَا اَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ ... مَسْرُوْقٌ فَاِنَّهُ اَحَبُّ اِلَيَّ

تھا' (امام کے سلام پھیرنے کے بعد) یہ دونوں نماز مکمل کرنے کے لیے کھڑے ہوئے' تو مسروق دونوں رکعات کے بعد قعدہ میں بیٹھے' جبکہ جندب پہلی رکعت ادا کرنے کے بعد کھڑے ہو گئے اور دوسری رکعت کے بعد بیٹھے' جب یہ دونوں نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو دونوں میں سے ہر ایک نے دوسرے کا انکار کیا' پھر یہ دونوں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' اور دونوں نے اپنے طرزِ عمل کے بارے میں بتایا' تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم دونوں نے ٹھیک کیا ہے' لیکن میں اس طرح کروں گا' جس طرح مسروق نے کیا ہے' کیونکہ یہ طریقہ میرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن حمدان قطیعی - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبقول عبد الله ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام ... تے ہیں: ہم' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

... - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ ...

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

...روایت: فِيْ رَجُلٍ سَبَقَهُ الْاِمَامُ اَيَتَشَهَّدُ فِيْمَا ... الْاِمَامُ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَفَيَرُدُّ السَّلَامَ اِذَا سَلَّمَ ... قَالَ اِذَا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهٖ رَدَّ السَّلَامَ

''ایسا شخص (جو مسبوق ہو) اور امام اُس سے پہلے (کچھ رکعات) ادا کر چکا ہو' تو امام جو (رکعات) پہلے ادا کر چکا تھا' کیا وہ شخص اُن میں تشہد پڑھے گا؟ انہوں (یعنی ابراہیم نخعی) نے فرمایا: جی ہاں! حماد نے دریافت کیا: جب امام سلام پھیرے گا' تو کیا وہ شخص بھی سلام کا جواب دے گا؟ انہوں نے فرمایا: جب وہ نماز سے فارغ ہوگا' تو وہ سلام کا جواب دے گا''۔

---

...اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (132) فی الصلاة: باب من سبق شیء من صلاته- وعبد الرزاق (4094) فی ... باب الرجل یکون له وتر واحد- یتشفع ایتشهد؟ وابن ابی شیبة 44/2 فی الصلاة: باب الرجل یفوته شیء من صلاة الامام

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**(700)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی -علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِيْنِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ حَتّٰى نَرٰى شِقَّ وَجْهِهٖ وَعَنْ يَسَارِهٖ مِثْلَ ذٰلِكَ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دائیں طرف سلام پھیرتے ہوئے اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ کہتے تھے (اور چہرے کو پھیر لیتے تھے) کہ آپ کے چہرہ مبارک کی ایک طرف نظر آتی تھی' اور بائیں طرف بھی ایسے ہی (سلام پھیرتے تھے)''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -عباس بن حمزہ نیشاپوری- عمرو بن عثمان حمصی (اور) حمدان بن عارم بخاری- معلل بن نفیل حرانی- (اور) محمد بن علی بن طرخان بیکندی (اور) عبدالوہاب بن ضحاک' ان سب نے- اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت منذر بن سعید ہروی- محمد بن ہیثم- محمد بن اسماعیل بن عیاش- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

حتى يرى بياض خده الايمن وعن شماله مثل ذلك حتى يرى بياض خده الايسر مما يلتفت

یہاں تک کہ آپ کے دائیں رخسار کی سفیدی نظر آ جاتی تھی' اور آپ بائیں طرف بھی اسی طرح (سلام پھیرتے تھے) یہاں تک کہ آپ کے بائیں رخسار کی سفیدی نظر آ جاتی تھی' جب آپ منہ پھیرتے تھے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -علی بن محمد بن عبید- محمد بن ہیثم- حماد قاضی- محمد بن اسماعیل بن عیاش- نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل بن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی حسن بن احمد -قاضی عمر بن حسن بن علی بن مالک اشنانی- حسن بن علی بن شبیب- عبدالوہاب بن ضحاک- اسماعیل بن عیاش کے حوالے سے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(700) قد تقدم فی (696)

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

[illegible] - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متنِ روایت: اَنَّهُ صَلّٰى بِاَصْحَابِهِ الظُّهْرَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ فَلَمَّا انْصَرَفَ وَانْحَرَفَ قِيْلَ لَهُ اِنَّكَ قَدْ صَلَّيْتَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ فَقَالَ لِاِبْرَاهِيْمَ مَا تَقُوْلُ يَا اَعْوَرُ قَالَ لَهُ نَعَمْ فَسَجَدَ بِهِمْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ

''علقمہ نے اپنے ساتھیوں کوظہر کی نماز میں پانچ رکعات پڑھادیں نماز سے فارغ ہونے کے بعد وہ (لوگوں کی طرف) رُخ کر کے بیٹھے تو اُن سے کہا گیا: آپ نے پانچ رکعات پڑھا دی ہیں انہوں نے ابراہیم نخعی سے دریافت کیا: اے اعور! تم کیا کہتے ہو؟ ابراہیم نخعی نے جواب دیا: جی ہاں! (ایسا ہی ہے) تو علقمہ نے ان لوگوں کو دومرتبہ سجدہ سہو کروایا اور پھر دائیں طرف اور بائیں طرف سلام پھیر دیا''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

[illegible] - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عن عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى صَلَاةً اَمَّا الظُّهْرَ وَاَمَّا الْعَصْرَ فَزَادَ اَوْ نَقَصَ فَلَمَّا فَرَغَ وَسَلَّمَ قِيْلَ لَهُ اَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ اَمْ نَقَصَتْ قَالَ اِنِّيْ اَنْسٰى كَمَا تَنْسَوْنَ لِاَنِّيْ بَشَرٌ فَاِذَا نَسِيْتُ فَذَكِّرُوْنِيْ ثُمَّ حَوَّلَ وَجْهَهُ اِلَى الْقِبْلَةِ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَتَشَهَّدَ فِيْهَا ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز پڑھائی جوظہر کی نماز تھی یا شاید عصر کی نماز تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں کچھ زائد یا کم کر دیا نماز سے فارغ ہونے کے بعد جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی: کیا نماز کے بارے میں کوئی نیا حکم آ گیا ہے؟ یا یہ کم ہوگئی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں بھی اُسی طرح بھول جاتا ہوں جس طرح تم لوگ بھول جاتے ہو کیونکہ میں بھی انسان ہوں تو جب میں بھول جاؤں تو تم لوگ مجھے یاد کروادیا کرو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا رُخ قبلہ کی طرف پھیرا اور دومرتبہ سجدہ سہو کیا اس کے بعد آپ

اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (161) - وابو يعلى (5142) - ومسلم (572) في المساجد: باب السهو في الصلاة - وابن ماجة (1212) في الاقامة: باب ما جاء فيمن شك في صلاته - وابو نعيم في "الحلية" 236/7

نے تشہد پڑھا اور پھر سلام پھیر دیا''۔

ابو محمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن قدامہ زاہد بلخی -محمد بن عمران ہمدانی - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

(**703**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ اَحْدَثُ الْحَدَثِ الْحَدِيْثُ بَعْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ اِلَّا فِيْ صَلَاةٍ اَوْ قِرَاءَةِ قُرْآنٍ

''سب سے بڑا حدث (یعنی نا پسندیدہ بات یا بعد میں ایجاد ہونے والی سب سے بڑی چیز) عشاء کی نماز کے بعد بات چیت کرنا ہے' البتہ (نفل) نماز ادا کی جا سکتی ہے' یا قرآن کی تلاوت کی جا سکتی ہے''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**704**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: يُجْزِيْهِ يَعْنِيْ الْبِنَاءَ فِيْ الرِّعَافِ وَالْحَدَثِ وَالْاِسْتِيْنَافُ اَحَبُّ اِلَيْنَا

''نکسیر پھوٹنے یا حدث لاحق ہونے کی صورت میں آدمی کے لیے بناء (قائم کرنا) جائز ہے' لیکن دوبارہ نئے سرے سے نماز پڑھنا' ہمارے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواہ عن ابی حنیفةثم قال محمد وبقول ابراهیم ناخذ وذلك یجزی وان تکلم واستقبل فهو افضل

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم ابراہیم نخعی کے قول کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' ایسا کرنا جائز ہوگا' (یعنی کفایت کر جائے گا) لیکن اگر وہ کلام کر کے نئے سرے سے نماز ادا کرے تو یہ افضل ہوگا۔

(**705**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے

(703) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (142) فی الصلاة:باب ما یقطع الصلاة-وابن ابی شیبة 279/2 فی الصلاة:باب من کره السمر بعد العتمة

(704) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (144) فی الصلاة:باب الرعاف فی الصلاة والحدث

(705) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (145) فی الصلاة:باب الرعاف فی الصلاة-وابن ابی شیبة 195/2 فی الصلاة:باب فی الذی یقیء او یرعف فی الصلاة-وعبد الرزاق 338/2

ابراہیم:

متن روایت: فِیْ الرَّجُلِ یَرْعُفُ فِیْ الصَّلَاةِ اَوْ یُحدِثُ قَالَ یَخْرُجُ وَلَا یَتَکَلَّمُ اِلَّا اَنْ یَذْکُرَ اللّٰهَ تَعَالٰی ثُمَّ یَتَوَضَّأُ ثُمَّ یَرْجِعُ اِلٰی مَکَانِهٖ وَیَقْضِیْ مَا عَلَیْهِ مِنْ صَلَاتِهٖ وَیَعْتَدُّ بِمَا صَلّٰی فَاِنْ تَکَلَّمَ اِسْتَقْبَلَ

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جس شخص کی نماز کے دوران نکسیر چلنے لگے یا اس کو حدث لاحق ہو جائے تو ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: وہ جائے گا اور کسی سے کوئی کلام نہیں کرے گا' البتہ وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرسکتا ہے' پھر وہ وضو کر کے اپنی جگہ واپس آئے گا' اور جتنی نماز باقی رہ گئی تھی اُس کو ادا کرے گا' جو نماز وہ پہلے ادا کر چکا تھا' اس کو وہ شمار کرے گا' اگر (اس دوران میں) وہ کوئی کلام کر لیتا ہے' تو پھر وہ از سرِ نو نماز ادا کرے گا''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

706- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابووائل کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ لَمَّا قَدِمَ مِنْ اَرْضِ الْحَبْشَةِ سَلَّمَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ یُصَلِّیْ فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیْهِ فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ سَخَطِهٖ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَا ذَاكَ قَالَ سَلَّمْتُ عَلَیْكَ فَلَمْ تَرُدَّ عَلَیَّ السَّلَامَ قَالَ اِنَّ فِی الصَّلَاةِ شُغْلًا مِنْ رَدِّ السَّلَامِ فَلَمْ یَرُدَّ السَّلَامَ یَوْمَئِذٍ

''جب وہ حبشہ کی سرزمین سے (مدینہ منورہ) آئے' تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت نماز ادا کر رہے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سلام کا جواب نہیں دیا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے اس کی پناہ مانگتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا ہوا ہے؟ انہوں نے عرض کی: میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے جواب نہیں دیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز میں مشغولیت کی وجہ سے سلام کا جواب نہیں دیا۔

706- اخرجه احمد 409/1- وابو یعلی (5189)- والطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' 455/1- والطبرانی فی ''الکبیر'' (10120)- وابن ابی شیبة 418/1 فی الصلاة: الرجل یسلم علیه فی الصلاة

(راوی بیان کرتے ہیں:) تو اُس دن کے بعد سے (نماز کے دوران) سلام کا جواب نہیں دیا جاتا''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن منصور بن نصر صغانی - انہوں نے اپنے والد - ابومقاتل حفص بن سلام سمرقندی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(707)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: كَانَ يَكْرَهُ اَنْ يُفَرْقِعَ الرَّجُلُ اَصَابِعَهٗ اَوْ يُلْقِيَ رِدَاءً كَانَ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ اَوْ يَضَعُ يَدَيْهِ عَلٰى خَاصِرَتِهٖ اَوْ يَدْفُنُ كِبَارَ الْحَصٰى اَوْ يُقْعِيَ عَلٰى عَقِبَيْهِ اَوْ يَعْبَثُ بِلِحْيَتِهٖ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''وہ اس بات کو مکروہ سمجھتے تھے کہ کوئی شخص نماز کے دوران انگلیاں چٹخائے' یا اپنی چادر کندھے پر ڈال لے' یا اپنا ہاتھ پہلو پر رکھ لے' یا بڑی کنکریاں دفن کرے' یا ایڑیوں کے بل ''اقعاء'' کے طور پر بیٹھے' یا اپنی داڑھی کے ساتھ کھیلے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ ان العبث فی الصلاة یشغل عنها وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' نماز کے کے دوران (اس طرح کی کوئی بھی) فضول حرکت توجہ منتشر کر دیتی ہے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(708)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: صَلَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ اَرْبَعًا وَالْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ

امام ابوحنیفہ نے - محمد بن منکدر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''ہم نے (مدینہ منورہ میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں' ظہر کی نماز میں چار رکعات ادا کیں' اور ذوالحلیفہ میں عصر کی نماز میں دو رکعات ادا کیں''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید سے اُن کی تحریر کے حوالے سے - موسیٰ بن بہلول - محمد بن بشر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(709)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے - محمد بن منکدر کے حوالے سے یہ روایت

(707) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (150) فی الصلاة: باب ما یعاد من الصلاة وما یکره منها - وابن ابی شیبة (مختصراً) فی الصلاة: باب الرجل یضع یده علی خاصرته فی الصلاة 47/2

(708) اخرجه الحصکفی فی "المسند الامام" (150) - وابن حبان (2748) - والبخاری (1089) فی تقصیر الصلاة: باب یقصر اذا خرج من موضعه - ومسلم (690) - والدارمی 354/1 - وابو داؤد (1202) فی الصلاة: باب متی یقصر المسافر

الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:
متن روایت: مَرِضْتُ فَعَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَقَدْ اُغْمِيَ عَلَيَّ فِيْ مَرَضِيْ وَحَانَتِ الصَّلَاةُ فَتَوَضَّاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَصَبَّ عَلَيَّ وَجْهِيْ وَقَالَ كَيْفَ اَنْتَ يَا جَابِرُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلِّ مَا اسْتَطَعْتَ وَلَوْ اَنْ تُوْمِيْ

نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:
''میں بیمار ہوگیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لیے تشریف لائے' آپ کے ساتھ' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بھی تھے' میری بیماری کے دوران مجھ پر بیہوشی طاری ہوگئی' نماز کا وقت ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور کچھ پانی میرے اوپر چھڑکا (تو مجھے ہوش آ گیا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے جابر! تم کیسے ہو؟ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہاں تک تم سے ہو سکے' تم نماز ادا کرو' خواہ اشارے کے ذریعے ہی کرو''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوبکر بن عبداللہ بن محمد بن خالد قاضی حبال رازی - محمد بن مہدی قومسی - محمد بن بکیر بن محمد بن بکیر بن شہاب - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے نقل کی ہے: انہوں نے اپنے دادا محمد بن بکیر' جو دامغان کے قاضی ہیں' ان کا یہ بیان نقل کیا ہے:

قال كتبت الى ابى حنيفة فى المريض اذا ذهب عقله فى مرضه كيف يعمل به فى وقت الصلاة فكتب الى يخبرنى (عن) محمد بن المنكدر (عن) جابر رضى الله عنه

وہ بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ کو خط لکھ کر ان سے ایسے بیمار شخص کے بارے میں دریافت کیا' جس کی بیماری کے دوران اس کی عقل رخصت ہو جاتی ہے (یعنی اس پر بیہوشی طاری ہو جاتی ہے) تو نماز کے وقت اس کے ساتھ کیا کیا جائے؟ تو انہوں نے جوابی خط میں مجھے بتایا: محمد بن منکدر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ (مذکورہ بالا) روایت نقل کی ہے۔

710- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْمُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ عَنْ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ:
متن روایت: اَنَّهُ رَكَعَ دُوْنَ الصَّفِّ ثُمَّ مَشٰى حَتّٰى دَخَلَ اِلَى الصَّفِّ فَلَمَّا فَرَغَ ذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ

امام ابوحنیفہ - مبارک بن فضالہ - حسن بصری کے حوالے سے - حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:
''(ایک مرتبہ) وہ صف تک پہنچنے سے پہلے ہی رکوع میں چلے گئے' پھر چلتے ہوئے آ کر صف میں شامل ہوئے' (نماز سے)

709) اخرجه الحصكفى فى" مسند الامام" (127)-وابو يعلى ( 2018)-والحميدى ( 1229)-واحمد 307/3-والبخارى 5651) فى المرضى: باب عيادة المغمى عليه -وابوداؤد (2886) فى الفرائض: باب فى الكلالة-والحاكم فى المستدرك" 303/2

710) اخرجه الطحاوى فى"شرح معانى الآثار" 395/1-وابن حبان ( 2194)-والطبرانى فى"الصغير" ( 1030)-وابوداؤد 683) فى الصلاة: باب الرجل يركع دون الصف-والبيهقى فى"السنن الكبرىٰ" 106/3 -واحمد 39/5-وابن الجارود (318)

صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ زَادَكَ اللّٰهُ حِرْصًا وَلَا تُعِدْ

فارغ ہونے کے بعد انہوں نے اس بات کا ذکر نبی اکرم ﷺ سے کیا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہاری (نیکی کی) حرص میں اضافہ کرے' لیکن دوبارہ ایسے نہ کرنا''۔

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(711)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان- شقیق بن سلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلَمْ يَدْرِ اَثَلَاثًا صَلّٰى اَمْ اَرْبَعًا فَلْيَتَحَرَّ وَلْيَنْظُرْ اَفْضَلَ ظَنِّهٖ فَاِنْ كَانَ اَفْضَلُ ظَنِّهٖ اَنَّهٗ صَلّٰى ثَلَاثًا اَضَافَ اِلَيْهَا رَابِعَةً وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَاِنْ كَانَ اَفْضَلُ ظَنِّهٖ اَنَّهٗ صَلّٰى اَرْبَعًا سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

''جب کسی شخص کو نماز کے بارے میں شک ہو جائے' اور اس کو پتہ نہ چلے کہ اس نے تین رکعات ادا کرلی ہوئی ہیں' یا چار ادا کی ہیں' تو اسے تحری کرنی چاہیے اور غالب گمان کا جائزہ لینا چاہیے' اگر غالب گمان یہ ہو کہ وہ تین رکعات ادا کر چکا ہے' تو ان کے ساتھ چوتھی رکعت ملا کر (نماز کے آخر میں) سجدہ سہو کر لینا چاہیے' اور اگر غالب گمان یہ ہو کہ اس نے چار رکعات ادا کرلی ہوئی ہیں' تو اسے سلام پھیرنے کے بعد سہو کے دو سجدے کر لینے چاہییں''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوحسن علی بن حسن بن ایوب- ابوبکر محمد بن اسماعیل بن عباس وراق- اسحاق بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

## اَلْفَصْلُ السَّادِسُ فِي الْجَمَاعَةِ وَآدَابِ الْاِمَامِ وَمَا يُكْرَهُ فِي الْمَسْجِدِ

## چھٹی فصل: جماعت (کے احکام)' امام کے آداب' اور مسجد میں کیا کرنا مکروہ ہے؟

**(712)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -عطاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: مَنْ دَاوَمَ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا عَلٰى صَلَاةِ

''جو شخص چالیس دن تک' باقاعدگی کے ساتھ' فجر

(711) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (176) في الصلاة: باب السهو في الصلاة-وعبد الرزاق (3468) في الصلاة: باب السهو في الصلاة-وابن ابي شيبة 26/2 في الصلاة: باب في الرجل يصلي فلا يدري زاد او نقص

(712) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (134) و (135)-والخطيب في "تاريخ بغداد" 96/2-واحمد 155/3-وابن ماجة (798)-والترمذي (241)-والعراقي في "تخريج الاحياء" 149/1

الْغَدَاةِ وَالْعِشَاءِ فِيْ جَمَاعَةٍ كُتِبَ لَهُ بَرَاءَةٌ مِنَ النِّفَاقِ وَبَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ

اور عشاء کی نمازیں باجماعت ادا کرے اس کے لیے نفاق سے برأت اور شرک سے برأت کو نوٹ کر لیا جاتا ہے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوالفضل جعفر بن محمد بن احمد بن ولید باقلانی - محمد بن یحییٰ ازدی - ہیاج بن بسطام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے ابوعبداللہ محمد بن محمد بن محمد بن سلیمان بن کامل المعروف بہ غنجار کی ''تاریخ بخارا'' میں یہ بات پڑھی ہے - یہ روایت ابوعلی حسین بن یوسف نے - ابوعمرو حفص کشی - ابوسعید عطاء بن موسیٰ جرجانی - عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(713)**- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: اَمَّ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَوْمًا وَاَطَالَ بِهِمْ فَانْتَهٰى اِلَيْهِمْ رَجُلٌ عَلٰى بَعِيْرِهٖ فَاَنَاخَهُ فَعَقَلَهُ ثُمَّ دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ فَانْبَعَثَ بَعِيْرُهُ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ اِلَى الْبَعِيْرِ وَلَا يَزْدَادُ مِنْهُ اِلَّا بُعْدًا وَالْاِمَامُ عَلٰى قِرَاءَتِهٖ فَلَمَّا رَاٰى الرَّجُلُ ذٰلِكَ صَلّٰى فِيْ جَانِبِ الْمَسْجِدِ ثُمَّ انْصَرَفَ فِيْ طَلَبِ بَعِيْرِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَالُ اَقْوَامٍ يُنَفِّرُوْنَ مِنْ هٰذَا الدِّيْنِ مَنْ اَمَّ قَوْمًا فَلْيُخَفِّفْ بِهِمْ فَاِنَّ فِيْهِمُ الضَّعِيْفَ وَالْكَبِيْرَ وَذَا الْحَاجَةِ كُوْنُوْا مُؤَلِّفِيْنَ وَلَا تَكُوْنُوْا مُتَنَفِّرِيْنَ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک صاحب نے کچھ لوگوں کو نماز پڑھاتے ہوئے طویل نماز پڑھا دی' ان لوگوں (کی مسجد) کے پاس ایک شخص اپنے اونٹ پر سوار ہو کر آیا' اس کو بٹھا کر باندھ دیا' اور نماز میں شامل ہو گیا' اس کا اونٹ اٹھ کر چل پڑا' وہ شخص اپنے اونٹ کو دیکھ رہا تھا کہ وہ دور ہوتا چلا جا رہا ہے' اور امام صاحب کی قرأت ہی ختم نہیں ہو رہی ہے' جب اس شخص نے یہ صورتحال دیکھی تو اس نے مسجد کے کونے میں (تنہا) نماز ادا کی اور اپنے اونٹ کی تلاش میں چل دیا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی اطلاع ملی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ وہ (دوسروں کو) اس دین سے متنفر کرتے ہیں؟ جو شخص لوگوں کی امامت کرے' وہ انہیں مختصر نماز پڑھائے' کیونکہ ان میں ضعیف' بڑی عمر کے اور کام کاج والے لوگ بھی ہوتے ہیں' تم الفت پیدا کرنے والے بنو' متنفر کرنے والے نہ بنو''۔

(713) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (187) في الصلاة: باب تخفيف الصلاة- وعبد الرزاق 366/2 في الصلاة: باب تخفيف الصلاة- وابو عوانة 86/2- وابن ماجة 315/1 في اقامة الصلاة: باب من ام قوماً فليخفف- والحميدي (453)

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابو منصور محمد بن محمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنيفةمختصراً قال محمد وبه ناخذ ولا بد ان يتم الركوع والسجود وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے مختصر طور پر روایت کیا ہے' امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' تاہم یہ ضروری ہے کہ وہ رکوع و سجود مکمل ادا کرے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**714**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَنْ شَهِدَ الْفَجْرَ وَالْعِشَاءَ فِیْ جَمَاعَةٍ كَانَتْ لَهٗ بَرَاءَتَانِ بَرَاءَةٌ مِنَ النِّفَاقِ وَبَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص فجر اور عشاء کی باجماعت نمازوں میں شریک ہوا' اس کو دو طرح کی برأت نصیب ہوتی ہے' نفاق سے برأت اور شرک سے برأت''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - عبداللہ بن محمد ابن نصر ہروی - احمد بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**715**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ يُقَالُ سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ وَسَوُّوْا مَنَاكِبَكُمْ وَتَرَاصُّوْا اَوْ لَيَتَخَلَّلَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ كَاَوْلَادِ الْحَذْفِ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلٰى مَقْدَمِ الصُّفُوْفِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''یہ بات کہی جاتی تھی: صفیں سیدھی رکھو' کندھے برابر رکھو' ایک دوسرے کے ساتھ جڑ کے کھڑے ہو' ورنہ شیطان بھیڑ کے بچے کی طرح تمہارے درمیان خلل ڈال دے گا' بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے آگے کی صف والوں پر رحمت نازل کرتے ہیں''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنيفةثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنيفة لا يترك الصف وفيه خللاً حتى يستوی

---

(714) قد تقدم فی (712)

(715) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (89) فی الصلاة: فی اقامة الصفوف وفضل الصف الاول- وعبد الرزاق (2433) فی الصلاة: باب الصفوف- وابن ابی شيبة 325/1 فی الصلاة: باب ما قالوا فی اقامة الصف

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' کسی صف میں کوئی خلل نہیں چھوڑا جائے گا' پہلے اس کو مکمل کیا جائے گا۔

(716)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) قَالَ:
متن روایت: سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الصَّفِّ الْاَوَّلِ لِمَ فُضِّلَ عَلَى الصَّفِّ الثَّانِيْ فَقَالَ لَا تَقُمْ فِي الصَّفِّ الثَّانِيْ حَتّٰى يَتَكَامَلَ الصَّفُّ الْاَوَّلُ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد بیان کرتے ہیں:
''میں نے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا: پہلی صف والوں کو دوسرے صف والوں پر کیوں فضیلت دی گئی ہے؟ (اس کا جواب دیتے ہوئے) انہوں نے فرمایا: تم دوسری صف میں اس وقت تک کھڑے نہ ہو' جب تک پہلی صف مکمل نہیں ہو جاتی''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ ينبغى اذا تكامل الصف الاول ان يقوم فى الصف الثانى ولا يقوم فى الصف الاول ويزاحم عليه فانك تؤذى والقيام فى الصف الثانى خير من الاذى وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں: مناسب یہ ہے کہ جب پہلی صف مکمل ہو جائے تو آدمی دوسری صف میں کھڑا ہو جائے پہلی صف میں پھنس کر نہیں کھڑے ہونا چاہیے' کیونکہ اس صورت میں آپ دوسروں کو اذیت پہنچائیں گے' تو اذیت پہنچانے کے مقابلے میں دوسری صف میں کھڑے ہو جانا' زیادہ بہتر ہے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(717)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:
متن روایت: يَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْرَاُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاِنْ كَانُوْا فِي الْقِرَاءَةِ سَوَاءً فَاَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً فَاِنْ كَانُوْا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَاَقْدَمُهُمْ سِنًّا

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
''لوگوں کی امامت وہ شخص کرے گا' جو اللہ کی کتاب کا زیادہ قاری (یعنی عالم یا حافظ) ہو' اگر وہ قرأت میں برابر ہوں' تو وہ شخص کرے گا' جس نے پہلے ہجرت کی ہو' اگر وہ ہجرت میں برابر ہوں' تو وہ شخص امامت کرے' جس کی عمر زیادہ ہو''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وانما قيل اقراهم لكتاب الله تعالى لان الناس كانوا فى ذلك الزمان اقراهم للقرآن افقههم فى الدين

---

(716) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (90) فى الصلاة: فى اقامة الصفوف- وعبدالرزاق (2467) فى الصلاة: باب لا يقف فى الصف الثانى حتى يتم الاول

(717) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (91) فى الصلاة: باب الرجل يؤم القوم او يؤم الرجلين- وابوداؤد (582) فى الصلاة: باب من احق بالامامة؟ والترمذى (235) فى الصلاة: باب ما جاء من احق بالامامة- واحمد 118/4

فان كانوا فی هذا الزمان على ذلك يؤمهم اقراهم فان كان غيره افقه منه واعلم بسنة الصلاة وهو يقرا نحواً من قراء ته فاقراهما واعلمهما بسنة الصلاة اولى للامامة وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' اس میں یہ کہا گیا ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کی کتاب کا زیادہ قاری (یا حافظ) ہو' اس کی وجہ یہ ہے کہ اس زمانے میں جو لوگ اللہ تعالیٰ کی کتاب کے زیادہ عالم ہوتے تھے وہ دینی احکام کے زیادہ بڑے فقیہ ہوتے تھے تو (ہمارے) اس زمانے تک یہی رواج ہے کہ جو شخص اللہ کی کتاب کا زیادہ بڑا قاری (یا حافظ) ہو' وہ ان کی امامت کرتا ہے' لیکن اگر کوئی دوسرا شخص اس سے زیادہ بڑا فقیہ ہو' اور نماز کی سنتوں کا اس سے زیادہ علم رکھتا ہو' اور وہ تقریباً اس کی مانند قرأت کرسکتا ہو' تو وہ شخص امامت کا زیادہ حقدار ہوگا' جو ان دونوں میں سے زیادہ اچھا قاری ہو' اور نماز کی سنتوں کا زیادہ علم رکھتا ہو' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(718)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

متن روایت: لَا بَاْسَ اَنْ يَّؤُمَّ الْاَعْرَابِيُّ وَالْعَبْدُ وَوَلَدُ الزِّنَا اِذَا قَرَاَ الْقُرْآنَ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اس میں کوئی حرج نہیں ہے' کہ کوئی دیہاتی' یا غلام' یا زنا کے نتیجہ میں پیدا ہونے والا بچہ امامت کرے' بشرطیکہ وہ قرآن کی تلاوت کرسکتا ہو''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(719)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِيْ الرَّجُلَيْنِ يَؤُمُّ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ قَالَ يَقُوْمُ الْاِمَامُ فِيْ الْجَانِبِ الْاَيْسَرِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جب دو آدمی ہوں اور اُن میں سے ایک دوسرے کی امامت کرے' تو وہ فرماتے ہیں: امام بائیں طرف کھڑا ہوگا''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو

(718) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (92) فی الصلاة: باب الرجل يؤم القوم او يؤم الرجلين-وعبدالرزاق (3838) فی الصلاة: باب هل يؤم ولد الزنا؟ وابن ابی شيبة 216/2 فی الصلاة: باب من رخص فی امامة ولد الزنا-والبيهقی فی "السنن الكبرىٰ" 86/3-والبغوی فی "شرح السنة" 400/3

(719) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (93) فی الصلاة: باب الرجل يؤم القوم او يؤم الرجلين-وعبدالرزاق (3890) فی الصلاة: باب الصلاة يحضر وليس معه الا رجل واحد-وابن ابی شيبة 341/1 فی الصلاة: باب الرجل يصلی عن يمين الامام او يساره

قول ابی حنیفة یکون المامومُ عن یمینه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے: مقتدی اس (امام) کے دائیں طرف کھڑا ہوگا۔

720)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا زَادَ عَلَى الْوَاحِدِ فِي الصَّلَاةِ فَهِيَ جَمَاعَةٌ

''جب نماز میں ایک سے زیادہ افراد ہوں (خواہ دو ہی کیوں نہ ہوں) تو وہ جماعت شمار ہوں گے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

721)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَمَّ يَوْمًا النَّاسَ بِالْمَدَائِنِ فَذَهَبَ لِيَقُوْمَ عَلٰى دُكَّانٍ مِنْ جَصٍّ مُرْتَفِعٍ فَجَذَبَهُ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَالَ اِنَّمَا اَنْتَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ تَقُوْمُ مَعَهُمْ

''(ایک مرتبہ) حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ ''مدائن'' میں لوگوں کو امامت کروانے لگے تو وہ چونے سے بنے ہوئے ایک بلند چبوترے پر کھڑے ہونے لگے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے انہیں کھینچ کر (نیچے کیا) اور بولے: آپ بھی لوگوں میں سے ہی ایک فرد ہیں تو اُن (کے برابر) کی جگہ پر کھڑے ہوں''۔

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت- محمد بن حنیفہ بن ماہان- تمیم بن منتصر- اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون- ابوبکر محمد بن علی بن محمد خیاط- ابوعبداللہ احمد

720) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (94) فی الصلاة: باب الرجل یؤم القوم او یؤم الرجلین- وابن ابی شیبة 5310 فی الصلاة: باب فی الجماعة کم هی؟

721) اخرجه ابن حبان (2143)- وابن خزیمة (1523)- والشافعی فی ''المسند'' 137/1- والبیهقی فی ''السنن الکبری'' 1080- والبغوی فی ''شرح السنة'' (831)

☆☆عن همام قال: صلی بنا حذیفة علی دکان مرتفع فسجد علیه فجبذه ابو مسعود فتابعی فلما قضی الصلاة قال ابو مسعود: الیس قد نهی عن هذ؟ فقال له حذیفة: الم ترنی قد تابعتک؟

بن محمد بن یوسف بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی نے اس روایت کوامام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(722)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے- ابراہیم نخعی کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ کَانَ یَؤُمُّهُمْ فَیَقُوْمُ عَنْ یَسَارِ الطَّاقِ اَوْ عَنْ یَمِیْنِهٖ

''وہ جب اُن لوگوں کی امامت کرتے تھے' تو طاق کے بائیں طرف' یا دائیں طرف کھڑے ہوتے تھے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةثم قال محمد واما نحن فلا نری باساً ان یقوم بحیال الطاق ما لم یدخل قدمه فیه اذا کان مقامه خارجاً منه وسجوده فیه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم تو اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں' اگر وہ طاق کے بالکل برابر' اس میں کھڑا ہو جائے' جبکہ اس کے کھڑے ہونے کی جگہ اس سے باہر ہو اور وہ سجدہ اس کے اندر کرتا ہو۔

(723)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا سَلَّمَ الْاِمَامُ فَلَا یَتَحَوَّلُ الرَّجُلُ حَتّٰی یَنْفَتِلَ الْاِمَامُ اِلَّا اَنْ یَکُوْنَ الْاِمَامُ لَا یَفْقَهُ اَمْرَ الصَّلَاةِ

''جب امام سلام پھیر دے' تو آدمی اس وقت نہ اٹھے' جب تک امام نہیں اٹھتا' البتہ اگر امام نماز کے معاملے کی سمجھ بوجھ رکھتا ہو (تو حکم مختلف ہوگا)''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةثم قال محمد رحمه الله وبه ناخذ لا ندری لعل علیه سجدتی السهو فاذا کان لا یفقه امر الصلاة فلا باس بالانفتال وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' ہم نہیں جانتے ہیں' ہو سکتا ہے اس پر سجدہ سہو لازم ہو گیا ہو' اگر وہ نماز کے احکام سے بخوبی واقف نہ ہو' تو پھر اٹھ جانے میں کوئی حرج نہیں ہے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(724)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- سعید بن جبیر کے

(722) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (104) فی الصلاة:باب الصلاة فی الطاق-وعبد الرزاق (3899) فی الصلاة فی الطاق-وابن ابی شیبة 59/2 فی الصلاة:باب الصلاة فی الطاق

(723) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (105) فی الصلاة:باب الصلاة فی الطاق-وعبدالرزاق (3219) فی الصلاة باب مکث الامام بعد ما سلم-وابن ابی شیبة 302/1 فی الصلاة:باب من کان یستحب اذا سلم ان یقوم او ینحرف

سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا :
حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهُ اَمَّ اَصْحَابَهُ فِيْ بَيْتِهِ عَلٰى بَسَاطٍ قَدْ طَبَقَ الْبَيْتَ

''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنے گھر میں ایسے بچھونے پر' اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھائی' جو انہوں نے گھر میں بچھایا ہوا تھا''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بغوی-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

725)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ تَمِيْمِ بْنِ سَلْمَةَ :
امام ابوحنیفہ نے-تمیم بن سلمہ کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: اَنَّ شَبِيْبَ بْنَ رِبْعِيٍّ قَامَ يُصَلِّيْ فَبَصَقَ فِي الْقِبْلَةِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَهُ حُذَيْفَةُ اِنَّهُ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يَقُوْمُ فِي الصَّلَاةِ اِلَّا اَقْبَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِ بِوَجْهِهِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ حَتّٰى يَنْصَرِفَ

''شبیب بن ربعی کھڑے نماز ادا کر رہے تھے' انہوں نے قبلہ کی سمت میں تھوک دیا' جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اُن سے فرمایا: جب کوئی بندہ نماز ادا کرتا ہے' تو قبلہ کی سمت میں' اللہ تعالیٰ اُس کی طرف رُخ کر لیتا ہے' (اور اس کی طرف اُس وقت تک رُخ رکھتا ہے) جب تک وہ بندہ نماز ختم نہیں کرتا''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوقاسم احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بغوی-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

726)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :
امام ابوحنیفہ نے-عطاء بن یسار کا یہ بیان نقل کیا ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ
''بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اُن لوگوں پر رحمت

724) اخرجه الحاكم في "المستدرك" 390/1-وابن خزيمة 103/2 (1005) في الصلاة: باب الصلاة على البساط-والبيهقي في "السنن الكبرى" 436/2-وابن ماجة (1030)-والطبراني (12206)-وابن ابي شيبة 400/1

725) ☆☆ اخرج ابن حبان (1636)-واحمد 56/4-وابو داؤد (481)
عن السائب بن خلاد ان رجلاً ام قوماً فبصق في القبلة..... قال النبي صلى الله عليه وسلم: "انك آذيت الله

726) اخرجه ابن حبان (402)-وابن خزيمة (177) و (357)-والحاكم في "المستدرك" 191/1-192- واحمد 3/..-والبيهقي في "السنن الكبرى" 16/2 في حديث طويل......

یَصِلُوْنَ الصُّفُوْفَ نازل کرتے ہیں' جوصفوں کوملا کر رکھتے ہیں''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابولبید محمد بن ادریس سرخسی - سوید بن سعید - عثمان بن قاسم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(727)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ قَالَا:

متنِ روایت: كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِيْ بَيْتٍ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَقَامَ يُصَلِّيْ فَقُمْنَا خَلْفَهُ اَحَدُنَا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَالْآخَرُ عَنْ شِمَالِهٖ ثُمَّ قَامَ بَيْنَنَا وَقَالَ هٰكَذَا فَاصْنَعُوْا اِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: علقمہ اور اسود بیان کرتے ہیں: ''ایک مرتبہ ہم حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ (اُن کے) گھر میں موجود تھے' نماز کا وقت ہوا' تو وہ کھڑے ہوئے' تاکہ نماز پڑھائیں' ہم ان کے پیچھے کھڑے ہو گئے' ایک اُن کے دائیں طرف اور دوسرا اُن کے بائیں طرف کھڑا ہوا' وہ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے' انہوں نے فرمایا: جب تم تین افراد ہو' تو اسی طرح کیا کرو''۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - یعقوب بن یوسف بن موسیٰ مروزی - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابن خسرو نے اس روایت کو - ابوالفضل بن خیرون - اُن کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة وزاد فيه وكان اذا ركع طبق وصلی بغير اذان ولا اقامة وقال تجزء اقامة الناس حولنا ثم قال محمد ولسنا ناخذ بقول عبد الله فی الثلاثة ولكنا نقول اذا كانوا ثلاثة تقدم الامام عليهما وصلی الباقيان خلفه ولسنا ناخذ بقوله ايضاً فی التطبيق بين يديه اذا ركع ثم يجعلهما بين ركبتيه ولكنا نری ان يضع الرجل راحتيه علی ركبتيه ويفرج اصابعه تحت الركبتين واما صلاته بغير اذان ولا اقامة فذلك والاذان والاقامة افضل وان اقام للصلوة ولم يؤذن فذلك افضل من الترك للاقامة وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' اور اس میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں: وہ جب رکوع میں جاتے تو تطبیق کیا کرتے تھے' اور وہ اذان اور اقامت کے بغیر (گھر میں) نماز

(727) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (95) فی الصلاة: باب الرجل يؤم القوم او يؤم الرجلين- وعبد الرزاق (3884) فی الصلاة: باب الرجل يؤم الرجلين والمرأة- وابن ابی شيبة 245/1 فی الصلاة: باب من كان يطبق يديه بين فخذيه- والطحاوی فی شرح معانی الآثار "229/1- والطبرانی فی "الكبير" (93/6)

کر لیتے تھے اور یہ فرماتے تھے: ہمارے اردگرد کے لوگوں کی اقامت کفایت کر جائے گی۔

پھر امام محمد فرماتے ہیں: تین افراد کے بارے میں ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول اختیار نہیں کرتے ہیں' ہم یہ کہتے ہیں: جب تین افراد ہوں' تو امام' دونوں افراد سے آگے کھڑا ہوگا' اور باقی دو افراد اس کے پیچھے کھڑے ہونگے۔

رکوع میں دونوں میں تطبیق دے کر' گھٹنوں کے درمیان رکھنے کے حوالے سے بھی' ہم ان کے قول کو اختیار نہیں کرتے ہیں' ہم اس بات کے قائل ہیں: کہ آدمی اپنی ہتھیلیاں' گھٹنوں پر رکھے گا' اور انگلیاں کھول کر انہیں گھٹنوں سے نیچے رکھے گا۔

جہاں تک اذان اور اقامت کے بغیر نماز ادا کرنے کا تعلق ہے' تو یہ ٹھیک ہے' لیکن اذان اور اقامت کے ہمراہ نماز ادا کرنا افضل ہے' اگر نماز کے لیے صرف اقامت کہی جائے' اور اذان نہ دی جائے' تو یہ اقامت ترک کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(728)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَلْبُزَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيْئَةٌ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهٗ

امام ابوحنیفہ نے -مسعر- قتادہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مسجد میں تھوک پھینکنا گناہ ہے اور اُس کا کفارہ' اُس کو دفن کرنا ہے''۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابوبکر خطیب بغدادی - حسن بن حسین نعال - ابومحمد عبداللہ بن حمدویہ نہروانی - لیث بن محمد بن لیث مروزی - محمد بن حسن موصلی - محمد بن یوسف بن عاصم - احمد بن ابراہیم - اشعث بن عطاف - سفیان ثوری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن عبداللہ انصاری - ابوبکر خطیب بغدادی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(729)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ الْيَامِيِّ الْكُوْفِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ يُكَبِّرُ اِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ

امام ابوحنیفہ نے -طلحہ بن مصرف یامی کوفی کے حوالے سے ابراہیم نخعی کے بارے میں' یہ روایت نقل کی ہے:

''جب مؤذن قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ کہتا' تو وہ (یعنی ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ) تکبیر کہہ دیا کرتے تھے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اسحاق بن محمد بن مروان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - مصعب بن

(728) اخرجه احمد 109/3 - وابو يعلى (3161) - ابوداؤد (476) - وعبد الرزاق (1697) - والترمذى (572) - والطبرانى فى "الصغير" (101) - وابن حبان (1635) - والخطيب فى "تاريخ بغداد" 396/8

(729) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (63) فى الصلاة: باب الاذان - وعبد الرزاق 74/2 (2550) فى الصلاة: باب متى يكبر الامام؟

مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - محمد بن عبداللہ بن نوفل - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابن یمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(**730**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ طَلْحَةِ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: اِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ فَيَنْبَغِيْ لِلْقَوْمِ اَنْ يَّقُوْمُوْا لِلصَّلٰوةِ فَاِذَا قَالَ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ كَبَّرَ الْاِمَامُ

امام ابوحنیفہ نے - طلحہ بن مصرف کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"جب مؤذن (اقامت میں) حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کہے لوگوں کو چاہیے کہ وہ نماز کے لیے کھڑے ہو جائیں اور جب قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةَ کہے تو امام تکبیر (تحریمہ) کہہ دے"۔

**ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابى حنيفة فان كف الامام حتى فرغ المؤذن من الاقامة ثم كبر فلا باس ايضاً كل ذلك حسن**

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے اگر امام رُکا رہے یہاں تک کہ مؤذن پوری اقامت کہہ کر فارغ ہو جائے اور پھر امام تکبیر (تحریمہ) کہے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے یہ سب (طریقے) ٹھیک ہیں۔

(**731**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَحْيٰى بْنِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَخَفَّفَ فَسَاَلْتُهٗ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ سَمِعْتُ بُكَاءَ صَبِيٍّ فَكَرِهْتُ اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمِّهٖ فَاَيُّكُمْ صَلّٰى بِالنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ وَلْيُتِمَّ فَاِنَّ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ وَالْكَبِيْرُ وَذَا الْحَاجَةِ

امام ابوحنیفہ نے - یحییٰ بن عبدالحمید - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"(ایک مرتبہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھاتے ہوئے اُس کو مختصر کر دیا (بعد میں) میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس (کی وجہ) کے بارے میں دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے ایک بچے کے رونے کی آواز سنی تھی تو میں نے اس بات کو ناپسند کیا کہ اُس کی ماں کو پریشانی کا شکار کروں تم میں سے جو بھی شخص لوگوں کو نماز پڑھائے وہ مختصر

(730) قد تقدم-وهوالاثر السابق

(731) اخرجه ابن حبان (1760)-والبغوى فى "شرح السنة" (843)-ومالك فى "الموطأ" 134/1 فى الصلاة: باب العمل فى صلاة الجماعة-والشافعى فى "المسند" 132/1-واحمد 486/2-والبخارى (703) فى الاذان-وابو داؤد (794) فى الصلاة فى تخفيف الصلاة-والبيهقى فى "السنن الكبرىٰ" 17/3

مکمل نماز پڑھائے‘ کیونکہ اُن میں ضعیف‘ عمر رسیدہ‘ اور کام کاج والے لوگ بھی ہوتے ہیں“۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ”مسند“ میں - صالح بن ابومقاتل - عبداللہ بن حمدویہ بغلانی - محمود بن آدم - فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے‘ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابن مخلد - عبداللہ بن جعفر بلخی - حمدان بن سہل (اور) محمد بن علی (اور) عبدالصمد بن فضل‘ ان سب نے - شداد - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ - محمد بن علی (اور) محمد بن موسیٰ‘ ان دونوں نے - شداد - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ”مسند“ میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر خیاط مقری - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - محمد بن زرعہ بن شداد - شداد بن حکیم - زفر بن ہذیل کے حوالے سے‘ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی عمر اشنانی نے اس کو امام ابوحنیفہ تک اپنی سند کے ساتھ بھی نقل کیا ہے۔

۔۔۔ - سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ یَحْیٰی بْنِ عَبْدِ الْحَمِیْدِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَنْ اَمَّ قَوْمًا فَلْیُخَفِّفْ فَاِنَّ فِیْهِمِ الشَّیْخَ وَالضَّعِیْفَ وَذَا الْحَاجَةِ

امام ابوحنیفہ نے - یحییٰ بن عبدالحمید - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

”جو شخص لوگوں کو نماز پڑھائے وہ مختصر پڑھائے‘ کیونکہ ان میں بوڑھے‘ ضعیف‘ اور کام کاج والے لوگ بھی ہوتے ہیں“۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - منذر بن محمد قابوسی - حسین بن محمد بن علی ازدی - امام ابویوسف (اور) اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ”مسند“ میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر خیاط - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

۔۔۔ - سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ

امام ابوحنیفہ نے - اسماعیل بن عبدالملک - مجاہد - عطاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما

---

قد تقدم - وهو حديث سابقه

اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (169)

قلت: وقد اخرج ابو يعلى (4039) - وابن حجر في "المطالب العالية" 79/1 (277)

... قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن النوم قبل العشاء وعن السمر بعدها

عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا قَالَ:

متنِ روایت: لَاَنْ اُصَلِّیَ الْعِشَاءَ مُنْفَرِدًا قَبْلَ النَّوْمِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ صَلَاتِہَا بِجَمَاعَۃٍ بَعْدَ النَّوْمِ

فرماتے ہیں: ''میں سونے سے پہلے عشاء کی نماز اکیلا ادا کرلوں یہ میرے نزدیک اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میں اس کو سونے کے بعد (بیدار ہوکر) باجماعت ادا کروں''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اسحاق بن محمد بن مروان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(734)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاہِیْمَ اَنَّہٗ قَالَ:

متنِ روایت: اِذَا دَخَلْتَ فِیْ صَلَاۃِ الْقَوْمِ وَاَنْتَ لَا تَنْوِیْ صَلَاتَہُمْ لَمْ تُجْزِكَ وَاِنْ صَلَّی الْاِمَامُ صَلَاتَہٗ وَنَوَی الَّذِیْ خَلْفَہٗ غَیْرَہَا اَجْزَاَتِ الْاِمَامَ وَلَمْ تُجْزِہِمْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''جب تم کسی قوم (یعنی کچھ لوگوں) کے ساتھ (باجماعت) میں شامل ہوتے ہو اور ان کی نماز کی نیت نہ کرتے' تو وہ نماز درست نہیں ہوگی' اور جب امام اپنی نماز پڑھ رہا ہو اور مقتدی نے دوسری نماز کی نیت کی ہو' تو امام کی درست ہوگی اور مقتدیوں کی نماز درست نہیں ہوگی''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے

(735)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ تَوْبَۃَ عَنْ عَبْدِ رَبِّہٖ عَنْ عِکْرَمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متنِ روایت: اَلصَّلَاۃُ فِیْ جَمَاعَۃٍ اَفْضَلُ مِنَ الْمُنْفَرِدِ بِسَبْعٍ وَعِشْرِیْنَ دَرَجَۃً

امام ابوحنیفہ نے - توبہ - عبدربہ - عکرمہ کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ''باجماعت نماز ادا کرنا' تنہا نماز ادا کرنے پر ستائیس درجے فضیلت رکھتا ہے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت - ابن عقدہ - قاسم بن محمد بن حماد - ابو لیلیٰ عفان بن حسن - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(736)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے

(734) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (103) في الصلاة: باب صلاة التطوع - وفي (154) باب ما يعاد من الصلاة وما يكره منها - وابن ابي شيبة 68/2

(735) اخرجه ابن ابي شيبة 481/2 في الصلاة: باب ماجاء في فضل صلاة الجماعة على غيرها

(736) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (126) في الصلاة: باب من سبق بشئ من صلاته - وابن ابي شيبة في الصلاة: باب من كره ان يركع دون الصف

ابراهیم قَالَ:

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالْقَوْمُ رُكُوْعٌ فَلْيَرْكَعْ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّشْتَدَّ

''جب آدمی مسجد میں داخل ہو اور لوگ اس وقت رکوع میں ہوں تو وہ بھاگ کر جائے بغیر (صف میں پہنچ کر) رکوع میں چلا جائے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد ولسنا ناخذ بهذا ولكنه يمشي على هينة حتى يدرك الصف فيصلي ما ادرك ويقضي ما فاته

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کو اختیار نہیں کرتے ہیں آدمی عام رفتار سے چلتا ہوا صف تک پہنچے گا اور جتنی نماز ملے گی اس کو ادا کرلے گا اور جو گزر چکی ہوگی اس کو بعد میں ادا کرلے گا۔

737)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ خَلَفِ بْنِ يَاسِيْنَ بْنِ مُعَاذِ الزَّيَّاتِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ:

امام ابوحنیفہ نے- خلف بن یاسین بن معاذ زیات- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- حبیب بن ابوثابت کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: اَنَّ الْجُنُبَ اِذَا صَلّٰى بِقَوْمٍ عَلَيْهِ اَنْ يُّعِيْدَ وَيُعِيْدُوْا مَعَهٗ

''اگر جنبی شخص لوگوں کو نماز پڑھادے تو اس پر یہ لازم ہوگا کہ وہ نماز کو دہرائے اور اس کے ساتھ لوگ بھی نماز کو دہرائیں گے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- عبدالواحد بن حماد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: امام ابوحنیفہ (اور) سفیان ثوری نے یہ روایت یاسین (بن معاذ زیات) سے بھی روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

738)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَزِيْدَ الْخَوْزِيِّ الْمَكِّيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- ابراہیم بن یزید خوزی مکی- عمرو بن دینار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: - امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِي الرَّجُلِ يُصَلِّي بِالْقَوْمِ جُنُبًا قَالَ يُعِيْدُ وَيُعِيْدُوْنَ

''جو شخص لوگوں کو جنابت کی حالت میں نماز پڑھادے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ (یعنی امام) اور لوگ (یعنی مقتدی) نماز کو دہرائیں گے''۔

---

(737) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في ''الآثار'' (135) في الصلاة: باب ما يقطع الصلاة- وعبد الرزاق (3663) في الصلاة: باب يؤم القوم وهو جنب او على غير وضوء - وابن ابي شيبة 44/2 في الصلاة: باب الرجل يؤم بالقوم وهو على غير وضوء

ثم قال محمد (واخبرنا) عبد الله بن المبارك (عن) يعقوب بن قعقاع عن عطاء بن ابی رباح فِيْ رَجُلٍ يصلی باصحابه بغير وضوء قال يعيد ويعيدون

ثم قال محمد (واخبرنا) عبد الله بن المبارك (عن) عون بن عبد الله (عن) محمد بن سيرين قال احب الی ان يعيدوا معاً ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

پھر امام محمد فرماتے ہیں: عبداللہ بن مبارک نے - یعقوب بن قعقاع - عطاء بن ابورباح کے حوالے سے نقل کیا ہے: جو شخص اپنے ساتھیوں کو وضو کے بغیر نماز پڑھادے تو عطاء فرماتے ہیں: وہ شخص اور (مقتدی) لوگ نماز کو دہرائیں گے۔

پھر امام محمد فرماتے ہیں: عبداللہ بن مبارک نے - عون بن عبداللہ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: محمد بن سیرین فرماتے ہیں: مجھے یہ بات پسند ہے کہ وہ سب لوگ مل کر اس نماز کو دوبارہ ادا کریں۔

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**(739)** - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ صَلّٰى بِاَصْحَابِهِ الْمَغْرِبَ فَلَمْ يَقْرَاْ فِيْ شَيْءٍ مِنْهَا حَتّٰى اِنْصَرَفَ فَقَالَ لَهُ اَصْحَابُهُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَقْرَاَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقَالَ اَوَمَا فَعَلْتُ اِنِّيْ جَهَّزْتُ عِيْرًا اِلَى الشَّامِ فَلَمْ اَزَلْ اُرَحِّلُهَا مَنْقَلَةً مَنْقَلَةً حَتّٰى وَرَدَتِ الشَّامَ فَاَعَادَ وَاَعَادَ اَصْحَابُهُ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''(ایک مرتبہ) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں کو مغرب کی نماز پڑھائی تو انہوں نے (بلند آواز میں) قرأت نہیں کی یہاں تک کہ انہوں نے نماز مکمل کر لی ان کے ساتھیوں نے اُن سے دریافت کیا: امیر المومنین! آپ نے قرأت کیوں نہیں کی؟ انہوں نے فرمایا: کیا میں نے ایسا کیا ہے؟ (پھر انہوں نے وضاحت کی:) میں نے شام کی طرف ایک قافلہ بھجوایا تھا تو میں اُس کو ہر پڑاؤ پر رُکواتا اور چلاتا رہا یہاں تک کہ وہ شام پہنچ گیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نماز دُہرائی اور اُن کے ساتھیوں نے بھی اُس کو دُہرایا''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنيفة اذا صلى الامام جنباً او علی غير وضوء اً وفسدت صلاته بوجه من الوجوه فسدت صلاة من خلفه

(739) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (152) فی الصلاة: باب مايعاد من الصلاة وما يكره منها - وفی "الحجة علی اهل المدينة" 237/1 - وابو يوسف فی "الآثار" 29 - وابن ابی شيبة 434 فی الصلاة: من كان يقول: اذا نسی القراءة اعاد - والبيهقی فی "السنن الكبری" 382/2

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے: جب امام جنابت یا بے وضو حالت میں نماز پڑھادے اوراس کی نماز کسی بھی وجہ سے فاسد ہوجائے تو اس کے پیچھے موجود افراد کی نماز بھی فاسد ہوجائے گی۔

740)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ لَمْ يَبْرَحْ مِنْ مَوْضِعِهٖ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَتَبْيَضَّ

امام ابوحنیفہ نے- سماک بن حرب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد اپنی جگہ پر تشریف فرما رہتے تھے یہاں تک کہ سورج طلوع ہونے کے بعد روشن ہوجاتا تھا''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- صالح- نجیح بن ابراہیم جواہل کوفہ کے فقیہ ہیں- محمد بن عمران بن ابولیلیٰ- حمید بن عبدالرحمٰن رؤاسی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

741)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ سَوُّوْا مَنَاكِبَكُمْ تَرَاصُّوْا اَوْ لَيَتَخَلَّلَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ كَاَوْلَادِ الْحَذَفِ اِنَّ اللهَ وَمَلَائِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلٰى مُقِيْمِ الصُّفُوْفِ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''تم لوگ اپنی صفیں درست رکھو اپنے کندھے برابر رکھو ایک دوسرے کے ساتھ مل کے کھڑے ہو ورنہ شیطان بھیڑ کے بچوں کی طرح تمہارے درمیان خلل ڈال دے گا بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے صفیں درست رکھنے والوں پر رحمت نازل کرتے ہیں''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوحسین علی بن حسین بن ایوب بزاز- قاضی ابوالعلاء محمد بن علی بن یعقوب- ابوبکر محمد بن جعفر بن حمدان قطیعی- بشر بن موسیٰ- ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

742)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی- شعبی

---

740) اخرجه احمد 439/3- والطبرانی فی" لکبیر" 442/20- وابن عبد الحکم فی "فتوح مصر" 296- وابو داؤد (1287)- والبیهقی فی "السنن الکبرى" 49/3

عن سهل بن معاذ عن ابیه عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه قال: من قعد فی مصلاه حین یصلی الصبح حتی یصبح لا یقول الا خیراً غفرت له خطایاه وان کانت اکثر من زبد البحر"

741) اخرجه ابن ابی شیبة 352/1 فی الصلاة: باب ما قالوا فی اقامة الصف- والبیهقی فی "السنن الکبرى" 21/1 فی الصلاة: باب الامام حتی یأمر بتسویة الصفوف خلفه- وعبد الرزاق (2433) و (2434)- والمتقی الهندی فی "الکنز" (5306)

اِبْرَاهِيمَ عَنْ الشَّعْبِيِّ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا :

کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الْخُرُوْجِ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ وَالْعِشَاءِ الْآخِرَةِ لِلنِّسَاءِ فَقَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عُمَرَ اِذًا يَتَّخِذْنَهُ دَغَلًا فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اُخْبِرُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَتَقُوْلُ هٰذَا

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین کو صبح اور عشاء کی نماز (باجماعت میں شرکت کے لیے گھر سے) نکلنے کی اجازت دی ہے تو ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: خواتین تو اسے خرابی کا ذریعہ بنالیں گی تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے ایک بات بتا رہا ہوں اور تم یہ بات کہہ رہے ہو؟''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن ابراہیم بن زیاد- ابو بلال- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(**743**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے حماد کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْمُؤَذِّنِيْنَ يُؤَذِّنُوْنَ فَوْقَ الْمَسْجِدِ ثُمَّ يُصَلُّوْنَ فَوْقَ الْمَسْجِدِ قَالَ يُجْزِيْهِمْ

''میں نے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے ایسے مؤذنین کے بارے میں دریافت کیا' جو مسجد کے اوپر (یعنی چھت پر) اذان دیتے ہیں اور پھر اوپر ہی نماز ادا کر لیتے ہیں' انہوں نے فرمایا: ان کے لیے ایسا کرنا جائز ہے (یا اُن کی نماز درست ہوگی)''۔

(اخرجه)الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنيفةثم قال محمد وبه ناخذ ما لم يكونوا قدام الامام وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' بشرطیکہ وہ امام سے آگے نہ کھڑے ہوں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**744**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

(742) اخرجه ابن حبان (2210)-ومسلم (442) (138) فی الصلاة:باب خروج النساء الی المساجد-والترمذی (570) فی الصلاة:باب ما جاء فی خروج النساء الی المساجد-واحمد 49/2-وعبد الرزاق (5108)- وابو عوانة 57/2-والطبرانی فی ''الكبير'' (13471)

(743) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی ''الآثار'' (115) فی الصلاة:باب فضل صلاة الجماعة وركعتی الفجر- وابن ابی شيبة 224/2 فی الصلاة:باب فی المؤذن يصلی فی المئذنة

(744) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی ''الآثار'' (116) فی الصلاة:باب فضل صلاة الجماعة وركعتی الفجر- وعبد الرزاق (4882) فی الصلاة:باب الرجل صلی وراء الامام خارجاً من المسجد-وابن ابی شيبة 223/2 فی الصلاة: باب فی الرجل يصلی وبينه وبين الامام حائط

متنِ روایت: فِیْ الرَّجُلِ یَکُوْنُ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْاِمَامِ شَیْءٌ قَالَ حَسَنٌ مَا لَمْ یَکُنْ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْاِمَامِ طَرِیْقٌ اَوْ بُنْیَانٌ

''جس شخص اور امام کے درمیان کوئی چیز ہو' اس کے بارے میں' وہ یہ فرماتے ہیں: (اُس کی نماز) ٹھیک ہوگی' جبکہ اُس کے اور امام کے درمیان کوئی راستہ' یا عمارت نہ ہو''۔

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

(745)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ ابْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ:

امام ابوحنیفہ نے -علقمہ بن مرثد - ابن بریدہ کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متنِ روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلاً یَنْشِدُ جَمَلاً فِیْ الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَا وَجَدْتَّ

''نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو مسجد میں' اپنے گمشدہ اونٹ کا اعلان کرتے ہوئے سنا' تو فرمایا: تم اُسے نہ پاؤ''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - حسین بن عبدالرحمٰن بن محمد ازدی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - خلف بن یاسین زیات - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

تاہم انہوں نے' اس کے آخر میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

ان هذه البیوت بنیت لما بنیت له

''اِن گھروں کے اِن کے مخصوص مقاصد کے لیے بنایا گیا ہے''

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اسماعیل بن حماد کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے - یہ امام ابو یوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے منقول ہے' تاہم انہوں نے اس میں علقمہ سے آگے کسی راوی کا ذکر نہیں کیا۔

(746)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سعید بن جبیر فرماتے ہیں:

متنِ روایت: صَلَاةُ الرَّجُلِ فِیْ جَمَاعَةٍ تَفْضُلُ صَلَاةَ الرَّجُلِ وَحْدَهٗ خَمْسًا وَعِشْرِیْنَ صَلَاةً

''آدمی کا باجماعت نماز ادا کرنا' اُس کے تنہا نماز ادا کرنے پر پچیس گنا فضیلت رکھتا ہے''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

745) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (94)- وابن حبان (1652)- وعبدالرزاق (1721)- ومن طريقه مسلم (569) - وابو عوانة (407)- والبيهقي في "السنن الكبرى" 447/2- وابن ابي شيبة 419/2- وابن ماجة 765 في المساجد

746) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (111) في الصلاة: باب فضل صلاة الجماعة وركعتي الفجر

(747)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ عَنْ عِكْرَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِرَجُلٍ وَصَلَّى خَلْفَهُ اِمْرَاَةٌ صَلّٰى بِهِمْ جَمَاعَةً

امام ابوحنیفہ نے -ہیثم -عکرمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کے ساتھ نماز ادا کی آپ ﷺ کے پیچھے ایک خاتون نے بھی نماز ادا کی' آپ ﷺ نے انہیں باجماعت نماز پڑھائی تھی''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -صالح بن منصور بن نصر صغانی -انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے -ابومقاتل حفص بن سالم فزاری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ہارون بن ہشام -ابومقاتل حفص -اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' انہوں نے اسی کی مانند اس کو نبی اکرم ﷺ تک مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے۔

(748)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: مَنْ صَلّٰى بَيْنَ يَدَيِ الْاِمَامِ وَخَلْفَهُ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ يَسَارِهٖ وَيَاْتَمُّوْنَ بِالْاِمَامِ قَالَ اَمَّا الَّذِيْ خَلْفَهُ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ يَسَارِهٖ فَصَلَاتُهُمْ تَامَّةٌ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اَمَامَهُ فَلَيْسَتْ صَلَاتُهُمْ تَامَّةً

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''ایک شخص امام کے آگے کھڑا ہو کر نماز ادا کرے' ایک اس کے دائیں طرف' ایک اس کے بائیں طرف' ایک اس کے پیچھے (کھڑے ہو کر نماز ادا کریں) اور وہ سب اس امام کی اقتداء کر رہے ہوں' تو ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو افراد امام کے پیچھے' دائیں اور بائیں کھڑے ہوئے ہیں' ان کی نماز مکمل ہوگی اور جو اُس کے آگے کھڑا ہوا تھا' اُس کی نماز مکمل (یعنی ادا شمار) نہیں ہوگی''۔

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی -ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان -ابوبکر محمد بن جعفر بن حمدان قطیعی -بشر بن موسیٰ -ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

قال ابن خسرو وقال المقرى يقول اهل البصرة بل صلاتهم تامة صلاتهم تامة فى الجمعيات والاعياد لان الناس يكثرون

ابن خسرو بیان کرتے ہیں: مقری فرماتے ہیں: اہل بصرہ کہتے ہیں: جمعہ اور عیدین میں ایسے لوگوں کی نماز مکمل شمار ہوگی' کیونکہ لوگوں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے۔

(749)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ عَنْ جَابِرِ بْنِ الْاَسْوَدِ اَوِ الْاَسْوَدِ بْنِ جَابِرٍ عَنْ اَبِيْهِ:

امام ابوحنیفہ نے -ہیثم - جابر بن اسود (راوی کو شک ہے شاید) اسود بن جابر کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے

(747) اخرجه الطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 307/1-واحمد 131/3-وابن حبان (2205)-ومالك فى الموطا 153/1-والشافعى فى "المسند" 105/1-والدارمى (1287)-والبخارى (3801)-وابوداؤد (612)

متن روایت: اَنَّ رَجُلَيْنِ صَلَّيَا الظُّهْرَ فِيْ بُيُوْتِهِمَا عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُمَا يَرَيَانِ اَنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا ثُمَّ اَتَيَا الْمَسْجِدَ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ فَقَعَدَا فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ وَهُمَا يَرَيَانِ اَنَّ الصَّلَاةَ لَا تَحِلُّ لَهُمَا فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَآهُمَا فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمَا فَجِيْءَ بِهِمَا وَفَرَائِصُهُمَا تَرْعُدُ مَخَافَةَ اَنْ يَكُوْنَ قَدْ حَدَثَ فِيْ اَمْرِهِمَا شَيْءٌ فَاَخْبَرَاهُ الْخَبَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا فَعَلْتُمَا ذٰلِكَ فَصَلِّيَا مَعَ النَّاسِ وَاجْعَلَا الْاُوْلٰى هِيَ الْفَرِيْضَةُ

''نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں دو آدمیوں نے اپنے گھر میں نماز ادا کر لی' وہ یہ سمجھے کہ باجماعت نماز ہو چکی ہو گی' پھر وہ دونوں مسجد آئے' تو نبی اکرم ﷺ نماز ادا کر رہے تھے' وہ دونوں مسجد کے کونے میں بیٹھ گئے' وہ دونوں یہ سمجھے کہ اب اِس نماز کو (دوبارہ) ادا کرنا اُن کے لیے جائز نہیں ہے' نماز مکمل کرنے کے بعد' جب نبی اکرم ﷺ نے اُن دونوں کو ملاحظہ فرمایا: تو انہیں (اپنے پاس) بلوایا' اُن دونوں کو لایا گیا' تو اُن کے اعضاء کانپ رہے تھے' انہیں یہ اندیشہ ہوا تھا کہ کہیں اُن کے بارے میں کوئی نیا حکم نہ آ گیا ہو' اُن دونوں نے نبی اکرم ﷺ کو ساری صورتحال بتائی' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''جب تم ایسا کر چکے تھے' تو تم نے لوگوں کے ساتھ بھی نماز ادا کر لینی تھی' اور اپنی پہلی نماز کو ہی' فرض شمار کرنا تھا''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن منصور بن نصر صغانی - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - ابومقاتل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: ایک جماعت نے یہ روایت ہیثم کے حوالے سے نقل کی ہے' ان میں سے بعض حضرات نے اس کو نبی اکرم ﷺ تک مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے اور بعض حضرات نے ہیثم سے آگے کسی راوی کا ذکر نہیں کیا ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن ابي حنيفة (عن) الهيثم يرفعه الى النبي صلى الله عليه و آله وسلم ثم قال محمد وبه ناخذ ولا نرى ان تعاد العصر والفجر ولا المغرب

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ اور ہیثم کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ تک ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' البتہ ہم یہ سمجھتے ہیں: (اس طرح کی صورتحال میں) عصر' فجر اور مغرب کی نماز کو نہیں دہرایا جائے گا۔

750 - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متن روایت: اِذَا صَلَّيْتَ الْفَجْرَ وَالْمَغْرِبَ ثُمَّ

امام ابوحنیفہ نے - مالک بن انس - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''جب تم فجر یا مغرب کی نماز پہلے (تنہا) ادا کر چکے ہو' اور

749) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (97) في الصلاة: باب من صلى الفريضة - وابو داؤد (575) في الصلاة: باب من صلى في منزله ثم ادرك الجماعة يصلي معهم - والترمذي (219) في الصلاة: في ابواب الصلاة: باب ما جاء في الرجل يصلي وحده ثم يدرك الجماعة - واحمد 160/4 - والحاكم في "المستدرك" 245/1

اَدْرَکْتُهُمَا فَلَا تُعِدْهُمَا پھر اُن دونوں (میں سے کسی نماز کو باجماعت) پاؤ تو تم اُن دونوں کو نہ دہراؤ''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد اما الفجر والعصر فلا ینبغی ان یصلی بعدهما نافلة لقول رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم لا صلاة بعد العصر حتی تغرب الشمس ولا بعد الفجر حتی تطلع الشمس واما المغرب فهی وتر فیکره ان یصلی متطوع وتراً فان دخل رجل معهم متطوعاً فسلم الامام فلیقم ولیضف الیها رابعة ویشهد ویسلم ثم قال وهذا کله قول ابی حنیفة رحمه الله

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: جہاں تک فجر اور عصر کی نماز کا تعلق ہے تو ان دونوں نمازوں کے بعد نفل نماز ادا نہیں کی جائے گی کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک اور فجر کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے تک کوئی نماز ادا نہیں کی جائے گی' جہاں تک مغرب کی نماز کا تعلق ہے تو وہ وتر (یعنی طاق) ہوتی ہے تو یہ بات مکروہ ہے کہ کوئی شخص وتر (یعنی طاق تعداد میں) نوافل ادا کرے اور اگر کوئی شخص لوگوں کے ساتھ نفل ادا کرنے والے کے طور پر شامل ہو تو جب امام سلام پھیر دے تو وہ شخص کھڑا ہو اور اس کے ساتھ چوتھی رکعت شامل کرنے کے بعد تشہد پڑھے اور سلام پھیر دے' پھر امام محمد نے یہ فرمایا: امام ابوحنیفہ کا بھی ان سب صورتوں کے بارے میں یہی قول ہے۔

(**751**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا سَهَا الْاِمَامُ فَلَمْ یَسْجُدْ سَجْدَتَیِ فِی السَّهْوِ فَلَیْسَ عَلَیْكَ اَنْ تَسْجُدَهُمَا

''جب امام کو سہو لاحق ہو اور وہ سجدہ سہو نہ کرے' تو تم پر بھی سجدہ سہو کرنا لازم نہیں ہوگا''۔

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی-ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان-ابوبکر محمد بن جعفر بن محمد ابن قطیعی-بشر بن موسیٰ-ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**752**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حُمَیْدٍ امام ابوحنیفہ نے-حمید طویل کے حوالے سے یہ روایت نقل

(750) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (98) فی الصلاة: باب من صلی الفریضة-وعبد الرزاق (3939) - ومالك فی ''الموطأ'' 297

(751) اخرجه ابن ابی شیبة 39/2 فی الصلاة: باب الامام یسهو فلا یسجد ما یصنع القوم؟-وعبدالرزاق (3508) فی الصلاة باب هل علی من خلف الامام سهو؟

(752) اخرجه ابن حبان (2267)-واحمد 176/3-والبخاری (412) فی الصلاة: باب لا یبصق عن یمینه فی الصلاة-ومسلم (551) فی المساجد: باب النهی عن البصاق فی المسجد-وعبد الرزاق (162)- والبیهقی فی ''السنن الکبریٰ'' 255/1

الطَّوِيْلِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ :

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ رَاٰى فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ نُخَامَةً فَحَكَّهَا بِيَدِهٖ وَرُؤِيَ فِيْ وَجْهِهٖ كَرَاهَةً وَشِدَّةً عَلَيْهِ وَقَالَ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ يُنَاجِيْ رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَرَبُّهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قِبْلَتِهٖ فَلَا يَبْصُقْ فِيْ قِبْلَتِهٖ وَلٰكِنْ عَنْ يَسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى ثُمَّ اَخَذَ طَرَفَ رِدَائِهٖ وَبَصَقَ فِيْهِ وَرَدَّ بَعْضَهُ عَلٰى بَعْضٍ ثُمَّ قَالَ وَيَفْعَلُ هٰكَذَا

کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''(ایک مرتبہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرنے کے لیے کھڑے ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں قبلہ کی سمت میں (دیوار پر) تھوک لگا ہوا دیکھا' تو اس کو اپنے دست مبارک کے ذریعے کھرچ دیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر شدید ناراضگی اور ناپسندیدگی کے آثار نمودار ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص نماز ادا کرنے کے لیے کھڑا ہوتا ہے' تو وہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں مناجات کرتا ہے' اور اس کا پروردگار' اُس کے اور قبلہ کے درمیان میں (یعنی قبلہ کی سمت میں) ہوتا ہے' تو اُس کو قبلہ کی سمت میں نہیں تھوکنا چاہیے' بلکہ بائیں طرف' یا بائیں پاؤں کے نیچے تھوکنا چاہیے' یا اپنی چادر کا کنارہ پکڑ کر اس میں تھوک دینا چاہیے اور پھر اُس کو مل دینا چاہیے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس طرح کر دینا چاہیے''۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابومحمد حسن بن عبداللہ - محمد بن عبداللہ - محمد ابن حمدان بن مہران - علی بن سلمہ - حفص - محمد بن اسحاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن محمد صیرفی - ابومحمد فارسی - محمد بن مظفر حافظ - انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

753- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: ثَلَاثَةٌ لَا يَؤُمُّوْنَ وَلَدُ الزِّنَا وَالْاَعْرَابِيُّ وَالْعَبْدُ وَاِنْ قَرَئُوْا الْقُرْآنَ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''تین قسم کے لوگ امامت نہیں کروائیں گے' خواہ وہ قرآن پڑھ سکتے ہوں' زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والا شخص' دیہاتی' اور غلام''۔

حافظ حسین بن محمد ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن علی بن محمد خطیب - محمد بن احمد خطیب - علی بن ربیعہ - حسن بن رشیق - محمد بن حفص - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

753) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (92) - والحصكفي في "مسند الامام" (131) - وعبد الرزاق (3838) - وابن ابي شيبة 216/2 - والبيهقي في "السنن الكبرى" 86/3

☆☆عن ابراهيم قال: يؤم القوم ولد الزنا والعبد والاعرابي اذا قرأ القرآن

(754)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى بَيَاضِ قَدَمَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حِيْنَ خَرَجَ اِلَى الصَّلَاةِ فِيْ مَرْضِهٖ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں کی سفیدی کی منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیماری کے دوران نماز کے لیے تشریف لے گئے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ تک اپنی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(755)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ صُبَيْحٍ:

امام ابوحنیفہ نے -عبدالملک بن عمیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: معبد بن صبیح بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلّٰى خَلْفَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَاَحْدَثَ الرَّجُلُ فَانْصَرَفَ وَلَمْ يَتَكَلَّمْ حَتّٰى تَوَضَّاَ ثُمَّ اَقْبَلَ وَهُوَ يَقُوْلُ (وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ)

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کر رہے تھے' انہیں حدث لاحق ہوگیا' تو وہ نماز چھوڑ کر چلے گئے' انہوں نے اس دوران کوئی کلام نہیں کیا' یہاں تک کہ وہ وضو کر کے آئے' تو وہ یہ (آیت) پڑھ رہے تھے:

''اور انہوں نے جو کیا ہو' وہ جانتے بوجھتے ہوئے' اس پر اصرار نہیں کرتے ہیں''۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون -علی بن حسن بن شاذان - قاضی ابونصر بن اشکاب -عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ قزوینی - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(756)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ:

امام ابوحنیفہ نے -علقمہ بن مرثد - ابن بریدہ ابن بریدہ کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ رَاٰى رَجُلًا يُنْشِدُ بَعِيْرًا فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَا وَجَدْتَ اَنَّ الْمَسْجِدَ لِمَا بُنِيَ لَهٗ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو مسجد میں اپنے گمشدہ اونٹ کا اعلان کرتے ہوئے سنا' تو فرمایا: تم اسے نہ پاؤ' مسجد اپنے مخصوص مقصد (یعنی عبادت) کے لیے بنائی گئی ہے''۔

(754) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 406/1-وابن حبان (2119)-وابن ابی شيبة 332/2-واحمد 159/6-والترمذی (362) فی الصلاة-والبيهقی فی "السنن الكبرى 83/3-وفی "دلائل النبوة" 191/7-وابن خزيمة (1620)

(756) اخرجه النسائی فی "السنن الكبرى" 52/6-واحمد 360/5-وعمر بن شبة فی "تاريخ المدينة" 30/1-وابن خزيمة (1301)-وابن حبان (1653)-وابو عوانة (1214)-وعبدالرزاق (1721)-ومسلم (569)

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- جعفر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- عبد اللہ بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(757)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے- (ابن شہاب) زہری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اِذَا نُوْدِیَ بِالْعَشَاءِ وَاَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَابْدَؤُا بِالْعَشَاءِ

''جب رات کے کھانے کے لیے بلایا جائے اور اس دوران مؤذن اذان بھی دیدے تو پہلے کھانا کھالو''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- صالح بن ابورمیح- یحییٰ بن اسماعیل ہمدانی بخاری- انہوں نے اپنے دادا حسن بن عثمان- محمد بن سماک کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(758)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- عمرو بن دینار- عطاء بن یسار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اِذَا اُقِیْمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ اِلَّا الْمَكْتُوْبَةُ

''جب نماز کے لیے اقامت کہی جائے تو فرض نماز کے علاوہ اور کوئی نماز ادا نہیں کی جائے گی''۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعلی حسین بن علی وراق- حسن بن عثمان تستری- یحییٰ بن غیلان- عبداللہ بن بزیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید- ابویعقوب بن اسحاق بن ابراہیم- احمد بن وضاح- زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- مبارک بن عبدالجبار صیرفی- ابومحمد جوہری- حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(759)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ

(757) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (137)- والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 401/2- وابن حبان (2066)- وابو عوانة 14/2- وابن الجارود في "المنتقى" (223)- والبيهقي في "السنن الكبرى" 72/3- والشافعي "المسند" 125/1

(758) اخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 372/1- وفي "شرح مشكل الآثار" (4128)- واحمد 352/2- والطبراني في "الاوسط" (8649)- وفي "الصغير" (21)- وابن حبان (2190)- وابو نعيم في "الحلية" 138/8- وفي "تاريخ اصبهان" 304/1

(759) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (196) باب صلاة الخوف- وعبد الرزاق (4246) في الصلاة: باب صلاة الخوف- والحاكم في "المستدرك" 335/1- والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 309/1- والبيهقي في "السنن الكبرى" 258/3

اِبْرَاهِيْم:

متن روایت: فِیْ صَلَاةِ الْخَوْفِ قَالَ اِذَا صَلَّى الْاِمَامُ بِاَصْحَابِهٖ تَقُوْمُ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ مَعَ الْاِمَامِ وَطَائِفَةٌ بِاِزَاءِ الْعَدُوِّ فَلْيُصَلِّ الْاِمَامُ بِالطَّائِفَةِ الَّتِیْ مَعَهُ رَكْعَةً ثُمَّ تَنْصَرِفُ الطَّائِفَةُ الَّذِيْنَ صَلَّوْا مَعَ الْاِمَامِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَتَكَلَّمُوْا بِشَیْءٍ فَيَقُوْمُوْا مَقَامَ اَصْحَابِهِمْ ثُمَّ تَاتِیْ الطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى فَلْيُصَلُّوْا رَكْعَةً مَعَ الْاِمَامِ ثُمَّ يَنْصَرِفُوْا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَتَكَلَّمُوْا بِشَیْءٍ حَتّٰى يَقُوْمُوْا مَقَامَ اَصْحَابِهِمْ ثُمَّ تَاتِیْ الطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى يُصَلُّوا رَكْعَةً وَحْدَانًا ثُمَّ يَنْصَرِفُ حَتّٰى يَقُوْمُوْا مَعَ اَصْحَابِهِمْ ثُمَّ تَاتِیْ الطَّائِفَةُ حَتّٰى يَقْضُوْا الرَّكْعَةَ الَّتِیْ بَقِيَتْ عَلَيْهِمْ وَحْدَانًا

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''نماز خوف کے بارے میں' وہ یہ فرماتے ہیں: جب امام اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھائے گا' تو ان میں سے ایک گروہ امام کے ساتھ کھڑا ہوگا' اور دوسرا گروہ دشمن کے مد مقابل کھڑا ہوگا' امام اپنے ساتھ کھڑے ہوئے گروہ کو ایک رکعت پڑھائے گا' پھر جن لوگوں نے امام کے ساتھ ایک رکعت ادا کی ہے' وہ کوئی کلام کیے بغیر مڑ کے جائے گا اور اپنے ساتھیوں کی جگہ جا کر کھڑا ہو جائے گا' پھر دوسرا گروہ آئے گا' اور وہ امام کے ساتھ ایک رکعت ادا کریں گے' پھر وہ کوئی کلام کیے بغیر اپنے ساتھیوں کی جگہ پر جا کر کھڑے ہو جائیں گے' پھر پہلے والا گروہ آئے گا اور تنہا' تنہا ایک رکعت ادا کریں گے' پھر وہ اپنے ساتھیوں کی جگہ چلے جائیں گے' اور وہ لوگ باقی رہ جانے والی ایک رکعت تنہا ادا کر لیں گے''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**760**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مِثْلَ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ سَوَاءً

امام ابوحنیفہ نے - حارث بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے سابق - حدیث کی مانند روایت نقل کی ہے۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة ثم قال محمد وبهذا كله ناخذ فاما الطائفة الاولى فيقضون بغير قراءة لانهم ادركوا اول الصلاة مع الامام فقراءة الامام لهم قراءة واما الطائفة الاخرى فيقضون ركعتهم بقراءة لانها فاتتهم مع الامام وهو قول ابی حنيفة

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس سب کے ساتھ فتویٰ دیتے ہیں جہاں تک پہلے گروہ کا تعلق ہے تو وہ قرأت کے بغیر باقی رہ جانے والی رکعت ادا کریں گے کیونکہ انہوں نے نماز کا ابتدائی حصہ امام کے ساتھ پا لیا تھا تو امام کی قرأت ان کی قرأت شمار ہوگی اور دوسرا گروہ رہ جانے والی ایک رکعت کو ادا کرتے ہوئے اس میں قرأت کرے گا کیونکہ ان کی یہ رکعت امام کے ساتھ رہ گئی تھی۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(760) قد تقدم—وهو حديث سابقه

761)-سندروایت:(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

متن روایت: اَلرَّجُلُ يُصَلِّيْ فِي الْخَوْفِ وَحْدَهُ قَالَ يُصَلِّيْ قَائِمًا مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ فَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَرَاكِعًا مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ فَاِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ يُوْمِيْ اِيْمَاءً وَيَجْعَلُ السُّجُوْدَ اَخْفَضَ مِنَ الرُّكُوْعِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''آدمی خوف کی حالت میں' تنہا نماز ادا کرے گا' وہ فرماتے ہیں: آدمی کھڑا ہو کر قبلہ کی طرف رُخ کر کے (نماز خوف) ادا کرے گا' اگر وہ اس کی استطاعت نہ رکھتا ہو' تو قبلہ کی طرف رُخ کر کے رکوع کی حالت میں نماز ادا کرے گا' اگر وہ اس کی استطاعت بھی نہیں رکھتا' تو اشارے کے ذریعے نماز ادا کرے گا' اور سجدے میں رکوع کی بہ نسبت زیادہ جھک جائے گا''۔

**(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةثم قال محمد وهو قول ابی حنیفة وبه ناخذ وان اشتد الخوف صلوا ركباناً فرادى بالايماء اى جهة قدروا لا يدعون الوضوء والقراءة والله اعلم**

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے اور ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ اگر خوف زیادہ شدید ہو' تو وہ لوگ سوار رہتے ہوئے' تنہا' تنہا اشارے کے ساتھ نماز ادا کریں گے' خواہ ان کا رُخ کسی بھی سمت میں ہو' اور وہ لوگ وضو اور قرأت کو ترک نہیں کریں گے۔ باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

# اَلْفَصْلُ السَّابِعُ فِي الْجَنَائِزِ

## ساتویں فصل: جنائز کے احکام

762)-سندروایت:(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّهَا رَاَتْ مَيِّتًا يُسَرَّحُ رَاْسُهُ فَقَالَتْ عَلٰى مَا تَنُصُّوْنَ مَيِّتَكُمْ

''انہوں نے ایک میت کو دیکھا کہ اس کے بال سنوارے جارہے تھے' تو انہوں نے فرمایا: تم کس بنیاد پر اپنی میت کو سجا

761) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار"( 198) فى الصلاة:باب صلاة الخوف-وعبد الرزاق (4260) فى الصلاة:باب الصلاةعند المسابقة-وابن ابى شيبة 460/2 فى الصلاة:باب فى الصلاة عند المسابقة

762) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار"( 228) فى الجنائز:باب الجنائز وغسل الميت-وابو يوسف فى "الآثار"78-وعبدالرزاق (6232) فى الجنائز:باب شعر الميت واظفاره-والبيهقى فى"السنن الكبرىٰ" 390/3 فى الجنائز:باب المريض يأخذ من اظفاره وعانته

سنوار رہے ہو"۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بغوی-محمد بن شجاع ثلجی-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**763**)-سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ يَحْيٰى عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدِ النَّخَعِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے-ہیثم - ابویحییٰ عمیر بن سعید نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ صَلّٰى عَلٰى يَزِيْدَ بْنِ الْمُكَفَّفِ فَكَبَّرَ اَرْبَعَ تَكْبِيْرَاتٍ وَهُوَ آخِرُ شَيْءٍ كَبَّرَهٗ عَلَى الْجَنَائِزِ

"حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے یزید بن مکفف کی نماز جنازہ پڑھاتے ہوئے اُس میں چار تکبیریں کہی تھیں اور یہ اُن کی پڑھائی ہوئی آخری نماز جنازہ تھی"۔

ابوعبداللہ بن خسرو-ابوالفضل بن خیرون-ابوعلی بن شاذان-قاضی ابونصر علی بن اشکاب-عبداللہ بن طاہر قزوینی-اسماعیل بن توبہ قزوینی-محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**764**)-سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يُكَبِّرُ عَلَى الْجَنَائِزِ اَرْبَعًا اَوْ خَمْسًا اَوْ اَكْثَرَ وَكَانَ النَّاسُ فِىْ وِلَايَةِ اَبِىْ بَكْرٍ عَلٰى ذٰلِكَ فَلَمَّا وَلِىَ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ رَاٰى اِخْتِلَافَهُمْ فَجَمَعَ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ مَتٰى تَخْتَلِفُوْنَ تَخْتَلِفُ مَنْ بَعْدَكُمْ فَاجْمَعُوْا عَلٰى شَيْءٍ يَاْخُذُ بِهٖ مَنْ بَعْدَكُمْ

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز جنازہ میں (کبھی) چار اور (کبھی) پانچ اور کبھی اس سے زیادہ تکبیریں بھی کہہ دیا کرتے تھے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں بھی یہی معمول رہا جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے اور انہوں نے اس بارے میں اختلاف دیکھا تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو جمع کیا اور فرمایا: اے حضرت محمد کے اصحاب! اگر تمہارے درمیان اختلاف ہوگا تو تمہارے بعد والے بھی اختلاف کرتے رہیں گے تو آپ

(763) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (242) في الجنائز: باب الصلاة على الجنازة-وعبد الرزاق (6398) في الجنائز: باب التكبير على الجنائز-وابن ابي شيبة 300/3 في الجنائز: باب ما قالوا في التكبير على الجنازة

(764) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (241) في الجنائز: باب الصلاة على الجنازة وعبد الرزاق (6395) في الجنائز: باب التكبير على الجنائز-وابن ابي شيبة 299/3 في الجنائز: باب ما قالوا في التكبير على الجنازة- من كبر اربعاً-والبيهقي في "السنن الكبرىٰ" 37/4

فَاجْمَعَ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ يَنْظُرُوْا اِلٰى آخِرِ جَنَازَةٍ صَلّٰى عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حِيْنَ قُبِضَ فَيَاْخُذُوْنَ بِذٰلِكَ وَيَرْفُضُوْنَ مَا سِوٰى ذٰلِكَ فَنَظَرُوْا آخِرَ جَنَازَةٍ كَبَّرَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حِيْنَ قُبِضَ اَرْبَعَ تَكْبِيْرَاتٍ فَاَخَذُوْا بِاَرْبَعٍ وَتَرَكُوْا مَا سِوَاهَا

لوگ کسی بات پر اتفاق کرلیں' تاکہ آپ کے بعد والے لوگ اُسے اختیار کرسکیں' تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنے وصال سے پہلے' جو آخری نماز جنازہ پڑھائی تھی' اس کے طریقے کو وہ لوگ اختیار کرلیں گے' اور اس کے علاوہ باقی سب صورتوں کو ترک کردیں گے' انہوں نے اس کا جائزہ لیا' تو یہ بات سامنے آئی کہ نبی اکرم ﷺ نے وصال سے پہلے' جو آخری نماز جنازہ پڑھائی تھی' اُس میں آپ ﷺ نے چار تکبیریں کہی تھیں' تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے چار تکبیروں کو اختیار کرلیا' اور باقی سب صورتوں کو ترک کردیا''۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - بشر بن موسیٰ اسدی - ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام حسن بن زیاد نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

765- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبِ الصَّيْرَفِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: اَنَّهٗ كَانَ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ عَلَى الْجَنَائِزِ سِتًّا وَخَمْسًا وَاَرْبَعًا حَتّٰى قُبِضَ ...... اَلْحَدِيْثُ اِلٰى آخِرِهٖ كَمَا رَوَاهُ حَمَّادٌ

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم بن حبیب صیرفی - محمد بن سیرین - حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''نبی اکرم ﷺ نے نماز جنازہ میں چھ تکبیریں بھی کہی ہیں' پانچ بھی کہی ہیں' اور چار بھی کہی ہیں' جب آپ ﷺ کا وصال ہوا'' ......

اِس کے بعد راوی نے اُسی طرح روایت نقل کی ہے' جس طرح حماد نے اس کو روایت کیا ہے۔

765) ☆☆اخرج ابن ابی شیبة 303/3 فی الجنائز: باب من کان یکبر علی الجنازة خمساً عن عبد خیر قال: کان علی یکبر علی اہل بدر ستاً وعلی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خمساً وعلی سائر الناس اربعاً

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے ''امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

**(766)** - سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ طَرِيْفِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِىِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوسفیان طریف بن شہاب - ابونضرہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَبَّرَ عَلٰى ابْنِهٖ اَرْبَعًا

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صاحبزادے (حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ میں) چار تکبیریں کہی تھیں''۔

امام ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن منذر ہروی - احمد کندی - ابراہیم بن جراح کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(767)** - سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِىِّ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: ایوب سختیانی بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّهٗ دَنَا مِنْ قَبْرِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مُسْتَدْبِرِ الْقِبْلَةِ مُتَوَجِّهًا اِلَى التُّرْبَةِ ثُمَّ سَلَّمَ عَلَيْهِ وَصَلّٰى ثُمَّ غَلَبَهُ الْبُكَاءُ حَتّٰى كَادَ اَنْ يُغْشٰى عَلَيْهِ

''وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے قریب ہوئے ان کا رُخ قبرانور کی طرف تھا اور پشت قبلہ کی طرف تھی' پھر انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھا' پھر اُن پر آہ و بکاء غالب آ گئی' یہاں تک کہ قریب تھا کہ وہ بیہوش ہو جاتے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - محمد بن یعقوب - اسحاق بن حکیم بن صلت - احمد بن عمر - حسن بن مبارک - وہب بن ورد کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(768)** - سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ شَيْبَانَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - شیبان - یحییٰ بن ابوکثیر - ابوسلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متنِ روایت: عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا صَلّٰى عَلَى الْمَيِّتِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز جنازہ میں (یہ دعا) پڑھا کرتے تھے:۔

(766) اخرجه البزار (816)-والطبرانی فی "الاوسط" 218/5 (4433)-واورده الهیثمی فی "مجمع البحرین" 467/1 (1282) باب التکبیر علی الجنازة-وفی "مجمع الزوائد" 35/3-والزیلعی فی "نصب الرایة" 280/2

(768) اخرجه الطحاوی فی "شرح مشکل الآثار" (971)-وابو یعلی (6009)-وابوداؤد (3201) فی الجنائز باب الدعاء للمیت-والترمذی (1024) فی الجنائز باب ما یقول فی الصلاة علی المیت-والحاکم فی "المستدرک" 358/1-والبیهقی فی "السنن الکبری" فی الجنائز باب الدعاء فی صلاة الجنازة-وابن حبان (3066)-واحمد 368/2

لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا

''اے اللہ! تو ہمارے (تمام) زندہ اور مرحومین' موجود اور غیر موجود' مذکر و مئونث' چھوٹے اور بڑے (سب مسلمان افراد) کی مغفرت کردے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -حسن بن زید بن یعقوب -محمد بن عمران -قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(769)- سند روایت: (اَبُو حَنِيفَةَ) عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ اَبِي عَطِيَّةَ الْوَادِعِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ :

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِي جَنَازَةٍ فَرَاٰى اِمْرَاَةً فَاَمَرَ بِهَا فَطُرِدَتْ فَلَمْ يُكَبِّرْ حَتّٰى لَمْ يَرَهَا

امام ابوحنیفہ نے -علی بن اقمر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوعطیہ وادعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازے کے ساتھ روانہ ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خاتون کو (بھی ساتھ آتے ہوئے) ملاحظہ فرمایا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس خاتون کو واپس بھجوادیا گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ کے لیے اس وقت تک تکبیر نہیں کہی' جب تک وہ خاتون نگاہوں سے اوجھل نہیں ہوگئی''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -صالح بن منصور بن نصر -انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے -ابومقاتل حفص بن سالم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(770)- سند روایت: (اَبُو حَنِيفَةَ) عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ مَوْلٰى حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي اَوْفٰى رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا :

متن روایت: اَنَّهُ كَبَّرَ عَلٰى وَلَدِهٖ اَرْبَعًا

امام ابوحنیفہ نے -سعید بن مرزبان' جو حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں' ان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہما نے' اپنے صاحبزادے کی نماز جنازہ میں' چار تکبیریں کہی تھیں''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوطیب ابراہیم بن شہاب -عبیداللہ بن عبدالرحمٰن واقدی -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(حافظ صاحب فرماتے ہیں:) محمد بن مسروق نے بھی اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(769) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (190)-وعبد الرزاق (6291)-والبخاري (1278)-ومسلم (938) (34)-واحمد 408/6-وابن ابي شيبة 284/3-وابن ماجة (1577)-وابوداؤد (3167)-والبيهقي في "السنن الكبرى" 774

(770) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (243) بـاب الصلاة على الجنازة-وابن ابي شيبة في الجنائز: باب ما قالوا في التكبير على الجنازة من كبر اربعاً-والبيهقي في "السنن الكبرى" 35/4

(771)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ:

متن روایت: اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَمَعَ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُمْ عَنِ التَّكْبِيْرِ عَلَى الْجَنَازَةِ فَقَالَ لَهُمْ اُنْظُرُوْا آخِرَ جَنَازَةٍ كَبَّرَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدُوْهُ قَدْ كَبَّرَ عَلَيْهَا اَرْبَعًا حَتّٰى قُبِضَ قَالَ عُمَرُ فَكَبِّرُوْا اَرْبَعًا

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے- کئی حضرات سے یہ روایت نقل کی ہے:

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو جمع کیا اور اُن سے نماز جنازہ میں تکبیروں (کی تعداد) کے بارے میں دریافت کیا' اور اُن سے کہا: آپ لوگ اِس بات کا جائزہ لیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو آخری نماز جنازہ پڑھائی تھی (اُس میں تکبیروں کی تعداد کتنی تھی؟) تو لوگوں نے یہ بات پائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس میں چار تکبیریں کہی تھیں' اور اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا تھا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ بھی (نماز جنازہ میں) چار تکبیریں کہا کرو!''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن سعید - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان سواق - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(772)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: اِجْعَلْ فِيْ حُنُوْطِ الْمَيِّتِ كُلَّ شَيْءٍ اِلَّا الْوَرْسَ وَالزَّعْفَرَانَ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''تم میت کے حنوط (یعنی میت کو لگائی جانے والی خوشبو) میں' ورس اور زعفران کے علاوہ کچھ بھی شامل کر سکتے ہو''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسین علی بن حسین بن ایوب بزاز - قاضی ابوالعلاء محمد بن یعقوب واسطی - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(773)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے

(771) قد تقدم فی (764)

(772) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (227) فی الجنائز: باب غسل الميت- وعبد الرزاق (...) الجنائز: باب الحناط

(773) ☆☆اخرج الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 479/1- واحمد 8/2- وابوداؤد (3171)- والترمذی (1007) ... حبان (3045)- وابن ابی شيبة 277/3

عن سالم عن ابيه قال: رايت النبی صلى الله عليه وسلم وابا بكر وعمر يمشون امام الجنازة

اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: لَا بَاْسَ اَنْ يَّمْشِيَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ اَوْ عَنْ يَّمِيْنِهَا اَوْ عَنْ يَّسَارِهَا اَوْ خَلْفِهَا مَا لَمْ يَكُنْ رَاكِبًا وَيُكْرَهُ لِلرَّاكِبِ اَنْ يَّتَقَدَّمَهَا

''جنازے کے آگے اس کے دائیں یا بائیں یا پیچھے چلنے میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ آدمی (پیدل ہو) سوار نہ ہو سوار کے لیے اس کے آگے چلنا مکروہ ہے''۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

774)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: رَاَيْتُ اِبْرَاهِيْمَ يَتَقَدَّمُ الْجَنَازَةَ وَيَتَبَاعَدُ عَنْهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّتَوَارٰى

''میں نے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کو جنازے کے آگے چلتے ہوئے دیکھا ہے وہ جنازے سے (کچھ) دور تھے البتہ نگاہوں سے اوجھل نہیں ہوئے تھے''۔

(اخرجه) الامام محمد فی الآثارفرواه عن ابی حنيفةثم قال محمد لا نری بتقدم الجنازة باساً اذا كان قريباً منها والمشی خلفها افضل وهو قول ابی حنيفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہمارے نزدیک جنازے سے آگے چلنے میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ آدمی جنازے کے قریب ہی ہو البتہ اس کے پیچھے چلنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

775)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْمَشْيِ اَمَامَ الْجَنَازَةِ قَالَ اِمْشِ حَيْثُ شِئْتَ اِنَّمَا يُكْرَهُ اَنْ يَّنْطَلِقَ قَوْمٌ فَيَجْلِسُوْنَ عِنْدَ الْقَبْرِ وَيَتْرُكُوْنَ الْجَنَازَةَ

''میں نے ابراہیم نخعی سے جنازے کے آگے چلنے کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے فرمایا: تم جہاں چاہے چلو اس بات کو مکروہ قرار دیا گیا ہے کہ لوگ میت کو چھوڑ کر آگے جا کر قبر کے پاس بیٹھ جائیں''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

776)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ

774) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (250) فی الجنائز: باب المشی مع الجنازة

775) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (252) فی الجنائز: باب المشی مع الجنازة

776) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (253) فی الجنائز: باب المشی مع الجنازة- وعبد الرزاق (6319) فی الجنائز: باب القيام حين ترى الجنازة- وابن ابی شيبة 358/3 فی الجنائز: باب من كره القيام للجنازة

اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متنِ روایت: كُنْتُ اُجَالِسُ اَصْحَابَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ وَغَيْرِهِمَا فَتَمُرُّ عَلَيْهِمُ الْجَنَازَةُ وَهُمْ مُحْتَبُوْنَ فَلَا يَحِلُّ اَحَدٌ مِنْهُ حَبْوَتَهُ

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

''میں حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگردوں کے ساتھ اُٹھا بیٹھا کرتا تھا' اُن میں علقمہ اور اسود بھی شامل تھے ان کے علاوہ دیگر حضرات بھی تھے' (اگر کبھی) اُن کے پاس سے کوئی جنازہ گزرتا' اور وہ لوگ احتباء کے طور پر بیٹھے ہوئے ہوتے تو اپنے ''حبوہ'' کو کھولتے بھی نہیں تھے''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**777**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ:

متنِ روایت: سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ مَتٰى يَجْلِسُ الْقَوْمُ قَالَ اِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ عَنْ مَنَاكِبِ الرِّجَالِ قَالَ اَرَاَيْتَ لَوْ اِنْتَهَوْا اِلَى الْقَبْرِ وَلَمْ يُضْرَبْ فِيْهِ بِفَاسٍ لَبِثَ قَائِمًا حَتّٰى يُحْفَرُ الْقَبْرُ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد بیان کرتے ہیں:

''میں نے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا: (جنازے کے ساتھ جانے والے) افراد کب بیٹھیں گے؟ انہوں نے فرمایا: جب جنازے کو کندھوں سے اتار لیا جائے' انہوں نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے؟ اگر لوگ قبر (کی جگہ) کے پاس پہنچ جائیں اور (قبر کھودنے کے لیے) ایک پھاوڑہ بھی نہ چلایا گیا ہو' تو کیا وہ اس وقت تک کھڑے رہیں گے' جب تک قبر کھود نہیں لی جاتی؟''

(اخرجه) محمد بن حسن فى الآثارفرواه عن ابى حنيفةثم قال محمد وبه ناخذ اذا وضعت الجنازة على الارض فلا باس بالقعود ويكره ان يجلس قبل ذلك وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' جب جنازے کو زمین پر رکھ دیا جائے تو پھر بیٹھنے میں کوئی حرج نہیں ہے البتہ اس سے پہلے بیٹھنا مکروہ ہے۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**778**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متنِ روایت: اَنَّ الْحَارِثَ بْنَ اَبِىْ رَبِيْعَةَ مَاتَتْ اُمُّهُ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''حارث بن ابوربیعہ (نامی تابعی) کی والدہ کا انتقال ہو

(777) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار" (254) فى الجنائز: باب المشى مع الجنازة- وابن ابى شيبة 337/3 فى الجنائز: باب فى الرجل يقوم على قبر الميت حتى يدفن ويفرغ منه

(778) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار" (255) فى الجنائز: باب المشى مع الجنازة- وابن ابى شيبة 347/3 فى الجنائز: باب فى الرجل يموت له القرابة المشرك يحضره ام لا؟

نَصْرَانِيَّةٌ فَتَبِعَ جَنَازَتَهَا فِيْ رَهْطٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

گیا' جو ایک عیسائی خاتون تھیں' تو وہ (یعنی حارث بن ابوربیعہ) اس خاتون کے جنازے کے ہمراہ' صحابہ کرام کے ساتھ گئے"۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد لا نری باتباعها باساً الا انه یتنحی ناحیة من الجنازة وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے ساتھ جانے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں البتہ آدمی کو اس جنازے سے کچھ ہٹ کے چلنا چاہئے۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(779)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ حُمْرَانَ قَالَ:

متنِ روایت: مَا لَقِيَ ابْنُ عُمَرَ قَطُّ اِلَّا وَاَقْرَبُ النَّاسِ اِلَيْهِ مَجْلِسًا فِيْهِ حُمْرَانُ فَقَالَ لَهٗ ذَاتَ يَوْمٍ يَا حُمْرَانُ مَا اَرَاكَ لَزِمْتَنَا اِلَّا وَاَنْتَ تُرِيْدُ لِنَفْسِكَ خَيْرًا فَقَالَ اَجَلْ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَمَّا اثْنَانِ فَاِنِّيْ اَنْهَاكَ عَنْهُمَا وَاَمَّا وَاحِدَةٌ فَاِنِّيْ آمُرُكَ بِهَا فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِهَا قَالَ مَا هُنَّ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ لَا تَمُوْتَنَّ وَعَلَيْكَ دَيْنٌ اِلَّا دَيْنًا تَدَعُ لَهٗ وَفَاءً وَلَا تَنْفِيَنَّ مِنْ وَلَدٍ لَكَ اَبَدًا فَاِنَّهٗ يَسْمَعُ بِكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَمَا سَمِعْتَ بِهٖ فِي الدُّنْيَا قَصَاصًا وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا وَاَمَّا الَّذِيْ آمُرُكَ بِهٖ كَمَا اَمَرَنِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فَلَا تَدَعْهُمَا فَاِنَّ فِيْهَا الرَّغَائِبُ

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد - علی بن اقمر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حمران بیان کرتے ہیں:

"(علی بن اقمر کہتے ہیں:) میں جب بھی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' ہمیشہ حمران' ان کے سب سے زیادہ نزدیک بیٹھے ہوتے تھے' ایک دن حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے حمران سے کہا: اے حمران! تمہارے بارے میں میری یہ رائے ہے کہ تم اس لیے ہمارے ساتھ رہتے ہو' کیونکہ تم اپنے لیے بھلائی چاہتے ہو' حمران نے جواب دیا: اے ابوعبد الرحمان! جی ہاں (ایسا ہی ہے) تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دو چیزیں ایسی ہیں' جن سے میں تمہیں منع کروں گا اور ایک چیز ایسی ہے' جو میں تمہیں کرنے کی ہدایت کروں گا' کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے بارے میں حکم دیتے ہوئے سنا ہے' حمران نے دریافت کیا: اے ابوعبد الرحمٰن! وہ چیزیں کیا ہیں؟ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم ایسی حالت میں ہرگز نہ مرنا کہ تمہارے ذمہ کوئی قرض ہو' البتہ اس قرض کا حکم مختلف ہے' جس کی ادائیگی کے لیے تم کچھ چھوڑ کر جاؤ' اور تم کبھی اپنے کسی بچے کی (اپنی اولاد ہونے کی) نفی نہ کرنا' کیونکہ جس طرح

(779) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (113) في الصلاة: باب فضل الصلة وركعتي الفجر - والطبراني في "الكبير" (135) - وابن ابي شيبة 241/2 - في الصلاة: باب في ركعتي الفجر - والحصكفي في "مسند الامام" (175) - وعبدالرزاق (47) - والهيثمي في "مجمع الزوائد" 217/2

تم نے دنیا میں اس بات کو ظاہر کیا ہے اس کے قصاص کے طور پر قیامت کے دن اس کو ظاہر کیا جائے گا (اور تمہیں اس کی وجہ سے رسوائی کا سامنا کرنا پڑے گا) کیونکہ تمہارا پروردگار کسی پر ظلم نہیں کرتا ہے اور جہاں تک اس بات کا تعلق ہے، جس کے بارے میں میں نے تمہیں ہدایت کرنی تھی، تو وہ ایک ایسی چیز ہے جس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے مجھے ہدایت کی تھی، وہ فجر کی دو رکعات سنتیں ہیں، تم انہیں ترک نہ کرنا، کیونکہ ان میں فضیلت ہیں (یعنی ان کا بہت اجر وثواب ہے)''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابراہیم بن عمروس بن محمد ہمدانی - عمرو بن حمید - نوح بن دراج کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: ایک جماعت نے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے: ان میں سے بعض حضرات نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: یہ علی سے منقول ہے یعنی انہوں نے راوی کے والد کا نام ذکر نہیں کیا، جبکہ بعض حضرات نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: یہ علی بن حمران کے حوالے سے، حمران سے منقول ہے۔

روایت کے آخری الفاظ یعنی ''فجر کی دو رکعات'' ان کو روایت کے حصے کے طور پر، صرف نوح بن دراج نے نقل کیا ہے۔

طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد - فاطمہ بنت محمد بن حبیب - انہوں نے اپنے چچا حمزہ بن حبیب زیات کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(حافظ صاحب کہتے ہیں:) حسن بن زیاد امام ابویوسف اور اسد بن عمرو رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر اور ان کے بھائی عبداللہ ان دونوں نے - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن خنیس - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - قاضی محمد بن محمد برقی - ابوسلیمان جوزجانی - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(780)** - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - علقمہ بن مرثد - ابن بریدہ کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: اَلْحِدَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاُخِذَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَنُصِبَ عَلَیْهِ اللَّبَنُ نَصَبًا

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے لحد بنائی گئی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قبلہ کی طرف سے (قبر میں) اُتارا گیا تھا' اور آپ پر اینٹیں نصب کی گئی تھیں''۔

ابو محمد بخاری نے یہ روایت - ابراہیم بن عمروس ہمدانی - عمرو بن حمید - نوح بن دراج کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(781) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا سَبَقَ الرَّجُلُ بِبَعْضِ التَّکْبِیْرِ مِنَ الْجَنَازَةِ یُکَبِّرُ مَعَ الْاِمَامِ مَا اَدْرَكَ وَیَقْضِیْ مَا سَبَقَ بِهٖ

''اگر کسی شخص کی' نماز جنازہ میں' کچھ تکبیریں گزر چکی ہوں' تو اُس کو امام کے ساتھ جتنی تکبیریں مل جائیں' وہ اُن کو کہہ لے گا اور جو گزر گئی تھیں' اُن کو (امام کے سلام پھیرنے) کے بعد کہہ لے گا''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(782) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ مَیْمُوْنَ الْاَعْوَرِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوحمزہ میمون اعور کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ کَرِهَ الْاَذَانَ بِدَارِ الْمَیِّتِ فَقَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ هُوَ مِنْ نَعْیِ الْجَاهِلِیَّةِ

''ابراہیم نخعی نے میت کے گھر میں اذان دینے کو مکروہ قرار دیا ہے اور یہ کہا ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ زمانہ جاہلیت کا' موت کا اعلان کرنے کا طریقہ ہے''۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - عبیداللہ بن کثیر تمار - یحییٰ بن حسن بن فرات - ان کے بھائی زیاد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(783) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے - منصور بن معتمر - سالم بن ابوجعد -

(781) اخرجه الحصكفی فی "مسندالامام" (193) - والبیهقی فی "السنن الكبریٰ" 55/4 - باب من قال: یسل المیت من قبل رجل القبر - والطبرانی فی "الاوسط" (5762) - والهیثمی فی "مجمع الزوائد" 42/3

(782) اخرجه عبد الرزاق (6413) - وابن ابی شیبة 306/3 - فی الجنائز: باب فی رجل یفوته بعض التكبیر علی الجنازة یقضیه ام

الْمُعْتَمِرِ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ عُبَیْدِ ابْنِ نِسْطَاسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ:

عبید بن نسطاس کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: مِنَ السُّنَّةِ اَنْ تَحْمِلَ بِجَوَانِبِ السَّرِیْرِ الْاَرْبَعِ فَمَا زِدْتَ عَلٰی ذٰلِكَ فَهُوَ نَافِلَةٌ

''سنت یہ ہے کہ (کم از کم) ایک مرتبہ (میت کی) چارپائی کو چاروں طرف سے اُٹھایا (یعنی کندھا دیا) جائے اس سے زیادہ تم جتنی مرتبہ (میت کو کندھا دو گے) وہ نفل شمار ہوگا''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -عبداللہ بن محمد بن علی حافظ- یحییٰ بن موسیٰ -مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی -جعفر بن محمد- ابوفروہ -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- سابق بربری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- یوسف بن موسیٰ -عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب- انہوں نے اپنے دادا شعیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- روح بن فرج -علی بن یزید صدائی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن محمد قیراطی- احمد بن یحییٰ بن زکریا- عقبہ بن مکرم- یونس بن بکیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- منذر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- احمد بن حازم -عبداللہ بن حازم -عبداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حسین بن علی کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے انہوں نے یہ روایت- یحییٰ بن حسن- زیاد بن حسن بن فرات- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- منذر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- انہوں نے اپنے چچا حسن بن سعید- انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- حسین بن عمر ابن ابراہیم- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

---

(783) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (263) في الجنائز: باب حمل الجنازة- وابن ماجة 474/1 في الجنائز: باب ما جاء في شهود الجنائز- وعبد الرزاق 512/3 في الجنائز: باب صفة حمل النعش

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن عبداللہ بن محمد بن مسروق سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا محمد بن مسروق کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے' یہ امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبدالصمد بن فضل - شداد بن حکیم - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت یحییٰ بن اسماعیل - حسن بن عثمان - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسن علی بن محمد بن عبید - احمد بن حازم - عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعلی محمد بن سعید حرانی - ابوفروہ یزید بن محمد بن یزید بن سنان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - سابق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوسہل محمد بن احمد بن یونس - محمد بن ولید - عبداللہ بن محمد شامی - موسیٰ بن طارق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ قزوینی - امام محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے - حسین بن حسن ضغائری - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - مجاہد - ابن ایوب - صدائی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ یبدا الرجل فیضع یمین المیت علی یمینه ثم یعود الی المقدم الایسر فیضعه علی یساره ثم یاتی المؤخر الایسر فیضعه علی یساره وهو قول ابی حنیفة رحمه الله

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' آدمی پہلے میت کے دائیں طرف والے حصے کو کندھا دے گا' پھر وہ بائیں طرف والے آگے والے حصے کی طرف آئے گا اور اسے اپنے بائیں طرف رکھے گا۔ پھر وہ بائیں طرف والے پیچھے والے حصے کی طرف آئے گا اور اسے اپنے بائیں طرف رکھے گا۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(784)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: لَا قِرَاءَةَ عَلَى الْجَنَازَةِ وَلَا رُكُوْعَ وَلَا سُجُوْدَ وَلٰكِنْ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ اِذَا فَرَغَ مِنَ التَّكْبِيْرِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''نماز جنازہ میں نہ قرأت ہوگی نہ ہی رکوع ہوگا نہ ہی سجدہ ہوگا البتہ تکبیروں سے فارغ ہونے (یعنی آخری تکبیر کہہ لینے) کے بعد دائیں طرف اور بائیں طرف سلام پھیرا جائے گا''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

(785)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: لَيْسَ فِي الصَّلَاةِ عَلَى الْمَيِّتِ شَيْءٌ مُوَقَّتٌ وَلٰكِنْ تَبْدَأُ فَتَحْمِدُ اللّٰهَ تَعَالٰى وَتُصَلِّيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَتَدْعُوْ لِنَفْسِكَ وَلِلْمَيِّتِ بِمَا اَحْبَبْتَ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''نماز جنازہ میں کوئی بھی چیز متعین شدہ نہیں ہے البتہ پہلے آپ اللہ تعالیٰ کی ''حمد'' پڑھیں گے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود'' پڑھیں گے اور پھر اپنے لیے اور میت کے لیے جو چاہے'' دعا'' مانگیں گے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثارفرواه عن ابى حنيفةثم قال محمد وبه ناخذ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

(786)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ فِي الصَّلَاةِ عَلَى الْجَنَازَةِ يُصَلِّيْ عَلَيْهَا اَئِمَّةُ الْمَسَاجِدِ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ تَرْضَوْنَ بِهِمْ فِيْ صَلَاتِكُمُ الْمَكْتُوْبَةِ وَلَا تَرْضَوْنَ بِهِمْ عَلَى الْمَوْتٰى

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد فرماتے ہیں:

''نماز جنازہ کے بارے میں انہوں نے یہ کہا ہے: مساجد کے امام ہی نماز جنازہ پڑھا دیں گے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: تم اپنی فرض نمازوں میں اُن (کی امامت) پر راضی ہوتے ہو تو کیا نماز جنازہ میں (اُن کی امامت پر) راضی نہیں ہوگے''۔

---

(784) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار" (237) فى الجنائز:باب الصلاة على الجنازة-وعبد الرزاق (6443) فى الجنائز:باب القراءة والدعاء فى الصلاة على الميت-وابن ابى شيبة 299/3 فى الجنائز باب من قال:ليس على الجنازة قراءة

(785) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار" (238) فى الجنائز:باب الصلاة على الجنازة-وعبد الرزاق (6435)-وابن ابى شيبة 294/3 فى الجنائز:باب من قال:ليس على الميت دعاء مؤقت -والطبرانى فى"الكبير" 373/9

(786) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى"الآثار" (240) فى الجنائز:باب الصلاة على الجنازة-وعبد الرزاق (6368) فى الجنائز:باب من احق بالصلاة على الميت-وابن ابى شيبة 287/3 فى الجنائز:باب ما قالوا فى تقدم الامام على الجنازة

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

787)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا حَضَرَتِ الْجَنَازَةُ وَكَانَ اَحَدٌ مِنَ الْقَوْمِ عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ تَيَمَّمَ

''جب نماز جنازہ ہونے لگے اور حاضرین میں سے کوئی بے وضو ہو (تو اگر یہ اندیشہ ہو کہ اس کے وضو کر کے آنے تک نماز جنازہ ہو چکی ہوگی ) تو وہ تیمم کر لے''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی -ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان -ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی -بشر بن موسیٰ -ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

788)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: حَدَّثَنِيْ مَنْ رَاٰى قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ مُسَنَّمَةً وَعَلٰى قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَدَرٌ اَبْيَضُ

''مجھے اس شخص نے یہ بات بتائی ہے: جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کی زیارت کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قبریں ''کوہان نما'' تھیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک پر سفید رنگ کے پتھر رکھے ہوئے تھے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -احمد بن محمد بن سعید ہمدانی -منذر بن محمد -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -یونس بن بکیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

789)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -سلیمان اعمش کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: عامر شعبی بیان کرتے ہیں:

متن روایت: صَلّٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَلٰى اُمِّ

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی

787) اخرجه الطحاوی فی"شرح معانی الآثار"( 550) فی الجنائز :باب فی الرجل یخاف ان تفوته الصلاة علی الجنازة وهو غیر طاهر-وعبد الرزاق ( 6677) فی الجنائز :باب الصلاة علی الجنازة علی غیر وضوء

788) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی"الآثار"( 256) باب تسنیم القبور و تجصیصها-وعبد الرزاق ( 6484) فی الجنائز:باب الجدث والبنیان-وابن ابی شیبة 22/3 فی الجنائز :باب ماقالوا فی القبر یسنم-وابن سعد فی"الطبقات" 306/2

789) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی"الآثار"( 247) فی الجنائز : باب الصلاة علی جنائز الرجال والنساء-وعبد الرزاق (6337) فی الجنائز:باب کیف الصلاة علی الرجال والنساء؟ وابن ابی شیبة 315/3 فی الجنائز :باب فی جنائز الرجال والنساء والبیهقی فی"السنن الکبریٰ" 33/4-وفی "السنن الصغریٰ" ( 1077) -وابو داؤد ( 3193) فی الجنائز :باب اذاحضر جنائز الرجال والنساء من یقدم

كُلْثُوْمٍ بِنْتِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلٰى ابْنِهَا زَيْدِ بْنِ عُمَرَ فَجَعَلَ اُمَّ كُلْثُوْمٍ تِلْقَاءَ الْقِبْلَةِ وَجَعَلَ زَيْدًا مِمَّا يَلِي الْاِمَامَ

اہلیہ محترمہ اور) حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی سیّدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا اور ان کے صاحبزادے حضرت زید بن عمر رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی تو انہوں نے سیّدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی میت کو قبلہ کی طرف رکھا اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کی میت امام کی طرف رکھا''۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**790**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي سَعِيْدِ بْنِ الْمِرْزَبَانِ الْبَقَّالِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اَوْفٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - سعید بن ابوسعید بن مرزبان بقال کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن ابواوفیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهُ كَبَّرَ عَلٰى اِبْنِهِ اَرْبَعًا وَقَالَ هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ

''انہوں نے اپنے صاحبزادے کی نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہیں اور یہ بات بیان کی: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے''۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعلی احمد بن علی بن شعیب - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل احمد بن خیرون - ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان - قاضی ابونصر بن اشکاب بخاری - عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر - انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(**791**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبٍ الصَّيْرَفِيِّ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم بن حبیب صیرفی - یحییٰ بن سعید انصاری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

---

(790) قد تقدم فی (770)

(791) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (249) فی الجنائز: باب الصلاة علی جنائز الرجال والنساء - وعبدالرزاق فی "الكبير" (13428) - وعبدالرزاق (6612) فی الجنائز: باب الصلاة علی ولد الزنا - وابن ابی شيبة 350/3 فی الجنائز: الرجل يقتل نفسه والنفساء من الزنا هل يصلی عليهم؟

متن روایت: اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا صَلّٰی عَلَی امْرَاَةٍ وَوَلَدِهَا مَاتَتْ فِیْ نِفَاسِهَا مِنَ الزِّنَا

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے ایک خاتون اور اُس کے بچے کی نماز جنازہ پڑھائی تھی' جس کا انتقال زنا کی وجہ سے (پیدا ہونے والے بچے کی پیدائش کے بعد) نفاس کے دوران ہو گیا تھا''۔

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة (ثم) قال محمدٌ وبه ناخذ لا نترك احداً من اهل القبلة ان لا یصلی علیه وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' (پھر) امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' ہم اہل قبلہ میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں نہیں چھوڑیں گے کہ اس کی نمازِ جنازہ ادا نہ کی جائے۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

792- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ سُلَیْمَانَ الشَّیْبَانِیِّ عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِیِّ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - سلیمان شیبانی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: عامر شعبی بیان کرتے ہیں:

متن روایت: صَلّٰی ابْنُ عُمَرَ عَلٰی اُمِّ کُلْثُوْمٍ بِنْتِ عَلِیٍّ وَزَیْدِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَجَعَلَ اُمَّ کُلْثُوْمٍ تِلْقَاءَ الْقِبْلَةِ وَجَعَلَ زَیْدًا مِمَّا یَلِی الْاِمَامَ

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے سیدہ ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہا اور (ان کے صاحبزادے) زید بن عمر رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی' تو انہوں نے سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی میت کو قبلہ کی طرف رکھوایا اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کی میت کو امام والی طرف رکھوایا''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة (ثم) قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے (پھر) امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

793- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهِبٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: عثمان بن عبداللہ بن موہب بیان کرتے ہیں:

متن روایت: رَاَیْتُ اَبَا هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

''میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو مردوں اور خواتین کی

791) قد تقدم فی (789)

792) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (248) فی الجنائز: باب الصلاة علی جنائز الرجال والنساء- وعبدالرزاق (6331) فی الجنائز: باب کیف الصلاة علی الرجال والنساء- وابن ابی شیبة 314/3 فی الجنائز: باب فی جنائز الرجال والنساء

يُصَلِّىْ عَلٰى جَنَازَةِ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ فَجَعَلَ الرِّجَالَ يَلُوْنَهُ وَالنِّسَاءَ يَلِيْنَ الْقِبْلَةَ

نماز جنازہ (ایک ساتھ) پڑھاتے ہوئے دیکھا ہے انہوں نے مردوں کی میتیں اپنی طرف اور خواتین کی میتیں قبلہ کی طرف رکھوائی تھیں"۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(794)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِى الْجَنَائِزِ اِذَا اجْتَمَعَتْ يُصَفُّ صَفًّا بَعْضُهَا اَمَامَ بَعْضٍ يَقُوْمُ الْاِمَامُ فِىْ وَسْطِهَا فَاِذَا كَانُوْا رِجَالًا وَنِسَاءً جُعِلَ الرِّجَالُ يَلُوْنَ الْاِمَامَ وَالنِّسَاءُ اَمَامَ ذٰلِكَ يَلِيْنَ الْقِبْلَةَ

"جب زیادہ میتیں ہوں (اور وہ صرف مردوں کی ہوں) تو ان کے بارے میں وہ یہ فرماتے ہیں: انہیں صف کی شکل میں رکھا جائے گا اور امام اُن کے درمیان میں کھڑا ہوگا' لیکن اگر مردوں اور خواتین کی میتیں ایک ساتھ ہوں' تو مردوں کی میتیں' امام والی طرف اور خواتین کی میتیں' قبلہ والی طرف میں رکھی جائیں گی"۔

(اخرجه) الامام محمد ابن حسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة (ثم) قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے (پھر) امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(795)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ (وَعَنْ) عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّهُمَا قَالَا:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے ابراہیم نخعی (اور) عون بن عبد اللہ کے حوالے سے شعبی کے بارے میں' یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَلزَّوْجُ اَحَقُّ بِالصَّلَاةِ عَلَى الْمَيِّتَةِ مِنَ الْاَبِ

"یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں: (مرحومہ) خاتون کے باپ کے مقابلے میں' اُس کا شوہر اس کی نماز جنازہ پڑھانے کا زیادہ حقدار ہوگا"۔

---

(794) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (246) فى الجنائز: باب الصلاة على جنائز الرجال والنساء -وعبد الرزاق (6334) فى الجنائز: باب كيف الصلاة على الرجال والنساء؟ وابن ابى شيبة 314/3 فى الجنائز: باب فى جنائز الرجال والنساء

(795) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (260) فى الجنائز: باب من اولى بالصلاة على الجنازة -وعبد الرزاق (6371) فى الجنائز: باب من احق بالصلاة على الميت -وابن ابى شيبة 363/3 فى الجنائز: باب فى الزوج والاخ وايهما احق بالصلاة؟

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة (ثم) قال محمد ورفع ابو حنیفة حدیثاً الی عمر فقال اخبرنی رجل (عن) حسن البصری (عن) عمر بن الخطاب رضی الله عنه انه قال الاب احق بالصلاة علی المیتة من الزوج (ثم) قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے'انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں: مجھے ایک شخص نے یہ بات بیان کی ہے' حسن بصری نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل کیا ہے: خاتون کی نماز جنازہ پڑھانے میں اس کے شوہر کی بہ نسبت اس کا باپ زیادہ حق رکھتا ہے۔

(پھر) امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

796)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ فِی السَّقَطِ اِذَا اسْتَهَلَّ صُلِّیَ عَلَیْهِ وَوَرِثَ وَاِذَا لَمْ یَسْتَهِلَّ لَمْ یُصَلَّ عَلَیْهِ وَلَمْ یَرِثْ

''مردہ پیدہ ہونے والے بچے کے بارے میں' وہ یہ فرماتے ہیں: اگر تو وہ بلند آواز میں رویا ہو (جس سے یہ ثابت ہو کہ پیدائش کے وقت وہ زندہ تھا) تو اس کی نماز جنازہ بھی ادا کی جائے گی اور اس کی وراثت کے احکام بھی جاری ہونگے' اور اگر وہ (پیدائش کے وقت) رویا نہیں تھا تو' نہ تو اس کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی' اور نہ ہی اُس کی وراثت کے احکام جاری ہونگے''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

797)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِی الصَّبِیِّ یَقَعُ مَیِّتًا قَدْ کَمُلَ خَلْقُهُ قَالَ لَا یَحْجُبُ وَلَا یَرِثُ وَلَا یُصَلّٰی عَلَیْهِ وَلٰکِنَّهُ یُسَمّٰی

''ایسا بچہ جو مردہ پیدا ہوا ہو' لیکن اس کی تخلیق (یعنی اس کا جسم) مکمل ہو' تو اس کے بارے میں وہ یہ فرماتے ہیں: وہ نہ تو کسی کو (وراثت کے حصے سے) مجوب کرے گا' نہ خود وارث بنے

796- اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (262) فی الجنائز: باب استهلال الصبی والصلاة علیه- وعبد الرزاق 6595 فی الجنائز: باب الصلاة علی الصغیر والسقط ومیراثه- وابن ابی شیبة 318/3

797- اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (263) فی الجنائز: باب استهلال الصبی والصلاة علیه- وابن ابی شیبة 318/3 فی الجنائز: باب من قال: لا یصلی علیه حتی یستهل صارخاً

گا' نہ ہی اُس کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی' البتہ اس کو غسل دیا جائے گا''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة (ثم) قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے (پھر) امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(798)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: اَخْبَرَنِیْ مَنْ رَاٰی قَبْرَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَبْرَ اَبِیْ بَكْرٍ وَعُمَرَ مُسَنَّمَةً نَاشِزَةً مِنَ الْاَرْضِ عَلَيْهَا مِنْ مَدَرٍ بِيْضٍ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

''مجھے اس شخص نے یہ بات بتائی ہے: جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کی زیارت کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قبریں کوہان نما تھیں' زمین سے اونچی تھیں اور ان پر سفید رنگ کے پتھر رکھے ہوئے تھے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ یسنم القبر ولا یربع

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ اس کو کوہان نما بنایا جائے گا' چوکور نہیں بنایا جائے گا۔

(799)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ كَانَ يَقُوْلُ:

متن روایت: اِرْفَعُوا الْقَبْرَ حَتّٰى يُعْرَفَ اَنَّهُ قَبْرٌ فَلَا يُوْطَأُ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''قبر کو اتنا بلند کرو! کہ یہ پہچانا جائے' کہ یہ قبر ہے' تو اس پر پاؤں نہ رکھا جائے''۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(800)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

---

(798) قد تقدم فی (788)

(799) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (257) فی الجنائز: باب تسنیم القبور وتجصیصها- وابن ابی شیبة 3 فی الجنائز: باب فیمن کان یجب ان یرفع القبر

(800) قد تقدم فی (788)

متن روایت: لُحِدَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ

"نبی اکرم ﷺ کے لیے لحد بنائی گئی تھی"

وَاَخْبَرَنِیْ مَنْ رَاٰی قَبْرَہُ مُسَنَّمًا عَلَیْہِ مَدَرٌ اَبْیَضُ

(ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مجھے اس شخص نے یہ بات بتائی ہے: جس نے نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کی ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کوہان نما تھی اور اس پر سفید رنگ کے پتھر رکھے ہوئے تھے"۔

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت- قاسم بن محمد دلال- ابوبلال اشعری- محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- ابوالفضل بن خیرون- ابوبکر محمد بن علی بن محمد خیاط- ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف بن دوست علاف- قاضی عمر اشنانی- انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(801)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) قَالَ حَدَّثَنَا شَیْخٌ یَرْفَعُہُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: ہمارے ایک استاد نے نبی اکرم ﷺ تک مرفوع حدیث کے طور پر یہ روایت بیان کی ہے:

متن روایت: اَنَّـہٗ نَھٰـی عَنْ تَـرْبِیْـعِ الْقُبُـوْرِ وَتَخْصِیْصِھَا

"آپ ﷺ نے قبر کو چوکور بنانے اور اس پر گچ (یعنی چونہ) لگانے سے منع کیا ہے"۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد لا نری ان یزاد علی ما خرج منه ویکره ان یجصص او یطین او یجعل عنده مسجد او علم ویکره الآجر ولا نری برش الماء علیه باساً وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس بات کے قائل نہیں ہیں کہ (قبر کی کھدائی پر) جو مٹی نکلی تھی اس سے زیادہ ڈالی جائے اور یہ بات مکروہ ہے کہ اس پر چونا لگایا جائے یا اسے گیلی مٹی سے لیپ کیا جائے یا اس کے پاس مسجد بنائی جائے یا کوئی نشان رکھا جائے اور پکی اینٹ مکروہ ہے البتہ ہمارے نزدیک اس پر پانی چھڑکنے میں کوئی حرج نہیں ہے امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(802)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے

(801) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (258) فی الجنائز: باب تسنیم القبور وتجصیصها- والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 515/1 فی الجنائز: باب الجلوس علی القبر- واحمد 332/3- وابو داؤد (3225) فی الجنائز: باب فی البناء علی القبر- وابن ماجة 498/1 فی الجنائز: باب النهی عن تجصیص القبور والبناء علیها

(802) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (259) فی الجنائز: باب تسنیم القبور وتجصیصها- وابن ابی شیبة 338/3 فی الجنائز: باب من کره ان یطأ علی قبر- وعبدالرزاق (6512) فی الجنائز: باب المزابی والجلوس علی القبر- والطبرانی فی "الکبیر" (895)

اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: كَانَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَقُوْلُ لَاَنْ اَطَأَ عَلٰى جَمْرَةٍ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَطَأَ عَلٰى قَبْرٍ مُتَعَمِّدًا

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ فرمایا کرتے تھے: میں کسی انگارے پر پاؤں دیدوں یہ میرے نزدیک اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میں جان بوجھ کر کسی قبر پر پاؤں دیدوں''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثارفرواه عن ابي حنيفةقال محمد ويكره الوطء على القبر متعمداً وهو قول ابي حنيفة رضي الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: جان بوجھ کر قبر پر پاؤں دینا مکروہ ہے۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**803**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد بیان کرتے ہیں:

متن روایت: سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ مِنْ اَيْنَ يُدْخَلُ الْمَيِّتُ قَالَ مِمَّا يَلِي الْقِبْلَةَ مِنْ حَيْثُ يُصَلّٰى عَلَيْهِ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ حَدَّثَنِيْ مَنْ رَاٰى اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ يُدْخِلُوْنَ مَوْتَاهُمْ فِي الزَّمَانِ الْاَوَّلِ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَاِنَّمَا السَّلُّ شَيْءٌ آخَرُ اِبْتَدَعَهُ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ

''میں نے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا: میت کو کس سمت سے قبر میں داخل کیا جائے؟ انہوں نے جواب دیا: قبلہ کی سمت سے جس طرف اُس کی نماز جنازہ ادا کی جاتی ہے پاؤں کی طرف سے میت کو قبر میں داخل کرنا ایک ایسا طریقہ ہے جو اہل مدینہ نے بعد میں ایجاد کیا''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثارفرواه عن ابي حنيفةثم قال محمد وبه ناخذ يدخل الميت مما يلي القبلة ولا يسل سلاً من قبل رجليه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں میت کو قبلہ کی سمت سے قبر میں اتارا جائے گا' اسے پاؤں کی طرف سے نہیں اتارا جائے گا۔

(**804**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: يَدْخُلُ الْقَبْرَ اِنْ شَاءَ شَفْعًا وَاِنْ شَاءَ وِتْرًا كُلُّ ذٰلِكَ حَسَنٌ

''قبر میں خواہ طاق تعداد میں لوگ اُتریں' خواہ جفت تعداد میں اُتریں' ہر طرح ٹھیک ہے''۔

---

(803) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (244) في الجنائز: باب ادخال الميت القبر - وعبدالرزاق (6471) في الجنائز: باب من حيث يدخل الميت القبر - وابن ابي شيبة 428/3 في الجنائز: باب من ادخل ميتاً من قبل القبلة

(804) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (245) في الجنائز: باب ادخال الميت القبر - وعبدالرزاق (6453) في الجنائز: باب كم يدخل القبر - وابن ابي شيبة 324/3 في الجنائز: باب ما قالوا في القبر كم يدخله؟

ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

805)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متنِ روایت: فِیْ الرَّجُلِ يَشْهَدُ فَيَمُوْتُ مَكَانَهُ الَّذِیْ قُتِلَ فِيْهِ قَالَ يُنْزَعُ عَنْهُ خُفَّاهُ وَسَرَاوِيْلُهُ وَقَلَنْسُوَتُهُ وَيُكَفَّنُ فِیْ ثِيَابِهِ الَّتِیْ كَانَتْ عَلَيْهِ

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جو شخص جنگ میں حصہ لے اور اُسی جگہ مر جائے جہاں اُسے قتل کیا گیا تھا' تو اس کے موزے' شلوار (یعنی اضافی کپڑے) اور ٹوپی کو اتار لیا جائے گا' اور اسے اُس کے انہی کپڑوں میں کفن دیا جائے گا' جو (شہادت کے وقت) اس کے جسم پر تھے''۔

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةثم قال محمد وبه ناخذ وینزع عنه کل جلد وسلاح ویزیدون کلما احبوا من الاکفان ویصلی علیه وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ اس سے چمڑہ' ہتھیار اُتار لیے جائیں گے اور لوگ جو چیزیں مناسب سمجھیں وہ اس کے کفن میں اضافہ کر دیں گے اور اس کی نمازِ جنازہ ادا کی جائے گی' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

806)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متنِ روایت: فِیْ الرَّجُلِ يُقْتَلُ فِیْ الْمَعْرَكَةِ قَالَ لَا يُغَسَّلُ قَالَ وَالَّذِیْ يُضْرَبُ فَيُحَامَلُ اِلٰی اَهْلِهِ قَالَ يُغَسَّلُ

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جو شخص معرکے میں قتل (یعنی شہید) ہو جائے' اس کو غسل نہیں دیا جائے گا' لیکن جو زخمی ہو اور اس کو اُٹھا کر اس کے اہل خانہ کے پاس (یعنی میدان جنگ سے باہر لایا جائے اور پھر وہ انتقال کر جائے) تو اُس کو غسل دیا جائے گا''۔

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

805) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (264) فی الجنائز: باب غسل الشهید-وابن ابی شیبة 252/3 فی الجنائز باب فی الرجل یقتل او یستشهد یدفن کما هو او یغسل؟

806) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (265) فی الجنائز: باب غسل الشهید-وعبدالرزاق (6647) فی الجنائز: باب الصلاة علی الشهید وغسله-وابن ابی شیبة 253/3 فی الجنائز: باب فی الرجل یقتل او یستشهدیدفن کماهو او یغسل؟

# اَلْبَابُ السَّادِسُ فِیْ الزَّکَاۃِ

# چھٹا باب: زکوٰۃ کے بارے میں روایات

یَشْتَمِلُ عَلٰی اَرْبَعَۃِ فُصُوْلٍ

(یہ باب) چار فصول پر مشتمل ہے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ نُصُبِ الزَّکَاۃِ وَمَصَارِفِھَا

اَلْفَصْلُ الثَّانِیُ فِیْ الْعُشْرِ وَالْخِرَاجِ وَالْکَنْزِ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِیْ زَکَاۃِ الْحُلِیِّ وَمَالِ الْیَتِیْمِ وَالْمَدْیُوْنِ

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِیْ صَدَقَۃِ الْفِطْرِ

پہلی فصل: زکوٰۃ کے (مختلف قسم کے) نصاب اور زکوٰۃ کے مصارف کا بیان

دوسری فصل: عشر، خراج اور کنز کا بیان

تیسری فصل: زیور، یتیم کے مال اور قرض کی رقم میں (زکوٰۃ) کا حکم

چوتھی فصل: صدقہ فطر کا بیان

# اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ نُصُبِ الزَّکَاۃِ وَمَصَارِفِھَا

## پہلی فصل: زکوٰۃ کے (مختلف قسم کے) نصاب اور زکوٰۃ کے مصارف کا بیان

807- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَۃَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ اَنَّہٗ قَالَ:

متن روایت: لَیْسَ فِیْ اَقَلِّ مِنْ عِشْرِیْنَ مِثْقَالًا مِنَ الذَّھَبِ زَکَاۃٌ فَاِذَا کَانَ الذَّھَبُ عِشْرِیْنَ مِثْقَالًا فَفِیْھَا نِصْفُ مِثْقَالٍ فَاِذَا زَادَ فَبِحِسَابِ ذٰلِکَ وَلَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ الْمِائَتَیْنِ دِرْھَمٍ صَدَقَۃٌ فَاِذَا بَلَغَتِ الْوَرَقُ مِائَتَیْ دِرْھَمٍ فَفِیْھَا خَمْسَۃُ دَرَاھِمَ فَمَا زَادَ فَبِحِسَابِ ذٰلِکَ

امام ابوحنیفہ نے حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''بیس مثقال سے کم سونے میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی ہے، لیکن جب سونا بیس مثقال ہو تو اس میں نصف مثقال (یعنی چالیسویں حصے) کی ادائیگی لازم ہوگی اگر وہ (سونا) زیادہ ہو تو اسی حساب سے ادائیگی لازم ہوگی، دوسو درہم سے کم میں، زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی جب چاندی دوسو درہم تک پہنچ جائے، تو اس میں پانچ درہم (یعنی چالیسویں حصے) کی ادائیگی لازم ہوگی اگر (چاندی) اس سے زیادہ ہو تو اسی حساب سے ادائیگی لازم ہوگی''۔

(اخرجہ) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواہ عن ابی حنیفۃثم قال محمد وبہ ناخذ وکان ابوحنیفۃ یاخذ بھذا کلہ الا فی خصلۃ واحدۃ ما اذا زاد علی المائتین فلیس فی الزیادۃ شیء حتی یبلغ اربعین درھماً فیکون فیھا درھم وما زاد علی عشرین مثقالاً فلیس فی ذلک شیء حتی یبلغ اربعۃ مثاقیل فیکون فیھا بحساب ذلک

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے، انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے، پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ ان تمام صورتوں کے مطابق فتویٰ دیتے تھے البتہ ایک صورت کا معاملہ مختلف ہے اور وہ یہ کہ دوسو درہم سے زیادہ جو رقم ہے اس اضافی رقم میں کوئی ادائیگی لازم نہیں ہوگی، جب تک وہ اضافی رقم چالیس درہم تک نہیں پہنچ جاتی، پھر اس میں ایک درہم کی ادائیگی لازم ہوگی اسی طرح جب (سونا) بیس مثقال سے زیادہ ہو تو اس میں کوئی ادائیگی لازم نہیں ہوگی، جب تک وہ (اضافی حصہ) چار مثقال تک نہیں پہنچ جاتا۔ کیونکہ پھر اس میں اسی حساب سے ادائیگی

807) اخرجہ محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (296) فی الزکاۃ: باب زکاۃ الذھب والفضۃ ومال الیتیم- وابن ابی شیبۃ 119/3 فی الزکاۃ: باب ما قالوا فی الدنانیر ما یؤخذمنھا فی الزکاۃ؟ وابو عبید القاسم بن سلام فی ''الاموال'' 166 باب: فروض زکاۃالذھب والورق وما فیھما من السنن - والدار قطنی فی ''السنن'' 93/2 فی الزکاۃ: باب وجوب زکاۃ الذھب والورق- مختصراً عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ مرفوعاً

لازم ہوگی۔

(808)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِي الْخَيْلِ السَّائِمَةِ الَّتِيْ يَلْتَمِسُ نَسْلَهَا اِذَا حَالَ عَلَيْهَا الْحَوْلُ اَنَّ الْمُصَدِّقَ بِالْخَيَارِ اِنْ شَاءَ اَخَذَ مِنْ كُلِّ فَرَسٍ دِيْنَارًا اَوْ عَشَرَةَ دَرَاهِمَ وَاِنْ شَاءَ بِالْقِيْمَةِ يُقَوِّمُهَا ثُمَّ يَاخُذُ مِنْ كُلِّ مِائَتَيْ دِرْهَمٍ خَمْسَةَ دَرَاهِمَ

''وہ پالتو گھوڑے' جو افزائش نسل کے لیے رکھے گئے ہوں جب اُن پر ایک سال گزر جائے گا' تو زکوٰۃ وصول کرنے والے کو اختیار ہوگا' اگر وہ چاہے' تو ایک گھوڑے کے عوض میں ایک دینار یا دس درہم حاصل کر لے' یا پھر اُن کی قیمت کا تعین کر کے ہر دوسو درہم میں سے پانچ درہم وصول کر لے''۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بغوی-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ثم قال محمد وفی قولنا لا زکوة فی الخیل فقد بلغنا عن النبی صلی الله علیه و آله وسلم انه قال عفوت عن امتی فی صدقة الخیل والرقیق

پھر امام محمد فرماتے ہیں: جہاں تک گھوڑے میں زکوٰۃ لازم نہ ہونے کے بارے میں ہمارے موقف کا تعلق ہے تو ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ روایت پہنچی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے: میں نے اپنی اُمت سے گھوڑے اور غلام کی زکوٰۃ معاف کر دی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(809)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ نَافِعِ بْنِ دِرْهَمٍ الْعَبْدِيِّ الْكُوْفِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ:

امام ابوحنیفہ-ابوہیثم نافع بن درہم عبدی کوفی کے حوالے سے-ابراہیم تیمی کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهٗ كَانَ يَتَصَدَّقُ عَلَى الرُّهْبَانِ وَكَانُوْا يَتَعَاهَدُوْنَهٗ

''وہ راہبوں کو صدقہ دیدیا کرتے تھے' اُن راہبوں نے اُن کے ساتھ (ذمی ہونے کا) معاہدہ کیا ہوا تھا''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوعباس بن عقدہ-محمد بن احمد بن حسن-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-یحییٰ بن مہاجر عبدی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(810)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ الْغِفَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: خثیم بن عراک بن مالک غفاری بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد کو یہ بیان کرتے

(810) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (310) فی الزكاة الدواب العومل-ومسلم 675/2 فی الزكاة: باب ليس علی المسلم فی فرسه صدقة-وابو داؤد (1595) فی الزكاة: باب صدقة الرقيق-وعبد الرزاق (6878) فی الزكاة: باب زكاة الخيل-واحمد 254/2

سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

ہوئے سنا ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

متن روایت: لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِيْ فَرَسِهٖ وَعَبْدِهٖ صَدَقَةٌ

"مسلمان پر اس کے گھوڑے اور غلام میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی ہے"۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن محمد بن سعید - ابراہیم بن یحییٰ بن احمد فارسی - محمد بن فضل بن خراش محاربی - محمد بن سلام بیکندی - محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(811) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ ثَلَاثِيْنَ مِنَ الْبَقَرِ صَدَقَةٌ فَاِذَا بَلَغَتْ ثَلَاثِيْنَ فَفِيْهَا تَبِيْعٌ اَوْ تَبِيْعَةٌ جَذْعَةٌ اِلٰى تِسْعٍ وَثَلَاثِيْنَ فَاِذَا بَلَغَتْ اَرْبَعِيْنَ فَفِيْهَا مُسِنَّةٌ فَاِذَا زَادَتْ عَلَى الْاَرْبَعِيْنَ فَبِحِسَابِ ذٰلِكَ

"تیس گائیوں سے کم میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی ہے' جب ان کی تعداد تیس ہو' تو ان میں ایک تبیع' یا تبیعہ جذعہ کی ادائیگی لازم ہوگی' یہ حکم انتالیس تک کے لیے ہے' جب ان کی تعداد چالیس ہو' تو ان میں ایک مسنہ کی ادائیگی لازم ہوگی' اگر ان کی تعداد چالیس سے زیادہ ہو' تو پھر اسی حساب سے ادائیگی لازم ہوگی"۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(812) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم - محمد بن سیرین کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

حضرت علی بن ابوطالب کرم اللہ وجہہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: لَيْسَ فِي الْعَوَامِلِ وَالْحَوَامِلِ صَدَقَةٌ

"ذاتی کام کاج اور بار برداری کے لیے استعمال ہونے

---

(811) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (321) في الزكاة: باب زكاة البقر - وابن ابي شيبة 127/3 في الزكاة: باب في صدقة البقرماهي؟ وعبدالرزاق (6849) - وابو عبيد في "الاموال" 156 (997)

(812) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (309) في الزكاة: باب زكاة الدواب العوامل - وابو داؤد (1574) في الزكاة: باب في زكاة السائمة - والنسائي 37/5 (2477) في الزكاة - وعبد الرزاق 33/4 في الزكاة: باب الخيل - والطحاوي في شرح معاني الآثار" 28/2 في الزكاة: باب الخيل السائمة هل فيها صدقة ام لا؟

والے اونٹوں پر زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی ہے''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعبداللہ محمد بن مخلد- بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**813**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: مَنْ سَاَلَ وَلَهُ مَا يُغْنِيْهِ فَهُوَ كَدُوْحٌ وَخُدُوْشٌ فِيْ وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ وَمَا غَنَاؤُهُ قَالَ خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا اَوْ حِسَابُهَا مِنَ الذَّهَبِ

امام ابوحنیفہ نے-حکیم بن جبیر- محمد بن عبد الرحمٰن بن یزید- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص (کسی سے کچھ) مانگے' حالانکہ اس کے پاس کچھ ہو' جو اُس کو (مانگنے سے) بے نیاز کرتا ہو' تو یہ کام اس کے لیے قیامت کے دن چہرے پر خراش کا باعث ہوگی' (سائل نے عرض کی: اس کے بے نیاز ہونے سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: پچاس درہم' یا پھر ان کے برابر سونا (اس کے پاس موجود ہونا)''۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوحسن علی بن حسن بن احمد حرانی - ابویقظان عبد الرحمٰن بن عبد اللہ بن مسعود بن طارق- ابوقتادہ عبد اللہ بن واقد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت' اسی مضمون کے ساتھ- ابومحمد عبد اللہ بن عباس طیالسی- احمد بن حفص بن عبد اللہ- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- مبارک بن عبد الجبار صیرفی - ابومحمد فارسی - حافظ محمد بن مظفر نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- قاضی ہناد بن ابراہیم بن محمد- ابوقاسم عبد اللہ بن محمد- ابوعبد اللہ بن دوست علاف- ابوحسن علی بن محمد بن موسیٰ تمار- علی بن احمد بن خالد حرانی - عبد الرحمٰن بن یحییٰ - ابوقتادہ کے حوالے سے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

(813) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 20/2 و372/4 -واحمد 388/1 -وابوداؤد (1626) فی الزكاة: باب من يعطى من الصدقة وحد الغنى؟ والترمذی (645) فی الزكاة: باب من تحل له الزكاة؟- وابن ماجة (1840) فی الزكاة: باب من سأل عن غنى

# اَلْفَصْلُ الثَّانِیُ فِیْ الْعُشْرِ وَالْخِرَاجِ وَالْكَنْزِ

## دوسری فصل: عشر، خراج اور کنز کا بیان

(814)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - عطاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اَلرِّكَازُ الَّذِیْ یَنْبُتُ مِنَ الْاَرْضِ

''رکاز وہ ہوتا ہے، جو زمین سے اُگتا ہے''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح ترمذی - علی بن حسن بن یسار مقری - محمد بن صباح دولابی - حبان بن علی کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(815)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ فِی الرِّكَازِ الْخُمُسُ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکاز کے بارے میں فرمایا ہے، (اس میں) ''خمس'' (کی ادائیگی لازم ہوگی)''۔

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(816)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ عَجْلَانِ الْبَصْرِیِّ عَنِ الْحَسَنِ:

امام ابوحنیفہ نے - عطاء بن عجلان بصری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حسن (بصری) بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعَثَ سَبْعِیْنَ سَاعِیًا

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ستر اہلکاروں کو (زکوٰۃ کی وصولی کے لیے) بھیجا تھا''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابن عقدہ - قاسم بن محمد - محمد بن محمد - امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام

---

(814) اخرجه الحصكفی فی ''مسند الامام'' (199)

☆قلت: وقد اخرج البيهقی فی ''السنن الكبرى'' 52/4 فی الركاز: باب من قال المعدن ركاز فيه الخمس - وفی ''المعرفة'' (3050) فی الزكاة: باب زكاة المعدن - وابويعلى (6609)

عن ابی هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ''الركاز الذهب الذی ينبت فی الارض''

(815) اخرجه ابو يوسف فی ''الآثار'' 89

(816) ...اخرج عبدالرزاق (6806) فی الزكاة: باب ما يعد وكيف يؤخذ الصدقة؟..... ان عمر بن الخطاب بعث سفيان بن عبد الله الثقفی ساعياً......

ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**817**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: فِيْمَا اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ الْعُشْرُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مِمَّا سَقَتْهُ السَّمَاءُ اَوْ سُقِيَ سِيْحًا وَاِلَّا فَفِيْهِ نِصْفُ الْعُشْرِ وَاِنْ لَمْ يُخْرِجْ اِلَّا دَسْتَجَةً بَقْلٍ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''زمین کی جوبھی پیداوار ہو'اس میں عشر کی ادائیگی لازم ہوگی' بشرطیکہ اُس کو بارش' یا بہتے ہوئے پانی (یعنی ندی نالے) کے ذریعے سیراب کیا گیا ہو' ورنہ اس میں نصف عشر کی ادائیگی لازم ہوگی' اگرچہ سبزی کا ایک دستچہ (یعنی مٹھی بھر) ہو''۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بن حنیس-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**818**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: لَا يَجْتَمِعُ عَلٰى مُسْلِمٍ عُشْرٌ وَخَرَاجٌ فِيْ اَرْضٍ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان-ابراہیم نخعی-علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مسلمان پر کسی زمین میں'عشر اور خراج (ایک ساتھ) لازم نہیں ہوسکتے ہیں''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-یحییٰ بن محمد بن صاعد مولیٰ بنی ہاشم (اور) عبداللہ بن جامع بن زیاد حلوانی (اور) محمد بن حمد ہروی (اور) احمد بن محمد (اور) عبداللہ بن زیاد سرخسی (اور) عبداللہ بن عبیداللہ بن سریج (اور) ابویحییٰ زکریا بن حسین نسفی (کے حوالے سے) نے-یوسف بن سعید بن مسلم مصیصی-یحییٰ بن عنبسہ کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوحسن علی بن محمد بن عبید-ابوبکر احمد بن عبید نیشاپوری-یوسف بن سعید بن مسلم مصیصی-یحییٰ بن عنبسہ کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت-ابوعبداللہ محمد بن موسیٰ ازرق-یوسف بن مسلم-یحییٰ بن عنبسہ کے حوالے سے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(817) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (312)-وعبدالرزاق (7195) باب الخضر-وابن ابي شيبة (10034) في كل شيء اخرجت الارض زكاة-والطحاوي في "شرح معاني الآثار" (3092) في الزكاة:باب زكاة ما يخرج الارض-والزيلعي في "نصب الراية" 386/2

(818) اخرجه البيهقي في "السنن الكبرى" 132/4-وفي "المعرفة" 287/3-والخطيب في "تاريخ بغداد" 162/14-وابن عدي في "الكامل" 255/7

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوالفضل ابن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی باقلانی- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت- ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب- حسین بن علی بن محمد معدل- عمر بن احمد بن شاہین- ایوب بن یوسف مصری- یوسف بن سعید بن مسلم مصیصی- یحییٰ بن عیسیٰ (خطیب کہتے ہیں: ابن شاہین نے راوی کا یہی نام ذکر کیا ہے حالانکہ یہ یحییٰ بن عنبسہ ہے) اُن کے حوالے سے یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

(819)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے- علقمہ بن مرثد- ابن بریدہ کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

متنِ روایت: مَنْ لَمْ يَقْبَلْ عُذْرَ مُسْلِمٍ يَعْتَذِرُ اِلَيْهِ فَوِزْرُهٗ كَوِزْرِ صَاحِبِ مَكْسٍ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا صَاحِبُ مَكْسٍ قَالَ عَشَّارٌ

''جو شخص کسی مسلمان کے پیش کیے ہوئے عذر کو قبول نہ کرے تو اس کا گناہ ''صاحب مکس'' کے گناہ کی طرح ہوتا ہے عرض کی گئی: یارسول اللہ! ''صاحب مکس'' سے مراد کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (ناجائز) ٹیکس (یا بھتہ) وصول کرنے والا شخص''۔

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- حسن بن یزید بن یعقوب دقیقی ہمدانی- ابراہیم بن نصر بن عبدالعزیز جو نہاوند کے رہنے والے ہیں وہ بیان کرتے ہیں میں نے اپنے والد کو میرے دادا کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کرتے ہوئے سنا ہے۔

(820)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: لَوْ لَمْ تُخْرِجِ الْاَرْضُ اِلَّا دَسْتَجَةَ بَقْلٍ كَانَ فِيْهَا الْعُشْرُ

''اگر زمین کی پیداوار صرف ایک دستجہ (یعنی مٹھی بھر) ہو تو بھی اس میں عشر کی ادائیگی لازم ہوگی''۔

حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن- عبدالرحمٰن بن عمر- محمد بن ابراہیم- ابوعبداللہ محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(821)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبَانَ بْنِ اَبِيْ عَيَّاشٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- ابان بن ابوعیاش کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

---

(819) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (461)

(820) قد تقدم فى (817)

(821) اخرجه يحيى بن آدم فى "الخراج" 116- وابن حجر فى "التلخيص الحبير" 374/2 فى ذيل (843) من الزكاة- وابو يوسف فى "الخراج" 59

متنِ روایت: فِیْ کُلِّ شَیْءٍ اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ الْعُشْرُ اَوْ نِصْفُ الْعِشْرِ

قَالَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ وَلَمْ یَذْکُرْ صَاعَکُمْ

''زمین میں سے نکلنے والی ہر چیز میں عشر یا نصف عشر کی ادائیگی لازم ہوگی''۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم لوگوں کے صاع کا ذکر نہیں کیا۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر دمشقی - ابوعبداللہ محمد بن علی سکینہ - ابوحسن محمد بن محمد رازی - ابوحسن محمد بن محمد فقیہ - فارس بن محمد بن سردویہ بلخی - ابوسلیمان محمد بن فضل - ابومطیع رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے 'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**822**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ الْهَیْثَمِ بْنِ حَبِیْبِ الصَّیْرِفِیِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ وَاَخِیْهِ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم بن حبیب صیرفی - محمد بن سیرین اور ان کے بھائی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متنِ روایت: اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ بَعَثَ عَلٰی صَدَقَةِ الْبَصْرَةِ قَالَ فَقَالَ لِیْ اَنَسٌ اَبْعَثُكَ عَلٰی مَا بَعَثَنِیْ عَلَیْهِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ لَا اَعْمَلُ لَكَ حَتّٰی تَكْتُبَ لِیْ عَهْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَكَتَبَ اِنَّا نَاْخُذُ مِنْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِیْنَ رُبْعَ الْعُشْرِ وَمِنْ اَمْوَالِ اَهْلِ الذِّمَّةِ اِذَا جَاؤُا بِهَا لِلتِّجَارَةِ نِصْفُ الْعُشْرِ وَمِنْ اَهْلِ الْحَرْبِ الْعُشْرُ

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے (انہیں) بصرہ کی زکوٰۃ کی وصولی کے لیے بھیجا' تو یہ فرمایا: میں تمہیں اسی حکم کے ہمراہ بھیج رہا ہوں' جس کے ہمراہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے بھیجا تھا' تو میں نے کہا: میں اس وقت تک آپ کے لیے کام نہیں کروں گا' جب تک آپ مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حکم نامہ تحریر کر کے نہیں دیتے' تو انہوں نے یہ تحریر کیا:

''ہم مسلمانوں کے اموال میں سے (زکوٰۃ کے طور پر) چالیسواں حصہ وصول کریں گے' ذمی جب اپنا سامان تجارت لے کر آئیں گے' تو ان سے نصف عشر (یعنی بیسواں حصہ) اور حربیوں سے عشر (یعنی دسواں حصہ) وصول کریں گے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن مخلد - بشر بن موسیٰ - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام

(822) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (315) - وابو عبید فی "الاموال" (1657) باب ما یاخذ العاشر من صدقة المسلمین - وعبد الرزاق 88/4 (7072) و (7073) - والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 32/2 (3066) فی الزکاة: باب الزکاة هل یاخذها الامام ام لا؟

ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوغنائم محمد بن علی بن حسین- محمد بن احمد بن محمد بن زرقویہ- ابوسہل احمد بن محمد بن محمد بن زیاد قطان- بشر بن موسیٰ- ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن خلال- عبدالرحمٰن بن عمر- محمد بن ابراہیم بغوی- محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن خیرون- ابوعلی بن شاذان- قاضی ابونصر بن اشکاب- عبداللہ بن طاہر- اسماعیل بن توبہ قزوینی- محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

**823**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ صَخْرٍ الْمُحَارِبِيِّ الْمَكِّيِّ عَنْ زِيَادِ بْنِ حُدَيْرٍ قَالَ:

متنِ روایت: بَعَثَنِيْ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مُصَدِّقًا فَاَمَرَنِيْ اَنْ آخُذَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ رُبُعَ الْعُشْرِ وَمِنَ الْمُعَاهِدِيْنَ مِثْلَيْ ذٰلِكَ وَمِنَ الْحَرْبِيِّ الْعُشْرَ كَامِلاً وَمِنَ النَّصْرَانِيِّ الْحَرْبِيِّ التَّغْلَبِيِّ مِمَّا قِيْمَتُهُ عِشْرُوْنَ دِيْنَارًا اَوْ مِائَتَا دِرْهَمٍ عُشْرُ ذٰلِكَ فَعَرَضَ عَلٰى نَصْرَانِيِّ تَغْلَبِيِّ فَرَسًا قِيْمَتُهُ عِشْرُوْنَ اَلْفَ دِرْهَمٍ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ اِمَّا تُعْطِيْنِيْ اَلْفَيْنِ وَتَمْضِيْ بِفَرَسِكَ اَوْ اُعْطِيْكَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ اَلْفَ دِرْهَمٍ وَآخُذُ فَرَسَكَ فَقَالَ جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا بِهٰذَا قَامَ الْحَقُّ وَبِهٖ جَاءَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ

امام ابوحنیفہ نے- ابوصخر محاربی مکی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: زیاد بن حدیر بیان کرتے ہیں:

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے بھیجا' تو مجھے یہ ہدایت کی کہ میں مسلمانوں کے اموال میں سے چالیسواں حصہ وصول کروں' ذمیوں کے مال میں سے اس کا دُگنا (یعنی بیسواں حصہ) اور حربیوں کے مال میں سے مکمل عشر وصول کروں' عیسائی' تغلبی' حربی کے جس مال کی قیمت بیس دینار یا دو سو درہم ہو' اس کا عشر وصول کروں' ایک عیسائی تغلبی شخص میرے سامنے ایک گھوڑا لے کر آیا' جس کی قیمت بیس ہزار درہم تھی' تو میں نے اس سے کہا: یا تو تم مجھے دو ہزار درہم دے کر اپنا گھوڑا لے جاؤ' یا پھر میں تمہیں اٹھارہ ہزار درہم ادا کر کے گھوڑا رکھ لیتا ہوں' تو اس نے کہا: اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دے' اسی (ایمانداری) کے ساتھ حق قائم ہے' اور اسی کو ساتھ لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائے تھے''۔

•••———•••———•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- احمد بن محمد بن سعید- حسین بن علی بن عفان- ابوسعید ثعلبی- ابوبشر عبدالملک شامی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

---

(823) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في"الآثار"(314) -وابو عبيد في"الاموال"( 1658) باب ما ياخذ العاشر من صدقة المسلمين-وابن ابي شيبة 197/3 في الزكاة:باب في نصارى بني تغلب ما يؤخذ منهم؟

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن- عبدالرحمٰن بن عمر بن احمد- محمد بن ابراہیم- محمد بن شجاع- حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِيْ زَكَاةِ الْحُلِيِّ وَمَالِ الْيَتِيمِ وَالْمَدْيُوْنِ

## تیسری فصل: زیور، یتیم کے مال، اور قرض کی رقم میں (زکوٰۃ) کا حکم

(824)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: اَنَّ اِمْرَاَةً قَالَتْ اِنَّ لِيْ حُلِيًّا فَهَلْ عَلَيَّ فِيْهِ زَكَاةٌ فَقَالَ لَهَا ابْنُ مَسْعُوْدٍ نَعَمْ فَقَالَتْ اِنَّ لِيْ اِبْنَيْ اَخٍ يَتِيْمَيْنِ فِيْ حُجْرِيْ اَفَيُجْزِيْ عَنِّيْ اَنْ اَجْعَلَ زَكَاتِيْ لَهُمَا فَقَالَ نَعَمْ

امام ابوحنیفہ- ابراہیم نخعی کے حوالے سے- حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

''ایک خاتون نے دریافت کیا: میرے پاس زیور ہے کیا اس میں مجھ پر زکوٰۃ لازم ہوگی؟ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس خاتون سے فرمایا: جی ہاں! اس عورت نے دریافت کیا: میرے دو یتیم بھتیجے میرے زیر پرورش ہیں، تو کیا میں اپنی زکوٰۃ کی رقم اُن پر خرچ کرسکتی ہوں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!''

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن خلال- عبدالرحمٰن بن عمر- محمد بن ابراہیم بن احمد- محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ لا باس بان یعطی من الزکاة کل ذی رحم محرم الا والد او ولد او ولد ولد او جد او جدة وان کانوا فی عیاله والزوجة لا تعطی من الزکاة وقال ابو حنیفة لا یعطی الزوج ایضاً واما نحن فلا نری به باساً ولا نری فی الحلی زکاة الا ما کان من الذهب والفضة فاما فی الجواهر واللؤلؤ فلا زکاة فیه الا ان یکون للتجارة

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے، انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں، اس میں کوئی حرج نہیں کہ زکوٰۃ کسی محرم رشتہ دار کو دے دی جائے البتہ والد، اولاد کی اولاد، دادا، دادی کو نہیں دی جاسکتی، اگرچہ وہ لوگ آدمی کے زیر کفالت ہوں، اسی طرح بیوی کو زکوٰۃ نہیں دی جاسکتی۔ امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: شوہر کو بھی نہیں دی جاسکتی البتہ ہمارے نزدیک اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ہمارے نزدیک زیورات میں

(824) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (302)- وعبد الرزاق 83/4 فی الزکاة: باب التبر والحلی- وابن ابی شیبة 191/3 فی الزکاة: باب ماقالوا فی الرجل یدفع زکاته الی قرابته- وابو عبید فی "الاموال" (1261) باب الصدقة فی الحلی من الذهب والفضة وما فیها من الاختلاف- والدار قطنی 108/2 فی الزکاة: باب زکاة الحلی- والبیهقی فی "السنن الکبری"

لازم نہیں ہوتی البتہ جو سونے یا چاندی کے زیورات ہوں (ان میں زکوٰۃ لازم ہوتی ہے) لیکن جواہرات یا موتیوں (والے زیورات) میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی البتہ اگر وہ تجارت کے لئے ہوں تو حکم مختلف ہوگا۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

**(825)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ رَحِمَهُمُ اللهُ تَعَالٰى قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: لَا زَكَاةَ فِي الْجَوَاهِرِ وَاللُّؤْلُؤِ اِذَا لَمْ يَكُنْ لِلتِّجَارَةِ

''جواہر اور موتی اگر تجارت کے لیے نہ ہوں، تو ان میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی ہے''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن رحمه الله تعالى فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

**(826)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے-ابوبکر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا حَضَرَ شَهْرُ رَمَضَانَ اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ هٰذَا شَهْرُ زَكَاتِكُمْ قَدْ حَضَرَ فَمَنْ كَانَ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَلْيَقْضِهِ ثُمَّ لِيُزَكِّ مَا بَقِىَ

''جب رمضان کا مہینہ آتا، تو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ یہ فرماتے: اے لوگو! یہ تمہاری زکوٰۃ (کی ادائیگی) کا مہینہ ہے، تو جس شخص کے ذمہ کوئی قرض ہو، تو وہ اس کو ادا کردے اور جو مال باقی بچے اس کی زکوٰۃ ادا کردے''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ من عليه دين وله مال فليزكه بعد قضاء دينه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ جس شخص کے ذمے قرض ہو اور اس کے پاس مال بھی موجود ہو تو وہ قرض ادا

---

825) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (303) -وابن ابى شيبة 143/3 فى الزكاة:باب فى اللؤلؤ والزمرد

826) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (299) -وفى "الموطأ" 114 فى الزكاة:باب زكاة المال-ومالك فى "الموطأ" 168 فى الزكاة:باب الزكاة فى اليدين-وعبدالرزاق 93/3 فى الزكاة:باب لا زكاة الا فى فضل-وابن ابى شيبة 194/3 فى الزكاة:باب ما قالوا فى الرجل يكون عليه الدين-والبيهقى فى "السنن الكبرىٰ" 148/4

کرنے کے بعد اس مال کی زکوٰۃ ادا کرے گا۔

(**827**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ الْاُمَوِيِّ الْكُوْفِيِّ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -لیث بن ابوسلیم اموی کوفی - مجاہد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: لَيْسَ فِيْ مَالِ الْيَتِيْمِ زَكَاةٌ حَتّٰى يَحْتَلِمَ

''یتیم کے مال میں زکوٰۃ اس وقت تک لازم نہیں ہوتی جب تک وہ بالغ نہیں ہو جاتا''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - عبداللہ بن محمد بن علی بلخی - محمد بن مہلب نمیری - علی بن معبد - شعیب بن اسحاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**828**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: لَيْسَ فِيْ مَالِ الْيَتِيْمِ زَكَاةٌ وَلَا تَجِبُ عَلَيْهِ الزَّكَاةُ حَتّٰى تَجِبَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ

''یتیم کے مال میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی' اس پر زکوٰۃ اس وقت تک فرض نہیں ہوتی' جب تک اس پر نماز فرض نہیں ہوتی''

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**829**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم - ابن سیرین کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا كَانَ لَكَ دَيْنٌ عَلَى النَّاسِ فَقَبَضْتَهُ فَزَكِّهٖ لِمَا مَضٰى

''جب تم نے لوگوں سے قرض واپس لینا ہو' تو جب تم اس کو وصول کر لو' تو اس کی گزرے ہوئے وقت کی زکوٰۃ ادا کرو''۔

•••——•••——•••

(827) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (298)- وعبدالرزاق 69/4 في الزكاة: باب صدقة مال اليتيم- وابن ابي شيبة 150/3 في الزكاة: باب من قال ليس في مال اليتيم زكاة حتى يبلغ- والبيهقي في "السنن الكبرى" 108/4

(828) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (297)- وعبدالرزاق 69/4 في الزكاة: باب صدقة مال اليتيم والاتجار به واعطاء زكاته- وابن ابي شيبة 150/3 في الزكاة: باب من قال: ليس في مال اليتيم زكاة حتى يبلغ

(829) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (300)- وعبدالرزاق 100/4 في الزكاة: باب لا زكاة الا في الناض- وابن ابي شيبة 162/3 في الزكاة: باب ما كان لا يستقرض يعطيه اليوم وياخذ الي يومين فليزكيه

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**(830)**- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّهُ قَالَ فِيْ رَجُلٍ اَقْرَضَ رَجُلاً اَلْفَ دِرْهَمٍ قَالَ زَكَاتُهَا عَلَى الَّذِيْ يَسْتَعْمِلُهَا وَيَنْتَفِعُ بِهَا

''ایک شخص دوسرے کو قرض کے طور پر ایک ہزار درہم دیدیتا ہے' تو وہ یہ فرماتے ہیں: اُن کی زکوٰۃ اُس شخص پر لازم ہو گی' جو انہیں استعمال کرتا ہے اور اُن سے نفع حاصل کرتا ہے''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفة(ثم) قال محمد ولسنا ناخذ بهذا ولكنا ناخذبقول علی زكاتها علی صاحبها اذا قبضها زكاها لما مضی والله تعالی اعلم

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں' ہم اس کے مطابق فتویٰ نہیں دیتے ہیں بلکہ ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول کو اختیار کرتے ہیں: قرض خواہ شخص جب قرض واپس لے لے گا تو وہ گزرے ہوئے زمانے کی زکوٰۃ ادا کرے گا۔ باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

# اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِيْ صَدَقَةِ الْفِطْرِ

## چوتھی فصل: صدقہ فطر کے احکام

**(831)**- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: صَدَقَةُ الْفِطْرِ عَلٰى كُلِّ مَمْلُوْكٍ اَوْ حُرٍّ صَغِيْرٍ وَكَبِيْرٍ نِصْفُ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ اَوْ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعٌ مِنْ شَعِيْرٍ

''صدقہ فطر' ہر غلام اور آزاد' چھوٹے (یعنی نابالغ) اور بڑے (یعنی بالغ) پر لازم ہوتا ہے' جو گندم کا نصف صاع ہو گا' یا کھجور کا ایک صاع' یا جو کا ایک صاع ہو گا''۔

---

(830) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في''الآثار''(301)-وعبدالرزاق 104/4 في الزكاة:باب لا زكاة الا في الناض-وابن ابي شيبة 194/3 في الزكاة:باب ما قالوا في الرجل يكون عليه الدين-وابو عبيد في''الاموال''(1227) باب الصدقة في الديون والتجارات

(831) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في''الآثار''(304)-وابن ابي شيبة 170/3 في الزكاة:باب في صدقة الفطر من قال نصف صاع بر

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وقال ابوحنیفة نصف صاع من زبیب یجزیه واما فی قولنا فلا یجزیه الا صاع

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: کشمش کا نصف صاع اس کے لئے کفایت کر جائے گا البتہ ہمارے قول کے مطابق اس کے لئے ایک صاع کی ادائیگی ضروری ہے۔

(**832**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: لَيْسَ فِى الْمَمْلُوْكِيْنَ الَّذِيْنَ يُؤَدُّوْنَ الضَّرِيْبَةَ زَكَاةٌ وَلٰكِنْ اِذَا كَانُوْا لِلتِّجَارَةِ كَانَ الزَّكَاةُ فِى الْقِيْمَةِ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''ایسے (مکاتب) مملوک' جو مخصوص رقم ادا کرتے ہیں' ان میں زکوۃ لازم نہیں ہوتی' لیکن اگر وہ تجارت کے لئے ہوں' تو (ان کی) قیمت میں زکوۃ لازم ہوگی''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**833**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ:

متن روایت: اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يُخْرِجُ عَنْ مُكَاتِبِيْهِ صَدَقَةَ الْفِطْرِ

امام ابوحنیفہ نے- منصور بن دینار- عمر بن محمد- سالم بن عبداللہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اپنے مکاتب غلاموں کی طرف سے صدقہ فطر ادا کیا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعباس بن عقدہ- اسماعیل بن حماد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(832) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (306) -وابن ابی شیبة 153/3 فی الزکاة: باب ما قالوا فی زکاة العبد

(833) اخرجه الدار قطنی فی "السنن" 116/1 (2101) فی زکاة الفطر -واورده الزیلعی فی "نصب الرایة" 414/4

(834) اخرجه ابن حبان (3424) -وابن ابی شیبة 5/3 -واحمد 443/2 -ومسلم (1151) فی الصیام: باب فضل الصیام وابن ماجة (1638) فی الصیام: باب ما جاء فی فضل الصیام -والبیهقی فی "السنن الکبری" 304/4 -والبغوی فی "شرح السنة" (1710) -وعبد الرزاق (7893)

# اَلْبَابُ السَّابِعُ فِیْ الصَّوْمِ

## ساتواں باب: روزے کے بارے میں روایات

وَانَّہٗ یَشْتَمِلُ عَلٰی خَمْسَۃِ فُصُوْلٍ

یہ پانچ فصول پر مشتمل ہے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ فَضْلِ الصَّوْمِ وَشَرَائِطِ صِحَّتِہٖ

اَلْفَصْلُ الثَّانِی فِیْمَا لَا بَاسَ بِہٖ مِنَ الْقُبْلَۃِ وَالْحِجَامَۃِ وَالْجَنَابَۃِ وَالصَّوْمُ فِیْ السَّفَرِ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِیْمَا یُوْجِبُ الْقَضَاءَ

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِیْمَا یُوْجِبُ الْکَفَّارَۃَ

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِیْ النُّذُوْرِ

پہلی فصل: روزے کی فضیلت اوراس کے صحیح ہونے کی شرائط

دوسری فصل: بوسہ لینے' پچھنے لگوانے' یا جنابت کی وجہ سے (روزے میں) کوئی حرج نہیں ہوتا' سفر کے دوران روزہ رکھنا

تیسری فصل: کون سی چیز قضا کولازم کرتی ہے؟

چوتھی فصل: کون سی چیز کفارے کولازم کرتی ہے؟

پانچویں فصل: نذر ماننے کا بیان

# اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ فَضْلِ الصَّوْمِ وَشَرَائِطِ صِحَّتِهٖ

## پہلی فصل: روزے کی فضیلت اور اس کے صحیح ہونے کی شرائط

(834)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحِ الزَّیَّاتِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: یَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی کُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهٗ اِلَّا الصَّوْمَ فَهُوَ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ

امام ابوحنیفہ نے- عطاء- ابوصالح زیات کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ابن آدم کا ہر عمل اس کے لیے ہے، صرف روزے کا معاملہ مختلف ہے، وہ میرے لیے ہے اور میں اُس کی جزا دوں گا''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - احمد بن محمد بن زکریا بن طلحہ بن عبید اللہ - ابواسامہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(835)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِی النَّجُوْدِ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ:

متن روایت: لَیْلَةُ الْقَدْرِ لَیْلَةَ سَبْعٍ وَعِشْرِیْنَ وَذٰلِكَ اَنَّ الشَّمْسَ تَصْبَحُ صَبِیْحَةَ ذٰلِكَ الْیَوْمِ لَیْسَ لَهَا شُعَاعٌ کَاَنَّهَا طَسْتٌ تُرَقْرِقُ

امام ابوحنیفہ نے- عاصم بن ابونجود - زر بن حبیش کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''شب قدر ستائیسویں رات ہوتی ہے، وہ یوں کہ اس (شب قدر) سے اگلی صبح جب سورج طلوع ہوتا ہے، تو اس میں شعاع (یعنی دھوپ میں تیزی) نہیں ہوتی، اور وہ ایک تھال کی مانند ہوتا ہے، جو چمک رہا ہو''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے، انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(836)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ قَزَعَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ

امام ابوحنیفہ نے- عبدالملک بن عمیر - قزعہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت

(835) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (921) - وابن حبان (3689) - وابن خزیمة (2191) - والحمیدی (375) - ومسلم 828/2 (220) فی الصیام: باب فضل لیلة القدر - والبیهقی فی ''السنن الکبری'' 312/4 - والبغوی فی ''شرح السنة'' (1828)

اللہ عَنْـهُ قَـالَ قَـالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: لَا يُصَامُ هٰذَانِ الْيَوْمَانِ يَوْمُ الْفِطْرِ وَيَوْمُ الْاَضْحٰى

کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''ان دو دنوں میں روزہ نہ رکھا جائے' (عید) الفطر کا دن' اور (عید) الاضحیٰ کا دن''۔

•••—— •••—— •••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن ابراہیم بن احمد (اور) زیدان بن محمد' ان دونوں نے - ابوعبداللہ محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک' ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

837 - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ الصَّيْرَفِيِّ عَنْ مُوْسٰى بْنِ طَلْحَةَ عَنِ ابْنِ الْحَوْتَكِيَّةِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

متنِ روایت: اُتِيَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِرْنَبًا فَاَمَرَ مَنْ كَانَ حَاضِرًا بِاَكْلِهَا فَقَالُوْا لِلَّذِيْ جَاءَ بِهَا مَا بَالُكَ لَا تَاْكُلُ فَقَالَ اِنِّيْ صَائِمٌ قَالُوْا فَمَا صَوْمُكَ قَالَ تَطَوُّعٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَهَلَّا جَعَلْتَهُ صَوْمَكَ الْبِيْضَ

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم صیرفی - موسیٰ بن طلحہ - ابن حوتکیہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم ﷺ کے پاس (بھنا ہوا) خرگوش لایا گیا' تو آپ ﷺ نے تمام حاضرین کو اسے کھانے کا حکم دیا' جو شخص اس کو لے کر آیا تھا لوگوں نے اس سے کہا: کیا وجہ ہے کہ تم اسے نہیں کھا رہے ہو؟ اس نے جواب دیا: میں نے روزہ رکھا ہوا ہے' لوگوں نے دریافت کیا: تم نے کون سا روزہ رکھا ہوا ہے؟ اس نے جواب دیا: نفلی' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ (نفلی روزہ) تم نے ایام بیض میں کیوں نہیں رکھا؟''

•••—— •••—— •••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - علی بن محمد بن عبید (اور) احمد بن محمد بن سعید' ان دونوں نے - احمد بن محمد بن عبید - احمد بن حفص بن عبداللہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

---

836) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (219)

☆☆وفي الباب عند ابن حبان (3601)-وابن ابي شيبة 21/4-وابن ماجة (1719):

عن ابي هريرة قال: قال رسول الله ﷺ: ايام منى ايام اكل وشرب

837) ☆☆ اخرج ابن حبان (3650)-واحمد 336/2-والنسائي 222/4-وعبد الرزاق (7874)-والحميدي (136)-وابن خزيمة (2127)-عن ابي هريرة......نحوه

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوعباس احمد بن محمد بن سعید-احمد بن محمد بن عبیدہ نیشاپوری-احمد بن حفص بن عبداللہ-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-ابراہیم بن طهمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(838)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ قَزْعَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيّ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے-عبدالملک بن عمیر-قزعہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ صِيَامِ ثَلَاثَةِ اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایام تشریق کے تین دنوں میں روزہ رکھنے سے منع کیا ہے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-احمد بن محمد بن سعید-محمد بن محمد بن حسن-محمد بن عبدالرحمٰن-محمد بن مغیرہ-حکم-زفر رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(839)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُوْسٰى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ التَّيْمِيِّ الْقُرَشِيِّ عَنْ ابْنِ الْحَوْتَكِيَّةِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-موسیٰ بن طلحہ بن عبیداللہ تیمی قرشی-ابن حوتکیہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَهْدٰى اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَرْنَبًا مَشْوِيًّا فَاَمَرَنَا بِاَكْلِهَا وَاعْتَزَلَ رَجُلٌ فَلَمْ يَاْكُلْ فَقَالَ لَهٗ لِمَ لَا تَاْكُلُ فَقَالَ اِنِّیْ صَائِمٌ قَالَ صَوْمُ مَاذَا قَالَ صَوْمُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَهَلَّا جَعَلْتَهُنَّ الْبِيْضَ

''ایک دیہاتی نے بھنا ہوا خرگوش نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تحفے کے طور پر پیش کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اسے کھانے کی ہدایت کی' وہ (دیہاتی) شخص خود ایک طرف ہوکر بیٹھ گیا' اس نے نہیں کھایا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: تم کیوں نہیں کھاتے ہو؟ اس نے جواب دیا: میں نے روزہ رکھا ہوا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کون سا روزہ؟ اس نے جواب دیا: ہر مہینے میں تین دن روزہ (رکھنے کے معمول میں سے ایک روزہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے یہ (نفلی روزے) ایام بیض میں کیوں نہیں رکھے؟''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوحسن علی بن محمد بن عبید-احمد بن حازم-عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(838) قد تقدم فی (836)

(839) اخرجه عبدالرزاق (7847) فی الصيام: باب صيام ثلاثة ايام - والحميدی 75/1

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - احمد بن یحییٰ صوفی - عبید اللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(حافظ صاحب کہتے ہیں:) حمزہ بن حبیب نے اس کو امام ابوحنیفہ سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

یہ امام ابوحنیفہ کے حوالے سے - موسیٰ بن کثیر ابوصباح سے بھی روایت کی گئی ہے اور یہ وہم ہے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن ابراہیم - احمد بن خنیس (اور) زیدان بن محمد ان دونوں نے - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ - موسیٰ بن طلحہ - ابن حوتکیہ سے روایت کی ہے:

(عن) عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ انه سئل عن لحم الارنب فقال لولا انی اتخوف ان ازید شيئاً او انقص منه لحدثتكم ولكن ارسل الى بعض من شهد الحديث فارسل الى عمار بن ياسر

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے خرگوش کے گوشت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: اگر مجھے یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ میں اس میں کوئی کمی یا بیشی کر دوں گا تو میں تمہیں یہ حدیث بیان کرتا' لیکن میں اس شخص کو بلواتا ہوں جو اس موقع پر موجود تھا تو انہوں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو بلوایا۔

حافظ ابن مظفر کہتے ہیں: یہ روایت ابن ابولیلیٰ' ثوری' اور سفیان بن عیینہ نے بھی نقل کی ہے' پھر انہوں نے اپنی مسند میں اس کے طرق ذکر کیے ہیں۔

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اپنے والد محمد بن خالد بن خلی - انہوں نے اپنے والد خالد بن خلی - محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے

**(840)** - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ قَزْعَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - عبدالملک بن عمیر - قزعہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ صِيَامِ الْيَوْمِ الَّذِىْ يَشُكُّ فِيْهِ اَنَّهٗ مِنْ رَمَضَانَ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس دن روزہ رکھنے سے منع کیا ہے جس کے بارے میں یہ شک ہو کہ وہ رمضان کا حصہ ہے (یا نہیں ہے؟)''

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن حسن بن علی بن احمد بن عبدالرحمٰن - محمد بن مغیرہ - حکم بن ایوب - زفر رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(841)** - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْحَجَّاجِ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے - حجاج بن ارطاۃ' ابوارطاۃ کوفی - عطاء

(840) قد تقدم فی (836)

اَرْطَاةٍ اَبِی اَرْطَاةِ الْكُوْفِيِّ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: عُمْرَةٌ فِيْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً

کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''رمضان میں عمرہ کرنا' حج کرنے کے برابر ہے''۔

•••—•••—•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد حسن بن علی فارسی - ابوحسین محمد بن مظفر حافظ - ابوجعفر احمد بن محمد بن سلامہ طحاوی - محمد بن خزیمہ - محمد بن عمر رومی - اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

(**842**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُمَيْرِيِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: اَنَّهُ قَالَ لِرَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ مُرْ قَوْمَكَ فَلْيَصُوْمُوْا هٰذَا الْيَوْمَ فَقَالَ اِنَّهُمْ قَدْ طَعِمُوْا فَقَالَ وَاِنْ كَانُوْا قَدْ طَعِمُوْا

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر - انہوں نے اپنے والد - حمید بن عبدالرحمٰن حمیری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کے دن اپنے ایک صحابی سے فرمایا: تم اپنی قوم (کے افراد) سے کہو کہ وہ آج کے دن روزہ رکھیں' ان صاحب نے عرض کی: وہ لوگ تو کچھ کھا پی چکے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگرچہ وہ کچھ کھا پی چکے ہوں (پھر بھی وہ بقیہ دن روزہ رکھیں)''۔

•••—•••—•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابن ابوحسن جبہان فرغانی - علی بن حکیم - ابومقاتل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ - ابراہیم بن مسعدہ بخاری - ابومقاتل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس احمد بن محمد - عبداللہ بن محمد بن سعید بن سوید - انہوں نے اپنے سعید بن سوید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے'

غیر انہ عین الرجل الذی امرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فقال انہ قال لابی ایوب

(841) اخرجه ابن حبان (3700)-واحمد 229/1-والبخاری (1782) فی العمرة:باب عمرة فی رمضان-ومسلم (1256) فی الحج:باب فضل العمرة فی رمضان -وابن ماجة (2993) فی المناسك:باب العمرة فی رمضان-والطبرانی فی "الکبیر" (11299)

(842) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (204)

الانصاری مر قومك فليصوموا...... الحديث

''تاہم انہوں نے اس صحابی، جس کو نبی اکرم ﷺ نے یہ ہدایت کی تھی، کا نام ذکر کرتے ہوئے یہ نقل کیا ہے نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے یہ فرمایا تھا: تم اپنی قوم سے یہ کہو کہ وہ روزہ رکھیں! (اس کے بعد پوری حدیث ہے۔)''

(843)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ شَيْبَانَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ عِكْرَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-شیبان- یحییٰ بن ابوکثیر-مہاجر بن عکرمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: نَهَى النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ الصَّمْتِ وَصَوْمِ الْوِصَالِ

''نبی اکرم ﷺ نے چپ کے روزے اور صوم وصال سے منع کیا ہے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-علی بن حسن بن عبدہ بخاری- یوسف بن عیسیٰ-فضل بن موسیٰ کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبیداللہ بن محمد بن علی بلخی -محمد بن حرب مروزی-فضل بن موسیٰ کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت اسرائیل بن سمیدع بخاری- حامد بن آدم-فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(844)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے- نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَصِلُ شَعْبَانَ بِرَمَضَانَ

''نبی اکرم ﷺ (روزے رکھنے کے حوالے سے) شعبان کو رمضان کے ساتھ ملادیتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوعبداللہ المعروف بہ غنجار کی ''تاریخ بخارا'' کے حوالے سے-خلف بن محمد-علی بن ابراہیم-علی بن مسلم-امام ابویوسف کے حوالے سے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

(843) اخرجه ابن ابى شيبة 82/3 فى الصيام: باب ما قالوا فى الوصال فى الصيام-واحمد 253/2-ومسلم 775/2-وابن خزيمة (2072)-والبخارى (1965)-والنسائى (3264)

(844) ☆☆اخرج ابو يعلى (4633)-والحميدى(173)-واحمد 39/6-ومسلم (1156) فى الصيام: باب صيام النبى ﷺ فى غير رمضان:

عن ابى سلمة قال سالت عائشة عن صيام رسول الله ﷺ فقالت: كان يصوم حتى نقول: قد صام ويفطر حتى نقول: قد فطر ولم اره صام من شهر قط اكثر من صيامه من شعبان 'كان يصوم شعبان كله' كان يصوم شعبان الا قليلاً

(845)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:
متن روایت: تَذَاكَرْنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَقُلْنَا تَحْفَظُوْنَ لَيْلَةَ كَذَا وَكَذَا كُنَّا بِقَاعِ كَذَا وَكَذَا لَيْلَةً كَانَ الْقَمَرُ كَاَنَّهٗ فَلَقَةُ الصَّحِيْفَةِ وَاَنَّهَا كَانَتْ لَيْلَةُ الْقَدْرِ قَالَ فَطَلَبْنَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ فَلَمْ نَقْدِرْ عَلَيْهَا

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں شب قدر کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے تو (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا: تمہیں فلاں رات یاد ہے جب ہم لوگ فلاں مقام پر تھے اس رات میں چاند کسی کھلے ہوئے صحیفے کی مانند تھا وہ رات شب قدر تھی۔

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) ہم نے اس رات کو تلاش کرنے (یعنی اس کا تعین کرنے) کی کوشش کی تو ہم اس میں کامیاب نہیں ہوسکے''۔

•••——•••——•••

حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -انہوں نے اپنے والد محمد بن خالد- انہوں نے اپنے والد خالد بن خلی -محمد بن خالد وہبی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(846)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ عَاصِمِ بْنِ اَبِى النَّجُوْدِ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:
متن روایت: اَنَّهٗ حَلَفَ لَا يَسْتَثْنِىْ اَنَّ لَيْلَةَ الْقَدْرِ لَيْلَةَ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ وَآيَةُ ذٰلِكَ طُلُوْعُ الشَّمْسِ صَبِيْحَتَهَا بِغَيْرِ نُوْرٍ وَلَا شُعَاعٍ كَاَنَّهَا طَسْتٌ تَرَقْرَقُ

امام ابوحنیفہ نے -ابوبکر عاصم بن ابونجود- زر بن حبیش کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے کسی استثناء کے بغیر حلف اٹھایا کہ شب قدر ستائیسویں رات ہوتی ہے اور اس کی نشانی یہ ہے کہ اس سے اگلی صبح جب سورج طلوع ہوتا ہے تو اس میں نور اور شعاع (یعنی اس کی دھوپ میں تیز چمک) نہیں ہوتی ہے وہ چمکنے والے تھال کی مانند ہوتا ہے''۔

•••——•••——•••

(845) ☆☆وقد اخرج البزار (1028)
عن عبد الله بن مسعود قال :سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ليلة القدرفقال: كنت اعلمتهاثم انفلتت منى فاطلبوها فى سبع يقين او ثلاث يقين

(846) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى ''الآثار'' (921) -وابن حبان ( 3690) -ومسلم ( 762) فى صلاة المسافرين باب الترغيب فى قيام رمضان-وابن خزيمة ( 2191) -والحميدى(375) -والبيهقى فى ''السنن الكبرى'' 312/4 -وعبد الرزاق (7700) -وقد تقدم

طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ محمد بن محمد - عبداللہ ابن حمدویہ بغلانی - محمود بن آدم - فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبد اللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

847)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُنْذِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ وَجُوَيْبِرِ بْنِ سَعِيْدِ الْكُوْفِيِّ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

امام ابوحنیفہ نے - منذر بن عبداللہ (اور) جویبر بن سعید کوفی - ضحاک بن مزاحم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت نزال بن سبرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

متن روایت: لَا وِصَالَ فِيْ صَوْمٍ وَلَا صُمْتَ يَوْمٍ اِلَى اللَّيْلِ

''صوم وصال کی کوئی حیثیت نہیں ہے' اور رات تک چپ رہنے کے روزے کی کوئی حیثیت نہیں ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - عبیداللہ بن محمد بن محمد بن نوح - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبدالعزیز بن خالد بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

848)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ شَيْبَانَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ عِكْرَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - شیبان - یحییٰ بن ابوکثیر - مہاجر بن عکرمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: نَهٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ الْوِصَالِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم وصال سے منع کیا ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن علی بن ابراہیم مروزی - محمود بن آدم - فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(حافظ صاحب کہتے ہیں:) فضل بن موسیٰ نے یہ روایت امام ابوحنیفہ کے حوالے سے - عدی بن ثابت - ابوحازم - ابوشعثاء کے حوالے سے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

849)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے

847) اخرجه ابن ابی شیبة 83/3 فی الصیام :باب ما قالوا فی الوصال فی الصیام من نهی عنه

848) قد تقدم فی (843)

اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا:

متنِ روایت: اَنَّهَا كَانَتْ تَغْسِلُ رَأْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهِيَ حَائِضٌ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ يُخْرِجُ رَأْسَهُ اِلَيْهَا مِنَ الْمَسْجِدِ

حوالے سے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

"وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سر دھو دیا کرتی تھیں، حالانکہ وہ حیض کی حالت میں ہوتی تھیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں معتکف ہوتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں سے اپنا سر اُن کی طرف (ان کے حجرہ میں) نکال دیتے تھے"۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوقاسم احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**850**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ قَالَ:

متنِ روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَظَلُّ صَائِمًا وَيَبِيْتُ طَاوِيًا فَاِذَا كَانَ فِيْ وَجْهِ السَّحَرِ انْصَرَفَ اِلٰى شُرْبَةٍ مِنَ اللَّبَنِ لَهُ فَشَرِبَهَا لَيْلَةً اَبُوْ ذَرٍّ لِجُهْدٍ لَحِقَهُ وَطَلَبَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَجِدْهَا فَذَهَبَ فَاَرْسَلَ اِلٰى اَزْوَاجِهٖ وَاَكْثَرَ اَصْحَابِهٖ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا فَقَالَ مَنْ يُطْعِمُنِيْ اَطْعَمَهُ اللّٰهُ ثَلَاثًا فَنَظَرَ اِلٰى عَنْزٍ حَافِلٍ فَحَلَبَ وَشَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: علی بن اقمر بیان کرتے ہیں: "نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (دن کے وقت) مسلسل روزہ رکھتے تھے اور رات عبادت میں گزار دیتے تھے، یہاں تک کہ سحری سے کچھ پہلے آپ دودھ کے پاس تشریف لاتے تھے، جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے رکھا گیا ہوتا تھا (اور اسے نوش فرما لیتے تھے) ایک رات حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو شدید بھوک لگی، تو انہوں نے دودھ پی لیا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کو لینے کے لیے تشریف لائے وہ آپ کو نہیں ملا، آپ نے اپنی ازواج اور کئی اصحاب کی طرف پیغام بھیجا، لیکن آپ کو (کھانے یا پینے کے لیے) کچھ نہیں ملا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہ ارشاد فرمایا: جو مجھے کچھ کھلائے گا اللہ تعالیٰ اسے کھلائے گا، (راوی کہتے ہیں:) انہوں نے ایک بکری دیکھی، تو اس کا دودھ دوہ لیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نوش فرما لیا"۔

•••——•••——•••

(849) اخرجه احمد 45/6-وابن ابی شيبة 340/2-واسحاق بن راهويه (916)-ومسلم (298)-وابوداود (261)-
فی "المجتبی" 146/1-وفی "الكبری" (266)-والبيهقی فی "السنن الكبری" 186/1-وابو عوانة 313/1

(850) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (295) فی الصوم: باب فضل الصوم

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اسحاق بن محمد بن مروان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے

851)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سعید بن جبیر فرماتے ہیں:

متنِ روایت: صَوْمُ عَاشُوْرَاءَ يَعْدِلُ صِيَامَ سَنَةً وَصَوْمُ يَوْمِ عَرَفَةَ بِصَوْمِ سَنَتَيْنِ سَنَةً قَبْلَهَا وَسَنَةً بَعْدَهَا

''عاشورہ کے دن کا روزہ' ایک سال کے روزوں کے برابر ہوتا ہے' اور عرفہ کے دن کا روزہ دو سال کے روزوں کے برابر ہوتا ہے' ایک سال اُس سے پہلے والا' اور ایک سال اُس کے بعد والا''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

852)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ عَنْ مُوْسٰى بْنِ طَلْحَةَ عَنِ ابْنِ الْحَوْتَكِيَّةِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم - موسیٰ بن طلحہ - ابن حوتکیہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِاَرْنَبٍ فَاَمَرَ اَصْحَابَهٗ فَاَكَلُوْا وَقَالَ لِلَّذِيْ جَاءَ بِهَا مَالَكَ لَا تَاكُلُ مِنْهَا قَالَ اِنِّيْ صَائِمٌ قَالَ وَمَا صَوْمُكَ قَالَ تَطَوُّعٌ قَالَ فَهَلَّا الْبِيْضَ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک (بھنے ہوئے) خرگوش کو لایا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو حکم دیا' تو انہوں نے اس کو کھانا شروع کیا' جو شخص اسے لے کر آیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: کیا وجہ ہے کہ تم اس کو نہیں کھا رہے ہو؟ اس نے عرض کی: میں نے روزہ رکھا ہوا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کون سا روزہ؟ اس نے عرض کی: نفلی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (تم نے نفلی روزہ) ایام بیض میں کیوں نہیں رکھا؟''

---

851) إخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (294) في الصوم: باب فضل الصوم.

قلت: واما صوم عاشوراء-فاخرجه مسلم(1162) في الصيام: باب استحباب الصيام الثلاثة ايام ......في حديث طويل وابن ماجة (1738)......عن ابي قتادة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: صيام يوم عاشوراء اني احتسب على الله ان يكفر السنة التي قبله واما صوم يوم عرفة فاخرج الترمذي (749) في الصيام: باب ما جاء في فضل صوم يوم عرفة-وابن ماجة (1730) في الصيام: باب صيام يوم عرفة......من حديث ابي قتادة عن النبي صلى الله عليه وسلم في حديث طويل......قال فيه:...... وسئل النبي صلى الله عليه وسلم عن صوم يوم عرفةقال: يكفر السنة الماضية والباقية

852) قد تقدم في (837)

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن شرقی نیشاپوری - احمد بن جعفر بن عبداللہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - احمد بن عبیدہ نیشاپوری - احمد بن جعفر بن عبداللہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(**853**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ ابْنِ الْحَوْتَكِيَّةِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ اَكْلِ الْاَرْنَبِ فَقَالَ مَا يَمْنَعُنِىْ اَنْ اُحَدِّثَكُمْ اِلَّا مَخَافَةَ اَنْ اَزِيْدَ اَوْ اَنْقُصَ وَلٰكِنْ سَآتِيْكُمْ بِرَجُلٍ شَهِدَ ذٰلِكَ الْمَجْلِسَ فَبَعَثَ اِلٰى عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ حَدِّثْهُمْ بِمَا شَهِدْتَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَهْدٰى اَعْرَابِىٌّ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْحَدِيْثَ اِلٰى آخِرِهٖ

امام ابوحنیفہ نے - موسیٰ بن طلحہ - ابن حوتکیہ کے حوالے سے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

"ایک مرتبہ اُن سے خرگوش کھانے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو انہوں نے فرمایا: میں صرف اس اندیشے کے تحت تمہیں اس حوالے سے حدیث بیان نہیں کروں گا' کہ کہیں میں اِس میں کوئی کمی یا اضافہ نہ کردوں' لیکن میں اُس شخص کو تمہارے پاس بلوادیتا ہوں' جو اُس موقع پر موجود تھا' پھر انہوں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو بلوایا' اور فرمایا: تم ان کے سامنے وہ حدیث بیان کرو' جس موقع پر تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھے' تو حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے بتایا: ایک دیہاتی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تحفے کے طور پر ......" اس کے بعد آخر تک حدیث ہے۔

•••——•••——•••

ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر - ابوعلی حسین بن قاسم کاتب - محمد بن موسیٰ دولابی - عباد بن صہیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے

(**854**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ اَبِى الشَّعْثَاءِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ صَوْمِ الْوِصَالِ وَصَوْمِ الصَّمْتِ

امام ابوحنیفہ نے - عدی بن ثابت - ابوحازم - ابوشعثاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم وصال اور چپ کے روزے سے منع کیا ہے"۔

(853) قد تقدم فی (837) (854) قد تقدم فی (843)

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-عبدالصمد بن فضل-کی بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن محمد اسدی - ابراہیم بن عبداللہ - مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز - ہلال بن یحییٰ بصری - یوسف بن خالد سمتی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن علی-محمد بن عبداللہ بن حکم-عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح-محمد بن ابراہیم بن مسلم-عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت سہل بن بشر-فتح بن عمرو-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت بدر بن ہیثم بن خلف حضرمی-ابوکریب محمد بن علاء-محمد بن بشر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزاز- بشر بن ولید- امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق بن عثمان بخاری - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن منصور بن نصر صغانی -انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے-ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

اورانہوں نے یہ روایت محمد بن اشرس سلمی- جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت حسن بن تدون فرغانی - یحییٰ بن موسیٰ -ابوسعد صغانیکے حوالے سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید-منذر بن محمد-انہوں نے اپنے والد-انہوں نے اپنے چچا-انہوں نے اپنے والد حسن بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد-سعید-منذر بن محمد-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت حمزہ بن حبیب کی تحریر میں پڑھی ہے امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

اور انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسین بن ابراہیم' جو ابن احوص کے نام سے معروف ہیں' - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے' انہوں نے یہ روایت - یحییٰ بن حسن - زیاد بن حسن بن فرات کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن احمد بن حمید بن ابراہیم بن شماس سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے' انہوں نے یہ روایت - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن مخلد - عبداللہ بن محمد بن سودہ - (اور) صالح بن محمد - ابراہیم بن محمد بلخی - (اور) احمد بن محمد - اسماعیل بن ابوکثیر' ان سب نے - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن مخلد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' محمد بن حنیفہ بن ماہان نے یہ روایت - حسین بن جبلہ - سعید بن صلت کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت اسحاق بن مروان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(حافظ صاحب کہتے ہیں:) یہ روایت حسن بن زیاد (اور) ابویوسف (اور) حمزہ زیات (اور) محمد بن حسن (اور) اسد بن عمرو (اور) سعید بن صلت (اور) عبیداللہ بن موسیٰ رحمہم اللہ تعالیٰ نے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعلی حسین بن قاسم بن جعفر - محمد بن موسیٰ دولابی - عباد بن صہیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ابن مظفر کہتے ہیں: حسن بن زیاد نے اس روایت کو نقل کرتے ہوئے اس کی سند میں ابوحازم کا ذکر نہیں کیا' جیسا کہ ابن زیاد نے محمد نے - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے یہ روایت نقل کی ہے' کہ یہ - عدی بن ثابت کے حوالے سے ابوشعثاء سے منقول ہے۔

حافظ ابن مظفر نے یہ روایت - ابوعلی محمد بن ابوسعید حرانی - ابوفروہ یزید بن محمد بن یزید بن سنان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - سابق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت قاسم بن عیسیٰ عطار سے دمشق میں - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - سابق کے حوالے سے - امام ابوحنیفہ - عدی بن ثابت - ابوحازم - ابوشعثاء کے سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت - ابوغنائم محمد بن علی بن حسن بن ابوعثمان - ابوحسین محمد بن احمد - ابوسہل احمد بن محمد بن زیاد قطان - اسماعیل - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ ابن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک

...سانید کے ساتھ نقل کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم علی بن حسن تنوخی سے اجازت کے طور پر - ...حسن علی بن محمد بن سعید رزاز کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

محمد بن حنیفہ بن ماہان نے یہ روایت - حسن بن جبلہ - سعید بن صلت کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابواسحاق جبار سے' مصر میں ان کے سامنے یہ روایت پڑھ کر - ابومحمد عبدالرحمٰن بن عمر نحاس - ابوسعید بن ...عرابی - اسماعیل نسوی - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي فِيْمَا لَا بَاسَ بِهٖ مِنَ الْقُبْلَةِ وَالْحَجَامَةِ وَالْجَنَابَةِ وَالصَّوْمُ فِي السَّفَرِ

## دوسری فصل: بوسہ لینے' پچھنے لگوانے' یا جنابت کی وجہ سے (روزے میں) کوئی حرج نہیں ہوتا' سفر کے دوران روزہ رکھنا

855)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

متنِ روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ غَيْرِ احْتِلَامٍ ثُمَّ يُتِمُّ صَوْمَهٗ

امام ابوحنیفہ نے - عطاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''(بعض اوقات) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح (صادق) کے وقت' جنابت کی حالت میں ہوتے تھے' جو احتلام کی وجہ سے نہیں ہوتی تھی (بلکہ وظیفہ زوجیت ادا کرنے کی وجہ سے ہوتی تھی) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا روزہ مکمل کرتے تھے''۔

...———...———...

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن منصور بن نصر صغانی - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - ابومقاتل حفص بن سالم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن نصر بن سلیمان ہروی - احمد بن مصعب - فضل بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

856)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرِ الْبَجَلِيِّ الْكُوْفِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ سَوَادٍ

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن مہاجر بجلی کوفی کے حوالے سے - بنوسواد سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کا یہ بیان نقل کیا ہے:

(855) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (210)-وابن حبان (3490)-وابن ابي شيبة 80/3-والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 314/12-وابن ماجة (173) في الصيام: باب ما جاء في الرجل يصبح جنباً وهو يريد الصيام

متن روایت: خَرَجْتُ اُرِيْدُ مَكَّةَ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ بِالْقَادِسِيَّةِ وَذٰلِكَ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَاِذَا اَنَا بِرُفْقَةٍ فِيْهَا حُذَيْفَةُ وَرُفْقَةٌ اُخْرٰى فِيْهَا اَبُوْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيُّ يُرِيْدَانِ مَكَّةَ قَالَ فَصَحِبْتُ حُذَيْفَةَ فَلَمْ يَزَلْ هُوَ وَاَصْحَابُهُ صِيَامًا وَلَمْ يَزَلْ اَبُوْ مُوْسٰى وَاَصْحَابُهُ صِيَامًا وَلَمْ يَزَلْ حُذَيْفَةُ يُعَجِّلُ الْاِفْطَارَ وَيُؤَخِّرُ السُّحُوْرَ وَكَانَ اَبُوْ مُوْسٰى يُؤَخِّرُ الْفِطْرَ وَيُعَجِّلُ السُّحُوْرَ

"میں مکہ جانے کے ارادے سے روانہ ہوا' یہاں تک کہ قادسیہ پہنچ گیا' یہ رمضان کے مہینے کی بات ہے' وہاں مجھے کچھ (اکٹھے سفر کرنے والے) لوگ ملے' جن میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بھی تھے' ان کے علاوہ اور کچھ لوگ بھی ملے' جن میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بھی تھے' یہ دونوں بھی مکہ جا رہے تھے' راوی کہتے ہیں: میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہو لیا' تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے (سفر کے دوران) مسلسل روزہ رکھا' اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے بھی مسلسل روزہ رکھا' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ ہمیشہ (وقت ہو جانے پر) جلدی (یعنی ابتدائی وقت میں ہی) افطار کر لیتے' اور سحری دیر سے (یعنی آخری وقت میں) کرتے' جبکہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ افطار تاخیر سے کرتے اور سحری جلدی کر لیتے تھے"۔

••• —— ••• —— •••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثار ثم قال محمد وبقول حذيفة ناخذ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے قول کو ہم اختیار کرتے ہیں۔

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن- عبدالرحمٰن بن عمر بن احمد- محمد بن ابراہیم- محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(857)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

امام ابوحنیفہ نے- سلیمان بن یسار کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ام المؤمنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں

(856) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (285) في الصيام: باب الصوم في السفر والفطر.

☆☆واخرج مسلم 771/2 في الصيام: باب فضل السحور..... وتعجيل الفطر- وابو داود 315/2 في الصيام: باب ما يستحب من تعجيل الفطر

قلنا: يا ام المؤمنين رجلان من اصحاب محمد صلى الله عليه وسلم ' احدهما يعجل الافطار ويعجل الصلاة والآخر يؤخر الافطار ويؤخر الصلاة' قالت: ايهما الذي يعجل الافطار ويعجل الصلاة قلنا: عبد الله بن مسعود' قالت: كذلك كان يصنع رسول الله صلى الله عليه وسلم

(857) اخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 104/2- وابن حبان (3487)- وابن ابي شيبة 81/3- والترمذي في الصوم: باب ما جاء في الجنب يدركه الفجر وهو يريد الصوم- واحمد 289/6- والبخاري (1926) في الصيام

وَسَلَّمَ قَالَتْ:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ اِلَى الْفَجْرِ وَرَاْسُهٗ يَقْطُرُ مِنْ جَمَاعٍ غَيْرَ اِحْتِلَامٍ وَيُصَلِّيْ صَائِمًا

''(بعض اوقات) نبی اکرم ﷺ فجر کی نماز ادا کرنے کے لیے تشریف لے جاتے' تو (غسل کرنے کی وجہ سے) آپ کے سر سے پانی کے قطرے ٹپک رہے ہوتے (یہ غسل) وظیفہ زوجیت ادا کرنے کی وجہ سے لازم ہوا ہوتا تھا' احتلام کی وجہ سے نہیں' آپ نماز ادا کرتے اور آپ ﷺ نے روزہ بھی رکھا ہوتا''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید بصری بخاری - علی بن منصور جرجانی - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(858) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ فُرَاتِ بْنِ اَبِيْ فُرَاتٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيِّ عَنْ قَيْسٍ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ:

امام ابوحنیفہ نے - فرات بن ابوفرات - عبدالرحمٰن کوفی کے حوالے سے - سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے غلام' قیس کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: اَنَّهَا اِحْتَجَمَتْ وَهِيَ صَائِمَةٌ

''انہوں (یعنی سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا) نے روزے کے دوران پچھنے لگوائے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - ابوبلال قاسم بن محمد - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت علی بن محمد بن عبید - احمد بن محمد - احمد بن حفص - اسد بن عمرو کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

(859) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - (ابن شہاب) زہری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

''نبی اکرم ﷺ نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے

858) اخرجه ابن ابی شيبة 310/2 (9335) فی الصيام: من رخص للصائم ان يحتجم - وعبد الرزاق (7542)

859) اخرجه ابن ابی شيبة 53/3 فی الصيام: باب من رخص للصائم ان يحتجم - والترمذی فی ''العلل الكبير'' 366/1 - وابن ابی عاصم فی ''الآحاد والمثانی'' (2750) - وابو يعلی (4210) - والطبرانی فی ''الكبير'' (954) - وابن ابی حاتم فی ''العلل'' (761)

وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ

تھے''۔

•••——•••——•••

بخاری نے یہ روایت - محمد بن ابراہیم رازی - محمد بن عمر بن عرعرہ بن برند - امام محمد بن حسن واسطی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت علی بن عبدالرحمٰن بن عقدہ بصری اور علی بن عبدالرحمٰن بن مغیرہ بصری' ان دونوں نے - سعید بن ابومریم - یحییٰ بن ایوب - امام ابوحنیفہ کے حوالے سے - ابن شہاب زہری سے روایت کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں:

ان رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم احتجم وهو صائم

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے تھے۔

راوی نے اس میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کیا ہے۔

(**860**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبَانِ بْنِ اَبِي عَيَّاشٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متنِ روایت: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَجَامَةِ فَقَالَ اِذَا هَاجَ الدَّمُ بِاَحَدِكُمْ فَلْيَحْتَجِمْ فَاِنَّهٗ رُبَّمَا تَبِيْغُ بِصَاحِبِهٖ فَيَقْتُلُهٗ

امام ابوحنیفہ نے - ابان بن ابوعیاش کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پچھنے لگوانے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کسی شخص کا خون جوش مارے' تو اس کو پچھنے لگوالینے چاہیے' کیونکہ یہ (یعنی فشارِ دم بعض اوقات) اتنا بگڑ جاتا ہے کہ آدمی کی موت کا باعث بن جاتا ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - احمد بن علی بن اسماعیل - عمر بن علی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوسعید احمد بن عبدالجبار - قاضی ابوقاسم علی بن ابوعلی - ابوقاسم بن ثلاج - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ - احمد ابن علی بن اسماعیل - محمد بن علی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**861**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِي الْعَطُوْفِ مِنْهَالِ بْنِ الْجَرَّاحِ الشَّامِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوعطوف منہال بن جراح شامی - (ابن شہاب) زہری - سعید بن مسیّب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

---

(860) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (208)- والدار قطني (2238) في الصيام: باب القبلة للصائم - والحاكم (1011)- والطبراني في "الاوسط" (7886)- وابو يعلى (4225)- وابن ابي شيبة 308/2 (9319) ..... من رخص للصائم ان يحتجم- والبيهقي في "السنن الكبرى" 268/4

عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِی وَقَّاصٍ (وَ) زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّهُمَا اِحْتَجَمَا وَهُمَا صَائِمَانِ

''حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -محمد بن مخلد بن عطار-محمد بن جارود- ابن حاجب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(862)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

متن روایت: اِنَّ بِلَالًا يُنَادِيْ بِلَيْلٍ فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يُنَادِيْ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَاِنَّهُ يُؤَذِّنُ وَقَدْ حَلَّتِ الصَّلَاةُ

امام ابوحنیفہ نے -عبداللہ بن دینار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بلال رات میں ہی (یعنی صبح صادق ہونے سے کچھ پہلے ہی) اذان دیدیتا ہے تو تم (سحری کرتے ہوئے) اس وقت تک کھا پی لو جب تک ابن ام مکتوم اذان نہیں دیتا' کیونکہ وہ اس وقت اذان دیتا ہے جب نماز حلال ہوجاتی ہے (یعنی اس کا وقت شروع ہوجاتا ہے)''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -ابوسعید بختری سے ان کی تحریر کے حوالے سے-احمد بن حسن کرخی-حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(863)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ

امام ابوحنیفہ نے -زیاد بن علاقہ - عمرو بن میمون کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں (اپنی اہلیہ محترمہ) کا بوسہ لے لیا کرتے تھے''۔

---

(861) ☆☆قلت: وقد اخرج عبد الرزاق (7540) عن الزهري:

ان سعد بن ابی وقاص وعائشة رضی الله عنهما کانا لا یران به بأساً وکانا یحتجمان وهما صائمان واخرج مالك موصولاً فی الصیام: باب ما جاء فی حجامة الصائم (31) عن ابن شهاب عن سعد بن ابی وقاص وعبد الله بن عمر کانا یحتجمان وهما صائمان

(862) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 137/1 -وابن حبان (3469) -والبخاری (617) فی الاذان: باب اذان الأعمی اذا کان له من یخبره -والبیهقی فی "السنن الکبری" 380/1 -والبغوی فی "شرح السنة" (433) - والشافعی فی "المسند" 275/2

(863) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (288) -والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 93/2 فی الصیام: باب القبلة للصائم -ومسلم 778/2 فی الصیام: باب بیان ان القبلة فی الصوم لیست محرمة -وابن ماجة 537/1 فی الصیام: باب القبلة للصائم

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن عثمان بن اسحاق سمسار- جمعہ بن عبداللہ- اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احید بن حریز بن میسب لؤلؤی بلخی - یحییٰ بن اکثم - وہب بن جریر بن حازم- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم- خلف بن ہشام- ابوشہاب حناط کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت اسماعیل بن حماد کی تحریر میں پڑھی ہے- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت اسماعیل بن حماد کی تحریر میں پڑھی ہے- انہوں نے قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابواحمد بن یاسین -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت علی بن محسن مروزی -فضل بن عبدالجبار- یحییٰ بن نصر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت قبیصہ بن فضل بن عبدالرحمٰن طبری- اسحاق بن ابراہیم- سعید بن صلت کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد قیراطی -محمد بن اشکاب- ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے -سعید بن مسعود- عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے- احمد بن زہیر- عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان- محمد بن سلام- محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- اسحاق بن محمد بن مروان- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح (بن) احمد- محمد بن اشکاب- ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید- حسن بن علی عامری- حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت علی بن محمد بن عبید - ابراہیم بن علی - انہوں نے اپنے دادا اسحاق بن ابراہیم بن علی - سعید بن صلت کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسن علی - ابوحسن احمد بن محمد بن موسیٰ اہوازی - حافظ ابوعباس احمد بن محمد بن عقدہ - حسین بن عبدالرحمٰن ازدی - عبدالعزیز بن محمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد حسن بن علی فارسی - حافظ ابوحسین محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے

(864) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِی السَّوَارِ - قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْبُخَارِیُّ اَلصَّوَابُ عَنْ اَبِی السَّوْدَاءِ - عَنْ اَبِی حَاضِرٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متنِ روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ بِالْقَاحَةِ وَهُوَ صَائِمٌ

امام ابوحنیفہ نے - ابوسوار (ابومحمد بخاری کہتے ہیں: درست لفظ ''ابوسوداء'' ہے) - ابوحاضر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''قاحہ'' میں پچھنے لگوائے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت روزہ رکھے ہوئے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - اسماعیل بن بشر بن سامان خوارزمی - حماد بن قیس - محمد بن فضل ابن عطیہ جو بخارا میں رہائش پذیر رہے اور ان کا انتقال بھی وہیں ہوا' ان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن بشر خوارزمی - محمد بن معاذ - ابومطیع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت فقیہ ابواسامہ زید بن یحییٰ - محمد بن مقاتل - ابومطیع (اور) صباح بن محارب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احید بن حریز بن مسیّب لؤلؤی - محمد بن مثنیٰ عنزی - ابوعاصم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبداللہ بن علی بلخی - احمد بن یزید بلخی - ابوعاصم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

864) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (207)-وابن حبان (3951)-وابو يعلى (2390)-ومسلم (1202) فی الحج: باب جواز الحجامة للمحرم-والشافعی فی "المسند" 319/1-واحمد 221/1-والحميدی (500)-والبخاری (1853) فی جزاء الصيد: باب الحجامة للمحرم-وابو داود (1835) فی المناسك: باب المحرم يحتجم

انہوں نے یہ روایت ہارون بن ہشام - احمد بن حفص - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق سمسار - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد قیراطی - عمار بن خالد تمار - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن احمد ہمدانی سے نقل کی ہے وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میں نے اسماعیل بن حماد کی تحریر میں پڑھی ہے - انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سہل بن ماہان ترمذی اور احمد بن محمد بن سعید ان دونوں نے - حسن بن حاجب - عبداللہ بن احمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن منصور بن نصر صغانی - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - ابومقاتل - نصر بن عبدالملک کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی (اور) عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح ان دونوں نے - عیسیٰ بن احمد - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبدالرحیم بن عبداللہ بن اسحاق سمنانی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - حسن بن حسن بن علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے - اسحاق بن عبداللہ بن بزاز - ہوذہ بن خلیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - ابراہیم بن عبداللہ بن ابوشیبہ اور احمد بن زیاد بزاز - ہوذہ بن خلیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن محمد بن علی فقیہ - ازہر بن مروان رقاشی - حارثہ بن نبہان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے تاہم اس میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: ابوحاضر نے ابوسوار کا یہ بیان نقل کیا ہے:

**ان النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم احتجم وھو صائم**

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے تھے۔

انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا ذکر نہیں کیا ہے۔

شیخ ابومحمد بخاری کہتے ہیں: ایک جماعت نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ کے حوالے سے ابوسوداء سے نقل کی ہے:

(ان میں سے ایک) ابن ابورواد ہیں - جیسا کہ صالح بن احمد بن ابومقاتل نے - یحییٰ بن سری - عبدالمجید بن عبدالعزیز بن ابورواد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ - ابوسوار - ابوحاضر کے حوالے سے - حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک) عبداللہ بن یزید علی ہیں- جیسا کہ احمد بن محمد نے - محمد بن عبداللہ بن صباح - یوسف بن یونس - عبداللہ بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے یہ روایت نقل کی ہے

(ان میں سے ایک) عتاب بن محمد بن شوذب ہیں- جیسا کہ احمد بن محمد بن سعید ہمدانی نے - محمد بن عبداللہ بن صباح - یوسف بن یونس - عتاب بن محمد بن شوذب - امام ابوحنیفہ - ابوسوار - ابوحاضر کے حوالے سے - حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث نقل کی ہے:

ان النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم احتجم وھو صائم

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے تھے۔

پھر ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: درست یہ ہے کہ (راوی کا نام) ابوسوداء ہے اور اس کی دلیل وہ روایت ہے جو فضل بن عمر بن عثمان مروزی نے - سعید بن سلیمان - عباد بن عوام - ابوسوداء سلمی - ابوحاضر کے حوالے سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کی ہے:

ان النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم احتجم بالقاحۃ وھو محرم

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قاحہ کے مقام پر احرام کی حالت میں پچھنے لگوائے تھے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - یحییٰ بن سری - یحییٰ بن عبدالمجید بن عبدالعزیز - امام ابوحنیفہ - ابوسوداء - حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں روایت کی ہے:

انہ احتجم وھو صائم محرم

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے تھے آپ اس وقت روزہ دار اور محرم تھے۔

انہوں نے یہ روایت اسی طرح - ابن مخلد - محمد بن عبدالعزیز بن ابورجاء - ہوذہ بن خلیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ - ابومسرہ - مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان - قاضی ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر قزوینی - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

865)- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُسْلِمِ الْهَجَرِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ سُوَاءَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن مسلم ہجری کے حوالے سے - بنوسواءہ بن عامر سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متنِ روایت: خَرَجْتُ حَاجًّا فَرَاَيْتُ حُذَيْفَةَ وَاَبَا

''میں حج کرنے کے لیے روانہ ہوا تو (راستے میں)

865) قد تقدم فی (856)

مُوْسٰی الْاَشْعَرِیَّ وَمَعَ کُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا رُفْقَةٌ فَصَحِبْتُ حُذَیْفَةَ فَلَمْ نَرَ اِلَّا هُمَا وَرُفَقَاؤُهُمَا صَائِمِیْنَ حَتّٰی قَدِمْنَا مَکَّةَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو دیکھا ان میں سے ہر ایک کے ساتھ کچھ رفقاء سفر بھی تھے' میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہولیا' تو میں نے دیکھا کہ یہ دونوں حضرات اور ان کے رفقاء مکہ آنے تک مسلسل روزے رکھتے رہے (یعنی انہوں نے سفر کی وجہ سے روزے ترک نہیں کیے)"۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- احمد بن محمد بن سعید- منذر بن محمد- حسن بن محمد- امام ابو یوسف (اور) اسعد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیہے۔

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت- شیخ ابوالفضل ابن خیرون- ان کے ماموں ابوعلی- ابوعبداللہ بن دوست علاف- قاضی عمر بن حسن اشنانی- عبید بن کثیر تمار- یحییٰ بن حسن ابن فرات- ان کے بھائی زیاد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة غیر انه قال فی آخره فکان حذیفة یعجل الافطار ویؤخر السحور وکان ابوموسیٰ الاشعری یؤخر الفطور ویعجل السحور ثم قال محمد وبفعل حذیفة رضی اللہ عنہ ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی اللہ عنہ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' تاہم انہوں نے اس کے آخر میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

"حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ (وقت ہونے پر) افطار جلدی کر لیتے تھے اور سحری کو تاخیر سے (اس کے آخری وقت میں) کرتے تھے جبکہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ (وقت ہوجانے کے باوجود) افطار تاخیر سے کرتے تھے اور سحری جلدی کر لیتے تھے۔

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے طرزِ عمل کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے' جس میں یہ اضافہ نہیں ہے۔

(**866**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ:

امام ابوحنیفہ نے- ہشام بن عروہ کے حوالے سے- ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متنِ روایت: اَنَّ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِیَّ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ

"حضرت حمزہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا

(866) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 69/2- واحمد 494/3- والطبرانی فی "الکبیر" (2984)- والطیالسی (1175)- والنسائی فی "المجتبی" 185/4- وفی "الکبری" (2602)- وابن خزیمة (2153)- وابو داود (2403)- والحاکم فی "المستدرک" 433/1- والبیهقی فی "السنن الکبری" 243/4

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ فَقَالَ إِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ

دوران روزہ رکھنے کے بارے میں دریافت کیا: تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو روزہ رکھ لو اور اگر چاہو تو نہ رکھو"۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - حسن بن محمد بن سعید - محمود بن علی - عبداللہ بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - محمد بن علی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبدالعزیز بن خالد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ اور سفیان سے روایت کی ہے انہوں نے ہشام کے حوالے سے ان کے والد سے نقل کی ہے: کہ حضرت حمزہ (اسلمی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے) سوال کیا۔

سفیان نے ایک مرتبہ یہ یہ الفاظ نقل کیے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ منقول ہے: کہ حضرت حمزہ (اسلمی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے) سوال کیا۔

(867) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْاَعْمَشِ اَبِي مُحَمَّدٍ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ الْكُوْفِيِّ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ:

متن روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ صَائِمًا ثُمَّ يَتَوَضَّأُ لِلصَّلٰوةِ فَيَلْقٰى امْرَاَةً مِنْ نِسَائِهِ فَيُقَبِّلُهَا ثُمَّ يُصَلِّيْ فَقَالَ لَهَا عُرْوَةُ لَيْسَتْ غَيْرُكِ فَضَحِكَتْ

امام ابوحنیفہ نے - اعمش ابومحمد سلیمان بن مہران کوفی - حبیب بن ابوثابت - عروہ بن زبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

"نبی اکرم ﷺ نے صبح کے وقت روزہ رکھا ہوتا پھر آپ ﷺ نماز کے لیے وضو کرتے پھر آپ کی اہلیہ سامنے آتیں تو آپ ﷺ اُن کا بوسہ لے لیتے تھے اور پھر (ازسرِ نو وضو کیے بغیر) نماز ادا کر لیتے تھے"

عروہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: وہ خاتون آپ کے علاوہ کوئی اور نہیں ہوں گی تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا ہنس پڑیں"۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن حسن بن علی بن زید - محمد بن عاصم - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ابویحییٰ حمانی بیان کرتے ہیں: امام ابوحنیفہ اسی حدیث کی خاطر اعمش کے پاس گئے تھے۔

(868) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ زِيَادِ بْنِ

امام ابوحنیفہ نے - زیاد بن علاقہ - عمرو بن میمون کے

(867) اخرجه ابن ابی شیبة 314/2 (9391) فی الصیام: باب من رخص فی القبلة للصائم - وابن حبان (3537) - ومالك 292/1 فی الصیام: باب ما جاء فی الرخصة فی القبلة للصائم - ومن طریق مالك اخرجه الشافعی فی "المسند" 256/1 - والبخاری (1928) فی الصوم: باب القبلة للصائم - والبیهقی فی "السنن الکبری" 233/4

(868) قد تقدم فی (863)

عِلَاقَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا:

حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کا بوسہ لے لیتے تھے' حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ دار ہوتے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابومحمد عبداللہ بن محمد - سعید بن محمد بن عبدالرحمٰن - شعیب بن لیث بن سعد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوبکر قاسم بن عیسیٰ قصار سے ''دمشق'' میں - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب بن اسحاق - انہوں نے اپنے دادا شعیب کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت حسین بن حسین انطاکی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن ابومقاتل - محمد بن معاویہ انماطی - داؤد بن زبیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(حافظ صاحب کہتے ہیں:) سدی اور بیان بن بشر نے یہ روایت عمرو بن میمون سے نقل کی ہے' پھر انہوں نے ان مختلف روایت کے طرق بیان کیے ہیں۔

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(**869**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - علی بن اقمر - مسروق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فِيْ يَوْمِ عَرَفَةَ فَقَالَتْ اَسْقُوْا مَسْرُوْقًا وَاَكْثِرُوْا حَلْوَاهُ قُلْتُ اِنِّيْ لَمْ يَمْنَعْنِيْ مِنْ صَوْمِ يَوْمِيْ اِلَّا خَوْفًا اَنْ يَكُوْنَ يَوْمَ النَّحْرِ فَقَالَتْ سُبْحَانَ اللّٰهِ يَوْمُ النَّحْرِ يَوْمٌ يَنْحَرُ فِيْهِ النَّاسُ وَيَوْمُ الْفِطْرِ يَوْمٌ يُفْطِرُ فِيْهِ النَّاسُ

''عرفہ کے دن' میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا' تو انہوں نے فرمایا: مسروق کو کچھ پلاؤ اور اس میں میٹھا زیادہ رکھنا' میں نے کہا: میں نے آج صرف اس ڈر سے روزہ نہیں رکھا' کہ کہیں آج قربانی کا دن نہ ہو' تو انہوں نے فرمایا: سبحان اللہ! قربانی کا دن وہ ہوتا ہے' جس میں لوگ قربانی کرتے ہیں' عیدالفطر کا دن وہ ہوتا ہے' جس دن لوگ عیدالفطر کرتے ہیں''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن مخلد - ابویحییٰ جعفر بن ہاشم - عارم بن فضل - حماد بن زید سے روایت کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے امام ابوحنیفہ کو یہ روایت عمرو بن دینار سے نقل کرتے ہوئے سنا ہے' پھر انہوں نے پوری حدیث بیان کی

نے مسروق کے حوالے سے یہ حدیث مجھے بیان کی ہے۔

(870)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: اِحْتَجَمَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَعْدَمَا قَالَ اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ

امام ابوحنیفہ نے- ابوسفیان طلحہ بن نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمانے کے بعد ''پچھنے لگانے والے اور لگوانے والے کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے'' ایک مرتبہ خود (روزے کی حالت میں) پچھنے لگوائے تھے''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- عباس بن عزیز قطان مروزی- بشر بن یحییٰ- اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن ابوصالح بلخی- محمد بن خشنام زاہد- ابوربیعہ فہد بن عوف بصری- یزید بن زریع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت نصر بن احمد کندی- یعقوب بن جراح سے ان کی تحریر کے حوالے سے- احمد بن ابوطیبہ جرجانی- عمران بن عبید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوعباس- ابومحمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب بخاری- عباس بن عزیز قطان مروزی- بشر بن یحییٰ- اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(871)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ:

متن روایت: اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يُبَاشِرُ بَعْضَ اَزْوَاجِهٖ وَهُوَ صَائِمٌ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی- اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں اپنی زوجہ محترمہ کے جسم کے ساتھ اپنا جسم مس کر لیتے تھے''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن اسحاق بن عثمان سمسار بخاری- محمد بن یزید نیشاپوری- عبداللہ بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن بسام بخاری- زکریا بن یحییٰ طویل- ابواحوص محمد بن حیان- محمد بن یزید واسطی کے حوالے

(870) قد تقدم فی (859)

(871) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 91/2 (3391)- وابن خزيمة 243/3 (1998)- والنسائی فی "السنن الكبرى" 208/2 (30069)- والبيهقی فی "السنن الكبرى" 229/4- وابو يعلى (4718)- وابو داود (2382) فی الصيام: باب القبلة للصائم

سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(872)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا:

متن روایت: اَنَّـهُ بَلَغَهَا اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يُفْتِيْ فِيْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ مَنْ اَصْبَحَ جُنُبًا فَلَا يَصُوْمَنَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ فَقَالَتْ يَرْحَمُ اللّٰهُ اَبَا هُرَيْرَةَ اَنَّهُ لَمْ يَحْفَظْ لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ اِلٰى صَلَاةِ الْفَجْرِ وَرَاْسُهُ يَقْطُرُ مِنْ مَاءِ غُسْلِهٖ مِنَ الْجَنَابَةِ ثُمَّ يُصْبِحُ صَائِمًا فَبَلَغَ ذٰلِكَ اَبَا هُرَيْرَةَ فَرَجَعَ عَنْ قَوْلِهٖ وَقَالَ هِيَ اَعْلَمُ مِنِّيْ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''ان تک یہ روایت پہنچی ہے: حضرت ابوہریرہ [illegible] مسجد نبوی میں یہ مسئلہ بیان کر رہے تھے' جو شخص صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہو' وہ اس دن کا روزہ ہرگز نہ رکھے۔

تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ تعالیٰ' ابو ہریرہ پر رحم کرے' انہیں (یہ مسئلہ صحیح طور پر) معلوم نہیں ہے' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے لیے تشریف لے جانے لگے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر سے' غسل جنابت (کرنے کے بعد) پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح صادق ہو جانے کے بعد غسل کیا تھا) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن روزہ بھی رکھا تھا۔

جب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو اس بات کی اطلاع [illegible] انہوں نے اپنے قول سے رجوع کر لیا' اور وہ بولے [illegible] سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) مجھ سے زیادہ علم رکھتی ہیں''۔

*** —— *** —— ***

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن-عبدالرحمن بن [illegible] محمد بن ابراہیم-محمد بن شجاع ثلجی -حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(873)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ اِلٰى صَلٰوةِ الْفَجْرِ اَوْ اِلَى الْفَجْرِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (بعض اوقات) فجر کی نماز کے لیے (راوی کو شک ہے' یا شاید یہ الفاظ ہیں:) فجر کے لیے تشریف

(872) قدتقدم فی (857) نحوه

(873) قد تقدم فی (857)

وَرَاْسُهُ يَقْطُرُ مِنْ غُسْلِ الْجَنَابَةِ مِنْ جِمَاعٍ ثُمَّ يَظِلُّ صَائِمًا

لے جاتے' تو آپ ﷺ کے سر سے' وظیفہ زوجیت کے بعد (لازم ہونے والی) جنابت (کے بعد کیے جانے والے) غسل کے قطرے ٹپک رہے ہوتے' اور پھر آپ ﷺ (اُس دن) روزہ رکھتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن محمد بخاری - ابوسعید بن جعفر - موسیٰ بن بہلول - نوح بن بیان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(874) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد - ابراہیم کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ

''نبی اکرم ﷺ روزے کی حالت میں (اپنی زوجہ محترمہ کا) بوسہ لے لیتے تھے''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے

(875) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهُ بَاشَرَ وَهُوَ صَائِمٌ

''نبی اکرم ﷺ روزے کی حالت میں' (اپنی اہلیہ محترمہ کے) جسم سے جسم مس کر لیتے تھے''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ ولا نری بذلك باساً ما لم يخف علی نفسه غير المباشرة وهو قول ابی حنيفة رضی اللہ عنہ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں جبکہ آدمی کو اپنی ذات کے حوالے سے مباشرت کے علاوہ کسی چیز (یعنی صحبت کر لینے) کا اندیشہ نہ ہو۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

---

(874) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی ''الآثار'' (287) - فی الصوم: باب قبلة الصائم ومباشرته - والطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' 92/2 فی الصيام: باب القبلة للصائم - وابن ماجة 538/1 فی الصيام: باب ماجاء فی المباشرة للصائم - والدار قطنی 181/2 فی الصيام: باب القبلة للصائم

(875) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی ''الآثار'' (290) فی الصوم: باب قبلة الصائم ومباشرته - ومسلم 777/2 فی الصيام: باب بيان ان القبلة فی الصوم ليست محرمة - والترمذی 98/3 فی الصيام: باب ما جاء فی مباشرة الصائم - وابن ماجة 538 فی الصيام: باب ما جاء فی المباشرة للصائم...... مرفوعاً

(**876**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِیِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد- عامر شعبی -مسروق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یُصِیْبُ مِنْ وَجْهِهَا وَهُوَ صَائِمٌ

''نبی اکرم ﷺ روزے کی حالت میں اُن کے چہرے کا بوسہ لے لیا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوطالب عبدالقادر بن محمد بن یوسف -ابومحمد حسن بن علی جوہری- ابوعباس محمد بن نصر بن احمد بن مکرم شاہد- حسین بن حسین- احمد بن عبداللہ کندی -علی بن معبد -امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**877**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) رُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِیِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: یہی روایت ایک (نامعلوم) شخص- عامر شعبی -مسروق کے حوالے سے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی گئی ہے۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوطالب بن یوسف- ابومحمد جوہری- ابوبکر ابہری- ابوعروبہ حرانی- انہوں نے اپنے دادا عمرو بن ابوعمرو- امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(**878**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنِ الْهَیْثَمِ بْنِ حَبِیْبِ الصَّیْرَفِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -ہیثم بن حبیب صیرفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ

''نبی اکرم ﷺ رمضان کی دو راتیں گزرنے کے بعد

(876) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" ( 213)-وابو يعلى ( 4428)-ومالك(14) فى الصيام:باب ما جاء فى الرخصة فى القبلة-والشافعى فى "الام" 98/2-وفى "المسند" 104-والبخارى ( 1928) فى الصوم:باب القبلة للصائم-والبيهقى فى "السنن الكبرى" 233/4 فى الصيام:باب اباحة القبلة -والبغوى فى "شرح السنة" (1750) باب قبلة الصائم

(877) قد تقدم

(878) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" ( 215)-وابن حبان ( 3559)-وابن خزيمة ( 2033)-وابن ابى شيبة 3/43 (1119) -والنسائى 182/4 فى الصيام:باب فضل الافطار فى السفر على الصيام-والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 68/2-والبخارى (2890) فى الجهاد:باب فضل الخدمة فى الغزو

وَسَلَّمَ لِلَيْلَتَيْنِ خَلَتَا مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى مَكَّةَ فَصَامَ حَتّٰى اَتٰى قَدِيْدًا فَشَكَا اِلَيْهِ النَّاسُ مِنَ الْجُهْدِ فَاَفْطَرَ فَلَمْ يَزَلْ مُفْطِرًا حَتّٰى اَتٰى مَكَّةَ

مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہوئے' آپ ﷺ نے روزہ رکھا ہوا تھا' جب آپ ''قدید'' کے مقام پر پہنچے تو کچھ لوگوں نے آپ کی خدمت میں مشکل پیش آنے کی شکایت کی' تو آپ نے روزہ ختم کردیا' پھر آپ ﷺ ﷺ نے مکہ مکرمہ تشریف لانے تک کوئی روزہ نہیں رکھا''۔

••• ——— ••• ——— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ہارون بن ہشام کسائی بخاری - احمد بن حفص بخاری - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن صالح بلخی - حسن بن مسہر - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت اسماعیل بن حماد کی تحریر میں پڑھی ہے - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن صالح بن عبداللہ طبری - اسماعیل بن توبہ قزوینی - حسین بن حسن عوفی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمود بن علی بن عبید - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - صلت بن حجاج کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت اسماعیل بن حماد کی تحریر میں پڑھی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: قاسم بن معن نے یہ روایت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - احمد بن عبداللہ بن صباح - علی بن ابومقاتل - امام محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد اصفہانی - احمد بن عبداللہ بن زکریا - عبدالوہاب - شعیب بن اسحاق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - احمد بن عبداللہ بن صباح - علی بن ابومقاتل - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد اصفہانی - احمد بن عبداللہ بن زکریاء - عبدالوہاب - شعیب بن اسحاق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابوحسین محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - عبداللہ بن سلیمان بن اشعث - احمد بن جناب حمیری - مکی بن

ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابن قاسم عصار سے دمشق میں-عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب بن اسحاق - انہوں نے اپنے والد شعیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوحسین علی بن حسین بن علی بن قریش - ابوحسن احمد بن محمد بن موسیٰ بن صلت اہوازی - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ -محمود بن علی -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -صلت بن حجاج کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوقاسم احمد بن عمر - قاضی ابوقاسم تنوخی - ابوقاسم بن ثلاج - ابوعباس بن عقدہ -احمد بن یحییٰ بن منذر - ابراہیم بن عبداللہ - خالد عبدی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی ابوطاہر انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - اپنے والد ابوطاہر - ابوقاسم عبیداللہ بن احمد بن عثمان - ابوبکر احمد بن ابراہیم بن شاذان - ابوداؤد - احمد بن جناب حمیری - مکی بن ابراہیم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**879**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبِ الصَّيْرِفِيِّ عَنْ عَامِرِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

متن روایت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُصِيْبُ مِنْ وَجْهِيْ وَهُوَ صَائِمٌ

امام ابوحنیفہ نے -ہیثم بن حبیب صیرفی - عامر شعبی - مسروق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں' میرے چہرے کا بوسہ لے لیا کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل -شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید - احمد بن عبداللہ بن صباح -تمیم بن عبداللہ (اور) -جعفر بن عبدوس قاضی مدائنی کے دونوں نے -علی بن ابومقاتل - امام محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت اسماعیل بن حماد کی تحریر میں پڑھی ہے وہ بیان کرتے ہیں: قاسم بن معن نے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد -شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام

(879) قد تقدم في (876)

ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ - صالح بن احمد کے حوالے سے اسی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن نہار بن عمار تیمی - اسماعیل بن توبہ - حسین بن حسن بن عطیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ صاحب کہتے ہیں: امام محمد بن حسن اور نضر بن محمد نے اس کو امام ابوحنیفہ سے نقلکیا ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن محمد بن سلیمان (اور) محمد بن جعفر بن مہلب' ان دونوں نے - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(880) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِى الصَّبَاحِ مُوْسٰى بْنِ اَبِى كَثِيْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ:

متن روایت: فِىْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ) قَالَ هُوَ الشَّيْخُ الْكَبِيْرُ يُطْعَمُ عَنْهُ وَلَا يَصُوْمُ

امام ابوحنیفہ نے - ابوصباح موسیٰ بن ابوکثیر - مجاہد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اور وہ لوگ جو اس کی طاقت نہیں رکھتے ہیں' ان پر مسکین کو کھانا کھلانے کا فدیہ لازم ہوگا''

مجاہد فرماتے ہیں: اس سے مراد بوڑھا' عمر رسیدہ شخص ہے' اُس کی طرف سے کھانا کھلا دیا جائے گا' وہ روزہ نہیں رکھے گا''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - جعفر بن محمد بن مروان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(881) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ مُسْلِمِ بْنِ كَيْسَانَ الْمَلَائِىِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: قَالَ سَافَرَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِىْ رَمَضَانَ يُرِيْدُ مَكَّةَ فَصَامَ وَصَامَ النَّاسُ مَعَهُ

امام ابوحنیفہ نے - ابوعبداللہ مسلم بن کیسان ملائی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے مہینے میں سفر کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ جا رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے رکھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لوگوں نے بھی (سفر کے دوران) روزے رکھے''۔

(880) اخرجه ابن سعد فى ''الطبقات'' 5/6

(881) قد تقدم فى (878)

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - حسین بن عمران بن ابراہیم - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن حسن - حماد بن حکیم طالقانی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - خلف بن یاسین زیات کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ہارون بن ہشام کسائی - ابوحفص احمد بن حفص - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے، تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

**خرج رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم من المدينة الى مكة فى رمضان فصام حتى انتهى الى بعض الطريق فشكا الناس اليه الجهد فافطر فلم يزل مفطراً حتى اتى مكة**

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے مہینے میں مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہوئے یہاں تک کہ جب آپ راستے میں کسی جگہ پہنچے تو کچھ لوگوں نے آپ کی خدمت میں مشقت کی شکایت کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ ختم کر دیا اور پھر مکہ پہنچنے تک آپ نے روزہ نہیں رکھا۔

شیخ ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: ایک جماعت نے اس کی مانند روایت امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے:

(ان میں سے ایک) حمزہ بن حبیب ہیں' جیسا کہ - احمد بن محمد بن سعید نے ہمیں یہ حدیث بیان کی ہے:' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت حمزہ کی تحریر میں پڑھی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے

(ان میں سے ایک) امام زفر ہیں' جیسا کہ - عبدالصمد بن فضل (اور) اسماعیل بن بشر' ان دونوں نے - شداد بن حکیم - امام زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک) ابو یوسف ہیں' جیسا کہ - محمد بن حسن بزاز نے - بشر بن ولید - امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک) حماد بن ابوحنیفہ ہیں' جیسا کہ - محمد بن ربیع (اور) احمد بن محمد بن سہل' ان دونوں نے - صالح بن محمد - حماد بن ابوحنیفہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک) حسن بن زیاد ہیں' جیسا کہ - حماد بن احمد مروزی نے - ولید بن حماد - حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک) محمد بن حسن بن فرات ہیں' جیسا کہ - محمد بن رضوان نے - محمد بن سلام - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک) حسن بن فرات ہیں' جیسا کہ - احمد بن محمد بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت حسین بن علی کی تحریر میں پڑھی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یحییٰ بن حسن نے - زیاد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی

ہے۔

(ان میں سے ایک ) سعید بن ابوجہم ہیں' جیسا کہ- احمد بن محمد نے -منذر بن محمد-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- انہوں نے اپنے چچا-انہوں نے اپنے والد سعید بن جہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک ) ایوب بن ہانی ہیں' جیسا کہ- احمد بن محمد نے- منذر بن محمد - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک ) سعید بن مسروق ہیں' جیسا کہ-محمد بن صالح بن عبداللہ طبری نے-علی بن سعید- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک ) سابق ہیں' جیسا کہ-احمد بن محمد-جعفر بن محمد بن موسیٰ-ابوفروہ-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- سابق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک ) عبیداللہ بن موسیٰ ہیں' جیسا کہ- احمد بن محمد نے- احمد بن حازم-عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

(ان میں سے ایک ) ابومقاتل ہیں' جیسا کہ- صالح بن منصور بن نصر صغانی نے اپنے دادا کے حوالے سے- ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی''مسند''میں- صالح بن احمد ہروی-عثمان بن سعید-ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم اس کے آخر میں انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

حتی اذا کان فی بعض الطریق شکا الیه المسلمون الجهد فدعا بماء فافطر وفطر المسلمون

یہاں تک کہ راستے میں کسی جگہ پر مسلمانوں نے آپ کی خدمت میں مشقت کی شکایت کی تو آپ نے پانی منگوا کر روزہ ختم کر دیا تو مسلمانوں نے بھی روزہ ختم کر دیا۔

انہوں نے یہ روایت ابن عقدہ-احمد بن حازم-عبیداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ صاحب کہتے ہیں: حمزہ زیات اور حسن نے امام ابوحنیفہ سے یہ روایت نقل کیے۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی''مسند''میں-ابوحسن محمد بن ابراہیم بن احمد بن حبیش-ابوعبداللہ محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' دوسری روایت کے الفاظ کے ہمراہ روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت قاسم بن عیسیٰ عطار سے دمشق میں-عبدالرحمٰن بن عبدالصمد-شعیب بن اسحاق-انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوعلی محمد بن سعید حرانی سے''رقہ''میں-ابوفروہ یزید بن محمد بن سنان-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-سابق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت حسین بن قاسم-محمد بن موسیٰ دولابی-عباد بن صہیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوالفضل بن خیرون-ابوعلی بن شاذان-ابونصر بن اشکاب-ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن علی صیرفی-ابویونس ادریس بن ابراہیم مقانعی-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی-ابومحمد جوہری-حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت-منذر بن محمد-حسن بن علی-امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوبکر احمد بن محمد بن صدقہ-ابوفروہ-انہوں نے اپنے والد-سابق-امام ابوحنیفہ کے حوالے سے اُن کی سند کے ساتھ نقل کی ہے:

ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خرج فی رمضان فصام وصام المسلمون فشکا الیہ الناس فی بعض الطریق فافطر حتی اتی مکۃ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں روانہ ہوئے تو آپ نے روزہ رکھا ہوا تھا اور مسلمانوں نے بھی روزہ رکھا ہوا تھا' راستے میں کسی جگہ کچھ لوگوں نے آپ کی خدمت میں شکایت کی تو آپ نے روزہ ختم کردیا اور مکہ آنے تک (آپ نے روزہ نہیں رکھا)۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-اسحاق بن ابراہیم بن عمر برمکی-ابوقاسم ابراہیم بن احمد حربی-ابویعقوب اسحاق بن حمدان نیشاپوری-حم بن نوح-ابوسعید محمد بن میسر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے 'مکمل اور طویل روایت کے طور پر نقل کی ہے۔

(**882**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ فُرَاتٍ عَنْ قَیْسٍ مَوْلٰی اُمِّ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے-فرات کے حوالے سے- سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے غلام' قیس کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: اَنَّهَا اِحْتَجَمَتْ وَهِیَ صَائِمَةٌ

''انہوں (یعنی سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا) نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے تھے''۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-دو بھائیوں عبداللہ (اور) ابوقاسم' یہ دونوں احمد بن عمر کے صاحبزادے ہیں' ان دونوں نے-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بن حبیس-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(882) اخرجه ابن ابی شیبة 310/2 (9335) فی الصیام: باب من رخص للصائم ان یحتجم- وعبد الرزاق (7542)

# اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِيمَا يُوجِبُ الْقَضَاءَ

## تیسری فصل: کون سی چیز قضا کو لازم کرتی ہے؟

(**883**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متنِ روایت: اَفْطَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَصْحَابُهُ فِيْ يَوْمٍ غَيْمٍ ظَنُّوْا اَنَّ الشَّمْسَ قَدْ غَابَتْ فَطَلَعَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مَا تَعَرَّضْنَا الْجَنَفَ نَتِمُّ هٰذَا الْيَوْمَ ثُمَّ نَقْضِيْ يَوْمًا

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

''(ایک مرتبہ) ایک ابر آلود دن میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے افطاری کر لی وہ یہ سمجھے کہ سورج غروب ہو چکا ہے لیکن (پھر بادل ہٹ گیا) تو سورج نکل آیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نے نافرمانی کی نیت نہیں کی تھی' ہم اس دن (کے روزے) کو مکمل کریں گے اور اس کی جگہ ایک دن کی قضا کر لیں گے''۔

•••—— •••—— •••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ ایما رجل افطر فی شهر رمضان فی سفر او حائض افطرت ثم طهرت فی بعض النهار او قدم المسافر فی بعض النهار الی مصره اتم ما بقی من یومه ولم یاکل ولم یشرب وقضی یوماً مکانه وهو قول ابی حنیفة رضی اللہ عنہ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' جو شخص سفر کے دوران رمضان کے مہینے میں روزہ نہ رکھے یا حیض والی عورت نے روزہ نہ رکھا ہوا اور دن میں کسی وقت وہ پاک ہو جائے یا کوئی مسافر دن میں کسی وقت اپنے شہر واپس آ جائے تو اسے چاہئے کہ وہ اس دن کے بقیہ حصے میں کچھ نہ کھائے پئے اور اس کی جگہ ایک دن کی قضا کر لے۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**884**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متنِ روایت: فِي الْمَرْاَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ اَنَّهَا لَا تَصُوْمُ حَتّٰى تَيْاَسَ مِنْ حَيْضِهَا

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''ایسی خاتون جس کے ذمہ دو ماہ کے مسلسل روزے لازم ہوں' وہ (اُن) روزوں کو اس وقت تک نہیں رکھے گی' جب تک وہ حیض سے مایوس نہیں ہو جاتی''۔

(883) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (286) فی الصیام: باب الصوم فی السفر والفطر- وفی "الموطأ" 128 (366)- والبیهقی فی "السنن الکبری" 4/217 فی الصیام: باب من اکل وهو یری ان الشمس قد غربت- وقد تقدم

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوحسین علی بن حسین بن احمد بزار - قاضی ابوالعلاء محمد بن علی بن یعقوب واسطی - ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان - بشر بن موسیٰ اسدی - ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(885)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: فِيْ الرَّجُلِ يَتَمَضْمَضُ اَوْ يَسْتَنْشِقُ وَهُوَ صَائِمٌ فَيَسْبِقُهُ الْمَاءُ فَيَدْخُلُ حَلْقَهُ قَالَ يُتِمُّ صَوْمَهُ ثُمَّ يَقْضِيْهِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"جو شخص روزے کی حالت میں کلی کرے اور پھر اُس کے ارادے کے بغیر پانی اُس کے حلق تک پہنچ جائے تو وہ اُس روزے کو مکمل کرے گا اور پھر (بعد میں) اُس کی قضا کرے گا"۔

••• —— ••• —— •••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ اذا كان ذاكراً لصومه فان كان ناسياً فلا شیء علیه وهو قول ابی حنیفة

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں اگر آدمی کو اس کا روزہ یاد ہو لیکن اگر اسے یاد نہ ہو تو پھر اس پر کوئی چیز لازم نہیں ہوگی۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(886)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ فِيْ الْقَيْءِ لَا قَضَاءَ عَلَيْهِ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ تَعَمَّدَهُ فَيُتِمُّ صَوْمَهُ ثُمَّ يَقْضِيْهِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"قے کے بارے میں وہ یہ فرماتے ہیں: اس شخص پر قضا لازم نہیں ہوگی البتہ اگر اس شخص نے جان بوجھ کر قے کی ہو تو وہ اس دن کا روزہ مکمل کرے گا اور (بعد میں) اُس کی قضا کرے گا"۔

••• —— ••• —— •••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی اللہ عنہ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے پھر

(885) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (291) في الصيام: باب ما ينقض الصوم- وعبد الرزاق (7380) في الصيام: باب الرجل يتمضمض ويستنشق صائماً فيدخل الماء جوفه

(886) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (292) في الصيام: باب ما ينقض الصوم- وابن ابي شيبة 38/3 في الصيام: باب ما جاء في الصائم يتقيأ او يبدأه القئ

امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

# اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِيْمَا يُوْجِبُ الْكَفَّارَةَ

## چوتھی فصل: کون سی چیز کفارے کو لازم کرتی ہے؟

(887)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً اَتَاهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ جَامَعْتُ اَهْلِيْ فِيْ رَمَضَانَ قَالَ فَهَلْ تَقْدِرُ عَلٰى اَنْ تُحَرِّرَ رَقَبَةً قَالَ لَا قَالَ فَعَلٰى اَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ لَا قَالَ فَعَلٰى اَنْ تُطْعِمَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا قَالَ لَا قَالَ فَاَمَرَ لَهُ بِخَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ اِذْهَبْ فَتَصَدَّقْ عَلٰى سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا اَهْلُ بَيْتٍ اَحْوَجُ اِلَيْهِ مِنِّيْ وَلَا مِنْ عَيَالِيْ فَقَالَ لَهُ اِذْهَبْ فَكُلْ وَاَطْعِمْ

امام ابوحنیفہ نے-عطاء بن ابی رباح-سعید بن مسیّب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''ایک شخص آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے رمضان میں (روزے کے دوران) اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لی ہے' نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم کوئی گردن (یعنی غلام یا کنیز) آزاد کر سکتے ہو؟ اس نے عرض کی: جی نہیں! نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم مسلسل دو ماہ کے روزے رکھ سکتے ہو؟ اس نے عرض کی: جی نہیں! نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا سکتے ہو؟ اس نے عرض کی: جی نہیں! راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اسے پندرہ صاع کھجوریں دینے کا حکم دیا' پھر آپ ﷺ نے اُس سے فرمایا: تم جاؤ! (اور یہ کھجوریں) ساٹھ مسکینوں پر صدقہ کر دو! اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ کی قسم! پورے شہر میں' مجھ سے اور میرے گھر والوں سے زیادہ' اِن کا محتاج اور کوئی نہیں ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: تم جاؤ اور خود بھی کھاؤ اور (اپنے گھر والوں کو بھی یہ کھجوریں) کھلاؤ!''

•••——•••——•••

887) ☆☆اخرج الطحاوی فی''شرح معانی الآثار'' 60/2-وابن حبان ( 3523)-ومالك فی''الموطأ'' 296/1 فی الصیام:باب كفارة من افطر فی رمضان-والشافعی 260/1-وعبد الرزاق (7457)

عن ابی هریرة ان رجلاً افطر فی رمضان فأمره النبی صلی الله علیه وسلم ان یکفر بعتق رقبة او صیام شهرین او اطعام ستین مسکیناً قال:لا اجد فاتی النبی صلی الله علیه وسلم بعرق تمر فقال:خذ هذا فتصدق به فقال:یارسول الله!ما اجد احداً احوج منی فضحك رسول الله صلی الله علیه وسلم حتی بدت انیابه'ثم قال:كله!

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - فاطمہ بنت محمد بن حبیب - انہوں نے اپنے چچا حمزہ بن حبیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(حافظ صاحب کہتے ہیں:) ابویوسف' عبداللہ بن زبیر' حسن بن زیاد' اسد بن عمرو' ایوب بن ہانی' حماد بن ابوحنیفہ' سعید بن سوید نے اس کو امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن احمد بن ابراہیم بغوی - ابوعبداللہ محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے ''امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن حبیش - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**888**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِيْ الرَّجُلِ يُصِيْبُ مِنْ اَهْلِهِ وَهُوَصَائِمٌ قَالَ يُتِمُّ صَوْمَهُ وَيَقْضِيْ مَا اَفْطَرَ وَيَتَقَرَّبُ اِلَى اللهِ بِمَا اسْتَطَاعَ وَلَوْ عَلِمَ بِهِ الْاِمَامُ عَزَّرَهُ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جو شخص روزے کی حالت میں اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرلے' تو وہ اس دن کے روزے کو مکمل کرے گا' اس نے جو روزہ توڑا ہے' اس کی قضا کرے گا' اور جہاں تک ہوسکے گا (یعنی نوافل' صدقہ خیرات کے ذریعے) اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کرے گا' اگر حاکم وقت کو اس کا پتہ چل جاتا ہے' تو وہ اُس کو سزا دے گا''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن ابي حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ ونرى ان عليه الكفارة عتق رقبة فان لم يجد فصيام شهرين متتابعين فان لم يستطع فاطعام ستين مسكيناً لكل مسكين نصف صاع من بر او صاع من تمر او شعير وهو قول ابي حنيفة رحمه الله ورضي عنا به

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر یہ

(888) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (293) في الصيام: باب ما ينقض الصوم - وعبد الرزاق (7471) في الصيام: باب من يبطل الصيام ومن يأكل في رمضان متعمداً - وابن ابي شيبة كما في فتح الباري 162/4

محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس پر کفارے میں ایک غلام آزاد کرنا لازم ہوگا، اگر اس کی گنجائش نہ ہو تو مسلسل دو ماہ کے روزے لازم ہوں گے اگر اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہوگا جس میں سے ہر مسکین کو گندم کا نصف صاع یا کھجور یا جو کا ایک صاع دینا ہوگا۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

# اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِيْ النُّذُوْرِ

## پانچویں فصل: نذر ماننے کا بیان

**(889)**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

متن روایت: قَالَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ نَذَرْتُ فِيْ الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ فِيْ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَلَمَّا اَسْلَمْتُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَوْفِ بِنَذْرِكَ

امام ابوحنیفہ نے- نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''میں نے زمانہ جاہلیت میں یہ نذر مانی تھی، کہ میں مسجد حرام میں اعتکاف کروں گا، جب میں نے اسلام قبول کرلیا، تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اُس نذر کے بارے میں دریافت کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی نذر کو پورا کرو!''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- ابوسعید بن جعفر حریمی- مروان بن معاویہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے

---

889) اخرجه السيد مرتضى الزبيدى فى "عقود الجواهر المنفية" 197/1 باب الاعتكاف- وابن حبان (4379)- والدارمى 183/2- والبخارى (2042) فى الاعتكاف: باب من لم ير عليها اذا اعتكف صوماً- والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 133/3

# اَلْبَابُ الثَّامِنُ فِیْ الْحَجِّ

## آٹھواں باب: حج کے بارے میں روایات

وَاَنَّه یَشْتَمِلُ عَلٰی ثَلَاثَةِ فُصُوْلٍ

یہ تین فصول پر مشتمل ہے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ فَضَائِلِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ وَمَكَّةَ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ فِیْ التَّلْبِیَةِ وَسَائِرِ اَفْعَالِ الْحَجِّ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِیْمَا هُوَ مِنْ مَحْظُوْرَاتِ الْاِحْرَامِ وَفِیْمَا لَیْسَ مِنْهَا وَفِیْ الْاَجْزِیَةِ

پہلی فصل: حج، عمرہ اور مکہ کے فضائل

دوسری فصل: تلبیہ اور حج کے دیگر تمام افعال کا بیان

تیسری فصل: احرام کی ممنوعات، کون سی چیزیں احرام سے نہیں ہوتی ہیں، اور جزاؤں کا بیان

# اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ فَضَائِلِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ وَمَكَّةَ
## پہلی فصل: حج، عمرہ اور مکہ کے فضائل

(890)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ ...ی رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ ...لَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

...ن روایت: عُمْرَةٌ فِیْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً

امام ابوحنیفہ نے- عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''رمضان میں عمرہ کرنا، حج کرنے کے برابر ہے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن خزیمہ، جو یزید بن سنان کے بھانجے ہیں- محمد بن عمر رومی- اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ...حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(891)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ سَالِمٍ ...فْطَسِ قَالَ:

...ن روایت: مَا مِنْ نَبِیٍّ یَهْرُبُ مِنْ قَوْمِهٖ اِلَّا هَرَبَ ...ی الْكَعْبَةِ یَعْبُدُ رَبَّهَا وَاَنَّ حَوْلَهَا لَقُبُوْرُ ثَلَاثَ مِائَةِ ...

امام ابوحنیفہ نے- سالم افطس کا یہ قول نقل کیا ہے:

''جو بھی نبی علیہ السلام اپنی قوم کو چھوڑ کر نکلے، وہ خانہ کعبہ کے پاس آ گئے، تاکہ یہاں اپنے پروردگار کی عبادت کریں، اس (خانہ کعبہ) کے اردگرد تین سو انبیاء کرام علیہم السلام کی قبریں ہیں''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے، انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(892)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ ...ئِبِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی قَالَ:

...ن روایت: قَبْرُ هُوْدٍ وَصَالِحٍ وَشُعَیْبٍ عَلَیْهِمُ ...سَّلَامُ فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

امام ابوحنیفہ نے- عطاء بن سائب کا یہ قول نقل کیا ہے:

''حضرت ہود علیہ السلام، حضرت صالح علیہ السلام اور حضرت شعیب علیہ السلام کی قبریں، مسجد حرام میں ہیں''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے، انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(890) اخرجه ابن حبان (3700)-واحمد 229/1-والبخاری (1782) فی العمرة: باب عمرة فی رمضان-ومسلم (1256) فی ...حج: باب فضل العمرة فی رمضان-وابن ماجة (2993) فی المناسك: باب العمرة فی رمضان -والطبرانی فی "الکبیر" (11299)

(891) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (266) فی الجنائز: باب غسل الشهید-وقد تقدم

(892) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (267) فی الجنائز: باب غسل الشهید

احمد بن حنبل نے یہ روایت - امام محمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**893**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) قَالَ بَلَغَنَا:

متن روایت: اَنَّ اللهَ تَعَالٰى يَبْعَثُ الرُّكْنَ وَالْمَقَامَ لَهُمَا عَيْنَانِ وَلِسَانَانِ وَشَفَتَانِ يَشْهَدَانِ لِمَنْ وَافَاهُمَا بِالْوَفَاءِ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: ہم تک یہ روایت پہنچی ہے

''اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) حجر اسود اور مقام ابراہیم کو اٹھائے گا' تو ان دونوں کی آنکھیں' زبان' اور ہونٹ ہوں گے یہ دونوں اُس شخص کے حق میں گواہی دیں گے' جس نے ان دونوں (کے آداب کو) پوری طرح ادا کیا تھا''۔

•••——•••——•••

حافظ ابوعباس احمد بن محمد بن عبداللہ بن ابوعوام سعدی نے - اپنے والد محمد بن عبداللہ - انہوں نے اپنے والد عبداللہ بن ابوعوام - محمد بن احمد بن حماد - احمد بن قاسم - اسحاق ازرق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔

عبداللہ بن ابوعوام فرماتے ہیں: یہی روایت یعقوب بن اسحاق نے بھی اپنے والد - یحییٰ بن سلام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**894**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكٍ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

متن روایت: خَرَجْنَا نُرِيْدُ الْحَجَّ فَرَاَيْنَا اَبَا ذَرٍّ بِالرَّبْذَةِ فَسَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ ثُمَّ قَالَ مِنْ اَيْنَ اَهْلُ الْقَوْمِ قُلْنَا مِنَ الْفَجِّ الْعَمِيْقِ قَالَ فَاَيْنَ تَؤُمُّوْنَ قُلْنَا الْبَيْتَ الْعَتِيْقَ قَالَ اللهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مَا اَشْخَصَكُمْ غَيْرُهُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ خَرَجَ حَاجًّا وَاَخْلَصَ وَقَضٰى نُسُكَهٗ فَلْيَسْتَاْنِفِ الْعَمَلَ فَاِنَّ اللهَ تَعَالٰى قَدْ غَفَرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ

امام ابوحنیفہ نے - محمد بن مالک ہمدانی کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے:

''ہم لوگ حج کرنے کے لیے روانہ ہوئے'' ربذہ کے مقام پر ہماری حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی ہم نے انہیں سلام کیا' انہوں نے ہمیں سلام کا جواب دیا' پھر انہوں نے دریافت کیا: تم لوگ کہاں سے تعلق رکھتے ہو؟ ہم نے جواب دیا: دور کی بستی سے' انہوں نے دریافت کیا: تم کہاں جا رہے ہو؟ ہم نے جواب دیا: بیت عتیق (یعنی خانہ کعبہ)' انہوں نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے تمہارا اس کے علاوہ کوئی اور مقصد نہیں ہے؟ ہم نے جواب دیا: ایسا ہی ہے' انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص حج کے لیے نکلے اور اُس کا مقصد صرف (یعنی حج کرنا) ہی ہو اور وہ شخص اپنے مناسک ادا کرے تو

---

(293) اخرج محمد بن عبد الله الأزرقي في "اخبار مكة" 324 عن ابن عباس نحوه

(894) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (332) في الحج: باب القرآن وفضل الاحرام

کو چاہیے کہ وہ نئے سرے سے عمل شروع کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اُس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کر دی ہوگی"۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - احمد بن محمد بن سعید - حسن بن سلام - عیسیٰ بن ابان - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - احمد بن محمد ہروی - قاضی ابوسلیمان جوزجانی - امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی - انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

**895**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَجُوْزٍ مِنَ الْعَتِيْكِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے - یزید بن عبدالرحمٰن - عتیک (قبیلے سے تعلق رکھنے والی) ایک بوڑھی خاتون کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

متن روایت: لَا بَاْسَ بِالْعُمْرَةِ فِیْ اَیِّ السَّنَةِ شِئْتِ مَا خَلَا خَمْسَةِ اَیَّامٍ یَوْمُ عَرَفَةَ وَیَوْمُ النَّحْرِ وَاَیَّامُ التَّشْرِیْقِ

"سال بھر میں جس وقت بھی تم عمرہ کرلو تو اِس میں کوئی حرج نہیں ہے البتہ پانچ دنوں کا حکم مختلف ہے عرفہ کا دن قربانی کا دن اور ایامِ تشریق (کے تین) دن"۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**896**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حجاج بن ارطاۃ - عطاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

---

895) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (343) في الحج: باب العمرة في اشهر الحج وغيرها- والبيهقي في "السنن الكبرى" 346/4 في الحج: باب العمرة في اشهر الحج- وابن ابي شيبة 126/3 في المناسك: باب في العمرة: من قال: في كل شهر ومن قال متى شئت- والعثماني في "اعلاء السنن" 490/10

896) اخرجه احمد 229/1- والبخاري (1782)- ومسلم (1256)- والبيهقي في "السنن الكبرى" 130/4- وابن حبان (3700)- والطبراني في "الكبير" (11322)

متنِ روایت: عُمْرَةٌ فِی رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً

''رمضان میں عمرہ کرنا' حج کے برابر ہے''۔

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - محمد بن احمد بن سلامہ - محمد بن خزیمہ مصری - محمد بن عمر رومی - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

•••——•••——•••

(897) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متنِ روایت: لَمَّا اَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِالْعُمْرَةِ فِی حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ اَخْبِرْنَا عَنْ عُمْرَتِنَا هٰذِهٖ لِسَنَتِنَا خَاصَّةً اَمْ لِلْاَبَدِ فَقَالَ بَلْ هِیَ لِلْاَبَدِ

امام ابوحنیفہ نے - ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر (حج کے احرام کو) عمرہ میں تبدیل کرنے کا حکم دیا' تو حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ ہمیں ہمارے اس عمرہ کے بارے میں بتائیے کہ یہ حکم اس سال کے ساتھ مخصوص ہے؟ یا ہمیشہ کے لیے ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ہمیشہ کے لیے ہے''۔

•••——•••——•••

بخاری نے یہ روایت - رجاء بن سوید نسفی - حم بن نوح - سعد بن سعید خلمی - ابونصیر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عباس بن حمزہ نیشاپوری - محمد بن حکیم طالقانی - خلف بن یاسین کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - فاطمہ بنت حبیب سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتی ہیں: میں نے یہ روایت حمزہ بن حبیب کی تحریر میں پڑھی ہے' یہ امام ابوحنیفہ سے منقول ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسن بن علی سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت حسین بن علی کی تحریر میں پڑھی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یحییٰ بن حسن نے - اپنے بھائی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ نقل کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن اسحاق سمسار بخاری - جمعہ بن عبداللہ - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن - بشر بن ولید - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(897) اخرجه ابن حبان (3791) - واحمد 217/3 - والشافعی فی "المسند" 373/1 - والحمیدی (1293) - والبخاری (1785) فی الحج: باب من اهل فی زمن النبی صلی اللہ علیه وسلم کاهلال النبی صلی اللہ علیه وسلم - ومسلم (1216) فی الحج باب وجوه الاحرام - والبیهقی فی "السنن الکبری" 41/5

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد-منذر بن محمد-حسن بن محمد-اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔
انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد-منذر بن محمد-انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے-ایوب بن ہانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے
انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد-احمد بن عبداللہ بن بہلول سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے (وہ بیان کرتے ہیں:) میرے والد اور قاسم بن معن نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے
انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن بشر-شداد بن حکیم-زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے
انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان-محمد بن سلام-محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے
انہوں نے یہ روایت محمد بن عبداللہ سعدی اور محمد بن رضوان' ان دونوں نے-حسن بن عثمان-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے
انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے-احمد بن زہیر-مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

898)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى زِيَادٍ عَنْ اَبِى نَجِيْحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-عبداللہ بن ابوزیاد-ابونجیح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: مَنْ اَكَلَ مِنْ اُجُوْرِ بُيُوْتِ مَكَّةَ فَاِنَّمَا يَاْكُلُ نَارًا لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى حَرَّمَهَا فَحَرَامٌ بَيْعُ رِبَاعِهَا وَاَكْلُ ثَمَنِهَا

''جو شخص مکہ کے گھروں کا معاوضہ کھاتا ہے' تو وہ آگ کھاتا ہے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو ''حرم'' قرار دیا ہے' تو اس کی زمین کو فروخت کرنا اور اس کی قیمت کھانا حرام ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابراہیم بن محمد بن شہاب-عبداللہ بن عبیدالرحمٰن-امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے
حافظ صاحب فرماتے ہیں: ابویوسف' عبدالعزیز بن خالد' سعید بن مسلمہ' شجاع بن ولید' اور زفر رحمہ اللہ علیہم اجمعین نے اس کو امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے
امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔
انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

899)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان-ابراہیم نخعی کے

898) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (372) في الحج: باب بيع بيوت مكة واجرها-والدار قطني 3/57 (224) في البيوع

اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ:

متنِ روایت: اَنَّهٗ قَالَ يَا اَهْلَ مَكَّةَ مَالِىْ اَرَى النَّاسَ شَعْثًا غَبْرًا وَّاَنْتُمْ مُدْهِنُوْنَ اِذَا رَاَيْتُمُ الْهِلَالَ فَاَهِلُّوْا يَعْنِىْ هِلَالَ ذِى الْحَجَّةِ وَاَحْرِمُوْا

حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''اے اہل مکہ! کیا وجہ ہے کہ میں دیکھ رہا ہوں' لوگوں کے بال تو بکھرے ہوئے اور غبار آلود ہیں' اور تم لوگوں نے تیل لگایا ہوا ہے (یعنی بال سنوارے ہوئے ہیں) جب تم (ذوالحجہ کا) پہلی کا چاند دیکھو تو تم تلبیہ پڑھنا شروع کردو' اور احرام باندھ لو''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی - محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**900**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللهُ عَنْهَا:

متنِ روایت: اَنَّهَا سُئِلَتْ عَنِ الْمُحْرِمِ اِذَا مَاتَ كَيْفَ يُصْنَعُ بِهٖ قَالَتْ كَمَا تَصْنَعُوْنَ بِمَوْتَاكُمْ فَاِنَّهٗ حِيْنَ مَاتَ ذَهَبَ عَنْهُ الْاِحْرَامُ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''ان سے احرام والے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا' اگر اُس کا انتقال ہو جائے تو اُس کے ساتھ کیا کیا جائے؟ انہوں نے جواب دیا: وہی جو تم اپنے مرحومین کے ساتھ کرتے ہو' کیونکہ جب اُس کا انتقال ہو گیا' تو اُس کے احرام کے احکام ختم ہو جائیں گے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(**901**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

امام ابوحنیفہ نے - عطیہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل

---

(900) اخرجه ابن ابى شيبة فى الحج: فى المحرم يموت ايغطى رأسه

☆☆قلت: وقد اخرج الطبرانى فى "الكبير" (11436) - والبيهقى فى "السنن الكبرى" 394/3 - والدار قطنى فى "السنن" 230/1 عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: خمروا وجوه موتاكم ولاتشبهوا باليهود

(901) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (222)

☆☆قلت: وقد اخرج الطحاوى فى "شرح مشكل الآثار" (6030) - وابن ماجة (2883) - واحمد 214/1 - والبيهقى فى "السنن الكبرى" 340/4، عن ابن عباس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اراد الحج فليتعجل، فانه قد يمرض المريض وتضل الضالة وتعرض الحاجة

اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت: مَنْ اَرَادَ الْحَجَّ فَلْيَتَعَجَّلْ

کرتے ہیں:

''جو شخص حج کا ارادہ رکھتا ہو' اسے جلدی (حج) کر لینا چاہیے''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - محمد بن احمد بن عمر وراق - عثمان بن ابوشیبہ - ابومعاویہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(902) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الصَّبِيِّ بْنِ مَعْبَدٍ قَالَ:

متن روایت: اَقْبَلْتُ مِنَ الْجَزِيْرَةِ حَاجًّا قَارِنًا فَمَرَرْتُ بِسَلْمَانَ بْنِ رَبِيْعَةَ وَزَيْدِ بْنِ صُوْحَانَ وَهُمَا مُنِيْخَانِ بِالْعُذَيْبِ فَسَمِعَانِيْ اَقُوْلُ لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ فَقَالَ اَحَدُهُمَا هٰذَا اَضَلُّ مِنْ نَاقَتِهِ وَقَالَ الْآخَرُ هٰذَا اَضَلُّ مِنْ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَمَضَيْتُ حَتّٰى اِذَا قَضَيْتُ نُسُكِيْ وَمَرَرْتُ بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقُلْتُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ كُنْتُ رَجُلًا بَعِيْدَ الشُّقَّةِ قَاصِيَ الدَّارِ اَذِنَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِيْ فِيْ هٰذَا الْوَجْهِ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَجْمَعَ عُمْرَةً اِلٰى حَجَّةٍ فَاَهْلَلْتُ بِهِمَا جَمِيْعًا وَلَمْ اَشْعُرْ فَمَرَرْتُ بِسَلْمَانَ بْنِ رَبِيْعَةَ وَزَيْدِ بْنِ صُوْحَانَ فَسَمِعَانِيْ اَقُوْلُ لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مَعًا فَقَالَ اَحَدُهُمَا هٰذَا اَضَلُّ مِنْ نَاقَتِهِ وَقَالَ الْآخَرُ هٰذَا اَضَلُّ مِنْ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَصَنَعْتُ مَاذَا قُلْتُ مَضَيْتُ فَطُفْتُ طَوَافًا لِعُمْرَتِيْ وَسَعَيْتُ سَعْيًا لِعُمْرَتِيْ ثُمَّ عُدْتُ فَفَعَلْتُ مِثْلَ ذٰلِكَ لِحَجَّتِيْ ثُمَّ بَقِيْتُ حَرَامًا اَصْنَعُ كَمَا يَصْنَعُ الْحَاجُّ حَتّٰى

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: صبی بن معبد بیان کرتے ہیں: ''میں ''جزیرہ'' سے ''حج قران'' کرنے کے لیے روانہ ہوا' میرا گزر سلیمان بن ربیعہ اور زید بن صوحان کے پاس سے ہوا' ان دونوں نے ''عذیب'' کے مقام پر' اپنے جانوروں کو بٹھایا ہوا تھا' ان دنوں نے مجھے یہ کہتے ہوئے سنا: میں عمرہ اور حج کرنے کے لیے حاضر ہوں' تو ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا: یہ اپنی اونٹنی سے بھی زیادہ گمراہ ہے' دوسرے نے کہا: یہ فلاں' فلاں چیز سے بھی زیادہ گمراہ ہے' صبی بن معبد کہتے ہیں: میں نے اپنا سفر جاری رکھا' یہاں تک کہ میں نے مناسک حج ادا کر لیے' میرا گزر امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے ہوا' میں نے انہیں بتایا: میں نے کہا: امیر المؤمنین! میں دور دراز کے علاقے کا رہنے والا شخص ہوں' اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ موقعہ دیا (کہ میں حج کے لیے آؤں) تو میری یہ خواہش ہوئی کہ میں حج کے ساتھ عمرے کو بھی شامل کرلوں' تو میں نے ان دونوں کا ایک ساتھ احرام باندھ لیا' مجھے (اس سے متعلق احکام کا) پتہ نہیں تھا' میرا گزر سلمان بن ربیعہ اور زید بن صوحان کے پاس سے ہوا' تو ان دونوں نے مجھے یہ کہتے ہوئے سنا: میں حج اور عمرہ ایک

(902) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (320) - والحصكفي في "مسند الامام" (255) - وابن حبان (3911) - واحمد 25/1 - وابن ماجة (2970) في المناسك: باب من قرن الحج والعمرة - والبيهقي في "السنن الكبرى" 16/5 - وابو داود (1799) في المناسك: باب الاقران - والنسائي 146/5 - وابن خزيمة (3069)

قَضَيْتُ نُسُكِيْ قَالَ عُمَرُ هُدِيْتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

ساتھ کرنے کے لیے حاضر ہوں' تو ان دونوں میں سے ایک نے کہا: یہ شخص اپنی اونٹنی سے بھی زیادہ گمراہ ہے' جبکہ دوسرے نے کہا: یہ شخص فلاں' فلاں چیز سے بھی زیادہ گمراہ ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: پھر تم نے کیا کیا؟ میں نے جواب دیا: میں آیا' پہلے میں نے اپنے عمرے کا طواف کیا' اپنے عمرے کی سعی کی' پھر میں نے حج کے لیے ایسا ہی کیا' پھر میں احرام کی حالت میں برقرار رہا' میں نے وہ تمام کام کیے' جو حاجی کرتے ہیں' یہاں تک کہ میں نے تمام مناسک حج ادا کیے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی طرف تمہاری رہنمائی کی گئی''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -محمد بن اسحاق سمسار بخاری- حسین بن منصور- قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ منصور بن دینار سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت نصر بن احمد کندی- اسحاق بن ابراہیم عفصی - قاسم بن حکم- منصور بن دینار کے حوالے سے حماد سے کی ہے' انہوں نے امام ابوحنیفہ کا ذکر نہیں کیا۔

انہوں نے یہ روایت حمدان بن ذی نون بلخی - ابراہیم بن سلیمان زیات- زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' دوسرے الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے: (جو درج ذیل ہیں:)

قال الصبى بن معبد كنت حديث عهد بالنصرانية فاسلمت فقدمت الكوفة اريد الحج فوجدت سلمان بن ربيعة وزيد بن صوحان يريدان الحج فى زمن عمر بن الخطاب رضى الله عنهم فاهل سلمان وزيد بالحج وحده واهل الصبى بالحج والعمرة فقالا ويحك تتمتع وقد نهى عن التمتع والله لانت اضل من بعيرك قال فقلت نقدم على عمر وتقدمون فلما قدم الصبى مكة طاف بالبيت وسعى بين الصفا والمروة لعمرته ثم رجع حراماً لم يحل من شىء ثم طاف بالبيت وبين الصفا والمروة لحجته ثم اقام حراماً لم يحلل منه حتى اتى عرفات وفرغ من حجته فلما كان يوم النحر حل واهرق دماً لمتعته فلما صدروا من حجهم مروا بعمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فقال له زيد بن صوحان يا امير المؤمنين انك نهيت عن المتعة وان الصبى بن معبد قد تمتع فقال صنعت ماذا يا صبى فقال اهللت يا امير المؤمنين بالحج والعمرة فلما قدمت مكة طفت بالبيت وسعيت بين الصفا والمروة لعمرتى ثم رجعت حراماً ولم احل منه بشىء ثم طفت وسعيت بين

الصفا والمروة لحجتی ثم اقمت حراماً حتی کان یوم النحر فاهرقت دماً لتمتعی ثم احللت قال فضرب عمر علی ظهره وقال هدیت لسنة نبیک

صبی بن معبد بیان کرتے ہیں میں پہلے عیسائی تھا پھر میں نے اسلام قبول کرلیا' میں کوفہ آیا' میں حج پر جارہا تھا' میں نے سلمان بن ربیعہ اور زید بن صوحان کو پایا۔ یہ دونوں بھی حج پر جارہے تھے۔ یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے کی بات ہے۔ سلمان اور زید صرف حج کا تلبیہ پڑھ رہے تھے جبکہ صبی حج اور عمرہ دونوں کا تلبیہ پڑھ رہے تھے۔ سلمان اور زید نے صبی سے کہا: تمہارا ستیاناس ہو کیا تم تمتع کرنا چاہتے ہو حالانکہ تمتع سے منع کردیا گیا ہے۔ اللہ کی قسم! تم اپنے اونٹ سے بھی زیادہ گمراہ ہو۔ صبی کہتے ہیں: میں نے کہا: ہم بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس جارہے ہیں اور تم بھی جارہے ہو۔ جب صبی مکہ آئے تو انہوں نے اپنے عمرے کے لئے بیت اللہ کا طواف کیا' صفا و مروہ کی سعی کی لیکن انہوں نے احرام نہیں کھولا۔ پھر انہوں نے اپنے حج کے لئے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کی سعی کی اور احرام کی حالت میں رہے۔ انہوں نے اسے نہیں کھولا یہاں تک کہ وہ عرفات آئے اور انہوں نے حج سے فارغ ہونے کے بعد قربانی کے دن قربانی کرنے کے بعد احرام کھولا۔ جب وہ اپنے حج سے فارغ ہوگئے تو ان کا گزر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے ہوا۔ تو زید بن صوحان نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ نے حج تمتع سے منع کیا جبکہ صبی نے حج تمتع کیا ہے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اے صبی! تم نے کیا کیا؟ تو انہوں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! میں نے حج اور عمرے کا احرام باندھا پھر میں مکہ آیا تو میں نے اپنے عمرے کے لئے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کی سعی کی' پھر میں نے احرام نہیں کھولا' پھر میں نے اپنے حج کے لئے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کی سعی کی۔ پھر میں احرام کی حالت میں رہا' جہاں تک کہ میں نے قربانی کے دن قربانی کرنے کے بعد اپنا احرام کھولا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی کمر پر ہاتھ مارا اور بولے: تمہاری رہنمائی تمہارے نبی کی سنت کی طرف کی گئی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابونصر محمد بن محمد بن سلام فقیہ - موسیٰ بن ابونصر - حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن حبیش - محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

**903**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ شَيْخٍ مِنْ بَنِيْ رَبِيْعَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنْ اِسْحَاقَ الْقُرَشِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - بنو ربیعہ سے تعلق رکھنے والے ایک بزرگ - معاویہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: اسحاق قرشی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

903) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (233)

☆☆قلت: وقد اخرج ابن ماجة 2889 - والطیالسی (2519) - وعبدالرزاق (8800) - والحمیدی (1004)

عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من حج هذا البیت فلم یرفث ولم یفسق رجع کما ولدته امه

قَالَ:

متنِ روایت: اَلْحَاجُّ مَغْفُوْرٌ لَهُ وَلِمَنْ اِسْتَغْفَرَ لَهُ اِلٰی اِنْسِلَاخِ الْمُحَرَّمِ

''حاجی کی مغفرت ہو جاتی ہے' اور محرم گزرنے تک حاجی جس کے لیے دعائے مغفرت کرے' (اُس کی بھی مغفرت ہو جاتی ہے'')۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن حسن بزاز بلخی - بشر بن ولید - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - قاسم بن محمد - ابو بلال اشعری (اور) قاضی ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر محمد بن علی بن محمد خیاط - ابوعبداللہ احمد بن محمد بن یوسف بن دوست علاف - قاضی اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک' ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(**904**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ زِیَادٍ عَنْ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - عبداللہ بن ابوزیاد - ابونجیح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متنِ روایت: مَكَّةُ حَرَامٌ لَاتُبَاعُ رِبُوْعَتُهَا لَا تُؤْجَرُ بُيُوْتُهَا

''مکہ حرم ہے' یہاں کی زمین کو فروخت نہیں کیا جائے گا اور یہاں کے گھروں کا کرایہ وصول نہیں کیا جائے گا''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد - محمد بن شوکہ - قاسم بن حکم کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح - عمار بن خالد - اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ لاتباع الارض ولا باس بالبناء

(904) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (373) في الحج: باب بيع بيوت مكة واجرها - والحاكم في "المستدرك" 53/2 - والدار قطني 57/3 في البيوع

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ یہاں کی زمین کو فروخت نہیں کیا جائے گا البتہ عمارت کو فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(905)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی زِیَادٍ عَنْ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: مَنْ اَكَلَ مِنْ اَجْرِ بُیُوْتِ مَكَّةَ فَاِنَّمَا یَاْكُلُ نَارًا

امام ابوحنیفہ نے- عبداللہ بن ابوزیاد- ابونجیح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص مکہ کے گھروں کا معاوضہ کھاتا ہے' وہ آگ کھاتا ہے''۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ تک اپنی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوطالب بن یوسف- ابومحمد جوہری- ابوبکر ابہری- ابوعروبہ حرانی- انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے- محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(906)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ قَیْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: اَفْضَلُ الْحَجِّ الْعَجُّ وَالثَّجُّ فَاَمَّا الْعَجُّ فَالْعَجِیْجُ بِالتَّلْبِیَةِ وَاَمَّا الثَّجُّ فَثَجُّ الْبُدْنِ اَوْ قَالَ فَثَجُّ الدَّمِ

امام ابوحنیفہ نے- قیس بن مسلم- طارق بن شہاب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''حج کا سب سے زیاد فضیلت والا کام ''عج'' اور ''ثج'' ہیں''

(شاید راوی نے یہ وضاحت کی ہے:) ''عج'' سے مراد' بلند آواز میں تلبیہ پڑھنا ہے' جبکہ ''ثج'' سے مراد قربانی کے جانور کو قربان کرنا' (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں: قربانی کے جانور کا) خون بہانا ہے''۔

•••——•••——•••

(905) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (372) في الحج: باب بيع بيوت مكة واجرها- والدار قطني 57/3 في البيوع

(906) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (224)

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابواسامہ زید بن یحییٰ فقیہ بلخی - اور صالح بن محمد اسدی - اور ابراہیم بن مفضل ' ان سب نے - ابوہشام رفاعی - ابواسامہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رٹی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت قاسم بن عباد ترمذی - حسین بن عبدالاوّل نخعی - ابواسامہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی - یعقوب بن حمید - حاتم بن اسماعیل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - حسین بن عبدالرحمٰن - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - خلف بن یاسین کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن منصور بن نصر صغانی - انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے - ابومقاتل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت سری بن عصام بخاری - عبداللہ بن عبدالرحمٰن - نوح بن دراج کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابومحمد بخاری فرماتے ہیں: ان حضرات نے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کی ہے' جبکہ بعض حضرات نے اس کو ''موقوف'' روایت کے طور پر بھی نقل کیا ہے۔

(ان میں سے ایک) سعید بن ابوجہم ہیں - جیسا کہ احمد بن محمد نے - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رٹی اللہ عنہ سے اس کو روایت کیا ہے

(ان میں سے ایک) ایوب بن ہانی ہیں - جیسا کہ احمد بن محمد نے - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رٹی اللہ عنہ سے اس کو روایت کیا ہے

(ان میں سے ایک) حسن بن فرات ہیں - جیسا کہ احمد بن محمد بیان کرتے ہیں: میں نے حسین بن علی کی تحریر میں یہ پڑھا ہے یحییٰ حسین نے - زیاد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے اس کو روایت کیا ہے

(ان میں سے ایک) زفر ہیں - جیسا کہ زکریا بن یحییٰ اصفہانی نے - احمد بن رستہ - محمد بن مغیرہ - حکم - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رٹی اللہ عنہ سے اس کو روایت کیا ہے

(ان میں سے ایک) ابویوسف ہیں - جیسا کہ محمد بن حسن بزار نے - بشر بن ولید - امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رٹی اللہ عنہ سے اس کو روایت کیا ہے

(ان میں سے ایک) اسد بن عمرو ہیں - جیسا کہ احمد بن محمد نے - منذر بن محمد - حسین بن محمد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رٹی اللہ عنہ سے اس کو روایت کیا ہے

(ان میں سے ایک) حسن بن زیاد ہیں - جیسا کہ احمد بن محمد نے - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد - حسن بن زیاد

کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اس کو روایت کیا ہے

(ان میں سے ایک) محمد بن مسروق ہیں- جیسا کہ احمد بن محمد- محمد بن عبداللہ بن مسروق- انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے اس کو روایت کیا ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- صالح بن ابومقاتل- شجیح بن ابراہیم زہری- حسین بن عبدالاوّل- ابواسامہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے اس کو روایت کیا ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن یعقوب بن شیبہ- انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے- ابوعبداللہ بن محمد- ابواسامہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- محمد بن ابراہیم- محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوتمیلہ- ابواسامہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے

ابوعبداللہ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- مبارک بن عبدالجبار صیرفی- ابومحمد جوہری- حافظ محمد بن مظفر- انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے-

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ فِیْ التَّلْبِیَةِ وَسَائِرِ اَفْعَالِ الْحَجِّ وَالْاِفْرَادِ وَالْمُتْعَةِ وَالْقِرَانِ

## دوسری فصل: تلبیہ اور حج کے دیگر تمام افعال' حج افراد' حج تمتع اور حج قران کے احکام

(907)- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءٍ عَنْ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے- عطاء کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَبّٰی حِیْنَ رَمَی الْجَمْرَةَ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' جمرہ کو کنکریاں مارنے تک تلبیہ پڑھتے رہے تھے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن منذر اعمش بلخی- علی بن مسہر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے ہی یہ روایت- احمد بن محمد بن سعید ہمدانی- یعقوب بن یوسف ضبی- ابوجنادہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' انہوں نے عطاء کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کیا ہے:

ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم اردف الفضل بن العباس و کان غلاماً حسناً فجعل یلاحظ

907) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (253)- والبیهقی فی "السنن الکبری" 112/5 فی الحج: باب التلبیة یوم عرفة وقبله وبعده حتی یرمی جمرة العقبة- والنسائی فی "الکبری" 440/2 (4085)

النساء والنبی صلی الله علیه وآله وسلم یصرف وجهه فلبی حتی رمی جمرة العقبة

نبی اکرم ﷺ نے حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کو اپنے پیچھے بٹھالیا' وہ خوبصورت نوجوان تھے وہ خواتین کی طرف دیکھنے لگے تو نبی اکرم ﷺ نے ان کا چہرہ دوسری طرف پھیر دیا اور پھر آپ جمرہ عقبہ کی رمی کرنے تک مسلسل تلبیہ پڑھتے رہے۔

انہوں نے ہی یہ روایت - حسن بن معروف بخاری - ہارون حمال - جنادہ بن سلم کے حوالے سے بھی امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے ہی یہ روایت - سلیمان بن داؤد بن سعید ہروی - احمد بن یعقوب - عتاب بن محمد بن شوذب کے حوالے سے بھی امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے ہی یہ روایت - احمد بن محمد ہمدانی - جعفر بن محمد نے اپنے والد کے حوالے سے - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے بھی امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے ہی یہ روایت - صالح بن احمد قیراطی - عمار بن خالد - اسد بن عمرو کے حوالے سے بھی امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' دوسرے الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے: (جو درج ذیل ہیں:)

انه اردف الفضل ''نبی اکرم ﷺ نے حضرت فضل (بن عباس رضی اللہ عنہما) کو سواری پر اپنے پیچھے بٹھایا تھا''

(حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت) احمد بن محمد بن سعید - یعقوب بن یوسف - ابن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت پہلے الفاظ کے ساتھ - صالح بن احمد - عمار بن خالد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - عبدالواحد بن حماد بن حارث - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - نوح جامع کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - احمد بن حمید بن شماس سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا کی تحریر میں یہ روایت پائی ہے' یہ امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے

حسین بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی - انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

**(908)** - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ: امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

(908) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (337) في الحج: باب متى يقطع التلبية - وابو يوسف في "الآثار" 98 - وابن ابي شيبة (14006) في الحج: باب في المحرم المعتمر متى يقطع التلبية

متن روایت: يَقْطَعُ الْمُحْرِمُ بِالْعُمْرَةِ التَّلْبِيَةَ إِذَا اِسْتَلَمَ الْحَجَرَ وَيَقْطَعُ التَّلْبِيَةَ الْمُحْرِمُ بِالْحَجِّ إِذَا رَمٰى اَوَّلَ حِصَاةٍ مِنْ جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ

''عمرہ کرنے والا شخص تلبیہ پڑھنا' اُس وقت موقوف کرے گا' جب وہ ''حجر اسود'' کا استلام کرلے گا' جبکہ حج کرنے والا شخص تلبیہ پڑھنا' اُس وقت موقوف کرے گا' جب وہ ''جمرہ عقبہ'' کو پہلی کنکری مارے گا''۔

•••—— •••—— •••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی اللہ عنہ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(909)-سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِىْ الرَّجُلِ يَشْتَرِطُ فِىْ الْحَجِّ قَالَ لَيْسَ شَرْطُهُ بِشَىْءٍ

''حج میں شرط عائد کرنے والے شخص کے بارے میں' وہ یہ فرماتے ہیں: اس کی شرط کی کوئی حیثیت نہیں ہے''۔

•••—— •••—— •••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے۔

(910)-سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

امام ابوحنیفہ نے-عطاء بن ابی رباح کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ رَمَلَ مِنَ الْحَجَرِ اِلَى الْحَجَرِ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر سے حجر تک استلام کیا تھا''۔

•••—— •••—— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی-داؤد بن رشید-عمر بن ایوب موصلی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے ہی اس کو-احمد بن محمد بن سعید ہمدانی-عبداللہ بن احمد بن بہلول سے نقل کیا ہے' وہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دادا اسماعیل بن حماد کی تحریر میں یہ روایت پڑھی ہے-یہ وہیب بن (خالد)-امام ابوحنیفہ کے حوالے سے-عطاء رحمۃ اللہ علیہ سے منقول

(909) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (338) في الحج:باب متى يقطع التلبية

(910) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام"(247)-والطحاوي في"شرح معاني الآثار"180/2-وابن حبان (3811)-والحميدي (511)-واحمد 229/1-والطبراني في"الكبير"(10625)-وابوداود (1885) في الحج:باب في الرمل-وابن ماجة (2953) في المناسك:باب الرمل حول البيت

ہے: (وہ بیان کرتے ہیں:)

ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمل من الحجر الی الحجر

نبی اکرم ﷺ نے حجر سے لے کر حجر تک رمل کیا تھا۔

انہوں نے اس کی سند میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا ذکر نہیں کیا ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں۔ احمد بن عبدالجبار صیرفی - قاضی ابوقاسم تنوخی - عبداللہ بن محمد بن عبداللہ ثلاج - ابوعباس احمد بن محمد بن سعید - عبداللہ بن احمد بن مستورد - ابراہیم بن سلیمان تیمی - وضاح بن یزید تمیمی کوفی - امام ابوحنیفہ کے حوالے سے حسن بن سعد سے روایت کی ہے' جو حضرت امام حسن بن علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں' (حسن بن سعد) اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

ان علیاً کرم اللہ وجہہ لبی بعمرۃ وحجۃ جمیعاً وطاف لهما طوافین وسعی لهما سعیین

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عمرہ اور حج دونوں کا تلبیہ ایک ساتھ پڑھا تھا۔ انہوں نے ان دونوں کے لئے دومرتبہ طواف کیا تھا اور دو مرتبہ سعی کی تھی۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - قاسم بن محمد - ابوبلال اشعری - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - ابوعبداللہ علاف - قاضی عمر اشنانی - قاسم بن محمد - ابوبلال اشعری - امام ابویوسف کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**911**) - سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِيْ الرَّجُلِ اِذَا اَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ فِيْ غَيْرِ اَشْهُرِ الْحَجِّ ثُمَّ اَقَامَ حَتّٰى يَحُجَّ اَوْ يَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِهٖ ثُمَّ يَحُجَّ فَلَيْسَ بِمُتَمَتِّعٍ وَاِذَا اَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ فِيْ اَشْهُرِ الْحَجِّ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلٰى اَهْلِهٖ ثُمَّ يَحُجَّ فَلَيْسَ بِمُتَمَتِّعٍ وَاِذَا اعْتَمَرَ فِيْ اَشْهُرِ الْحَجِّ ثُمَّ اَقَامَ حَتّٰى يَحُجَّ فَهُوَ مُتَمَتِّعٌ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جو شخص حج کے مخصوص مہینوں کے علاوہ (کسی مہینے میں) عمرے کا احرام باندھ لے' اور پھر مقیم رہے' یہاں تک کہ وہ حج کر لے' یا وہ (عمرہ کرنے کے بعد) اپنے گھر واپس چلا جائے' پھر (وہ آ کر) حج کرے' تو وہ حج تمتع کرنے والا شمار نہیں ہوگا' اور جب اس نے حج کے مخصوص مہینوں میں عمرہ کا احرام باندھا پھر وہ (عمرہ کرنے کے بعد) اپنے گھر واپس چلا جائے' پھر (آ کر) حج کرے' تو وہ حج تمتع کرنے والا شمار نہیں ہوگا' لیکن جب اس نے حج کے مخصوص مہینوں میں' عمرہ کا احرام باندھ لیا

(911) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في ''الآثار'' (339) في الحج: باب العمرة في اشهر الحج وغيرها

وہ (مکہ میں) ٹھہرا رہے یہاں تک کہ حج کرلے تو وہ حج تمتع کرنے والا شمار ہوگا"۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی اللہ عنہ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(912)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ: امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِیْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ اِعْتَمَرَ فِیْ اَشْهُرِ الْحَجِّ ثُمَّ حَجَّ مِنْ عَامِهٖ ذٰلِكَ فَلَیْسَ عَلَیْهِ هَدْیٌ "مکہ سے تعلق رکھنے والا جو شخص حج کے مخصوص مہینوں میں عمرہ کرے اور پھر اسی سال وہ حج بھی کرلے تو اس پر (عمرہ کی) قربانی لازم نہیں ہوگی"۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد ابن حسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة لقوله تعالی (ذلك لمن لم یكن اهله حاضری المسجد الحرام)

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔ اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

"یہ حکم اس شخص کے لئے ہے جس کے اہل خانہ مسجد حرام کے پاس نہ رہتے ہوں (یعنی وہ شخص مکہ کا رہائشی نہ ہو)"۔

(913)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ: امام ابوحنیفہ نے -ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

متن روایت: اِذَا اَتٰی اَحَدَمِنْكُمْ بِرِیْحٍ طَیِّبٍ فَلْیُصِبْ مِنْهُ "جب کسی شخص کے پاس عمدہ خوشبو لائی جائے تو وہ اسے استعمال کرلے"۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن صالح - عبداللہ طبری بالری - اسحاق بن شاہین - محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام

(912) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (340) فی الحج: باب العمرة فی اشهر الحج وغیرها

(913) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (463)- وابن عدی فی "الكامل" 186/6 ترجمة (1663)- من طریق ابن ابی لیلی عن ابی الزبیر عن جابر

ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(914)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اَبِی بَکْرِ بْنِ اَبِی فُلَانٍ قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: ابوبکر بن ابوفلاں بیان کرتے ہیں:

متن روایت: رَاَیْتُ ابْنَ عُمَرَ طَافَ بِالْبَیْتِ سَبْعًا بَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَلَمْ یَرْکَعْ حَتّٰی غَابَتِ الشَّمْسُ

''میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ انہوں نے عصر کے بعد طواف کے سات چکر لگائے' پھر وہ چلے گئے اور انہوں نے سورج غروب ہونے تک (طواف کے بعد والی رکعات) ادا نہیں کیں''۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن خلال- عبدالرحمٰن بن عمر- محمد بن ابراہیم بن حبیش- محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(915)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَلْمُتَمَتِّعُ اِذَا نَحَرَ الْهَدْیَ یَوْمَ النَّحْرِ فَقَدْ حَلَّ

''حج تمتع کرنے والا شخص' جب قربانی کے دن' قربانی کا جانور قربان کردے گا' تو وہ احرام کھولے گا''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثارفرواه عن ابی حنیفةثم قال محمد وبه ناخذ الا انه لم یحل من النساء خاصة حتی یزور البیت فیطوف طواف الزیارة فاما غیر النساء من الطیب وغیر ذلك فقد حل له ذلك اذا حلق راسه قبل ان یطوف بالبیت وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' البتہ وہ بیوی کے ساتھ صحبت اس وقت تک نہیں کرسکتا جب تک وہ بیت اللہ کی زیارت کرنے کے بعد طواف زیارت نہیں کرلیتا۔ بیوی کے علاوہ معاملات جیسے خوشبو وغیرہ (یا سلا ہوا کپڑا پہننا) کے حوالے سے

(914)☆☆......قلت: وقد اخرج احمد 18/1- وابو داود (1286)- والطحاوی فی''شرح معانی الآثار'' 303/1- والبخاری (581)- ومسلم(826)- والترمذی(183)- وابو یعلی(147)

عن ابن عباس قال: شهد عندی رجال مرضیون فیهم عمر وارضاهم عندی عمر: ان نبی الله صلی الله علیه وسلم کان یقول لاصلاة بعد صلاة العصر حتی تغرب الشمس ولا صلاة بعد صلاة الصبح حتی تطلع الشمس

(915) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی''الآثار''(351) فی الحج: باب من نحر فقد حل

حلال ہو جائے گا' جب وہ بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے اپنا سر منڈ والے گا۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(916)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ مَعْبَدٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متن روایت: لَا تُسَافِرُ الْمَرْاَةُ اِلَّا مَعَ مَحْرَمٍ اَوْ زَوْجٍ

امام ابوحنیفہ نے - ابومعبد مولیٰ ابن عباس کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی عورت کسی محرم' یا شوہر کے بغیر سفر نہ کرے''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد قیراطی - حسن بن سلام - سعید بن محمد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(917)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: اُقَلِّلُ مِنْ اَخْذِ الرَّاسِ مِنَ النِّسَاءِ فَهُوَ اَفْضَلُ وَالْحَلْقُ لِلرِّجَالِ اَفْضَلُ يَعْنِىْ فِى الْاِحْرَامِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''(یعنی احرام میں) خواتین کا تھوڑے سے بال کاٹ لینا' اور مردوں کا سر منڈ والینا افضل ہے''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابى حنيفة ومما قال الامام وما احب للمراة ان تاخذ اقل من الربع وطول الشعر قدر الانملة من جوانب راسها وهو قول الامام يجب للمراة ان تاخذ اقل من الانملة من جوانب راسها

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' امام صاحب نے جو کہا ہے اس میں یہ بات بھی شامل ہے کہ میں خاتون کے لئے اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ وہ چوتھائی حصے سے کم بال کاٹے' جبکہ لمبائی کے حوالے سے ہو اور سر کے اطراف سے وہ پوروں کے برابر بال کاٹے گی' امام صاحب کا یہی قول ہے کہ عورت کیلئے یہ بات واجب ہے کہ وہ سر کے

(916) اخرجه الطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 112/2- وابن حبان (5589)- وابن خزيمة (2530)- والحميدى (468)- والطيالسى (2732)- والبخارى (1862) فى جزاء الصيد: باب حج النساء- وابو يعلى (2516)

(917) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (353) فى الحج: باب من احتجم وهو محرم والحلق

☆☆قلت: وقد اخرج ابوداود (۱۹۸۴) فى الحج: باب الحلق والتقصير- والبيهقى فى "السنن الكبرى" ۵: ۱۰۴ عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس على النساء الحلق انما على النساء التقصير

اطراف سے انگلی کے پورے سے کم بال تراشے۔

(918)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِىْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - ابواسحاق سبیعی - عبداللہ بن یزید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِجَمْعٍ بِاَذَانٍ وَّاِقَامَةٍ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ ادا کی تھیں''۔

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - حسین بن حسین - ابوعلی احمد بن عبداللہ بن محمد کندی - علی بن معبد بن شداد عبدی - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن احمد بن اسماعیل - احمد بن جارود - اسماعیل بن محمد انصاری - ابراہیم بن ابویحییٰ - میسرہ نہدی - عدی بن ثابت - عبداللہ بن یزید کے حوالے سے نقل کی ہے: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

انه صلى مع النبى صلى الله عليه وآله وسلم فجمع بين الصلاتين بجمع باذان واقامة

انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ نمازیں ایک ساتھ ادا کیں۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابومحمد جوہری - ابوبکر محمد بن عبداللہ بن شخیر صوفی - حسین بن حسین قاضی - احمد بن عبدالعزیز کندی - علی بن معبد - امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(919)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ وَهُوَ مُهِلٌّ بِالْحَجِّ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ يُّحِلَّ بِالْحَجِّ بِعُمْرَةٍ وَّاَنْ يَّحُجَّ مِنْ قَابِلٍ

''قربانی کے دن، ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، وہ عمرہ کا تلبیہ پڑھ رہا تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو یہ ہدایت کی کہ وہ حج اور عمرہ کا تلبیہ پڑھے اور اگلے سال حج کرے''۔

•••——•••——•••

(918) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (249)-وابن حبان (3858)-ومالك فى "الموطأ" 401/1 فى الحج: باب صلاة المزدلفة-واحمد 420/5-والبخارى (4414) فى المغازى: باب حجة الوداع-والطبرانى فى "الكبير" (3863)-والبيهقى فى "السنن الكبرى" 120/5-والحميدى (372)

(919) اخرجه فى "جامع الآثار" (985) لأبى حنيفة

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں'امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(920)**-سندروایت:(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت:اِذَا جَعَلَ الرَّجُلُ عَلٰى نَفْسِهِ الْمَشْىَ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ الْحَرَامِ فَمَشٰى بَعْضًا وَرَكِبَ بَعْضًا قَالَ يَعُوْدُ فَيَمْشِىْ مَا رَكِبَ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جب کوئی شخص بیت اللہ تک پیدل چل کر جانا خود پر لازم کرے'تو وہ کچھ سفر پیدل کرلے اور کچھ سفر سوار ہوکر کرے'پھر دوبارہ (حج کے لیے آئے) تو پہلے جتنا سفر سوار ہوکر کیا تھا'اتنا سفر پیدل کرلے''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثارفرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد ولسنا ناخذ بهذا وانما ناخذ بقول امير المؤمنين على بن ابى طالب رضى الله عنه اذا ركب الهدى وشاة تجزيه يذبحها ويتصدق بها ولا ياكل منها شيئاً ويحرم بعمرة او حجة ولا شى عليه غير ذلك وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے'انہوں نے اس کو'امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے'پھر امام محمد فرماتے ہیں:ہم اس کے مطابق فتویٰ نہیں دیتے ہیں۔ہم حضرت علی کے قول کو اختیار کرتے ہیں کہ جب کوئی شخص قربانی کے جانور پر سوار ہوجائے'تو ایک بکری ذبح کرلینا اس کے لئے کفایت کرجائے گا۔وہ اس کو صدقہ کردے گا خود اس میں سے کچھ نہیں کھائے گا اور پھر وہ عمرے یا حج کا احرام باندھ لے گا۔اس پر اس کے علاوہ اور کوئی چیز لازم نہیں ہوگی۔امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

**(921)**-سندروایت:(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:

متن روایت:اِنَّمَا نَهٰى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ الْمُتْعَةِ وَلَمْ يَنْهَ عَنِ الْقِرَانِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حج تمتع کرنے سے منع کیا ہے'انہوں نے حج قران سے منع نہیں کیا ہے''۔

•••——•••——•••

(920) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (733) فى الأيمان:باب من جعل على نفسه المشى-وعبد الرزاق (5866) فى الأيمان والنذور:باب من نذر ثم عجز

(921) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (327)-وفى "الحجة على اهل المدينة" 8/2-والبيهقى فى "السنن الكبرى" 30/5 فى الحج:باب من استحب الاحرام من دويردة اهله

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی-محمد بن شجاع ثلجی -حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(**922**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی (اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَاتٌ) قَالَ هُوَ شَوَّالٌ وَذُوْ الْقَعْدَةِ وَعَشْرٌ مِنْ ذِیْ الْحَجَّةِ

''(ارشاد باری تعالیٰ ہے:) ''حج کے متعین مہینے ہیں''

ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: اس سے مراد شوال' ذیقعدہ اور ذوالحج کے ابتدائی دس دن ہیں۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بن حبیش-محمد بن شجاع ثلجی -حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**923**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ طَاؤسٍ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: طاؤس فرماتے ہیں:

متن روایت: لَوْ حَجَجْتُ اَلْفَ حَجَّةً لَمْ اَدَعْ اَنْ اُقْرِنَ بَیْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ حَتّٰی اِنَّا لَنَدْعُوْهُ الْحَجَّ الْاَكْبَرَ وَنَرٰی اَنَّ حَجَّ مَنْ لَمْ یُقْرِنْ لَیْسَ بِكَامِلٍ

''میں اگر ایک ہزار مرتبہ بھی حج کروں' تو حج قران کو ترک نہیں کروں گا' ہم تو اس کو ''حج اکبر'' کا نام دیتے ہیں' اور ہم یہ سمجھتے ہیں: جس نے حج قران نہ کیا ہو' اس کا حج کامل نہیں ہوتا ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی-محمد بن شجاع -حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

---

(922) اخرجه ابن ابی شیبة 230/4 فی الحج: باب قوله تعالی: (الحج اشهر معلومات) ماهذه الاشهر

(923) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (326) فی الحج

☆☆قلت: وقد اخرج ابن حبان (3920)-وابو یعلی (7011)-واحمد 297/6-والطبرانی فی ''الکبیر'' (791)-والبیهقی فی ''السنن الکبری'' 355/4

واللفظ لابن حبان......فقالت ام سلمة: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: یا آل محمد! من حج منکم فلیهل بعمرة فی حج

(924)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:
متن روایت: قَرَنَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ جَمِيْعًا

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:
''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج اور عمرے کو ملا کر ایک ساتھ کیا تھا''۔

•••———•••———•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(925)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:
متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حَجَّ وَاعْتَمَرَ اَرْبَعَ عُمَرٍ فَقَرَنَ اِحْدٰى عُمَرِهِ الْاَرْبَعِ مَعَ حَجَّتِهِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:
''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حج اور چار عمرے کیے ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن چار عمروں میں سے ایک (عمرہ) حج کے ساتھ کیا تھا''۔

•••———•••———•••

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(926)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ قَالَ:
متن روایت: اِذَا اَرَدْتَ الْحَجَّ فَلَا تَدَعْ اَنْ تَقْرِنَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ جَمِيْعًا فَاِنَّكَ اِنْ اَفْرَدْتَ الْعُمْرَةَ كَانَتْ عُمْرَتُكَ كُوْفِيَّةٌ وَحَجَّتُكَ مَكِّيَّةٌ وَاِنْ اَحْرَمْتَ بِهِمَا جَمِيْعًا كَانَتْ عُمْرَتُكَ كُوْفِيَّةٌ وَحَجَّتُكَ كُوْفِيَّةٌ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:
''اگر تمہارا حج کا ارادہ ہو' تو تم حج قران ہی کرنا' کیونکہ اگر تم نے حج افراد کیا' تو تمہارا عمرہ کوفی ہوگا اور تمہارا حج مکی ہوگا' لیکن اگر تم نے ان دونوں کا ایک ساتھ احرام باندھ لیا' تو تمہارا عمرہ بھی کوفی ہوگا اور تمہارا حج بھی کوفی ہوگا''۔

---

(924) اخرجه فی "جامع الآثار" لأبی حنیفة (975)
قلت: وقد اخرج احمد 99/3-والدار قطنی 288/2-والحاکم فی "المستدرک" 472/1-وابو نعیم فی "اخبار اصفهان" 250/1-والبیهقی فی "السنن الکبری" 40/5
عن انس بن مالک یقول: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یلبی بالحج والعمرة جمیعا یقول: لبیک عمرة وحجا' لبیک عمرة وحجا

(925) قد تقدم فی (924)

(926) قد تقدم اصل هذا الاثر فی (924)

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(**927**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: اِذَا فَاتَكَ الظُّهْرُ وَالْعَصْرُ مَعَ الْاِمَامِ يَوْمَ عَرْفَةَ فَصَلِّ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا بِاَذَانٍ وَّاِقَامَةٍ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"جب عرفہ کے دن تمہاری ظہر اور عصر کی نمازیں امام کے ساتھ ادا نہ ہو سکیں تو تم ان میں سے ہر ایک کو ایک اذان اور ایک اقامت کے ہمراہ ادا کرو"۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوقاسم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(**928**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: اِذَا صَلَّيْتَ يَوْمَ عَرْفَةَ فِيْ رِحْلِكَ فَصَلِّ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنَ الصَّلَاتَيْنِ لِوَقْتِهَا وَلَا تَرْتَحِلْ مِنْ مَنْزِلَكَ حَتّٰى تَفْرُغَ مِنَ الصَّلَاةِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"جب تم عرفہ کے دن اپنی رہائشی جگہ پر ہی نماز ادا کرو تو دونوں نمازوں میں سے ہر ایک کو اس کے مخصوص وقت میں ادا کرو اور اپنی جائے قیام سے اس وقت تک روانہ نہ ہو جب تک تم نماز پڑھ کر فارغ نہیں ہو جاتے"۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن ابي حنيفة ثم قال محمد وبهذا كان ياخذ ابوحنيفة واما قولنا فانه يصليهما في رحله كما يصليهما مع الامام يجمعهما جميعاً باذان واقامتين لان العصر انما قدمت للوقوف وكذلك بلغنا عن عائشة رضي الله عنها وعن عبد الله بن عمرو رضي الله عنهما وعن عطاء بن ابورباح وعن مجاهد رحمهما الله تعالى

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ بھی اس کے مطابق فتویٰ دیتے تھے تاہم ہماری رائے یہ ہے کہ آدمی اپنی ذاتی رہائشی جگہ پر یہ دونوں

(927) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (343)-وابن ابي شيبة 252/3 (14035) في الحج: باب في الرجل يصلي بعرفة في رحله ولا يشهد الصلاة مع الامام

(928) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (344) في الحج: باب الصلاة بعرفة وجمع

نمازیں اسی طرح ادا کرے گا جس طرح اس نے ان دونوں کو امام کے ہمراہ ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ ایک ساتھ ادا کرنا تھا۔ کیونکہ عصر کی نماز کو وقوف کے لئے مقدم کیا گیا ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ عطاء بن ابی رباح اور مجاہد کے حوالے سے اسی کی مانند روایت ہم تک پہنچی ہے۔

(**929**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِىْ الصَّلَاةِ بِجَمْعٍ قَالَ اِذَا صَلَّاهُمَا بِجَمْعٍ صَلَّيْتَهُمَا بِاَذَانٍ وَاِقَامَةٍ فَاِنْ تَطَوَّعْتَ بَيْنَهُمَا فَاجْعَلْ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ اِقَامَةً

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''مزدلفہ میں نماز ادا کرنے کے بارے میں وہ یہ فرماتے ہیں: جب تم مزدلفہ میں یہ دونوں نمازیں ادا کرو گے تو اِن دونوں کو ایک اذان اور ایک اقامت کے ہمراہ ادا کرو گے اگر تم نے اِن دونوں کے درمیان کوئی نفل نماز ادا کی ہو تو تم دونوں کے لیے الگ الگ اقامت کہو گے''۔

•••—— •••—— •••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابى حنيفة ثم قال محمد ولا يعجبنا ان يتطوع بينهما

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہمیں یہ بات پسند نہیں ہے کہ ان دونوں کے درمیان نفل نماز ادا کی جائے۔

(**930**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّه لَمْ يَكُنْ يَخْرُجُ يَوْمَ عَرَفَةَ مِنَ الْبَيْتِ

وَقَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ: التَّعْرِيْفُ الَّذِىْ يَصْنَعُهُ النَّاسُ لَيْسَ بِشَىْءٍ اِنَّمَا التَّعْرِيْفُ بِعَرَفَاتٍ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ عرفہ کے دن اپنے گھر سے نہیں نکلتے تھے''۔

امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں: لوگوں میں جو عرفہ کا دن منانے کا رواج ہے اس کی کوئی اصل نہیں ہے عرفہ کا دن (اہتمام کے ساتھ) عرفات میں ہی منایا جاتا ہے۔

(**931**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ

(929) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى ''الآثار'' (345) فى الحج: باب الصلاة بعرفة وجمع

(930) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى ''الآثار'' (346) فى الحج: باب الصلاة بعرفة وجمع

اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ:

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّهُمَا اَفَاضَا مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ مِنْ عَرَفَاتٍ اِلٰى جَمْعٍ فَسَمِعْنَاهُ يَقُوْلُ يَا اَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمْ بِالسَّكِيْنَةِ وَالْوَقَارِ فَاِنَّ الْبِرَّ لَيْسَ فِيْ عَدْوِ الْاِبِلِ وَاِنَّ بَعِيْرَهُ لَمْ يَزَلْ يَقْصَعُ بِجَرَّتِهٖ حَتّٰى اَتٰى جَمْعًا

''یہ دونوں حضرات حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ہمراہ عرفات سے مزدلفہ کی طرف روانہ ہوئے' تو ہم نے انہیں (یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو) یہ فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! تم سکون اور وقار کے ساتھ چلو! اونٹوں کو تیز چلانا کوئی نیکی نہیں ہے' ان کا اپنا اونٹ مسلسل جگالی کرتا رہا' یہاں تک کہ وہ مزدلفہ آ گئے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوقاسم بن احمد بن عمر نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

**(932)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدَّمَ ضَعَفَةَ اَهْلِهٖ اِلٰى مَكَّةَ مِنْ جَمْعٍ جَعَلَ يُوْصِيْ اِلٰى كُلِّ اِنْسَانٍ مِنْهُمْ اَنْ لَا يَرْمِيَ الْجَمْرَةَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اپنے اہل خانہ میں سے کمزور افراد کو پہلے ہی مزدلفہ سے مکہ بھجوا دیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے ہر ایک فرد کو یہ ہدایت کی: کہ وہ سورج نکلنے سے پہلے جمرہ کو کنکریاں نہ مارے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوقاسم نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

**(933)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهٗ خَرَجَ مِنْ مَسْجِدِ الْخَيْفِ يَوْمَ

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ قربانی کے دن مسجد خیف

(931) ...... وقد اخرج احمد 244/1 -وابن خزيمة ( 2863) -والبيهقي في "السنن الكبرى" 126/5 -عن ابن عباس......مرفوعا......:

يا ايها الناس عليكم بالسكينة يا ايها الناس عليكم بالسكينة

(932) اخرجه ابن حبان ( 3862) -والبخاري (1677) في الحج -باب من قدم ضعفة اهله بليل -والترمذي ( 892) في الحج باب ما جاء في تقديم الضعفة من جمع بليل -والبيهقي في "السنن "5/123 -واحمد 372/1 -والطبراني في "الكبير" (11285)

النَّحْرِ وَهُوَ يُلَبِّيْ فَتَعَجَّبَ النَّاسُ مِنْهُ فَزَادَ فِيْ تَلْبِيَتِهِ لَبَّيْكَ عَدَدَ التُّرَابِ ثُمَّ لَمْ يَعُدْهَا

سے نکلے تو تلبیہ پڑھ رہے تھے لوگوں نے اس پر حیرانگی کا اظہار کیا' تو انہوں نے اپنے تلبیہ میں ان الفاظ کا اضافہ کیا:

''میں مٹی (کے ذرّات) کی تعداد میں حاضر ہوں''

لیکن پھر انہوں نے ان الفاظ کو دوبارہ ادا نہیں کیا۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ تک' اپنی سند کے ساتھ نقل کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(934)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَ صَفِيَّةَ اَنْ تَنْفِرَ قَالَتْ اِنِّيْ حَائِضٌ فَقَالَ عَقْرٰى حَلْقٰى فَقَالَ اَمَا كُنْتِ طُفْتِ بِالْبَيْتِ قَالَتْ بَلٰى قَالَ فَاصْدِرِيْ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو روانگی کا حکم دیا' تو انہوں نے عرض کی: مجھے حیض آیا ہوا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نکمی نالائق' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم بیت اللہ کا طواف کر نہیں چکی ہو؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم روانہ ہو جاؤ!''۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ تک' اپنی سابقہ سند کے ساتھ نقل کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(935)-سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْمُقْبِرِيِّ:

امام ابوحنیفہ نے-عبداللہ بن سعید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابوسعید مقبری بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَاَيْتُكَ اِذَا طُفْتَ بِالْبَيْتِ لَمْ تُجَاوِزِ الرُّكْنَ الْيَمَانِيَّ حَتّٰى تَسْتَلِمَهُ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذٰلِكَ فَفَعَلْتُهُ

''ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے آپ رکن یمانی کا استلام کیے بغیر' آگے نہیں گزرتے ہیں' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے' اس لیے میں یہ کرتا ہوں''۔

•••——•••——•••

(934) اخرجه الطحاوی فی"شرح معانی الآثار"234/2-والطبرانی فی"الاوسط"(861)-والبیهقی فی"السنن الکبری"146/5-واحمد 85/6-والشافعی فی"المسند" 367/1(ترتیب السندی)-والحمیدی(201)-وابن الجارود فی"المنتقی"(496)-وابن خزیمة(3002)

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت-عبداللہ بن منصور کسائی - حارث بن عبداللہ حارثی - حسان بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم ابن حبیش بغوی - محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر بن حسن اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(**936**)- سندروایت: (اَبُـوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی سَعِيْدِ الْمُقْبِرِیِّ:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَاَيْتُكَ حِيْنَ اَرَدْتَّ اَنْ تُحْرِمَ رَكِبْتَ دَابَّتَكَ وَاسْتَقْبَلْتَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ اَحْرَمْتَ فَقَالَ اِنِّی رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: عبداللہ بن ابوسعید مقبری بیان کرتے ہیں:

''ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ جب آپ نے احرام باندھا ہو (یعنی تلبیہ پڑھنا شروع کرنا ہو) تو آپ پہلے اپنی سواری پر سوار ہو کر' قبلہ کی طرف رخ کر کے' پھر تلبیہ پڑھنا شروع کرتے ہیں' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کر تے ہوئے دیکھا ہے (اس لیے میں یہ کرتا ہوں)''۔

•••——•••——•••

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - عبداللہ بن احمد - حارث بن عبداللہ - حسان بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک' سابقہ حدیث میں مذکوران کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

---

(935) اخرجه فی "جامع الآثار" (1040)

......وقد اخرج ابن ماجة ( 2946)-واحمد 89/2-والبخاری 186/2-ومسلم 65/2-وابو داود (1874) -والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 183/2

عن سالم بن عبيد الله عن ابيه قال: لم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم يستلم من اركان البيت الا ركناً اسوداً الذی يليه من نحو دور الجمعين

(936) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (324)-وابن حبان ( 3763)-واحمد 17/2-والنسائی فی "المجتبی" 80/1-ومالك فی "الموطأ" 333/1-ومسلم ( 1187)-والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 184/2-والبيهقی فی "السنن الكبری" 31/5

(937)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّهُ بَيْنَا هُوَ وَاقِفٌ بِجَمْعٍ اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَدِمْتُ السَّاعَةَ وَاَنَا مُهِلٌّ بِالْحَجِّ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ اَتَهْتَدِيْ اِلٰى عَرَفَاتٍ قَالَ لَا فَاَرْسَلَ مَعَهُ رَجُلاً وَقَالَ اِنْطَلِقْ بِهِ عَرَفَاتٍ فَلْيَقِفْ بِهَا ثُمَّ اَعْجَلَ عَلَيَّ اَتَمَّ الْعَجَلِ فَاِنِّيْ حَابِسُ النَّاسِ عَلَيْكَ فَلَمَّا اَصْبَحَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَفَ بِالنَّاسِ فَقَالَ هَلْ جَاءَ الرَّجُلُ هَلْ جَاءَ الرَّجُلُ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا بِالنَّاسِ حَتّٰى جَاءَ الرَّجُلُ وَاَفَاضَ الرَّجُلُ وَاَفَاضَ النَّاسُ مَعَهُ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ مزدلفہ میں وقوف کیے ہوئے تھے' اس دوران ایک شخص ان کے پاس آیا' اور بولا: اے امیرالمؤمنین! میں اب یہاں پہنچا ہوں' میں نے حج کا احرام باندھا ہوا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے دریافت کیا: کیا تم عرفات جا سکتے ہو؟ اس نے جواب دیا: جی نہیں! تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے ساتھ ایک شخص کو بھیجا' اور فرمایا: تم اسے عرفات لے جاؤ' یہ وہاں وقوف کرے' پھر جتنی جلدی ہو سکے تم میرے پاس آ جانا' میں تمہارے لیے لوگوں کو روک کے رکھوں گا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو روکے رکھا' آپ یہ دریافت کرتے رہے: کیا وہ شخص آ گیا ہے؟ کیا وہ شخص آ گیا ہے؟ تو وہ لوگوں کے ساتھ اُس وقت تک ٹھہرے رہے' جب تک وہ شخص آ نہیں گیا' جب وہ شخص روانہ ہوا' تو اس کے ساتھ لوگ بھی روانہ ہوئے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمٰن ابن عمر-محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی-محمد بن شجاع ثلجی-حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب-ابوحسن احمد بن محمد بن احمد قسعی-ابومحمد جعفر بن محمد بن علی بن حسین طاہری-ابوقاسم بغوی-موسیٰ بن ایوب-حسان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(938)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ رَمَلَ فِيْ طَوَافِهِ بِالْبَيْتِ مِنَ الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے تین چکروں میں' حجر اسود سے لے کر حجر اسود تک' یعنی پورے بیت

(937) ......وقد اخرج احمد 309/4-والنسائی فی "المجتبی" 256/5-وفی "الکبری" (4011)-وابن ماجة (3015)-وابن خزیمة (2822)-والحمیدی (899)-والبخاری فی "التاریخ الکبیر" 11/2-وابو داود (1949)-والترمذی (889)

اِلَی الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ ثَلَاثَةَ اَشْوَاطَ الْبَیْتِ کُلِّہٖ وَمَشْیِ الْاَرْبَعَةِ عَلٰی ھَیْئَتِہٖ اللہ کے گرد رمل کیا تھا اور چار چکروں میں آپ ﷺ عام رفتار سے چلے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - قاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی اللہ عنہ

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**939**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللہِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللہُ عَنْھُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا طَافَ بِالْبَیْتِ لَمْ یُجَاوِزِ الرُّکْنَ الْیَمَانِیَّ حَتّٰی یَسْتَلِمَہٗ

''میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے آپ ﷺ رکن یمانی کا استلام کیے بغیر آگے نہیں گزرتے تھے''۔

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد نے یہ روایت - ابوحسن - علی بن عبدالعزیز طاہری - ابومحمد حسن لقطینی - یحییٰ بن علی بن محمد بن ہاشم - محمد بن ابراہیم بن ابوسکینہ - امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**940**)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ (رَضِیَ اللہُ عَنْھُمَا) قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متنِ روایت: مَا تَرَکْتُ اِسْتِلَامَ الْحَجَرِ مُنْذُ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَسْتَلِمُہٗ

''جب سے میں نے نبی اکرم ﷺ کو حجر اسود کا استلام کرتے ہوئے دیکھا ہے اُس کے بعد میں نے کبھی بھی اس کا استلام ترک نہیں کیا ہے''۔

---

(938) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (333) فی الحج: باب الطواف والقراءة فی الکعبة - وفی "الموطأ" ... ومسلم (1891) - وابو داود (1891) - والدارمی 372/1 - والترمذی 203/3

(939) قد تقدم فی (935)

(940) قد تقدم فی (935)

ابومحمد بخاری نے یہ روایت-علی بن محمد بن عبدالرحمٰن سرخسی-عیسیٰ بن نصر-ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(941)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّهُ سَعٰى بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ مَعَ عِكْرَمَةَ فَجَعَلَ اِبْرَاهِيْمَ يَصْعَدُ الصَّفَا وَلَا يَصْعَدُ عِكْرَمَةُ وَيَصْعَدُ الْمَرْوَةَ وَلَا يَصْعَدُ عِكْرَمَةُ فَقُلْتُ لَهُ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَلَا تَصْعَدُ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ فَقَالَ هٰكَذَا طَافَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ حَمَّادٌ فَلَقِيْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ فَحَكَيْتُ لَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ كَذَبَ اِنَّمَا طَافَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَهُوَ شَاكٍ يَسْتَلِمُ الْاَرْكَانَ بِمِحْجَنِهٖ فَطَافَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ فَمِنْ اَجَلِ ذٰلِكَ لَمْ يَصْعَدِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ

امام ابوحنیفہ-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے-ابراہیم نخعی کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

''ایک مرتبہ انہوں نے عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ صفا و مروہ کی سعی کی' تو ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ صفا پر چڑھ گئے لیکن عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ اُس پر نہیں چڑھے اسی طرح ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ مروہ پر بھی چڑھ گئے لیکن عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ اُس پر نہیں چڑھے' میں نے اُن سے کہا: اے ابوعبد الرحمٰن! کیا آپ صفا اور مروہ پر نہیں چڑھتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اِسی طرح طواف کیا تھا۔

حماد رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: (بعد میں) میری ملاقات سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی اور میں نے اُن کو اِس واقعہ کے بارے میں بتایا' تو انہوں نے کہا: انہوں (یعنی عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ) نے غلط کہا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سواری پر بیٹھ کر بیت اللہ کا طواف کیا تھا' کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چھڑی کے ذریعے ارکان کا استلام کیا تھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سواری پر بیٹھ کر ہی صفا و مروہ کا طواف کیا تھا' اسی وجہ سے (خاص اس موقعہ پر) آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے اوپر نہیں چڑھے تھے''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة رضی اللہ عنہ ثم قال محمد ويقول سعيد بن جبير ناخذ ينبغي ان يصعد الصفا ويستقبل القبلة حتى يراها ويدعو الله تعالى

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اسے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: سعید بن جبیر کہتے ہیں: مناسب یہ ہے کہ آدمی صفا پر چڑھنے کے بعد قبلہ کی طرف رخ کرے اور اسے دیکھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے۔

941) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" ( 246)-وابن حبان (3829)-ومسلم (1272) في الحج: باب جواز الطواف على بعير وغيره-والبخاری ( 1607) فی الحج: باب استلام الركن بمحجن-وابو داود ( 1877) فی المناسك-والبيهقی فی "السنن الكبرى" 99/5

(942)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّهُ قَرَاَ فِي الْكَعْبَةِ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى بِالْقُرْآنِ وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِـ (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ)

''(ایک مرتبہ) سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ نے خانہ کعبہ کے اندر ایک رکعت میں پورا قرآن مکمل پڑھ لیا' اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھی''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد ولسنا نری باساً اذا کان یفهم ما یقول وهو قول ابی حنیفة رضی اللہ عنہ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہمیں اس میں کوئی حرج نہیں لگتا جب کہ آدمی کو وہ بات سمجھ آ رہی ہو جو وہ پڑھ رہا ہے۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(943)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: قَرَاَ عَلَيَّ مَيْمُوْنُ بْنُ مِهْرَانَ فِيْ قِرَاءَةِ اُبَيٍّ (اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا)

''میمون بن مہران رحمۃ اللہ علیہ نے میرے سامنے' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی قرأت کے مطابق یہ آیت یوں پڑھی:

(اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا)

''بیشک صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں' جو شخص بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرتا ہے' اس کو کوئی گناہ نہیں ہوگا' اگر وہ ان دونوں کا طواف کر لیتا ہے''۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوسعد احمد بن عبدالجبار-علی بن علی بصری-ابوقاسم بن ثلاج-ابوعباس بن عقدہ-محمد بن احمد بن عبداللہ بن زیاد-محمد بن اسحاق-سعدان بن یحییٰ لخمی دمشقی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے۔

(944)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ

امام ابوحنیفہ نے-نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی

(942) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في ''الآثار'' (336) في الحج: باب الطواف والقراءة في الكعبة-وعبد الرزاق [illegible] في الصلاة: باب قراءة السور في الركعة-وابن ابي شيبة 503/2 في الصلاة: باب في القرآن في كم يختم-واحمد في [illegible]

(944) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في ''الموطأ'' 214-والطحاوي في ''شرح معاني الآثار'' 263/2-وابن ابي شيبة [illegible] في المناسك: باب من رخص في دخول مكة بغير احرام-والبيهقي في ''السنن الكبرى'' 178/5-ومالك في ''الموطأ'' 423/1

عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متنِ روایت: مِنَ السُّنَّةِ اَنْ تَاتِيَ قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَتَجْعَلَ ظَهْرَكَ اِلَى الْقِبْلَةِ وَتَسْتَقْبِلَ الْقَبْرَ بِوَجْهِكَ ثُمَّ تَقُوْلُ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

"سنت یہ ہے کہ جب تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک پہ حاضر ہو تو قبلہ کی سمت سے قبر مبارک کی طرف آؤ تمہاری پشت قبلہ کی طرف ہو اور تمہارا رُخ قبر مبارک کی طرف ہو اور پھر تم یہ پڑھو:

"اے نبی! آپ پر سلام ہو اللہ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں (آپ پر نازل) ہوں"۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - صالح بن احمد - عثمان بن سعید - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

945)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدِ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّ نَافِعًا اَخْبَرَهٗ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ:

متنِ روایت: قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ اَيْنَ نُهِلُّ فَقَالَ يُهِلُّ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ مِنَ الْعَقِيْقِ وَيُهِلُّ اَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ وَيُهِلُّ اَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ

امام ابوحنیفہ نے - یحییٰ بن سعید انصاری کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: نافع نے انہیں بتایا: میں نے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے:

"ایک شخص کھڑا ہوا اس نے دریافت کیا: یارسول اللہ! احرام باندھنے والا کہاں سے (احرام باندھنے کا پابند ہوگا؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل مدینہ عقیق سے احرام باندھیں گے اہل شام جحفہ سے احرام باندھیں گے اور اہل نجد قرن سے احرام باندھیں گے"۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح سے ان کی تحریر کے حوالے سے - عبداللہ بن قاسم بصری - مطہر بن غالب یہ ہذیل ہیں - امام زفر بن ہذیل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

946)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ موسٰى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ اَبِي الصَّبَاحِ عَمَّنْ حَدَّثَهٗ عَنْ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - موسیٰ بن ابوکثیر ابوصباح - جس شخص نے انہیں اس کے بارے میں بتایا اس کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

---

(945) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (225) - وابن حبان (3759) - ومالك في "الموطأ" 330/1 في الحج: باب مواقيت الحج - والشافعي في "المسند" 279/1 - والدارمي 30/2 - والبيهقي في "السنن الكبرى" 26/5 - والبخاري (1522) في الحج: باب فرض مواقيت الحج والعمرة

متن روایت: اَنَّهُ رَآهُمْ يُهَلِّلُوْنَ وَيُكَبِّرُوْنَ عِنْدَ الْجَمْرَةِ فَقَالَ هِيَ وَاللّٰهِ هِيَ فَسُئِلَ عَنْ قَصْدِهِ بِذٰلِكَ فَقَالَ (كَلِمَةُ التَّقْوٰى وَكَانُوْا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا)

''انہوں نے لوگوں کو جمرہ کے پاس تلبیہ اور تکبیر پڑھتے ہوئے دیکھا' تو فرمایا: یہی ہے' اللہ کی قسم یہی ہے' ان سے ان کی مراد کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو انہوں نے فرمایا تقویٰ کا کلمہ' اور وہ لوگ اس کے زیادہ حقدار اور اس کے اہل ہیں ۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابن عقدہ - جعفر بن محمد بن مروان - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

**(947)** - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ نَصْرٍ الْبَلْخِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - منصور بن معتمر - ابراہیم نخعی - ابونصر بلخی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا اَهْلَلْتَ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَطُفْ لَهُمَا طَوَافَيْنِ وَاسْعَ لَهُمَا سَعْيَيْنِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

''جب تم نے حج اور عمرہ کا ایک ساتھ احرام باندھا ہو تو اُن کے لیے دو مرتبہ طواف کرو گے' اور اُن دونوں کے لیے صفا مروہ کی دو مرتبہ سعی کرو گے''۔

•••——•••——•••

حافظ ابن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ قزوینی - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن حبیش - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

تاہم انہوں نے' اس میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں:

قال منصور بن المعتمر فلقيت مجاهداً وهو يفتي الناس بطواف واحد وسعي واحد فاخبرته بهذا عن علي فقال لو سمعته قبل اليوم ما افتيت الا بطوافين وسعيين واما بعد اليوم فلا افتي الا بهما

منصور بن معتمر بیان کرتے ہیں: میری ملاقات مجاہد سے ہوئی تو وہ لوگوں کو ایک طواف اور ایک سعی کرنے کا فتویٰ دے رہے

---

(946) ☆☆اخرج عبد الرزاق-وسعيد بن منصور-وابن جرير-وابن المنذر-والبيهقي-عن علي الازدي:
قال:كنت مع ابن عمر بين مكة ومنى فسمع الناس يقولون: لا اله الا الله والله اكبر فقال:هي هي [illegible]
قال:"والزمهم كلمة التقوى" كذا قال السيوطي في "الدر المنثور" 537/7

(947) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في"الآثار"(325)-والبيهقي في"السنن الكبرى" 108/5-والدار قطني [illegible]
"(2606) في الحج:باب المواقيت-والحافظ ابن حجر في"الدراية" 35/2-والزيلعي في"نصب الراية" 111/3

تو میں نے انہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے بارے میں بتایا تو انہوں نے فرمایا: اگر میں نے آج سے پہلے یہ روایت سنی ہوتی تو میں دو مرتبہ طواف کرنے اور دو مرتبہ سعی کرنے کا ہی فتویٰ دیتا' لیکن آج کے بعد میں ان دونوں کے بارے میں (یعنی دونوں کام دو دو مرتبہ کرنے کے بارے میں) فتویٰ دوں گا۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(940)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللهُ عَنْهُمَا:

متن روایت: اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْحَجَرِ الْاَسْوَدِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَالذُّلِّ وَمَوَاقِفِ الْخِزْىِ فِى الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

امام ابوحنیفہ نے- عبد اللہ بن دینار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رکن اور حجر اسود کے درمیان' یہ دعا مانگا کرتے تھے:

''اے اللہ! میں' کفر' فقر' ذلت' اور دنیا و آخرت میں رسوائی کی کسی بھی صورتحال سے' تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

•••——•••——•••

ابو محمد بخاری نے یہ روایت- ابوسعید سے ان کی تحریر کے حوالے سے- احمد بن سعید بن عمر ثقفی ابوعثمان- حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(941)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ:

متن روایت: لَقَدْ كُنْتُ اَفْتِلُ قَلَائِدَ الْهَدْىِ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ يُقِيْمُ مَا يَعْتَزِلُ مِنَّا امْرَاَةً

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان- ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قربانی کے جانوروں کے لیے ہار تیار کیا کرتی تھی' (آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں مکہ بھجوا دیتے) اور خود (مدینہ منورہ میں) مقیم رہتے' آپ ہم (ازواج) میں سے کسی خاتون سے علیحدگی اختیار نہیں کرتے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن خلال- عبدالرحمٰن بن محمد بن ابراہیم بغوی- محمد بن شجاع ثلجی- حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (245) -وعبد الرزاق (8964) بمعناه

اخرجه الطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 266/2 -والبخارى (1698) فى الحج: باب قتل القلائد للبدن -ومسلم (1321) فى الحج: باب استحباب بعث الهدى الى الحر -وابو داود (1758) فى المناسك: باب من بعث بهديه -وابن ماجة (3094) فى المناسك: باب تقليد البدن

(950)- سندروایت:(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنِ الْاَعْمَشِ سُلَیْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے-اعمش سلیمان بن مہران-ابراہیم نخعی-اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَهْدٰی عَنْهَا وَقَلَّدَ الْهَدْیَ

''نبی اکرم ﷺ نے اُن کی طرف سے قربانی کا جانور بھجوایا' اور اُس کے گلے میں ہار ڈالا''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-احمد بن محمد بن سعید-عبداللہ بن بہلول-انہوں نے اپنے دادا اسماعیل بن حماد-قاسم بن معن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(951)- سندروایت:(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَّتَ ذَاتَ عِرْقٍ لِاَهْلِ الْعِرَاقِ

''نبی اکرم ﷺ نے اہل عراق کے لیے ''ذات عرق'' کو میقات مقرر کیا تھا''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-مبارک بن عبدالجبار صیرفی-ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان سواق-ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی-بشر بن موسیٰ-ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(952)- سندروایت:(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان-ابراہیم نخعی-علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

متن روایت: مَا انْتَهَیْتُ اِلَی الرُّکْنِ الْیَمَانِیِّ اِلَّا لَقِیْتُ عِنْدَهٗ جِبْرَئِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ

''میں جب بھی رکن یمانی کے پاس آیا' تو اُس کے پاس میری ملاقات جبرائیل (علیہ السلام) سے ہوئی''۔

•••——•••——•••

(950) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (235)- وابن حبان (3834)- والشافعی فی "المسند" (389)- والحمیدی (...) وابن ماجة (2963)- وابن خزيمة (2936)

(951) اخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 119/2 باب المواقيت، والبيهقی فی "السنن الكبری" 28/5 فی الحج باب ... اهل العراق، وابو يعلی (2222)، واحمد 333/3، ومسلم (1183) فی الحج: باب مواقيت الحج، وابن خزيمة (2592).

(952) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (243)، وابو يعلی (5811)، واحمد ۲: ۳، والبخاری (1606) فی الحج باب ... الحج والعمرة، ومسلم (1268) فی الحج: باب استحباب استلام الركنين، والدارمی فی 41/2 فی المناسك، والبيهقی فی ... الكبری" 76/5.

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد ابن قدامہ زاہد بلخی - ابومیتب سلام بن ابوسلام - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - ابووفا طشتی مروزی - محمد بن قدامہ بلخی - ابومیتب سلام ابوسلام - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت - ابوالفضل بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی باقلانی - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(953)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِى سَعِيْدِ الْمُقْبَرِيِّ:

متن روایت: اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِابْنِ عُمَرَ اَنَّكَ تَسْتَلِمُ الرُّكْنَ الْيَمَانِيَّ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: عبداللہ بن سعید بن ابوسعید مقبری بیان کرتے ہیں:

''ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: آپ رکن یمانی کا استلام کرتے ہیں (اس کی وجہ کیا ہے؟) تو انہوں نے جواب دیا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - عبداللہ بن محمد بن منصور - حارث بن عبیداللہ - حسان بن ابراہیم - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

حافظ طلحہ بن محمد کہتے ہیں: ابوحنیفہ کے عبداللہ بن سعید بن ابوسعید مقبری سے سماع (کی روایت) محل نظر ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(954)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّهُ خَطَبَ النَّاسَ وَقَالَ مَنْ اَرَادَ مِنْكُمُ الْحَجَّ فَلَا يُحْرِمَنَّ اِلَّا مِنْ مِيْقَاتٍ وَالْمَوَاقِيْتُ الَّتِىْ وَقَّتَهَا لَكُمْ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ مَرَّ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَهْلِهَا ذُوْ الْحُلَيْفَةِ وَلِاَهْلِ الشَّامِ وَمَنْ مَرَّ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَهْلِهَا

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود بن یزید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''انہوں نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: تم میں سے جس کا حج کا ارادہ ہو وہ میقات سے ہی احرام باندھے، مواقیت وہ ہیں، جنہیں تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے لیے مقرر کیا ہے، اہل مدینہ اور اس کی طرف سے آنے والے دوسرے علاقوں کے لوگ ذوالحلیفہ سے، اہل شام اور اس کی طرف سے آنے والے دوسرے علاقوں کے لوگ جحفہ سے، اہل نجد اور اس کی طرف سے

953) قدتقدم فی (940) .

954) قد تقدم فی (951) .

الْجُحْفَةُ وَلِاَهْلِ نَجْدٍ وَمَنْ مَرَّ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَهْلِهَا قَرْنٌ وَلِاَهْلِ الْيَمَنِ وَمَنْ مَرَّ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَهْلِهَا يَلَمْلَمُ وَلِاَهْلِ الْعِرَاقِ وَسَائِرِ النَّاسِ ذَاتُ عِرْقٍ

آنے والے دوسرے علاقوں کے لوگ قرن سے اہل یمن اور اس کی طرف سے آنے والے دوسرے علاقوں کے لوگ یلملم سے اہل عراق اور دوسرے سارے لوگ ذات عرق سے احرام باندھیں گے“۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے انہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی - عمر بن حمید قاضی - ہیاج بن بسطام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں:

عن عمر بن الخطاب رضی الله عنه ان النبی صلی الله علیه و آله وسلم وقت ......الحدیث

”حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر کیا ہے......(اس کے بعد پوری حدیث ہے۔)“

(955)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَلْمَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - عمرو بن مرہ - عبداللہ بن سلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

متن روایت: مِنْ تَمَامِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ اَنْ يُحْرِمَ بِهِمَا مِنْ دُوَيْرَةِ اَهْلِهِ

”حج اور عمرہ کی کامل ادائیگی میں یہ بات بھی شامل ہے کہ آدمی اپنے گھر سے اُن کا احرام باندھے“۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ”مسند“ میں - احمد بن محمد بن سعید - محمد بن اسماعیل بن اسحاق - محمد بن عمرو بن عقبہ - اسماعیل بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ صاحب کہتے ہیں: امام ابویوسف اور دیگر حضرات نے یہ روایت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ”مسند“ میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان - قاضی ابونصر احمد بن نصر بن اشکاب بخاری - عبداللہ بن طاہر قزوینی - محمد بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(956)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

(955) اخرجه الحاكم فى"المستدرك" 303/2،والبيهقى فى"السنن الكبرى" 341/4،والطحاوى فى"شرح معانى الآثار" 195/2فى الحج:باب ما كان النبى صلى الله عليه وسلم به محرماً فى حجة الوداع،وابن الجعد فى"المسند" 26/1،وابن ابى شيبة 125/3 فى الحج:باب فى تعجيل الاحرام....

(956) قد تقدم فى(932) .

متن روایت: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ضَعَفَةَ اَهْلِهٖ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ وَقَالَ لَهُمْ لَا تَرْمُوْا جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

''نبی اکرم ﷺ نے اپنے اہل خانہ میں سے کمزور افراد کو مزدلفہ سے رات کے وقت' پہلے ہی' روانہ کر دیا تھا' اور اُن سے یہ فرمایا تھا: تم جمرہ عقبہ کو اس وقت تک کنکریاں نہ مارنا' جب تک سورج طلوع نہیں ہو جاتا''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن محمد اسدی - سعید بن سلیمان اور ابو ہمام سکونی (اور) علی بن محمد - محمد بن عبداللہ بن خیرون - عباس بن عزیز قطان مروزی - ابو ہمام سکونی (اور) علی بن حسن کوفی (اور) حسن بن سفیان - عبداللہ بن عمر جعفی (اور) بدر بن ہیثم بن خلف حضرمی - ابوکریب' ان سب نے - عبدالرحیم بن سلیمان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت حمد بن محمد بن سعید ہمدانی - عبداللہ بن احمد بن بہلول سے نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: یہ روایت میرے دادا اسماعیل بن حماد کی تحریر میں ہے' میں نے اس میں پڑھا ہے (وہ بیان کرتے ہیں:) میرے والد اور قاسم نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن ہمام ابوبکر خفاف - سہل بن عمار - جارود بن یزید کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابومحمد عبداللہ بن زید - ابوکریب محمد بن علاء - عبدالرحیم بن سلیمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوحسن محمد بن ابراہیم - ابوعبداللہ محمد بن شجاع - حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوغنائم محمد بن علی بن حسن بن ابوعثمان - ابوحسن محمد بن احمد ابن محمد بن زرقویہ - ابوسہل محمد بن احمد قطان - احمد بن حسن بن عبدالجبار - عبداللہ بن عمر - عبدالرحیم بن سلیمان کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد فارسی - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک پہلے والی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابومحمد عبداللہ بن محمد بن عبداللہ - ابوحسن نرسی - عبدالوہاب بن حسن - احمد بن عمیر بن جوصاء - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب بن اسحاق کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

**957**- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان

(957) قد تقدم فی (941) .

متن روایت: طَافَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِالْبَيْتِ وَهُوَ شَاكٍ عَلَى رَاحِلَتِهِ يَسْتَلِمُ الْأَرْكَانَ بِمِحْجَنِهِ

کرتے ہیں:
''نبی اکرم ﷺ نے بیمار ہونے کی وجہ سے' خانہ کعبہ کا طواف' سواری پر بیٹھ کر کیا تھا' آپ ﷺ اپنی چھڑی کے ذریعے ارکان کا استلام کرتے رہے''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن منصور بن نصر صغانی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابومقاتل کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(958)** - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ رَحِمَهُ اللهُ تَعَالٰى قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں:

متن روایت: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَرِيْضًا فَطَافَ بِالْبَيْتِ عَلَى نَاقَتِهِ وَاسْتَلَمَ الْحَجَرَ بِمِحْجَنِهِ وَلَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يَصْعَدَ عَلَى رَاحِلَتِهِ

''نبی اکرم ﷺ بیمار تھے' آپ ﷺ نے خانہ کعبہ کا طواف اونٹنی پر بیٹھ کر کیا' آپ ﷺ نے اپنی چھڑی کے ذریعے حجر اسود کا استلام کیا' آپ ﷺ اپنی سواری پر بیٹھ کر (صفا و مروہ پر) چڑھ نہیں سکتے تھے''۔

•••———•••———•••

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - محمد بن حنیفہ بن ماہان - تمیم بن منتصر - اسحاق بن یوسف ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر محمد بن علی خیاط - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

**(959)** - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيْدَ الْخَطْمِيِّ عَنْ اَبِي اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - ابواسحاق سبیعی - عبداللہ بن یزید خطمی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ بِاَذَانٍ وَّاِقَامَةٍ وَّاحِدَةٍ

''نبی اکرم ﷺ نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں' ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ ادا کی تھیں''۔

•••———•••———•••

(958) قد تقدم في (941) .

(959) قد تقدم في (918) .

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - محمد بن منذر بن سعید ہروی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد بن شداد - امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد - محمد بن منذر - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' یہ ان کی سند کے ساتھ دوسرے الفاظ میں منقول ہے: (جو درج ذیل ہیں:)

**انه صلى الله عليه وآله وسلم فاتته صلاة المغرب والعشاء فجمع بينهما باذان واقامة**

نبی اکرم ﷺ نے مغرب اور عشاء کی نمازیں ادا نہیں کی تھیں تو آپ نے ان دونوں کو ایک اذان اور ایک اقامت کے ہمراہ اکٹھے ادا کیا۔

پھر وہ فرماتے ہیں: ابواسحاق کے حوالے سے یہ حدیث ثابت نہیں ہے۔

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر - حسین بن حسین انطاکی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**960**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ طَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَهُوَ شَاكٍ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم ﷺ نے' بیماری کے عالم میں اپنی سواری پر (بیٹھ کر) صفا و مروہ کے درمیان طواف کیا تھا''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن منصور بن نصر - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابومقاتل کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**961**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْمُقْبِرِيِّ:

متن روایت: اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنَّكَ تَلْوِّنُ لِحْيَتَكَ بِالصُّفْرَةِ فَقَالَ فَعَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُكَ تَتَوَضَّأُ فِي النِّعَالِ السِّبْتِيَّةِ وَاِذَا اَرَدْتَ اَنْ تُحْرِمَ رَكِبْتَ ثُمَّ اسْتَقْبَلْتَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ اَحْرَمْتَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهَا

امام ابوحنیفہ نے - عبداللہ بن سعید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابوسعید مقبری بیان کرتے ہیں:

''ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ اپنی داڑھی پر زرد رنگ لگاتے ہیں' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: نبی اکرم ﷺ ایسا کیا کرتے تھے' اس شخص نے کہا: میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ سبتی جوتے پہن کر ہی وضو کر لیتے ہیں' اور جب آپ نے تلبیہ پڑھنا شروع کرنا ہوتا ہے' تو آپ سواری پر سوار ہو کر' پھر قبلہ کی طرف رخ

(960) قد تقدم في (941)،

(961) قد تقدم في (953) .

کرتے ہیں' پھر تلبیہ پڑھنا شروع کرتے ہیں' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ہی کرتے ہوئے دیکھا ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - عبداللہ بن محمد بن منصور ہمدانی - حارث بن عبیداللہ - حسان بن ابراہیم - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد کہتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے یہ احادیث عبداللہ بن عمر (عمری) - عبداللہ بن سعید بن ابوسعید مقبری کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے' بھی نقل کی ہے۔

(**962**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَيْضًا عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ لَهُ رَجُلٌ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رَاَيْتُكَ تَصْنَعُ اَرْبَعَ خِصَالٍ قَالَ مَا هُنَّ قَالَ رَاَيْتُكَ حِيْنَ اَرَدْتَّ اَنْ تُحْرِمَ رَكِبْتَ رَاحِلَتَكَ وَاسْتَقْبَلْتَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ اَحْرَمْتَ حِيْنَ انْبَعَثَ بِكَ بَعِيْرُكَ وَرَاَيْتُكَ حِيْنَ تَطُوْفُ بِالْبَيْتِ لَمْ تُجَاوِزِ الرُّكْنَ الْيَمَانِىَّ حَتّٰى تَسْتَلِمَهُ وَرَاَيْتُكَ تَلْوَنُ لِحْيَتَكَ بِالصُّفْرَةِ وَرَاَيْتُكَ تَتَوَضَّأُ فِى النِّعَالِ السِّبْتِيَّةِ فَقَالَ اِنِّى رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ كُلَّهُ

امام ابوحنیفہ نے - عبیداللہ بن عمر - نافع کے حوالے سے' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں' یہ روایت نقل کی ہے:

''ایک شخص نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے آپ کو چار کام کرتے ہوئے دیکھا ہے' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے دریافت کیا: وہ کون سے ہیں؟ اس شخص نے کہا: میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ جب آپ نے تلبیہ پڑھنا شروع کرنا ہوتا ہے' تو آپ سواری پر سوار ہوکر' پھر قبلہ کی طرف رخ کرتے ہیں' پھر جب آپ کا اونٹ آپ کو لے کر کھڑا ہوتا ہے' تو آپ پھر تلبیہ پڑھنا شروع کرتے ہیں' میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ جب آپ بیت اللہ کا طواف کر رہے ہوں' تو رکن یمانی کا استلام کیے بغیر آگے نہیں گزرتے ہیں' میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ داڑھی پر زرد رنگ کا خضاب لگاتے ہیں' اور میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ سبتی جوتے پہن کر ہی وضو کر لیتے ہیں' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ سب کام کرتے ہوئے دیکھا ہے''۔

•••——•••——•••

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان - قاضی ابوالفضل احمد بن نصر بن اشکاب بخاری - ابوعبداللہ ابن طاہر قزوینی - اسماعیل بن توبہ قزوینی - امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ

(962) قد تقدم فی (953) .

کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن نے اسے اپنے نسخے میں اسی طرح نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے

(963)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا:

متن روایت: اَنَّهَا قَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ يَصْدُرُ النَّاسُ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ وَاَصْدُرُ بِحَجَّةٍ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِي بَكْرٍ فَقَالَ اِنْطَلِقْ بِهَا اِلَى التَّنْعِيْمِ فَلْتُهِلَّ بِعُمْرَةٍ ثُمَّ لِتَفْرُغْ مِنْهَا ثُمَّ لِتَعْجَلَ عَلَيَّ فَاِنِّيْ اَنْتَظِرُهَا بِبَطْنِ الْعَقَبَةِ

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''انہوں نے عرض کی: یا نبی اللہ! لوگ عمرہ اور حج کر کے واپس جائیں گے اور میں صرف حج کر کے واپس جاؤں گی؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد الرحمٰن بن ابوبکر کو حکم دیا' اور فرمایا: تم اس کو تنعیم لے جاؤ! یہ (وہاں سے) عمرے کا احرام باندھ لے اور پھر اس (عمرہ) سے فارغ ہو کر میرے پاس جلدی پہنچ جائے' میں عقبہ کے نشیبی حصے میں اس کا انتظار کروں گا''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابواسامہ زید بن یحییٰ بن زید بلخی فقیہ - محمد بن قاسم - عبدالعزیز بن خالد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(964)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي سَعِيْدٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متن روایت: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُهِلُّ اِذَا اسْتَوَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهُ

امام ابوحنیفہ نے - حضرت عبداللہ بن عمر عمری - سعید بن ابوسعید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری سیدھی کھڑی ہوگئی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تلبیہ پڑھنا شروع کیا''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - محمود بن علی بن عبیداللہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - صلت بن حجاج کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(963) اخرجه ابن حبان (3792)، وابن خزيمة (2604)، والنسائي 145/5 في المناسك: باب افرا الحج، وابن ابي شيبة 79/1، والبخاري (317) في الحيض: باب نقض المرأة شعرها عند غسل المحيض، ومسلم (1211) (117)، وابن ماجة (3000) في المناسك: باب العمرة من التنعيم .

(964) قد تقدم في (953) .

حافظ صاحب بیان کرتے ہیں: صلت (نامی راوی) کہتے ہیں: عبیداللہ نے - سعید بن ابوسعید - عبداللہ بن جریج کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث نقل کی ہے۔

امام زفر، ہیاج، مسروقی، اسد بن عمرو، حمزہ بن حبیب، حسن بن زیاد اور قاضی ابویوسف رحمہم اللہ تعالیٰ نے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوطالب محمد بن علی بن فتح عشاری - ابوحفص - ابن شاہین - احمد بن سعید ہمدانی - محمود بن علی - صلت بن حجاج کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(965)** - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ:

متن روایت: اَنَّهُ قِیْلَ لَهُ صَلّٰی عُثْمَانُ اَرْبَعًا فَقَالَ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ صَلَّیْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَیْنِ وَمَعَ اَبِیْ بَكْرٍ وَعُمَرَ رَكْعَتَیْنِ ثُمَّ حَضَرَ الصَّلَاةُ مَعَ عُثْمَانَ فَصَلّٰی مَعَهُ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فَقِیْلَ لَهُ اِسْتَرْجَعْتَ وَقُلْتَ مَا قُلْتَ ثُمَّ صَلَّیْتَ اَرْبَعًا فَقَالَ اَلْخِلَافُ شَرٌّ قَالَ وَكَانَ عُثْمَانُ اَوَّلَ مَنْ اَتَمَّهَا بِمِنًی

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم نخعی - علقمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

"انہیں بتایا گیا: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے (حج کے موقع پر، مسافر کے طور پر دو رکعات ادا کرنے کی بجائے) چار رکعات ادا کی ہیں، تو انہوں نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھا اور بولے: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں دو رکعات ادا کی ہیں، میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں بھی دو رکعات ادا کی ہیں، (راوی بیان کرتے ہیں:) پھر نماز کا وقت ہوا، تو انہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں چار رکعات ادا کر لیں، (بعد میں) اُن سے کہا گیا: آپ نے پہلے تو اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھا تھا، اور فلاں بات کہی تھی اور اب آپ نے چار رکعات بھی ادا کر لی ہیں تو انہوں نے فرمایا: (خلیفہ وقت سے) اختلاف ظاہر کرنا (یا مخالفت کرنا، یا اس کے برخلاف کرنا) "شر" ہے"۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - اسماعیل بن بشر - مقاتل بن ابراہیم - نوح بن ابومریم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوالفضل احمد بن خیرون - ان کے ماموں ابوعلی - قاضی عمر بن حسن اشنانی - قاسم بن محمد - ابوبلال اشعری - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

---

(965) اخرجه ابن حبان (2758)، ومسلم (694) فی صلاة المسافرین وقصرها: باب قصر الصلاة بمنی، والدارمی 354/1 والبخاری (1082) فی تقصیر الصلاة: باب الصلاة بمنی.

(966)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِي اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ

امام ابوحنیفہ نے- عدی بن ثابت- عبداللہ بن یزید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''میں نے مزدلفہ میں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ادا کی تھیں''۔

••• ——— ••• ——— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- عباد بن یزید- ان کے بھائی- خالد بن ہیاج- انہوں نے اپنے والد ہیاج بن بسطام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(967)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سَلَمَةِ بْنِ كُهَيْلٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متن روایت: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ عَجَّلَ ضَعَفَةَ اَهْلِهِ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ وَقَالَ لَهُمْ لَا تَرْمُوْا جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

امام ابوحنیفہ نے- سلمہ بن کہیل- حسن کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اہل خانہ میں سے کمزور افراد (یعنی خواتین اور بچوں) کو مزدلفہ سے پہلے ہی روانہ کر دیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تھا: تم اس وقت تک جمرہ عقبہ کی رمی نہ کرنا' جب تک سورج نکل نہیں آتا''۔

••• ——— ••• ——— •••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- ابوبکر احمد بن محمد- محمد بن یونس- حسن بن حرب رقی- امام محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت زکریا بن یحییٰ بن سیف بخاری- محمد بن شریح- ابوحفص احمد بن حفص بخاری- محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(968)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ الْبَصْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَمَةِ اللّٰهِ بِنْتِ عَامِرٍ الْعَتَكِيَّةِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ

امام ابوحنیفہ نے- یزید رشک بصری- عبدالرحمٰن- امۃ اللہ بنت عامر عتکیہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا

(966) قد تقدم فی (918) .

(967) قد تقدم فی (932) .

(968) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (342)، والبيهقي في "السنن الكبرى" 346/4 في الحج: باب العمرة في اشهر الحج، وابن ابي شيبة 126/3 (12721) في المناسك: باب في العمرة، من قال: في كل شهر، ومن قال: متى شئت ، وقد تقدم في (895) .

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

متنِ روایت: لَا بَأْسَ بِالْعُمْرَةِ فِيْ سَائِرِ السَّنَةِ مَا خَلَا يَوْمَ عَرَفَةَ وَيَوْمَ النَّحْرِ وَاَيَّامَ التَّشْرِيْقِ

ہے:

''سال بھر میں (کسی بھی دن میں) عمرہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے' البتہ عرفہ کا دن' قربانی کا دن' اور ایام تشریق (کے دنوں کا حکم مختلف ہے)۔''

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - احمد بن محمد بن سعید - حسن بن سلام - عیسیٰ بن ابان - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - عبداللہ بن کثیر تمار کوفی - یحییٰ بن حسن بن فرات - ان کے بھائی زیاد بن حسن - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر خیاط مقری - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

ابن خسرو نے بھی یہ روایت' اشنانی تک اپنی سند کے ساتھ نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں: ابوحسن برقی نے - بشر بن ولید - امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**969**) - سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِيْ جَنَابٍ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ حَيَّةَ عَنْ هَانِئِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

متنِ روایت: اَفَضْنَا مَعَهُ مِنْ عَرَفَاتٍ فَلَمَّا نَزَلْنَا جَمْعًا اَقَامَ فَصَلَّيْنَا الْمَغْرِبَ مَعَهُ ثُمَّ تَقَدَّمَ فَصَلَّى بِنَا رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ ثُمَّ اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ فَقَعَدْنَا نَنْتَظِرُ طَوِيْلًا ثُمَّ قُلْنَا يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الصَّلَاةَ فَقَالَ اَيُّ الصَّلَاةِ تَعْنُوْنَ قُلْنَا الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ فَقَالَ اَمَا كَمَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَدْ صَلَّيْتُ

امام ابوحنیفہ نے - ابوجناب یحییٰ بن ابوحیہ - ہانی بن یزید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''ہم اُن کے ساتھ عرفات سے روانہ ہوئے' جب ہم نے مزدلفہ میں پڑاؤ کیا' تو انہوں نے اقامت کہہ کر ہمیں مغرب کی نماز پڑھائی' پھر وہ آگے بڑھے اور انہوں نے ہمیں (عشاء کی نماز کی) دو رکعات پڑھائیں' پھر انہوں نے کچھ پانی منگوا کر اپنے اوپر انڈیلا' اور پھر لیٹ گئے' ہم خاصی دیر بیٹھے ان کا انتظار کرتے رہے' پھر ہم نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! نماز (نہیں پڑھنی؟)' انہوں نے دریافت کیا: کون سی نماز؟ ہم نے کہا: عشاء کی' انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس طرح (یہاں اس مقام پر) اُسے ادا کیا تھا' اُسی طرح میں نے بھی ادا کرلیا ہے''۔

(969) اخرجه الحصكفي في "مسند الامام" (248)، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 312/2، وابن حبان (3859)، وابو داود (1932) في المناسك: باب الصلاة بجمع، والبيهقي في "السنن الكبرى" 121/5، واحمد 2/2-3، والترمذي (888) في الحج

ابومحمد بخاری نے یہ روایت -عبداللہ بن محمد -علی ثلجی (اور) عبداللہ بن عبیداللہ بن شریح' ان دونوں نے -عیسیٰ بن احمد عسقلانی -مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابومقاتل -عثمان بن سعید بن یونس -ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن یعقوب ثلجی -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -عبدالعزیز بن خالد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

ان النَّبِیّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ جمع بین المغرب والعشاء یعنی بالمزدلفة

نبی اکرم ﷺ نے مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کی تھیں۔یعنی مزدلفہ میں۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی -حسن بن علی -حسین بن علی کی تحریر -یحییٰ بن حسن -زیاد بن حسن بن فرات کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے' پہلے الفاظ کے ہمراہ روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد -منذر بن محمد -انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے -ایوب بن ہانی (اور) حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد بن ابومقاتل -عبدوس بن بشر -امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -صالح بن احمد -عثمان بن سعید -ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -احمد بن نصیر -احمد بن محیا -عبداللہ بن محمد بن رستم -امام محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -مبارک بن عبدالجبار صیرفی -ابومحمد فارسی -حافظ محمد بن مظفر -انہوں نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ تک اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن خیرون -ابوبکر خیاط -ابوعبداللہ بن دوست علاف -قاضی عمر اشنانی -محمد بن سلمہ واسطی -ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

# اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِيمَا هُوَ مِنْ مَحْظُوْرَاتِ الْاِحْرَامِ وَفِيمَا لَيْسَ مِنْهَا وَفِي الْاَجْزِيَةِ

## تیسری فصل: احرام کی ممنوعات، کون سی چیزیں احرام سے نہیں ہوتی ہیں، اور جزاؤں کا بیان

(970)- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ جُمْهَانَ قَالَ:

متنِ روایت: بَيْنَمَا عَبْدُ اللهِ ابْنُ عُمَرَ فِي الْمَسْعٰى وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ هَرَوِيَّانِ اِذْ قَالَ لَهُ رَجُلٌ تَلْبَسُ الْمَصْبُوْغَ وَاَنْتَ مُحْرِمٌ فَقَالَ سُبْحَانَ اللهِ فَاِنَّمَا صَبَغْنَا بِمَدَرٍ

امام ابوحنیفہ نے -عطاء بن سائب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: کثیر بن جمہان بیان کرتے ہیں:

''ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سعی کی جگہ پر تھے، کہ ایک شخص نے اُن سے کہا: آپ نے حالت احرام میں رنگا ہوا کپڑا پہنا ہوا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: سبحان اللہ! ہم نے اس کو خاکی رنگ میں رنگا ہے''۔

••• ——— ••• ——— •••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوعبداللہ محمد بن مخلد- بشر بن موسیٰ -ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوغنائم - ابوحسن بن زریق - ابوسہل احمد بن محمد - بشر بن ولید - ابوعبد الرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ لا نری به باساً لانه لیس بطیب ولا زعفران وهو قول ابی حنیفة

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے۔ انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں کیونکہ وہ نہ تو خوشبو ہے اور نہ ہی زعفران ہے، امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(971)- سندِروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:

متنِ روایت: مَنْ قَتَلَ ضِفْدَعًا كَانَ عَلَيْهِ شَاةٌ مُحْرِمًا كَانَ اَوْ حَلَالًا

امام ابوحنیفہ نے -ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص مینڈک کو مار دے، اس پر بکری (کی قربانی لازم) ہوگی، خواہ وہ محرم ہو یا نہ ہو''۔

••• ——— ••• ——— •••

(970) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (367) في الحج: باب ما يصلح للمحرم من اللباس والطيب.

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ابورمیح - احمد بن محمد بن موسیٰ انطا کی - محمد بن علی عسقلانی - عبدالرحمٰن بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(972) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

امام ابوحنیفہ نے - ابوزبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

متن روایت: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَ اَصْحَابَهُ اَنْ يَحِلُّوْا مِنْ اِحْرَامِهِمْ بِالْحَجِّ وَيَجْعَلُوْهَا عُمْرَةً

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ اپنے حج کا احرام کھول دیں اور اسے عمرہ بنا دیں (یعنی عمرہ کر کے حج کا احرام کھول دیں)''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - رجاء بن سوید نسفی - حم بن نوح - سعدان بن سعید خلعی - نصر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(973) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِي الرَّجُلِ يَقْدِمُ مُتَمَتِّعًا فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَلَا يَطُوْفُ حَتّٰى يَدْخُلَ شَوَّالٌ قَالَ فَهُوَ مُتَمَتِّعٌ لِاَنَّهٗ طَافَ فِيْ اَشْهُرِ الْحَجِّ

''جو شخص ''حج تمتع'' کرنے کے لیے رمضان کے مہینے میں (مکہ مکرمہ) آئے اور طواف نہ کرے' یہاں تک کہ شوال کا مہینہ شروع ہو جائے (جو حج کے مخصوص مہینوں میں سے ایک ہے)' ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: تو وہ شخص حج تمتع کرنے والا شمار ہوگا' کیونکہ اس نے حج کے مخصوص مہینوں میں طواف کیا ہے''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وعمرته فی الشهر الذی یطوف فیه لا فی الشهر الذی یحرم فیه وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: اس شخص کا عمرہ اس مہینے میں شمار ہوگا جس میں اس نے طواف کیا ہے' نہ کہ اس مہینے میں شمار ہوگا جس میں اس

(972) اخرجه الحصكفی فی "مسند الامام" (230)، وابن حبان (۳۷۹۱)، واحمد 217/3، والشافعی فی "المسند" 373/1، والحمیدی (1293)، والبخاری (1557)، ومسلم (1216) فی الحج: باب وجوه الاحرام، والبیهقی فی "السنن الكبری" 41/5، والبغوی فی "شرح السنة" (1872).

(973) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (341) فی الحج: باب العمرة فی اشهر الحج وغیرها.

قلت: وقد اخرج البیهقی فی "السنن الكبری" 342/4، والحاكم فی "المستدرك" 303/2، والطبرانی فی "الكبیر" (9703)، والدار قطنی (2432) فی الحج، واللفظ له: عن عبد الله بن عمر: (الحج اشهر معلومات)، قال: "شوال، وذو القعدة، وعشر من ذی الحجة".

نے احرام باندھا تھا۔امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**974**)-سندروایت:(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِىْ الرَّجُلِ يَفُوْتُهُ صَوْمُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ فِىْ الْحَجِّ قَالَ عَلَيْهِ الْهَدْىُ لَا بُدَّ مِنْهُ وَلَوْ اَنَّهُ يَبِيْعُ ثَوْبَهُ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جس شخص کے حج کے دنوں کے تین روزے رہ جائیں اس پر قربانی کرنا لازم ہوگا' خواہ اس کے لیے اس کو اپنے کپڑے فروخت کرنے پڑیں''۔

•••——•••——•••

(اخرجه)الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب''الآثار''میں نقل کی ہے'انہوں نے اس کوامام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھرامام محمد فرماتے ہیں:ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

(**975**)-سندروایت:(اَبُوْ حَنِيْفَةَ)قَالَ:

متن روایت: رَاَيْتُ سُفْيَانَ الثَّوْرِىَّ يَطُوْفُ بِالْكَعْبَةِ وَعَلَيْهِ خُفَّانِ مَقْطُوْعَانِ

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں:

''میں نے سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کو خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے دیکھا' اس وقت انہوں نے کٹے ہوئے موزے پہنے ہوئے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی''مسند''میں-ابن عقدہ-محمد بن عبدالوہاب بن محمد کتانی-عبدالرحیم بن شبیب-فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**976**)-سندروایت:(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: فِىْ الْمُحْرِمِ قَالَ يَبُطُّ الْمُحْرِمُ وَيَعْصِرُ الْقَرْحَةَ وَيَقُصُّ الظُّفَرَ اِذَا انْكَسَرَ وَيُجْبِرُ الْكَسْرَ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''احرام والا شخص زخم (کے علاج کے لیے اُس زخم) کو چیر سکتا ہے'پھوڑے کو نچوڑ سکتا ہے'اگر ناخن ٹوٹ جائے' تو اس کو تراش سکتا ہے' اور اگر ہڈی ٹوٹ جائے تو اس کو ٹھیک کر سکتا ہے''۔

•••——•••——•••

(974) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (342) فى الحج:باب العمرة فى اشهر الحج وغيرها .

(975) وقد اخرج الحصكفى فى "مسند الامام" (227)،وابن حبان (30784)،ومالك فى "الموطأ" 324/1، عن ابن عمر: ان رجلا قال:يا رسول الله!ماذا يلبس المحرم من الثياب؟... ومن لم يكن له نعلان فليلبس الخفين وليقطعهما اسفل من الكعبين .

(976) اخرجه ابن ابى شية 95/1/4 فى الحج:فى المحرم يقص ظفره ويبط الجرح .

حافظ عبداللہ بن ابوعوام سعدی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالعلاء محمد بن احمد بن جعفر کوفی - ابوبکر بن شیبہ - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(977)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ اِزَارٌ فَلْيَلْبَسِ السَّرَاوِيْلَ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ نَعْلَانِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ

امام ابوحنیفہ نے - عمرو بن دینار - جابر بن زید کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس شخص کو تہبند دستیاب نہ ہو وہ شلوار پہن لے اور جس کو جوتے دستیاب نہ ہوں وہ موزے پہن لے''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید بن جعفر - احمد بن سعید ثقفی - مغیرہ بن عبداللہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(978)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِى السَّوَّارِ عَنْ اَبِى حَاضِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ مُحْرِمٌ

امام ابوحنیفہ نے - ابوسوار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوحاضر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے تھے حالانکہ آپ اس وقت روزہ بھی رکھے ہوئے تھے اور احرام بھی باندھے ہوئے تھے''۔

•••———•••———•••

(اخرجه)الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ ولكن لا ينبغى للمحرم ان يحلق شعره اذا احتجم وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں البتہ احرام والے شخص کے لئے یہ بات مناسب نہیں ہے کہ وہ پچھنے لگواتے ہوئے اپنے بال مونڈھ دے۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(977) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (228)، وابن حبان (2785)، والنسائى 133/5 فى مناسك الحج: باب الرخصة من لبس السراويل لمن لم يجد الازار، وابن ابى شيبة 4/100-101، مسلم (1178)، والترمذى (834) فى الحج: باب ما جاء فى لبس السراويل والخفين للمحرم اذا لم يجد الازار والنعلين، والطبرانى فى "الكبير" (12811).

(978) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (352) فى الحج: باب من احتجم وهو محرم والحلق، وفى "الموطأ" (416) 144 والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 101/2 فى الصيام: باب الصائم يحتجم، والبيهقى فى "السنن الكبرى" 268/4، وابو داود (1835) فى المناسك: باب المحرم يحتجم.

(979)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ سَالِمِ بْنِ عَجْلَانِ الْكُوْفِي الْجَزَرِيِّ الْاَفْطَسِ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

متن روایت: اَنَّهُ رَاَى حَدَاَةً عَلٰى دَبْرَةِ بَعِيْرٍ فَرَمَاهَا وَهُوَ مُحْرِمٌ

امام ابوحنیفہ نے-سالم بن عجلان کوفی جزری افطس-سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اونٹ کی پشت کے زخم پر چیل کو بیٹھے دیکھا' تو اس کو تیر مار دیا' حالانکہ وہ (اس وقت) احرام باندھے ہوئے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوعبداللہ بن مخلد عطار-علی بن ابراہیم واسطی-عمر بن عیزار-امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں-ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن خلال-عبدالرحمن بن عمر-محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی-محمد بن شجاع ثلجی-حسن بن زیاد کے حوالے سے'امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے'انہوں نے اس کو'امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(980)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

متن روایت: اَنَّهُ قَالَ فِي الشِّقَاقِ اِذَا اَحْرَمَ قَالَ اِدَّهَنَهُ بِالسَّمْنِ وَالْوَدَكِ

وَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ بِكُلِّ شَيْءٍ تَاكُلُهُ

امام ابوحنیفہ نے-حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''شقاق (نامی بیماری' یا درد کا شکار شخص) جب احرام باندھ لے' تو اس کے بارے میں وہ یہ فرماتے ہیں: وہ گھی اور چربی کو اپنے جسم پر مل لے گا''

سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ہر چیز تم کھا سکتے ہو''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ یعنی بقول سعید بن جبیر ما لم یکن فیه طیب وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے'انہوں نے اس کو'امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔یعنی سعید بن جبیر کے قول کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں جبکہ اس میں خوشبو نہ ہو۔امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(979) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (368)، وعبد الرزاق 444/4 فی المناسك: باب ما یقتل فی الحرم وما یکره قتله، وابن ابی شیبة 95/4 فی الحج: باب فی المحرم یرمی الغراب.

(980) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (355) فی الحج: باب من احتاج من علة وهو محرم.

(981)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ قَالَ:
متن روایت: قُلْتُ لِاِبْرَاهِيْمَ اَيَغْتَسِلُ الْمُحْرِمُ قَالَ مَا يَصْنَعُ اللّٰهُ بِدَرْنِهٖ شَيْئًا

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: حماد بیان کرتے ہیں: ''میں نے ابراہیم نخعی سے دریافت کیا: کیا محرم غسل کرسکتا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے اُس کی میل کچیل کا کیا کرنا ہے؟''

•••——•••——•••

ثم قال محمد وبه ناخذ لا نرى بذلك باساً (اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة رضى الله عنه

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں۔

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(982)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهٗ قَالَ:
متن روایت: فِيْ ظُفُرِ الْمُحْرِمِ يَنْكَسِرُ قَالَ يَكْسِرُهٗ وَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ يَقْطَعُهٗ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''محرم کا ناخن اگر ٹوٹ جائے تو اس کے بارے میں وہ (ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ) یہ فرماتے ہیں: وہ اس کو توڑ دے گا جبکہ سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: وہ اس کو کاٹ دے گا''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن ابى حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ لا نرى بذلك باساً وكل ذلك حسن وهو قول ابى حنيفة رضى الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ ہم اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے ہیں۔ یہ سب صورتیں ٹھیک ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(983)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:
متن روایت: يَسْتَاكُ الْمُحْرِمُ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''احرام والا مرد اور عورت مسواک کرسکتے ہیں''

---

(981) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (355) فى الحج: باب من احتاج من علة وهو محرم .

(982) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (356) فى الحج: باب من احتاج من علة وهو محرم، وكذا اخرج الدار قطنى 232/2 فى الحج، والبيهقى فى "السنن الكبرى" 62/5، عن ابن عباس .

(983) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الآثار" (537) فى الحج: باب من احتاج من علة وهو محرم . قلت: وقد اخرج البيهقى 65/5، عن ابن عباس، ان النبى صلى الله عليه وسلم تسوك وهو محرم .

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے'انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(984)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ نَافِعٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متنِ روایت: یَقْتُلُ الْمُحْرِمُ الْفَارَةَ وَالْحَیَّةَ وَالْکَلْبَ الْعَقُوْرَ وَالْحَدَاَةَ وَالْعَقْرَبَ

امام ابوحنیفہ نے- نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''محرم' چوہے' سانپ' پاگل کتے' چیل اور بچھو کو مار سکتا ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- حسین بن حسین انطا کی- احمد بن عبداللہ کندی- علی بن معبد- محمد بن حسن کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- مبارک بن عبدالجبار صیرفی - ابومحمد جوہری - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک اپنی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت ابوالفضل بن خیرون- ابوعلی بن شاذان- ابونصر بن اشکاب-عبداللہ بن طاہر قزوینی- اسماعیل بن توبہ قزوینی- محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة وما عدا علیك من السباع فقتلته فلا شیء علیك

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے'انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' جو بھی درندہ تم پر حملہ کرے اور تم اسے مار دو تو تم پر کوئی ادائیگی لازم نہیں ہوگی۔

(985)- سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متنِ روایت: فِی الرَّجُلِ یُوَاقِعُ اِمْرَاَتَهٗ بَعْدَمَا وَقَفَ بِعَرَفَةَ قَالَ عَلَیْهِ بُدْنَةٌ وَتَمَّ حَجُّهٗ

امام ابوحنیفہ نے- عطاء بن سائب کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''جو شخص عرفہ میں وقوف کرنے کے بعد' اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرلے' تو اس پر بڑے جانور کی قربانی لازم ہوگی اور اس کا حج مکمل ہوگا''۔

(984) اخرجه الحصکفی فی "مسند الامام" (240)، وابن حبان (3961)، واحمد 3/2، والنسائی 190/5 فی مناسك الحج: باب قتل الغراب، والدارمی 63/2، ومسلم (1199) فی الحج: باب ما یندب للمحرم قتله من الدواب، وابن ماجة (3088) فی المناسك: باب ما یقتل المحرم، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 165/2 .

(985) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (948) فی الحج: باب من واقع اهله وهو محرم، والبیهقی فی السنن الکبری 171/5 فی الحج: باب الرجل یصیب امراته بعد التحلل الاول وقبل الثانی .

ابوعبداللہ ابن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم بن حبیش - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن احمد بن عمر دمشقی - عبداللہ بن حسن خلال سے نقل کی ہے جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة (عن) عطاء بن ابورباح (عن) ابن عباس رضی الله عنهما

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ - عطاء بن ابورباح کے حوالے سے - حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

(**986**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ:

متن روایت: اِذَا جَامَعَ بَعْدَمَا یُفِیْضُ مِنْ عَرَفَاتٍ فَعَلَیْهِ دَمٌ یَقْضِیْ مَا بَقِیَ مِنْ حَجِّهٖ وَعَلَیْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''جو شخص عرفات سے روانہ ہونے کے بعد (اپنی بیوی کے ساتھ) صحبت کرتا ہے اس پر قربانی لازم ہوگی اس کے حج کے جتنے ارکان باقی رہ گئے ہیں وہ اُن کو ادا کرے گا اور اُس پر اگلے سال حج کرنا لازم ہوگا''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) محمد بن حسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد ولسنا ناخذ بهذا القول، القول ما قال ابن عباس رضی الله عنهما

امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کتاب الآثار میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ نہیں دیتے ہیں قول وہ ہے جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے ارشاد فرمایا ہے:

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**987**) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

متن روایت: بَیْنَمَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ وَاقِفٌ بِعَرَفَاتٍ اِذْ بَصُرَ بِرَجُلٍ یَقْطُرُ رَاْسُهٗ طِیْبًا

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

''ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ عرفات میں وقوف کیے ہوئے تھے انہوں نے ایک شخص کو دیکھا جس کے سر سے

(986) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (349) فی الحج: باب من واقع اهله وهو محرم .

(987) اخرجه ابن ماجة (2979) فی الحج: باب التمتع بالعمرة الی الحج، واحمد 50/1، ومسلم (1222)، والنسائی 153/5، والبزار (226)، والبیهقی فی "السنن الکبری" 20/5 .

فَقَالَ وَيْلَكَ اَلْمُحْرِمُ اَشْعَثُ اَغْبَرُ فَقَالَ اَهْلَلْتَ بِالْعُمْرَةِ مُفْرَدَةً ثُمَّ قَدِمْتُ مَكَّةَ وَمَعِي اَهْلِي فَاَحْلَلْتُ مِنْ عُمْرَتِي وَاَخَذْتُ مِنَ الطِّيْبِ وَمِنْ اَهْلِي حَتّٰى اِذَا كَانَ غَدَاةَ التَّرْوِيَةِ اَهْلَلْتُ بِالْحَجِّ فَظَنَّ عُمَرُ اَنَّ الرَّجُلَ صَدَّقَهُ فَكَفَّ عَنْهُ وَاِنَّمَا كَانَ اَلَمَّ بِالنِّسَاءِ وَالطِّيْبِ بِالْاَمْسِ فَنَهٰى عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ مُتْعَةِ الْحَجِّ ثُمَّ قَالَ وَاللّٰهِ اِنِّي خَلَّيْتُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ مُتْعَةِ الْحَجِّ لَاَوْشَكْتُمْ اَنْ تُضَاجِعُوْهُنَّ تَحْتَ الْاَرَاكِ بِعَرَفَاتٍ ثُمَّ تَرُوْحُوْنَ حُجَّاجًا

خوشبو کے قطرے ٹپک رہے تھے' تو انہوں نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو' احرام والا شخص تو بکھرے ہوئے اور غبار آلود بالوں والا ہوتا ہے' اس شخص نے جواب دیا: میں صرف عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ آ گیا تھا' میرے ساتھ میری بیوی بھی تھی' میں نے عمرہ کر کے احرام کھول دیا' پھر خوشبو بھی لگا لی اور بیوی کے ساتھ قربت بھی کر لی' پھر ''ترویہ'' کے دن کی صبح' میں نے حج کا احرام باندھ لیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ اندازہ ہو گیا کہ اُس شخص نے اُن کو ساتھ سچ بیان کیا ہے' تو انہوں نے اس کو کچھ نہیں کہا' کیونکہ بیوی کے ساتھ قربت اور خوشبو کا استعمال گزشتہ دن کیا گیا تھا' لیکن پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حج تمتع کرنے سے منع کر دیا' اور انہوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر میں تم لوگوں کو حج تمتع کرنے دوں' تو عنقریب یہ صورتحال پیدا ہو جائے گی' کہ تم عرفات میں پیلو کے کسی درخت کے نیچے وظیفہ زوجیت ادا کرو گے' اور پھر حج کرنے چل پڑو گے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن خلال- عبدالرحمٰن بن عمر- محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی- محمد بن شجاع- حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**988**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متن روایت: اَنَّ رَجُلًا قَالَ اِنِّي قَبَّلْتُ اَهْلِي وَاَنَا مُحْرِمٌ فَاَدْفَقْتُ فَقَالَ اَهْرِقْ دَمًا وَتَمِّ حَجَّكَ

امام ابوحنیفہ نے- عبدالعزیز بن رفیع- مجاہد کے حوالے سے' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے: ''ایک شخص نے کہا: میں نے احرام کی حالت میں اپنی بیوی کا بوسہ لیا' تو مجھے انزال ہو گیا' تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم ایک دم دو اور اپنے حج کو مکمل کرو''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- علی بن محمد- عبید- محمد بن کثیر بن سہل- صباح بن محمد بن ابراہیم- محمد بن شجاع ثلجی- حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(988) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (346)، وقد تقدم في (985) .

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ لا یفسد الحج حتی یلتقی الختانان وهو قول ابی حنیفة رحمه الله علیه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآ ثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' حج اس وقت تک فاسد نہیں ہوگا جب تک شرم گاہیں مل نہیں جاتی ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**989**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: فِیْ الْمُحْرِمِ اِذَا قَبَّلَ فَاَنْزَلَ قَالَ عَلَیْهِ الدَّمُ

''احرام والے شخص کو جب بوسہ لینے سے انزال ہو جائے' تو اس پر دم لازم ہوگا''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآ ثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنے ''نسخہ'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

(**990**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ زِیَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے -زیاد بن علاقہ - عمرو بن میمون کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کَانَ یُقَبِّلُ وَهُوَ مُحْرِمٌ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم احرام کی حالت میں (اپنی زوجہ محترمہ کا) بوسہ لے لیتے تھے''۔

•••——•••——•••

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت -ابوبکر خطیب -محمد بن احمد بن روق -محمد بن عبداللہ شافعی -احمد بن سعید بن شاہین -مسعود بن جویریہ -معافی بن عمران کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**991**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

(989) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" (350) فی الحج: باب من واقع اهله وهو محرم .

(990) اخرجه فی "جامع الآثار" (1008)، والخطیب فی "تاریخ بغداد" 171/4، والمتقی الهندی فی "الکنز" (1818)

(991) اخرجه ابن ابی شیبة 164/1/4 فی الحج: باب فی قوله تعالی: (فلا رفث ولا فسوق) .

قلت: وقد اخرج البیهقی فی "السنن الکبری" 67/5 - والطبرانی فی "الکبری" (10914)، عن ابن عباس، قال، قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی قول الله عزوجل: (فلا رفث ولافسوق ولا جدال فی الحج) قال: الرفث: الاعرابة والتعرض للنساء بالجماع، والفسوق: المعاصی کلها، والجدال: جدال الرجل صاحبه .

متن روایت: اَلرَّفَثُ اَلْجَمَاعُ وَالْفُسُوْقُ اَلْمَعَاصِيُ وَالْجِدَالُ قَوْلُ الرَّجُلِ لَا وَاللّٰهِ بَلٰى وَاللّٰهِ

"رفث سے مراد صحبت کرنا' فسوق سے مراد گناہ کرنا' جدال سے مراد آدمی کا یہ کہنا ہے: جی نہیں! اللہ کی قسم! جی ہاں! اللہ کی قسم!"۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبداللہ بن عمر - محمد بن ابراہیم بغوی - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**992**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متن روایت: اِذَا اشْتَرَكَ الْقَوْمُ الْمُحْرِمُوْنَ فِيْ قَتْلٍ فَعَلٰى كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ جَزَاءً

"جب احرام باندھے ہوئے کچھ لوگ (کسی شکار کو) مارنے میں حصہ دار ہوں' تو اُن میں سے ہر ایک پر جزاء لازم ہوگی"۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنيفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنيفة نری ان القوم يقتلون خطا فيكون علی كل واحد منهم كفارة عتق رقبة مؤمنة فان لم يجد فصيام شهرين متتابعين

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے' ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جب کچھ لوگوں نے مل کر قتل خطا کیا ہو تو ان میں سے ہر ایک پر' کفارے کے طور پر' ایک مسلمان غلام کو آزاد کرنا لازم ہوگا' اور اگر اس کی گنجائش نہ ہو تو مسلسل دو ماہ کے روزے لازم ہوں گے۔

(**993**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْهَيْثَمِ بْنِ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ الصَّلْتِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم بن ابوہیثم - صلت بن جبیر کے حوالے سے' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے:

(992) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (362) - وعبد الرزاق (8353) فی الحج: باب حلال اعان حراما علی صيد - وابن ابی شيبة 16/4 فی الحج: باب فی القوم يشتركون فی الصيد وهم محرمون .

(993) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (364) فی الحج باب الصيد فی الاحرام - وعبد الرزاق (8312) فی الحج: باب الصيد يدخل الحرم .

متن روایت: اُهْدِيَ لَهُ ظَبْيَانُ وَبِيضُ نِعَامٍ فِي الْحَرَمِ فَأَبَى اَنْ يَقْبَلَهُ وَقَالَ هَلَّا ذَبَحْتَهُمَا قَبْلَ اَنْ تَجِيءَ بِهِمَا

''انہیں حرم (کی حدود میں) دوہرن اور شتر مرغ کے انڈے تحفے کے طور پر دیے گئے تو انہوں نے اس کو قبول کرنے سے انکار کر دیا اور فرمایا: تم نے ان دونوں کو لانے سے پہلے ان کو ذبح کیوں نہیں کر لیا تھا؟''۔

•••——•••——•••

(اخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ اذا دخل شیء من الصید الحرم لم یحل ذبحه وخلی سبیله وهو قول ابی حنیفة رضی الله عنه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ جب کوئی شکار حرم کی حدود میں داخل ہو جائے تو اسے ذبح کرنا حلال نہیں ہوگا اور اسے چھوڑ دیا جائے گا۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(**994**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - محمد بن منکدر - عثمان بن محمد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

متن روایت: تَذَاكَرْنَا لَحْمَ صَيْدٍ يَصِيدُهُ الْحَلَالُ فَيَأْكُلُهُ الْمُحْرِمُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَائِمٌ حَتّٰى اِرْتَفَعَتْ اَصْوَاتُنَا فَاسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَالَ فِيمَا تَتَنَازَعُوْنَ فَقُلْنَا فِي لَحْمِ صَيْدٍ يَصِيدُهُ الْحَلَالُ فَيَأْكُلُهُ الْمُحْرِمُ قَالَ فَاَمَرَنَا بِاَكْلِهٖ

''ہم ایسے شکار کے گوشت کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے جسے احرام کے بغیر والے شخص نے شکار کیا ہو کہ کیا احرام والا شخص اس کو کھا سکتا ہے؟ نبی اکرم ﷺ اس وقت سو رہے تھے اس بات چیت کے دوران ہماری آوازیں بلند ہو گئیں تو نبی اکرم ﷺ بیدار ہو گئے آپ ﷺ نے دریافت کیا: تم لوگ کس چیز کے بارے میں بحث کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم ایسے شکار کے گوشت کے بارے میں بحث کر رہے ہیں جس کو احرام کے بغیر والے شخص نے شکار کیا ہو کہ کیا احرام والا شخص اس کو کھا سکتا ہے؟ راوی بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ نے ہمیں اس کو کھا لینے کا حکم دیا (یعنی اجازت دی)''۔

•••——•••——•••

(994) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی ''الآثار'' (362) فی الحج: باب الصید فی الاحرام- والطحاوی فی ''شرح معانی الآثار'' 171/2- وابن حبان (3973)- واحمد 161/1، والدارمی 39/2- والطیالسی (232)- وابو یعلی (656)- وعبد الرزاق (8336)- ومسلم (1197) فی الحج: باب تحریم الصید للمحرم- والبیهقی فی ''السنن الکبریٰ'' 188/5 .

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن احمد بن ابومقاتل قیراطی بغدادی - عمار بن خالد - اسد بن عمرو' جو واسط کے قاضی ہیں' کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبید اللہ بن عبید اللہ بن شریح - محمد بن غالب رافقی - سعید بن سلمہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن منذر بلخی - حارث بن عبداللہ - حسان بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد ابن ابراہیم بن زیاد رازی - اسماعیل بن ہود واسطی - اسحاق بن یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوبکر محمد بن ہمام شیرازی - ایوب بن حسن - حفص بن عبداللہ - ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد قیراطی - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ عبدالحمید حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - محمد بن سعید عوفی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ہیاج بن بسطام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - قاسم بن محمد - ابوبلال اشعری - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن شیبانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت اسماعیل بن بشر - محمد بن ابومطیع بلخی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - یوسف بن موسیٰ - عبدالرحمٰن بن عبدالصمد بن شعیب بن اسحاق - انہوں نے اپنے دادا شعیب بن اسحاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ایوب بن ہانی اور حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوجعفر محمد بن عبدالرحمٰن - احمد بن رستہ - محمد بن مغیرہ - حکم بن ایوب - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - صالح بن احمد ہروی - عمار بن خالد - اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ

سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت علی بن محمد بن عبید - محمد بن علی مدنی - سعید بن سلیمان - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت حسن بن صالح - عبداللہ بن احمد - عبدالرحمٰن - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت علی بن عبداللہ بن عبدالملک - عبدربہ - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - علی بن احمد بن سلیمان - محمد بن عبدالرحیم برقی - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت علی بن عبداللہ بن مبشر - عبدالحمید بن بیان - اسحاق ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت حسین بن حسین انطاکی - احمد بن عبداللہ کندی - علی بن معبد - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(حافظ صاحب کہتے ہیں:) یہ ثوری اور ابن جریج نے بھی محمد بن منکدر سے نقل کی ہے' پھر انہوں نے ان دونوں کے طرق نقل کیے ہیں۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - قاضی ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ قزوینی - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت مبارک بن عبدالجبار - ابومحمد فارسی - حافظ محمد بن مظفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک ان کی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت - ابوبکر احمد بن علی بن ثابت سے اجازۃ کے طور پر - قاضی ابوعبداللہ صیمری - عبداللہ بن محمد بن عبداللہ حلوانی - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - احمد بن یوسف بن یعقوب - محمد بن حمدان مدائنی - محمد بن مروان بن شجاع (اور) سعید بن مسلمہ کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد واراهم فی هذا الحدیث تنازعوا فی الفقه حتی ارتفعت اصواتهم ولم یعب علیهم رسول الله صلی الله علیه و آله وسلم

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو' امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام

محمد فرماتے ہیں: ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس حدیث میں جو منقول ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اس مسئلے کی فقہی حیثیت پر بحث کرتے ہوئے ان کی آوازیں بلند ہوگئی تھیں' اور نبی اکرم ﷺ نے ان کی اس حرکت پر اعتراض نہیں کیا تھا۔

انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(**995**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ اَبِى قَتَادَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: خَرَجْتُ فِىْ رَهْطٍ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِيْهِمْ حَلَالٌ غَيْرِىْ فَبَصُرْتُ نِعَامَةً فَسِرْتُ اِلٰى فَرَسِىْ فَرَكِبْتُهَا وَعَجِلْتُ عَنْ سَوْطِىْ فَقُلْتُ لَهُمْ نَاوِلُوْنِيْهِ فَاَبَوْا فَنَزَلْتُ عَنْ فَرَسِىْ فَاَخَذْتُ السَّوْطَ وَطَلَبْتُ النَّعَامَةَ وَاَصَبْتُ حِمَارًا فَاَكَلْتُ وَاَكَلُوْا

امام ابوحنیفہ نے- محمد بن منکدر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''میں نبی اکرم ﷺ کے کچھ اصحاب کے ہمراہ روانہ ہوا' اُن میں سے میرے علاوہ اور کوئی بھی احرام کے بغیر نہیں تھا' میں نے ایک شترمرغ دیکھا' تو اپنے گھوڑے کی طرف جا کر اس پر سوار ہوگیا' جلدی میں' میں اپنی لاٹھی نہیں اٹھا سکا' میں نے ان لوگوں سے کہا: تم یہ (میری لاٹھی) مجھے پکڑا دو' تو ان لوگوں نے انکار کردیا' میں اپنے گھوڑے سے نیچے اترا' لاٹھی کو پکڑا' اور شترمرغ کے پیچھے ہولیا' میں نے ایک زیبرا شکار کیا' تو (اس کا گوشت) میں نے بھی کھایا اور ان لوگوں نے بھی کھایا''۔

•••——•••——•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت- محمد بن یزید- ابوخالد- میسب بن اسحاق بخاری- ابوحفص احمد بن حفص- عمر بن محمد عبقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن ابراہیم بن زیاد- اسماعیل بن ہود واسطی- اسحاق ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن جعفر بن محمد شاشی- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن منذر- حارث بن عبداللہ- حبان بن ابراہیم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- یوسف بن موسیٰ- عبدالرحمٰن بن عبدالصمد- انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبدالرحمٰن اصفہانی- احمد بن رستہ- محمد بن معین- حکم بن ایوب- زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ

(995) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (359) في الحج: باب الصيد في الاحرام- وفي "الموطأ" 150 (443)- والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 173/2- وعبد الرزاق (8338)- والبيهقي في "السنن الكبرى" 189/5- والحصكفي في "مسند الامام" (239) .

سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - حسین بن محمد بن علی - امام ابو یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن رضوان - محمد بن سلام - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - حسن بن علی - حسین بن علی کی تحریر - یحییٰ بن حسین - زیاد بن حسن - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - منذر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - انہوں نے اپنے چچا حسین بن سعید - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبید اللہ - عیسیٰ بن احمد - عبداللہ بن یزید مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - عبداللہ بن مخلد - علی بن ابراہیم بن عبد مجید - عمرو بن عون - امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے

حافظ محمد بن مظفر نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - علی بن عبداللہ بن مبشر - عبدالحمید بن بیان - اسحاق ازرق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ ابن مظفر نے سفیان (اور) ابن جریج کے حوالے سے کچھ احادیث نقل کی ہیں جو اپنے طرق کے ہمراہ اسی مفہوم پر دلالت کرتی ہیں۔

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوعلی بن شاذان - ابونصر بن اشکاب - عبداللہ بن طاہر - اسماعیل بن توبہ - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعبداللہ مبارک بن عبدالوہاب - ابوبکر احمد بن عبداللہ بن حسین ابن یوسف - ابوقاسم عبدالرحمٰن بن عبیداللہ حرمی - ابوبکر شافعی - احمد بن محمد بن عیسیٰ ترکی - ابوسلیمان جوز جانی - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(996)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ

(996) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (358) في الحج: باب الصيد في الاحرام

اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

متن روایت: اِذَا اَهْلَلْتَ بِهِمَا جَمِيْعًا فَاَصَبْتُ صَيْدًا كَانَ عَلَيْكَ جَزَائَانِ وَقَالَ اِذَا اَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ فَعَلَيْكَ جَزَاءٌ وَلَوْ اَهْلَلْتُ بِالْحَجِّ كَانَ عَلَيْكَ جَزَاءٌ

روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''جب تم نے ان دونوں (یعنی حج اور عمرہ) کا احرام باندھا ہو اور پھر تم کوئی شکار کرلو تو اب تم پر دو جزائیں لازم ہوں گی وہ فرماتے ہیں: جب تم نے صرف عمرہ کا احرام باندھا ہو تو تم پر ایک جزاء لازم ہوگی اور اگر تم نے صرف حج کا احرام باندھا ہو تو تم پر ایک جزاء لازم ہوگی''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے انہوں نے اسے اپنے نسخے میں بھی نقل کیا ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(997)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِیْ سَلْمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

متن روایت: مَرَرْتُ بِالْبَحْرَيْنِ فَسَاَلُوْنِیْ عَنْ لَحْمِ الصَّيْدِ يَصِيْدُهُ الْحَلَالُ هَلْ يَصْلِحُ لِلْمُحْرِمِ اَنْ يَّاكُلَهُ فَاَفْتَيْتُهُمْ بِاَكْلِهٖ وَفِیْ نَفْسِیْ مِنْهُ شَیْءٌ فَقَدِمْتُ عَلٰی عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَذَكَرْتُ لَهٗ مَا قُلْتُ لَهُمْ فَقَالَ لَوْ قُلْتَ غَيْرَ هٰذَا لَمْ تَقُلْ بَيْنَ اثْنَيْنِ مَا بَقِيْتَ

امام ابوحنیفہ نے -ابوسلمہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''میں بحرین سے گزرا تو ان لوگوں نے مجھ سے ایسے شکار کے گوشت کے بارے میں دریافت کیا جس کو احرام کے بغیر شخص نے شکار کیا ہو تو کیا احرام والے شخص کے لیے اس کو کھانا حلال ہوگا؟ تو میں نے ان کو اس (گوشت) کو کھانے کا فتویٰ دیا میرے ذہن میں اس حوالے سے کچھ الجھن رہی میں جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو میں نے ان کے سامنے یہ بات ذکر کی کہ میں نے ان لوگوں کو جو فتویٰ دیا تھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم نے اس کے علاوہ (یعنی مختلف) جواب دیا ہوتا تو تم باقی ساری زندگی فتویٰ نہ دے سکتے (یعنی میں تم پر پابندی عائد کر دیتا)''۔

•••——•••——•••

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

(998)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ ابْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

امام ابوحنیفہ نے -عبداللہ بن دینار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما روایت

(997) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (360) فی الحج: باب الصيد فی الاحرام-وفی الموطا 150 (442)-ومالك فی الموطا (786)-وعبد الرزاق (8342)-والبيهقی فی السنن الكبری 188/5 .

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ:

متن روایت: مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهٗ نَعْلَانِ فَلْيَلْبِسْ الْخُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ

کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس کے پاس جوتے نہ ہوں' وہ موزے پہن لے لیکن اُن کو اتنا کاٹ لے' کہ وہ ٹخنوں سے نیچے ہو جائیں''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید سے ان کی تحریر کے حوالے سے - احمد بن سعید - مغیرہ بن عبداللہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(**999**)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ خَالَتِهٖ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ:

متن روایت: اِذَا هَلَكَ الْهَدْيُ فِي الطَّرِيْقِ اَوْ عَطَبَ فَنَحَرَهٗ وَاَكَلَهٗ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ تَرْكِهٖ لِلذِّئَابِ

امام ابوحنیفہ نے - منصور بن معتمر - ابراہیم نخعی - ان کی خالہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''جب راستے میں قربانی کا جانور ہلاک ہو جائے' یا آگے سفر کرنے کے قابل نہ رہے' تو اس کو قربان کر کے کھا لینا' میرے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ ہے کہ اس کو بھیڑیوں کے لیے چھوڑ دیا جائے''۔

•••———•••———•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابراہیم بن محمد بن شہاب - سہیل واقدی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - محمد بن حسن کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

حافظ صاحب کہتے ہیں: امام ابویوسف اور اسد بن عمرو نے یہ روایت امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن ابی حنیفة ثم قال محمد قال ابو حنیفة ان كان واجباً فاصنع به ما احببت وعليك مكانه وان كان تطوعاً فتصدق به على الفقراء فان كان ذلك فی مكان لا يوجد فيه الفقراء فانحره واغمس نعله فی دمه ثم اضرب به صفحته ثم خل بينه وبين الناس ياكلونه فان اكلت منه شيئاً فعليك مكان ما اكلت وان شئت صنعت به ما احببت وعليك مكانه

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام

(998) اخرجه الحصكفی فی ''مسند الامام'' (227)-وابن حبان (3784)-ومالك فی الموطا 324/1 فی الحج: باب ما ينهى عنه من لبس ثياب الاحرام-والشافعی فی المسند 300/1-واحمد 63/2-والبخاری (1542) فی الحج: باب ما لا يلبس المحرم من الثياب-وابو داود (1824) فی الحج: باب ما يلبس المحرم .

(999) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی ''الآثار'' (365) فی الحج: باب من عطب هديه فی الطريق

محمد فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ کہتے ہیں: اگر تو وہ واجب ہو تو تم اس کے ساتھ جو چاہو کرو اور اس کی جگہ ایک ادائیگی تم پر لازم ہوگی۔ اور وہ نفل ہو تو پھر تم اسے غریبوں کو صدقہ کر دو اگر وہ کوئی ایسی جگہ ہو جہاں غریب دستیاب نہ ہوں تو تم اسے قربان کر کے اپنے جوتے اس کے خون میں ڈبو دو اور پھر ان کے ذریعے اس کے پہلو پر نشان لگا دو اور پھر اسے لوگوں کے لئے چھوڑ دو وہ خود ہی اسے کھا لیں گے' اگر تم نے اس میں سے کچھ کھا لیا تو اس کھائے ہوئے کی جگہ (جرمانہ ادا کرنا) تم پر لازم ہوگا۔ اور اگر تم چاہو تو تم اپنی مرضی کے مطابق اسے استعمال کرو اور تم پر اس کی جگہ (دوسرے جانور کی قربانی لازم ہوگی)۔

(1000) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:

متن روایت: اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَاذَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ قَالَ لَا يَلْبَسُ الْقَمِيْصَ وَلَا الثِّيَابَ وَالْعَمَامَةَ وَلَا الْقُبَاءَ وَلَا السَّرَاوِيْلَ وَلَا الْبُرْنُسَ وَلَا ثَوْبًا مَسَّهُ وَرْسٌ وَلَا زَعْفَرَانٌ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ نَعْلَانُ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ

امام ابوحنیفہ نے - عبداللہ بن دینار کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

''ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! احرام والا شخص کون سے کپڑے پہن سکتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ قمیص نہ پہنے' (سلے ہوئے) کپڑے نہ پہنے' عمامہ' قبا' شلوار' ٹوپی یا ایسا کپڑا جس پر ورس یا زعفران لگا ہو' نہ پہنے اور جس کے پاس جوتے نہ ہوں' وہ موزے پہن لے' لیکن ان کو اتنا کاٹ لے کہ وہ ٹخنوں سے نیچے ہو جائیں''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ابوسعید سے ان کی تحریر کے حوالے سے - احمد بن سعید - مغیرہ بن عبداللہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(1001) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ:

متن روایت: يَتَدَاوٰى الْمُحْرِمُ بِمَا اَحَبَّ مَا لَمْ يَكُنْ فِيْهِ طِيْبٌ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''محرم شخص' جو دوا چاہے' وہ استعمال کرلے گا' بشرطیکہ اس میں خوشبو نہ ہو''۔

•••———•••———•••

حافظ عبداللہ بن ابوعوام سغدی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالعلاء محمد بن احمد بن جعفر - ابوبکر بن ابوشیبہ - عباد بن عوام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(1002) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیدہ عائشہ

(1000) قد تقدم فی (998).

(1001) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی "الآثار" (353) - وابو یوسف فی الآثار 123 - وابن ابی شیبة 145/2

اللهُ عَنْهَا قَالَتْ:

متنِ روایت: كَأَنِّىْ أَنْظُرُ إِلَى وَبِيْصِ الطِّيْبِ فِيْ مِفْرَقِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مانگ میں خوشبو کی چمک کا منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے، آپ اس وقت احرام باندھے ہوئے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوسعید بن ابوقاسم - قاضی ابوقاسم علی بن ابوعلی بصری - قاسم بن محمد بن ثلاج - ابوعباس بن عقدہ - محمد ابن عیسیٰ بن سہل - اسحاق بن ابراہیم - امام عبدالرزاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(**1003**)- سندروایت: (أَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّهُ قَالَ:

متنِ روایت: إِذَا رَمَى الرَّجُلُ فِي الْحَرَمِ فَأَصَابَ فِي الْحِلِّ فَعَلَيْهِ الْجَزَاءُ وَإِذَا رَمَى فِي الْحِلِّ فَأَصَابَ فِي الْحَرَمِ فَعَلَيْهِ الْجَزَاءِ

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم - نافع کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

''جب کوئی شخص حرم کی حدود میں سے تیر چلائے اور وہ حرم کی حدود سے باہر جا کر شکار کو لگے' تو ایسے شخص پر جزاء لازم ہوگی' اور اگر اس نے حرم کی حدود کے باہر سے تیر چلایا اور وہ حرم کی حدود کے اندر آ کر شکار کو لگا' تو بھی اس پر جزاء لازم ہوگی''۔

•••——•••——•••

قاضی عمر اشنانی نے یہ روایت - عبداللہ بن محمد بقلانی - محمد بن آدم - فضل بن موسیٰ سینانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر خیاط - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی - انہوں نے اس روایت کو امام ابوحنیفہ تک' اپنی مذکورہ سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(**1004**)- سندروایت: (أَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ عَائِشَةَ

امام ابوحنیفہ نے - عبدالملک بن عمیر - ربعی بن حراش کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان

(1002) اخرجه احمد 109/6 - مسلم (1190)(41) - والطبرانی فی الاوسط (5844) - والبيهقی فی السنن الكبرىٰ 35/5 وابن حبان (1377) وابن خزيمة (2586) والنسائی فی المجتبیٰ 140/5

(1003) اخرجه...فی جامع الآثار (1095)

(1004) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (235) وابن حبان (3834) والشافعی فی المسند (389) والحميدی (206) والبخاری (294) فی الحيض: باب الامر بالنفساء اذا نفسن ومسلم (1211)(119) - وابن ماجة (2963) فی المناسك: باب الحائض تقضی المناسك والطواف - وابن خزيمة (2936) والبيهقی فی السنن الكبرىٰ 308/1

رَضِيَ اللهُ عَنْهَا: کرتی ہیں:

متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَمَرَ لِرُفْضِهَا الْعُمْرَةَ دَمًا

''نبی اکرم ﷺ نے اُن کے عمرہ نہ کرنے کی وجہ سے اُن کودم دینے کا حکم دیا''۔

•••—•••—•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - فضل بن بسام بخاری - سعید بن صالح بلخی - ابوایوب زاہد - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(1005) - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے - ابراہیم بن محمد بن منتشر کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ اَيَتَطَيَّبُ الْمُحْرِمُ فَقَالَ لَاَنْ اُصْبِحَ اَنْضَحُ قِطْرَانًا اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اُصْبِحَ اَنْضَحُ طِيْبًا فَاَتَيْتُ عَائِشَةَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهَا فَقَالَتْ اَنَا طَيَّبْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَطَافَ فِيْ اَزْوَاجِهٖ ثُمَّ اَصْبَحَ تَعْنِيْ مُحْرِمًا

''میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا احرام والا شخص خوشبو لگا سکتا ہے؟ انہوں نے فرمایا: میری یہ حالت ہو کہ مجھ سے تارکول اُتر رہی ہو یہ میرے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ ہوگا کہ مجھ سے خوشبو پھوٹ رہی ہو۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا اور اُن کے سامنے یہ بات ذکر کی، تو انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو خوشبو لگائی، پھر آپ ﷺ اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے گئے، پھر آپ نے صبح کی (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد یہ تھی: کہ اگلے دن آپ ﷺ نے احرام باندھ لیا تھا)''۔

•••—•••—•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - احمد بن سعید بغدادی - مسعود بن جویریہ - معافی بن عمران کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد - شعیب بن ایوب - ابویحییٰ حمانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن سعید ساوی - اسحاق بن ابراہیم - عبدالرزاق کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن عبدالرحمٰن اصفہانی - محمد بن مغیرہ - حکم بن ایوب - زفر کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت سہل بن ابوبشر - فتح بن عمر - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(1005) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في "الآثار" (368) في الحج: باب ما يصلح للمحرم من اللباس والطيب - وقد مضى حديث عائشة رضي الله عنها في (993)

انہوں نے یہ روایت عبداللہ بن عبیداللہ (اور) عبداللہ بن محمد بن عیسیٰ بن احمد- مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- منذر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- ایوب بن ہانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- محمد بن احمد بن عبداللہ سلمی- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- احمد بن معلی- شعیب کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد- حسن بن علی- یحییٰ بن حسن کی تحریر- زیاد بن ابوحسن- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- منذر بن محمد- حسین بن محمد- اسد بن عمرو کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد- منذر بن محمد- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- انہوں نے اپنے چچا- انہوں نے اپنے والد سعید بن ابوجہم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن حسن بزار- بشر بن ولید- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت صالح بن ابورمیح- سلمہ بن ابراہیم- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے- حبان اور مندل یہ دونوں علی کے صاحبزادے ہیں کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- یحییٰ بن محمد بن ساعد- ابوغسان مالک بن خالد واسطی- اسحاق بن یوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے جو ان کے ان الفاظ میں ہے: انا طیبت

انہوں نے یہ روایت صالح بن احمد- عثمان بن سعید- عبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی "مسند" میں- ابوسعید بن ابوقاسم- قاضی ابوقاسم علی بن ابوعلی بصری- قاسم بن محمد بن ثلاج- ابوعباس بن عقدہ- احمد بن سعید بغدادی- مسعود بن جویریہ- معافی بن عمران کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

قاضی اشنانی نے یہ روایت- منذر بن محمد بن منذر- انہوں نے اپنے والد- انہوں نے اپنے چچا حسین بن سعید- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار (فرواه) عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة الاینبغی للمحرم ان یتطیب بشیء من الطیب بعد الاحرام

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب "الآثار" میں نقل کی ہے انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔ احرام والے شخص کے لئے یہ مناسب نہیں ہے

کہ وہ احرام باندھنے کے بعد کسی بھی قسم کی خوشبو استعمال کرے۔

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(1006)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے- حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: كَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی وَبِیْصِ الطِّیْبِ فِیْ مِفْرَقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مانگ میں خوشبو کی چمک کا منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے' آپ اس وقت احرام باندھے ہوئے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- علی بن محمد بن عبید- ابوضحاک بن صلت - قاسم بن حکم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

حافظ حسین بن خسرو بلخی نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابوقاسم بن احمد بن عمر- عبداللہ بن حسن خلال- عبدالرحمٰن بن عمر- محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی- محمد بن شجاع ثلجی - حسن بن زیاد کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت- شریف ابوعلی محمد بن محمد بن عبدالعزیز- ابومنصور محمد بن محمد بن عثمان بن سوار- ابوعباس محمد بن نصر بن احمد بن محمد بن مکرم- محمد بن نوح جندیشاپوری- علی بن حرب طائی - ابویحییٰ کے حوالے سے اعمش اور امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

(1007)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِیْفَةَ) عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

امام ابوحنیفہ نے- منصور بن معتمر - ابراہیم نخعی- اسود کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

متن روایت: رَاَیْتُ وَبِیْصَ الطِّیْبِ فِیْ مِفْرَقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

''میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مانگ میں خوشبو کی چمک دیکھی تھی''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں- ابن جعانی - محمد بن عبداللہ بن جعفر- اسماعیل بن احمد بن ہارون- محمد بن -سوید بن عبدالعزیز کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(1006) قد تقدم فی (1002)

(1007) قد تقدم فی (1002)

(1008)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ يَحْيٰى بْنِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ مَوْهَبٍ التَّيْمِيِّ الْقُرَشِيِّ الْكُوْفِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مَاشِيًا فِيْ جَنْحِ اللَّيْلِ يَسِيْرُ فَرَاٰى خَيَالًا فَاَمَرَ عَلِيًّا اَنْ يَّتَبَيَّنَهُ فَفَعَلَ فَاِذَا اِمْرَاَةٌ عُرْيَانَةٌ فَقَالَ مَا اَنْتِ فَقَالَتْ اِنِّيْ نَذَرْتُ اَنْ اَحُجَّ عُرْيَانَةً مَاشِيَةً نَاقِضَةً شَعْرِيْ وَاَنَا اَمْكُثُ بِالنَّهَارِ وَاَسِيْرُ بِاللَّيْلِ وَاَتَنَكَّبُ الطَّرِيْقَ فَاَخْبَرَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ فَقَالَ ارْجِعْ اِلَيْهَا وَاْمُرْهَا اَنْ تَرْكَبَ وَتَلْبَسَ وَتُهْرِيْقَ دَمًا

امام ابوحنیفہ نے - یحییٰ بن عبیداللہ بن موہب تیمی قرشی کوفی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''(ایک مرتبہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی تاریکی میں جا رہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہیولیٰ ملاحظہ فرمایا' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہدایت کی کہ وہ دیکھ کر آئیں' انہوں نے ایسا ہی کیا' تو وہاں ایک برہنہ عورت موجود تھی' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تم کون ہو؟ اس نے جواب دیا: میں نے یہ نذر مانی تھی کہ میں برہنہ اور پیدل حج کے لیے جاؤں گی' اور اپنے بال کھلے رکھوں گی' تو میں دن کے وقت ٹھہری رہتی ہوں اور رات کے وقت سفر کرتی ہوں' اور عام راستے سے ہٹ کے چلتی ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کے پاس جا کر اس سے کہو کہ وہ سوار ہو جائے' لباس پہن لے (اور اپنی نذر کی جگہ) خون بہادے (یعنی قربانی کر لے)''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوحسن علی بن محمد بن عبید - احمد بن جریر - ہوذہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت محمد بن مخلد - محمد بن عبدالعزیز - احمد بن جریر - ہوذہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد بن سعید ہمدانی - ابراہیم - عبداللہ بن شیبہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

قاضی عمر بن حسن اشنانی نے یہ روایت - ابراہیم بن عبدالرحیم - ہوذہ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوالفضل بن خیرون - ابوبکر خیاط - ابوعبداللہ بن دوست علاف - قاضی عمر اشنانی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ تک مذکورہ سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

(1009)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی - اسود

(1008) اخرجه البيهقى فى السنن الكبرى ( 1080) فى النذور: باب الهدى فيما ركب واختلاف الروايات فيه - وذكره ايضاً الحافظ ابن حجر فى الفتح 589/11

(1009) قد تقدم فى(963)

اِبْرَاهِيمَ عَنْ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا:
متن روایت: اَنَّهَا قَدِمَتْ مُتَمَتِّعَةً وَهِيَ حَائِضٌ فَاَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَفَضَتْ عُمْرَتَهَا وَاسْتَانَفَتْ الْحَجَّ حَتّٰى اِذَا فَرَغَتْ مِنْ حَجِّهَا اَمَرَهَا اَنْ تَصْدُرَ اِلَى التَّنْعِيمِ مَعَ اَخِيهَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:
''وہ حج تمتع کی نیت سے آئی تھیں' انہیں حیض آ گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ وہ اپنا عمرہ چھوڑ دیں' اور نئے سرے سے حج کا احرام باندھ لیں' جب وہ حج کر کے فارغ ہوئیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ اپنے بھائی حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تنعیم جائیں (اور وہاں سے عمرے کا احرام باندھ کر عمرہ کر لیں)''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - ربیع بن حسان کشی - سفیان بن وکیع - مصعب بن مقدام کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**1010**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:
متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - سعید بن جبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:
''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام کی حالت میں پچھنے لگوائے تھے''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن منصور بن نصر صغانی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - ابومقاتل سمرقندی کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**1011**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيفَةَ) عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا:
متن روایت: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

امام ابوحنیفہ نے - ابوعالیہ - طاؤس کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:
''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام کی حالت میں پچھنے لگوائے تھے''۔

---

(1010) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (242) وابو يعلى (3390) والحميدى (501) وابن ماجة (3081) في المناسك: باب الحجامة للمحرم - والدار قطني 239/1 في الحج - ولبيهقي في السنن الكبرى 263/4 - واحمد 215/1 - وابو داود (1835) في المناسك: باب المحرم يحتجم

(1011) قد تقدم - وهو حديث سابقه

ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری نے یہ روایت -ہبۃ اللہ بن مبارک- خالد بن عبداللہ -حسن بن احمد بن موسیٰ -محمد بن عبدالرحمٰن یعنی مخلص -احمد بن ابوداؤد سختیانی -عمر بن رستہ -ابوعاصم کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(1012)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ خَارِجَةِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: خارجہ بن عبداللہ انصاری بیان کرتے ہیں:

متن روایت: سَاَلْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ عَنِ الْهِمْيَانِ لِلْمُحْرِمِ فَقَالَ لَا بَاْسَ بِهٖ

''میں نے سعید بن مسیّب سے احرام والے شخص کے (رقم وغیرہ رکھنے کے لیے) کمر پر تھیلی باندھنے کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -احمد بن محمد بن سعید- احمد بن محمد بن نعیم -بشر بن ولید- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ کہتے ہیں: یہ روایت وکیع بن جراح نے بھی امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

**(واخرجه) الامام محمد بن الحسن فی الآثار فرواہ عن ابی حنیفة ثم قال محمد وبه ناخذ وهو قول ابی حنیفة رضی اللہ عنہ**

امام محمد بن حسن شیبانی نے یہ روایت کتاب ''الآثار'' میں نقل کی ہے' انہوں نے اس کو امام ابوحنیفہ سے روایت کیا ہے' پھر امام محمد فرماتے ہیں: ہم اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔

(1013)- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّهٗ قَالَ:

امام ابوحنیفہ نے -ہشام بن عروہ- انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کیا ہے:

متن روایت: كُنَّا نَحْمِلُ لُحُوْمَ الصَّيْدِ زَادًا وَنَحْنُ مُحْرِمُوْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

''ہم' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کے ساتھ سفر کرتے ہوئے) شکار کا گوشت زادِ سفر کے طور پر ساتھ رکھ کر لے جایا کرتے تھے' حالانکہ ہم احرام باندھے ہوئے ہوتے تھے''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -علی بن محمد بن عبید -علی بن عبدالملک بن عبدربہ- امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

---

(1012) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (366) فی الحج: باب ما یصلح للمحرم من اللباس والطیب وابن ابی شیبة 54/4 فی الحج: باب فی الهمیان للمحرم والدار قطنی 232/2 والبیهقی فی السنن الکبریٰ 69/5

(1013) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (36) والبیهقی فی "السنن الکبریٰ" 189/5 من طریق ابی حنیفة -ومالك فی "الموطأ" 350/1 (77) فی المناسك: باب ما یجوز للمحرم اکله من الصید -وعبدالرزاق 434/4 (8384)

انہوں نے یہ روایت صالح بن عثمان بن سعید - ابوعبدالرحمٰن مقری کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابومحمد جعفر بن محمد بن حسین سراج - احمد بن علی بغدادی - ابوقاسم ازہری - حافظ علی بن عمر دارقطنی - ابوحسن محمد بن عبداللہ بن زکریا نیشاپوری - ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی (یہ سنن نسائی کے مؤلف ہیں) - عمار بن حسن نسائی - عبداللہ' یہ ابوسعید دمشقی ہیں - ابراہیم بن میمون صائغ - حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

ابن خسرو کہتے ہیں: یہ روایت امام ابوحنیفہ کے استاد حماد (بن ابوسلیمان نے) امام ابوحنیفہ سے ان کی جلالت قدر کی وجہ سے روایت کی ہے' حضرت حماد (بن ابوسلیمان) رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال کوفہ میں 120 ہجری میں ہوا تھا۔

انہوں نے یہ روایت ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی نے یہ روایت - ابواسحاق ابراہیم بن سعید حبال - ابوحسن احمد بن محمد بن مرزوق - ابوحسن محمد بن عبداللہ بن زکریا نیشاپوری - احمد بن شعیب - عمار بن حسین - عبداللہ بن سعد سعدی - ابراہیم بن میمون صائغ - حماد بن ابوسلیمان' جو امام ابوحنیفہ کے استاد ہیں' کے حوالے سے' امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حسن بن زیاد نے یہ روایت' امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے

**(1014)** - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ اَبِىْ اُمَيَّةَ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ اَبِى الْمُخَارِقِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ:

متن روایت: اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلاً يَسُوْقُ بَدَنَةً فَقَالَ اِرْكَبْهَا

امام ابوحنیفہ نے - ابوامیہ عبدالکریم بن ابومخارق کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو قربانی کا اونٹ ساتھ لے کر (پیدل چلتے ہوئے) دیکھا' تو ارشاد فرمایا: تم اِس پر سوار ہو جاؤ!''

...—...—...

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - صالح بن ربیع سے ان کی تحریر کے حوالے سے - یحییٰ بن خالد مہلبی - ابومعاذ خالد بن سلیمان کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

**(1015)** - سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ اَبِىْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

متن روایت: قِيْمَةُ بِيْضِ النِّعَامِ اِذَا اَصَابَهُ الْمُحْرِمُ

امام ابوحنیفہ نے - خصیف - ابوعبیدہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''احرام والا شخص جب شتر مرغ کے انڈے کو نقصان

(1014) اخرجه الحصكفى فى "مسند الامام" (254) - وابن ماجة (3104) - واحمد 170/3 - والدارمى (1919) - والبخارى 205/2 - وفى "الادب المفرد" له (772) - والترمذى (911) - والنسائى 176/5 - وابن خزيمة (2662) - وعبد بن حميد (1411)

هِيَ الْوَاجِبُ پہنچائے' تو اس کی قیمت لازم ہوگی''۔

•••——•••——•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - احمد بن حازم - عبداللہ بن موسیٰ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

حافظ صاحب کہتے ہیں: یہ روایت امام ابویوسف نے بھی امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوقاسم بن احمد بن عمر - عبداللہ بن حسن خلال - عبدالرحمٰن بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت ابوسعید احمد بن عبدالجبار - قاضی ابوقاسم علی بن ابوعلی بصری - ابوقاسم بن احمد بن عمر - محمد بن ابراہیم - محمد بن شجاع - حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو نے یہ روایت - ابوسعید بن ابوقاسم - قاضی ابوقاسم علی بن ابوعلی بصری - قاسم بن محمد بن ثلاج - ابوعباس بن عقدہ - احمد تمیم بن عباد - حامد بن آدم کے حوالے سے نقل کی ہے: محمد بن فضل بیان کرتے ہیں:

انه قال دخلنا مع ابو حنيفة على خصيف فلما ابصر بابى حنيفة شخص فظننا انه لو علم به لاستقبله فاشار اليه ابو حنيفة ان مكانك فجلس فلما انتهينا اليه قبض على يد ابو حنيفة فساله سؤالاً دقيقاً على حياء وتعزير له قال فما زال قابضاً على يد ابو حنيفة حتى رد ابو حنيفة يده قال ومد يد ابو حنيفة للجلسة معه فابى ابو حنيفة وجلس بين يديه معنا وساله عن حديث ابن مسعود فى بيض النعام فحدثه به

وہ بیان کرتے ہیں ہم امام ابوحنیفہ کے ہمراہ خصیف کے پاس گئے جب انہوں نے امام ابوحنیفہ کو دیکھا تو دیکھتے رہے جس سے ہمیں اندازہ ہوا کہ اگر انہیں امام ابوحنیفہ کے بارے میں پتہ ہوتا' تو وہ ان کا استقبال کرتے۔ پھر امام ابوحنیفہ نے انہیں اشارہ کیا کہ آپ اپنی جگہ پر رہیں' تو وہ بیٹھ گئے تو جب ہم ان کے پاس آئے تو انہوں نے امام ابوحنیفہ کا ہاتھ مٹھی میں لیا اور ان سے دقیق سوالات کئے۔ وہ مسلسل امام ابوحنیفہ کا ہاتھ تھامے رہے یہاں تک کہ امام ابوحنیفہ نے ان کا ہاتھ واپس کیا۔ راوی کہتے ہیں: انہوں نے اپنا ہاتھ امام ابوحنیفہ کی طرف بڑھایا' تا کہ انہیں اپنے ساتھ بٹھائیں' لیکن امام ابوحنیفہ نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا اور ہمارے ساتھ اُن کے سامنے بیٹھ گئے' امام ابوحنیفہ نے ان سے شترمرغ کے انڈے کے بارے میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول حدیث کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے امام ابوحنیفہ کو وہ حدیث بیان کی۔

**(1016)**- سندروایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْهَيْثَمِ عَنْ امام ابوحنیفہ نے - ہیثم - ایک (نامعلوم) شخص کے حوالے

(1015) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى "الحجة على اهل المدينة" 358/2- وابو يوسف فى "الآثار" 105- وفى "اختلاف ابى حنيفة وابن ابى ليلى" 142- وابن ابى شيبة 370/3- وعبد الرزاق (8303) فى الحج: باب بيض النعام

(1016) قد تقدم فى (963) و (1009)

رَجُلٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا:

متن روایت: اَنَّهَا قَدِمَتْ مُتَمَتِّعَةً وَهِيَ حَائِضٌ فَاَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَرَفَضَتْ عُمْرَتَهَا

سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''وہ حج تمتع کی نیت سے آئی تھیں، انہیں حیض آ گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ہدایت کی، تو انہوں نے اپنا عمرہ ایک طرف کر دیا''۔

•••———•••———•••

ابومحمد بخاری نے یہ روایت - احمد بن محمد - قاسم بن محمد - ابوبلال محمد بن محمد اشعری کوفی - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد ہمدانی کوفی - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - قاسم بن محمد - امام محمد سے روایت کی ہے۔

انہوں نے یہ روایت محمد بن منذر - احمد بن عبداللہ کندی - ابراہیم بن جراح' ان دونوں نے - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے

انہوں نے یہ روایت احمد بن محمد - جعفر بن محمد - انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے - عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**1017**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ الْهَيْثَمِ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا:

متن روایت: اَنَّهُ اَمَرَ بِرَفْضِ عُمْرَتِهَا وَذَبَحَ لِرَفْضِ الْعُمْرَةِ بَقَرَةً

امام ابوحنیفہ نے - ہیثم - ایک (نامعلوم) شخص کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں عمرہ چھوڑ دینے کی ہدایت کی اور اُن کے عمرہ کو ترک کرنے کی وجہ سے ایک گائے قربان کی''۔

•••———•••———•••

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں - ابوعباس بن عقدہ - محمد بن منذر ہروی - احمد بن عبداللہ کندی - ابراہیم جراح - امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

(**1018**)- سند روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا:

امام ابوحنیفہ نے - حماد بن ابوسلیمان - ابراہیم نخعی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے:

---

(1017) قد تقدم فی (1004)

(1018) ... قلت: وقد اخرج مالک فی "الموطأ" 381/1 - وابن خزیمة 155/4 - والحاکم فی "المستدرک" 616/1 - والبیهقی فی "السنن الکبری" 243/5 - والدار قطنی (2505) فی الحج: باب المواقیت - واللفظ له - عن ابن عمر t - قال: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: "من اهدی تطوعاً ثم ضل - فلیس علیه البدل الا ان یشاء - وان کانت نذراً فعلیه البدل"

متنِ روایت: اَنَّهَا سَاقَتْ بُدْنَةً فَضَلَّتْ فَاشْتَرَتْ مَكَانَهَا اُخْرٰى ثُمَّ وَجَدَتِ الْاُوْلٰى فَنَحَرَتْهُمَا

''وہ قربانی کا جانور (اونٹ) ساتھ لے کر جارہی تھیں' وہ گم ہوگیا' تو انہوں نے اس کی جگہ دوسرا خرید لیا' پھر پہلے والا جانور بھی مل گیا' تو انہوں نے اُن دونوں کو قربان کر دیا''۔

•••——•••——•••

حافظ حسین بن خسرو نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوقاسم بن احمد بن عمر-عبداللہ بن حسن-عبدالرحمٰن بن عمر-محمد بن ابراہیم بغوی-محمد بن شجاع-حسن بن زیاد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**1019**)-سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانٍ (وَ) عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ اَنَّهُمَا قَالَا:

امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں: میمون بن مہران (اور) عطاء بن ابورباح فرماتے ہیں:

متنِ روایت: مَنْ طَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ يَرْمُلْ فَلَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ)

''جو شخص صفا اور مروہ کا طواف کرتے ہوئے رمل نہ کرے' تو اس پر کوئی چیز لازم نہیں ہوگی' اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

''بیشک صفا اور مروہ' اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں''۔

حافظ طلحہ بن محمد نے یہ روایت اپنی ''مسند'' میں -ابوعباس بن عقدہ-قاسم بن محمد (اور) ابوبلال-امام ابویوسف کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے

(**1020**)-سندِ روایت: (اَبُوْ حَنِيْفَةَ) عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ:

امام ابوحنیفہ نے -حماد بن ابوسلیمان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے: ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

متنِ روایت: اَنَّ الْمُتَمَتِّعِ اِذَا لَمْ يَكُنْ صَامَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ فَلَا بُدَّ مِنَ الْهَدْيِ فَاِنْ مَضَتْ اَيَّامُ النَّحْرِ قَبْلَ اَنْ يُهْدِيَ فَعَلَيْهِ الْهَدْيُ وَعَلَيْهِ دَمٌ لِتَاخِيْرِ الْهَدْيِ

''حج تمتع کرنے والا شخص' جب حج کے دنوں میں' تین دن روزے نہ رکھ سکے' تو اس کے لیے ہدی (بڑے جانور کی قربانی) لازم ہوگی' لیکن اگر اس کے قربانی کرنے سے پہلے قربانی کے دن گزر جائیں' تو اس پر ہدی تو لازم ہوگی' اور ہدی میں تاخیر کی وجہ سے اس پر دم لازم ہوگا''۔

•••——•••——•••

یہ روایت احمد بن قاسم (اور) اسحاق بن ابواسرائیل نے -عائذ بن حبیب بن احمد کے حوالے سے امام ابوحنیفہ سے نقل کی ہے۔

(1019) ... قلت: وقد اخرج ابن ماجة ( 2952)-واحمد 45/1-والبخاری (1605)-وابو یعلی ( 188)-والطحاوی فی "شرح معانی الآثار" 182/2-والحاکم فی "المستدرک" 454/1-عن زید بن اسلم-عن ابیه-قال: سمعت عمر بن الخطاب رضی الله عنه یقول: "فیم الرسلان والکشف عن المناکب وقد اطأ الله الاسلام- ونفی الشرك؟ قال: ثم قال: وما ذلك؟ ندع شیئاً کنا نفعله علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم"؟!

(1020) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی "الآثار" ( 342) فی الحج: باب العمرة فی اشهر الحج وغیرها-وذکره العثمانی فی "اعلاء السنن" 335/10(2875) فی الحج: باب اذا لم یجد القارن او المتمتع الهدی فعلیه صیام ثلاثة...

# روایات کے مضامین کی تفصیلی فہرست

(یاد رہے کہ ہم نے اس کتاب کی ترقیم میں مطبوعہ نسخے کی موافقت کی ہے اور مطبوعہ نسخے کے محقق نے کتاب کے مقدمے میں آنے والی روایات کو بھی اپنی ترقیم میں شامل کیا تھا اور جہاں سے اصل کتاب شروع ہوئی ان کی ترقیم کے مطابق اس کی رقم 63 ہے۔ یہاں سے امام خوارزمی کی مرتب کردہ کتاب جامع المسانید کا باقاعدہ آغاز ہوتا ہے)

| | | | |
|---|---|---|---|
| 63 | کسی چیز کی محبت اندھا کر دیتی ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن انیس |
| 64 | ٹڈی دل کا حکم | حدیث نبوی، قولی | عائشہ بنت عجرد |
| 65 | علم دین کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن جزء |
| 66 | مسجد بنانے کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن ابواوفیٰ |
| 67 | علم کا حصول فرض ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس |
| 68 | بھلائی کی طرف رہنمائی کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس |
| 69 | کسی کا عیب ظاہر کرنے کا نقصان | حدیث نبوی، قولی | حضرت واثلہ |
| 70 | استغفار اور صدقہ کرنے کی فضیلت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت جابر |
| 71 | بھلائی کی تعلیم دینے کی فضیلت | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 72 | تکبر اور بڑائی کی مذمت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 73 | ظلم قیامت کے دن تاریکی ہوگا | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 74 | آزمائش ترقی درجات کا باعث ہوتی ہے | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ عائشہ |
| 75 | قبروں کی زیارت کی اجازت | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 76 | بچوں اور خواتین پر رحم کی ترغیب | حدیث نبوی، قولی | نامعلوم |
| 77 | تکبر کرنے والے کا انجام | بیان تابعی | محمد بن منکدر |
| 78 | دوغلے پن کا انجام | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 79 | نرمی کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ عائشہ |
| 80 | نرمی کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | مجاہد |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 81 | تقویٰ اور لزوم جماعت مسلمین | بیان صحابی | حضرت ابومسعود |
| 82 | مرحومین کو برا کہنے کی ممانعت | حدیث نبوی،قولی | سیّدہ عائشہ |
| 83 | دنیاوی پریشانیوں کا اجر | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابن عباس |
| 84 | امارت'ایک امانت ہے | حدیث نبوی،قولی | حسن بصری |
| 85 | علم حاصل کرنا فرض ہے | حدیث نبوی،قولی | حضرت عبداللہ |
| 86 | تین چیزوں کا اجر مرنے کے بعد بھی ملتا ہے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 87 | آزمائش کلام سے متعلق ہوتی ہے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 88 | تعلیم دینے کی فضیلت | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 89 | علم حاصل کرنا فرض ہے | حدیث نبوی،قولی | حضرت انس |
| 90 | علم حاصل کرنا فرض ہے | حدیث نبوی،قولی | حضرت انس |
| 91 | اپنے استاد کے لیے دعا | فعل تابعی | امام ابوحنیفہ |
| 92 | ثقل کی پہچان | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 93 | ثقل سے محفوظ سمجھنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 94 | نماز قضا ہو جانا | حدیث نبوی،فعلی | حضرت ابن مسعود |
| 95 | لا الہ الا اللہ کی فضیلت | حدیث نبوی،قولی | حضرت جابر |
| 96 | علم چھپانے کا انجام | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 97 | ہر بھلائی صدقہ ہے | حدیث نبوی،قولی | حضرت جابر |
| 98 | امر بالمعروف'فرض ہے | قول صحابی | حضرت ابن عمر |
| 99 | وقفہ سے ملنا چاہیے | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 100 | باغیوں سے لڑائی | قول صحابی | حضرت ابن عمر |
| 101 | نبی اکرم کی خوشبو | وصف نبوی | حضرت جابر |
| 102 | معذرت قبول نہ کرنے کا گناہ | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابن عمر |
| 103 | ندامت'توبہ ہوتی ہے | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابن مسعود |
| 104 | نبی اکرم کے نزدیک پسندیدہ نام | وصف نبوی | حضرت ابن عمر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 105 | غیبت ہونے پر ردعمل | عمل تابعی | امام شعبی |
| 106 | نیکی بوسیدہ نہیں ہوتی | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 107 | خضاب لگاؤ' اور اہل کتاب کے برخلاف کرو | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 108 | جھوٹی حدیث بیان کرنے کا انجام | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس |
| 109 | پڑوسی کے حقوق اور رات کی عبادت کی ترغیب | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس |
| 110 | سورہ بقرہ کی آخری تین آیات کی فضیلت | قول صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 111 | قرآن' شعر کی طرح نہیں پڑھنا چاہیے | قول صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 112 | ٹڈی دل کا حکم | حدیث نبوی | فاطمہ بنت اجرد |
| 113 | اعمال کا مدار نیت پر ہوتا ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت عمر |
| 114 | میت' قرض کے عوض رہن رہتی ہے | حدیث نبوی، قولی | نامعلوم |
| 115 | ذکرالٰہی کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | اغر |
| 116 | پڑوسی سے حسن سلوک | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ عائشہ |
| 117 | ابلیس کا تخت | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 118 | جھوٹی حدیث بیان کرنے کا انجام | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید |
| 119 | جھوٹی حدیث بیان کرنے کا انجام | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید |
| 120 | بھلائی کئی قسموں کی ہوتی ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوایوب |
| 121 | صلہ رحمی کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 122 | بینائی رخصت ہونے کا اجروثواب | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 123 | قرآن کو اپنی آوازوں کے ذریعے آراستہ کرو | قول صحابی | حضرت عمر |
| 124 | توبہ کا دروازہ | حدیث نبوی، قولی | حضرت صفوان |
| 125 | لوگوں کا شکرگزار ہونا | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید |
| 126 | قرآن کو اپنی آوازوں کے ذریعے آراستہ کرو | قولِ صحابی | حضرت عمر |
| 127 | خوش الحانی کے ساتھ قرآن کی تلاوت | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 128 | سورہ اخلاص کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت عتبہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 129 | منافق کو (اپنے انجام کا) کوئی خوف نہیں ہوتا | قولِ صحابی | حضرت عمر |
| 130 | چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا | حدیث نبوی، قولی | حضرت حذیفہ |
| 131 | جھوٹی حدیث بیان کرنے کا انجام | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید |
| 132 | جھوٹی حدیث بیان کرنے کا انجام | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ |
| 133 | نماز میں طویل قیام افضل ہے | قولِ تابعی | حسن بصری |
| 134 | استغفار کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوذر |
| 135 | قبر میں ہونے والے سوالات | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ اُمّ ہانی |
| 136 | تنگدست مومن کا اجر | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ اُمّ ہانی |
| 137 | تقاضا میں نرمی کرنے والے کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ اُمّ ہانی |
| 138 | جھوٹی حدیث بیان کرنے کا انجام | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس |
| 139 | قرآنی آیت کی تفسیر | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 140 | مشورہ دینے کی اہمیت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 141 | نیکی اور دعا کے فوائد | حدیث نبوی، قولی | حضرت ثوبان |
| 142 | تکبر اور بڑائی کی مذمت | حدیث نبوی، قولی | ابومسلم اغر |
| 143 | دل کی اہمیت | حدیث نبوی، قولی | حضرت نعمان بن بشیر |
| 144 | حلال اور حرام واضح ہیں | حدیث نبوی، قولی | حضرت نعمان |
| 145 | سرکشی کی تہدید اور صلہ رحمی کی ترغیب | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 146 | غیبت اور بہتان میں فرق کی وضاحت | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 147 | علم حاصل کرنا فرض ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 148 | امارت ایک امانت ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوذر |
| 149 | توبہ کا دروازہ | حدیث نبوی، قولی | حضرت صفوان |
| 150 | تسبیح کے کلمات | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوامامہ |
| 151 | ایک دعا جو تحفہ ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عباس |
| 152 | تسبیح و دعا کے کلمات | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 153 | قرآنی آیت کی تفسیر | قولِ تابعی | ضحاک |
| 154 | والدہ کی قبر کی اجازت ملنا | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 155 | نظر لگنا' تقدیر پر سبقت لے جاتا | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ |
| 156 | ایک یہودی کا ایمان لانا | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 157 | بھلائی کی طرف رہنمائی کرنے کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 158 | قبرستان جانے کی دعا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت بریدہ |
| 159 | اچھے ناموں کا پسندیدہ ہونا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 160 | قدریہ فرقہ پر لعنت ہونا | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 161 | امام زید کا جواب | بیانِ تابعی | امام ابوحنیفہ |
| 162 | پانچ کلمات کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت خشخاش |
| 163 | قرآن کے علم و تعلیم کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت عثمان |
| 164 | صبح و شام کی دعا اور اس کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 165 | جھوٹی حدیث بیان کرنے کا انجام | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید |
| 166 | جھوٹی حدیث بیان کرنے کا انجام | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس |
| 167 | آزمائش کو دعوت نہیں دینی چاہیے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 168 | ایک حرف کی تلاوت پر دس نیکیاں | قولِ صحابی | حضرت عبداللہ |
| 169 | چھینک اور اس کا جواب | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 170 | ایک منکر کی وضاحت | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ اُمّ ہانی |
| 171 | قتل و غارت گری کی پیشگوئی | حدیث نبوی، قولی | حضرت عرفجہ |
| 172 | اچھے اخلاق سب سے بڑی نعمت ہیں | حدیث نبوی، قولی | حضرت اسامہ |
| 173 | ہر مسلمان سے خیر خواہی کا حکم ہے | حدیث نبوی، فعلی | زیاد بن علاقہ |
| 174 | ہر مسلمان سے خیر خواہی کی بیعت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت جریر |
| 175 | حدیث جبرائیل | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ |
| 176 | کلمہ شہادت کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابودرداء |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 177 | آلمو کی تفسیر | بیانِ صحابی | حضرت ابن عباس |
| 178 | شجر و حجر کا سلام | حدیث نبوی | حضرت علی |
| 179 | جہنم سے نکلنے والا ایک شخص | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن مسعود |
| 180 | موحدین کا جہنم سے نکالا جانا | حدیث نبوی، قولی | حضرت حذیفہ |
| 181 | اللہ تعالیٰ ہی سلامتی عطا کرنے والا ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن مسعود |
| 182 | شفاعت کی امید ابلیس کو بھی ہوگی | قولِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 183 | لوگوں کی تین اقسام | بیانِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 184 | دوسروں سے نصیحت حاصل کرنا | بیانِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 185 | حقیقی مومن | حدیث نبوی، قولی | حضرت علی |
| 186 | لا الہ الا اللہ پڑھنے کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 187 | سب کچھ تقدیر کے تابع ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 188 | آفت کا ہٹ جانا | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابو ہریرہ |
| 189 | علم نجوم کی ممانعت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابو ہریرہ |
| 190 | گناہ کا ارتکاب، کفر نہیں ہوتا | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 191 | ہر بیماری کی دوا موجود ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 192 | حضرت عمر سے یہودی کا سوال | قولِ صحابی | حضرت عمر |
| 193 | تقدیر کا منکر، مومن نہیں | قولِ صحابی | حضرت علی |
| 194 | قدریہ اس امت کے مجوسی ہیں | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 195 | آدمی کے بارے میں سب کچھ نوٹ کیا جانا | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن مسعود |
| 196 | قدریہ فرقے کی مذمت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 197 | صبح کے کاموں میں برکت کی دعا | حدیث نبوی، قولی | حضرت صخر غامدی |
| 198 | امت کے لیے برکت کی دعا | حدیث نبوی، قولی | حضرت صخر غامدی |
| 199 | ہر نبی نے تقدیر کے منکرین پر لعنت کی ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 200 | حضرت جبرائیلؑ کا جواب | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عباس |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 201 | گناہ کی دنیاوی سزا | حدیث نبوی،قولی | حضرت علی |
| 202 | یہود ونصاریٰ فدیہ بن جائیں گے | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوموسیٰ |
| 203 | ابلیس کا اپنے لشکر بھجوانا | حدیث نبوی،قولی | حضرت جابر |
| 204 | مقام محمود کیا ہے؟ | بیانِ صحابی | حضرت ابوسعید |
| 205 | کفار کی حسرت | بیانِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 206 | شفاعت کی امید،ابلیس کو بھی ہوگی | حدیث نبوی،قولی | حارث |
| 207 | مقام محمود کی وضاحت | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوسعید |
| 208 | ایک لفظ کی قرائت | حدیث نبوی،فعلی | حضرت نعمان |
| 209 | بدمذہب کی دوستی سے روکنا | عملِ تابعی | سعید بن جبیر |
| 210 | قدریہ فرقے کی مذمت | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابن عمر |
| 211 | اہل ایمان کا انجام | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابن عباس |
| 212 | جمعہ کے دن کی فضیلت | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 213 | کلمہ طیبہ کے بارے میں سوال ہوگا | حدیث نبوی،قولی | حضرت انس |
| 214 | مومن جنت میں داخل ہوگا | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوذر |
| 215 | دو نشانیاں گزر چکی ہیں | قولِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 216 | اللہ تعالیٰ جسے چاہے گمراہ رہنے دے | قولِ صحابی | حضرت عمر |
| 217 | طعن اور طاعون،شہادت کا باعث ہونگے | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوموسیٰ |
| 218 | قیامت سے پہلے تیس کذاب آئینگے | حدیث نبوی،قولی | حضرت علی |
| 219 | ایک نوجوان کی دین فہمی | بیان صحابی | حضرت معاذ |
| 220 | مشرکین کی اولاد کا انجام | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابن عباس |
| 221 | بیمار کو دم کی دعا | حدیث نبوی،فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 222 | چاند دو ٹکڑے ہونا | بیانِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 223 | نظر لگ جانا،حق ہے | حدیثِ نبوی قولی | حضرت عبداللہ |
| 224 | دیدار الٰہی،حق ہے | حدیثِ نبوی قولی | حضرت جریر |

| | | |
|---|---|---|
| 225 قرآن میں تقدیر کے حکم سے متعلق آیت ہے | بیانِ تابعی | عمر بن عبد العزیز |
| 226 قیامت کا دن حسرت اور ندامت والا ہوگا | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ اُمّ ہانی |
| 227 مغفرت پر یقین رکھنا | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ اُمّ ہانی |
| 228 ہر بیماری کی دوا ہے | حدیث نبوی، قولی | اقمر |
| 229 شفاعت مصطفیٰ | حدیث نبوی، قولی | ابوزعراء |
| 230 حضرت جابر کی وضاحت | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 231 حضرت وحشی کا واقعہ | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عباس |
| 232 آلمٓ کی تفسیر | بیانِ صحابی | حضرت ابن عباس |
| 233 کیا چیز تقدیر پر سبقت لے جاتی ؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمرو |
| 234 حدیث جبرائیل | حدیث نبوی | حضرت ابن عمر |
| 235 نحوست تین چیزوں میں ہوسکتی ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 236 بیماری کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 237 جنت میں دوتہائی اکثریت | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 238 بچے کے انتقال کا اجر | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 239 قبر میں سوالات | حدیث نبوی، قولی | حضرت سعد |
| 240 ایک اعتقادی مسئلہ کی وضاحت | قولِ تابعی | عطاء بن ابی رباح |
| 241 سب کچھ طے شدہ ہے، تو عمل کیوں؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت سعد |
| 242 زمانے کو برا نہ کہو! | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوقتادہ |
| 243 مقام محمود سے مراد شفاعت ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت سعد |
| 244 گناہ کا ارتکاب کفر نہیں ہوتا | بیانِ صحابی | حضرت ابن عمر |
| 245 اچھی و بری تقدیر پر ایمان | حدیث نبوی، قولی | حضرت علی |
| 246 کلمہ طیبہ کی فضیلت | بیانِ صحابی | حضرت حذیفہ |
| 247 کمسن غیر مسلم بچوں کا انجام | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 248 آزمائشوں کی کثرت ہوگی | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوہریرہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 249 | ایک قرآنی لفظ کی وضاحت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید |
| 250 | چار چیزوں میں شفاء ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 251 | کھمبی کا پانی آنکھوں کی شفاء ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت سعید بن زید |
| 252 | صبح کے کاموں کے لیے برکت کی دعا | حدیث نبوی، قولی | حضرت صخر غامدی |
| 253 | ایک قرآنی لفظ کی وضاحت | بیانِ صحابی | حضرت ابن عمر |
| 254 | طعن اور طاعون شہادت کا باعث ہیں | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوموسیٰ |
| 255 | مردہ پیدا ہونے والا بچہ | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوموسیٰ |
| 256 | ایک قرآنی لفظ کی وضاحت | بیانِ تابعی | ابوصالح |
| 257 | امت محمدیہ امت مرحومہ ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوموسیٰ |
| 258 | نبی اکرم کا زہد | حدیث نبوی | اسود |
| 259 | نبی اکرم کے اہل خانہ کا زہد | بیانِ صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 260 | نبی اکرم کی پاکیزہ خوشبو | وصفِ نبوی | حضرت ابن مسعود |
| 261 | نبی اکرم کی ٹوپی شریف | وصفِ نبوی | حضرت ابوہریرہ |
| 262 | نبی اکرم کی کرم نوازی | وصفِ نبوی | نامعلوم |
| 263 | مومن ایک آنت میں کھاتا ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 264 | سب سے بڑا عقلمند کون ہے؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 265 | نبی اکرم بالوں میں مہندی لگاتے تھے | وصفِ نبوی | عبداللہ |
| 266 | درہم ودینار کس نے ایجاد کیے؟ | بیانِ تابعی | حماد بن ابوسلیمان |
| 267 | نبی اکرم کا اپنی والدہ کی قبر پر جانا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت بریدہ |
| 268 | نبی اکرم کے اخلاق کریمانہ | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 269 | لوگوں کی مثال | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 270 | سیّدہ عائشہ کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ عائشہ |
| 271 | چھ صحابہ کرام جو فقیہ تھے | بیانِ تابعی | امام شعبی |
| 272 | حضرت ابوبکر کی فضیلت | بیانِ صحابی | سیّدہ عائشہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 273 | امام باقر کا واقعہ | قولِ تابعی | امام باقر |
| 274 | اکابرین کی پیروی | بیانِ تابعی | حماد بن ابوسلیمان |
| 275 | حضرت علی کا خراج تحسین | قولِ صحابی | حضرت علی |
| 276 | حضرت ابن مسعود کی فضیلت کا اعتراف | قولِ صحابی | حضرت ابوموسیٰ |
| 277 | سیّدہ عائشہ کی خصوصیات | بیانِ صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 278 | سیّدہ خدیجہ کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس |
| 279 | نبی اکرم کی عمر مبارک | بیانِ صحابی | حضرت انس |
| 280 | نماز کے دوران عمل | فعلِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 281 | نبی اکرم کے اخلاق | بیانِ صحابی | حضرت انس |
| 282 | نبی اکرم کے اخلاق | بیانِ صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 283 | حبیبہ حبیبِ اللہ | عملِ تابعی | مسروق |
| 284 | نبی اکرم کا وصال | بیانِ صحابی | حضرت انس |
| 285 | 63 برس کی عمر میں انتقال | بیانِ صحابی | حضرت انس |
| 286 | حضرت عمر کی فضیلت | قولِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 287 | ایک قرائت سے دوسری کی طرف منتقلی | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 288 | قرآن کی تلاوت میں غلطی | قولِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 289 | سیّدہ عائشہ کا واقعہ | فعلِ صحابی | حضرت ابن عباس |
| 290 | ایک اعتراف | بیانِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 291 | ایک اعتراف | بیانِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 292 | سیّدہ عائشہ کی سات خصوصیات | بیانِ صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 293 | نبی اکرم کی عادات واطوار کی پیروی | عملِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 294 | نبی اکرم کے چٹائی بردار | وصفِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 295 | حضرت عمر کی وصیت | فعلِ صحابی | حضرت عمر |
| 296 | نبی اکرم کے عصا بردار | وصفِ صحابی | حضرت ابن مسعود |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 297 | شعار، علم اور قرآن ہونا چاہیے | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ اُمّ ہانی |
| 298 | جنت کی خوشخبری | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ اُمّ ہانی |
| 299 | نبی اکرم کا تلاوت سن کر رونا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن مسعود |
| 300 | حضرت ابوبکر وحضرت عمر کی پیروی | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن مسعود |
| 301 | سب سے پہلے قبول اسلام | بیانِ صحابی | حضرت علی |
| 302 | امام جعفر صادق سب سے بڑے فقیہ ہیں | بیانِ تابعی | امام ابوحنیفہ |
| 303 | مسروق کی انگوٹھی کا نقش | بیانِ تابعی | منتشر |
| 304 | خوش الحانی سے تلاوت | عمل صحابی | منتشر |
| 305 | استغفار ڈھال ہے | عمل تابعی | مسروق |
| 306 | حضرت ابن مسعود کا خطبہ | بیانِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 307 | 63 برس کی عمر انتقال | بیانِ صحابی | حضرت انس |
| 308 | امت محمدیہ گمراہی پر متفق نہیں ہوگی | بیانِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 309 | دس لوگوں کو جنت کی بشارت | حدیث نبوی، قولی | حضرت سعید بن زید |
| 310 | حضرت ابوبکر وحضرت عمر کی تعریف | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید خدری |
| 311 | قرآن کے الفاظ کی وضاحت | قولِ صحابی | حضرت عمر |
| 312 | نبی اکرم کی تلقین | حدیث نبوی، قولی | حضرت حذیفہ |
| 313 | امت کی کثرت پر فخر | حدیث نبوی، قولی | نامعلوم |
| 314 | سیّدہ عائشہ کی سات خصوصیات | بیانِ صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 315 | سیّدہ عائشہ کی دس خصوصیات | بیانِ صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 316 | قرض کی واپسی | بیانِ صحابی | حضرت ابن عمر |
| 317 | آداب محفل | بیانِ صحابی | حضرت جابر |
| 318 | امام صاحب کے خواب کی تعبیر | بیان تابعی | امام ابوحنیفہ |
| 319 | امت کی کثرت پر فخر | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوموسیٰ |
| 320 | نماز کے دوران عمل | فعل صحابی | حضرت ابن مسعود |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 321 | قرآنی آیت کی تفسیر | حدیث نبوی، قولی | حضرت علی |
| 322 | وضو کے اعضاء کو تین' تین مرتبہ دھونا | بیانِ صحابی | حضرت عثمان |
| 323 | وضو کے اعضاء کو دو' دو مرتبہ دھونا | فعل صحابی | حضرت عمر |
| 324 | کانوں کے اگلے اور پچھلے حصے کا حکم | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 325 | سبتی جوتے پہن کر وضو کرنا | بیانِ صحابی | حضرت ابن عمر |
| 326 | لوٹے سے وضو کرنا | قولِ تابعی | امام شعبی |
| 327 | ایڑھیاں اہتمام کے ساتھ دھونا | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 328 | قضائے حاجت آداب | بیانِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 329 | ایک' ایک مرتبہ وضو کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت بریدہ |
| 330 | تیمم میں دو ضربیں ہوں گی | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 331 | تیمّم کا طریقہ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 332 | شرمگاہ کو دھونا | قولِ صحابی | حضرت سعد |
| 333 | (قضائے حاجت کے بعد) ہاتھ دھونا | قولِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 334 | وضو کے طریقہ کی تعلیم | فعل صحابی | حضرت علی |
| 335 | سر پر تین مرتبہ مسح کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت علی |
| 336 | وضو کا طریقہ | فعل صحابی | حضرت علی |
| 337 | وضوء کے بعد شرمگاہ پر پانی چھڑکنا | حدیث نبوی، فعلی | ابن حکم |
| 338 | مسواک کرنے کی ترغیب | حدیث نبوی، قولی | حضرت جعفر |
| 339 | احرام کی حالت میں مسواک | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 340 | ایک' ایک مرتبہ وضو کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 341 | عورت کا سر پر مسح کرنا | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 342 | عورت پورے سر پر مسح کرے گی | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 343 | وضو کے دوران انگوٹھی کو حرکت دینا | فعل صحابی | حضرت علی |
| 344 | بوسہ' ناقض وضو نہیں ہے | قولِ صحابی | حضرت ابن عباس |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 345 | پکی ہوئی چیز کھالینا'' ناقض وضونہیں ہے | حدیث نبوی، فعلی | حضرت جابر |
| 346 | خون لگ جانا'' ناقض وضونہیں ہے | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 347 | وضو کے بعد اعضاء کو پونچھ لینا | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 348 | ناخن یا بال تراشنے کے بعد دھونا | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 349 | پکی ہوئی چیز کھانا'' ناقض وضونہیں ہے | قولِ صحابی | حضرت ابوہریرہ |
| 350 | منہ بھر سے کم قے' ناقض وضونہیں ہے | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 351 | بیوی کا بوسہ' ناقض وضونہیں ہے | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ اُمّ سلمہ |
| 352 | محرم عورت کے بوسہ کا حکم | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 353 | بیوی کا بوسہ' ناقض وضونہیں ہے | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ حفصہ |
| 354 | بے وضو حالت میں تلاوت | قولِ تابعی | سعید بن جبیر |
| 355 | چار لوگ' قرآن کی تلاوت نہیں کر سکتے | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 356 | بوسہ کے بعد وضو کی تجدید نہ کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 357 | بیت الخلاء میں' مقدس الفاظ لے جانا؟ | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 358 | نماز کے دوران قہقہہ' ناقض وضو ہے | حدیث نبوی | معبد بن صبیح |
| 359 | نماز کے دوران قہقہہ لگانے کا حکم | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 360 | مریض غسل جنابت نہ کر سکتا ہو' تو تیمّم کرے | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 361 | شرمگاہ کو چھو لینا' ناقض وضونہیں | حدیث نبوی، قولی | قیس بن طلق |
| 362 | شرمگاہ کو چھونا' ناک چھونے کے مترادف | قولِ صحابی | حضرت علی |
| 363 | شرگاہ کو چھونے کے بارے میں سوال | قولِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 364 | نبی اکرم کا پیشاب کے چھینٹوں سے بچنا | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 365 | دودھ پینا' ناقض وضونہیں ہے | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 366 | بھنا ہوا گوشت کھانے کے بعد وضو نہ کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوسعید |
| 367 | بھنا ہوا گوشت کھانے کے بعد وضو نہ کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوسعید |
| 368 | بھنا ہوا گوشت کھانے کے بعد وضو نہ کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حسن بصری |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 369 | جو بے وضو نہ ہوا ہو' اس کے وضو کا طریقہ | فعلِ صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 370 | کھانا' پینا' ناقض وضو نہیں ہیں | قولِ صحابی | حضرت ابن عباس |
| 371 | بیوی کا بوسہ لینا ناقض وضو نہیں ہے | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ حفصہ |
| 372 | بیوی کا بوسہ لینا ناقض وضو نہیں ہے | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 373 | گوشت کھانا' ناقض وضو نہیں ہے | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوسعید |
| 374 | گوشت کھانا' ناقض وضو نہیں ہے | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوسعید |
| 375 | گوشت کھانا' ناقض وضو نہیں ہے | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 376 | سبتی جوتے پہن کر وضو کر لینا | بیانِ صحابی | حضرت ابن عمر |
| 377 | جنبی شخص' قرآن نہیں پڑھ سکتا | حدیث نبوی، قولی | حضرت علی |
| 378 | کون سی چیز' غسل کو واجب کرتی ہے؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمرو |
| 379 | حضرت علی کا قیاس | قولِ صحابی | حضرت علی |
| 380 | چار قسم کے لوگ قرآن کی تلاوت نہیں کر سکتے | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 381 | ہر حال میں اللہ کا ذکر کرو! | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 382 | نبی اکرم کا غسل کا معمول کیا تھا؟ | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 383 | جمعہ کے دن غسل کی ترغیب | بیانِ صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 384 | میاں بیوی کا ایک ہی برتن سے غسل کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 385 | حیض والی عورت کا حکم کیا ہے؟ | قولِ صحابی | حضرت عمر |
| 386 | حیض' عورت کے ہاتھ میں نہیں ہوتا | حدیث نبوی | سیّدہ عائشہ |
| 387 | حیض والی عورت کا کام کاج کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 388 | مومن' نجس نہیں ہوتا | حدیث نبوی، قولی | حضرت حذیفہ |
| 389 | شرمگاہیں مل جانے سے غسل واجب ہونا | قولِ صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 390 | جمعہ کے دن غسل کی ترغیب | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 391 | حالتِ جنابت میں سونے سے پہلے وضو کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 392 | استحاضہ والی عورت کا حکم | قولِ صحابی | سیّدہ عائشہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 393 | استحاضہ والی عورت کا حکم کیا ہوگا؟ | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ عائشہ |
| 394 | عورت کے احتلام کا حکم کیا ہوگا؟ | حدیث نبوی، قولی | ابراہیم نخعی |
| 395 | مستحاضہ عورت کے لیے کیا حکم ہے؟ | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ اُمّ حبیبہ |
| 396 | فاطمہ بنت ابوحبیش کا واقعہ | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ عائشہ |
| 397 | مستحاضہ کا نماز کی ادائیگی کا طریقہ | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 398 | نماز کے وقت میں حیض آ جانے کا حکم؟ | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 399 | حیض والی عورت کا جنبی ہو جانا | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 400 | پاک ہو جانے کے بعد نماز کا وقت ختم ہو جانا | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 401 | غسل جنابت کے دوران کلی بھول جانا | قولِ صحابی | حضرت ابن عباس |
| 402 | جمعہ کے دن غسل کرنا لازم نہیں ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 403 | جمعہ کے دن غسل کرنا' بہتر ہے | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 404 | عیدین یا جمعہ کے لیے غسل کیے بغیر جانا | عمل تابعی | ابراہیم نخعی |
| 405 | عیدین یا جمعہ کے لیے غسل کیے بغیر جانا | عمل تابعی | ابراہیم نخعی |
| 406 | غسل کے دوران' بالوں کا خلال کرنا | قولِ صحابی | حضرت حذیفہ |
| 407 | غسل کب واجب ہوتا ہے؟ | حدیثِ نبوی | حضرت ابن عمر |
| 408 | غسل کب واجب ہوتا ہے؟ | حدیثِ نبوی قولی | حضرت ابن عمرو |
| 409 | مستحاضہ عورت کا حکم؟ | فعل صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 410 | نفاس والی عورت کا حکم | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 411 | حاملہ عورت کے خون کا حکم کیا ہے؟ | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 412 | حاملہ عورت نماز ترک نہیں کرے گی | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 413 | جمعہ کے دن وضو پر اکتفاء میں حرج نہیں | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 414 | جمعہ کے دن' غسل کرنا' افضل ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس |
| 415 | حمام' بری جگہ ہے | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ عائشہ |
| 416 | ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کی ممانعت | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 417 | ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کی ممانعت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابو ہریرہ |
| 418 | نجاست کی کتنی مقدار معاف ہے؟ | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 419 | بلّی کے جھوٹے کا حکم | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 420 | مردار کی کھال کا حکم | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 421 | چمڑا' دباغت سے پاک ہو جاتا ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عباس |
| 422 | دباغت' کھال کو پاک کرنے کا ذریعہ ہے | قولِ صحابی | حضرت ابن عمر |
| 423 | وحشی جانوروں کی کھال استعمال کرنا | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 424 | دباغت سے مراد کیا ہے؟ | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 425 | نجاست کی کتنی مقدار معاف ہے؟ | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 426 | منی کو کپڑے سے کھرچ دینا | بیانِ صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 427 | بلّی کے جوٹھے کا حکم | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 428 | خچر اور گدھے کے جوٹھے کا حکم | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 429 | ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کی ممانعت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابو ہریرہ |
| 430 | جگالی کرنے والے' کے پیشاب کا حکم؟ | قولِ تابعی | حسن بصری |
| 431 | بچے کے پیشاب کا حکم | قولِ تابعی | ابراہیم نخعی |
| 432 | چار چیزیں ناپاک نہیں ہوتی ہیں | قولِ صحابی | حضرت ابن عباس |
| 433 | غیر متعینہ مدت تک موزوں پر مسح کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 434 | تین دن تک' موزوں پر مسح کرنا | حدیث نبوی، قولی | حضرت علی |
| 435 | نبی اکرم کا' موزوں پر مسح کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت بلال |
| 436 | مقیم اور مسافر کے لیے' مسح کی مدت کا تعین | حدیث نبوی، قولی | حضرت خزیمہ |
| 437 | حضرت جریر بن عبداللہ کا بیان | حدیث نبوی، فعلی | حضرت جریر |
| 438 | نبی اکرم کا' موزوں پر مسح کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت مغیرہ |
| 439 | نبی اکرم کا' موزوں پر مسح کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت مغیرہ |
| 440 | مقیم اور مسافر کے لیے' مسح کی مدت کا تعین | حدیث نبوی، قولی | حضرت خزیمہ |

| نمبر | مضمون | نوعیت | راوی |
|---|---|---|---|
| 441 | وضو کرتے ہوئے' موزے نہ اتارنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت مغیرہ |
| 442 | حضرت سعد اور حضرت ابن عمر کا مکالمہ | فعل صحابی | حضرت سعد |
| 443 | حضرت عبداللہ بن مسعود کا معمول | فعل صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 444 | ابراہیم نخعی کا معمول | فعل تابعی | ابراہیم نخعی |
| 445 | موزوں پر مسح کرنا' سنت ہے | بیان صحابی | حضرت سعد |
| 446 | نبی اکرم کا عمل شریف | حدیث نبوی، فعلی | حضرت بریدہ |
| 447 | موزے اتار دیئے' تو پاؤں دھونا لازم ہوگا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 448 | فتح مکہ کے دن' نبی اکرم کا عمل شریف | حدیث نبوی، فعلی | حضرت بریدہ |
| 449 | غسل جنابت میں' پٹی پر مسح کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 450 | آپ نے' سورہ مائدہ کے نزول کے بعد' مسح کیا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت جریر |
| 451 | نبی اکرم کا موزوں پر مسح کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت مغیرہ |
| 452 | مسافر اور مقیم کے لیئے' مدت کا تعین | حدیث نبوی، قولی | حضرت خزیمہ |
| 453 | غسل کے بعد موزوں پر مسح کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 454 | حضرت عمر سے استفسار اور جواب | بیانِ صحابی | حضرت عمر |
| 455 | نمازوں کے اوقات | حدیث نبوی | ابراہیم نخعی |
| 456 | ظہر ٹھنڈی کر کے پڑھو! | قول صحابی | حضرت عمر |
| 457 | ''دلوک'' سے مراد' غروب ہے | قول صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 458 | عصر کی نماز کا وقت | بیان صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 459 | فجر کی نماز روشنی میں ادا کرنا | بیان تابعی | ابراہیم نخعی |
| 460 | گھر میں اذان واقامت کے بغیر نماز ادا کرنا | فعل صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 461 | بے وضو حالت میں اذان دینا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 462 | اذان کے دوران کوئی بات کر لینا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 463 | تثویب کا حکم کیا ہے؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 464 | اذان اور اقامت کے کلمات | قول تابعی | ابراہیم نخعی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 465 | خواتین کے لیے اذان اور اقامت کا حکم نہیں | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 466 | اذان کے اختتامی کلمات | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 467 | عصر کے بعد نماز ادا کرنا | فعل صحابی | حضرت عمر |
| 468 | اذان کی فضیلت | بیان صحابی | حضرت علی |
| 469 | سب سے زیادہ فضیلت والا عمل کون سا ہے؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 470 | قضا نماز اذان و اقامت کے ساتھ ادا کرنا | حدیث نبوی | ابراہیم نخعی |
| 471 | سورج سرخ ہو جانے پر نماز کی ادائیگی | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 472 | جس کی عصر کی نماز رہ جائے | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 473 | عصر کی نماز کو تاخیر سے ادا کرنا | بیان تابعی | ابراہیم نخعی |
| 474 | اذان سے متعلق خواب | حدیث نبوی | حضرت بریدہ |
| 475 | وتر کی ادائیگی کا مسنون وقت کیا ہے؟ | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابو مسعود |
| 476 | قضا نماز کی ادائیگی ضروری ہے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 477 | مغرب سے پہلے نوافل کی ادائیگی سنت نہیں | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 478 | اذان کا جواب دینا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 479 | وتر اور سحری کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 480 | فجر کی نماز روشنی میں ادا کرنا افضل ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 481 | مزدلفہ میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابو ایوب |
| 482 | دو اذانوں کے درمیان کتنا وقفہ ہوتا؟ | بیانِ صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 483 | وتر رات کی آخری نماز ہونا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 484 | اہل عراق کے قبلہ کی سمت کی نشاندہی | قولِ تابعی | سعید بن جبیر |
| 485 | نماز کے ممنوعہ اوقات | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابو سعید |
| 486 | سورہ فاتحہ کے بغیر نماز (کامل) نہیں ہوتی | حدیث نبوی | حضرت ابو ہریرہ |
| 487 | سورہ فاتحہ اور مزید (کسی سورت کی) تلاوت | قول صحابی | حضرت عمر |
| 488 | نماز کے آغاز میں ''ثناء'' کے کلمات | قول صحابی | حضرت عمر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 489 | امام کے پیچھے تلاوت نہ کرنا | عمل تابعی | علقمہ |
| 490 | آخری دورکعات میں صرف سورہ فاتحہ پڑھنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 491 | امام کے پیچھے تلاوت نہ کرنا | فعل صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 492 | خلفاء اربعہ، قنوت نازلہ نہیں پڑھتے تھے | بیان تابعی | ابراہیم نخعی |
| 493 | نماز میں، سورہ طٰہٰ تلاوت کرنا | بیان تابعی | ابراہیم نخعی |
| 494 | نماز باجماعت ترک کرنے کی شدید مذمت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن مسعود |
| 495 | نماز میں طویل قیام افضل ہے | قول تابعی | حسن بصری |
| 496 | قرآن کو سمجھ کر پڑھنا چاہیے | قول صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 497 | فجر کی (سنتوں میں کون سی سورت کی) تلاوت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 498 | وتر میں رکوع سے پہلے، دعاء قنوت پڑھنا | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید |
| 499 | نماز میں ''بسم اللہ'' بلند آواز میں نہیں پڑھنی | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن مسعود |
| 500 | ''بسم اللہ'' بالجہر، سنت نہیں ہے | بیان صحابی | حضرت عبداللہ |
| 501 | نبی اکرم تسمیہ بالجہر نہیں پڑھتے تھے | بیان صحابی | حضرت انس |
| 502 | ''بسم اللہ'' بالجہر، دیہاتیوں کا طریقہ ہے | قول صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 503 | امام، چار چیزیں پست آواز میں پڑھے گا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 504 | نبی اکرم وخلفاء کی سنت ''بالجہر'' نہیں | بیان صحابی | حضرت انس |
| 505 | وتر میں رکوع سے پہلے دعاء قنوت پڑھنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن مسعود |
| 506 | حضرت عمر کی فجر کی نماز میں تلاوت | فعل صحابی | حضرت عمر |
| 507 | نبی اکرم کی سورہ ''والتین'' کی تلاوت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت براء |
| 508 | نبی اکرم وخلفاء کی سنت ''بالجہر'' نہیں | بیان صحابی | حضرت عبداللہ |
| 509 | نماز میں ایک غیر مسنون عمل | بیان صحابی | حضرت ابن عمر |
| 510 | نبی اکرم نے صرف ایک ماہ قنوت نازلہ پڑھی | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن مسعود |
| 511 | تشہد اور تکبیر کی اہتمام سے تعلیم دینا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت جابر |
| 512 | تشہد کے کلمات کی تعلیم دینا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن مسعود |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 513 | تکبیر کی ترغیب اور تشہد کے کلمات کی تعلیم | حدیث نبوی، فعلی | حضرت جابر |
| 514 | تشہد کے کلمات | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 515 | تشہد کے کلمات کیا ہیں؟ | بیان تابعی | ابراہیم نخعی |
| 516 | نبی اکرم کا تشہد کے کلمات کی تعلیم دینا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن مسعود |
| 517 | ہر حرف کی تلاوت پر دس نیکیاں ملنا | بیان صحابی | حضرت عبداللہ |
| 518 | سورہ ''ص'' میں سجدہ تلاوت ہے | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوموسیٰ |
| 519 | فجر کی نماز میں مسنون تلاوت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت قطبہ |
| 520 | حضرت عمر کا قنوت نازلہ نہ پڑھنا | فعل صحابی | حضرت عمر |
| 521 | نبی اکرم نے صرف چالیس دن قنوت پڑھی | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوسعید |
| 522 | فجر کی نماز میں قنوت نازلہ نہیں پڑھی | فعل صحابی | حضرت ابوبکر |
| 523 | حضرت عمر کا قنوت نازلہ سے متعلق معمول؟ | فعل صحابی | حضرت عمر |
| 524 | حضرت عبداللہ بن مسعود کا معمول کیا تھا؟ | فعل صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 525 | قرآن کے ایک لفظ کی صحیح ادائیگی | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 526 | امام کی قرائت مقتدی کی قرائت شمار ہوگی | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 527 | امام کی قرائت مقتدی کی قرائت شمار ہوگی | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 528 | امام کی قرائت مقتدی کی قرائت شمار ہوگی | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 529 | ظہر و عصر میں امام کے پیچھے تلاوت؟ | قول تابعی | سعید بن جبیر |
| 530 | امام کو تلاوت میں غلطی لاحق ہونا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 531 | امام کی غلطی کی اصلاح | قول صحابی | حضرت ابن عمر |
| 532 | امام کے پیچھے تلاوت رکاوٹ ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 533 | سجدہ کرنے کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوذر |
| 534 | مختصر، مگر مکمل نماز پڑھانا سنت ہے | فعل صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 535 | حضرت عبداللہ بن مسعود کی فضیلت | حدیث نبوی | حضرت ابن مسعود |
| 536 | تشہد کے کلمات کی تعلیم | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن مسعود |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 537 | قنوت نازلہ صرف ایک ماہ تک پڑھی گئی | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن مسعود |
| 538 | سورہ ''ص'' میں سجدہ تلاوت | قول صحابی | حضرت ابن عباس |
| 539 | تشہد کے کلمات کیا ہیں؟ | حدیث نبوی | حضرت ابن مسعود |
| 540 | سورہ فاتحہ اور مزید کسی سورت کی تلاوت | قول صحابی | حضرت عمر |
| 541 | مسروق کی انگوٹھی کا نقش | بیان تابعی | محمد بن منتشر |
| 542 | نبی اکرم نے صرف ایک ماہ قنوت نازلہ پڑھی | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن مسعود |
| 543 | سورہ ''انشقاق'' میں سجدہ تلاوت | فعل صحابی | حضرت عمر |
| 544 | ''بسم اللہ'' پست آواز میں پڑھنا' سنت ہے | حدیث نبوی، فعلی | حضرت براء |
| 545 | تشہد کے کلمات کی قرآن کی طرح تعلیم دینا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت براء |
| 546 | تکبیر کہنے کی قرآن کی طرح تعلیم دینا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت جابر |
| 547 | اشارے سے' سجدہ تلاوت کرنا | قول تابعی | علقمہ |
| 548 | صرف قمیص پہن کر نماز ادا کرنا | فعل صحابی | حضرت جابر |
| 549 | صرف قمیص پہن کر نماز ادا کرنا | فعل صحابی | حضرت جابر |
| 550 | ایک کپڑے میں نماز ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت جابر |
| 551 | شرمگاہ کا پردہ' اس کی بے پردگی کا وبال | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 552 | عورت کا مرد کے پہلو میں نماز ادا کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 553 | پہلے قضا نماز ادا کرنا ضروری ہے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 554 | نماز کے دوران کوئی عمل کرنا | فعل صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 555 | نماز کے دوران' تری محسوس ہونا | قول صحابی | حضرت ابوہریرہ |
| 556 | نماز کے دوران' تری محسوس ہونا | قول صحابی | حضرت ابن عباس |
| 557 | نماز میں' منہ ڈھانپ لینا مکروہ ہے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 558 | سات مواقع پر رفع یدین کیا جائے گا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 559 | پہلی مرتبہ کے بعد' رفع یدین نہیں کیا جائیگا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 560 | نماز کے دوران سلام کا جواب دینا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 561 | امام سے پہلے نماز ختم کر دینا؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 562 | کیا ہر شخص کو دو کپڑے دستیاب ہوتے ہیں؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابو ہریرہ |
| 563 | ایک کپڑے میں نماز ادا کرنے سے متعلق سوال | حدیث نبوی، قولی | سعید بن میّب |
| 564 | رفع یدین میں، حضرت عبداللہ کا معمول | فعل صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 565 | کون سی چیز نماز کو توڑ دیتی ہے؟ | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 566 | اگر عورت و نمازی کے درمیان خاصا فاصلہ ہو؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 567 | ناف سے گھٹنے تک کے درمیان کی جگہ ستر ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ |
| 568 | نبی اکرم کا سیّدہ عائشہ کے پہلو میں نماز ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 569 | حضرت وائل بن حجر (اُن کی روایت) پر تبصرہ | بیان تابعی | ابراہیم نخعی |
| 570 | حضرت وائل اور حضرت عبداللہ کا موازنہ | بیان تابعی | ابراہیم نخعی |
| 571 | ایک کپڑے میں نماز ادا کرنے سے متعلق سوال | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابو ہریرہ |
| 572 | حضرت جابر کا ایک کپڑے میں نماز ادا کرنا | اثر صحابی | حضرت جابر بن عبداللہ |
| 573 | تصویر والے گھر میں فرشتے نہیں آتے | حدیث نبوی، فعلی | حضرت علی |
| 574 | تصویر والے گھر میں فرشتے نہیں آتے | حدیث نبوی، فعلی | ابو اسحاق سبیعی |
| 575 | ایک کپڑے میں نماز ادا کرنا | فعل صحابی | حضرت جابر بن عبداللہ |
| 576 | سواری پر عید کا خطبہ دینا | فعل صحابی | حضرت مغیرہ بن شعبہ |
| 577 | فجر کی سنتیں اہتمام سے ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 578 | ایام تشریق کی تکبیریں | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 579 | چار لوگوں پر جمعہ لازم نہیں ہے | حدیث نبوی، قولی | محمد بن کعب قرظی |
| 580 | جمعہ کے دن غسل کرنا واجب ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 581 | جو شخص جمعہ کے لئے آئے وہ غسل کرے | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 582 | اپنے گھروں میں بھی نماز ادا کرو | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 583 | نبی اکرم نے خانہ کعبہ میں کہاں نماز ادا کی | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 584 | عیدین کا خطبہ خاموشی سے سننا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |

| | | |
|---|---|---|
| 585 سلام پھیر کر نماز ختم ہو جاتی ہے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 586 جمعہ کے دن کلام کرنے کا نتیجہ | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 587 سورج گرہن کی نماز | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 588 عید کی نماز کیسے ادا کی جائے گی | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 589 عید کی نماز خطبے سے پہلے ادا کی جائے گی | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 590 سورج گرہن کی نماز | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 591 عید کی نماز سے پہلے یا بعد میں نفل ادا کرنا؟ | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 592 جمعہ کے دن کی سنتیں | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابو ہریرہ |
| 593 خواتین کا نماز عید میں شرکت کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ ام عطیہ |
| 594 جمعہ کے خطبہ کے دوران سلام کا جواب دینا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 595 استخارہ کی تعلیم دینا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابو ہریرہ |
| 596 ظہر سے پہلے چار رکعات سنت ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوذر غفاری |
| 597 فجر اور ظہر سے پہلے کی سنتیں | فعل صحابی | ابراہیم نخعی |
| 598 نبی اکرم کا عبادت میں اہتمام | حدیث نبوی، فعلی | حضرت مغیرہ بن شعبہ |
| 599 جمعہ کی نماز میں سورہ الم تنزیل کی تلاوت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت نعمان بن بشیر |
| 600 مسجد میں تاخیر سے آنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 601 عیدین اور جمعہ کی نماز میں تلاوت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت نعمان بن بشیر |
| 602 عیدین اور جمعہ کی نماز میں تلاوت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت نعمان بن بشیر |
| 603 جمعہ کے دن خطبہ سے پہلے بیٹھنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 604 وتر کی اہمیت | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 605 آٹے کے نشان والے برتن سے غسل کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ ام ہانی |
| 606 نبی اکرم کا خطبہ جمعہ کا طریقہ | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 607 خواتین کا عید کے اجتماع میں شریک ہونا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ ام عطیہ |
| 608 خواتین کو عید میں شریک ہونے کی اجازت | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ ام عطیہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 609 | قرآن کے الفاظ کی وضاحت | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 610 | ظہر اور جمعہ سے پہلے کی سنتیں | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 611 | عشاء کے بعد چار رکعات ادا کرنے کا ثواب | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 612 | نماز میں خاموشی اختیار کرنا | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 613 | جمعہ کی نماز میں سورہ جمعہ و منافقین کی تلاوت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 614 | خواتین کیلئے عید کے اجتماع میں شریک ہونیکی اجازت | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ ام عطیہ |
| 615 | رمضان میں اہتمام سے عبادت کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 616 | منافق ہونے کا خوف | قول صحابی | حضرت ابوموسیٰ اشعری |
| 617 | فتح مکہ کے دن نبی اکرم کا نماز ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ ام ہانی |
| 618 | نبی اکرم کا استخارہ کی تعلیم دینا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 619 | سواری پر فرض نماز ادا نہ کرنا | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 620 | نبی اکرم کا خانہ کعبہ میں نماز ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 621 | سواری پر فرض نماز ادا نہ کرنا | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 622 | رات کے وقت عبادت کا ثواب | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید خدری |
| 623 | نبی اکرم کے نوافل اور وتر | حدیث نبوی، فعلی | امام باقر |
| 624 | سواری پر نوافل ادا کرنا | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 625 | جمعہ کے دن غسل افضل ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس بن مالک |
| 626 | جمعہ کے دن غسل کا حکم کیوں ہوا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 627 | پست آواز میں بسم اللہ پڑھنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت براء بن عازب |
| 628 | وتر کا حکم | قول صحابی | حضرت علی بن ابوطالب |
| 629 | ظہر کے بعد دو رکعات سنت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 630 | ایام تشریق کی تکبیر کا حکم | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 631 | عشاء کے بعد کے نوافل | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 632 | نوافل کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن عباس |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 633 | عمامہ پر سجدہ کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 634 | رکوع وسجدے میں جاتے ہوئے تکبیر کہنا | فعل صحابی | حضرت ابوہریرہ |
| 635 | امام کا ربنا لک الحمد پڑھنا | قول تابعی | عطاء بن ابی رباح |
| 636 | سات ہڈیوں پر سجدے کا حکم | حدیث نبوی،فعلی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 637 | بیمار شخص کا حکم | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 638 | بیہوش رہنے والے بیمار کا حکم | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 639 | سات ہڈیوں پر سجدے کا حکم | حدیث نبوی،قولی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 640 | تشہد اور سجدے میں شک ہونا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 641 | نماز میں نسیان لاحق ہونا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 642 | سہو کے بغیر سجدہ کرنا | فعل صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 643 | نماز میں شک ہونا | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 644 | امام کی اقتداء میں سجدہ سہو کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 645 | بھول کر تین مرتبہ سجدہ کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 646 | جب وسوسہ پیدا ہو؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 647 | نماز کے بعد شک لاحق ہونا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 648 | مجثمہ کی ممانعت | حدیث نبوی،فعلی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 649 | وتر میں تکرار کا حکم | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 650 | امام کو متوجہ کرنے کا طریقہ | حدیث نبوی،فعلی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 651 | خواتین کا نماز ادا کرنے کا طریقہ | حدیث نبوی،تقریری | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 652 | قبلہ کی مخالف سمت میں نماز ادا کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 653 | سات ہڈیوں پر سجدہ کرنا | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوسعید خدری |
| 654 | حضرت ابوبکر صدیق کا عمل | فعل صحابی | مسروق |
| 655 | تنگ جگہ پر نماز ادا کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 656 | بیماری کی حالت میں نماز ادا کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 657 | وتر کے درمیان سلام نہیں پھیرا جائے گا | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید خدری |
| 658 | چٹائی پر سجدہ کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوسعید خدری |
| 659 | رکوع کرنے کا طریقہ | فعل صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 660 | نماز میں احتباء کے طور پر بیٹھنا | حدیث نبوی، فعلی | حسن بصری |
| 661 | قصر پندرہ دن قیام کے ارادے پر ہوگی | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 662 | سفر کے دوران قصر نماز ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 663 | پندرہ دن قیام کی نیت پر مکمل نماز پڑھنا | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 664 | قصر نماز پڑھنے کی ہدایت | قول صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 665 | مسافر، مقیم کے پیچھے مکمل نماز پڑھے گا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 666 | قصر نماز میں احتیاط | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 667 | نبی اکرم کی آخری نمازیں | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 668 | وتر میں مسنون قرأت | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 669 | نماز کے آغاز میں تکبیر | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 670 | نماز کے آغاز میں رفع یدین | حدیث نبوی، فعلی | حضرت براء بن عازب |
| 671 | وتر میں مسنون قرأت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 672 | وتر، مزید حکم ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 673 | رکوع میں گھٹنے پکڑنے کا حکم | بیان صحابی | حضرت سعد بن مالک |
| 674 | رکوع میں گھٹنے پکڑنے کا حکم | بیان صحابی | حضرت سعد بن ابی وقاص |
| 675 | نماز کے آداب | بیان صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 676 | نماز کی مختلف صورتیں | بیان صحابی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 677 | کانوں کی لو تک رفع یدین | حدیث نبوی، فعلی | حضرت وائل بن حجر |
| 678 | ہاتھوں سے پہلے گھٹنے رکھنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت وائل بن حجر |
| 679 | بایاں پاؤں بچھانا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت وائل بن حجر |
| 680 | میت کو حنوط لگانا | قول تابعی | سالم بن عبداللہ |

| | | |
|---|---|---|
| 681 نماز میں درندوں کی طرح نہیں بیٹھنا | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 682 تین رکعات وتر ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 683 وتر میں مسنون قرأت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبدالرحمٰن |
| 684 وتر کی اہمیت | قول صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 685 صبح صادق کے بعد وتر ادا کرنا؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 686 دوسرے کی طرف سے نماز ادا کرنا؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 687 نماز کا آغاز کیسے ہوتا ہے؟ | قول تابعی | امام ابوحنیفہ |
| 688 کپڑا اسمیٹ کر نماز پڑھنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوجحیفہ |
| 689 نماز ختم کرنا | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 690 دایاں ہاتھ بائیں پر رکھنا | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 691 ریت اور مٹی پر نماز ادا کرنا | فعل تابعی | ابراہیم نخعی |
| 692 کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کا اجر | قول تابعی | سعید بن جبیر |
| 693 سترہ کو کھڑا کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 694 سجدہ میں جاتے ہوئے زانو کا سہارا لینا | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 695 نماز کے دوران ایک ہاتھ دوسرے پر رکھنا | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 696 دونوں طرف سلام پھیرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 697 نماز کے بعد کسی بھی طرف سے اُٹھ جانا | حدیث نبوی، فعلی | عطاء بن ابی رباح |
| 698 مغرب کی نماز میں مسبوق کا حکم | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 699 نماز میں مسبوق کا حکم | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 700 سلام پھیرنے کا طریقہ | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 701 نماز میں سہو ہو جانا | فعلی تابعی | علقمہ |
| 702 نبی اکرم کو نماز میں سہو ہو جانا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 703 عشاء کی نماز کے بعد بات چیت ممنوع | قول صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 704 نماز میں بناء کا حکم | قول تابعی | ابراہیم نخعی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 705 | بناء کی شرائط | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 706 | نماز کے دوران سلام کا جواب دینا؟ | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 707 | نماز کے دوران ممنوعہ کام | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 708 | قصر نماز ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت انس بن مالک |
| 709 | اشارے سے نماز ادا کرنا؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر بن عبداللہ |
| 710 | صف کے پیچھے اکیلے نماز ادا کرنا؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوبکرہ |
| 711 | نماز میں شک ہو جانا؟ | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 712 | فجر اور عشاء کی نماز باقاعدگی سے ادا کرنا | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 713 | طویل نماز پڑھانا | حدیث نبوی، قولی | ابراہیم نخعی |
| 714 | فجر اور عشاء باجماعت ادا کرنا | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 715 | صفیں درست رکھنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 716 | پہلے صف کی فضیلت | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 717 | امامت کا زیادہ حقدار کون؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 718 | دیہاتی یا غلام کا امامت کرنا؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 719 | دو آدمیوں کا باجماعت نماز ادا کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 720 | ایک سے زیادہ لوگ جماعت ہوتے ہیں؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 721 | بلند جگہ پر امامت کرنا | فعل صحابی | حضرت حذیفہ بن یمان |
| 722 | امام کے کھڑے ہونے کی جگہ | فعل تابعی | ابراہیم نخعی |
| 723 | امام سے پہلے اُٹھ جانا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 724 | چٹائی پر نماز ادا کرنا | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 725 | قبلہ کی سمت تھوک دینا | قول صحابی | حضرت حذیفہ بن یمان |
| 726 | صفیں درست رکھنے والوں کا اجر | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید خدری |
| 727 | تین آدمیوں کا باجماعت نماز ادا کرنا؟ | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 728 | مسجد میں تھوکنا گناہ ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس بن مالک |

| | | |
|---|---|---|
| 729 امام کی تکبیر کا وقت | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 730 جماعت کے لئے کھڑے ہونے کا وقت | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 731 مقتدیوں کی سہولت کا خیال رکھنا | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 732 مختصر نماز پڑھانے کا حکم | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 733 سونے سے پہلے عشاء پڑھنا | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 734 امامت کی نیت کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 735 باجماعت نماز کی فضیلت | حدیث نبوی،قولی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 736 مسجد کے احترام کا خیال | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 737 جنبی کی امامت؟ | قول تابعی | حبیب بن ابوثابت |
| 738 جنبی کی امامت؟ | قول صحابی | حضرت علی |
| 739 حضرت عمر کا واقعہ | فعل صحابی | حضرت عمر |
| 740 فجر کے بعد اپنی جگہ بیٹھے رہنا | حدیث نبوی،فعلی | حضرت جابر بن سمرہ |
| 741 صفیں درست رکھنے کی ہدایت | قول صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 742 خواتین کا فجر وعشاء باجماعت ادا کرنا | حدیث نبوی،فعلی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 743 مسجد کی چھت پر نماز ادا کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 744 امام اور مقتدی کے درمیان کوئی چیز ہونا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 745 مسجد میں گمشدہ چیز کا اعلان | حدیث نبوی،فعلی | حضرت بریدہ |
| 746 باجماعت نماز کی فضیلت | قول تابعی | سعید بن جبیر |
| 747 ایک شخص اور ایک عورت کی امامت کرنا | حدیث نبوی،فعلی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 748 امام کے آگے نماز درست نہیں ہوتی | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 749 گھر میں نماز ادا کر لینا؟ | حدیث نبوی،قولی | حضرت جابر |
| 750 فجر یا مغرب کو دہرانا؟ | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 751 امام سجدہ سہو نہ کرے؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 752 قبلہ کی سمت میں تھوکنے کی ممانعت | حدیث نبوی،قولی | حضرت انس بن مالک |

| | | |
|---|---|---|
| 753 تین قسم کے لوگ امامت نہیں کر سکتے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 754 نبی اکرم کی بیماری کے دوران نماز باجماعت ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 755 ایک صحابی کو حدث لاحق ہونا | فعل صحابی | نامعلوم |
| 756 مسجد میں گمشدہ چیز کا اعلان | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 757 نماز سے پہلے کھانا کھالینا | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس بن مالک |
| 758 اقامت کے بعد نوافل کی ممانعت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 759 نماز خوف کا طریقہ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 760 نماز خوف کا طریقہ | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 761 تنہا نماز خوف ادا کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 762 میت کو بنانا، سنوارنا؟ | قول صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 763 نماز جنازہ میں چار تکبیریں | فعل صحابی | حضرت علی |
| 764 نماز جنازہ میں تکبیروں کی مختلف تعداد | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 765 نماز جنازہ میں تکبیروں کی مختلف تعداد | حدیث نبوی، فعلی | حضرت علی |
| 766 نماز جنازہ میں چار تکبیریں | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوسعید خدری |
| 767 روضہ رسول پر حاضری | عمل تابعی | ایوب سختیانی |
| 768 نماز جنازہ کی دُعا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوہریرہ |
| 769 جنازہ کے ساتھ عورتوں کو نہ لے جانا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوعطیہ وادعی |
| 770 نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہنا | فعل صحابی | حضرت عبداللہ |
| 771 نماز جنازہ میں تکبیروں کا تعین | فعل صحابی | حضرت عمر |
| 772 حنوط میں ممنوعہ اشیاء | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 773 جنازے کے آگے یا پیچھے چلنے کا حکم؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 774 جنازے کے آگے ذرا ہٹ کے چلنا | فعل تابعی | ابراہیم نخعی |
| 775 جنازے کے آگے چلنے کا حکم؟ | قول تابعی | حماد بن ابوسلیمان |
| 776 جنازہ دیکھ کر کھڑے نہ ہونا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |

| | | |
|---|---|---|
| 777 جنازے کے ساتھ جانے والا کب بیٹھے گا؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 778 عیسائی کے جنازے کے ساتھ جانا | عمل صحابی | متعدد اصحاب |
| 779 حضرت عبداللہ بن عمر کی ہدایات | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 780 نبی اکرم کو کیسے قبر میں اتارا گیا؟ | بیان صحابی | حضرت بریدہ |
| 781 نماز جنازہ کی تکبیریں رہ جانے کا حکم؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 782 میت کے گھر میں اذان دینا؟ | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 783 میت کو کندھا دینے کا طریقہ | بیان صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 784 نماز جنازہ میں قرأت نہیں ہوگی | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 785 نماز جنازہ کا مسنون طریقہ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 786 نماز جنازہ کون پڑھائے گا؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 787 تیمم کر کے نماز جنازہ پڑھنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 788 نبی اکرم کی قبر مبارک | بیان تابعی | ابراہیم نخعی |
| 789 خاتون اور بچے کی نماز جنازہ | عمل صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 790 نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عبداللہ |
| 791 زانیہ کی نماز جنازہ | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 792 خاتون اور بچے کی نماز جنازہ | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 793 خواتین اور مردوں کی نماز جنازہ | فعل صحابی | حضرت ابوہریرہ |
| 794 کئی جنازوں کی نماز جنازہ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 795 عورت کی نماز جنازہ کون پڑھائے گا؟ | قول تابعی | امام شعبی |
| 796 نومولود بچے کی نماز جنازہ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 797 مردہ پیدا ہونے والا بچہ؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 798 نبی اکرم کی قبر مبارک | بیان تابعی | ابراہیم نخعی |
| 799 قبریں بلند رکھو | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 800 نبی اکرم کی قبر مبارک | بیان صحابی | سیّدہ اُم عطیہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 801 | قبر کو مربع بنانے کی ممانعت | حدیث نبوی | نامعلوم |
| 802 | قبر پر پاؤں رکھنے کی ممانعت | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 803 | میت کو کس سمت سے قبر میں اُتارا جائے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 804 | قبر میں کتنے لوگ اُتریں | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 805 | شہید کی اضافی چیزیں اُتار لی جائیں | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 806 | شہید اور زخمی کا حکم مختلف ہے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 807 | زکوٰۃ کا نصاب | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 808 | جانوروں کی زکوٰۃ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 809 | راہبوں کو زکوٰۃ دینا | قول تابعی | ابراہیم تیمی |
| 810 | گھوڑے اور غلام کی زکوٰۃ لازم نہیں | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 811 | جانوروں کی زکوٰۃ کا نصاب | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 812 | ذاتی استعمال کے اونٹوں کا حکم | حدیث نبوی، قولی | حضرت علی |
| 813 | جو شخص بلاضرورت مانگے، اس کا وبال | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 814 | رکاز کی وضاحت | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 815 | رکاز میں خمس لازم ہے | حدیث نبوی، قولی | ابراہیم نخعی |
| 816 | زکوٰۃ کی وصولی کے لئے اہلکار بھیجنا | فعل صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 817 | زمین کی پیداوار پر عشر لازم ہے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 818 | عشر اور اخراج ایک ساتھ لازم نہیں ہونگے | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 819 | مسلمان کی معذرت قبول نہ کرنے کا گناہ؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت بریدہ |
| 820 | کم پیداوار پر عشر لازم ہوگا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 821 | زمین کی ہر پیداوار پر عشر لازم ہوگا | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس بن مالک |
| 822 | سامان تجارت پر عشر کا حکم | فعل صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 823 | زکوٰۃ کی وصولی کے احکام | فعل صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 824 | زیورات کی زکوٰۃ کا حکم | قول صحابی | حضرت عبداللہ بن مسعود |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 825 | جواہرات کی زکوٰۃ کا حکم | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 826 | زکوٰۃ اور قرض کی ادائیگی | قول صحابی | حضرت عثمان غنی |
| 827 | یتیم کے مال پر زکوٰۃ لازم نہیں | حدیث نبوی،قولی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 828 | یتیم کے مال پر زکوٰۃ لازم نہیں | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 829 | قرض دی ہوئی رقم پر زکوٰۃ کا حکم؟ | قول صحابی | حضرت علی |
| 830 | قرض کی زکوٰۃ کا حکم؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 831 | صدقہ فطر کا حکم | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 832 | غلاموں کا صدقہ فطر | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 833 | مکاتب غلاموں کا صدقہ فطر | فعل صحابی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 834 | روزے کی جزاء | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوہریرہ |
| 835 | شب قدر کی پہچان | بیان صحابی | حضرت ابی بن کعب |
| 836 | دودنوں کا روزہ ممنوع ہے | حدیث نبوی،قولی | حضرت ابوسعید خدری |
| 837 | ایام بیض کے روزہ کی ترغیب | حدیث نبوی،قولی | حضرت عمر بن خطاب |
| 838 | ایام تشریق کے روزوں کی ممانعت | حدیث نبوی،فعلی | حضرت ابوسعید خدری |
| 839 | ایام بیض کے روزوں کی ترغیب | حدیث نبوی،قولی | حضرت عمار بن یاسر |
| 840 | مشکوک دن میں روزے کی ممانعت | حدیث نبوی،فعلی | حضرت ابوسعید خدری |
| 841 | رمضان میں عمرہ کرنے کی فضیلت | حدیث نبوی،قولی | حضرت عبداللہ بن عباس |
| 842 | عاشورہ کے دن روزہ رکھنا | حدیث نبوی،قولی | حضرت حمید بن عبدالرحمٰن |
| 843 | چُپ کے روزے اور صوم وصال کی ممانعت | حدیث نبوی،فعلی | حضرت ابوہریرہ |
| 844 | شعبان کے روزوں کی ترغیب | حدیث نبوی،فعلی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 845 | شب قدر کا ذکر | حدیث نبوی،فعلی | حضرت عبداللہ بن مسعود |
| 846 | شب قدر 27ویں رات ہوتی ہے | قول صحابی | حضرت ابی بن کعب |
| 847 | چُپ کے روزے اور صوم وصال کی ممانعت | حدیث نبوی،قولی | حضرت نزال بن سبرہ |
| 848 | صوم وصال کی ممانعت | حدیث نبوی،فعلی | حضرت ابوہریرہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 849 | حیض کی حالت کا حکم | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 850 | نبی اکرم کا صوم وصال رکھنا | حدیث نبوی، فعلی | علی بن اقمر |
| 851 | عاشورہ اور عرفہ کے دن روزے کی فضیلت | بیان تابعی | سعید بن جبیر |
| 852 | ایام بیض کے روزوں کی ترغیب | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عمر بن خطاب |
| 853 | ایام بیض کے روزوں کی ترغیب | حدیث نبوی، فعلی | حضرت عمر بن خطاب |
| 854 | صوم وصال اور چُپ کے روزے کی ممانعت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوہریرہ |
| 855 | جنابت کی حالت میں روزہ شروع کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 856 | سحری وافطاری میں تاخیر یا جلدی | عمل صحابی | حضرت حذیفہ |
| 857 | جنابت کی حالت میں روزہ شروع کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ ام سلمہ |
| 858 | روزے کی حالت میں پچھنے لگوانا | فعل صحابی | سیّدہ ام سلمہ |
| 859 | روزے کی حالت میں پچھنے لگوانا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت انس بن مالک |
| 860 | روزے کی حالت میں پچھنے لگوانا | حدیث نبوی، قولی | حضرت انس بن مالک |
| 861 | روزے کی حالت میں پچھنے لگوانا | فعل صحابی | حضرت سعد وزید |
| 862 | صبح صادق سے پہلے اذان دینا | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 863 | روزے کی حالت میں بوسہ لینا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 864 | روزے کی حالت میں پچھنے لگوانا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 865 | سفر کے دوران روزہ رکھنا | عمل صحابی | حضرت حذیفہ |
| 866 | سفر کے دوران روزہ رکھنا | حدیث نبوی، قولی | حضرت عروہ بن زبیر |
| 867 | روزے کی حالت میں بوسہ لینا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 868 | روزے کی حالت میں بوسہ لینا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 869 | روزے کے ممنوعہ ایام | قول صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 870 | روزے کی حالت میں پچھنے لگوانا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت انس بن مالک |
| 871 | روزے کی حالت میں جسم مس کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 872 | جنابت کی حالت میں روزہ شروع کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 873 | جنابت کی حالت میں روزہ شروع کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ صدیقہ |
| 874 | روزے کی حالت میں بوسہ لینا | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 875 | روزے کی حالت میں جسم مس کرنا | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 876 | روزے کی حالت میں بوسہ لینا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 877 | روزے کی حالت میں بوسہ لینا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 878 | سفر کے دوران روزہ ترک کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت انس بن مالک |
| 879 | روزہ کی حالت میں بوسہ لینا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 880 | قرآن کی آیت کی وضاحت | قول تابعی | مجاہد |
| 881 | سفر کے دوران روزہ رکھنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت انس بن مالک |
| 882 | روزے کی حالت میں پچھنے لگوانا | عمل صحابی | سیّدہ اُم سلمہ |
| 883 | غلطی سے غروب آفتاب سے پہلے روزہ افطار کرنا | عمل صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 884 | جس عورت پر مسلسل دو ماہ کے روزے واجب ہوں | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 885 | روزے کی حالت میں حلق میں پانی چلے جانا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 886 | روزے کی حالت میں قے کا حکم | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 887 | روزہ توڑنے کا کفارہ | حدیث نبوی، قولی | سعید بن میّب |
| 888 | روزہ توڑنے کا کفارہ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 889 | اعتکاف کی نذر | حدیث نبوی، قولی | حضرت عمر بن خطاب |
| 890 | رمضان میں عمرہ کرنے کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عباس |
| 891 | انبیائے کرام کا خانہ کعبہ آنا | بیان تابعی | سالم افطس |
| 892 | حضرت ہود اور صالح کی قبر | بیان تابعی | عطاء بن سائب |
| 893 | رُکن یمانی اور مقام ابراہیم کی گواہی | (حدیث نبوی) | امام ابوحنیفہ |
| 894 | حج کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوذر غفاری |
| 895 | کون سے دنوں میں عمرہ نہیں کرنا چاہیے | قول صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 896 | رمضان میں عمرہ کرنے کی فضیلت | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عباس |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 897 | حج کے احرام کو عمرہ میں تبدیل کرنا | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 898 | مکہ کے گھروں کا معاوضہ حرام ہے | حدیث نبوی، قولی | حضرت عبداللہ بن عمر |
| 899 | اہل مکہ کیلئے ہدایات | قول صحابی | حضرت عمر بن خطاب |
| 900 | احرام والے شخص کا مرجانا | قول صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 901 | حج جلدی کرلینا چاہیے | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابوسعید خدری |
| 902 | حج قران' سنت ہے | قول صحابی | حضرت عمر |
| 903 | حاجی کی مغفرت | حدیث نبوی' قولی | اسحاق قرشی |
| 904 | مکہ کی زمین فروخت کرنا منع ہے | حدیث نبوی' قولی | حضرت ابن عمر |
| 905 | مکہ کے گھروں کا معاوضہ حرام ہے | حدیث نبوی' قولی | حضرت ابن عمر |
| 906 | افضل حج کون سا ہے؟ | حدیث نبوی' قولی | حضرت ابن مسعود |
| 907 | رمی جمرات کے وقت تلبیہ پڑھنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 908 | تلبیہ کب منقطع ہوگا؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 909 | حج میں شرط عائد کرنا؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 910 | رمل' کہاں سے کہاں تک ہوگا؟ | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 911 | اشہر حج سے پہلے احرام باندھنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 912 | اشہر حج میں مکہ سے احرام باندھنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 913 | خوشبو استعمال کرنا | حدیث نبوی' قولی | حضرت جابر |
| 914 | عصر کے بعد طواف کے نوافل ادا نہ کرنا | فعل صحابی | حضرت ابن عمر |
| 915 | حج تمتع کرنے والا کب احرام کھولے گا؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 916 | عورت محرم' یا شوہر کے بغیر حج پر نہ جائے | حدیث نبوی' قولی | حضرت ابن عباس |
| 917 | احرام کھولنے پر سر منڈوالینا' افضل ہے | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 918 | مزدلفہ میں مغرب وعشاء ایک ساتھ ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوایوب انصاری |
| 919 | حج کے لیے تاخیر سے پہنچنا | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 920 | پیدل حج کے لیے جانے کی نذر | قول تابعی | ابراہیم نخعی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 921 | حج تمتع سے منع کرنا | فعل صحابی | حضرت عمر |
| 922 | ''اشہر معلومات'' کی وضاحت | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 923 | حج قران کی اہمیت | قول تابعی | طاؤس |
| 924 | نبی اکرم نے حج قران کیا تھا | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 925 | نبی اکرم نے حج قران کیا تھا | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 926 | حج قران کی تلقین | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 927 | عرفہ میں تنہا' ظہر وعصر ادا کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 928 | عرفہ میں تنہا نماز ادا کرنے کا طریقہ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 929 | مزدلفہ میں دونمازیں ایک ساتھ ادا کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 930 | عرفہ کا دن منانے کا حکم کیا ہے؟ | عمل تابعی | ابراہیم نخعی |
| 931 | عرفہ سے مزدلفہ پرسکون ہو کر جایا جائے | قول صحابی | حضرت عمر |
| 932 | سورج نکلنے کے بعد رمی کرنا | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 933 | قربانی کے دن تلبیہ پڑھنا | فعل صحابی | حضرت ابن مسعود |
| 934 | حائضہ پر طواف رخصت لازم نہیں | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 935 | رکن یمانی کا استلام سنت ہے | بیان صحابی | حضرت ابن عمر |
| 936 | تلبیہ کب شروع کیا جائے؟ | بیان صحابی | حضرت ابن عمر |
| 937 | عرفات میں تاخیر سے آنے والے کا حکم؟ | فعل صحابی | حضرت عمر |
| 938 | رمل' سنت ہے | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 939 | رکن یمانی کا استلام سنت ہے | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 940 | حجر اسود کا استلام سنت ہے | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 941 | صفا و مروہ پر چڑھنا سنت ہے | بیان تابعی | سعید بن جبیر |
| 942 | ایک رکعت میں پورا قرآن پڑھ لیا | عمل تابعی | سعید بن جبیر |
| 943 | حضرت ابی بن کعب کی قرات | بیان تابعی | میمون بن مہران |
| 944 | روضہ مبارک پر حاضری کے آداب | قول صحابی | حضرت ابن عمر |

| | | |
|---|---|---|
| 945 مواقیت کے مقامات کا تعین | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 946 ''کلمۃ التقویٰ'' کیا ہے؟ | بیان صحابی | حضرت عمر |
| 947 حج قران میں دو مرتبہ طواف ہوگا | قول صحابی | حضرت علی |
| 948 رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان دعا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 949 قربانی کے جانوروں کے گلے میں ہار ڈالنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 950 سیّدہ عائشہ کی طرف سے قربانی کا جانور بھجوانا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 951 اہل عراق کے لیے ذات عرق میقات ہے | حدیث نبوی، فعلی | ابراہیم نخعی |
| 952 رکن یمانی کے پاس حضرت جبرائیل | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن مسعود |
| 953 رکن یمانی کا استلام سنت ہے | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 954 مواقیت کی تعین اور احکام | بیان صحابی | حضرت عمر |
| 955 گھر سے حج کا احرام باندھنا | قول صحابی | حضرت علی |
| 956 طلوع آفتاب سے پہلے رمی نہیں کرنی | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عباس |
| 957 سواری پر طواف کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 958 بیماری کی وجہ سے سواری پر طواف | حدیث نبوی، فعلی | سعید بن جبیر |
| 959 مزدلفہ میں مغرب وعشاء ایک ساتھ ادا کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوایوب |
| 960 بیماری کی وجہ سے سواری پر طواف | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 961 تلبیہ کے آغاز کا وقت | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 962 چار مسنون کام | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 963 تنعیم سے عمرہ کرنا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 964 سواری کھڑی ہونے پر تلبیہ کا آغاز | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عمر |
| 965 حضرت عثمان کے ایک مخصوص عمل | فعل صحابی | حضرت عثمان |
| 966 مزدلفہ میں مغرب وعشاء کی ادائیگی | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوایوب |
| 967 طلوع آفتاب سے پہلے رمی نہیں کرنی | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عباس |
| 968 عمرہ کے ممنوع ایام | حدیث نبوی، قولی | سیّدہ عائشہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 969 | مزدلفہ میں نماز | بیان صحابی | حضرت ابن عمر |
| 970 | احرام میں رنگین کپڑا استعمال کرنا | فعل صحابی | حضرت ابن عمرؓ |
| 971 | مینڈک مارنے کا کفارہ | حدیث نبوی، قولی | حضرت جابر |
| 972 | حج کے احرام کو عمرہ میں تبدیل کرنا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت جابر |
| 973 | حج تمتع کی ایک ذیلی صورت | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 974 | جس کے ایام حج کے روزے رہ جائیں | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 975 | کٹے ہوئے موزے پہن کر طواف | عمل تبع تابعی | سفیان ثوری |
| 976 | حالت احرام میں، پھوڑا پھنسی دبا دینا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 977 | جس کو اَن سلا کپڑا دستیاب نہ ہو | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عباس |
| 978 | حالت احرام میں پچھنے لگوانا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوحاضر |
| 979 | حالت احرام میں چیل مار دینا | فعل صحابی | حضرت ابن عمر |
| 980 | سر درد کی دوا استعمال کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 981 | احرام والے شخص کا غسل کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 982 | احرام والے شخص کا ناخن ٹوٹ جانا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 983 | احرام والے شخص کا مسواک کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 984 | احرام والا شخص کون سے جانور کو مار سکتا ہے؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 985 | وقوف عرفہ کے بعد بیوی سے قربت | قول صحابی | حضرت ابن عباس |
| 986 | عرفات سے واپسی کے بعد بیوی سے قربت | قول صحابی | حضرت ابن عمر |
| 987 | حالت احرام میں احتیاط کی تلقین | قول صحابی | حضرت عمر |
| 988 | حالت احرام میں، انزال ہو جانا | قول صحابی | حضرت ابن عباس |
| 989 | حالت احرام میں، انزال ہو جانا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 990 | حالت احرام میں بوسہ لینا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 991 | رفث، فسوق اور جدال کی وضاحت | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 992 | احرام والے مختلف افراد کی جنایت | قول تابعی | ابراہیم نخعی |


| | | | |
|---|---|---|---|
| 993 | حدودِ حرم میں ہرن کا تحفہ | فعل صحابی | حضرت ابن عمر |
| 994 | احرام والے شخص کا شکار کا گوشت کھانا | حدیث نبوی، قولی | حضرت طلحہ |
| 995 | احرام والے شخص کا شکار کا گوشت کھانا | حدیث نبوی | حضرت ابوقتادہ |
| 996 | حج قِران کے احرام میں جنایت کا حکم؟ | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 997 | احرام والے شخص کا شکار کا گوشت کھانا | قول صحابی | حضرت ابوہریرہ |
| 998 | جس کو جوتے دستیاب نہ ہوں | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 999 | جب قربانی کا جانور تھک جائے؟ | قول صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 1000 | احرام وال شخص کیسا لباس پہنے؟ | حدیث نبوی، قولی | حضرت ابن عمر |
| 1001 | احرام والے شخص کا دوا استعمال کرنا | قول تابعی | ابراہیم نخعی |
| 1002 | احرام میں خوشبو کی چمک | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 1003 | حرم کی حدود میں تیر چلانا | قول صحابی | حضرت ابن عمر |
| 1004 | عمرہ ترک کرنے پر، دم دینا | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 1005 | احرام اور خوشبو | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 1006 | احرام میں خوشبو | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 1007 | احرام میں خوشبو | حدیث نبوی، فعلی | سیّدہ عائشہ |
| 1008 | ایک غلط نذر کی تصحیح | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابوہریرہ |
| 1009 | تنعیم سے عمرہ کا احرام | حدیث نبوی | سیّدہ عائشہ |
| 1010 | حالت احرام میں پچھنے لگوانا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 1011 | حالت احرام میں پچھنے لگوانا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت ابن عباس |
| 1012 | کمر پر تھیلی باندھنے کا حکم؟ | قول تابعی | سعید بن مسیّب |
| 1013 | شکار کا گوشت زادِ سفر کے طور پر رکھنا | حدیث نبوی | حضرت زبیر |
| 1014 | قربانی کے جانور پر سوار ہونا | حدیث نبوی، فعلی | حضرت انس |
| 1015 | شتر مرغ کے انڈے کا کفارہ | قول صحابی | حضرت عبداللہ |
| 1016 | حیض کی وجہ سے عمرہ ترک کر دینا | حدیث نبوی | سیّدہ عائشہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1017 | حیض کی وجہ سے عمرہ ترک کر دینا | حدیث نبوی | سیّدہ عائشہ |
| 1018 | قربانی کا گمشدہ جانور مل جانے کا حکم | فعل صحابی | سیّدہ عائشہ |
| 1019 | صفاومروہ کے طواف میں رمل ترک کرنا | قول تابعی | عطاء بن ابی رباح |
| 1020 | حج کے روزے ترک کرنے پر ہدی لازم | قول تابعی | ابراہیم نخعی |

## ہمارے ادارے کی دیگر مطبوعات


دلکش طباعت تحقیقی اور منفرد موضوعات معیار اور جدت کی علامت





















پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ۔ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ۔ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795
پروگریسو بکس